باسمہ سبحانہ

کتاب مسمّٰی بہ مرآۃ الاعلام فی مآثر الکرام

معروف

تذکرۂ مشاہیر کاکوری

جس میں

علما۔ فقرا۔ شعرا۔ مشاہیر امرا کے دلچسپ حالات۔ اُنکے نثر و نظم کلام کے انتخابات۔ قصبۂ مردم خیز "کاکوری" کے تاریخی واقعات وغیرہ وغیرہ میں

بتلطف

عنوان شرف و کمال، روح و روان اہل جود و افضال، سر الاکبر، نور الانور

جناب مولانا مولوی حافظ محمد علی حیدر صاحب علوی کاکوروی دام فیضہ

باہتمام

شیخ محمد قادر بخش

در مطبع اصح المطابع وکٹوریہ اسٹار پریس لکھنؤ میں چھپی

سنہ ۱۹۲۷ء

فہرست کتاب مرآۃ الاعلام فی مآثر الکرام معروف بہ تذکرۂ مشاہیر کاکوری

صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون
۱	تمہید حمد و نعت و سبب تالیف	۳۴	مفتی اکرام اللہ افسوں تخلص
۳	اسماے مادت وغیرہ	۳۶	نواب یار جنگ اکرام اللہ خان ۔
۹	مقدمہ تاریخی حالات قصبہ کاکوری کے بیان میں	۳۹	حاجی ۔ اکرام حسین علوی
	الف	″	مولوی اکرام الدین خان ۔
۱۴	بخشی ابوالبرکات خان متخلص بہ بینا	۴۰	مولوی قاضی امام الدین خان
۱۸	ملا ۔ ابوبکر حاجی ۔	۴۱	منشی امتیاز علی ۔ وزیر ۔ صوفی تخلص
۱۹	ملک ۔ ابوالخیر	۴۵	مولوی امجد علی ۔ بلیغ تخلص
۲۰	منشی احمد علی ۔	۵۰	منشی امیر حسن صدیقی ۔
۲۱	حضرت حاجی احمد اللہ ۔ قدس سرہ ۔	۵۱	نواب امیر حسن خان بسمل تخلص
۲۳	شیخ احمد حسین علوی ۔	۵۵	حضرت حاجی امین الدین رح
۲۴	منشی احمد حسین ۔ حاجی	۶۰	شاہ انشاء اللہ قلندر
۲۶	قاضی احمد خان ۔ وکیل ۔	۶۱	مولوی انعام الدین خان شوق تخلص
۲۷	منشی ارتضے عشیر ۔ علوی ۔		**ب**
۳۰	حکیم اظہر حسین ۔ ″	۶۳	مولوی باسط علی ۔ کاظمی
۳۱	خان بہادر منشی اظہر علی ۔ ″	″	مولوی باسط علی ۔ ملک زادہ
۳۳	قاضی اظہار الدین خان	۶۵	شاہ ۔ بدر علی چشتی
۳۳	شاہ ۔ افضل علی ۔	″	مولوی برہان علیخان
		۶۶	مولوی بشیر الدین ۔

صفحہ	مضمون
۶۶	ملک بہاء الدین کیقباد ابن ملا ابوبکر جامی ۔
۶۸	قاضی ۔ بہاری ۔ عباسی
۶۹	حضرت شاہ بہرام علی قلندر رح
۷۰	شاہ بھیکھا ۔ پہلوان مجذوب
	ت
۷۲	خان بہادر منشی تاج الدین ۔ جذب تخلص
۷۵	خان بہادر منشی تاج الدین حسین
〃	حضرت شاہ تراب علی قلندر رح
۸۱	نواب تفضل حسن خان شیدا تخلص
۸۳	مولوی محمد تقی حیدر ۔ مدظلہ
۸۸	حضرت شاہ تقی علی قلندر رح
۹۱	مولوی تقی یاور خان ۔
	ث
۹۵	شیخ ثناء اللہ خان
	ج
۹۶	نواب منتظم الملک شیخ جار اللہ خان علوی ہفت ہزاری
۹۹	مولوی جعفر علی جادو ۔ وعلوی تخلص
۱۰۰	خان بہادر مولوی جعفر علی
۱۰۱	منشی جعفر علی شیون تخلص
	ح
۱۰۳	حکیم ۔ حافظ علی ۔ صدیقی ۔
〃	قاضی ۔ حالا علی خان
۱۰۶	مولانا ۔ حامد علی ۔
۱۰۹	حضرت شاہ حبیب حیدر قلندر مدظلہ
۱۲۲	مولوی حکیم حبیب علی حبیب تخلص ۔
۱۲۵	مولوی شاہ حسن بخش ۔ علوی ۔
۱۲۶	منشی حسن رضا ۔ ملک زادہ
۱۲۹	منشی حسن یاور خان ۔ قمر تخلص
۱۳۱	مولوی شاہ حسین بخش شہید ۔
۱۳۲	مفتی ۔ حکیم الدین خان ۔
۱۳۳	مولوی ۔ حکیم باسط
۱۳۵	حضرت شاہ حمایت علی قلندر رح
۱۳۸	حضرت ملا حمید الدین محدث حمید تخلص
۱۴۳	حضرت شاہ حیدر علی قلندر رح
	خ
۱۴۶	مفتی خلیل الدین خان بہادر
۱۵۱	حافظ ۔ خلیل الرحمن شہید
۱۵۲	شیخ خلیل اللہ خان ۔
〃	ملا قاضی ۔ خوب اللہ ملک زادہ

صفحہ	مضمون
	د
۱۶۱	ملک - دولت محمد
	ذ
۱۶۲	مولوی - ذکی الدین خان
"	منشی - ذوالفقار علی حامد تخلص
	ر
۱۶۴	شاہ رحیم باسط -
۱۶۵	منشی رسول بخش شہید
۱۶۶	مولوی - رشید الدین خان
۱۶۸	نواب مولوی - رضا حسن خان رضا تخلص
۱۷۲	مولوی - رضا علی - کاظمی
۱۷۳	رضا علیخان - علوی
۱۷۵	قاضی - رضی عباسی -
"	مولوی - رضی الدین خان
۱۷۶	بخشی - رفعت اللہ خان
۱۷۷	حضرت شاہ ریاض الدین قلندر رح
۱۷۸	مفتی - ریاض الدین خان -
	ز
۱۸۰	شیخ - زین الدین حیدر -

صفحہ	مضمون
	س
۱۸۳	منشی - سجاد حسین - اودھ پنچ
۱۸۵	حافظ - سراج الدین عثمانی -
۱۸۶	حافظ - سرفراز علی - شہید
۱۸۷	حضرت مخدوم شیخ - سعدی - کاکوری
۱۸۹	ممتاز العلما قاضی محمد سعید الدین خان سعید تخلص
۱۹۴	منشی - سلطان احمد - سلطان تخلص
۱۹۵	مولوی شاہ - سلیم الدین -
۱۹۷	حضرت قاری امیر سیف الدین رح
۲۰۰	شیخ - سیف الدین
	ش
۲۰۱	منشی - شرافت علی - ملک زادہ
"	مولوی - شریف الدین - شریف تخلص -
۲۰۴	مولوی - شفاعت علی - ملک زادہ
۲۰۵	حضرت شاہ - شکر اللہ قلندر رح
۲۰۸	حافظ - شہاب الدین - معروف بہ شیخ سوندھن
۲۰۹	مفتی - شہاب الدین
۲۱۰	شیخ محمد - نبیرہ شیخ جار اللہ -

صفحہ	مضمون
	ص
۲۱۱	حضرت صادق شاہ قلندر
،	حضرت شاہ صبغت اللہ قلندر
۲۱۵	مولوی - صدر الدین خان
۲۱۷	منشی - صفدر حسن - بسمل تخلص
	ض
۲۱۹	حضرت ملا - ضیاء الدین - محدث مدنی
،	ملا - ضیاء اللہ - علوی
	ط
۲۲۱	شیخ طفیل علی - علوی
	ظ
۲۲۳	منشی - ظہور حسن - نگہت تخلص
	ع
۲۲۶	قاضی - عابد علیخان - فریاد تخلص
۲۲۸	عابد علی عرف ملکھرا شاہ مجذوب
۲۲۹	شاہ - عاشق اللہ - قلندر
۲۳۰	نواب امیر - عاشق علیخان بہادر سفیر
۲۳۲	منشی - عالم علی - شوخی تخلص
۲۳۳	شیخ - عبد الاحد - صدیقی
۲۳۴	مولوی - عبد الباسط - کاظمی

صفحہ	مضمون
۲۳۶	مولوی - عبد الباقی - صوبہ دار گلبرگہ
،	مولوی حافظ - عبد الحفیظ - علوی
۲۳۷	مولوی حکیم - عبد الحفیظ - صدیقی تیر تخلص
۲۴۰	مولوی شیخ - عبد الحکیم - خوشنویس -
۲۴۱	منشی - عبد الحی - عرشی تخلص
۲۴۵	شیخ - عبد الرحمن - علوی
،	ملا شیخ - عبد الرقیب - ملک زادہ
۲۵۲	حضرت ملا سید عبد السلام - دیوی
۲۵۵	مولوی حافظ - عبد الصمد - یوسفی تخلص
۲۵۷	حضرت ملا - عبد الکریم ″
۲۶۱	حضرت - عبد القادر - مدرس -
″	مولوی حکیم - عبد اللہ صدیقی
۲۶۵	منشی - عبد المجید - سحر تخلص
۲۶۸	شیخ - عبد الواحد - صدیقی -
۲۷۰	منشی - عبد الوحید نیرنگ تخلص
۲۷۱	شیخ - عزیز الرحمن - علوی
،	ملا - عزیز اللہ ″
۲۷۲	حافظ شاہ - عزیز اللہ ″
۲۷۳	ملا - عظمت اللہ - ″
۲۷۴	مولوی - عظمت علی - ″

صفحہ	مضمون
٢٧٤	شیخ۔ عظمت علی۔ نامی تخلص۔
٢٧٦	حضرت شاہ۔ علی اکبر۔ قلندر رح
٢٧٨	حضرت شاہ علی انور۔ قلندر۔
٢٨٣	منشی۔ علی حسن۔ خان۔
٢٨٥	منشی۔ علی حسین۔ صدر الصدور
"	حافظ۔ علی عسکری۔ بیدل تخلص
٢٨٧	مفتی۔ علیم الدین خان
٢٨٩	خان بہادر مفتی۔ عنایت احمد
	غ
٢٩٢	ملا۔ غازی الدین۔ شہید۔
"	شیخ۔ غلام احمد
٢٩٣	شیخ۔ غلام اولیا۔
٢٩٤	شیخ غلام حسن۔ صدیقی
٢٩٥	اعتماد الدولہ۔ غلام حیدر خان عباسی
٢٩٩	شیخ۔ غلام زین العابدین۔ ملک زادہ
"	شیخ۔ غلام سرور۔
٣٠٠	اقتدار الدولہ۔ غلام صفدر خان تسلیم تخلص
٣٠٤	شیخ غلام عزیز۔ علوی
"	حافظ۔ غلام محمد۔
٣٠٥	منشی۔ غلام مرتضیٰ۔ ملک زادہ
٣٠٧	قاضی غلام مصطفےٰ خان شہید عباسی
٣٠٨	شیخ غلام مینا ملک زادہ
"	منشی۔ غلام مینا ساحر تخلص
٣١٥	شیخ غلام نبی۔ علوی
٣١٦	قاضی حافظ۔ غوث علی۔ علوی
	ف
٣١٧	نواب فدا حسن خان۔ وکیل
٣١٨	مولوی۔ فرید الدین خان محدث
٣٢٠	شیخ۔ فرید علی۔ فلک تخلص
٣٢٢	شیخ۔ فضل امام علوی
٣٢٤	حکیم فقیہہ الدین خان
"	میر شاہ فیض اللہ قادری چشتی
٣٢٥	منشی۔ فیض بخش مورخ
	ق
٣٢٩	مولوی۔ قادر بخش۔ علوی
٣٣٠	مخدوم شیخ قیام الدین۔ صدیقی۔
	ک
٣٣٢	منشی کاظم علی۔ ملک زادہ
٣٣٣	قاضی کرامت اللہ خان عباسی
٣٣٤	حضرت شاہ کرامت علی۔ قلندر رح

صفحہ	مضمون
۳۳۶	شیخ کرم اللہ ۔ علوی
	ل
۳۳۷	شیخ لطافت علی علوی
	م
۳۳۸	مولوی ۔ مجید الدین خان
"	مولوی ۔ محب الرحمن ۔ علوی
۳۳۹	مولوی ۔ محمد احسن ۔ احسن تخلص
۳۴۱	ملا ۔ محمد اشرف علوی
"	قاضی ۔ محمد اکابر عباسی ۔
۳۴۲	منشی محمد بخش ملک زادہ
"	قاضی ۔ محمد حافظ ۔ عباسی
۳۴۴	شیخ ۔ محمد حیات ۔ علوی
۳۴۵	منشی ۔ محمد رضا ۔ صبر تخلص
۳۴۷	حکیم ۔ محمد روشن شہید ۔ صدیقی
۳۴۸	ملا ۔ محمد زمان ۔ علوی
۳۵۰	شیخ ۔ محمد شافع "
۳۵۱	محمد شاہ ۔ قلندر
۳۵۲	شیخ ۔ محمد صالح ملک زادہ
"	شاہ محمد عاقل سبز پوش چشتی
۳۵۳	شیخ ۔ محمد غنی ۔ علوی
۳۵۴	ملا محمد غوث ۔ ملک زادہ
۳۵۶	مولوی محمد قاسم قیصر تخلص
۳۶۰	حضرت شاہ ۔ محمد کاشف چشتی
۳۶۲	حضرت شاہ ۔ محمد کاظم قلندر رح
۳۶۵	ملک ۔ محمد کبیر ۔ ملک زادہ
۳۶۶	ملا ۔ محمد ماہ ۔ علوی
"	شاہ محمد ماہ نقشبندی
۳۶۷	مولوی ۔ محمد محسن ۔ محسن تخلص
۳۷۰	مولانا ۔ محمد مستعان صدیقی
۳۷۲	شیخ محمد مسیح ۔ علوی
۳۷۳	شیخ محمد مشرف "
"	حضرت شاہ محمد معصوم ۔ اویسی
۳۷۹	شیخ محمد منتجب ۔ ملک زادہ
۳۸۱	مولوی محمد مہدی شہید تخلص
۳۸۲	شیخ ۔ محمد نقی ۔ ملک زادہ
۳۸۳	شاہ ۔ محمد وارث ۔ علوی
۳۸۴	شاہ ۔ محمد وجیہ علوی
۳۸۵	قاضی ۔ محمد واعظ ۔ عباسی
۳۸۶	شیخ ۔ محمد ولی ۔ صدیقی نقشبندی
۳۸۸	مولوی ۔ محمد ہاشم ۔ افسر تخلص

صفحہ	مضمون
۳۹۰	مولوی ۔ محمد یحییٰ
〃	قاضی ۔ محفوظ علیخان عباسی
۳۹۲	مولوی ۔ محی الدین خان ذوق تخلص
۳۹۸	حکیم ۔ مسعود احمد ۔ حجاجی
۳۹۹	مولوی ۔ مسیح الدین خان سفیر ۔
۴۰۳	حکیم ۔ مشتاق علی ۔ علوی ۔
۴۰۴	منشی مشرف علی مضطر تخلص
۴۰۵	حافظ مظہر حسین ۔ علوی
۴۰۶	مولوی حافظ مظہر علی ۔ محدث
۴۰۸	حافظ ۔ معز اللہ ۔ علوی
〃	منشی معشوق علیخان ۔ علوی
۴۰۹	منشی ۔ مقبول احمد محو تخلص
۴۱۰	منشی مقصود احمد نطق تخلص
۴۱۴	ملک معروف ۔ ملک زادہ
۴۱۵	مولوی ۔ ممتاز الدین حیدر ۔ ملک زادہ
〃	حضرت مخدوم بندگی منّ اللہ چشتی
۴۱۷	مولوی منصب علی کاظمی
۴۱۸	مولوی منصب علی قادری
۴۱۹	شاہ منصب علی قلندر
〃	مولوی منظور الدین خان سرور تخلص
۴۲۰	منشی مومن علیخان مفتون تخلص
۴۲۴	مولوی ۔ مہدی حسن وکیل
〃	مولوی مہدی علی ۔ خوشنویس
۴۲۵	شاہ میر محمد قلندر عرف میرن میاں
۴۳۰	چودہری مبارک خان صدیقی
	ن
۴۳۲	قاضی القضاۃ ۔ مولوی نجم الدین علیخان بہادر ثاقب تخلص
۴۳۸	حضرت سید نصیر الدین ۔ سندیلی رح
۴۳۹	شاہ نظام علی قلندر رح
۴۴۱	حضرت مخدوم شیخ نظام الدین معروف شیخ بھیکہہ رح
۴۵۷	منشی ۔ نظیر حسن آوج تخلص
۴۵۸	مولوی شاہ نقی یاور خان رح
۴۶۱	منشی نور الحسن ۔ نیر تخلص
۴۶۲	منشی نور الدین احمد کیفی تخلص
	و
۴۶۹	شاہ واجد علی قلندر رح
۴۷۰	منشی واحد علی بسمل تخلص
۴۷۱	قاضی واعظ علیخان عباسی

صفحہ	مضمون
۴۷۱	حافظ شاہ وجیہ الدین
۴۷۲	قاضی وحید الدین خان
۴۷۳	مولوی وسیم الدین آحقر تخلص
۴۷۴	قاضی ۔ وصی علیخان عباسی
۴۷۵	منشی ولایت احمد ۔ حاجی ۔
۴۷۶	منشی ۔ محمد وہاج الدین عثمانی
	ہ
۴۷۹	منشی ہادی حسن خان محرور تخلص
۴۸۱	مولوی ہادی علی شہید
〃	مولوی ۔ ہادی علی ہفت قلم
	ی
۴۸۳	مرزا یار علی بیگ قلندر
۴۸۴	منشی یوسف علی ۔ یوسفی تخلص
۴۸۷	خاتمہ مشتمل بر چند فصل
〃	فصل اول در ذکر امرائے ہنود قصبہ کاکوری
〃	دیوان راجہ رام
۴۸۹	دیوان رام پرشاد
۴۹۰	لالہ جسونت رائے
۲۹۲	فصل دوم ذکر مولف کتاب محمد علی حیدر غفرلہ
۵۰۰	فصل سوم در خاتمہ کتاب
۵۰۲	قطعات تاریخ کتاب ہذا

الحمد للہ الذی جعلنا من ذریۃ ابراھیم وزرع اسمعیل وضیضی معد وعنصر
مضر وانبتنا من اصل اصیل۔ واصطفی من ولد ابراھیم اسمعیل ومنہ کنانۃ والقریش
والنبو ھاشم مخازن الفضل والتبجیل۔ واجتبی منہ سیدنا ومولانا محمد النبی
الہاشمی الذی وجودہ کشجرۃ مبارکۃ من اصل الخلیل وفرع اسماعیل۔ اخرجہ اللہ
من الآباء الاخایر والامہات الطواھر بمکۃ ظھرت وبالتہامۃ نبتت وبالمدینۃ سبقت
وبیثرب اینعت علیہ وعلی الہ واھلبیتہ واصحابہ ھم سادۃ العرب وقادتھم واغصان
ھذہ الشجرۃ واثمارھم صلوۃ دائمۃ فی کل بکرۃ واصیل۔

امابعد بندۂ احقر اصغر افراد بشر **علی حیدر** غفر اللہ العلی الاکبر ابن **حضرت** عرش مستان منزلت
عارف شیون واطوار واقف علوم واسرار قطب الحق غوث الخلق ثمرۃ الکون شجرۃ العون وصی حید الصفدر
مولانا حافظ شاہ **علی انور** قلندر قدس اللہ سرہ الاطہر۔ وخوشہ چین خرمن یقین صاحب فضل مبین مفتاح
باب کعبۃ الفضل والکرم حبل الرحمۃ والکرم ولنعم عیاذی معاذی ملاذی واستاذی والیہ یجمع العلوم والفنون
استنادی وعلیہ بعد اللہ ورسولہ اعتمادی اخی ومولائی قبلتی ومرشدی مولانا شاہ **حبیب حیدر** قلندر
مدظلہ العالی الی مرور الایام واللیالی عارض مدعا ہے۔

عرصے سے یہ خیال دل میں جاگزین تھا کہ بموجب حدیث نبوی حب الوطن من الایمان ایک

ایسا علمی مرقع تاریخی گلدستہ مرتب کر کے نذر ناظرین باتمکین کیا جاوے جس کی چمن بندی و آبیاری کار پرداز باب وطن کے حالات سے ہو۔ اور جسقدر حضرات فقرا و فضلا علما و شعرا شمار ارباب دول و اعتبار۔ صاحبان ثروت و اقتدار گذرے ہین سب کے صحیح حالات بہترین کارنامے۔ نثر اور نظم کے دلچسپ انتخابات۔ بیدار مغزی اور عالی دماغی کے کیفیات تعلیم و تعلم۔ درس و تدریس۔ ترقیات ظاہر و باطن۔ ارشاد و ہدایت کی دلکش بہار۔ دکھائی جاوے تاکہ یہی ایک مکمل و مستند تاریخ وطن و ابنائے وطن کی ہوجاوے۔ اور موجودہ و آیندہ نسلون کیلئے نصیحت آموز ہوکر یہ بتلاوے کہ ماسبق حضرات اکابر وطن نے اپنی قابل قدر زندگی مین کیسا ہندوستان کے ہر ہر گوشہ کو مشک اذفر کی طرح معطر کردیا تھا علم و فضل کے میدان مین جب آئے تو فارابی اور رازی کے ہم پلہ ہوئے۔ فقر و درویشی مین رشک جنید ہم پایۂ بایزید گذرے۔ شیرین زبانی و خوش بیانی سے وحشیون کو رام کیا۔ حسن اخلاق و ایثار سے متمردین کو حلقہ بگوش بنایا۔ کہین مسند قضا و افتا کو اپنے قدوم میمنت لزوم سے زیب و زینت دی کہین شعر و سخن کے میدان مین اُترے تو ہمعصرون سے گوئے سبقت لیگئے۔ اور فخر روزگار ہوے۔ دولت و جاہ منصب و ثروت مین اپنے زمانہ مین ممتاز ہوکر نکلے۔

ان ترقیات کا تمام تر راز یہ تھا کہ وہ طلب دنیا مین خدا سے غافل نہین رہتے تھے۔ دین نہین چھوڑتے تھے بعزت و جاہ رکھتے تھے۔ مگر حب جاہ سے پاک و صاف رہنے کی کوشش کرتے حق گوئی و حق پسندی اپنا شعار رکھتے۔ اور نہایت سختی سے بزرگون کے طریقے کے پابند رہتے۔ اخلاق حسنہ سے متصف ہوتے اور اعلاء کلمۃ اللہ مین مصروف رہتے۔ ان امور پر نظر رکھتے ہوئے خیال نے ارادہ کی صورت اختیار کی۔ اور ارادہ نے مستحکم ہوکر عملی تدابیر شروع کردیئے۔ منزل سخت۔ راستہ دشوار گذار۔ قدم قدم پر مشکلین۔ درپیش ہونا شروع ہوئین۔ حالات کی فراہمی۔ کتابون کا مطالعہ۔ مضامین کا اقتباس۔ پھر مروجہ زبان اُردو مین سکا ترجمہ غرضکہ یہ سب امور بوجہ اپنی ہیچ میرزی و عدم لیاقت بہت اہم معلوم ہوتے تھے۔ ہمت پست ہوتی جاتی تھی۔ صدیون کے حالات و واقعات کا دریافت کرنا سہل نہ تھا۔ دس بارہ سال کی مسلسل و غیر مسلسل محنت شاقہ و ورق گردانی کے بعد بتوفیق الٰہی جتنے حالات و واقعات مل سکے وہ سفیدی اور سیاہی کے درمیان محفوظ کردئے گئے۔

ان اوراق کی جمع و تدوین مین جسقدر وقت کا سامنا پڑا اسکی زیادہ تر وجہ یہ ہوئی کہ ابتک اربابِ وطن نے جسقدر حالات مین کتابین لکھین اُنکی اصلی وجہ تالیف حفاظت نسب و حسب تھی - جن مین بر سبیل تذکرہ بعض واقعات و حالات بھی معرض تحریر مین آگئے - زیادہ سے زیادہ تاریخ وفات بھی لکھدی گئی - سن و سال کی طرف بہت کم توجہ کیگئی ہے - بعض لوگون نے التبہ بطور روزنامچہ واقعات و حالات لکھے - مگر باوجود سعی و کوشش مجھے دیکھنے کو نہ ملسکے - اپنے علم کے موافق مین نے دریافت حالات مین کوئی ممکنہ کوشش نہین اُٹھا رکھی - ہر ایک کا حال صداقت و بے تعصبی سے لکھا ہے کتاب کی حیثیت تاریخ کی رکھی ہے - انساب سے بحث نہین کی ہی - مگر بقدر ضرورت اور اس کتاب کا نام مرآۃ الاعلام فی ماثر الکرام معروف بہ **تذکرۂ مشاہیر کاکوری** رکھا ہے - اللہ تعالے اپنے فضل و کرم سے قبول فرمائے اور طرۂ مقبولیت سے سرفراز کرے -

اس تالیف مین جتنی کتابون سے مدد لیگئی اُنکے اسمار درج ذیل ہین -

نمبر	نام کتاب	نام مصنف یا مولف	مطبوعہ یا قلمی	نام مطبع تقیید سال طبع	کیفیت
۱	اصول المقصود فارسی	شاہ تراب علی قلندرؒ کاکوروی	مطبوع	آسی پریس لکھنو ۱۳۱۱ھ	موجودہ کتبخانہ تکیہ شریف کاکوری
۲	انتصاح عن ذکر اہل الصلاح فارسی	شاہ علی انور قلندرؒ کاکوروی	"	"	"
۳	الفلاح تتمہ انتصاح	شاہ حبیب حیدر قلندر مدظلہ کاکوروی	"	"	"
۴	انیس عشاق	نواب تفضل حسن خان شیدا	قلمی		"
۵	آئینۂ اودھ	مولوی ابو الحسن مانک پوری	مطبوع	مطبع نولکشور لکھنو	"

نمبر	نام کتاب	نام مصنف یا مؤلف	مطبوعہ یا قلمی	نام مطبع مع قید سال طبع	کیفیت
۶	بحر زخار	ملا وجیہ الدین اشرف لکھنوی	قلمی		موجودہ کتبخانہ فرنگی محل لکھنؤ
۷	باغ و بہار	شیخ خیر الزمان لکھنوی			موجودہ کتبخانہ تکیہ شریف کاکوری
۸	باغ و بہار نظم	منشی فیض بخش کاکوری	″		″
۹	بیاض	″	″		″
۱۰	بیاض رشک ریاض	قاضی القضاۃ نجم الدین علیخان بہادر	″		″
۱۱	بیاض	منشی علی حسن خان کاکوری			موجودہ کتبخانہ حاجی عجائب علی کاکوری
۱۲	″	منشی ہادی حسن خان محروم کاکوری	″		″
۱۳	″	نواب تفضل حسن خان شیدا	″		″
۱۴	بوستان اودھ	راجہ درگا پرشاد سندیلوی	مطبوعہ	مطبع منشی نولکشور لکھنؤ	موجودہ کتبخانہ تکیہ شریف کاکوری
۱۵	بزم سخن تذکرہ شعرا اردو	نواب علی حسن خان بھوپال	″	مطبع شاہجہانی بھوپال	″
۱۶	بیاض	منشی مشرف علی مضطر کاکوری	قلمی		موجود نزد شیخ عبد الرفیع صاحب

کیفیت	نام مطبع بقید سال طبع	مطبوعہ یا قلمی	نام مصنف یا مؤلف	نام کتاب	نمبر
موجودہ کتبخانہ تکیہ شریف کاکوری		قلمی	منشی احمد حسین سحر	بہار بیخزاں تذکرہ شعرا	۱۷
"		"	شاہ رحمۃ اللہ بجنوری	تذکرۃ الاصفیا	۱۸
"	مطبع منشی نولکشور لکھنؤ	مطبوع	مولوی جان علی	تحفۃ الفضلا	۱۹
"	"	"	مولوی ادریس نگرامی	تطییب الاخوان	۲۰
"	"	"	راجہ درگا پرشاد سندیلوی	تاریخ سندیلہ	۲۱
"		قلمی	سید محمد مخدوم بجنوری	توضیح السعادات فی مناقب السادات	۲۲
"	مطبع منشی نولکشور لکھنؤ ۱۳۲۶ھ	مطبوع	قاضی خادم حسن کاکوروی	تاریخ قصبہ کاکوری	۲۳
"	مطبع علوی لکھنؤ	"	حافظ شوکت علی سندیلوی	ثمرات الانظار فیما مضے من الآثار	۲۴
"		قلمی	مولوی غلام مرتضےٰ کاکوروی	جواہر الانشاء	۲۵
"	مطبع منشی گلاب سنگھ لکھنؤ	مطبوع	مولوی صدر الدین خان کاکوروی	حیات الاسلاف فی حیاۃ الاخلاف	۲۶
"	اصح المطابع لکھنؤ ۱۳۳۸ھ	مطبوع	شاہ علی انور قلندر کاکوری	حوض الکوثر	۲۷
"	مطبع سرکاری رامپور	مطبوع	شاہ تقی علی قلندر کاکوروی	روض الازہر فی مآثر القلندر	۲۸
"	مطبع شاہجہانی بھوپال	"	منشی مظفر حسین صبا امیٹھوی	روز روشن تذکرہ شعرا	۲۹

نمبر	نام کتاب	نام مصنف یا مؤلف	مطبوعہ یا قلمی	نام مطبع بقید سال طبع	کیفیت
۳۰	ریاض عثمانی	قاضی خادم حسن کاکوری	مطبوع	نیر پریس لکھنؤ	موجودہ کتبخانہ تکیہ شریف کاکوری
۳۱	ذخیرہ یعنی مجموعہ نظم و نثر	مولوی امجد علی کاکوری	قلمی		"
۳۲	سفرنامہ حج	حاجی امین الدین کاکوری	"		"
۳۳	سفرنامہ لندن	مولوی مسیح الدین خان کاکوری	"		"
۳۴	شجرۃ الانساب	مولوی ممتاز الدین حیدر کاکوری	"		"
۳۵	صبح وطن	قاضی عابد علی خان کاکوری			"
۳۶	صبح گلشن تذکرہ شعرا	نواب علی حسن خان بھوپالی	مطبوع	مطبع شاہجہانی بھوپال	"
۳۷	طور کلیم تذکرہ شعرا	نواب نور الحسن خان بھوپالی		"	"
۳۸	عمدۃ الصحائف			مطبع انوار احمدی الہ آباد	"
۳۹	عیون المعارف	مولوی محمد عالم قیصری	"	مطبع اصح المطابع لکھنؤ	"
۴۰	فیض الجاری	منشی عبد العلی مرحوم کاکوروی		شام اودھ لکھنؤ	"
۴۱	قیصر التواریخ	سید کمال الدین حیدر حسنی حسینی مشہدی لکھنوی		مطبع نولکشور لکھنؤ	"

نمبر	نام کتاب	نام مصنف یا مؤلف	مطبوع یا قلمی	نام مطبع تقید سال طبع	کیفیت
۴۲	کرامت نامہ	شاہ کرامت علے قلندر کاکوروی	قلمی		موجودہ کتبخانہ تکیہ شریف کاکوری
۴۳	کشف المتواری	شاہ تراب علے قلندر	مطبوع	آسی پریس لکھنؤ	"
۴۴	گل رعنا تذکرہ شعرا	حکیم عبدالحیٔ رائے بریلوی	مطبوع	معارف اعظم گڈھ	"
۴۵ و ۴۶	لطائف الاذکار و لامیتہ الہند	رضا حسن خاں کاکوری	"	کلکتہ	"
۴۷	مطارح الاذکیا	"	"	"	"
۴۸	محافل خمسہ ملفوظ ملا عبدالرقیب کاکوری	شیخ فصیح اللہ قدوائی بانسوی	قلمی		"
۴۹	منظور اویسیہ ملقب قول معروف	مولوی محمد معروف صدیقی			ملفوظ شاہ محمد معصوم کاکوری
۵۰	مواہب القلندر	شاہ حبیب حیدر قلندر	مطبوع	اصح المطابع لکھنؤ	موجودہ کتبخانہ تکیہ شریف کاکوری
۵۱	نسب نامہ موسومہ بچشمۂ فیض	منشی فیض بخش کاکوری	قلمی		"
					"
۵۲	نسب نامہ ناتمام	مولوی ذوالفقار علے حامد کاکوروی			"
					"
۵۳	نگارستان سخن تذکرۂ شعرا	نواب نور الحسن خان بھوپالی	مطبوع	مطبع شاہجہانی بھوپال	"
					"
۵۴	نفحات النسیم	مولوی سمیع علے مرحوم کاکوری	"	شام اودھ لکھنؤ	"

نمبر	نام کتاب	نام مصنف یا مؤلف	مطبوعہ یا قلمی	نام مطبع مع سال طبع	کیفیت
۵۵	نفحات العنبریہ	مولوی تقی حیدر کاکوری	مطبوع	الناظر پریس لکھنؤ	

دواوین صبر۔ نطق۔ سلطان۔ محو۔ ساحر۔ بسمل۔ ذوق۔ ودیگر ارباب وطن وغیرہ وغیرہ۔

اسی کے ساتھ مین اصحاب ذیل کی شکر گذاری بھی ضروری خیال کرتا ہون جنھون نے اس کتاب کیلئے فراہمی ماخذات یا حالات مین مددی ہے۔

(۱) مکرمی جناب منشی محمد امیر حسن صاحب صدیقی ڈپٹی کلکٹر پنشنر کاکوروی۔

(۲) مکرمی جناب حاجی اعجاز علیصاحب علوی کاکوروی۔

(۳) عمی مکرمی جناب شیخ عبدالرفیع صاحب علوی کاکوروی۔

(۴) مکرمی جناب مولوی شیدا علیصاحب عباسی کاکوروی۔

(۵) مکرمی جناب مولوی منظور الدین خانصاحب مغفور ملکزادہ کاکوروی۔

(۶) مکرمی منشی امیر احمد صاحب علوی کاکوروی۔

(۷) مکرم الاخوان قاضی خادم حسن صاحب علوی کاکوروی

(۸) محبی مولوی محمد عاصم صاحب قیس کاکوروی۔

(۹) محبی مولوی محمد عالم صاحب قیصری کاکوروی۔

(۱۰) محبی منشی عبدالرؤف صاحب عباسی اڈیٹر ہمدرد دہلی۔ کاکوروی۔

مقدمہ

قبل اسکے کہ مفصل حالات ارباب وطن بیان کئے جائین یہ مناسب معلوم ہوتا ہو کہ قصبۂ کاکوری کی تاریخی حیثیت ناظرین پر ظاہر کردی جائے۔

صوبۂ اودھ ملک ہندوستان، مین چند قصبات منتخب روزگار شمار کئے جاتے تھے جن مین یہ قصبۂ کاکوری بھی اپنی بینظیر خوبیون مین متفرد سمجھا جاتا تھا۔ اسنے ایسے ایسے صاحبان کمال پیدا کئے جنھون نے عہد اسلامی سے لیکر عہد انگریزی تک ہر زمانہ مین سیف و قلم، علم و عمل، جہد و ریاضت، تدبیر و سیاست سے اپنے ذات اور اپنے وطن کو تمام ملک مین ممتاز کردکھایا۔ یہی وہ لوگ تھے جن کی خدا پرستی و شان اسلامی دیکھکر ایک شاعر بے اختیار کہہ اٹھا تھا کہ؎

خصوصاً روز عیدین وادینہ   نماید شہر کاکوری مدینہ[1]

ایسے قصبات کی زائد تعداد پورب مین تھی اور قریب قریب ہر قصبہ علما و فضلا کا مسکن تھا چنانچہ ابو المظفر شہاب الدین شاہجہان بادشاہ دہلی کہا کرتے تھے کہ "مین اپنی مملکت مین پورب کے قصبات پر فخر کرتا ہون جنھون نے بہت بڑے بڑے فضلا و فقرا و علما و ارباب دل پیدا کئے۔ اور ہر قصبہ باعتبار مردم خیزی کے شیراز کا ہم پلہ ہے"۔

قصبۂ[2] کاکوری بھی انھین پورب کے مشہور مردم خیز قصبات مین سے ہے۔ شہر لکھنؤ سے ۹ میل

---

[1] یہ شعر منشی فیض بخش مورخ کاکوروی کا مثنوی باغ و بہار مین موجود ہو یہ مثنوی منشی صاحب نے مخصوص حضرت شاہ محمد کاظم قلندر قدس سرہٗ کے حالات مین نظم کی ضمناً اور حالات بھی مختصراً آگئے اسکا بیشتر حصہ اصول المقصود مین چھپ چکا ہو ۱۲ مولف

[2] قصبہ اس جگہ کو کہتے ہین جہان بادشاہ وقت کے حکم سے یا بطور خود رؤسا و ارباب دول نے اپنے مکانات و محلہ جات ایک دوسرے سے قریب اسطرح آباد کئے ہون کہ دشمن کے حملہ کیوقت پوری حفاظت ہو سکے اور ایک دوسرے کی مدد کر سکے مسلمان جن جن ممالک پر حملہ آور ہوئے وہان انھون نے ایسے ہی قصبات قائم کئے ہندوستان مین بھی یہی ہوا سلاطین اسلامیہ نے اتنا اور اضافہ کیا کہ مزید تقویت کیلئے انھین قصبات کو پرگنہ جات کا صدر مقام بناکر افواج و حکام کا بھی وہان تقرر کیا بمصداق حدیث الشرافة فی القری سادات و شرفا قصبات ہی مین رہتے تھے۔ اکثر بحیثیت فاتح آتے اور فتوحات پر قابض و متصرف ہو جاتے تھے ۱۲ مولف

جانب مغرب اودھ و روہیلکھنڈ ریلوے پر واقع ہے۔ جسکا عرض البلد ۲۶ دقیقہ ۲ درجہ ساعت شمال میں اور طول البلد

۸۰ دقیقہ ۴۸ ساعت مشرق میں ہے۔

چوتھی صدی ہجری کے آخر تک ٹھیک پتہ نہیں چلتا کہ اس خطہ پر کون حکمران تھا اوائل پانچویں صدی

ہجری میں اس خطہ کا حاکم راجہ کنس والی کسمنڈی کلان تھا۔

۴۲۳ھ میں راجہ کنس سے اور حضرت سید سالار مسعود غازی رحمۃ اللہ علیہ کے درمیان کسمنڈی

اور کٹولی متصل کاکوری سخت جنگ ہوئی راجہ اور اسکا تمام خاندان قتل ہوا اور اسکا ملک مجاہدین کے قبضہ

میں آیا۔ کاکوری پر بھی مسلمانون کا قبضہ ہوا جسپر ۴۲۵ھ مطابق ۱۰۳۳ع تک قابض رہے۔

۴۲۵ھ میں حضرت سید سالار مسعود غازی رح کی شہادت کے بعد یہ قصبہ پھر مسلمانون کے

قبضہ سے نکل گیا کچھ دنون راجہ قنوج کے حکومت و تصرف میں رہا۔

آغاز ۱۰۸۰ع میں قوم بھر نے خروج کرکے سلطنت قنوج کو تباہ و برباد کیا اور ۱۲۲۵ع تک

قابض و متصرف رہے۔

۱۱۹۳ع سے ہندوستان میں اسلامی سلطنت کا دور شروع ہوا سلطان شہاب الدین غوری نے

فتح پائی ۱۱۹۵ع میں قطب الدین ایبک نے اودھ و بہار کو مسخر کرکے بختیار خلجی کو حاکم و سردار لشکر

بنایا۔ ابھی پورے طور پر تسخیر نہیں ہو پائی تھی کہ ۱۲۲۵ع میں پھر سلطان شمس الدین التمش نے

ملک ناصر الدین کو اس مہم پر مامور کیا جنھون نے پے در پے حملون سے قوم بھر کو پامال کر دیا اسوقت سے

یہ قصبہ سلاطین دہلی کے تصرف میں آیا شمالی قوم بھر تو تباہ ہو ہی چکی۔ جنوبی میں بھی بعضون نے اطاعت

کر لی تھی اور بہت سے پہاڑون میں پوشیدہ ہوگئے تھے۔

بہرحال اسوقت سے سلاطین تغلق کے آخر عہد تک سلاطین دہلی کا قبضہ رہا جب ۱۳۹۳ع

میں خواجہ جہان معروف بہ ملک الشرق نے جونپور میں سلطنت شرقیہ کی بنیاد ڈالی تو یہ وقت

خاندان تغلق کے زوال کا تھا جابجا خانہ جنگیان قائم تھیں ان حالات سے فائدہ اٹھا کر ساتھ ہی ساتھ

جنوبی قوم بھر نے پھر خروج کیا اور اس قصبہ اور اسکے گرد و نواح کے تمام مقامات پر پھر تسلط کر لیا۔

ان سب کا فرمانروا راجہ ککور تھا جس نے لکھنؤ کے جنوبی حصہ مین ککور گڈھ کے نام سے ایک خام قلعہ بنایا تھا۔

یہ قلعہ اسقدر وسیع تھا کہ موجودہ قصبۂ کاکوری اسکے حلقہ کے اندر آباد ہے یہی ککور گڈھ کثرت استعمال سے کاکوری ہوگیا۔ ابتک اس قصبہ کی شمالی آبادی سے متصل ایک افتادہ اراضی ککور اڈیہہ کے نام سے مشہور بھی ہے جسکے مغرب جانب محلہ ولی نگر آباد ہے۔

سنہ ۸۰۴ھ مین سلطان ابراہیم شرقی نے (جو سلاطین شرقیہ جونپور کا تیسرا فرمانروا تھا) تخت نشین ہوتے ہی قوم بھر ریو حبشی کی مانک پور کے قریب انکو ایسی شکست فاش دی کہ جسکے بعد سے کل قوم کی حکومت اور اسکا وجود صفحۂ تاریخ سے مٹ گیا۔

اس فتح کے بعد سلطان ابراہیم شرقی نے ککور گڈھ مین اسلامی نو آبادی قائم کی جو ۱۴۵۸ء تک رہی۔

اسی سفر مین قوم بیس[۲] کے سردار راجہ ساتن[۳] معروف بہ ستھنا نے جو راجہ رائے تاس کا بیٹا اور

---

[۱] بکاف اول مفتوح و کاف ثانی مشدد و واو و را ساکن و کاف فارسی و دال ہندی و ہا ساکن۔ اس قلعہ کی عمارت خام تھی جسکے گرد بہت عمیق خندق اور نہایت گنجان خاردار درختون کا جنگل تھا یہ جنگل شمال مین موضع کسمنڈی تک اور جنوب مین موضع کھنڈگاؤن تک اور شرق و مغرب مین جان بی بی کے تکیہ تک (جو کاکوری اور لکھنؤ کے درمیان دو کوس کے فاصلہ پر واقع ہے) چلا گیا تھا جنگل کا طول چار کوس سے زائد تھا قلعہ کے گرد جو بستی جو ہندوؤن مین ایک بہادر قوم تھی آباد تھی منشی فیض بخش صاحب لکھتے ہین کہ سیکڑون برس سے بچپن مین چند گھر تھے اب زمانہ تحریر کتاب سنہ مین کہ ۱۳۰۰ سے ایک بھی گھر باقی نہین ۱۲ مؤلف

[۲] بیس بفتح با و سکون یا مین اہل ہنود سے ایک قوم کا لقب ہے جو راجپوتون مین شمار کئے جاتے تھے ۱۲ مؤلف

[۳] ساتن بفتح سین مہملہ و الف ساکن و تا و فتحہ فوقانی و نون ساکن خطہ بیسواڑہ کا زمیندار تھا یہ خطہ لکھنؤ کے جنوب مین واقع ہے۔ رائے بریلی و کاکوری معہ متعلقات و بعض دیہات موہان و لکھنؤ تا اکبری دروازہ تعمیر کردہ شہنشاہ اکبر جو لکھنؤ اسکی عملداری مین تھے رائے بریلی مین بھی قلعہ تھا اور یہان کاکوری مین بھی دو مستحکم مکان اور قلعہ جسکے گرد جنگل تھا بنے ہوئے تھے جن مین خود راجہ اور اسکی اولاد رہتی تھی قلعہ کے گرد راجہ نے ساگر تالاب اپنی رانیون وغیرہ کے نہانے کیلئے بنوایا تھا راجہ سلطنت جونپور کا باجگذار تھا مگر بوجہ استحکام قلعہ جات و جنگل دشوار گذار و کثرت فوج اسنے شاہی خراج دینا بند کردیا تھا بادشاہ وقت بھی اسکے اس تمرد کی وجہ سے سرکوبی کیلئے ہر وقت آمادہ رہتے تھے مگر بتقاضائے مصلحت وقت طرح دیتے تھے تعصب اسقدر ترقی کر گیا تھا کہ اسنے حتے المقدور مسلمانون کی صورت دیکھنا نیز آواز تک سننا بند کردی تھی انکی توہین اور تکلیف پہونچانیکو باعث ثواب عظیم جانتا تھا ۱۲

اور تلوک چند کا باپ تھا اور نہایت ہی متعصب اور ظالم۔ سلطنت شرقیہ کی کمزوری سے فائدہ اُٹھاکر قصبہ کاکوری پر قابض ہوگیا اپنے زمانہ حکومت مین طرح طرح کے مظالم شروع کردئے جب ان مظالم کی اطلاع سلطان حسین شرقی فرمانروائے سلطنت جونپور کو ہوئی تو اُسنے راجہ پر فوجکشی کی راجہ اُسوقت قلعہ رائے بریلی مین تھا سخت جنگ کے بعد قلعہ فتح ہوا راجہ نے وہان سے بھاگ کر قلعہ کلکورگڈھ مین آکر پناہ لی۔

اُسی زمانہ مین سلطان حسین شرقی کو بنگالہ کی طرف جانا پڑا تھا۔ راجہ کی جان بچگئی تھی۔ اپنے حرکات سے باز نہ آیا موقع پاکر لکھنؤ پر حملہ کردیا مسلمانون پر بہت مظالم کئے۔ حکومت شرقیہ کے دیہات لوٹنا شروع کردئے۔ لکھنؤ مین حضرت شیخ الاسلام مخدوم اعظم ثانی نے معہ اعوان وانصار کے اسقدر سخت جنگ کی کہ راجہ کو خائب و خاسر لوٹنا پڑا۔

اس حملہ کی خبر جب سلطان حسین شرقی کو ہوئی تو اُسنے دوبارہ فوجکشی کی سخت لڑائی کے بعد راجہ ۱۴۵۹ء مطابق ۸۶۳ھ مین قتل ہوا۔ اور اُسکی فوج تباہ ہوئی۔ فتح کے بعد سلطان حسین شرقی نے اسلامی نوآبادیون کو پھر آباد کیا اور گرد و نواح کی تمام آراضی اپنے سرداران لشکر پر تقسیم کردی۔ ملک زادون اور سنامیون کے اجداد اس جنگ مین تھے حسب الحکم بادشاہ اُن لوگون نے یہین قیام اختیار کیا جن کی اولاد ابتک موجود ہے۔

۱۴۷۸ء تک یہ قصبہ سلاطین شرقیہ کے حکومت مین رہا بعد ختم سلطنت شرقیہ اسی سنہ مین تلوک چند ولد راجہ ستھنا نے خروج کرکے پھر کاکوری پر قبضہ کیا ۱۴۸۸ء تک وہ اور اسکی اولاد قابض رہی۔

سکندر خان لودی کے وقت مین تلوک چند مرگیا جب سے پھر سلاطین لودی کے قبضہ مین یہ قصبہ آیا۔ خوانین حکام اودھ کی ماتحتی مین رہا اسی عہد مین یعنے ۱۵۰۰ء مطابق ۹۰۶ھ مین۔ قاضی زادون کے مورث قاضی بہاری عباسی بادشاہ کیطرف سے قاضی مقرر ہوکر آئے اور یہین سکونت اختیار کی جنکی اولاد ابتک قاضی زادے کہلاتے ہین۔

۵۲۸ھ مین جلال خان برادر سلطان براہیم لودی اور شہنشاہ ہمایون ابن بابر سے بابن کاکوری ولکھنؤ سخت جنگ ہوئی جلال خان نے شکست پائی ہمایون نے قبضہ کرلیا تمام ملک پر مغل قابض ہوگئے اُسوقت علاقہ کاکوری سندیلہ کے تعلقہ مین شامل ہوگیا۔

شیخ فتح صدیقی یہان کے چودھری و مقدم مقرر ہوکر آئے جنکی اولاد اب بھی لفظ چودھری کے لقب سے ملقب ہے اور چودھری محلہ مین سکونت پذیر ہے۔

ہمایون بادشاہ کے نصف عہد مین شیر شاہ سوری نے تخت سلطنت پر قبضہ کرلیا تھا جسکے بعد اسکا بیٹا سلیم شاہ تخت نشین ہوا۔ اسی کے عہد مین قاری میر سیف الدین معہ اپنے صاحبزادہ حضرت مخدوم امیر نظام الدین قاری اور کل قبیلہ کے کاکوری مین تشریف لاکر سکونت پذیر ہوئے اس قصبہ مین مخدوم زادے (علوی) انھین کی اولاد سے ہین۔

۹۶۳ھ مین شہنشاہ اکبر تخت نشین ہوا اسکے شروع عہد مین افغانان بنگالہ باغی ہوئے داؤد افغانی نے اودھ و بہار پر فوجکشی کی لکھنؤ تک اسکا قبضہ ہوگیا تھا اکبری لشکر اسکی تادیب کیلئے پہونچا بالآخر برلب آب بیتہ متصل قصبہ کاکوری سخت جنگ ہوئی ایسا کہ افغان بھاگ گئے اور شہنشاہ اکبر کی مستقل حکومت قائم ہوگئی۔

اسکے بعد سے ایک نیا صوبہ بنام سرکار لکھنؤ قائم ہوا جس مین مستقل صوبہ دار رہنے لگا اسی متصل جدید پرگنہ کاکوری بھی قائم ہوا۔

قصبہ کے وسط مین قلعہ پختہ بھی تعمیر کیا گیا جسمین فوجدار معہ لشکر وعملہ کے رہنے لگا (قلعہ خراب حالت مین اب بھی موجود ہے) سرکاری خراج بھی وہی قائم رکھا گیا جو سلاطین شرقیہ نے مقرر کیا تھا عہد اکبری سے محمد شاہ کے شروع زمانہ تک امن وامان رہا جب سلطنت دہلی مین زوال شروع ہوا بھر خانہ جنگیان ہونے لگین دربار مین جب اسکی اطلاع ہوئی تو نواب سعادت خان برہان الملک صوبہ دار مقرر کرکے بھیجے گئے جنھون نے پہونچکر اولاً کاکوری مین قیام کیا یہان کے اکابر کو جمع کرکے اُن سے استعانت اور امداد کا وعدہ لیا اور خود بھی مدد کرنے کا وعدہ کیا جس سے

خانہ جنگیاں فرو ہو گئیں۔

نصیر الدین حیدر بہادر کے عہد تک یہ پرگنہ کبھی تعلقہ سندیلہ مین کبھی علاقہ لکھنؤ مین شامل ہوتا رہا جب سے قدسیہ بیگم کی جاگیر مین لکھا گیا تو علیحدہ محال قائم ہوا۔

واجد علیشاہ کے عہد مین اسکے کل مواضعات محلات کو عطا کر دیے گئے محال و پرگنہ اُڑ گیا۔

سلطنت اودھ کے انتزاع کے بعد ۱۸۵۸ء مین سرکار انگریزی نے عہد اکبری کا پرگنہ دوبارہ قائم کیا جو اس وقت تک موجود ہے۔

الف

ابوالبرکات خان

خان رفعت نشان مظفر الدولہ۔ تہور جنگ بخشی ابوالبرکات خان۔ غالب جنگ تخلص بہ بنیاد و کلیم۔ ابن قاضی محمد واعظ۔ ابن قاضی محمد حافظ عباسی۔ قاضی زادہ۔

۱۱۳۵ھ مین انکی ولادت ہوئی۔ نہایت ذکی ذہین خوش رو اور خوش تقریر تھے۔ عربی فارسی مین اعلے درجہ کی قابلیت رکھتے۔ اور دونون زبانون پر ایسا عبور تھا کہ اہل زبان کے سامنے بے تکلف بولتے۔ ہر شخص اُن کو اہل زبان سمجھتا تھا تعلیم اور تربیت اپنے جد امجد قاضی محمد حافظ سے پائی۔ لسّانی اور گویائی کا یہ عالم تھا کہ مثل طوطی ہزار داستان کے چہکتے۔ جس جلسہ مین بیٹھ جاتے حاضرین محو حیرت ہوکر گفتگو سنتے رہتے۔ حافظہ اسقدر قوی تھا کہ جو بات ایک بار سُن لیتے یا جو عبارت ایک بار نظر سے گذر جاتی کبھی نہ بھولتے۔

شیخ غلام مرتضےٰ صاحب کتاب جواہر الانشا مین لکھتے ہین کہ

"خان رفعت نشان از سخن سنجان روزگار است۔ و خوش خیالان نامدار۔ شاعریست شیرین سخن۔ و سخن گوئی است ماہر فن۔ در نازک بندی و اوادانی و بذلہ سنجی یگانۂ عصر۔ د

درشستگی کلام و لطیفه گوئی و دانهمی فسانه و در شهرت پیش مشغولش از جوش تبادرت لب تبیا دلن
سخن را بهم می بندد۔ و چاشنی کلامش از لبریز بودن شیرینی دهان بنات فرو شان کلام را یک
به یک شهد و شکر می سازد۔ و شعر بلندش ناخن بدل زن شعراے عالی مقدار۔ و مصرعہاے برجستہ
چون مصرعہ ہلال انگشت نماے روزگار قطعہ اش قطعہ بہشت است کہ از زاغ گلہاے معانی
و مضامین رنگین در و شگفتہ۔ و رباعی از بس حسن امتزاج داغ حسرت بر جبین چار عنصر کشیدہ۔ فرد
مسجّلش چون فرد خورشید یکتا۔ و بیت دلپذیرش چون بیت الحرم مقبول و بے ہمتا فصیحی است
کہ در جنب فصاحتش فصحای عرب را زبان الکن۔ و بلیغی است کہ در مقابل گفتگویش بلغای عجم
سپر افگن محاوره دانی است کہ در مکتب محاوره دانیش محاوره دانان ایران طفلان ابجد خوان و سخن
پردازی است کہ در برابر سخن پرد ازیش سخن پردازان ہندوستان کم مایہ و نادان۔ نثار سے کہ اگر
نثرش را بر انشاء میرزا جلالا ترجیح دہیم سزا است۔ و فقرات نویسی کہ اگر فقراتش را بر فقرات
میرزا نصیرا ترجیح شمارم بجا۔ منیر کہ بہ منیر فلک نثاری بود اگر در زمانہ اش می بود سے از خجالت
در حجاب غم نشستی۔ و طغرا کہ طغرائے منشور علم و دانش بود اگر در عہدش حاضر بود سے چون طغرائے
منشور سراپا خون گشتے۔ فخر دودمان۔ مجمع کمالات نوع انسان زلیاقت و قابلیت مسلم روزگار و
از فصاحت و بلاغت مشہور و نامدار۔ الحق ہندوستان نمرادے را باین جامعیت کمال و
کمال جامعیت سخن بسیار خوش گو بطلاقت لسان و فصاحت بیان ندیده ام۔

آوایل مین کلام شیخ عبد الرضا متین کو دکھاتے اور کلیم تخلص کرتے بعدہ دہلی جاکر سراج الدین
علیخان آرزو و قزلباش خان امید کی مصاحبت مین بہت فوائد حاصل کیے آخر مین بیتا تخلص کرتے
تذکرہ روز روشن جلد چہارم شمع انجمن مین ہے۔

"بیتا۔ ابو البرکات خان رئیس قصبہ کاکوری عہدہ میر بخشی از سرکار رئیس ملک اودہ داشت و
بجامعیت فضائل نوع انسانی مرجع خلائق بود مبتشر برکت تخلص میکرد و بعد عروض عمے
بیتا اختیار نمود"

دیوان بسبب بے توجہی مرتب ہوا سکا اشعار جواہر الانشا سے نقل کر کے درج ذیل ہین ؎

به صحرا تا کند نظاره چشم آن پری رو را | بلند از شاخها دست دعا گردید آهو را
سوی مستان میزنی چشمک به محفل زحباب | دختر رز از تو زین شوخی دل بینا تر است
سرمه آواز است بینا اصفهانی پیش من | بر زبان اهل ایران هم سخن داریم ما
پریشانیم عزم شهر سودا کرده ام امشب | توان از زلف خوبان بست بینا محمل ما را
فروغ چشم مسیحا ز خاکسار نجف | جلای آئینهٔ مهر از غبار نجف
ای سرو روان باز گذر کن بسر ما | چون خار ز خلد بی تو به چشم نظر ما
موی شدم از ضعف نشانم نتوان یافت | باشد که مگر ناله رساند خبر ما
از تیغ حوادث که علم در کف چرخ است | جز دست دعا کیست که گردد سپر ما

خون ریز دار بزم تو دلها بهم خورد | ترسم ز می چو شیشه و مینا بهم خورد
گنج خرابه با دل جمعیم زیر خاک | آسوده ایم گو همه دنیا بهم خورد
ابنای جنس را ز ملاقات شورش است | از سیل تند صحبت دریا بهم خورد
حرفی مرا بگوش بتان نیست چاره | کی در دل صدف دُر یکتا بهم خورد
کارش ز بس بسختی دوران رسیده است | بر سنگ خاره کی دل دانا بهم خورد
بازی است صحبت همه احباب بی نزاع | از ابلهی است آنکه دل اینجا بهم خورد
قطع سخن ز مصرع شیخ حزین کنم | پیوسته الفت لب گویا بهم خورد
دارد غبار خاطر جمعم ز آرزو | آسوده دل ز گرد تمنا بهم خورد
چون رنگ رفته شفق صبح در هوا | سوزد جهان چو خاطر بینا بهم خورد

آبرو از قرب حق بخشید تنهائی مرا | چون گهر منظور سلطان کرد یکتائی مرا

کار انسان نیست گل کردن دو رنگیہا ز خود — خوش نیاید عنبر از طاؤس رعنائی مرا
پر شد از خار و ز خون گردید رنگین پاے من — کفش مخمل طرفہ پوشاند تہی پائی مرا
نیست زنجیر زلفش را چو پرسیدم از و — بر خود بپیچید ظالم گفت سودائی مرا
از براے جستجویش بسکہ ہر جا می روم — کرد از پنہان شدن آن شوخ ہرجائی مرا
ہمچو جام مے مدام از دور او در گردش ام — نیست آسایش ز دست چرخ مینائی مرا
در خودم بیناز عرفان است منظور نظر — دیدہ شد چشم و چراغ از نور بینائی مرا

شب کہ بزم میکشان بے روے او دل تنگ بود — بادہ در جام بلورین آتشے در سنگ بود
یافت از نقش خیال او دل مائی جلا — پر صفا گردید چون آئینہ اش از زنگ بود
سبزی بخت از فلک ہر کس کہ جوید ابلہی است — ہر نفس گوئیچے دل او در خیال تنگ بود
جست ہر دیوانہ از خواب عدم در صبح حشر — محکش دیدم گریبان و کفن در چنگ بود
استخوانش خورد بینا شد ہمہ طاؤس رنگ — بلبل باغ نواے گل کشتہ نیرنگ بود

فن سپہگری کی طرف بدو فطرت سے انکا میلان خاص تھا۔ امرا دولت کی ہمدمی اور رفاقت مین مہمات عظیم سر کرتے نواب شجاع الدولہ کے وقت مین بہت نام آور ہوئے۔ ابتدا اً کچھ دنون راجہ بینی بہادر کی رفاقت مین رہے۔ پھر گورکھپور کی فوجداری پر مامور ہوئے۔ خلعت معہ فیل و اسپ و سند محالات متعلقہ و خطاب منظفر الدولہ بخشی الممالک تہور جنگ عطا ہوا۔ اُسی زمانہ مین شاہ عالم بادشاہ دہلی کا دائرہ دولت نواح گورکھپور مین مرکز گزین ہوا وہان سے غالب جنگ بہادر کا خطاب مرحمت ہوا۔ جسکا قصہ یون ہے کہ جب نواب وزیر الممالک شجاع الدولہ بہادر حسب درخواست نواب قاسم علیخان ناظم بنگالہ انگریزون سے لڑنے گئے۔ اُس زمانہ مین یہ بھی سرکشون کی پامالی مین مصروف تھے۔ کارہاے نمایان کیوجہ سے عہدہ بخشی گری فوج رسالہ چارسو سوار و دو ہزار ماہوار تنخواہ و خطاب و خلعت ہفت پارچہ معہ شمشیر و اسپ وغیرہ سے سرفراز کئے گئے

پھر اس قصبۂ کاکوری کی حکومت بھی تفویض ہوئی - جب یمین الدولہ سعادت علیخان کی اتالیقی اور کار
آموزی پر تقرر ہوا تو عہدۂ بخشی گری اِن کے بھائی رفعت اللہ خان کو ملا - بعد انتقال شجاع الدولہ
کچھ دنون خانہ نشین رہ کر المماس علیخان کی رفاقت مین مقام اٹاوہ قیام پذیر رہے پانچسو روپیہ
ماہوار کا وظیفہ مقرر ہوا -

وفات انکی بعمر ستر سال سنہ ۱۲۰۲ھ مین ہوئی قبر محلہ قاضی گڈھی کاکوری مین خاندانی قبرستان مین ہے

ابو بکر جامی

حضرت ملا ابو بکر جامی - ابن درویش علی محمد - ابن خواجہ احمد جام زندہ فیل - بن خواجہ شیخ جامی -
ابن خواجہ ابو طالب جامی - ابن خواجہ محمد شاہ جامی - ابن خواجہ محمد رضا جامی - ابن خواجہ موسےٰ
جامی - ابن خواجہ عمران جامی - ابن خواجہ عثمان - ابن خواجہ حنیف - ابن خواجہ اسفندیار - ابن خواجہ ابوالحسن
کوفی - ابن خواجہ ابوتراب - ابن خواجہ محمد رضی کوفی - ابن ابوالقاسم - ابن حضرت محمد ابن الحنفیہ - ابن
حضرت امیر المومنین علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہ -

ملا صاحب بہت بڑے عالم و فاضل و خوش تقریر تھے - صلاح و تقوے اور انواع فضایل و
ہنر سے آراستہ شب و روز عبادات و ریاضات مین مشغول - اور افاضۂ علوم مین مشغوف رہتے - اصلی
باشندہ قصبہ جام کے تھے - وہان سے ہندوستان آئے - اولاً دلی مین قیام کیا - جب وہان کی آب و ہوا
ناموافق ہوئی تو جونپور تشریف لائے - یہان اُس زمانہ مین سلطان حسین شرقی فرمانروا تھے - چونکہ بادشاہ خود
بہت فقیر دوست تھے - علما و فضلا اور صلحا کی صحبت زاید پسند کرتے - جب مُلّا صاحب کی آمد معلوم
ہوئی - تو بادشاہ نے اپنے وزیر ملک اسعد الدین سالاری کو استقبال کے لئے بھیجا - وہان پہونچنے
پر خود بادشاہ نے بہت تعظیم و تکریم کی - اور قیام کے لئے خود جگہ معین کی - مہمان نوازی اور خاطر داری
مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہین کیا - ملا صاحب نے وہین قیام اختیار کیا - اور ملک اسعد الدین
سالاری کی بیٹی سے نکاح کیا جن سے ملک بہار الدین کیقباد پیدا ہوئے -

بعد فتح قصبۂ کاکوری مُلّا صاحب معہ اپنے صاحبزادے و برادر نسبتی یعنی ملک معروف ابن ملک اسعد الدین سالاری یہین قیام پذیر ہوئے۔ ملک بہاء الدین ابن ملا ابوبکر جامی کی اولاد ملک زادے و مولوی زادے کہلاتے ہین۔ قلعہ کے جنوب جانب مُلّا صاحب نے مکان بنایا تھا چنانچہ اب تک ملک زادے و مولوی زادے اسی جانب قیام پذیر ہین۔ اور حالات آپکے نیز سنہ ولادت و وفات وغیرہ نہ دریافت ہوسکے۔

ابوالخیر

ملک ابوالخیر ابن ملک عبدالغفار معروف بہ ملک ابوالمکارم ابن ملک عبدالسلام ابن ملک مٹھے ابن حافظ چاند ابن ملک حسام الدین ابن ملک نظام الدین۔ ابن ملک بہاء الدین کیقباد۔ ابن مُلّا ابوبکر جامی۔ حافظ چاند جد ملک ابوالخیر حافظ قرآن تھے۔ کلام اللہ بہت خوب پڑھتے تھے علوم عربیہ سے بھی خوب واقف تھے۔

ملک ابوالمکارم بھی بہت قابل تھے۔ اور باوجود قابلیت ثروت ظاہری بھی رکھتے تھے۔ اور بہت ہی خوش نصیب تھے۔ اسکے بیٹے ملک ابوالخیر صاحب باپ سے بھی زائد خوش نصیب ہوئے۔ ایسی فخر اسلاف اولاد چھوڑی جو علم و فضل۔ فقر و تصوف۔ ریاضی و حکمت۔ دولت و ثروت۔ سخاوت و وجاہت ہر حیثیت مین اپنی آپ ہی نظیر تھی۔ قانع بہت بڑے تھے۔ وقت ولادت سے وقت وفات تک نہ گھر سے باہر نکلے نہ کسی کی ملازمت کی۔ لڑکپن اور جوانی مین باپ کی دولت پر عیش کی ضعیفی مین صاحبزادے ملا محمد غوث کی خدمت گذاری سے چین اُٹھایا۔ مدد معاش کے لئے شہنشاہ عالمگیر خلد مکان کے یہان سے سَو بیگھہ زمین بھی معاف ہوئی تھی۔

نقل فرمان مہری ابوالمظفر محی الدین محمد اورنگ زیب عالمگیر بہادر خلد مکان۔

درینوقت میمنت عنوان فرمان والاشان صادر شد کہ یک صد بیگھہ زمین افتادہ لایق زراعت خارج جمع از پرگنہ ملیح آباد تابع سرکار لکھنؤ مضافات بصوبہ اودھ در وجہ مدد معاش شیخ ابوالخیر ولد شیخ

ابوالمکارم حسب الضمن متقرر باشد کہ حاصل آن را صرف معیشت نمودہ بدعاء بقاء دولت روز افزون

اشتغال نماید۔ باید کہ حکام وعمال وجاگیرداران وکروریان حال واستقبال زمین مزبورہ را پیمودہ و

چک بستہ بتصرف او بازگذارند واصلاً ومطلقاً تغیر وتبدل راہ بدان راہ ندہند وبعلت مال وجہات

واخراجات مثل پیشکش وجرمانہ وضابطانہ ومحصلانہ ومہرانہ ودار وغگانہ وبیگار وشکار ومقدمے

وقانون گوئی وضبط ہرسالہ بعد تشخیص چک مکرار زراعت وکل مطالبات سلطانی وتکالیف

دیوانی مزاحم نشوند دریں باب ہرسال سند جدید نطلبند واگر درمحل دیگر حبیکہ داشتہ باشند

آنرا اعتبار نکنند بست وپنجم جمادی الاولیٰ ۲۳ جلوس مطابق ۱۱۰۲ھ"

وفات انکی ۲۵۔ رجب کو ہوئی۔ مزار رسولی مین باغ مین ہے۔ پختہ چبوترہ گچ وچونہ سے بنا ہوا تھا اب بھی بوسیدہ حالت مین موجود ہے۔ انکی اولاد کے لوگ مولوی زادے کہلاتے ہین۔ اس سے زائد حالات نہ دریافت ہوسکے۔

احد علی

منشی احد علی مخدوم زادہ۔ ابن منشی محمود علی۔ ابن منشی مومن علیخان مفتون علوی کاکوروی ولادت انکی ۱۵ رماہ رمضان المبارک ۱۲۶۳ھ مین ہوئی۔ یہ بہت طباع ذہین اور قابل تھے۔ عربی وفارسی کی متوسطات تک تعلیم حضرت شاہ علی انور قلندر قدس سرہ سے پائی۔ علاوہ عربی وفارسی انگریزی مین بی۔ اے پاس کرکے وکالت کا امتحان بھی پاس کیا۔ اُردو نثر نویسی مین بہت قابلیت پیدا کی مصنفات مین سے چند کتابین ہین جن مین سے کتاب شباب لکھنؤ بحیثیت زبان وفن تاریخ عمدہ

لہ رسولی باغ سے مراد وہ باغ ہے جو بزرگان سلف یعنی مخدوم شیخ بھیکہ کی اولاد نے اور ملک بہار الدین کیقباد کی اولاد نے رعایا کے مقابر کیلئے وقف کیا تھا جسکے ایک حصہ مین ملا عبدالقادر ابن حافظ شہاب الدین ابن مخدوم شیخ بھیکہ کی اولاد کے مقابر ہین اور ایک حصہ مین ملک بہار الدین کیقباد کی اولاد کے مقابر ہین اور بقیہ آراضی مین عوام کی قبرین ہین ۱۲ نسب نامہ منشی فیض بخش مرحوم کاکوروی۔

کتاب ہے۔ اخبارات نے بھی اس پر عمدہ ریویو لکھین اور ارباب ملک نے بھی بہت پسند کیا ضلع
بارہ بنکی مین وکالت کرتے تھے۔ بوجہ خوش خلقی وذہانت وایثار بہت ممدوح اور مشہور ہوئے۔
ہر طبقہ کے لوگ عزیز رکھتے۔ کام بہت اچھا چلتا تھا افسوس عمر نے وفا نہ کی۔ وہ بعارضۂ ہیضہ
بتاریخ ۱۰ ماہ جمادی الاولی روز پنجشنبہ ۱۳۲۶ھ بعمر ۴۴ سال انتقال کیا۔ کاکوری مین اپنے
خاندانی قبرستان واقع رسولی باغ مین دفن ہوئے۔

احمد اللہ

حضرت حاجی احمد اللہ امیٹھوی۔ یہ نسباً عثمانی تھے۔ حضرت بندگی شیخ نظام الدین امیٹھوی کی
اولاد امجاد سے۔ قصبۂ امیٹھی ضلع لکھنؤ سے کاکوری مین آ کر رہے۔ اور وفات پائی۔

سلسلۂ نسب انکا اس طور سے ہے۔ حاجی احمد اللہ۔ ابن شیخ محمد حسین۔ ابن شیخ عبد الواحد
(سجادہ نشین) ابن شیخ شبلی (سجادہ نشین) ابن شیخ سری سقطی (سجادہ نشین) ابن شیخ کمال الدین خلف
(خلیفہ وجانشین حضرت مخدوم بندگی نظام الدین۔ ابن شیخ یسین۔ ابن شیخ فخر الدین۔ ابن قاضی
ابو الفضل۔ ابن قاضی تاج الدین۔ ابن قاضی اسمعیل۔ نجم الدین۔ ابن قاضی شیخ محمد معروف (قاضی
قصبۂ امیٹھی) ابن قاضی شیخ شمس الدین (قاضی قصبہ سترکھ) ابن قاضی امام صلاح الدین (قاضی دمشق)
ابن محمد۔ ابن محمد۔ ابن ابی بکر۔ ابن اسمٰعیل۔ ابن المصلے خواجہ ضیاء الدین السری السقطی (معروف
بہ سلطان العارفین تلمیذ حضرت معروف کرخی واستاد جنید بغدادی) ابن مغلس۔ ابن مسعود۔ ابن ابراہیم
ابن عبد الرحمن۔ ابن زید۔ ابن آبان۔ ابن امیر المومنین ابو عبد اللہ عمر عثمان ذی النورین القرشی
الاموی خلیفۂ ثالث رضی اللہ عنہ۔

حاجی صاحب بہت بڑے بزرگ عالی مرتبت صاحب تصرف وکرامات درویش کامل تھے
تعلیم وتربیت بیعت واجازت وخلافت کا پتہ نہین چلتا غالباً اپنے خاندانی حضرات سے ہوگی۔
انکے دو اولادین ہوئین ایک بیٹے شیخ اکرام اللہ۔ اور ایک بیٹی جن کا نکاح یہان قصبہ مین

شیخ حمید اللہ ابن شیخ محمد نواز ابن حافظ فضل الرحمن علوی شہید، کے ساتھ ہوا جن سے دو صاحبزادے ہوئے۔ حضرت شاہ بہرام علی قلندر۔ و حافظ غوث علی کوتوال فرخ آباد۔

اسی سلسلہ سے حاجی صاحب یہان تشریف لائے۔ اور یہین رہ کر وفات پائی۔ ملبوسات حاجی صاحب کی ایک ٹوپی۔ محررسطور کی جنابہ نانی صاحبہ مغفورہ کے پاس جو حافظ غوث علی صاحب کی نواسی تھین موجود تھی۔ اور اب بھی موجود ہے۔

شیخ اکرام اللہ ابن حاجی احمد اللہ کے بیٹے شیخ فضل رب تھے۔ جنکا نکاح بھی یہین ہوا تھا جنھون نے ۱۲۶۳ھ مین انتقال کیا۔ منشی ہادی حسن خان محرور نے قطعہ تاریخ وفات لکھا تھا جو درج ذیل ہے ؎

قبلۂ من فضل رب چون زین جہان	کرد رحلت مورد رحمت بود
گفت محرور از سر افسوس سال	طیر روحش بلبل جنت بود

۱۲۶۳ھ

شیخ فضل رب ابن شیخ اکرام اللہ کے بیٹے شیخ فیاض حسین تھے۔ جو مدۃ العمر یہان رہے۔ اور ۲۴ ماہ ذی الحجہ روز دوشنبہ ۱۲۹۵ھ کو وفات پا گئے۔ انکے تین بیٹے ہوئے۔

(۱) شیخ الطاف حسین ابن شیخ فیاض حسین۔ یہ مدۃ العمر خانہ نشین رہے۔ (۲) حاجی شیخ ناظم حسین ابن شیخ فیاض حسین۔ یہ بہت قابل اور لایق تھے۔ تصوف کا مذاق رکھتے تھے شاعر بھی بہت اچھے تھے منتظم تخلص تھا منشی محمد رضا صبر کاکوری کے شاگرد تھے حضرت مولانا شاہ حیدر علی قلندر قدس سرہ کے با اخلاص مرید تھے ۱۳۲۳ھ مین ۲۹ صفر کو بے نام و نشان انتقال کر گئے۔ انکا ذخیرہ نظم و نثر بھی تلف ہو گیا (۳) منشی کاظم حسین ابن شیخ فیاض حسین۔ یہ بھی شاعر تھے غنی تخلص تھا۔ اور منشی محمد رضا صبر سے تلمذ تھا۔ ان دونون بھائیون نے ظاہری وجاہت بہت پیدا کی تھی۔ حیدرآباد دکن مین نوکر تھے۔ افسوس کہ ان سب کے کوئی نرینہ اولاد نہین ہوئی۔ اور حاجی احمد اللہ صاحب کی تیسری اولاد کا سلسلہ یہین تک پہنچکے ختم ہو گیا۔

حاجی صاحب نے قصبہ امیٹھی مین جائداد بھی چھوڑی جسپر انکے نواسے حضرت شاہ بہرام علی قلندر قابض تھے۔ اور اسی کے ایک موضع دھورہرہ مین (جو متصل امیٹھی اب دریاے گومتی واقع تھا) بعد ترک لباس تکیہ بناکر قیام کیا تھا۔

حاجی صاحب کا مزار بیش درگاہ حضرت شاہ تراب علی قلندر متصل مزار حضرت شاہ بہرام علی قلندر ایک قبر کے فاصلہ سے مغرب جانب واقع ہے۔ مزار پر نام کی تختی نصب ہے۔ سنہ و تاریخ ولادت و وفات وغیرہ و دیگر حالات انکے دریافت نہ ہوسکے۔

احمد حسین علوی

شیخ احمد حسین۔ ابن شیخ عمادالدین حسین۔ ابن شیخ عزیزالرحمن مخدوم زادہ علوی کاکوروی۔ یہ حضرت عارف باللہ شاہ محمد کاظم قلندر قدس سرہ کے مسترشدین خاص و معتقدین باختصاص سے تھے۔ اگرچہ بیعت انکو سلسلۂ عالیہ قادریہ مین حضرت شاہ صبغت اللہ قلندر صدیقی کاکوروی قدس سرہ سے تھی۔ مگر تربیت و تعلیم باطنی سب حضرت عارف باللہ سے حاصل تھی۔ حضرت صاحب نے انکی تعلیم و تربیت اپنے صاحبزادون کی طرح پر فرمائی۔ اور بہت دوست رکھتے اور حسن استعداد کی اکثر اوقات تعریف کرتے۔ انکے واسطے تکیہ شریفہ پر مخصوص ایک علحدہ حجرہ تھا جس مین یہ اکثر یادالٰہی مین شاغل اور بوجہ فیضیاب ہونیکے محظوظ اور شایق رہتے۔ انکو بھی حضرت عارف باللہ سے بہت محبت تھی۔

کہتے تھے کہ مین نے ایک مرتبہ خواب مین دیکھا کہ ایک مکان ریت کا ہوا مین معلق ہی اور اسپر پانی کا ترشح ہورہا ہے اس مکان مین حضرت صاحب استراحت فرمارہے اور بہت سیم و شمیم ہین۔ اور مین انکے سینۂ مبارک پر سر رکھے ہوے ہون۔ اور وہ مکان بالکل ایساہی جیسا کہ تکیہ شریفہ کا مکان ہے۔ اس خواب کو مین نے حضرت کے حضور مین عرض کیا ارشاد ہوا کہ "تمہارا خواب صحیح ہے۔ میرا حال ایساہی ہے جیسا کہ تمنے دیکھا" اور یہ تعبیر فرمائی

"مکان سے مُراد مقام تنزیہہ[1] ہے کہ وہان کسیکو وقفہ نہین ہوسکتا ہے۔ مگر مجھکو خدا کے فضل سے وقفہ ہوا۔ اور ترشح آب سے مراد باران رحمت آلٰہی ہے جو اس مقام پر مجھپر نازل ہوتے ہین اور مجھکو جو تمنے فربہ دیکھا یہ میری صورت مثالی[2] تھی۔ کیونکہ ہر شخص کی صورت بقدر اسکے حال کے ہوتی ہے۔ تمھاری صورت مثالی اسقدر فربہ نہین ہے"

کہتے تھے کہ ایک مرتبہ حضرت عارف باللہ کوٹھے پر شمال رُویہ چارپائی پر بیٹھے ہوئے تھے مین اُنکے مقابل بیٹھا تھا۔ مجھسے ارشاد فرمایا "کہ تم سے جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بہت خوش ہین۔ مین نے فرط محبت سے بحالت گریہ عرض کیا کہ آپ جو کچھ فرمائین صحیح ہے۔ حقیقتاً مظہر شان خدا و رسول آپ ہین۔ آپ ہی کی خوشی کے سبب سے یہ سب کچھ ہے" اور بہت سے واقعات ہین جو اصول المقصود مین درج ہین۔ ایک مدّت تک یہ مقام دلیپ پور علاقہ سلطان پور اودھ مین فوجدار رہے امور دنیاوی مین بھی بہت ہوشیار اور لائق اور کارگذار تھے۔ شعر و شاعری سے بھی ذوق تھا۔ کریماکا خمسہ کیا تھا۔ جو کتبخانہ انوریہ تکیہ شریف مین موجود ہے۔ اور طبع نہین ہوا ہے۔ انھون نے عین شباب مین انتقال کیا۔ اور پرتاب گڈھ (اودھ) مین انکی قبر ہے۔ تاریخ و سنہ وفات کا پتہ نہین چلا۔

احمد حسین حجاجی[3]

منشی احمد حسین۔ ابن شیخ عبد الحسیب۔ یہ اصلی باشندے قصبہ دیوہ ضلع بارہ بنکی کے تھے۔

---

[1] مقام تنزیہہ سے وہ مقام مراد ہے جہان حق عیوب نقصانات عقبات اور ظہورات تعینات و تشبیہات سے پاک ہے ۱۲ مولف

[2] صورت مثالی اس صورت کو کہتے ہین جو انسان کو خواب مین دکھائی دیتی ہے۔ عالم مثال درمیان عالم اجسام و عالم ارواح ایک عالم ہے جسکو عالم خواب بھی کہتے ہین ۱۲

[3] حجاجی کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ انکے اجداد مین میر حسام نے بغداد سے آکر اولاً قصبہ دیوہ ضلع بارہ بنکی مین سکونت اختیار کی اور اپنے صاحبزادے ضیاء الدین کی شادی وہین کی۔ بادشاہ وقت کے یہان سے عہدہ قضا عطا ہوا قصبہ دیوہ مین جس محلہ مین اُنھون نے قیام کیا وہ بوجہ انکے تازہ وارد ہونیکے حجازی محلہ مشہور ہوا۔ کثرت استعمال سے حجاجی محلہ کہا جانے لگا اور میر حسام کی اولاد حجاجی کہی گئی اور یہ جو مشہور ہے کہ یہ لوگ حجاج بن یوسف ثقفی ظالم حاکم عراق کی اولاد سے ہین اسوجہ سے حجاجی ہین یہ ابتک بایہ تحقیق کو نہین پہنچا قصبہ دیوہ کے قدیم باشندے وہی بیان کرتے ہین جو مین نے اوپر لکھا ہے اور یہی مجھے تحقیق ہوا واللہ اعلم بحقیقۃ الحال ۱۲ مولف

انکے والد شیخ عبدالحسیب صاحب نے بوجہ تعلق نانہالی یہان کاکوری مین سکونت اختیار کی۔ انکے قیام کیوجہ سے انکے تمام قریبی اعزا یہان آکر سکونت پذیر ہوے اور کاکوروی کہلانے لگے۔ اب بھی نگاہڑا خاندان سکونت پذیر ہے۔ یہ قریشی النسل تھے انکا نسب نامہ حسب ذیل ہے۔ شیخ عبدالحسیب۔ ابن شیخ غلام محمد۔ ابن شیخ لطف اللہ۔ ابن شیخ غلام مجتبے۔ ابن شیخ محمد غوث۔ ابن قاضی عثمان۔ ابن قاضی عبدالغنی۔ ابن قاضی محمود۔ ابن قاضی الہداد۔ ابن قاضی خضر۔ ابن قاضی محمد۔ ابن قاضی ضیاءالدین ابن امیر حسام۔ ابن عیسی۔ ابن یوسف۔ ابن امیر احمد۔ ابن امیر طاہر۔ ابن امیر مصطفے۔ ابن امیر بلال ابن عبدالعزیز۔ ابن حجاج۔ ابن عباس۔ ابن اسحاق۔ ابن ابی عمر۔ ابن عامر۔ ابن زبیر۔ ابن ضوان۔ ابن عبید۔ ابن ابی۔ ابن کعب۔ ابن عبدمناف جد رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم۔

منشی صاحب علوم متعارفہ مین پوری دستگاہ رکھتے تھے۔ اور بے مثل منشی فخر خاقانی وظہوری ورشک ظہیری وفاریابی تھے۔ نثر نویسی مین بہت کمال حاصل تھا۔ اس قصبہ کے بہت سے لوگ فن انشاپردازی ونثر نویسی مین ان سے تلمذ رکھتے تھے۔ انکے مکان پر بیشتر اوقات اسی شغلہ کی وجہ سے معقول مجمع رہا کرتا تھا۔ اپنے زمانہ مین یہ اُستاد مانے جاتے تھے۔ حضرت والد ماجد مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر قدس سرہ بھی انشاپردازی ونثر نویسی مین انھین سے تلمذ رکھتے تھے۔ اور اکثر بسبیل تذکرہ انکی قابلیت ومہارت بیان فرمایا کرتے۔ انھون نے بتاریخ ۶ ماہ صفر روز پنجشنبہ ۱۲۰۹ھ سفر آخرت اختیار کیا۔ مولوی محی الدین خان ذوق کاکوروی سے بہت رسم واتحاد تھا جیسا کہ انکی تاریخ سے ظاہر ہے۔ جو درج ذیل ہے ؎

فغان کز رحلت احمد حسین آن دوست صادق	فلک بنہاد بنیاد نو بجان غم اسیر ما
بدردش بسکہ آمد شرحہ شرحہ سینہ ہیچون نے	ازین غم چون نے پیچد بر سر گردون نفیر ما
نیفتد چون بسر در تعبیر حسرت ناتوان جانم	کہ از پاے حیات افتاد یار دستگیر ما
سر آید زین دو مصرع ذوق در سال وفات او	بہ ہجری وبفصلے نالہ موزون از ضمیر ما
چو بگشاد او بشوق گلشن جاوید بال اینک	بجنت زد مسکر پرواز آمد ہم صفیر ما
۱۲۰۹ھ	۱۲۰۹ فصلے

احمد علیخان

قاضی احمد علیخان وکیل۔ ابن فضل علیخان۔ ابن کرامت اللہ خان عباسی موخرالذکر بہ آغاز شباب تک بوجہ امارت لہو ولعب مین مبتلا رہے۔ جیسے کہ امیرزادے ہوتے ہین تحصیل علم کا بالکل شوق نہ تھا۔ اکثر لوگ ننگ خاندان سمجھتے اوران سے احتراز کرتے۔

بیعت آن کو حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ سے تھی۔ حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ کے مخلص معتقدین سے تھے۔

چنانچہ ایک روز کا ذکر ہے۔ کہ یہ حاضر حضور تھے۔ حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر نے انکی جانب متوجہ ہوکر ارشاد فرمایا کہ احمد علیخان لوگ تکو جاہل سمجھتے ہین۔ ہمکو تم پڑھے لکھے معلوم ہوتے ہو اُسی دن سے پڑھنے لکھنے کی طرف متوجہ ہوگئے۔ حاضر ہوتے رہے اور پڑھتے رہے۔ تھوڑے دنون کے بعد بہت لائق وفائق ہوگئے۔ وکالت کا امتحان دیا۔ کامیاب ہوکر کانپور مین وکالت شروع کی۔ بہت فروغ ہوا۔ وکالت خوب چلی۔

اُسی اثنا مین غدر ہوا۔ مخبرون نے انکی بغاوت کی اطلاع کی۔ وہان بغیر تفتیش پھانسی کا حکم ہوتا ہی تھا بحالت پریشانی وسرگردانی وطن آگئے۔ اور بتوجہ حضرت پیرومرشد اس مرحلہ سے نجات پائی جسکا مفصل قصہ قیصرالتواریخ مین بھی منقول ہے۔ محرر سطور نے اپنی حضرت والد ماجد مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر رہ سے یون سنا ہے کہ احمد علیخان صاحب یہان آکر اُس زمانہ مین رُوپوش ہورہے تھے اشتہاری وارنٹ بہ تعین انعام گرفتاری جاری تھا۔ اُسی اثنا مین حضرت شاہ محمد کاظم قلندر رہ کا عرس تھا۔ بغرض تفتیش کوتوال وغیرہ بھی آئے تھے کسی نے اُن سے مخبری بھی کردی تھی۔ یوم عرس صبحکو حضرت شاہ تراب علی قلندر مجلس سماع مین تشریف رکھتے تھے۔ وہان سے انکو بلوا بھیجا۔ حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر نے نیز اور لوگون نے پریشان ہوکے کہا کہ انکا آنا کسی طرح مناسب نہین ہے حضرت شاہ تراب علی قلندر نے فرمایا کہ تم لوگ کیا جانو سب خاموش ہورہے۔ جب یہ مجلس مین آئے تو عمال پولیس نے سرگوشی شروع

کی کہ وہ موجود ہین۔ کوتوال نے کہا کہ یہ وہ نہین ہین۔ کوئی اور ہونگے۔ اشتہاری مجرم کبھی اسطرح مجمع مین موجود نہین ہوتا ہے۔ لوگون نے لاکھ سمجھایا مگر اُنھون نے نہین مانا اور چلے گئے۔ اسطرح ان کی جان بچگئی۔

قیصر التواریخ مین یون مرقوم ہے کہ۔

"احمد علیخان وکیل کو حکم قطعی پھانسی کا دیا گیا تھا۔ اس جہت سے کہ نانا راین راو مرہٹہ پیشوا کے دربار مین حاضر رہتے تھے عجب مصیبت مین پھنسے تھے۔ کہ مہینون اپنے سایہ سے ڈرتے تھے اور اپنی نجات سے یاس کلی ہوچکی تھی۔ اپنے مرشد کے گھر چھپے رہے۔ انھون نے بھی اپنا حق پیری ادا کیا۔ جب فتح سرکار ہوئی۔ میجر صاحب انکا دوست تھا وہ انکے واسطے عدالت مین سینہ سپر ہوا۔ اپنے ساتھ باعزت صاحب جج کانپور کے پاس لیگیا اور بڑی شد و مد سے مقدمہ چلا۔ صفائی دلواکر بدستور پھر عہدۂ قدیم پر بحال کرادیا۔"

کانپور مین اُنھون نے ایک کوٹھی بھی خرید کی اور جائداد بھی پیدا کی۔ پھر لکھنؤ مین آکر وکالت شروع کی۔ یہان اُس سے زائد فروغ ہوا حضرت شاہ تقی علی قلندر کی عنایت ان پر بہت تھی ارشاد فرماتے تھے کہ احمد علیخان جدھر تم ہوگے وہی مقدمہ سرسبز ہوگا۔ اور ایسا ہوتا بھی تھا یہ بھی بہت بڑے اداشناس اور سچے جان نثار خادم تھے۔ لکھنؤ کی شاہزادگان۔ و نواب زادگان و اُمرا و تعلقداران اودھ مین انکی بڑی قدر و منزلت تھی۔ یہان ڈیوڑھی آغا میر مین بہت وسیع اور رفیع مکانات بنوائے۔ بعد وفات اپنے پیر و مرشد کے اُنکے مزار پر نہایت عالیشان روضہ بنوایا۔

وفات انکی ۳ ماہ شوال المکرم ۱۲۹۰ھ مین ہوئی۔ قبر جانب مشرق روضۂ اندرون حریم متصل قبر حضرت شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ واقع ہے۔

ارتضےٰ علی۔ شرر

منشی ارتضےٰ علی متخلص شرر۔ ابن حافظ عطا علی۔ ابن مولوی رضا علی۔ ابن مولانا شاہ

حمایت علی قلندر رسا ابن حضرت شاہ محمد کاظم قلندر علوی مخدوم زادہ

ولادت انکی ۱۲۸۱ھ مین ہوئی۔ انھون نے علوم رسمیہ کی تعلیم حضرت مولانا شاہ علی انور قلندر سے پائی اور حضرت شاہ تقی علی قلندر سے بیعت کی کچھ سبق ساقی نامہ ظہوری کے مولوی شرف الدین سندیلی سے پڑھے پھر آغا سنجر ایرانی سے بمقام علیگڈھ ناسخ التواریخ مصنفہ حضرت سپہر ملک الشعراء ایران پڑھی۔ اور فارسی کلام پر اصلاح لی۔ انگریزی مین انٹرنس کا امتحان ۱۸۸۱ء مین پاس کیا۔ ابتدائی ملازمت نائب تحصیلداری سے شروع ہوئی۔ درمیان مین بارہا تحصیلداری کی قائم مقامیان بھی کین۔ آخر انسپکٹر آبکاری ہوگئے۔

شاعری کا بھی شوق تھا۔ زیادہ تر کلام نواب فصیح الملک بہادر داغ دہلوی کو دکھایا۔ دس بیس غزلین جلال لکھنوی نے اور دو چار نظمین امیر مینائی نے بھی دیکھین۔

تاریخگوئی مین خاص ملکہ تھا۔ مادۂ تاریخ بیساختہ نکلتا تھا۔ اکثر مشاہیر ہند کی وفات اور مشہور واقعات کی تاریخین لکھین۔ جو بذریعہ اخبارات تمام ہندوستان مین مشہور ہوئین۔ اودھ پنچ آزاد۔ مہذب۔ ودیگر رسائل علمی مین مضامین بھی لکھے جو بہت مقبول ہوئے۔

تصانیف مین ارمغان اودھ۔ ارمغان احباب۔ مضامین اڈیسن ہفت گلبن شہید جفا تصویر عبرت۔ خیابان وغیرہ طبع ہوکر مقبول عام ہوچکی ہین۔ کلام ہر رنگ مین ہوتا تھا۔ تھوڑا سا فارسی کلام بھی تھا۔ جو افسوس کہ ضایع ہوگیا۔ مدحیہ قصائد کی طرف کبھی توجہ نہین کی۔ مختلف مذاق کے چند اشعار بطور نمونہ کرم خوردہ اوراق سے نقل کرکے پیش کش ہین۔ جو فطرتی ذہانت اور نازک خیالی وتیزطبعی کے مشعر ہین۔ اور بندش مضامین وصفائی زبان مین داغ مرحوم کے کلام سے کم نہین۔ غزل ابتدائے مشق ؎

ابتدا عشق ومحبت کی بلا ہوتی ہے	کچھ سمجھ مین نہین آتا ہی کہ کیا ہوتی ہو
ہے زمانہ کو حسینون کی رعایت منظور	خون وہ کرتے ہین بدنام حنا ہوتی ہو
کیا کہین کہتی ہین کیا سرد ہوا مین ہمسے	تم جو ہوتے ہو کبھی اور گھٹا ہوتی ہو

وہ رُکاوٹ ہے کہ جس سے ہو لگاوٹ پیدا
قہر شوخی ہے وہی جس میں حیا ہوتی ہے

پھر کہاں چین اگر وصل کا وعدہ ہو قریب
اس سے تو اور طپش دل میں سوا ہوتی ہے

حشر میں وہ نظر آئیں جو پریشان ششدر
ہم کہیں اُنسے کہو اب بھی جفا ہوتی ہے

تاکید بندگی ہے پروا بھی کچھ نہیں ہے
انداز ہی جدا ہے اسے بے نیاز تیرا

رسائی ہو نہیں سکتی ہے شمع بزم عرفاں تک
جو ہوتی ہے تو رہبر سوزش پروانہ ہوتی ہے

رہیں روشن الٰہی داغ فرقت خانۂ دل میں
یہی باقی ہے جن سے رونق کاشانہ ہوتی ہے

درد و غم سے کہاں ملی فرصت
یہ سنا تھا بہار آئی ہے

نہ آیا ہمیں ہوش اللہ ری غفلت
تھکے وہ دعاؤں کو دم کرتے کرتے

شب وصل یار بھی ہمدمو شب غم کیطرح بسر ہوئی
دل مضطرب یہ کہا کیا وہ سحر ہوئی وہ سحر ہوئی

سر جھکانے سے تھی دزدیدہ نگاہی منظور
ہم یہ سمجھے تھے کہ ظالم ہے پشیمان دل میں

میرے مرنے سے ہوا حسن تمہارا مشہور
پھر بھی ہوتے نہیں شرمندۂ احسان دل میں

آنکھیں ہوئیں سفید سیہ پتلیاں پھریں
پردے سفید ڈالدئے انتظار نے

ہو بات نئی تیری ہر انداز و ادا میں
شوخی بھی مچلتی رہے آغوش حیا میں

ہم رند خرابات ابھی دامن تر کو
جاتے ہیں سکھالائینگے جنت کی ہوا میں

کچھ شغل جو باقی ہے تو شغل یہی ہے
پی تھوڑی سی اور بیٹھ رہے یاد خدا میں

تہ خاک یاد آئیگا جوش وحشت
نہ رکھنا گریبان میرے کفن میں

خوب وعدہ ہے کہ جب وصل کی شب آتی ہے
آپ پوشاک بدلتے ہی بدلجاتے ہیں

حکم ہے دل سے نکالے نہ یہ پیکان کوئی
کہ نکلجائے نہ اس راہ سے ارمان کوئی

تیرے نقش قدم یہ کہتے ہیں
ہم ہیں پہ چلتے ہوئے زمانہ کے

پیشتر زخم دل نے کھائے تھے
زخم اب دلکو کھائے جاتے ہیں

چلا ضبط تو بھی شب ہجر دل سے
تجھے ہم بہت باوفا جانتے تھے

غبارِ خاکِ عاشق ہو نہ برباد — بنے پردہ کسی محمل نشین کا

یہ وقت نزع ہے مختار ہو آنے نہ آنیکے — مگر اتنا کہے دیتے ہین دم نکلیگا مشکل سے

دبائے پانوُن بھی قصے سنائے سیکڑون انکو — بُرا ہو بدگمانی کا نہ آنا تھا نہ خواب آیا

لیا ہے دل تو نہ اب ضد کرو جگر کیلئے — بس ایک داغ یہ کافی ہے عمر بھر کیلئے

چار ہو نگی نہ وصل مین آنکھین — آپ پردے حیا کے چھوڑینگے

رکھدیا اُسنے میرے دل پر ہاتھ — بڑھ گئی قدر بیقراری کی

توبہ توبہ شراب کرین توبہ — اور خدمت ہو آبکاری کی

یاس ہوکر مدتون ہم چشم بسمل ہو رہے — داغ حرمان بنکے مہجور کے دل مین رہے

اُن کو بے چین کر دیا آخر — یہ دل ناصبور بھی کچھ ہے

جو رنج دیتے ہین اللہ انکو خوش رکھے — ہم اپنے مُنھ سے کسیکی کرین بُرائی کیا

انھون نے بمقام سیتاپور دو ہفتہ مرض وبائی ہیضہ مین علیل رہ کر بتاریخ ۱۵ ماہ ذی الحجہ روز شنبہ ۱۳۳۹ھ مطابق ۲۰ اگست ۱۹۲۱ء انتقال کیا۔ اور وہین متصل عیدگاہ قریب قبر منشی ولایت احمد صاحب تحصیلدار دفن ہوئے۔

اطہر حسین

مولوی حکیم اطہر حسین۔ ابن شیخ محمد بخش۔ ابن شیخ احمد حسین علوی مقدم الذکر انھون نے کتب درسیہ کی تحصیل مختلف علما سے کی۔ علم طب حکیم محمد علی عرف حکیم بنا صاحب لکھنوی سے (جو نہایت فاضل و مستند طبیب تھے) پڑھکر سند حاصل کی۔ قابلیت و طبی مہارت پر اس زمانہ کے تمام جید حکما نے اتفاق کیا۔ جیسا کہ انکی سند سے معلوم ہوتا ہے۔ انکو بیعت حضرت شاہ حیدر علی قلندر قدس سرہ سے تھی اور بہت مقبول مُریدین سے تھے جسکا ثبوت اُن دو واقعات سے ملتا ہے جو بضمن کرامات حضرت موصوف حوض الکوثر تکملہ روض الازہر مین مرقوم ہین۔ مدت تک اٹاوہ مین

ملازم گورنمنٹ رہے۔ پھر مرشدآباد مین بسلسلہ طبابت مقرر ہوئے۔ وہان عرصہ تک رہے کتب بینی کے بہت شایق تھے۔ کتب درسیہ طبیہ وغیرہ بہت جمع کین اکثر کتابین خود انھین کے ہاتھ کی لکھین ہوئی ہین تین بیاضین مجرب نسخہ جات کی انکی یادگار ہین۔ یہ حضرت مولانا شاہ علی اکبر صاحب بلند رکے چھوٹے داماد تھے۔ انکا انتقال ریاست بھرت پور مین بتاریخ ۱۹ ماہ محرم ۱۳۱۹ھ ہوا اور وہین دفن ہوئے انکے ایک بیٹے عترت حسین تھے جنھون نے انگریزی مین انٹرنس پاس کیا تھا بہت ذہین اور طباع اور سعید وہونہار تھے۔ عنفوان شباب مین بتاریخ ۱۷ ماہ صفر روز جمعہ ۱۳۳۴ھ انتقال کر گئے۔

اطہر علی

خان بہادر منشی اطہر علی۔ اطہرؔ ابن منشی ریاست علی۔ ابن قاضی اوصاف علیخان۔ ابن رضا علی خان انکی ولادت ماہ شوال ۱۲۶۳ھ مین ہوئی۔ عجیب با صفات و با خدا شخص تھے۔ عربی و فارسی کی تعلیم پوری حاصل کی نہایت عاقل و فرزانہ سخی دیر چشم فیاض وبردبار خلیق و متواضع شاکر وصابر بزرگ تھے۔ درجۂ اول مین وکالت کا امتحان پاس کیا۔ حکام کے یہان عزت اور وقعت کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے۔ مدت تک مینوسپل کمشنر و آنریری مجسٹریٹ لکھنؤ رہے۔ عام رعایا بیحد راضی وخوش رہی۔ منشی امتیاز علی صاحب مغفور کے بھوپال جانیکے بعد انجمن تعلقہ داران اودھ کے مشیر قانونی بھی ہوئے۔ اس عہدہ کے فرائض کو بڑی لیاقت اور دانائی سے ادا کرتے تھے۔ نازکخیالی اور دیانت داری نے پیشۂ وکالت مین اقران و امثال سے بڑھ گئے۔ گورنمنٹ سے خان بہادر کا خطاب پایا۔

مسلمانون کی تعلیم کے بارہ مین نہایت غلو تھا۔ دینی تعلیم کو انگریزی تعلیم پر مرجح و مقدم سمجھتے چنانچہ جب لکھنؤ مین مدرسہ ندوۃ العلما قائم ہوا۔ تو انھون نے نہایت عالی حوصلگی اور فراخ دلی سے اس عظیم الشان جلسہ کو اپنا مہمان کرکے لکھنؤ مین دعوت دی۔ اور تمام مصارف اپنے جیب خاص سے ادا کیے جسکا ذکر کارروائی ندوۃ العلما مرتبہ مولوی محمد فاروق چریا کوٹی مین مفصل مذکور ہے۔

عقائد مذہبی مین نہایت راسخ۔ شرع کے پابند سنت سنیہ کے تابع تھے۔ مثنوی حضرت

مولانا روم سے بالطبع ذوق تھا۔

بیعت حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر سے تھی۔ دسترخوان ہمیشہ وسیع اور گھر مہمانسرا رہا کرتا تھا۔ سیرچشمی کا یہ حال تھا کہ ایک اہل وطن کے مکان پر انکی غیبت مین قرقی آئی۔ مال منقولہ اٹھ گیا جب ان کو خبر ہوئی تو نہایت افسوس کے ساتھ کہا کہ اب بستی مین کوئی ایسا نہین رہا جو کسی بھائی کے درد دکھ مین اُسکا شریک ہو جائے۔ فوراً ڈگریدار کو بلا کر روپیہ دیدیا۔ اور قرقی سے مال پھڑایا اعزا اور ہم وطنون کے ساتھ برابر مخفی طور سے مسلوک رہتے تھے۔ آخر عمر مین حج کو گئے وہین وفات اختیار کر لی۔ شعر بھی کبھی کبھی کہتے تھے منشی محمد رضا صبر کاکوروی سے تلمذ تھا چند اردو اشعار بغرض تفریح طبع ناظرین درج ذیل ہین ؎

ناصح نہ پوچھ کتنے ہین بسمل کہان کہان
خود ڈھونڈھ دیکھ ٹکڑے ہوئے دل کہان کہان

ہر گھر مین روشنی ہے ترے ہی جمال کی
ڈھونڈھون مین تجھ کو اے مہ کامل کہان کہان

نالون نے مرے نیند تو عالم کی اڑا دی
اب دیکھئے کیا دیدۂ خونبار کرینگے

اک دل تھا اُسے نذر کیا نیم نگہ کے
اب جان نثار قدم یار کرینگے

وہ دلبر بے طلب مرے گھر آئے آپ سے
ثابت ہوا یہ جذب محبت کا کام ہے

رنج سہتے سہتے دل کو اُنس غم سے ہو گیا
اب تو گھبراتا ہون جب درد جگر ہوتا نہین

بحالت فرط ذوق مدینہ طیبہ مین چند قصائد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان مین نہایت خلوص سے نظم کئے جو زیور طبع سے آراستہ ہو کر مقبول خاص و عام ہو چکے ہین اور انھون نے وہین مدینہ طیبہ مین بتاریخ ۱۱ ماہ جمادی الاولے ۱۳۲۷ھ انتقال کیا۔ پائین قبۂ اہلبیت جنت البقیع مین دفن ہوئے۔ منشی احد علی بسمل کاکوروی نے قطعہ تاریخ وفات لکھا جو درج ذیل ہے ؎

چھوڑ دُنیائے دنی کو اظہر
منزل صدق و صفا تک پہونچے

بارگاہ نبوی سے ایسی
آبرو پائی خدا تک پہونچے

۱۳۲۷ھ

انکے بیٹے منشی اظہر علی نے بھی انگریزی میں بی اے پاس کرکے وکالت کی ڈگری حاصل کی

اظہار الدین خان

مولوی قاضی اظہار الدین خان - ابن قاضی وحید الدین خان - ابن قاضی امام الدین خان ابن ملا حمید الدین - ابن ملا غازی الدین شہید - ابن ملا محمد غوث - ابن ملک ابو الخیر - مرقوم الذکر - یہ صاحب نہایت قابل و لائق شخص تھے - بعد انتقال اپنے والد کے باتفاق و اجماع روسائے ٹپنہ و حکام انگریزی قاضی شہر مقرر ہوئے - اور عرصہ تک فرائض قضا کو نہایت دیانت و قابلیت سے انجام دیتے رہے - جب عہدہ قضا شکست ہوگیا - تو یہ وہین کے ڈپٹی کلکٹر و ڈپٹی مجسٹریٹ مقرر ہوے - اس عہدہ پر بھی سالہا سال رہے - وہان سے علی گنج سیوان ضلع چھپرہ کا تبادلہ ہوا وہین بتاریخ ۱۹ رماہ رجب ۱۲۹۴ھ مین انتقال کیا اور وہین دفن ہوئے -

فضل علی

مولوی شاہ فضل علی - ابن شیخ لطافت علی - ابن حضرت شاہ کرامت علی قلندر - ولادت انکی ۱۲۳۵ھ مین ہوئی - لڑکپن سے اپنے والد کے ساتھ سہارنپور و میرٹھ وغیرہ مین رہے - بہت نیک مزاج اور صاف باطن بزرگ تھے - ابتداً مختلف مقامات پر سلسلہ ملازمت رہے ضلع الہ آباد مین نائب تحصیلدار تھے - اسی عہدہ سے پنشن لیکر خانہ نشین ہوئے - بہت سخی اور مہمان نواز صابر و ضابط سادہ مزاج تھے - دُنیا کے مکر و فریب بالکل نہین جانتے تھے - بزرگ زادون کی طرح محتاط و خوش اوقات رہے - بعض اعزہ و احباب نے صلاح دی کہ آپ ترک لباس کرکے اپنے جد بزرگوار کے مزار پر بیٹھ رہین چنانچہ اُنھون نے اپنے جد امجد کے عرس کے روز حضرت مولانا شاہ علی اکبر قلندر سے خرقہ پہنا - اور اجازت و خلافت سلاسل معہ شغل حاصل کی اور وہین درگاہ پر قیام اختیار کیا - قطعہ تاریخ خرقہ پوشی ؎

بہ افضل علی شاہ طوبے مقام	زاکبر علی شاہ عرش آشیان
چو شد خرقہ حاصل بسر وقتے غیب	بگفتا - بگو خرقہ عارفان

۱۳۰۰ھ

پانچ برس تک درویش ریاست کی اور بجز اوراد و ظائف کوئی شغل نہ رکھا - اشاعت سلسلہ کی بھی رائنسے ہوئی -

چند ماہ علیل رہ کر بعمر ۶۰ سال بتاریخ ۶ ماہ صفر روز شنبہ ۱۳۰۱ھ انتقال کیا - اور اپنے جد بزرگوار کے روضہ کے پائین چبوترہ پر دفن ہوئے - انکے چھوٹے بیٹے منشی افتخار حسین صاحب انگریزی مین بہت قابل اور صاحب تصانیف ہین - فارسی بھی اچھی جانتے ہین - اور شاعر بھی ہین - پہلے عہدہ ڈپٹی کلکٹری پر مامور رہے - پھر عدالت جوڈیشلی مین رجسٹرار مقرر ہوئے - یہان سے پنشن یاب ہو کے فی الحال ریاست جے پور مین سشن جج ہین - اور اپنی قابلیت و لیاقت کی وجہ سے باوقعت ہین -

اکرام اللہ - افسون

مولوی مفتی اکرام اللہ المتخلص بہ افسون - ابن مولوی منصب علی - ابن حضرت شاہ نظام علی قلندر علوی کاظمی - انکی ولادت بتاریخ ۱۴ ماہ جمادی الآخر روز شنبہ ۱۲۶۱ھ مطابق ۲۰ جون ۱۸۴۵ء ہوئی بڑے سیر چشم اور عالی ہمت تھے اور نہایت قابل و لائق متقی و پرہیزگار - علوم رسمیہ کی تکمیل حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ سے کی - ان کو بھی اجازت اخذ بیعت اپنے حضرت جد امجد سے تھی - درس و تدریس کا بہت شوق تھا - کاکوری و نیز اضلاع اٹاوہ و مین پوری مین کثرت سے تلامذہ موجود ہین نثر اور نظم فارسی مین خداداد ملکہ حاصل تھا - شاعری مین منشی عبد المجید سحر کے شاگرد تھے کلام نظم مین بہت تھا - عاشقانہ اشعار کہتے تھے - جن مین تصوف کی چاشنی اور طرز بیان کی حلاوت سمند ناز پر ایک اور تازیانہ ہوتی تھی - چند اشعار اردو و فارسی جو ملگئے درج ذیل ہین ۔

نالہ خواہم کہ بطرز دگر ایجاد کنم — دست دل گیرم و در کوی تو فریاد کنم
بعد مردن ز جفاے تو اگر یاد کنم — از کفن دست برون آرم و فریاد کنم

دل من برد امشب بازخوبے وخودرائے — برہمن زادۂ زنارداری قشقہ آرائے
بدور چشم مستی عہد حسن آراے زیبائے — نہ رسمے با مسلمانے نہ از گبرے تولائے
مرا در عشق یلئے تند خوئی عنبرین موئے — دلے دادند رسوائے سرے دادند سودائے
بہ گیسوے دراز آہو شکارے مردم آزارے — بچشم سرمہ سا افسون خود را بندہ فرمائے

تا بدستار خود از رشک چمن گل زدہ — آتش تازہ بجان من بلبل زدہ
عالم از نرگس تو بے مے و مینا سرشار — چشم بد دور عجب ساغر بے مل زدہ
پیچ زلف تو گواہ است کہ امشب گرہے — در دل خویش تو از جانب سنبل زدہ
عقدۂ از دل ما خانہ بدوشان بکشائے — ایکہ صد عقدہ بہر رشتہ کاکل زدہ
رفتہ از کار چو پائے طلب افسون بخروش — دست در دامن ارباب توکل زدہ

گر مرا از نظر انداختہ ساختہ — خویشتن را بدگر باختہ ساختہ
وعدۂ بوسہ ابروئے بہ اغیار مرا — زیر شمشیر اگر ساختہ ساختہ
خاک گردیدہ بمیدان صالحت افسون — شہسوارانہ اگر تاختہ ساختہ

کلام اردو

نہ میکدے سے غرض ہے نہ جام سے ساقی — مزے میں ہیں ترے شیرین کلام سے ساقی
کہاں کا میکدہ کیسی شراب کس کا جام — بلا نگاہ کہ مطلب تو کام سے ساقی
نکال دوسری بوتل کچھ اور حال نہ پوچھ — خبر نہ تھی ترے عالی مقام سے ساقی

ایک عرصہ تک ضلع اٹاوہ مین انسپکٹر پولیس رہے اور بہت نیکنام اور محتاط رہے۔ گورنمنٹ نے کئی بار دیانت اور کارگذاری کے صلہ مین اسلحہ وغیرہ بطور انعام دئے۔ خلیق و ہردل عزیز ایسے تھے کہ اکثر ہندو و مسلمان اپنے معاملات مین انھین کے تصفیہ کو پسند کرتے تھے ۱۳۱۱ھ مین پنشن لیکر

وطن آئے۔ ریاست گوالیار سے ملازمت کی تحریک ہو رہی تھی کہ اتفاق سے لکھنؤ جانا ہوا۔ وہان شب کو ایک بار استفراغ ہوا اور دفعتًا حالت غیر ہوگئی۔ وطن روانہ ہوئے۔ راستہ مین بتاریخ ۲۳ ماہ جمادی الاولے سنہ ۱۳۱۱ھ مطابق ۲ دسمبر سنہ ۱۸۹۳ء انتقال کیا۔ اور قبرستان تکیہ شریف مین دفن ہوئے۔

اکرام اللہ خان

نواب محمد اکرام اللہ خان ملقب بہ نواب یار جنگ بہادر ابن مولوی نقی یاور خان۔ ابن شیخ غلام حسن صدّیقی۔ ولادت آپ کی سنہ ۱۲۴۶ھ مین ہوئی۔ عربی مین متوسطات تک تعلیم مولوی نادر علی ملیح آبادی تلمیذ شاہ عبد العزیز دہلوی وغیرہ سے پائی۔ یہ اپنے اوصاف عدل و دیانت۔ ذہانت و سخاوت۔ اقبال و سیاست۔ عالی دماغی۔ و رحمدلی مین عدیم النظیر نامور و یگانہ روزگار تھے طفولیت مین اپنے والد کے زیر تربیت رہے۔

قبل غدر بعہدہ تحصیلداری سلون ضلع رائے بریلی اودھ مین مامور تھے۔ غدر کے غیر معمولی اور ممتاز کارنامون نے فطری اوصاف شجاعت و ہمّت و شرافت و اولو العزمی و ایثار کا ثبوت دیا غدر کا زمانہ تھا نفسی نفسی پڑی ہوئی تھی دار و گیر کا بازار گرم تھا۔ اکثر امرا اور تعلقداران اودھ پر بغاوت کے الزام قائم تھے۔ حکام وقت کی انتقامی کارروائی سے تہلکہ عظیم پڑا ہوا تھا اُسی پر آشوب وقت مین سر بکف گھر سے نکلکر پیادہ پا لکھنؤ پہونچے۔ کرنل بیرو صاحب سے جو اسوقت کے افسر اعلےٰ تھے ملے۔ اور نہایت مُدبّرانہ گفتگو کی۔ اور اُنھین کے پاس رہکر کام کرنا شروع کیا۔ اور آہستہ آہستہ ابناے وطن کی بہبودی کے تدابیر عمل مین لائے۔ ارباب وطن جو الزامًا بغاوت مین گرفتار تھے۔ اُنکی صفائی کرائی اور رہائی دلائی۔ اطراف و جوانب مین امن و امان قائم کرایا۔ اور ایسے نازک وقت پر جب کہ ہر طرف سے مصیبتون کا سامنا تھا۔ نہایت مُدبرانہ اصول پر کام کو انجام تک پہونچایا۔ اور اپنی جان کو خطرہ مین ڈالکر فتنہ و فساد کے رفع دفع کرنے کے کوشش کی

نہین کی بلکہ قیام امن کا ذریعہ خود ہی بنگئے۔

بعد فرو ہوئے غدر ۱۸۵۷ء صیغہ بندوبست مین بعہدۂ اسسٹنٹ مہتمم بندوبست مقرر ہوے اور کام ختم ہونے پر بعہدۂ ڈپٹی کلکٹر اسسٹنٹ کمشنر مقرر ہوئے اور درجہ دوم تک ترقی کی یہان سے پھر بملازمت ریاست سرکار نظام حیدرآباد دکن مین منتقل ہوئی۔ جہان اولاً بعہدۂ صدر تعلقداری یعنے کمشنری مامور ہوئے۔

شہر گلبرگہ جو نہایت قدیم اور تاریخی شہر اور شاہان بہمینہ کا ایک عرصہ تک تخت گاہ رہاتھا اور امتداد زمانہ کی وجہ سے بہت خستہ حال ہوگیا تھا۔ انھین نے اپنے زمانہ تعلقداری مین اُسے از سر نو رونق دی۔ تجارت اور ملکی صنعت کی ترقی کا دروازہ کھولا۔ چنانچہ اب تک وہان انکا نام زندہ ہے۔ وہان کی رعایا خوش اور عہدہ داران ماضی و حال اسکے مقر ہین۔ صدر المہام نواب بشیر الدولہ بہادر نے اپنے روزنامچہ مین درج کیا ہے۔

"الغرض حُسن کارگذاری محمد اکرام اللہ خان آن قدر نمایان بودہ است کہ ہر در و دیوار و ہر قطعہ زمین گلبرگہ بزبان حال شہادت آن بطریق کامل ادا می نماید۔ و نتائج مفیدہ کہ از ہر گونہ قابلیت موصوف الیہ ظاہر شدہ اند محتاج بیان نیستند۔ منافع کہ از ذرائع الصنائع محبس حاصل شدہ وکفایتے کہ در مصارف تعمیرات محبس ظاہر گشتہ۔ مقدار آن درین عرصۂ قلیل چندلاکھ تا بچندین لک روپیہ میرسد"

گلبرگہ کے اطراف مین جابجا محتاج خانہ قایم کرائے جسکی نگرانی خود کرتے۔ غرضکہ ریاست سرکار نظام مین اب تک انکی قابلیت۔ نیک نیتی۔ تجربہ کاری۔ غمگساری۔ نفع رسانی خلایق۔ اخلاق و دلجوئی۔ حفظ مراتب۔ بلند خیالی۔ اولوالعزمی۔ عدل و دیانت۔ نرم دلی۔ صداقت ضرب المثل ہے۔ سرکار نظام سے بجلدوے حُسن خدمات نواب یار جنگ بہادر کا خطاب اور دو ہزاری منصب پانصد سوار اور علم کا اعزاز عطا ہوا۔

بعدہ بہ تحریک سرکار انگریزی ریاست رامپور مین بعہدۂ جوڈیشل ممبر کونسل مقرر ہوے جہان دو سال اور چند ماہ رہے علاوہ اپنے فرائض منصبی کے باشندگان ریاست کو صنعت و حرفت کیطرف

توجہ دلائی۔ ہر طبقہ کی نظر مین خاص عزت حاصل کی۔ اب تک لوگ مداح ہین۔ گورنمنٹ انگریزی کے نہایت اعلیٰ معتمد۔ حکام مین حد درجہ ممدوح۔ رعایا کے قلوب مین نہایت عزیز و مقبول تھے۔ گورنمنٹ انگریزی اور سرکار نظام سے وظائف پنشن مقرر ہوئے۔ اور ریاست رامپور سے انعام عطا ہوا۔

بعد سبکدوشی از خدمات لاحقہ وطن مین آکر نہایت فارغ البالی۔ فیاض دلی۔ فراخ دستی۔ کنبہ پروری۔ و ثروت سے عمر بسر کی۔ اہل حاجات کی خفیہ تنخواہین بکثرت مقرر تھین۔ جنکا علم انکے حیات تک کسی کو نہین ہوا۔ آمدنی کا تہائی حصہ تنخواہون مین صرف ہوتا تھا۔ اور ایک تہائی سامان آرائش وغیرہ مین تیسرا حصہ ذاتی مصارف مین جسمین بہت بڑی مد مہمان نوازی کی شامل تھی آخر حصۂ عمر مین تصوف کی طرف بھی رجحان پیدا ہوگیا تھا۔ چونکہ یہ نہایت عالی دماغ و صاحب اصول شخص تھے جس بات کو اختیار کرتے اسکو نہایت استقلال و استحکام سے اختیار کرتے۔ بات نہایت مختصر جامع و مانع کہتے۔ اکثر کہا کرتے کہ حضرات صوفیہ کا مسلک ٹھیک ہو باقی سب مین افراط و تفریط ہو۔

بیعت حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ سے رکھتے تھے۔ حضرت مولانا شاہ علی انور قلندر قدس سرہ فرماتے تھے کہ آخر زمانہ مین انکا قلب تبدیل کر دیا گیا تھا۔ یعنے آلائش تعلقات دنیاوی سے صاف کرکے اُسکی حالت بدلدی گئی تھی۔ یہ حسب ارشاد اپنے حضرت پیر و مرشد پاس انفاس کے پابند تھے۔ مرض الموت مین چار روز انتقال سے قبل پاس انفاس نہایت صاف جاری تھا۔

نواب یار جنگ بہادر نے تباریخ ۲ ماہ ربیع الآخر روز دوشنبہ ۱۳۱۰ھ بعارضۂ استسقا وفات پائی۔ قبر محلہ ولی نگر کوٹھی زیر دیوار آبائی قبرستان مین پائین مزار اپنے والد ماجد واقع ہے۔ انکی وفات کے ڈیڑھ ماہ بعد انکی قبر کے پائین انکی منجھلی بیٹی کی قبر کھودی جارہی تھی جسکے صدمہ سے انکے قبر کا بھی کچھ حصہ کھل گیا تھا قبر سے ایک ایسی مہک نکلی کہ سارا قبرستان معطر ہوگیا۔ دیکھا گیا تو جنازہ بجنسہ محفوظ تھا اور کفن تک میلا نہوا تھا سچ ہے السخی حبیب اللہ۔

اکرام حسین

مولوی حاجی حافظ اکرام حسین۔ ابن شیخ محمد حسین۔ ابن شیخ محمد بخش ابن شیخ احمد حسین علوی۔
انھون نے ابتدائی کتابین فارسی وغیرہ مولوی مفتی اکرام اللہ افسوس سے پڑھین۔ اسکے بعد دہلی
چلے گئے۔ وہان کلام اللہ حفظ کیا۔ اور علم حدیث مولانا نذیر حسین محدث دہلوی سے پڑھا۔ بعد
اسکے مختلف مقامات پر رہے۔ انکے شاگرد آگرہ و دہلی مین بہت ہین۔ کلام مجید بہت سے شاگردونکو
حفظ کرایا۔ تین حج بھی کئے بیعت حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ سے ہے۔ سیف
المقلدین۔ و تحقیق البیان فی ابطال البدع و الطغیان انکے مصنفات سے ہین
آگرہ و دہلی مین وعظ و مناظرہ مین اپنا زیادہ وقت صرف کرتے تھے۔ فی الحال وطن مین مقیم ہین
حی و قایم ہین مگر بینائی سے معذور۔ اطفال کو اب بھی با وصف پیرانہ سالی کلام مجید حفظ کرانے
کا مشغلہ رکھتے ہین۔ اور اس مین خاص طور پر انہماک ہے۔

اکرم الدین خان

مولوی حاجی اکرم الدین خان۔ ابن مولوی مسیح الدین خان میر منشی گورنر جنرل بہادر و سفیر شاہ
اودھ۔ بتاریخ ۱۲ ماہ رمضان المبارک ۱۲۶۰ھ پیدا ہوئے۔ تعلیم و تربیت مولوی حافظ محمد حسین ساکن
بڑاگانون اور اپنے والد اور مفتی ریاض الدین اور حافظ وجیہ الدین صاحبان سے پائی۔ نہایت
قابل و لائق و وجیہ الصورت تھے بیعت حضرت شاہ تراب علی قلندر سے تھی۔ یہ اپنے برادر عمزاد
مولوی احسن الدین صاحب کے ہمراہ حیدر آباد گئے۔ وہان ایک معزز عہدہ پر ملازم ہو گئے تھے۔
پھر اول تعلقدار ہوئے۔ اسی عہدہ سے پنشن پائی۔ بہت نیکنام و ہر دلعزیز رہے۔ رسالۂ ضوابط ستہ
انکے والد نے انھین کے لئے تحریر فرمایا تھا۔ انکی ایک اور کتاب تاریخ الخلفا بھی انھین نے
مرتب کر کے طبع کرائی۔ بعد پنشن حج سے بھی مشرف ہوئے۔ بتاریخ ۱۰ ماہ جمادی الاولے

روز دو شنبہ ۱۳۳۲ھ بعارضہ وجع الصدر انتقال کیا اور قلعہ کی مسجد کے احاطہ مین دفن ہوئے -

امام الدین خان

مولوی قاضی امام الدین خان ابن ملا حمید الدین محدث ملکزادہ انکی ولادت بتاریخ ۹ ماہ شوال ۱۲۶۶ھ ہوئی۔ کتب درسیہ کی تعلیم اپنے والد ماجد و برادر بزرگ قاضی القضاۃ مولوی نجم الدین علیخان بہادر۔ و مولانا عبد العلی محمد بحر العلوم فرنگی محلی۔ و مولانا عبد الواجد خیر آبادی۔ و ملا محمد اعلم سندیلی و مولوی حیدر علی سندیلی سے پائی اور تمام علوم عقلیہ و نقلیہ مین فراغت و فضیلت حاصل کی ابتداً درس و تدریس کا مشغلہ رکھا پھر بوجہ قابلیت و فضائل علمی بنارس مین قاضی مقرر ہوئے بعد اُسکے کل صوبہ بہار کے پٹنہ مین قاضی مقرر ہوئے۔ ماتحت قضاۃ کا تقرر انھین سے متعلق تھا۔ بہت وجیہ اور شکیل تھے حُسن کارگذاری نے ایسا معتمد بنا دیا تھا کہ مزید عزت اور عطائے خطاب سے بھی سرفراز ہوئے تھے۔

تصنیفات سے دو رسالہ یادگار چھوڑے۔ ایک رسالہ علم تجوید یعنے قرأت مین۔ اور دوسرا رسالہ متعلق بہ لباس۔ یہ دونون رسالے غیر مطبوعہ ہین -

منشی فیض بخش مرحوم اپنے نسب نامہ موسومہ بہ چشمۂ فیض مین لکھتے ہین -

او کہ خلف کوچک مولوی حمید الدین قاضی امام الدین خان صباحت ظاہر و ملاحت معنی دارد آغاز حال بخواندن عربی مشغول بودہ در سایۂ شفقت و عنایت پدر بزرگوار تربیت یافتہ بود۔ بعد فراغ از تحصیل علوم تلاش معاش ضروری در سر پیچید۔ چندے در رفاقت حکیم زین العابدین خان حکیم دار اٹاوہ بودہ بعد فوت او ہمراہ الماس علیخان چندے در عالم سپاہ گری و بندے در تعلیم و تعلم گذرانیدہ از ان سرکار جدا شدہ در بلدۂ بنارس اجرائے احکام قضا فرمودہ سپس بسعی برادر بزرگ خود قاضی بلدۂ معتبر کہ عظیم آباد پٹنہ است شدہ در انجا بخطاب خانی ممتاز گشت۔ و تا حال تحریر کہ ۱۲۳۴ھ است بر وسادۂ قضا آن صوبہ جا دارد و با حدت طبع و ذہن رسا موصوف است۔ کارہائے آن ملک را بہ دیانت و امانت میکند

وقضایا بہ احسن وجوہ انفصال می نماید۔ بار اقم اوراق بنسبت آشنایان دیگر اتحاد دلی بسیار دارد"۔

وفات انکی بتاریخ ۱۰ ماہ جمادی الاولے ۱۲۹۵ھ بعمر ۷۰ سال ہوئی۔ اور یہین قصبہ کاکوری مولوی محلہ حظیرۂ ملا محمد غوث مین اپنے والد کے پہلو مین دفن ہوئے۔

امتیاز علی صوفی

منشی محمد امتیاز علی خان صاحب متخلص بہ صوفی۔ ابن منشی فیاض علی۔ ابن قاضی اوصاف علی خان۔ ابن رضا علی خان علوی مخدوم زادہ۔ یہ ماہ ربیع الاول ۱۲۵۱ھ مین بمقام باندا پیدا ہوئے ابتدائے طفولیت سے ذکی ذہین فہیم اور ہوشمند تھے۔ باندا مین تحصیل علوم سرگرمی سے کرتے رہے عربی علم ادب و دیگر علوم مین پوری دستگاہ پیدا کی۔ تلمذ ان کو مولوی داؤد علی صاحب سے تھا۔ فارسی انشاپردازی مین بھی خاص مہارت تھی۔ غالب دہلوی سے بواسطہ قاضی نورالدین صاحب موہانی خط و کتابت کرتے اور داد سخن پاتے۔ شاعری کا بھی مذاق تھا۔ مولانا غلام امام شہید مرحوم کے ارشد تلامذہ مین تھے پہلے جمیل تخلص کرتے پھر استاد کے ایما سے صوفی تخلص کر دیا تھا۔

نواب علی حسن خان سلیم تذکرۂ صبح گلشن مین لکھتے ہین۔

"صوفی۔ منشی امتیاز علے از ارباب امتیاز قصبہ کاکوری من اعمال بیت الحکومت لکھنواست و ہش وقاد طبعش نقاد خلقش عام۔ و لطفش تمام طینتش صافی۔ وہمتش بلند۔ بالفعل در شہر لکھنو بصیغۂ وکالت باکمال رفاہ و فلاح میگذراند۔ و پیش ہر یکے از ولاۃ و حکام آن مقام نفس لیاقت و عزت خود بر کرسی قبول می نشاند۔ ہر چند از کثرت اشتغال توجہ بشعر و شاعری کمتر دارد لیکن ہنگام التفات بدین فن در اندک فکر از بستان طبیعت لالی آبدار اشعار خوبتر و بسیار می بارد مشق سخنوری بخدمت مولانا غلام امام شہید نمودہ۔ واز اکثر تلامذۂ شہید در خوش فکری و نیکو تلاشی گوئے سبقت ربودہ"۔

انکے چند اشعار و غزلین منشی شرف علی صاحب مضطر کی بیاض وغیرہ سے ملی ہین جو درج ذیل ہین۔

هستیم هر دم دم قطع تعلق می‌زند
تیغ برّان آمد و رفت نفس باشد مرا

می رود با کاروان اشک من عمر روان
ناله‌های واپسین بانگ جرس باشد مرا

برق حسنت شعله زد یکسر بجسم و جان ما
مشعل طور است امشب شبستان مرا

دید از غرفه بسوی من و در پرده رفت
چه بلا تیر نگاهی بجگر در زد و رفت

تا برد نامهٔ شوقم به ادب پیش کسی
طائر رنگ ز رویم بهوا پر زد و رفت

بهار امروز با سامان صد میخانه می آید
بدوش بیخودی چون بوی گل مستانه می آید

عالم شکار تیر او مژگان سفاکش نگر
صید قضا نخچیر او در بند فتراکش نگر

طرز خرامش فتنه‌زا بر هر قدم جانها فدا
محشر ز رفتارش بیا انداز بیباکش نگر

مقتول تو زیر زمین دریا و چشم نرگسین
گل چو شد از آبش ببین گل دیده از خاکش نگر

پیچیده‌تر ز کاکل او دود آه کیست
برگشته‌تر از آن مژه بخت سیاه کیست

دل دادن و بغمزه نمردن گناه من
دل بردن و بعشوه نکشتن گناه کیست

صوفی اگر بفرض بجور رقیب مرد
عالم شهید شوخی تیغ نگاه کیست

رفتم ز خویش دل به یکی نوجوان فریفت
دانم فریفت لیک ندانم چسان فریفت

قاتل چه لذت است به زخم خدنگ تو
هر لخت دل بجنبش نوک سنان فریفت

طاقت کجا که ضبط ادای جفا کنم
ما را به گردش نگهی می توان فریفت

یاد رخ تو انیس دل زار است اکنون
دل تمناکش آغوش بهار است اکنون

بی گل روی تو گلشن بچه کار است اکنون
هر رگ گل به جگر نشتر خار است اکنون

داغ داغ دل سودا زده رنگی دارد
لاله زاری ز سویدا به کنار است اکنون

مجال دیدن آن روی شعله‌تاب کجا
وجود شبنم فانی به آفتاب کجا

بکش بکش که به پایان رسید دور بهار
دگر کجاست گل و نغمه کو شراب کجا

ز فرق تا بقدم جسم صورت نور است
ز شغل حسن ترا حاجت کتاب کجا

بہوش مہر پرستی خمار بشکند شاید | کجاست بادۂ گلرنگ آفتاب کجا
خراب نرگس مست تو عالم افتادست | کجاست میکدہ کو ساقی و شراب کجا

تیرے کہ از کمان تو در شست میرود | حکم قضا بہ تیر تو ہمدست میرود
یارب کہ جام بادۂ اش از دست خوردۂ است | ہرکس بکف گرفت ز خود از دست میرود

دل پر از درد کسے می خواہم | اندکے ہست و بسے می خواہم
سوز پروانہ گدازے نہ دہد | شمع سان ہم نفسے می خواہم

دمیکہ سلسلۂ نظم دو جہان بستند | قضا بہ گردش چشم ستمگران بستند

کلام اُردو

ہمارے درد سے نے کیا کیا وفا کی | اگر پہلو سے اُٹھا دل مین جا کی
پری کے دست پرور نے وفا کی | لو دیکھو اُڑ چلی سُرخی حنا کی

منشی صاحب کا خط نستعلیق بھی بہت پاکیزہ تھا۔ طلاقت لسانی و سحر بیانی کے جوہر خدا داد تھے۔ ہمیشہ حوصلہ بلند و ہمت کشادہ رکھتے۔

بیعت ان کو حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ سے تھی۔ ابتدائے عمر مین قبل غدر نواح باندا مین ایک رئیس کے یہان محکمۂ پولیس مین ملازم تھے۔ بعد غدر وکالت کا امتحان پاس کیا۔ لکھنؤ مین وکالت شروع کی یہی نمود اقبال کا پہلا زینہ تھا۔ جس سے قابلیت خداداد کے جوہر ظاہر ہوئے۔ اور جوہر شناسون نے مشتاق ہوکر دست طلب پھیلائے۔ چونکہ وہی زمانہ اودھ مین شروع عملداری انگریزی کا تھا۔ بندوبست چھڑا ہوا تھا تعلقداریان قائم ہو رہی تھین منشی صاحب کو ادھر تو مہاراجہ مان سنگہ سرگروہ تعلقداران اودھ نے نظر مین تول لیا۔ مرد ہوشیار مدبر و کارگذار سمجھ کے تعلقداران اودھ کا مشیر قانونی بنایا۔ اور اہم معاملات بندوبست کا منحصر علیہ قرار دیا۔ اُدھر حکام جلیل القدر نے اعتبار و اطمینان ظاہر کر کے مہمات سلطنت مین اپنا راز دار و صلاح کار گردانا۔ اُسی زمانہ مین منشی صاحب کو جولانی طبع دکھانے کے لئے بہت وسیع میدان ملا۔ دانشمندی لیاقت سے

دونون کی نگاہون مین سرخروئی حاصل کی۔ اوراسی کی ساتھ طلاقت لسانی وسحر بیانی نے پیشۂ وکالت کو خوب چمکایا۔ ہزارون لاکھون روپیہ کما ڈالا طبیعت مین خلقی فیاضی۔ وکشادہ دلی تھی۔ جو کچھ کمایا اعزّا واقارب۔ غریبون مسکینون اور محتاجون کی حاجت برآری مین صرف کیا اب تک سخاوت اور فیاضی کی ہزارہا داستانین زبان زد خاص وعام ہین۔ لوگ اُنکی خوش اخلاقی اور مہمان نوازی کے معرف ہین منشی صاحب کے خوان کرم سے ہر یگانہ وبیگانہ فیضیاب ہوتا تھا۔ دوست ودشمن کی تفریق نہ تھی۔ برابر یہ ہوتا تھا کہ فریق مخالف انھین کے دسترخوان پر کھانا کھاتے۔

بیس بائیس سال وکالت کے بعد بھوپال کی وزارت پر طلب کیے گئے۔ نواب شاہجہان بیگم نے تدبر ودانشمندی کا شہرہ سُنکے جناب مولانا فضل الرحمٰن صاحب گنج مُرادآبادی کے توسط سے انھین منصب جلیلہ وزارت کے قبول کرنے پر مجبور کیا۔ اور خود گورنمنٹ سے تحریک کی۔ منشی صاحب حسب الحکم حضرت مولانا صاحب تشریف لے گئے۔ وہان بہت سے رفاہ کے کام کیے۔ مرتے دم تک وہین رہے۔

تعلیم کے بڑے حامی تھے قصبہ کاکوری مین ایک مدرسہ مڈل تک تعلیم کا اپنے صرف سے جاری کیا۔ اُسکے استحکام کے لیے قصبہ بجنور کی آراضی خرید کرکے وقف کردی۔ اور ایک مدرسہ حفظ قرآن کا علحدہ قائم کیا جو مابین مزار ومسجد حضرت ملا عبد الکریم صاحب واقع ہے۔ حافظ نوکر ہین اور لڑکون کو تعلیم دیتے ہین۔ تکیہ شریفہ پر بہت بڑی عمارت بارہ دری تعمیر کرائی جو اب تک موجود ہے۔

اگرچہ سرسید احمد خان مرحوم بانی مدرسۃ العلوم علیگڈھ سے عقائد مذہبی مین اختلاف رکھتے تھے لیکن جب اُنھون نے ۱۸۹۰ء مین لکھنؤ مین ایجوکیشنل کانفرنس کا اجلاس کرنا چاہا اور یہان کے باشندون کے سرد مہری اور بے التفاتی دیکھی تو ان سے رجوع کیا انھون نے نہایت فراخ حوصلگی سے تمام اخراجات کثیر مہمانداری وغیرہ اپنی جیب خاص سے ادا کیے۔ جلسہ نہایت

کامیابی کے ساتھ ختم ہوا مدرسۃ العلوم علیگڈھ کو انکی ذات سے بہت نفع پہونچا۔ وہان کے ایک ٹرسٹی یہ بھی تھے۔

بھوپال کی مسلسل محنت دماغی اور آب وہوا کی ناموافقت نے آخر کار مرض استسقا مین مبتلا کردیا۔ چونکہ ریاست کے بعض اہم امور تصفیہ طلب تھے۔ اسلئے اُسی زمانہ مین بظاہر تبدیل آب وہوا کے خیال سے اور دراصل اپنے فرائض منصبی کی انجام دہی کی غرض سے اندور کا سفر کیا۔ وہان مرض مین شدت ہوگئی۔ وہان سے بھوپال واپس آکر حالت نازک ہوگئی۔ بالآخر بتاریخ ۱۰ ماہ جمادی الآخر روز دوشنبہ ۱۳۱۴ھ مطابق ۱۶ نومبر ۱۸۹۶ء بوقت مغرب انتقال کیا اور وہین بھوپال مین دفن ہوئے۔

قطعہ تاریخ وفات از مولوی محمد علی شہری

فخر کاکوری وزیب لکھنؤ بود امتیاز — خُلق او خُلق محمد دست او دست کریم

حضرت شاہجہان بیگم جنان قدرش فزود — کشور بھوپال را فرمود دستور فخیم

لُطف او دایم بکار خلق بودے رہنما — فکر او می بود در کار جہان فکر حکیم

شہری آورد تاریخ از برائے مرقدش — از کلام حضرت رحمان لکم اجر عظیم

انکے لائق اور ممدوح الصفات خلف منشی محمد احتشام علی جو ماہ محرم ۱۲۸۲ھ مین پیدا ہوئے نہایت صالح اور اپنے والد کے قدم بقدم ہین بلکہ حلم وتحمل مین اُن سے بھی بڑھے ہوے ہین علاوہ علوم رسمیہ انگریزی مین انٹرنس پاس ہین۔ اور بہت محتاط اور خوش خلق عفیف اور مہمان نواز ہین۔ انھون نے ایک مدرسہ حفظ قرآن کا عمارت جھنجھری روضہ کاکوری مین علحدہ قائم کیا جو تا حال جاری ہے۔

امجد علی بلیغ

مولوی امجد علی متخلص بہ بلیغ۔ ابن حافظ احمد علی (نبیسہ حضرت شاہ محمد کاظم قلندر) ابن شیخ

غالب علی ابن شیخ غلام صفی - ابن شیخ محمد نواز - ابن حافظ خلیل الرحمن شہید علوی مخدوم زادہ -

ولادت انکی ماہ شوال ۱۲۴۲ھ مین ہوئی یہ فاضل ربیع عالم ادیب یکتا عصر فرید دہر صاحب تحقیق و تدقیق تھے - اکثر علوم مین مہارت تامہ حاصل تھی - حافظہ ایسا قوی تھا کہ جزو کے جزو کتابون کے زبانی یاد تھے - انھون نے تعلیم و تربیت تمام و کمال حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ سے پائی - اور بہت محبوب مقبول شاگردون مین تھے - سیر و مطالعہ کتب برابر رکھتے - خط بھی نہایت پاکیزہ تھا - شعر و شاعری کی طرف فطری میلان تھا - شاعری مین تلمذ اگرچہ مولوی ہادی علی اشک لکھنوی سے رکھتے لیکن خود فخر اشک تھے - صنائع و بدائع کی طرف زائد توجہ تھی -

مولوی ذوالفقار علی حامد اپنے نسب نامہ مین لکھتے ہین -

"مولوی امجد علی باخلاق ظاہری و باطنی مملو صاحب مروت و سنجیدہ و فہمیدہ مخیر نیک نہاد خجستہ اطوار عقیل و فہیم واقف علوم معقول و منقول دیندار حمیدہ کردار صاحب تمکین و وقار انہ الحق از اولاد شیخ محمد نواز تا ایندم احدے باین لیاقت و شعور سر بر نیاوردہ"-

انکا ذخیرہ نظم و نثر اب تک موجود ہے - بلیغ تخلص کرتے تھے - اور ابتدا مین ادیب بھی تخلص تھا - نثر دن مین اور اکثر نظم تاریخون مین یہی تخلص ہے - تاریخین نظم اکثر ہین جو اس کتاب مین جابجا موجود ہین - غزلین وغیرہ دیکھنے مین نہین آئین - فارسی انشا کا اعلےٰ نمونہ انکے وہ خطوط ہین - جو مولوی محمد محسن کاکوروی کے نام مرزا بیدل کے طرز پر لکھے - اسی زمانہ مین وہ وقائع جنگ جو درمیان امیر دوست محمد خان والی کابل اور سرکار انگریزی کے ہوئے تھے بطرز وقائع نعمت خان عالی ۱۲۶۴ھ مین لکھے جو تاریخ کابل کے تاریخی نام سے موسوم ہے - علاوہ اسکے ایک کشکول بطرز کشکول شیخ بہاء الدین آملی ہے - اور یہ ذخیرہ کے نام سے موسوم ہے - یہ دونون کتابین غیر مطبوعہ ہین نیز انکی ایک تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ انھون نے ایک کتاب اختراع نامہ سلطانی بھی ۱۲۶۶ھ مین لکھی تھی اور لکھنؤ مین اسی کتاب کے لکھنے کیلئے سید آغا علی صاحب کے مکان پر مقیم رہتے تھے انکی شاعری کا نمونہ جن مین جا بجا اشعار بھی ہین - ناظرین کی ضیافت طبع کیلئے درج ذیل ہے

نامہ بنام مولوی محمد محسن صاحب وکیل مین پوری - رباعی لراقمہ

ای کلک تو و عصائے موسی توام — تقریر تو با بیان عیسی ہمدم
ذہنت خضر مسالک نکتہ وری — طبع تو در اختراع مضمون مریم

ثمرہ حق سرائے قلم از نغمہ طرازی وصف گلزار تازہ بہاری طاؤس بہاراست و بلبل
خوش نوائے زبان بزمزمہ پردازی مدح نامہ رنگین نگاری طوطی منقار کہ طائر خیال بہواداری
مضامین بلندش لامکان طیران است۔ وتند رو ادراک بتصور نکات نایابش سیمرغ نشان۔ نسیمکہ
در وصف عبارت آبدارش از خامہ میریزد مشکلینہ گیسوے مہوشان راگوہرست۔ وحرفیکہ در ثنائے
کلام عذوبت بارش از زبان میخیزد۔ برلوزینہ لعل شکرین لبان حلاوت گستر۔ پیش طاق و ترتیب رنگینی
صفحہ عنبر بیزش زعفران زار کشمیر در نظر ہا خار خار۔ و بہ پرتو طمطراق شگفتگی عنوان رنگینش دامن دشت
پرخار قصہ گلزار حسن جبینی کلمات شوخ تراز حبشی پری۔ و اداسنجی فقرات گرم گرم تراز ادائے
دلبری۔ روشن سوادی نقاط پرکار شمع افروز انجمن ثریا۔ ولطافت بنیادی دوائر پر نور رونق بخشی
بازار خورشید مہیا بہ مجم کشائے سلسلہ سطور ہزار نازنینان حروف دستگیر۔ واز افسون ادائے سحر تحریر
صدہا پاک نژادان معانی اسیر۔ اشارات نکتہ ہائے دیجو آئینہ دار کرشمہ ابروے حور۔ فروغ مضامین
نور آگین سراغ نمائے جلوۂ عالم نور۔ موج خیزی طراوت الفاظ آبدار طوفان سامان۔ ورنگ جوشی
نضارت مضامین رنگین بہار بہجران ۔ لراقمہ

این معجزہ الیست یا طلسم جادو — یا دفتر سامری فکر نیکو
باغ ارم است یا بہار فردوس — یا صفحۂ نظم و نثر رنگین دلجو

وچرا نباشد کہ تراوش یافتہ کلک افسون طراز محسن سخن پردازے است کہ قدرت سخن
آفرین برسخن قدرت آفرینش محو آفرین است۔ ولطافت کلام دلنشین بر طبع لطافت گزینش
ترزبان مدح و تحسین۔ دبیر فلک کمربندہ جوزا برمیان از خرمن افادتش سنبلہ چین۔ وسلطان سپہر
پیش ردائے روشنش از خطوط شعاع خط غلامی بر جبین۔ نیرنگبازی نیرنجی قلمش از گل تصویر طراوت

فروش۔ وبشنیدہ انگیزی مشعبد فکرش از شاخ بید بہار ارم در جوش۔ وما نیدن سبزہ بر صفحہ حباب نمونہ سحر سازیش۔ ونشانیدن نقش بالاے آب شمہ اعجاز طرازیش۔ ذہن وقت پسندش از لب جام افسانہ نشاء سخن شنیدہ۔ وفکر رساے ارجمندش از زبان موج داستان معانی آبدار فہمیدہ

لراقمہ

گلگونہ طراز چہرۂ علم و ذکا — فرمان فرماے کشور مہر و وفا

بحر احسان و چشمۂ خلق حسن — اعنی محسن شفیق با صدق و صفا

لبسکہ خامہ سرگردان را باندازبیان اوصافش جبہہ بر لوح کاغذ گذاشتن در حقیقت بقصور نارسائی مدحت سر بگریبان ندامت فرود آوردن است۔ وتنا ور فکر رسا را بجستجوے گوہر تعریفش در لجۂ تامل فرورفتن گویا از نایافت دُرِ مقصود بغرقاب خجالت غوطہ خوردن۔ ناچار اختصار سخن مناسب افتاد و تحریر مضامین دیگر واجب توقف در تسوید پاسخ گرامی نامہ خلاف دستور ازان رو نمود کہ آن حرز جان محبت ہنگام تردد تہیہ سفر وطن در اٹاوہ نزول یافتہ بود کیفیت رسیدنش ازین دو بیتے روشن است۔ وتاریخ آن از مصرعۂ اخیر بطرز تعمیہ مبرہن

اے محسن من شفیق اکرم — مخدوم عطوفت مجسم

وقتیکہ رسید خط سامی — در شہر اٹاوہ بود راقم

سنہ ۱۲۶۵ھ

واز انجا کہ خاطر آشفتہ من بسبب ناکامی از قیام اٹاوہ برخاستہ بود۔ وکشش آب ودانہ وطن بجان ودل معاونتش نمود۔ روز دوم از رسیدن تلطف نامہ جادۂ عزیمت این طرف راحدی گفتم وہم عنانی صد مشقت بعد شش روز بکلبۂ احزان پیوستم۔ این قطعہ ترجمان ہمان حال است۔ ومصراع ثانیین بطریق تعمیہ بیان سال قطعہ

در اٹاوہ خاطرم شد منتشر — کوتہی بامن چو آب ودانہ کرد

لاجرم بر طبق ایماے سروش — دل پریشان بود میل خانہ کرد

۱۲۶۵ھ

اینجاکہ آمدہ بہجوم تردد چون خواب از تعبیر کثرت پریشان گردیدم۔ و بوفور تشویش و نگرانی از پیکر تصویر حیران تر انقسام باطن مجموعۂ حواس راچون اوراق پریشان درہم و برہم کرد۔ و انتشار خاطر در اجتماع باطن فتور نمایان آورد۔ تنازع زمین کہ ذرہ آن غبارہا برانگیختہ بعد شورش طرفین ثبالثی کشیدہ بود۔ دل متردد راچون اسم تنازع فیہ بیخود افتست۔ و خمیازۂ بالثی بیجا کہ قطرۂ فتنہ اتش طرح طوفانے ریختہ بود مع ترددات دیگر ہر دم نمکش تازہ بالائے ریش میگذاشت تفصیل این مجمل از رمضان گوش نمودن منت بر جان ناتوان نہادن است۔ و بدریافت عذر معقول قصور توقف تحریر عفو فرمودن داد محبت دادن۔ آمدم بر سخن دیگر کہ بلیغ بیدل جان باختہ نازنینان معانی بلنداست۔ امید کہ بہر جہ زود تر از مطالعہ دو عنصر لقبیہ مرزا بیدل جان تازہ تقالب یابد۔ و مزاج از خود رفتہ من شیفتہ لعبتان مضامین ارجمند است۔ ترصد کہ در اسرع اوقات آن دو تمیمۂ روح و روان باعث اعتدال چار عنصرم گردد۔ و آنکہ کیفیت سقم نسخہ منقول عنہا حوالہ بقلم فرمودہ اند در صحت آن چہ سخن است۔ زیراکہ نابلدی کودن طبیعتان از طرز مرزا بیدل نیکو معلوم است پس مسخ ناسخان لقصور نافہمی مضمونے مفہوم خواہد بود۔ آئے ہیچنا کہ ذہن بلید در نادانی معذور الست رائے سقیم ہم در غلط فہمی مجبور۔ چون سلسلۂ سخن بدرازی کشید۔ لاجرم ختم داستان دانش واجب گردید۔ الٰہی ہمیشہ گوہر مقصود در کنار۔ و کشتی عیش از امواج حوادث برکنار۔ و دوستان را شاہد مراد در آغوش و دشمنان را رسوائے ناکامی بردوش باد و السلام فقط۔

انکے کمالات علمی و عملی اور قابلیت و لیاقت بہت بڑھی ہوئی تھی۔ علماء باللہ مین جو شانین ہونا چاہئیین وہ سب موجود تھین۔ نہایت متورع اور متقی صوفی منش بزرگ تھے۔ حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ کے مخلص مرید تھے۔

باطنی تعلیم بھی اُنھون نے اپنے اُستاد سے پائی تھی۔ مناظرہ و بحث کا بھی شوق تھا اور نہایت ہی خوش تقریر تھے۔ اولاً اپنی ذہانت اور طباعی سے وکالت کا امتحان پاس کیا۔ پھر منصف مقرر ہوے۔ بعد اُسکے عہدۂ ڈپٹی کلکٹری پر مامور ہوے۔ اور اسی عہدہ سے پنشن لیکر ۳۵ یا ۳۶ سال تک وطن مین رہے مخیر بھی بہت بڑے تھے۔ علاوہ اعزہ و اقربا کے کہ جنکا ماہوار مقرر تھا۔ تنخواہ کا زائد حصہ

امور خیر مین صرف ہوتا ۔ واردین صادرین وغیرہ کے ساتھ بھی خفیہ بہت مسلوک ہوتے تھے ۔ اپنی ذات پر بہت کم خرچ کرتے ۔ رات دن بجز مذاکرہ علمیہ یا کتب بینی و اشغال باطنی اور کوئی شغل نہ تھا بہت بڑے محقق اور مدقق تھے ۔ اس جامعیت کا شخص دیکھنے مین نہین آیا ۔

وفات انکی بتاریخ ۸ ماہ ربیع الآخر روز یکشنبہ ۱۳۴۴ھ بعمر ۹۲ سال ہوئی اور خاندانی قبرستان واقع تکیہ شریفیہ کاظمیہ مین دفن ہوئے ۔ انکے مزار پر ورع و تقوے کے انوار و برکات نمایان ہین ۔ قطعہ تاریخ انتقال از منشی ارتضے علی ثمر مرحوم علوی کاکوروی سے

مولوی امجد علی شد زین جہان بے ثبات مرگ او ہوشم زسر تاب و توان از دل ربود
از سر افسوس گفتم اے ثمر تاریخ فوت مولوی امجد علی عالم مخیر نیک بود

۱۳۴۴ھ

امیرحسن

منشی امیرحسن صدیقی ۔ ابن شیخ عبدالواحد ۔ ابن شیخ عبدالاحد ۔ ابن شیخ ہدایت نبی ۔ ابن شیخ کرامت اللہ ۔ ابن شیخ بدیع الزمان ۔ ابن شیخ عنایت اللہ ۔ ابن شیخ مینا ۔ ابن شیخ محمد مکرم ۔ ابن شیخ عبدالواحد ۔ ابن مخدوم شیخ قیام الدین رح ۔

ولادت انکی ۱۸۶۸ء مین ہوئی ۔ فارسی و انگریزی مختلف اساتذہ سے الہ آباد مین پڑھی انگریزی مین بے اے فیل ہین ۔ فارسی مین کافی لیاقت رکھتے ۔ عربی بھی بقدر ضرورت جانتے ہین تیس سال انگریزی ملازمت کی ۔ کلرکی سے ڈپٹی کلکٹری تک ترقی کرکے پنشن پائی ۔ ابتدأ اودھ اخبار کے اچھے مضمون نگار تھے ۔ ترجمۂ تاریخ ریاست چھتکاری ۔ و طبقات تاریخ اسلامی اندلس ۔ وکتاب الصرف عربی ۔ و ناول شب بند بلکھنڈ ۔ عمدہ مصنفات سے ہین ۔ رینالڈس کے تین ناولون کا انگریزی سے اردو مین ترجمہ بھی کیا بہ تسمیہ (۱) الہ دین و لیلے (۲) ویگز و نیسڈا ۔ (۳) لارنس ورتھ ۔ یہ تینون ناول مطبع منشی نولکشور لکھنؤ مین چھپے ہین ۔ ان مین سے ایک ترجمہ پر انعام بھی ملا ۔ علم انساب مین بہت اچھا دخل ہے ۔ کتب بینی کے بہت شایق ہین ۔ اور اس قصبہ کے

موجودہ لوگون مین اچھی لیاقت و قابلیت رکھتے ہین ۔ زمانۂ ملازمت مین درگاہ شریف حضرت سید سالار مسعود غازیؒ واقع بہرائچ (اودھ) کے منتظم تھے ۔ درگاہ کو اپنے حسن انتظام سے بہت رونق دی عمارت شکستہ کی مرمت کرائی ۔ جدید عمارتین تعمیر کرائین ۔ بہر کیف انتظامی درگاہ مین خوش اسلوبی پیدا کی جسکی وجہ سے اہل بہرائچ اب تک انکو یاد کرتے ہین ۔ فی الحال یہین وطن مین مقیم ہین ۔ ابقاہ اللہ تعالیٰ

امیر حسن خان بسمل

نواب امیر امیر حسن خان بہادر متخلص بہ بسمل ۔ ایف ۔ اے ایس ۔ بی ۔ ابن نواب امیر عاشق علی خان بہادر سفیر شاہ اودھ ۔ ابن شیخ طفیل علی خو جد از علوی مخدوم زادہ ۔ یہ عربی و فارسی مین کامل استعداد رکھتے تھے ۔ اور قادر الکلام شاعر تھے ۔ شاعری اور نثاری دونون مین سر آمد سخن سنجان روزگار سمجھے جاتے تھے ۔ شیخ غلام مینا ساحر کاکوروی کے ارشد تلامذہ مین سے تھے ۔ مرزا نوشہ غالب مرحوم کے معاصر تھے ایک بار اُن سے چشمک بھی ہوگئی تھی ۔ جسکا واقعہ یہ ہے کہ انھون نے شاعرانہ تعلّی مین شعر کہا تھا

جملہ زاغ اند شاعران جہان　　　لیک یک طوطی شکر خا من

کسی نے غالب کو یہ شعر سُنا دیا ۔ اُنھون نے جواب دیا ؎

لاجرم می سزد کہ نکتہ وران　　　نام بسمل نہند ہیرا من ،

دل کو ناگوار گذرا ۔ شکر رنجی ہوگئی چونکہ غالب بڑے ادا شناس تھے بمنت و سماجت کے صفائی کرلی ۔ چنانچہ کلیات نثر غالب مطبوعہ مین دو رقعہ انکے نام اور ایک رقعہ منظفر حسین خان کے نام اسکے شاہد حال ہین منظفر حسین خان سے سفارش بھی کرائی ہے لکھتے ہین کہ ؎

"بارے چون بہ کلکتہ رسیدہ اند ۔ چون خوش باشد کہ دلنوازی و کارسازی را اساسے استوار نہندو لاابالی خرام عرصۂ سخنوری ۔ یوسف کنعان معنی گستری شیوا زبان روشن دل مکرمی امیر حسن خان بسمل را بامن آشتی دہند ۔ زنگار آئینہ گران نشین نیست کہ بکف برددون توان سود و خوشدلی درمیان ہم روے نتواند نمود ۔ یزدان داند کہ آن گفتار کہ ازان سو بیہودہ لافی وازین سو در تلافی آمدہ پسندیدہ ام مہر

بنا می من بامنشی عاشق علیخان مغفور آن میخواہد کہ تا امیر حسن خان را از جان دوست تر دارم خود را از حق گذاران

نشمارم ہست

بدان معاملہ او بے دماغ ومن بیدل — خوشا کہ معذرتے صرف بر ستم گردد"

اسی کے ساتھ جو خط امیر حسن خان کو لکھا ہے اُسکو اس شعر سے شروع کیا ہے ؎

" داغم ز سوز غم کہ تحمل ندارم ز خلق — بوسے کہ تن ز سوختن استخوان دہد "

انھون نے جو خط جواب مین لکھا ہے اُسکے عنوان پر یہ شعر لکھا ؎

اے شمع شرح داغ میپرس اندلم خموش — سوزد کسے کہ گوش بدین داستان دہد

پھر غالب نے یہ رباعی لکھکر بھیجی ؎

"گر پرورش مہر نہ ز آن دل بودے — در دہر شیوع مہر مشکل بودے

در صدق ز جملہ رسائل بودے — بسم اللہ آن رسالہ بسمل بودے"

نواب نور الحسن خان نورؔ تذکرۂ نگارستان سخن مین لکھتے ہین۔

" بسمل امیر حسن خان از رؤسا کاکوری متصل لکھنؤ ست۔ و دلہا سے سخن شناسان بسمل تیغ

مصالیح اوست"

نواب علی حسن خان سلیمؔ تذکرۂ صبح گلشن مین لکھتے ہین۔

" منشی امیر حسن خان مرحوم ابن منشی عاشق علیخان مغفور کاکوروی کہ از ممتازان عہد نصیر الدین حیدر بادشاہ

اودھ است وجامع صفات لاتحصیٰ وذاتعدد شاگرد رشید غلام علیا ساحر کاکوروی است و دستگاہش

در نثر و نظم فارسی قوی"

انکے تصنیفات سے ایک نسخہ پنج گلبن ہے۔ جو غالب کے پنج آہنگ کا جواب ہے۔ یہ ۱۲۶۰ھ مین تصنیف ہوئی بہت عمدہ کتاب ہے۔ ایک رسالہ مختصر اور موسومہ بہ میزان المعانی فن عروض مین ہے۔ اسکے علاوہ ایک فارسی دیوان مکمل ہے۔ چند اشعار و غزل معہ قصیدہ بے نقط ناظرین کی ضیافت طبع کے لئے درج ذیل ہین ؎

آن قدر از دل صد پاره نماند ست بجا ‏ ‏ که به احباب توان رقعهٔ انشا کردن

بستم داده دستے داده در دست عدو دستے ‏ ‏ بچاک سینه با آورده دستے در زده دستے

به پشیت آن من دامن گرفتن آرزو دارم ‏ ‏ دلے در ناتوانیها کجا پاے و کو دستے

ز چاک دل کشاید بخیه دیگر نمی دوزد ‏ ‏ مگر آن سوزن مژگان ندارد در خور دستے

بجام آمد ز لطف رقصان شراب آهسته آهسته ‏ ‏ عروس پردگی شد بے‌حجاب آهسته آهسته

ساقی آنجا که نشست من و تست ‏ ‏ مے دمیکش همه مست من و تست

تو ز مے مست و من از چشم تو مست ‏ ‏ مست جامے که بدست من و تست

چشم غماز به تسخیر بیمار ‏ ‏ که درین فتح و شکست من و تست

آن چشم نیم باز که باز است و باز نیست ‏ ‏ در خواب ناز جلوهٔ ناز است و ناز نیست

ز عشقا پیشتر یک گام مارفت ‏ ‏ که نام او نه رفت و نام مارفت

آہے ز دلم برق شد و بر سما رسید ‏ ‏ این دود دل نگر ز کجا تا کجا رسید

از وعده هاے بوسه که دادی بلب مرا ‏ ‏ جان حزین چو ناله رسید و بجا رسید

هر غنچه خنده زن بسر شاخ رقص کرد ‏ ‏ از کوے او چو دست فشار آن صبا رسید

همدم به نسبت جام دمی هوش ربا هم ‏ ‏ ما مست ادائے تو لبے بر لب ما هم

سرتا قدمم از سوز دل اے کعبهٔ مقصود ‏ ‏ من همچو سپندم به پیش قبله نما هم

همراه رقیب آمده بر خاک من از ناز ‏ ‏ خون کرد دل چاک مرا کام روا هم

خوش کرد بیان لذت وصل کشش یار ‏ ‏ پروانه بجا موشی و بلبل به نوا هم

هر ذره برقص است اگر در ره خورشید ‏ ‏ آواره بکویت من و سرگشته صبا هم

گل خار به پیراهن جان ریخت ازو هیت ‏ ‏ وز چاک گریبان تو چاکے به قبا هم

طبع شعرا از رستم دست خشان شد ‏ ‏ در پنجه بسمل قلم غالیه سا هم

یادش دل من همیشه دارد ‏ ‏ این شیشه پری بشیشه دارد

فرہاد بفرق و بندہ بر دل | در عشق دو کس دو تیشہ دارد
بے برگ در برے بہار دانند | نخلم بہ خزان چہ ریشہ دارد
شیرین سخن است طرفہ بسمل | آتش از نے بہ بیشہ دارد

قصیدۂ بے نقطہ در مدح حضرت ظل سبحانی خلیفۃ الرحمانی سراج الدین ابو ظفر بہادر شاہ غازی خلد اللہ ملکہ کہ بہ پیشگاہ بارگاہ والا فرستادہ شد و مقبول نظر ہمایون افتاد۔

للہ الحمد کہ سر کردۂ حکام آمد | مالکِ ملک کرم داور اسلام آمد
سرور عادل و اکرم کہ درِ او در دہر | مطلع مہر عطا و مہ اکرام آمد
ہمہ عدل و ہمہ اعطا ہمہ مہر و ہمہ رحم | کہ ہوا دار او حاصل ہر کام آمد
کردہ حل کام و مراحم کو را | در درس کام دہ داد گرا علام آمد
کرد معدوم اساس رہ و رسم دل گاہ | کہ الم را دل او مصدر اعدام آمد
مہر او کرد عطا عام دُر و لعل و درم | کرمہ آسا ہمہ را کام روا عام آمد
کرد در مہد دعا ہر سحر او را مولود | کہ دعا ہمرہ ہر روح در ارحام آمد
اہل عالم ہمہ را رحم دل مکرم او | محو در کار کرم آمد و آرام آمد
صوہ آسا دل ہر اہل دل آرد در دام | بد ہد کار عطا را دل او دام آمد
رمح او آمدہ دار سر ہر دل گرہ | گاہ در معرکہ گرد سر اعدام آمد
دار عمر ہمہ اہل حسد و اعدا را | سم مار سر سہم آلہ اہدام آمد
اسم او در دل ہر کس کہ در آمد در دم | درد را کرد دوا مرہم آلام آمد
عالم سر دل او را دل کامل داوہ | کہ سر اہل کمال آمد و علام آمد
ماہر علم و عمل آمد و علامۂ عصر | حامل و مورد صد سر و صد الہام آمد
دل ہر کس کہ رود گرہ او کرد وداع | سودۂ درد و الم و آمد سر سام آمد
عادل داد دہ ہر کہ و مہ در عالم | کہ دم عدل اگر مصدر احکام آمد

مروحہ کردم گرگ سر آہو را | گاو را ہمدم وصل اسد آرام آمد
روح دم ہردم او اہل دلا را ہردم | ہر کلام اہل حسد را دم صمصام آمد
صدہراس آمدہ در دل کہ دل اعدا را | ہمہ دم وسوسۂ مرگ در او ہا م آمد
کرم اُو کہ دم مدح مداد آوردہ | کلک را داوہ عسل کام دہ کام آمد
در سر آوردہ کہ در مدح رود راہ کمال | مدعا حاصل کلکم سر ہر کام آمد
رود لا ور سر در گاہ عطا کار کہ اولا | حرم در گہ او را دم احرام آمد
کو دعاہا کہ الٰہا ہمہ دم آوردہ | سوز دل گو ہمہ اعطا ہمہ اکرام آمد
کام دہ کام روا دار کہ در راہ کرم | در اُو صعود دل را ہمہ گلدام آمد

قطعہ در مدح نواب معین الدولہ عنایت علیخان بہادر در بحر مرتب مکفوف

مفاعیل مفاعیل فاعلاتن

ہوا دار سد د گار اہل عالم | عطا کار روا دار کام ہر دل
کرم محو الم گاہ اہل دلہا | ملک علم ملک حکم مرد عادل
عدو مال دل آرام اہل حال | اسد کار لوا دار ماہ کامل
دم مدح رہ ورسم مہر اعطا | دہد کام مرا کام کلک راحل
رود راہ وصد راح سو دل را | دہد روح دہد روح داد کامل

بیعت ان کو حضرت شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ سے تھی۔ اور بہت مقبول مریدین سے تھے چنانچہ اسکی کیفیت اُس مکتوب سے جو مفاوضات مین طبع ہوچکا ہے۔ ظاہر ہے۔ اُنھون نے بتاریخ ۲۰ ماہ رمضان ۱۲۶۳ھ مطابق ۸ ستمبر ۱۸۴۷ء وفات پائی۔ اور کلکتہ مین سیالدہ اسٹیشن کے قریب دفن ہوے

امین الدین

حضرت مولانا حاجی امین الدین محدث خلف اوسط حضرت ملا حمید الدین محدث۔ اُنکی ولادت

۱۳ ربیع الآخر ۱۱۶۴ھ مین ہوئی۔ انھون نے کتب درسیہ اپنے والد ماجد۔ و برادر معظم قاضی القضاۃ نجم الدین علی خان بہادر۔ و ملا عبد العلی محمد بحر العلوم فرنگی محلی۔ و مولانا حضرت علی شاگرد ملا بحر العلوم۔ و مولوی امام بخش تلمیذ ملا بحر العلوم۔ و ملا محمد اعلم سندیلی۔ و مولوی حیدر علی سندیلی سے پڑھین۔ اور فراغت و فضیلت تامہ حاصل کی۔ جامع علوم شریعت و طریقت و عالم معقول و منقول تھے۔

منشی فیض بخش صاحب اپنے نسب نامہ موسومہ بہ چشمہ فیض مین لکھتے ہین:

"از ابتدائے سنین بلوغ در ریاضت شاقہ اشتغال دارد۔ ہمیشہ حرفت است مبگفت مطلق خلاف وکذب مرادر کلام دخل نبیداد۔ بعد مطالعہ کتب درسی فراغت از سبق سیر روضۃ العلماء کہ کتابیست مشتمل اخبار و احوال علماء اخیار و بزرگان سلف میکرد و تنہا میگریست۔ تا چند کس تلاش میکردم بتشبیر گریان بی تا فتم بر سبیل استہزا می رسیدم کہ سبب گریہ چیست میفرمود کہ برائے عبادت مخلوق شدیم و از من کسے مومنی آید اے کاش مخلوق نمیشدیم"

تائید غیبی ایسی شامل حال ہوئی۔ کہ بلا زاد و راحلہ سندیلہ سے متوکلاً علی اللہ عازم حج ہو گئے۔ پیادہ پا دو مہینہ پانچ دن مین سورت پہونچے۔ اور مولوی ولی اللہ محدث کے مکان پر ٹھہرے۔ وہین قریب مسجد چوکھی مین حضرت شاہ ابو سعید خلیفہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی سے نیز اُنکے صاحبزادے سید ابو اللیث سے ملاقات کی۔ وہان کے اکثر تاجر صاحب فراغت و ثروت نے بلا انکی تحریک کے سفر حج کا سامان کر دیا۔ یہ شاہ صاحب کے ہمراہ حرمین شریفین گئے۔ پانچ مہینہ مین بسواری جہاز جدہ پہونچے۔ پھر ۲۹ روز کے عرصہ مین بندر مخا مین جو مین کے قریب ہے پہونچکر کچھ دن اقامت پذیر ہوئے۔ اواخر ماہ ربیع الاول ۱۱۸۷ھ مین مکہ معظمہ پہونچے۔ اور وہین حضرت شاہ ابو سعید صاحب کے دست حق پرست پر حطیم مین میزاب رحمت کے نیچے سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ مین بیعت کی۔ اذکار اور اشغال کی تعلیم پائی اور اجازت و خلافت حاصل کی۔ وہان سے پھر مدینہ طیبہ تشریف لیگئے اور چھ مہینہ رہکر کتب حدیث مولوی ابو الحسن سندھی ثم المدنی۔ و شیخ محمد حریری سے پڑھکر سند حاصل کی۔ حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر علم حدیث مین انھین کے شاگرد

تھے۔ بعد تعلیم اُنھون نے اپنا دستخطی اجازۃ نامہ ان کو عطا فرمایا۔ حاجی صاحب پھر مدینہ طیبہ سے
مکہ معظمہ تشریف لائے۔ اور فریضہ حج ادا کیا۔ اور یہین حضرت محمد بن داؤد انصاری سے اجازت
کتاب جزری بسماعت اپنے پیر و مرشد کے لی۔ ان کی مفصل کیفیت سفر و حالات و واقعات خود
اُنھون نے بصورت کتاب عربی مین تحریر فرمائے جو رسالۃ السفر حج کے نام سے موسوم ہے۔
انکے شبانہ روزی اوقات کا زاید حصہ اذکار و اشغال مین مقام محراب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
پر گذرتا۔ ایک روز حالت مشغولی مین یہ آواز سنائی دی شف بعینیک ہذا النور۔ اُنھون نے
حجرۂ شریفہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دیکھا۔ تو حجرہ کا دروازہ نورانی نظر آیا۔ یہ واقعہ اپنے
پیر و مرشد سے جب عرض کیا تو ارشاد ہوا "معرفت الٰہیہ یقینی حاصل ہوگی یہان رہو خواہ
وطن جاؤ"۔ انکا دل وہین رہنے کو چاہتا تھا۔ خود اُنھون نے مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم مین
استخارہ کیا خواب مین دیکھا کہ مین مدراس گیا ہون۔ اور نواب محمد علیخان سے ملا۔ اُنھون نے
مدنی سمجھ کر میری اور میرے مرشد حضرت شاہ ابو سعید صاحب کی دعوت کی ہے۔ اسکے بعد
یہ خواب دیکھا کہ وطن گیا اور مکان مین پہونچا والدہ کی زیارت کی۔ اُنھون نے کھانا تیار
کیا مین نے کھایا۔ اس خواب سے یہ سمجھ گئے کہ میرے لئے وطن جانا اور زیارت والدین سے
مشرف ہونا بہتر ہے۔ حضرت شاہ ابو سعید صاحب بھی وطن چلنے کیلئے مصر تھے۔ یہ اذکار
خفیہ حاصل کرنے کے لئے مستعجل تھے مراقبہ جب شروع کیا تو شاہ صاحب نے فرمایا کہ عجلت نکرو
ابھی سلطان الاذکار کی مشق کرو۔ انشاء اللہ مراقبہ ایک مجلس اور ایک ہی توجہ مین حاصل
ہو جائیگا۔ چنانچہ مراقبہ اور شہود تکمیلی دوسرے ہی سال بمقام بندر مدراس بتوجہ مرشد ایک
ہی شب اور جلسہ مین حاصل ہوگیا۔ اور اُنھون نے خود مشاہدہ کر لیا کہ ہر طرف سے نور محیط
ہے اور مین خود نور مین غرق ہون۔
ایک روز شاہ صاحب نے ان سے فرمایا کہ میرے مواجہ مین مراقب بیٹھو۔ یہ بیٹھے دیکھا کہ
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حجرہ شریفہ سے برآمد ہو رہے ہین۔ اولاً دونون کتف مبارک دکھائی

پھر روضہ اطہر اور انکے مقابل تبسم تشریف فرما ہوئے شاہ صاحب نے دریافت کیا کہ تم نے زیارت کی۔ وہین حاجی صاحب نے یہ عربی اشعار نظم کیے ؎

سبحان ربی وقد وصلت بطیبة — بعد اشتیاقی ان ازور بتربة

للاحمد المختار ارسل خاتما — للانبیاء نحو البریة کافة

قد زرت ارجوا ان اکون مشفعا — عند الغنی ذی الاقتدار ورفعة

اذ جاء فی الاخبار قال لنا اثر — من زار قبری واجب بشفاعة

لا سیما للمسجد المتبرک — الف الصلوة عن مسجد کعبة

یا لهف نفسی ان اروح بموطن — والناس فیه قایم بجماعة

القلب یبکی ان اردت فراقه — اذ کنت ارجوا من سکون مدینة

الدمع یجری والفوا دیشتکی — فالبین للاعمی اشد مصیبة

ثم الصلوة علی النبی واٰله — والصحب طرا هم نجوم هدایة

اسمی امین الدین رب کاسمه — فی الدین اجعلنی امین شریعة

من سید الحسنی فانه مرشدی — ابو سعیدی استفدت طریقة

شیخی وشیخ الکل عنه ابو الحسن — اخذ الحدیث علیه کان قرأة

وقت معاودت جسوقت یہ مدراس پہونچے۔ محمد علیخان رئیس مدراس نے بعد دریافت شرافت ونجابت وعلو مرتبت اپنی لڑکی کا نکاح انکے ساتھ کرنا چاہا۔ اور بہت سا روپیہ دینے کا وعدہ کیا۔ مگر انھون نے منظور نہین کیا۔ وہ بھی نہین لیا۔ اور وطن چلے آئے۔ اس رئیس نے وہ روپیہ حسب ارشاد حضرت شاہ ابوسعید صاحب انکے والد ماجد کی خدمت مین بھیجا۔ انھون نے اس روپیہ سے وہ مسجد بنوائی۔ جو اب تک مولوی محلہ مین بالاے قلعۂ کاکوری حاجی صاحب کی مسجد کے نام سے مشہور ہے۔ اور جسکی تاریخ تعمیر یہ ہے۔ لمسجد اسس علی التقوی من اول یوم احق ان تقوم فیه۔ اسی مسجد مین انکے والد ماجد نے جس جگہ پر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم

کی زیارت کی تھی۔ اُس جگہ پر بغرض تعظیم مقام و واقفیت عوام پتھر نصب کردیا گیا جو اتبک نصب ہے حاجی صاحب پنجوقتہ نماز اسی مسجد مین ادا کرتے تھے۔ آخر عمر مین مکان کے قریب ایک خام حجرہ تعمیر کرایا۔ اور رات و دن کے اکثر اوقات وہین گذارتے۔ اور وظائف مین مشغول رہا کرتے حدیث و تفسیر و فقہ کا درس بھی دیتے تھے۔

منشی فیض بخش صاحب اپنی مثنوی باغ و بہار مین انکی مدح مین لکھتے ہین سہ

"امین الدین کہ پور دو یمین است	چو نام نامیش دین را امین است
جوانے با سعادت نیک بختے	گلستانِ ریاضت را درختے
ز طفلی در عبادت گشت مشغول	بفیضانِ ازل گردید موصول
چو عمرش از سنین طفلگی رَست	برائے حج بیت اللہ کمر بست
بہ نیاتِ درست و عزم کامل	نمود از شوق حج و عمرہ حاصل
احادیث پیمبر کرد تصحیح	خفیات رموز علم توضیح
چو فارغ شد ز مقصد شد روانہ	بسوے خانہ ممتازِ زمانہ
پس از سطے مسافتہائے بسیار	بوطن آمد آن سر خیل ابرار
پدر را از سرِ نو زندگی داد	دل ویران ما در کرد آباد،
کنون مشغول تسبیح است و تہلیل	تفاوت یافت زو تشریف و تکمیل"

ان سے اجازت اخذ بعیت کی حضرت عارف باللہ مولانا شاہ محمد کاظم قلندر۔ و حضرت مولانا شاہ حمایت علی قلندر خلف اوسط حضرت عارف باللہ کو تھی۔ اور بعض اوراد کی اجازت حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر قدست اسرارہم کو تھی۔ حاجی صاحب اپنے وقت مین فقر و درویشی اور علم و فضل مین حضرت شبلی و بایزید بسطامی کا نمونہ تھے۔ تمام عمر یاد حق اور ریاضت شاقہ مین گذاری۔ قصبہ اور اطراف کے بہت سے لوگ انکے مُرید بھی تھے۔

وفات ۲۲ محرم الحرام ۱۲۵۳ھ مین بعمر ۸۰ سال ہوئی۔ مزار شریف مولوی محلہ مین حظیرۂ ملا محمد غوث

مین اپنے والد کے برابر واقع ہے۔ تاریخ وفات پر قفل بھی ہوتا ہے۔

قطعہ تاریخ وفات از مولوی محی الدین خان متخلص بہ ذوق کاکوروی ؂

ہیہات کہ آن معدن انوار شریعت	دامان زجہان چید سوے دار جنان رفت
سمت ۱۸۹۴ بکرمی	سنہ ۱۲۴۴ فصلی
بلبل صفت از درد چسان نالہ نسنجم	آوخ کہ شنہ عارف کامل زجہان رفت
سنہ ۱۲۵۳ ہجری	سنہ ۱۸۳۷ عیسوی

انشاء اللہ شاہ

حضرت شاہ انشاء اللہ قلندر۔ ابن شیخ کرامت اللہ۔ ابن قاضی محمد حافظ عباسی۔ یہ سن شعور سے بخشی رفعت اللہ خان کے ساتھ رہے۔ دنیا کی طرف ابتدا ہی سے توجہ نہ تھی۔ قلندرانہ روش رکھتے۔ وارستگی وبے پروائی سے رہتے۔ ایک مدت تک قرآن شریف کے یاد کرنے مین محنت کی بضعف سے زاید یاد کیا تھا کہ دل مین طلب حق پیدا ہوئی۔ سب چھوڑکر حضرت مولانا شاہ محمد کاظم قلندر رح کی خدمت مین حاضر ہوئے اور بیعت کی۔ حضرت نے آثار وانوار سعادت انکے چہرہ پر دیکھکر تعلیم وتلقین ظاہری و باطنی مین توجہ کی۔ اس توجہ کا یہ اثر ہوا کہ مجرد سماعت اور کتب بینی سے تصوف کے تمام مراحل پر عبور ہوگیا۔ جمیع اذکار وافکار واوراد واشغال ومراقبات پر واقفیت ہوگئی۔ اجازت وخلافت سلاسل سے ممتاز ہوئے۔ حضرت صاحب نے لباس بھی ان کو پہنایا۔ انکی نسبت فرمایا کرتے تھے کہ اعتکاف مین جو کیفیات مجھ پر گذرتے ہین انکا عکس ان پر بھی پڑتا ہے۔ ایک مرتبہ ایک جلسہ مین تین مرتبہ اُنھون نے دیکھا کہ مین نے اپنا سر جسم سے جدا کیا۔ پھر ملا بھی لیا۔ اسی طرح اور بہت سے واقعات ہین جو اصول المقصود ونفحات العنبریہ مین مندرج ہین۔ یہ اپنے پیرومرشد کی خدمت مین اورون سے بہت زائد مقبول وعزیز تھے نیز حضرت

شاہ تراب علی قلندر کے بھی مقبول اور محرم راز تھے۔ اور کاقلندر یہ اپنے ہم عصرون مین سب سے بہتر جانتے تھے۔ چنانچہ حضرت شاہ تراب علی قلندر نے اپنے صاحبزادون یعنے حضرت مولانا شاہ حیدر علی قلندر و حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہما کو اذکار و اشغال کی تعلیم انھین سے دلوائی۔ سلسلہ ارشاد و اخذ بیعت حسب الحکم حضرت پیر و مرشد اسی زمانہ مین شروع کر دیا۔ بعد وصال اپنے حضرت پیر و مرشد کے انکے بڑے صاحبزادے یعنے حضرت شاہ تراب علی قلندر سے بھی اجازت و خلافت حاصل کی۔ لکھنؤ و کاکوری و سندیلہ کے اکثر لوگ انکے مُرید تھے۔ ان سے اجازت و خلافت مولوی شاہ جمیل الدین عرف کلو میان سندیلوی کو تھی۔

وفات انکی بتاریخ دہم ماہ رجب ۱۲۵۱ھ روز شنبہ ہوئی مزار شریف قریب درگاہ حضرت شاہ محمد کاظم قلندر بیرون دروازہ مستینزیر درخت انبہ اندرون خطیرہ واقع ہے مزار پر تختی بھی نصب ہے۔

قطعہ تاریخ وفات از مولوی محمد عالم قیصری کاکوروی

شاہ انشاء اللہ قلندر	مقبول خدا واہل عالم
از خلق بسوے حق سفر کرد	در ماہ رجب بروز پنجم
شد فکر سنش چو قیصری را	ناگہ روحش رسید خرم
از حال خود این چنین نشان داد	در سال وصال خود خبر ہم
رفتم ز صفات وہم ز اسماء	بنگر اکنون۔ بذات حتم

سنہ ۱۲۵۱ھ

انعام الدین خان شوق

مولوی انعام الدین خان تخلص بہ شوق۔ ابن مولوی محی الدین خان تخلص بہ ذوق ملکزادہ۔ انکی ولادت ۲۲ شعبان سنہ ۱۲۶۳ھ مین ہوئی۔ تاریخی نام ظہیر الدین احمد تھا۔ تعلیم و تربیت سب اپنے والد سے

پائی حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ کے مُرید تھے اشعار بہت برجستہ اور خوب کہتے تھے۔
نواب علی حسن خان سلیم تذکرۂ صبح گلشن مین لکھتے ہین کہ۔

"شوق۔ محمد انعام الدین خان خلف مولوی محمد محی الدین خان ذوق از روسائے قصبہ کاکوری است بطبع سلیم و ذہن مستقیم مستجمع فضائل صوری و معنوی۔ شوق ہر گونہ علم و فن در دل دارد دابر فیض پدر بزرگوارش برگشت تمنّای او می بارد"

انکا مختصر سا کلام فارسی جو دستیاب ہو سکا نذر ناظرین باتمکین ہے ؎

نقش روئے تو مصور ہمہ دلخواہ کشید	قصد بالائے تو چون کرد ز دل آہ کشید
بردلم تیر نگاہ تو رہ شوق کشود	گر نہ بیتابی من رخنہ درین کار کند
مست نم چشم بہ ہر گہ من میخوار کند	ہان صراحی پس من گریۂ سرشار کند
میزنم نعرۂ حق قاتل منصور کجاست	ہان بگوئید کہ فکر رسن و دار کند
دشمن جان مسیحی کہ طبیب دل ماست	کیست یاران کہ علاج دل بیمار کند

انھون نے بتاریخ ۲۶ ماہ ربیع الآخر روز جمعہ ۱۳۳۱ھ بے نام ونشان انتقال کیا اور خطیرۂ حنا بہ مخدومہ یعنے اہلیۂ قاضی القضاۃ مولوی نجم الدین علی خان بہادر متصل چاند محل واقعہ قصبۂ کاکوری مین دفن ہوئے۔

ب

باسط علی ۔ علوی

مولوی باسط علی ابن حضرت مولانا شاہ حمایت علی قلندر ۔ ابن حضرت شاہ محمد کاظم قلندر قدس سرہما ۔ ولادت انکی ۱۵ ماہ رمضان المبارک روز دوشنبہ ۱۲۲۵ھ مین ہوئی تعلیم و تربیت اپنے برادر عمزاد حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ سے پائی ۔ علوم متعارفہ مین دستگاہ کامل رکھتے تھے بیعت اور اجازت و خلافت انکو اپنے عم اکرم حضرت غوث ملت مولانا شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ سے تھی ۔ یہ بہت بڑے باہمت عالی مرتبہ خوش خلق تھے ۔ اطراف کالپی و دیگر اضلاع مین تحصیلدار رہے ۔ برادر بزرگ یعنی مولوی رضا علی صاحب کے انتقال کا کچھ ایسا صدمہ انکے قلب پر ہوا کہ دو ماہ بھی گذرنے نہ پائے تھے کہ اس عالم فانی سے بتاریخ ۲۳ ماہ ذیقعدہ روز دوشنبہ ۱۲۷۰ھ انتقال کر گئے ۔ اور علاقہ بدوسہ ضلع باندہ مین متصل قبر پایئے شہید دفن ہوے ۔

انکے صاحبزادے مولوی ناصر علی صاحب بھی تحصیلدار تھے ۔ اپنے زمانہ مین اس قصبہ کے بہترین ہستیون مین شمار ہوتے تھے ۔

باسط علی

مولوی باسط علی ۔ ابن مولوی شفاعت علی ابن منشی غلام مرتضی ملکزادہ ۔ یہ اصلی باشندے یہین کاکوری کے تھے ۔ سندیلہ مین بوجہ اپنے والد کے ننھیال کے سکونت پذیر ہوئے نشوونما وہین ہوا ۔ سندیلی کہے جانے لگے ۔

ولادت انکی ۱۲۲۹ھ مین ہوئی تعلیم و تربیت سندیلہ مین مولوی فقیہ اللہ سندیلی ۔ و مولوی ولی اللہ سندیلی ۔ و مولوی یوسف علی سے پائی انکے ارشد تلامذہ مین سے تھے ۔ حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر سے بیعت رکھتے تھے ۔

راجہ درگا پرشاد سندیلوی اپنی تاریخ بوستان اودھ مین انکے حال مین لکھتے ہین۔

"بہ لیاقت وخوش وضعی بہ عمدہ نزدیک مشہور ومعروف است داز دیر باز ملازم سرکار انگریزی است تا بدرجۂ تحصیلداری رسیدہ امروز ہم بسرکار دولت مدار تعلقی دارد بغایت متدین وصاف معاملہ و در انشاپردازی برگزیدۂ روزگار است"

تذکرۂ روز روشن جلد چہارم شمع انجمن مین ہے۔

"باسط۔ محمد باسط علی۔ ابن مولوی شفاعت علی مولدش قصبۂ کاکوری نیچکر دہے دار السلطنت لکھنؤ است۔ وتوطنش در قصبہ سندیلہ کہ وطن اجدادی وست عمرے بخدمت سرکار انگریزی بسر بردہ۔ وبا تقاضی اختر ربطے داشت"

یہ بہت بزرگ صورت قابل ولائق انشا پرداز اور بہت اچھے شاعر تھے۔ شعر وسخن کا قیمتی خزانہ افسوس کہ ضایع ہوگیا۔ ایک غزل ملگئی جو بغرض تفریح طبع نذر ناظرین ہے

بیا کہ مطرب ومینا وطرف بستان است — بخندہ شاہد گل موسم بہاران است

چہ فیضہا کہ بہ عزلت زلال خضر نیافت — بہار زندہ دلی صفت گوشہ گیران است

چو مرد بلبل بیدل اسیر کنج قفس — چمن ز لالہ بدل داغ گل پریشان است

بچشم غمزدگان موج گل بود زنجیر — برائے غنچہ دلان صحن باغ زندان است

نشستہ ام بحریم فسردگان باسط — اسیر کنج قفس بلبل خوش الحان است

انھون نے مدۃ العمر ملازمت مین بسر کی۔ محافظ دفتری۔ صدر منصری۔ تحصیلداری کے عہدے طے کئے۔ بمقام سندیلہ بعمر ۸۹ سال ۱۳۱۱ھ مین وفات پائی۔ اور خاندانی قبرستان مین دفن ہوے۔

انکے بیٹے مولوی مصطفے علی بھی قابل وضعدار اخلاق حمیدہ اوراوصاف حسنہ سے متصف تھے بیعت حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر سے تھی۔ مدۃ العمر انھون نے بھی ملازمت مین بسر کی۔

انکے بیٹے مولوی مرتضی علی ہین جنھون نے انگریزی کی تعلیم بی۔ اے تک حاصل کی حضرت والد ماجد مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر قدس سرہ کے مریدین ہین۔ اور بہت با خلوص وارادت شخص

ہین سلمہ اللہ تعالےٰ۔

بدر علی

شاہ بدر علی چشتی۔ ابن شیخ محمد خلیل۔ ابن شیخ محمد غوث۔ ابن شیخ اُجیالے۔ ابن شیخ ابو المعانی۔ ابن قاضی عبد الوہاب۔ ابن قاضی بہاء الدین۔ ابن قاضی بہاری۔ ابن قاضی شیخ۔ ابن قاضی فضل اللہ۔ ابن قاضی عنایت اللہ عباسی۔

تلمذ انکو حضرت مولانا محمد مخدوم تلمیذ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی سے تھا۔ باطنی تعلیم بھی انھین سے پائی۔ نہایت ذہین اور تیز طبع تھے۔ عربی پڑھنا شروع کی تھی۔ کہ طلب حق پیدا ہوئی۔ حضرت شاہ محمد عاقل سبز پوش چشتی کاکوروی سے بیعت کرکے ترک لباس کیا اور اجازت و خلافت حاصل کی۔ انھین کے زمانہ سے انکی نشست بہت چمکی۔ لکھنؤ مین قیام اختیار کیا۔ وہان بہت سے لوگ مرید ہوئے۔ اکثر امرا اور دولت مند معتقد تھے۔ یہ بزرگ نیک حالات بہت دیکھنے۔ کیمیائے سعادت تو گویا حفظ تھی۔ اسی کے عامل تھے۔ اپنے وقت مین بہت بڑے بزرگ صاحب نسبت گذرے۔ لکھنؤ مین معالیخان کی سرائے کے قریب وزیر باغ مین تکیہ ہے جو اب تک تکیہ بدر علی شاہ کے نام سے مشہور ہے۔

وفات انکی بتاریخ ۱۶ ماہ رجب ۱۲۳۲ھ مین ہوئی۔ مزار اسی تکیہ مین ہے۔ ہر سال عرس بھی ہوتا ہے۔ انکے جانشین انکے مرید و خلیفہ شاہ عبد القادر ہوے۔ شاہ خواجہ احمد گنگوہی کو بھی انھین سے خلافت تھی۔

بُرہان علیخان

مولوی برہان علیخان۔ ابن بخشی ابو البرکات خان بہادر۔ یہ ۱۱۶۲ھ مین پیدا ہوئے بہت لائق و فائق عالم و فاضل تھے۔ کتب درسیہ کی تحصیل ملا حمید الدین محدث سے کی مثل

اپنے والد کے بہت شجاع اور جری تھے ۔مروت وحیا وخلق محمدی سے موصوف ۔اور جود وسخا مین معروف تھے اپنے والد کے سامنے بوجہ حسن لیاقت ودانائی فوجداری دیرہ پور ضلع کانپور پر مامور ہوئے ۔اور وہین بعمر ۴۲ سال ۱۲۹۱ھ مین شہید ہوئے ۔

بشیر الدین

مولوی بشیر الدین متخلص تباکر ۔ابن مولوی قطب الدین ۔ابن حاجی امین الدین صاحب انھون نے ابتدائی کتب درسیہ مولوی فضل اللہ نیوتنوی ۔ومولانا حسین احمد محدث ملیح آبادی سے پڑھین اور بقیہ کتابین حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ سے تمام کین ۔

بیعت ان کو حضرت شاہ میر محمد قلندر سے تھی ۔درس وتدریس کا مشغلہ بھی رکھتے تھے ۔ چنانچہ اکثر حضرات مثلاً مولوی ممتاز الدین حیدر کاکوروی مؤلف شجرۃ الانساب ۔وشیخ شرافت علی کاکوروی ۔وشیخ بشارت علی کاکوروی وحکیم اکرام علی کاکوروی وغیرہم انھین سے تلمذ رکھتے تھے ۔

فارسی وعربی کے بہت اچھے ناظم وناثر تھے ۔فارسی مین شیخ غلام مینا ساحر کاکوروی سے تلمذ تھا ۔تباکر تخلص کرتے ۔سورۂ دہر کا ترجمہ نظم کیا تھا جو طبع بھی ہو چکا ہے ۔مولوی مسیح الدین خان بہادر سے علاوہ قرابت کے بوجہ ہمسن اور ہم سبق ہونیکے بہت مراسم تھے ۔

ابتدائً آگرہ مین بایائے مولوی صاحب مدرس ہو گئے تھے ۔پھر وہان سے عہدۂ منصفی فتحپور سیکری پر مامور ہوئے ۔اور وہین بقدر افزائی نواب گورنر جنرل بہادر ۔ درگاہ حضرت شاہ سلیم چشتی کے سکریٹری مقرر ہو گئے ۔اور خلعت بھی عطا ہوا ۔درگاہ مین صاحب سجادہ کے خانگی جھگڑون مین بھی مصالحت کرا دی ۔اور صلحنامہ براہ راست دربار بھیجدیا ۔ اسکی بہت تعریف ہوئی ۔پنشن لیکر وطن آئے ۔

پھر کچھ دنون لکھنؤ مین نواب ملکہ گیتی صاحبہ زوجۂ امجد علی شاہ بادشاہ اودھ کے یہان

بعہدۂ مدار المہام و مختار عام ملازم رہے۔ جب اُنکے بیٹون کی حکومت کا زمانہ آیا۔ نااہلون کی رسائی ہونے لگی۔ اُسوقت انھون نے استعفا دیدیا۔ یہ بڑے سخی و سیر چشم تھے۔ مسلمان ملازمین کو کھانا اپنے باورچیخانہ سے دلواتے۔ زمانۂ قیام لکھنؤ مین ایک کتاب عرض البلد لکھی تھی۔ جسکو خود جاکر رامپور مین نواب کلب علی خان کی خدمت مین پیش کی جو نہایت قدر سے قبول ہوئی اور پانچسو روپیہ انعام عطا ہوا۔ پھر یہ حسب الطلب مفتی حافظ ریاض الدین مغفور حیدرآباد دکن گئے۔ وہان بھی ایک نقشہ طلوع غروب کا بقاعدۂ ریاضی بناکر سرکار نظام مین پیش کیا۔ وہان بھی بہت عزت افزائی ہوئی۔ نقشہ مقبول ہوا۔ اور ایک خدمت قبول کرنے کا حکم بھی اسی کے ساتھ ہوا۔ مگر انھون نے معذوری ظاہر کرکے یہ استدعا کی۔ کہ میرے لڑکے دبیر الدین کی تعلیم یہین ہو۔ چنانچہ وہین تعلیم ہوئی اور اُن کو عہدۂ تحصیلداری ملا پھر یہ وطن چلے آئے۔ اور بتاریخ ۲۶ ماہ شوال المکرم ۱۲۹۹ھ انتقال کیا۔ اور خطیرہ متصل چاند محل مین دفن ہوے۔

بہاء الدین کیقباد

ملک بہاء الدین کیقباد۔ ابن ملا اُبوبکر جامی۔ یہ علوم و کمالات مین یگانۂ آفاق۔ اور وجاہت ظاہری و اخلاق حمیدہ مین ممتاز تھے۔ فنون سپاہ گری و امور معیشت سے بھی خوب واقف تھے۔ بوجہ حسن قابلیت ملک اسعد الدین سالاری وزیر سلطان حسین شرقی نے اُن کو اپنا نائب کیا۔ اس زمانہ تک وزیر کے کوئی پسری اولاد نہین تھی۔ اُنھون نے ان کو اپنی فرزندی مین لے لیا۔ چنانچہ انکو ہمراہ لیکر بادشاہ کے حضور مین حاضر ہوا۔ بادشاہ نے انکو بھی ملک کا خطاب عطا فرماکر عزت و افتخار بخشا۔ پھر انھون نے بحکم اپنے نانا ملک اسعد الدین سالاری کاکوری مین سکونت اختیار کی۔ انھین کی اولاد ملک زادون کے نام سے مشہور ہے۔

بہاری عباسی

قاضی بہاری ابن قاضی شیخ (کلان) ابن قاضی فضل اللہ۔ ابن قاضی عنایت اللہ ابن شیخ فخر الدین۔ ابن شیخ ابوالبرکات۔ ابن مخدوم شیخ طاہر۔ ابن مخدوم شیخ علی الدین عرف علی۔ ابن مخدوم شیخ منہاج الدین۔ ابن شیخ مظفر۔ ابن شیخ علی ثالث ابن شیخ حسین۔ ابن شیخ تاج الدین۔ ابن مخدوم شیخ محمد۔ ابن شیخ ضیاء الدین۔ ابن شیخ علی الدین ابن شیخ کمال الدین۔ ابن شیخ مسعود۔ ابن شیخ محمود۔ ابن شیخ صدر۔ ابن شیخ حامد۔ ابن قاضی علی عرف خواجگی۔ ابن احمد۔ ابن قاضی یحییٰ۔ ابن قاضی علی۔ ابن قاضی احمد ابن قاسم۔ ابن عبدالملک۔ ابن قاضی محمد (حاکم قلعہ ٹھٹھہ) ابن ابراہیم۔ ابن موفق۔ ابن براہیم ابن اسماعیل۔ ابن محمد۔ ابن علی۔ ابن عبداللہ۔ ابن حضرت عباس عم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

انکے نام مین اختلاف ہے۔ منشی فیض بخش کاکوروی اپنے نسب نامہ موسومہ بہ چشمہ فیض مین انکو بجائے "بہاری" کے "بہاڑے" براہ ہندی لکھتے ہین۔ اور قاضی عابد علی خان اپنے رسالہ صحیح وطن مین قاضی بیانے لکھتے ہین۔ قاضی خادم حسن علوی کاکوروی تاریخ قصبہ کاکوری مین انکا نام قاضی بہاری اس دلیل سے لکھتے ہین کہ سلطان سکندر لودی کا فرمان عہدۂ قضا انکے نام کا بجلد جنت بندوبست ضلع لکھنؤ مین موجود ہے جسکا سن تحریر ۹۰۰ھ ہے۔ یہ بہت لائق وقابل شخص تھے۔ اپنے بھائیون مین سب سے چھوٹے۔ مگر علم وفضل مین سب سے زائد تھے۔ چنانچہ عہدۂ قضا بھی اُنھین کو ملا اور انکی اولاد بھی بہت ذی وجاہت ہوئی۔

انکے بیٹے قاضی شیخ کو جک کو علاوہ خدمت قضا کے عہدۂ تولیت قصبہ کاکوری بھی بسند بادشاہی حاصل تھا۔ یہ بوجہ اپنے جد کے ہمنام ہونیکے قاضی شیخ کوجک کے نام سے مشہور ہوئے

قاضی خادم حسن علوی اپنی تاریخ مین عباسیون کی آمد اور عہدۂ قضا کا آغاز قاضی بہاری کے وقت سے لکھتے ہین منشی فیض بخش صاحب کے نسب نامہ سے معلوم ہوتا ہے کہ انکے اجداد مین شیخ ابوالبرکات دیار عرب سے غزنین آئے ۔ جنکے دو بیٹے ہوئے ۔ منہاج الدین و فخر الدین ۔

منہاج الدین کی اولاد غزنین سے آکر سید پور بھتری ضلع غازی پور مین آباد ہوئی شیخ فخر الدین نے غزنین سے آکر قنوج مین قیام کیا ۔ جنکے ایک بیٹے قاضی عنایت اللہ ہوئے ۔ جب کاکوری خوب آباد ہوگئی ۔ کوئی قاضی یہان نہ تھا تو قاضی عنایت اللہ نے عہدۂ قضا بادشاہ وقت سے حاصل کیا ۔ اور یہین سکونت پذیر ہوے ۔ واللہ اعلم موجودہ حضرات قاضی زادگان انھین کی اولاد سے ہین ۔

بہرام علی

حضرت شاہ بہرام علی قلندر ۔ ابن شیخ حمید اللہ ۔ ابن شیخ محمد نواز ۔ ابن حافظ خلیل الرحمن شہید علوی مخدوم زادہ ۔ ان کو بیعت و اجازت و خلافت حضرت شاہ محمد کاظم قلندر قدس سرہٗ سے تھی ۔ پندرہ سال کی عمر سے یہ انکی خدمت مین رہے ۔ اور حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ کے ساتھ جملہ امور فقر وغیرہ کی تعلیم و تربیت پائی ۔ اور پیرو مرشد کے حکم سے اکثر ادعیہ و اسماء اللہ کی زکوۃ معہ شرائط وغیرہ کے دی ۔ معمول تھا کہ جب حضرت شاہ محمد کاظم قلندر چلہ کرتے ۔ تو ان کو بھی اعتکاف کا حکم دیتے ۔ تکیہ شریفیہ پر انکے لئے علیحدہ حجرہ مقرر تھا وہین قیام کرتے ۔ اذکار و افکار وغیرہ کی تکمیل کے بعد خود اُنھون نے ان کو اپنا مجاز و خلیفہ کیا تھا ۔ مگر الباس خرقہ کی نوبت نہین آئی تھی ۔ لہٰذا اُنکی وفات کے بعد حضرت شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ نے اسکی تکمیل کی ۔ اور لباس فقر عطا فرمایا جسکے متعلق وہ خود اپنی کتاب اصول المقصود مین تحریر فرماتے ہین ۔

"بعد از چہار سال وفات حضرت صاحب قبلہ بروز عرس تاریخ بستم ربیع الآخر ایشان لباس

فقراز دست این فقیر پوشیدند و با وجود مجاز بودن ایشان از طرف حضرت والدم قدس سرہ خود

نیز در ہفت سلاسل ایشان را مجاز گردانیدم۔ و مثال ہر ہفت سلسلہ نوشتہ دادم۔ الحمد للہ علیٰ ذٰلک

ازان وقت تا ایندم بیاد حق و پاک مردان شادان شاد و سرگرم تلقین وارشاد اند۔"

ابتدا مین انھون نے موضع دھورہرہ مین جو ملیٹھی ضلع لکھنؤ کے قریب ہے لب دریائی گومتی

ایک تکیہ بنایا تھا۔ اور وہین اقامت اختیار کی تھی۔ وہان کچھ دنون قیام رہا۔ مگر پھر کاکوری

چلے آئے اور یہین رہے۔ ان سے اجازت وخلافت انکے صاحبزادے حضرت شاہ نظام علی

قلندر کو تھی۔ زائد حال انکا بضمن خلفائے حضرت شاہ محمد کاظم قلندر قدس سرہ اصول المقصود

ونفحات العنبریہ مین موجود ہے۔

وفات انکی بتاریخ ۱۵ ماہ ربیع الاول ۱۲۵۶ھ ہوئی۔ مزار بیرون روضہ حضرت شاہ

تراب علی قلندر واقع ہے۔ قطعہ تاریخ وفات از مولوی شریف الدین مرحوم کاکوروی ؎

چون شہ بہرام علی صاحب فتہ زین جہان	پارہ پارہ شد دل خورد و کلان اندر غمش
پانزدہ ماہ ربیع الاول آن تاریخ بود	کاندران شد ناگہان صد حیف عزم رحلتش
در تلاش سال رحلت ہاتفے آواز داد	بود ہجری یک ہزار و دو صد و پنجاہ و شش

۱۲۵۶ھ

بھیکا پہلوان

حضرت شاہ بھیکا پہلوان۔ یہ فقرائے مجاذیب صاحب کشف وکرامات سے تھے۔

کہین باہر سے آکر بیتا ندی پر جو ملیح آباد سے دو ڈہائی کوس جانب شرق کاکوری سے

متصل ہے، بیٹھے۔ کمالات کا بہت شہرہ ہوا۔ بہت سے لوگ معتقد ہوئے۔ ایسا کہ اس

قصبہ کا صاحب ولایت سمجھنے لگے۔ اور درحقیقت انکے تصرفات بھی ایسے ہی تھے کہ اگر بغیر

انکے حکم کے کوئی شخص درخت کی شاخ کاٹتا۔ تو اُسکے لئے باعث خرابی عظیم ہوتا۔ بحر زخار مین ہے کہ ایک عورت انکی معتقد انکے لئے روزانہ کھانا لاتی۔ جسوقت ندی کا پانی طغیانی پر ہوتا تو وہ اپنے آنے کی اطلاع کرتی۔ یہ حکم دیدیتے کہ آنکھ بند کرکے چلی آ۔ موافق حکم جب وہ چلتی تو ایسا معلوم ہوتا کہ پانی پر خشک زمین کی طرح چل رہی ہے اسی طرح جاتی اور لوٹ آتی۔ شیخ غلام احمد ڈبریا مخدوم زادہ کو دعا دی تھی کہ جس سے اُن مین شجاعت و قوت ایسی آگئی تھی کہ کسی چیز سے اُنکو خوف ہی نہین معلوم ہوتا تھا اور انکی جسمانی قوت مافوق فطرت انسانی ہوگئی تھی۔ جیسا کہ انکے حال سے واضح ہوگا۔ زائد حالات انکے نہ معلوم ہوسکے یہان یہ پہلوان کے نام سے مشہور ہین۔ انکا عرس بھی ۱۹ ماہ ربیع الآخر کو ہوتا ہے۔ مزار بتیا ندی کے کنارے ٹیلہ پر ہے چھوٹی سی خانقاہ بھی بنی ہوئی ہے۔

ت

تاج الدین

خان بہادر منشی محمد تاج الدین۔ ابن شیخ وحید الدین۔ ابن شیخ غلام نجف۔ ابن شیخ احسان اللہ۔ ابن شیخ رحم اللہ۔ ابن شیخ محمد افضل۔ ابن شیخ محمد تقی۔ ابن شیخ فخر علی۔ ابن شیخ محب علی۔ ابن قاضی علی۔ ابن قاضی راجا۔ ابن قاضی عبد الصمد۔ ابن صدر القضاۃ قاضی ابو الفتح عرف قاضی کمال۔ ابن قاضی عبد الدایم۔ ابن قاضی محمود۔ ابن علامہ عبد الکافی۔ ابن قاضی محمد یوسف۔ ابن قاضی شمس الدین۔ ابن قاضی محمد یوسف۔ ابن محمد عاصم۔ ابن امیر خالد۔ ابن داؤد عثمان۔ ابن رکن الدین عبد الرحمن۔ ابن علاء الدین عبد اللہ ابن علیم الدین عبد العزیز۔ ابن حسام الدین عبد اللہ۔ ابن امام الدین عمر۔ ابن امیر المومنین سیدنا عثمان ابن عفان اموی قریشی رضی اللہ عنہ۔

انکا آبائی وطن بلگرام تھا۔ انکے جد شیخ غلام نجف کی شادی کاکوری میں ہوئی تھی۔ اسکے بعد سے مستقل قیام یہاں ہوا شیخ غلام نجف کی اولاد کاکوروی کہے جانے لگی۔

ولادت انکی ۱۲۶۳ھ میں ہوئی۔ ابتدائی فارسی کتابیں منشی احمد حسین کاکوروی سے پڑھیں۔ پھر فارسی و انگریزی کی تعلیم اپنے ماموں نواب اکرام اللہ خان کے ساتھ ہردوئی میں رہ کر پائی۔ بہت ذہین اور طباع تھے۔ ملازمت انگریزی میں منصفی سے سب ججی اور جج خفیفہ تک ترقی پائی۔ اور اسی عہدہ سے اٹھائیس سال کی ملازمت کے بعد انتہائی نیکنامی و مقبولیت عامہ کے ساتھ پنشن یاب ہوئے۔ خان بہادر خطاب پایا۔ حلم۔ تواضع۔ انکسار نفس حسن خلق۔ صدق معاملت۔ تدین۔ غیرت۔ عفت۔ فراست۔ عدل و انصاف حفظ مراتب سخاوت۔ کنبہ پروری۔ رحمدلی۔ خدا ترسی۔ حق شناسی۔ حق پرستی۔ عقیدت۔ خلوص۔ نیاز۔ ایثار میں بحیثیت مجموعی بے مثل تھے۔ اور اسکے ساتھ زندہ دل۔ خندہ پیشانی۔

لطیفہ گو۔ بذلہ سنج عالم مجلس سے خوب واقف تھے۔ اور اپنے صفات و اخلاق سے ہر شخص کے دل مین گھر کر لیتے تھے۔ خود اگرچہ کیسی ہی پریشانی مین ہون۔ لیکن پاس بیٹھنے والے کا غم غلط کر دیتے۔ اور اپنے احباب و منتسبین دستو سلین کیلئے ایک نعمت عظمی تھے۔ علمی قابلیت بہت اچھی تھی۔ کلام فارسی اہل زبان کا ایسا پر معانی و پر مغز ہوتا تھا الفاظ کی ترتیب مین خاص تختگی ہوتی تھی۔ اردو کلام بھی اپنے رنگ مین ایک خاص شان رکھتا اور بہت با اثر ہوتا تھا۔ جذب تخلص تھا۔ شاعری مین تلمذ منشی محمد رضا صبر کاکوروی سے تھا۔ جو شیخ عبد الرؤف شعور کے شاگرد تھے۔ اور وہ مصحفی کے تلامذہ مین تھے۔ دیوان فارسی و اردو موسوم بہ جذبات جذب چھپکر شائع ہو گیا ہے۔ چند اشعار بطور نمونہ درج ذیل ہین ؎

فارسی

خرامش بہر گام جان می برد — چہ ذوقیکہ عمر روان می برد
کرا دل کجا صبر کان چشم ناز — ہم این می رباید ہم آن می برد
خدایا دلے کش نیز زد دو کون — بہ بین کافرے رائگان می برد
ز جادو جہانے بود نرگسش — جہانے ز جان و جہان می برد
چہ سوداست اندر سر جذب کش — بکوے مغان موکشان می برد

کلام اُردو

عین تماشا جہان شوق مگر چاہیئے — جلوہ بکثرت یہان ایک نظر چاہیئے
دل ہو کہ سیماب ہے ایک گھڑی ہو سکون — اسکے لئے اہتمام آٹھ پہر چاہیئے
حسن کی سرکار مین نوبت در خور کسے — بندہ ہین ہم دید کے راہگذر چاہیئے
بخت فقیرون کا کیا رخت کہان پایئے — ہائے دیوانگی زاد سفر چاہیئے
جذب جگر خون ہوا دیدہ سرشک آشنا — اور محبت مین کیا لعل و گہر چاہیئے

عروج ظاہری کیساتھ اللہ تعالے نے وصول مراتب باطنی بھی سرفراز فرمایا تھا حضرت

مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ سے سلسلۂ قادریہ رضویہ مین بیعت تھی۔ اور حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر قدس سرہ سے استرشاد تھا۔ صوفی صاحب وجد وحال وتجلیات واسرار تھے۔ اپنے احوال ومقامات کے کتمان کا خاص شوق تھا۔ اسی وجہ سے حقائق ومعارف بہت کم بیان کرتے تھے۔ تقریر مین بیشتر محاسن اخلاق پر زور دیتے تھے۔ اور بجز بحالت بیخودی اسکا اظہار بھی حتی الامکان نہونے دیتے تھے۔ کہ یہ باطنی معاملات سے بھی واقفیت رکھتے ہین۔ غرض امیرانہ لباس مین فقیرانہ اوصاف کا ایک عمدہ نمونہ تھے۔ انکے حالات زندگی کسی قدر تفصیل سے عیون المعارف ومقدمہ جذبات جذب مین موجود ہین۔ انھون نے تباریخ ۲۵ ماہ رجب ۱۳۳۳ھ وقت ۱۲ بجے شب بعمر ۶۰ سال وفات پائی۔ اور ۲۶ رجب کو بعد عصر درگاہ حضرت والد ماجد مولانا شاہ علی انور قلندر قدس سرہ مین اپنے بھائی منشی محمد وہاج الدین مغفور کے پہلو مین جانب شرق دفن ہوئے۔ قطعۂ تاریخ وفات از مولوی محمد عاصم قیس کاکوروی سے۔

آن فانی ذات حق تاج الحق والدین	کہ نام ونگین او زیب سرودین بادا
خوش بودہ امیر دل خوش بودہ فقیر دل	بر عرش سریر دل سجادہ نشین بادا
از بزم خراباتی مے خورد وگذشت آخر	باللہ کہ دستور ہر مست ہمین بادا
در بزم وصال او در پرسش حال او	اسے قیس بسال او طبع تو قرین بادا
از بند ہمہ خویشی رست وبہ احد پیوست ۱۰۱ ۱۲۳۲	تبریز خراسان شد تا باد چنین بادا

۱۳۳۳ھ

انکے بیٹے منشی معراج الدین المخاطب بہ نواب حسین نواز جنگ بہادر۔ فی الحال ضلع گلبرگہ ملک دکن مین اول تعلقدار ہین۔ شاعر بھی بہت اچھے ہین۔ خسرو تخلص ہے اور حافظ جلیل حسن جلیل سے تلمذ۔ ابقاہ اللہ

تاج الدین حسین خان

خان بہادر منشی تاج الدین حسین ۔ ابن منشی علی حسین ۔ ابن حافظ غلام مجتبیٰ ۔ ابن حافظ عزیز اللہ علوی مخدوم زادہ ۔ انکی ولادت ماہ شوال ۱۲۴۲ھ مین ہوئی ۔ یہ اولاً ممالک متوسط مین بعہدۂ منصفی مامور رہے ۔ پھر اُسی ملک مین اور ملک برار مین اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر رہے ۔ اور اپنی لیاقت اور حُسن کارگذاری سے خان بہادری کا خطاب پایا ۔ پھر بجلدوے حُسن خدمات ہنگامۂ غدر ۵۷ء سند عطاے خطاب گورنر جنرل بہادر سے ماہ جنوری ۱۸۶۵ء مین پائی ۔ اور اپنی قابلیت اور عالی دماغی کا سکّہ بٹھلاکر خواص وعوام مین مقبولیت حاصل کی ۔ حضرت غوث ملّت شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ سے انکو بیعت تھی ۔ اور علوم عربیہ کی تحصیل بھی اُنھین سے کی تھی ۔ قبل حصول پنشن ۵۳ سال کی عمر مین بعارضۂ تپ دق ۱۴ ماہ ذی الحجہ یوم دوشنبہ ۱۲۹۵ھ بمقام کندیلی نرسنگپور وفات پائی اور وہین دفن ہوئے ۔

تراب علی

حضرت غوث ملّت مولانا شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ خلف اکبر وخلیفہ ارشد وجانشین حضرت عارف باللہ مولانا شاہ محمد کاظم قلندر قدس سرہ ۔ آپ کی ولادت ۱۱۸۱ھ مین ہوئی ۔ بدو شعور سے تحصیل علم وفضل مین مشغول ۔ اور صلاح وتقوے سے آراستہ وپیراستہ رہے بچپن سے بسبب حُسن ادب وخوبی استعداد اپنے والد کے مقبول ومحبوب تھے ۔ کتب فارسی وعربی ابتدائی ملا قدرت اللہ بلگرامی ۔ ومولوی معین الدین بنگالی سے پڑھین اور بقیہ ملا حمید الدین کاکوروی ۔ ومولوی فضل اللہ ساکن نیوتنی ۔ وقاضی القضاۃ مولوی نجم الدین علیخان بہادر سے معہ چند رسائل عروض تمام کین ۔

زمانہ تحصیل علوم رسمیہ سے علوم صوفیہ اور حقائق و معارف کی طرف خاص طور سے میلان خاطر تھا۔ اور چونکہ اپنے حضرت والد ماجد قدس سرہ کی صحبت بابرکت حاصل تھی لہذا اور شوق و شغف بڑھتا گیا۔ تیس سال کامل آپنے انھیں کی خدمت مین رہ کر مقامات سلوک پر عبور حاصل کیا۔ اور ریاضات اور مجاہدات موافق معمول ارباب طریقت کئے۔ اور خلوت اور چلہ کشی اور زکوۃ ادعیہ و اسماء اللہ ادا کین۔ اور کوئی دقیقہ انکی متابعت مین فروگذاشت نہین کیا۔

بیعت آپ کو سلسلۂ عالیہ قادریہ مین حضرت سیدنا شاہ مسعود علی قلندر خلف و خلیفہ و جانشین حضرت شاہ باسط علی قلندر الہ آبادی سے تھی۔ اور اجازت و خلافت کبرے امعہ الباس اپنے پیر و مرشد نیز والد ماجد دونون سے حاصل تھی۔ اسکے سوا اجازت و خلافت سلاسل سبعہ حضرت شاہ خدا بخش قلندر خلف اصغر حضرت سیدنا شاہ باسط علی قلندر الہ آبادی اور حضرت شاہ عبد اللہ قلندر برادر زادہ حضرت شاہ عبد الرحمن قلندر ثانی خلف و خلیفہ حضرت شاہ الہدیہ احمد قلندر قلندر لاہر پوری سے بھی تھی۔ اور حضرت خواجہ حسن مودودی چشتی لکھنوی سے اجازت و خلافت سلسلہ عالیہ قادریہ و چشتیہ نظامیہ حاصل تھی۔ پچپن سال اپنے والد کے سجادہ نشین رہے۔ اور فرائض سجادہ نشینی نہایت خیر و خوبی و عمدگی سے انجام دئے اور ایک عالم کو اپنے فیوض و برکات سے مالا مال کیا۔

تصانیف آپنے بہت بہتر اور نفیس فرمائے جو طبع ہو کر بہت مقبول ہوے۔ درج ذیل ہین۔

(۱) اصول المقصود مطبوع (۲) مجمع الفوائد غیر مطبوع (۳) فتح الکنوز مطبوع (۴) مقالات صوفیہ مطبوع (۵) مطالب رشیدی مطبوع (۶) شرائط الوسایط مطبوع (۷) مجاہدات الاولیا غیر مطبوع (۸) اسناد المشیخت غیر مطبوع (۹) تعلیم الاسما غیر مطبوع (۱۰) کشف المتواری فی حال نظام الدین القاری مطبوع۔

قسام ازل نے آپ کو شعر و سخن کا بھی شوق دیا تھا۔ ابتدا مین شہید تخلص فرماتے تھے پھر تراب کر دیا تھا۔ کلام نظم فارسی و اردو ہندی تینون زبانون مین موجود ہے۔ کلیات اردو مین دیوان اور مثنوی عاشق و صنم و شجرات منظوم اور ٹھمریان ہین۔ اور کلیات فارسی مین دیوان اور مثنوی اصل المعارف اور ترجیع بند اور مخمس کریما اور تواریخ ہین۔ دونون کلیات طبع ہو کر بہت مقبول ہوئے۔

تذکرۂ روز روشن جلد چہارم شمع انجمن مین ہے۔

"تراب۔ شاہ تراب علی علوی خلف الصدق شاہ محمد کاظم از مشائخ کبار قصبہ کاکوری بود و در عارفان خدا آگاہ معدود بزبان فارسی و اردو لآلی آبدار اشعار موزون می نمود۔ بست سال کما بیش است کہ برحمت ایزدی پیوست۔"

چند اشعار اردو فارسی تفریح طبع ناظرین کیلئے درج ذیل ہین ۔

فارسی

جز بحر چہ در شکل حباب است بہ بینید
بیرون و درونش ہمہ آب است بہ بینید

چون خواب خیال است غم و شادی عالم
بل جملہ جہان عالم خواب است بہ بینید

در پردۂ او شخص دگر نغمہ سرا ایست
چون نے تہی از خویش تراب است بہ بینید

گر بر سر تیغم زنی کے سر کشم از کار عشق
نیست کار از سر مرا محو سر دکار توام

از لب جان بخش خود بہر خدا حرفی مگو
اے مسیحا جان بلب ز شوق گفتار توام

گر تراب از قید عالم ہمچو سرو آزادہ است
من چو قمری طوق در گردن گرفتار توام

تا چو آئینہ صفائی یافتم
بیخودی در خود نمائی یافتم

ہمچو نے خاموشیم گویا کند
صد نوا از بے نوائی یافتم

بد نمودن ہر کمال غیر را
پیش یاران خوشنمائی یافتم

رندی و مستی نہ بگذارم تراب
صد بلا در پارسائی یافتم

نہ غم خوارم نہ غم دارم ۔ نہ دل دارم نہ دلدارم نہ در خیرم نہ بے خیرم نہ در کارم نہ بیکارم
نہ مجبورم نہ مختارم نہ منصورم نہ عطّارم نہ مخمورم نہ سرشارم نہ بے ہوشم نہ ہشیارم
نہ باکس الفتے دارم نہ برکس شفقتے دارم نہ خود با ہیچکس یارم نہ خود از ہیچ بیزارم
نہ در شہرم نہ ویرانہ نہ در مسجد نہ بتخانہ نہ در بزمم نہ کاشانہ نہ در دارم نہ دیوارم
نہ شیرینم نہ فرہادم نہ قمری ام نہ شمشادم نہ پابندم نہ آزادم نہ در دامی گرفتارم
نہ مجنونم نہ دیوانہ نہ نادانم نہ فرزانہ نہ چون شمعم نہ پروانہ نہ گلچینم نہ گلزارم
نہ باشم بلبل و نے گل نے ریحانیم نے سنبل نہ ساغر گیرم و نے مُل نہ میخوارم نہ خمارم
نہ بے صبرم نہ تسکینم نہ در تلوین و تمکینم نہ در دنیا نہ در دینم نہ تسبیحم نہ زنّارم
تراب از خود ہمہ محروم نہ در سُکر و نہ در صحوم نہ اہل منطق و نحوم نہ از علمائے اخیارم

آپ کی چار رباعیاں ایک بیاض قدیم مین پائی گئین جو کلیات فارسی مطبوعہ مین داخل نہین لہذا وہ بھی درج ذیل ہین ۔

گویند کہ قلب عرش اعلیٰ باشد دین خانۂ خاص حق تعالیٰ باشد
ای طالب حق نظر بوی دل کن کن طوف دلے کہ حق درانجا باشد

دیگر

ہر لحظہ ہ فعل بد خجل باید بود ہر دم ز گناہ منفعل باید بود
ماخوذ شوند اہل دل از خطرات گر اہل دلی بحفظ دل باید بود

دیگر

از وجد و سماع چشتیان اندر حریق در سرّ لطیفہ نقشبند ند فریق
در بحر فنا و بیخودی و توحید باشند قلندران سرمست غریق

دیگر

نزد علما کہ سربسر زندیقم پیش جہلا نہ کمتر از صدیقم

من ہیچ نیَم دہر جہ ہستیم تراب — کس راہ بدان نبرد از تحقیقم

کلام اُردو

نشان اُسکا کسی سے کب بیان ہو — وہی پاوے نشان جو بے نشان ہو
منزہ وہ تو ہے کون و مکان سے — مکان اسکا کہان جو لامکان ہو
کوئی جا گہ نہین ہو اُس سے خالی — زمین ہو عرش ہو یا آسمان ہو
سوا اُسکے نہین کوئی جہان مین — تلاش اسکی کرو یارو جہان ہو
ٹھکانا اُسکا مین کیونکر بتاؤن — خدا جانے وہ ہرجائی کہان ہو
تراب اُستاد سے معلوم کرلو — طریق معرفت گر قدردان ہو

جب دل منصور پرحق چھا گیا — لب پہ اقرار انا الحق آگیا
یارو تم کہتے ہو جسکو عرش پہ — مین تو اپنے دل مین اُسکو پاگیا
کون دیکھے اُسکو غیر از اہل دل — آفتاب اندھے سے کب دیکھا گیا
حیف سرّ حق نہ پوچھا ایک نے — پاس اپنے اک جہان آیا گیا
دم بخود ہو رہئے کچھ کہئے نہ اب — حق جو کوئی بولا سو جھٹ مارا گیا
مرشد برحق کے صدقہ جایئے — راہ حق کی جو ہمین دکھلا گیا
کہدے طالب سے کہ سب حق ہے تراب — کلمۃ الحق وہ یہی فرما گیا

دلیل کاروان بانگ جرس ہے — گواہ دردِ دل اک نالہ بس ہے
بُت ظالم نہین سُنتا کسی کی — غریبون کا خدا فریادرس ہے
گلستان عیش باغ بلبلان ہو — ہمین تو یار بن کنج قفس ہے
رکھو تیار توشہ آخرت کا — سفر در پیش وان کا ہر نفس ہے
عبث ہے آرزو دنیا و دین کی — تراب اللہ بس باقی ہوس ہے

آپکے خلفا بھی بہت ہوے۔ اُن سبکے اسماء مبارک یہ ہین۔

(۱) حضرت شاہ میر محمد قلندر کاکوروی عم اکرم آنحضرت (۲) حضرت مولانا شاہ حمایت علی قلندر برادر زادۂ اوسط آنحضرت (۳) حضرت شاہ بہرام علی قلندر کاکوروی (۴) حضرت شاہ انشاءاللہ قلندر کاکوروی (۵) حضرت شاہ شیر علی قلندر لکھنوی (۶) حضرت شاہ حیدر علی قلندر خلف اکبر و صاحب خلافت کبریٰ و جانشین آنحضرت (۷) حضرت شاہ تقی علی قلندر خلف اصغر آنحضرت (۸) مولوی شاہ رضا علی برادر زادۂ آنحضرت (۹) مولوی شاہ باسط علی برادر زادۂ آنحضرت (۱۰) شاہ نظام علی قلندر ہمشیر زادۂ آنحضرت (۱۱) حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر خلف نبیرۂ آنحضرت (۱۲) مولوی شاہ علی نقی یاور خان کاکوروی (۱۳) مولوی حافظ شاہ وجیہ الدین کاکوروی (۱۴) شاہ غلام مرتضیٰ قلندر ساکن باندا (۱۵) مولوی شاہ کریم بخش مچھلی شہری جونپوری (۱۶) مولوی شاہ اطہر علی سندیلی (۱۷) مولوی شاہ جمیل الدین عرف کلو میاں سندیلی (۱۸) سید شاہ خادم حسین آدم پوری بہرائچی (۱۹) مولوی شاہ سالار بخش محدث کرسوی تلمیذ رشید حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی (۲۰) شاہ قدرت اللہ کرسوی (۲۱) شاہ اسد علی لکھنوی (۲۲) مولوی ہادی علی خوشنویس ہفت قلم لکھنوی (۲۳) شاہ محمد امین بریلوی (۲۴) شاہ جلال الدین حسین لکھنوی (۲۵) شاہ امداد قلندر لکھنوی۔ وغیرہم رحمۃ اللہ علیہم

غرضکہ ذات والاصفات جامع جمیع کمالات و حاوی اصناف فضائل و کرامات تھی چنانچہ مولوی رحمان علی ممبر کونسل ریاست ریوان اپنی کتاب تذکرۂ علمائے ہند مین لکھتے ہین۔

"شاہ تراب علی ابن شاہ محمد کاظم قلندر از دانشمندان صوفیہ بود در علم تصوف دستگاہے کامل داشت و را سعدان تہذیب اخلاق می توان گفت۔ مطالب رشیدی۔ و اصول المقصود۔ و دیوان اشعار وغیرہ از تصانیف وے مشہور اند۔ اورا دو فرزند ارجمند یعنے مولوی شاہ حیدر علی و مولوی شاہ تقی علی بودند کہ ہر دو کمال ظاہر و باطن داشتند"۔

آپ کے مفصل حالات روض الازہر و حوض الکوثر و نفحات العنبریہ مین موجود ہین ناظرین مطالعہ کر سکتے ہین۔ آپ نے شب یکشنبہ پانچوین ماہ جمادی الاولے ۱۲۷۵ھ مین

بعمر ۹۰ سال وفات فرمائی۔ بعد وفات قاضی احمد علی خان وکیل کاکوروی نے نہایت عالیشان روضہ بنوایا۔ جو نظرافروز زائرین ہے۔ عرس آپ کا ۲۲ ماہ ربیع الآخر کو بہت دھوم دھام سے ہوتا اور تاریخ وفات پر بھی فاتحہ ہوتا ہے قطعہ تاریخ وفات از مولوی محی الدین خان ذوق کاکوروی سے

چند بارد حسرت آب از دیدۂ ریزان ما — آہ عمر کے شد کہ سیل اشک شد این امان ما
کردہ وا اینک بد لہا باز راہ کفر غم — رخنہ کین جور سپہر افگند در ایمان ما
دل خوش آن عہد یکہ ساز و برگ جز عیشے نبود — شد مبدل با غم الحق جملگی سامان ما
از دل نومیدہ یارب وائے خزن ذوق — صبر او باشد علاج درد بیدرمان ما
سنہ ۱۲۶۶ف — سنہ ۱۲۶۶

تفضل حسن خان

نواب تفضل حسن خان المتخلص بہ شیدا۔ ابن منشی علی حسن خان۔ ابن منشی معشوق علی۔ ابن شیخ طفیل علی علوی۔ ولادت انکی ۸ ماہ شعبان المعظم روز پنجشنبہ ۱۲۵۰ھ میں ہوئی۔ یہ بھی نہایت قابل وجیہ الصورت، پاکیزہ سیرت، شاعر نکتہ پرور، ماہر سخن گستر تھے۔ شیدا تخلص کرتے تھے اشعار خوب کہتے تھے۔ ذہانت وطباعی موروثی تھی۔ نظم کلام بوجہ دستبرد زمانہ ضایع ہوگیا۔ قطعات تاریخ البتہ موجود ہیں جو جا بجا درج ہیں۔ نثر بھی بہت نفیس لکھتے تھے۔ ایک کتاب موسومہ بہ انیس عشاق غیر مطبوعہ نثر میں موجود ہے۔ جس میں اُنھوں نے بہت سے جواہر آبدار جمع کئے ہیں۔ جن سے انکے اعلے درجے کے نثار ہونیکا پتہ چلتا ہے مختلف عنوان پر نثریں لکھیں۔ اور خود ہی اسکا جواب بھی لکھا مثلاً (عاشقی بہ نظر) سے

دیدم ترا و رفت ز دست اختیار دل — آرے ز دست دیدہ خراب است کار دل

بجلوۂ ظہور حضور قسم۔ و بہ بیگانگی محبت سوگند۔ کہ نا دیدہ جمالت آشنا شدہ۔ دل از من بیگانگی گیرند

و تا دل به مهرت آرمیده - دیده وبال جان گردیده ؎

من هر چه دیده ام ز دل و دیده دیده ام — گاهے ز دل بود گله گاهے ز دیده ام

روزے که از گلشن جنت قانع به بوے بودم - رنگ آمیزی بهار عشق محبت می نمودم - اکنون که دیده و دل را به تماشاے بهار جمالت آب و رنگ تازه بخشیدم - قسم بجانت که از دست دل و دیده چها دیده ام ؎

محبتے که مرا غائبانه بود بتو — کنون که روئے تو دیدم هزار چندان شد

مشکه در اول نظر خود را درباخته بودم - دیده و دل را وقف نظر ساخته آن طاقتم کجا که باین دل و دیده آرزوے دید و وادید می نمایم - و این عقدهٔ مشکل از کار دیده و دل برکشایم - لیکن دل که کیفیت بیخودی از یک نگاه هست دریافته با این طاقت نظاره در پئے هوس این عمر دوباره نشتافته بزبان حال با این مقال مترنم است ؎

چه حسنت اینکه از یک دیدنش دیوانه گردیدم — بیا تا بار دیگر بینمش و دیوانه تر گردم

آرے دیده که بکام دل بجمالت پیوست - جز جلوهٔ حسن تو چه می بیند - و دلے که بمراد دیده باشد با تو نشست بسیار بروز ما نشیند تا دیده و دل در عرصهٔ حیرت دیدار اسیر طلعت هم اند - طاقت نظاره و استقامت کلی نصیب دل و دیده حیران من باد به مجنون و فرهاد در جواب معشوق را ؎

حسن را در نظر عشق صفائے دگر است — ساز را زمزمه و نغمه نواے دگر است

آرے جلوهٔ آئینهٔ حسن تماشاگاه حیرانی است - و حلقهٔ دام نگاه زنجیر بند صید ناتوانی - آشنا دل را بیگانه داشتن - و تخم هوس در مزرعهٔ دل کاشتن - در عالم گرفتاری امرے است اضطراری - و دست و پا زدن این صید ناتوان از روے بے اختیاری قوت مشاهده را مرهون دل بیطاقت نمود و نغمه سراے ترانهٔ شوق دیدار می توان شد - تا از صاعقهٔ بارقهٔ جلوهٔ ظهور حضور دل را بجاے خود نشستن توان نگهداشت - نازک دلهاے حسن را رخصت استغناے نیست - و عاشق بیچاره غریق گرداب به احتیاج - چه بکرشمهٔ التفات جانان محتاج ؎

می برد هر کس نصیب خویشتن — هر کسے را انچه قسمت کرده اند

تو که در اول نظر باچشم تحیر ساختہ و در درد او تخت دل وجان باختہ غافل از آثار نتایج جذب القلوب مباش وبے خبر از اسرار نہان مشو که در صورت تکمیل مراتب محبت وداد دل طالب مطلوب ہم میرسد ہمین یک نشہ ہر دو جا ظہور میکند برین تقدیر اسباب بیخودی از ہر دو سو آمادہ است زیادہ والسلام"

انکا انتقال بتاریخ ۲ ماہ ذی الحجہ ۱۳۰۹ھ ہوا۔ خاندانی قبرستان تکیہ میوا شاہ مین دفن ہوئے

تقی حیدر

اخی و محترمی مولوی شاہ تقی حیدر مدظلہ خلف اوسط حضرت مولانا شاہ حافظ علی انور قلندر قدس سرہ۔ یہ بتاریخ ۲۶ ماہ شوال المکرم روز پنجشنبہ ۱۳۰۰ھ پیدا ہوئے۔ تاریخی نام نظام الدین حیدر غلام تقی۔ اور شریف حیدر بھی انکے نام ہین۔ بدو شعور سے آثار ذکاوت و ذہانت۔ و جودت وصلاحیت ان مین ظاہر و باہر تھے۔ انھون نے ابتدائی فارسی کتابین مولوی منصب علی ساکن تالگاون متعلقہ خیرآباد ضلع سیتاپور تلمیذ حضرت شاہ علی انور قدس سرہ سے پڑھین۔ پھر بقیہ فارسی کی کتابین۔ اور عربی کی ابتدائی کتابین شرح جامی تک اپنے حضرت والد ماجد قدس سرہ سے پڑھین اور فارسی مسودات کی اصلاح بھی لی۔ اُنکے وصال کے بعد جملہ علوم فقہ وحدیث و تفسیر تصوف و منطق و کلام و عقائد وغیرہ کی تحصیل حضرت اخی معظم زبدۃ الاتقیا مولانا شاہ حبیب حیدر قلندر مدظلہ سے کی۔ اور جملہ علوم بہت غور و فکر بحث و مباحثہ سے حاصل کئے۔ بارہا ایسا اتفاق ہوا کہ جو مسئلہ سمجھ مین نہ آتا تین تین دن تک بحث کرتے جبتک پورے طور پر سمجھ نہ لیتے آگے نہ بڑھتے۔ انشا پردازی و نثر نویسی عربی و فارسی مین انکو اچھی مہارت ہے۔ اور بہت عمدہ ونفیس عبارت فارسی لکھتے ہین۔ اوراد و مشاغل خاندانی کے بہت پابند ہین

۵ ماہ جمادی الاولے ۱۳۲۹ھ یوم فاتحہ حضرت شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ۔ حضرت اخی معظم مدظلہ کے دست حق پرست پر سلسلہ عالیہ قادریہ مین بیعت کی۔ اور اجازت و خلافت سلاسل سبعہ

سے سرفراز ہوئے۔ حضرت والد ماجد مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر قدس سرہ نے بھی اپنے وصال سے قبل اجازت و خلافت عطا فرمائی تھی۔

۱۳۳۴ھ میں بعد ختم کتاب فصوص الحکم دستار فضیلت یعنی اپنا گیروا دوپٹہ حضرت اخی معظم مدظلہ نے انکے سر پر باندھا۔ اور ۱۲ ماہ رمضان المبارک سنہ مذکور بعد فراغ تحصیل علوم اجازہ لکھ کر مرحمت فرمایا جو درج ذیل ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی خلق آدم وعلمہ الاسماء۔ ونفخ فیہ من روحہ وکرمہ علی سائر الاشیاء۔ واخرج من ذریتہ الانبیاء۔ واردفہم العلماء والفقہاء۔ احمدہ حمداً طیباً من اللسان۔ ونشکرہ شکراً خالصاً من الجنان۔ والصلوٰۃ والسلام علی من بعثہ اللہ تعالیٰ علی کافۃ الخلق بالشریعۃ الحنیفیۃ البیضاء ہو سید الانبیاء وسید الاولیاء محمد ن المصطفیٰ الذی قال العلماء ورثۃ الانبیاء وعلی آلہ الاتقیاء واصحابہ الاصفیاء صلوٰۃ کاملۃ بالغدو والرضا فی الصباح والمساء مادامت الارض والسموات العلاء۔ اما بعد فان السید السند والعضد المعتمد دوحۃ حدیقۃ الکرامۃ وثمرۃ شجرۃ الولایۃ روح ریحان مرشدی وفلذۃ کبد استاذی الشاب النجیب والعالم الاریب المنیر الازہر اخی مولوی محمد تقی حیدر سلمہ اللہ عن کل شرور وخطر وانشاءہ نشأۃ صالحۃ فی الدارین بالخیر والظفر وادام اللہ بقاءہ وزاد کل یوم فی معاعد الفضل ارتقاءہ۔ قرء کتب الفارسیۃ ومختصرات الصرف والنحو والمنطق من حضرۃ شیخی واستاذی ومن الیہ فی جمیع العلوم والفہوم استنادی مرشدنا و مرشد العالم المشہود لہ بالقطبیۃ والفردیۃ فی اطراف العالم المفتخر بین اقرانہ بالکمالات الاشہر مولائی وسیدی وابی الحافظ شاہ

علی انور قلندر عطر الله ترابه الاطهر ثم لما مرض المولی الممدوح فی مرض
وفاته امر هذه العبیدة المجروح الی تعلیمه وتدریسه فعلمت الاخ الموصوف
من الفوائد الضیائیة المعروف بشرح الجامی مابقی من الکتب الدرسیة
اعنی کتب الفقه والاصول والمنطق والمعانی والبیان والمناظرة والعقائد
والفرائض والکلام والفلسفة والتفسیر والحدیث من الصحاح الستة
والمسانید والتصوف والاوراد والاحزاب فلما حصل له الفراغ فی
شهر المحرم سنة الف وثلث مائة وثالث وثلثین من الهجرة النبویة
علی صاحبها الف الف سلام وتحیة فی کل بکرة وعشیة طلب منی اجازة
الفراغ وفق طریق المدرسین لکن قلة باعی وقصور متاعی یمنعنی عن
السلوک علی طریقة الکاملین ووالله اعتقد بنفسی انی لست هذا الان اجاز
فکیف بان اجیز ولکن الحال تخفی ویشتبه الصفو بالابریز وحیث ان الود
جفا والطالب عزیز تجاسرت علی هذا الامر الخطیر مرجیا من الله القدیر
ان یوصلنی علی هذه الدرجة الرفیعة والقدر الکبیر۔ فاقول قد اجزت
الاخ الموصوف لجمیع ماحصل لی روایة وقراءة من کتب المعقول والمنقول
والفروع والاصول بالشرط المعتبر عند علماء الشرع والاثر کما اجازنی
به الحضرت شیخی ومقتدائی ومهدئی ومعادی اوستادی ومن الیه
فی جمیع العلوم استنادی مولائی الحافظ شاہ علی انور جعل الله عقبة العلیا
محط رجال الافاضل الکرام وعلماء الربانیین العظام۔ وایضا اجزته کما
اجازنی به شیخی واوستاذی فی علم الحدیث والاحزاب مولانا المرحوم
السید محمد علی ابن السید طاهر الوتری المدنی المحدث الجید المتقن
المدرس فی حرم البلدة المعظمة اعنی مدینة النبی الاکرم صلی الله تعالی

علیہ وسلم کما ھو محرر فی ثبتہ العطیۃ عندی۔ وایضاً اجزتہ بما اجازنی بہ
فی علم الحدیث والاحزاب اوستادی مولانا محمد فرید الدین خان
المحدث الکاکوروی مدظلہ کما ھو محرر فی ثبتہ العطیۃ عندی وایضاً
اجزتہ ان یجیز من راٰہ اھلاً لذلک واوصیہ بما اوصی بہ نفسی من السلوک
علی الشریعۃ النبویۃ والسیرۃ العلویۃ وملازمۃ الورع والتقوی فی السر
والنجوی واختیار مشرب العالیۃ القادریۃ القلندریۃ مع حفظ اوراد ھا و
اذکارھا علی طریق اساطین ھذہ المشرب العلیۃ ومطالعۃ کتب العلماء
الراسخین فی الدین لاسیما مشائخنا الکاملین واجراء سلسلۃ الدرس
والتدریس علی حسب معمول اکابرنا العالمین وان یکون عالماً صوفیاً زاھداً
فی الدنیا دایم التوجہ الی اللہ منصبغاً بالاحوال العلیۃ راغباً فی السنۃ متبعاً
لحدیث رسول اللہ الاعظم صلی اللہ علیہ وسلم۔ واٰثار الصحابۃ طالباً لشرحھا
وبیانھا من کلام الفقھاء المحققین المائلین الی الحدیث عن النظر واصحاب
العقائد الماخوذۃ من السنۃ الناظرین فی الدلیل العقلی تبرعاً واصحاب السلوک
الجامعین بین العلم والتصوف غیر المتشددین علی انفسھم والمدققین
زیادۃ علی السنۃ۔ اللھم بارک فی عمرہ ورزقہ وزد فی قالہ وحالہ وارزقہ ما
رزقۃ لشیوخہ العظام واٰبائہ الکرام من النعمات الدینیۃ والدینویۃ مالاعین
رات ولااذن سمعت ولاخطر علی قلب بشر واحفظہ عن اعین الحاسدین
الماکرین واجعل ذاتہ الکریمۃ العزیزۃ انسان العین بین العلماء والاولیاء
الراسخین وارجوا منہ ان لاینسانی من صالح دعواتہ فی خلواتہ وجلواتہ
ولایدعنی من تضرعاتہ ونفحاتہ نسئل اللہ لی ولہ العصمۃ من عادات
ابناء الزمان من الجھل والشر والطغیان والتحلی بصریح الایمان

والعرفان والایقان انہ خیر من اعان ونختم الکلام فی ھذا المقام حامدًا للملک العزیز العلام ومصلیاً علی رسولہ ونبیہ مولانا محمد سید الانام وعلی الہ واصحابہ ھداۃ طریق الحق وحماۃ معالم الاسلام ۵۵۵۔

قالہ بفمہ وکتبہ بقلمہ العبد الاحقر حبیب حمید حشرہ اللہ تعالیٰ فی زمرۃ خدام مشائخہ واستاذہ یوم الفزع الاکبر فی الحادی والعشرین من شہر المبارک الرمضان الذی انزل فیہ القراٰن ھدی للناس وبینات من الھدی والفرقان یوم الاحد سنۃ الف وثلث ماۃ واربع وثلثین من ھجرۃ سید المرسلین وخاتم النبیین علیہ وعلی الہ واصحابہ واحبابہ صلوۃ کاملۃ عن رب العالمین خالق السموات والارضین فقط

انکا مشغلہ تصنیف وتالیف ہے جس کی ابتدا ۱۳۲۰ھ سے ہوئی۔ اس عرصہ میں انھوں نے عمدہ عمدہ تالیفات کئے۔ جن میں سے اکثر زیور طبع سے آراستہ ہوکر مقبول ہوے حسب ذیل تصانیف اسوقت تک ہو چکے ہیں (۱) ترجمہ اردو انسان کامل ہر دو جلد غیر مطبوع۔ (۲) ترجمہ اردو الکہف والرقیم فی شرح بسم اللہ الرحمن الرحیم (۳) مناظر الشہود فی مراتب الوجود (۴) ہدیۃ الشرف فی ترجمۃ من عرف (۵) کتاب نفحات العنبریہ من انفاس القلندریہ نہایت بے نظیر کتاب ہے (۶) فیوض العارفین فارسی (۷) جواہر المعارف (۸) ترجمہ فاتح الابصار (۹) ترجمہ کشف الدقائق (۱۰) ترجمہ الدر الیتیم (۱۱) ترجمہ زواہر الافکار (۱۲) ترجمہ تصفیہ (۱۳) ترجمہ قول المختار (۱۴) ترجمہ نخبۃ الصوارف (۱۵) ترجمہ تنویر الافق (۱۶) ترجمہ واقعات رشیدی (۱۷) کتاب تنویر الظلمات فی تفسیر المقطعات عربی غیر مطبوع (۱۸) انشاء نظامی۔ فارسی غیر مطبوع (۱۹) تحفۂ نظامیہ وغیرہ ادام اللہ فیوضہ وفتوحہ۔

تقی علی

حضرت مقتدائے جہان مولانا شاہ تقی علی قلندر خلف اصغر و خلیفہ حضرت غوث ملت مولانا شاہ تراب علی قلندر قدس سرہما۔ ولادت باسعادت آپ کی بتاریخ ۱۷ ماہ رجب المرجب ۱۲۱۳ھ ہوئی۔ آپنے ابتدائی چند کتابین اپنے عم اکرم حضرت مولانا شاہ حمایت علی قلندر سے۔ اور متوسطات اپنے برادر معظم حضرت مولانا شاہ حیدر علی قلندر قدس سرہما سے پڑھین۔ اور بقیہ کتابین مولانا محمد مستعان کاکوروی سے تمام کین۔ لیکن کتاب صدرا۔ شرح ہدایۃ الحکمت ملا محمد عظیم اصفہانی سے پڑھی۔ اور علم حدیث حضرت مولانا حاجی امین الدین محدث کاکوروی سے پڑھا اور سند بھی حاصل کی۔ کثرت مطالعہ کتب نیز درس و تدریس و بحث مباحثہ سے یگانۂ عصر و یکتائے دہر ہوئے۔ ساٹھ سال تک تخمیناً درس دیا۔ مولوی امجد علی مبلغ جو آپ کے ارشد تلامذہ اور محققین علماء سے تھے۔ بیان کرتے تھے کہ ”مین اپنے زمانۂ طالب علمی مین اکثر علماء کے درس مین حاضر ہوا۔ مگر کسی کے یہان تحقیق و تدقیق اور طرز درس نہین پایا۔ جیسا کہ اپنے حضرت استاد کے یہان پایا۔“ اکثر آپکے معاصرین جو مشہور زبردست فاضل اور صاحب تصانیف تھے۔ مثل مولانا حکیم لطف اللہ لکھنوی و مولانا ابو البرکات رکن الدین مشہور بہ مولانا تراب علی۔ و مولانا مفتی عنایت احمد ساکن دیوہ ضلع کاکوری۔ و مولانا مفتی سعد اللہ رامپوری وغیرہم فرمایا کرتے۔ کہ ”مولانا تقی علی اگر کسی بڑے مقام پر رہتے ہوتے تو علم و فضل مین شاہ عبد العزیز محدث دہلوی سے کسی طرح کم نہ مشہور ہوتے“ مفتی عنایت احمد صاحب کا مقولہ تھا کہ ”مینے علم و فضل مین کسی کو مولانا کا مثل نہین پایا“۔ مفتی سعد اللہ رامپوری۔ و مولوی لطف اللہ لکھنوی۔ آپ کو اپنے خطوط مین لفظ استاذی سے مخاطب کرتے تھے۔ ریاضات و مجاہدات و عبادات نافلہ و التزام امور شریعت و آداب طریقت مین اپنا مثل نہین رکھتے تھے۔

بیعت آپ کو سلسلۂ عالیہ قادریہ مین نیز اجازت و خلافت و تعلیم و تربیت امور باطنی و وراد و اشغال وغیرہ کی اپنے حضرت والد ماجد سے تھی۔ صرف از کار کی تعلیم حضرت شاہ افضال اللہ قلندر کاکوروی خلیفہ حضرت شاہ محمد کاظم قلندر سے پائی۔ بعد وفات اپنے حضرت والد ماجد انکے فاتحۂ چہلم کے روز حضرت مولانا شاہ حیدر علی قلندر قدس سرہ سے آپنے تجدید خلافت کی۔ اور نہایت آن بان کے ساتھ مشیخی بلاتشنیخ کی۔ اور بہت مرجعیت و مقبولیت حاصل کی۔ اللہ تعالے نے آپ کی ذات ملکی صفات کو عجیب و غریب جامعیت عطا کی تھی نہایت وجیہ اور جامہ زیب تھے۔ حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ سے عینیت صوری و معنوی حاصل تھی۔ صورتاً منطوق حدیث الذین اذا رؤا ذکر اللہ اور سیرتاً مفہوم تخلقوا باخلاق اللہ کے مصداق تھے۔ علم تصوف اور تحقیقات مین غزالی وقت۔ اور تفسیر حدیث مین رشک بخاری و مسلم۔ فقہ مین جانشین ابوحنیفہ۔ حکمت و فلسفہ منطق و کلام وغیرہ مین فخر فارابی و بوعلی۔ تاریخ مین استاد ابن اثیر سے بھی بڑھ کر تھے۔ غرضکہ ہر فن مین کامل اور مجموعی حیثیت کمال سے ضرب المثل گذرے

تلامذہ آپ کے بہت ہوئے۔ جن کے اسماءگرامی نفحات العنبریہ و مواہب القلندر مقدمہ روض الازہر فی مآثر القلندر مین مرقوم ہین۔

آپ کے مصنفات مین سے ایک ضخیم کتاب روض الازہر فی مآثر القلندر ہے جس کا موضوع حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ کا ملفوظ ہے۔ ضمناً کثرت سے مباحث علمیہ بھی ہین۔ اس کتاب کی تکمیل آپ خود نفرما سکے۔ سماع کے ذکر تک تصنیف کتاب کی نوبت آئی تھی کہ وفات ہوگئی۔ بعد وفات آپ کے تلمیذ رشید و خلیفہ ارشد حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر قدس سرہ نے حسب اشارات و بشارات مخصوصہ اسکا تکملہ موسومہ بہ حوض الکوثر لکھا دونون زیور طبع سے آراستہ ہو چکے ہین۔

دوسرا رسالہ خصال عشرۂ فطرت کے بیان مین ہے وہ بھی طبع ہوگیا ہے۔ آپکے

مفصل حالات زندگی معہ کرامات وارشادات وغیرہ حوض الکوثر تکملۂ روض الازہر و مواہب القلندر
و نفحات العنبریہ مین موجود ہین ۔ خلفا آپ کے یہ حضرات ہوئے (۱) حضرت مولانا شاہ علی اکبر
قلندر برادر زادہ آنحضرت (۲) حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور نبیرۂ آنحضرت مفہوم الخلیفۃ فی
حکم المستخلف (۳) حضرت مولوی شاہ رکن الدین قلندر سجادہ نشین آستانہ لاہرپور ضلع سیتاپور
اودھ (۴) حضرت شاہ علی احمد عرف شاہ حبیب انور قلندر سرگروہ فقرائے آزاد ساکن خیرآباد ضلع
سیتاپور اودھ (۵) قاضی خواجہ محمد ساکن ملکاپور منمضاف صوبہ برار ۔

آپ نے بتاریخ ۱۰ ماہ رجب المرجب روز چہارشنبہ سنہ ۱۲۹۰ھ بعارضۂ تپ محرقہ وصال فرمایا
اور اپنے والد ماجد کے روضہ کے حریم مین جانب مشرق دفن ہوئے ۔ تاریخ وفات پر فاتحہ بطور
عرس ہوتا ہے ۔ عمر شریف ۷۷ سال کی ہوئی ۔ آپ کی وفات کے بعد منشی عبد الحی عرشی کاکوروی
نے روضہ بنوایا ۔ جو زیارت گاہ خلائق ہے ۔ وفات کی تاریخین بکثرت ہین جو ایک رسالہ کی
صورت مین سراپائے غم کے نام سے شایع ہو چکین ۔ جن مین سے مولوی امجد علی تبلیغ کی منظومہ
تاریخ وفات درج ذیل ہے ؎

حیف رحلت کرد قطب اتقیا	زیب علم و زیب فقر و زیب دین
وارث علم نبی ابن علے	خود تقی ابن رئیس المتقین
علم و عرفان از جمال او عیان	زہد و تقوے روشن از نور جبین
در تصوف آفتابے بر فلک	در تشرع آسمانے بر زمین
در علوم فقہ یک بحر محیط	در احادیث و سنن حصن حصین
مستقیماً کان فی احوالہ	تیقی حق التقی فی کل حین
فاضلاً براً تقیاً کاسمہ	کاملاً حبراً علیاً بالیقین
کیف لا والاسم من فوق السما	حبذا ما قال ختم المرسلین
پشت خم شد زین الم چرخ کہن	وز ملالت تیرہ شد روئے زمین

شور ہا افتاد در قبر و جوار | نالہا بر شد بہ چرخ ہفتمین
چار شنبہ ہفدہم ماہ رجب | بود تاریخ وصال آن مہین
بہر سالش از فلک آمد ندا | آفتاب علم شد اندر زمین

سنہ ۱۲۹۰ھ

تقی یاور خان

مولوی شیخ تقی یاور خان ۔ابن شیخ غلام حسن ۔ابن حکیم محمد روشن شہید ۔ابن حکیم عبداللہ ابن شیخ محمد ولی صدیقی النسب نقشبندی المشرب کاکوروی۔

یہ بہت بزرگ صاحب نسبت رندمشرب صاحب کشف و کرامات تھے۔علوم متعارفہ مین پوری دستگاہ رکھتے تھے ۔حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر کے مرید تھے۔

یہ گورکھپور مین نائب تحصیلداری کے زمانہ مین ایک بزرگ سے جو رندمشرب عارف تھے اور بعہدۂ تحصیلداری وہان متعین تھے فیضیاب ہوئے تھے ۔اونھون نے قبل فیض دینے کے یہ شرط کی تھی کہ دو چیزین ہین ۔جوانا مرگی ۔اور جذام ۔ان دونون مین سے ایک کو قبول کرو تو فیض ہو سکتا ہے ۔انکو چونکہ طلب صادق تھی ۔اور کشود کار اُنکے ہاتھ سے ہونے والا تھا لہذا جوان مرگی قبول کی ۔اور اُن سے فیض حاصل کیا۔

انکے فیضیاب ہونیکا مفصل قصہ یون ہے کہ اُس زمانہ یہ اہلمد تحصیل تھے طلب صادق پہلے ہی سے دل مین تھی ۔اکثر اوقات مثنوی مولانا روم رح کا مطالعہ کرتے رہتے ۔ایک روز مثنوی شریف مین بغرض دریافت کشود باطنی فال دیکھی تو سب سے پہلے ماہی گیر کا قصہ نکلا۔ فوراً ہی یہ خیال جاگزین ہوا ۔کہ ایسے شخص سے فیض ہوگا کہ جو مچھلی کا شکار کرتا ہوگا تعطیل کے دن یہ حسب دستور وہان کے تحصیلدار صاحب سے ملنے گئے ۔تحصیلدار صاحب چونکہ وہان نہایت بدچلن مشہور تھے ۔کسی نہ کسی کو روزانہ ضرور بلایا کرتے تھے ۔اور اُس عورت کو

اپنے پلنگ پر سونے کی اجازت دیدیتے۔ اور خود رات بھر عبادت مین مصروف رہتے صبحکو
جو کچھ اُسکا مقرر ہوتا دے کر رخصت کردیتے۔ اور کہتے کہ اگر کسی سے اظہار کروگی تو اچھا
نہوگا۔ ان کو اُن سے کچھ ایسی عقیدت پیدا ہوگئی تھی۔ کہ یہ انکے فعل پہ کبھی معترض نہین ہوتے
بلکہ اسکو ملامت خیال کرتے تھے۔ مکان پر پہونچکر ان کو معلوم ہوا کہ تحصیلدار صاحب موجود
نہین ہین۔ مچھلی کا شکار کھیلنے تالاب پر شہر سے باہر گئے ہوئے ہین۔ یہ معلوم ہوتے ہی
ان کو اپنا خواب یاد آگیا۔ اور اس امر پر خیال جم گیا کہ انھین سے فیض ہوگا۔ ماہی گیر یہی ہین
خیال آتے ہی تالاب کی طرف روانہ ہو گئے۔ تحصیلدار صاحب نے دیکھتے ہی پوچھا کہ
منشی جی خیر ہے۔ آپ یہان کیسے آئے۔ اور کیا ایسی ضرورت لاحق ہوئی۔ جس سے یہان
آنے کی تکلیف گوارا کی۔ انھون نے کہا کہ مین عرصہ سے اس فکر مین تھا کہ کسی سے فیض
باطنی حاصل کرون۔ مثنوی شریف مین فال دیکھی۔ تو ماہی گیر کا قصہ نکلا۔ آپ کے پاس
حاضر ہوا۔ معلوم ہوا کہ آپ مچھلی کے شکار کو تشریف لے گئے ہین۔ مین حاضر ہوا ہون اور
آپ سے فیوض باطنی کا مستدعی ہون۔ تحصیلدار صاحب نے بہت مضحکہ اڑایا۔ اور کہا کہ
آپ اچھے طالب حق پیدا ہوئے ہین۔ ایک دنیادار مکار بدچلن سے طلب حق کرنے تالاب
پر آئے ہین۔ انھون نے اسکے جواب مین کہا۔ کہ اب تو مین حضرت مولانا روم کی نشاندہی
پر آپ سے طالب ہوا ہون۔ بغیر حاصل کئے نہین رہون گا۔ تحصیلدار صاحب نے اظہار
تنغض کیا۔ اور شکار چھوڑ کر چلے آئے۔ یہ بھی ہمراہ ہوئے۔ اُس روز سے تحصیلدار صاحب
کے یہان روزانہ حاضر باشی شروع کی۔ اور طلب کرتے رہے۔ اور وہ برابر مذاق مین ٹالتے
رہے۔ یہ کسی طرح باز نہ آئے۔ تو ایک روز تحصیلدار صاحب جو درحقیقت اولیاء کاملین سے
تھے انکا ہاتھ پکڑ کر تنہائی مین لیگئے۔ اور کہا کہ آپ نے تو بہت پیچھا لیا ہے۔ اب بتائیے
کہ جوان مرنا قبول ہے یا کوڑھی ہوکر زندہ رہنا۔ انھون نے جوان مرگی قبول کی۔ تحصیلدار
صاحب نے کہا کہ جائیے اور مرچ کھانے کی کثرت کیجئے۔ جب پاؤ بھر روزانہ کھا لینے کے

عادی ہو جائیے گا تب ہم سے کہئے گا۔ انھون نے مرچ کھانا شروع کی۔ جبوقت مقدار معین پوری ہو گئی۔ انھون نے اطلاع کی۔ پھر تحصیلدار صاحب نے مذاق شروع کیا اور کہنے لگے کہ کوئی کیا کرے گئی۔ روز اسی طرح برابر ناستے رہے۔ ایک روز اجلاس پر بلا کر کہا کہ منشی جی ذرا قلم بنا دیجئے۔ انھون نے قلم بنا کر پیش کیا۔ دیکھ کر کہا لاحول ولا قوۃ آپ کو تو اب تک قلم بھی نہین بنانا آتا ہے۔ خود چاقو لیکر قلم بنانا شروع کیا۔ جیسے تحصیلدار صاحب نے قلم کا میدان تراشا۔ ویسے ہی ان پر عالم ناسوت کھل گیا۔ اور جب داہنی جانب قلم چھیلا تو عالم ملکوت۔ اور جب بائین جانب چھیلا تو عالم جبروت کا کشود ہوا۔ اور جب قط رکھا تو عالم لاہوت منکشف ہوا۔ ہر چہار عالم کے ایک دفعہ کھلجانے سے ان کو تاب نہ رہی زمین پر گر کر تڑپنے لگے۔ لوگ دوڑ پڑے۔ تحصیلدار صاحب نے کہا کہ ان کو صرع کا دورہ ہوا ہے جلد اٹھا لیجاؤ اور اسیوقت ایک رپورٹ حاکم ضلع کو لکھی کہ منشی جی کا تبادلہ فلان تحصیل کا کر دیا جائے۔ اور وہان جو منشی ہے وہ میرے اجلاس پر بھیجدیا جائے۔ حاکم ضلع کے یہان سے منظوری آگئی۔ تحصیلدار صاحب فوراً دورے پر چلے گئے۔ اور اہل عملہ سے یہ کہہ گئے کہ جب منشی جی ہوش مین آجائین تو کہدینا کہ تحصیلدار صاحب تم سے بہت ناراض ہین۔ اور فلان تحصیل مین تم کو تبدیل کر دیا ہے۔ جب ان کو ہوش آیا۔ اور سب واقعات معلوم ہوئے۔ تو اسی تحصیل مین جہان کے لئے حکم آیا تھا روانہ ہوئے۔ اور وہان بظاہر اہلمد اور بباطن صاحب خدمت رہے۔

انکے بہت سے کرامات اور واقعات ہین منقول ہے کہ ایک مرتبہ جب یہ مین پوری مین تھے سخت قحط پڑا ہر چند دعا کی جاتی تھی۔ اور نماز استسقا پڑھی جاتی تھی۔ مگر بارش کسی طرح نہین ہوتی تھی۔ بالآخر لوگون نے ان کو گھیرا اور توجہ کی درخواست کی۔ ان پر جذبی حالت طاری ہوئی۔ اور اسی حالت مین پلنگ پر لوٹنا شروع کیا۔ یہ فقرہ انکے ورد زبان تھا کہ ذات محبت کی ہی تاثیر ہے۔ تھوڑے ہی عرصہ مین ابر آیا۔ اور اسقدر بارش

ہوئی کہ تمام ندی اور نالے سب بھر گئے۔ لوگوں نے جو کثرت بارش سے منتشر ہو گئے تھے کچھ
دیر کے بعد خیال کیا کہ بارش تو خوب ہوئی۔ مگر مولانا خود بھیگتے ہوں گے۔ چلکر اٹھانا چاہیئے
چنانچہ آکر عرض کیا کہ خوب اچھی طرح سے پانی برسا اب آپ اُٹھئے تب یہ اُٹھے دیکھا گیا تو
انکا جسم اس بارش سے ذرا بھی تر نہ تھا۔ اور نہ چارپائی تر ہوئی تھی۔

بعد چندے بحالت جوانی بے نام و نشان ۱۲۷۷ھ میں وفات پائی۔

قطعہ تاریخ انتقال از منشی مقصود احمد المتخلص بہ نطق کاکوروی

خان بیدار دل تقی یاور — سفری شد بروضۂ رضوان
سال نقلش منادی غیبی — گفت ابرار وقت شد ز جہان

۱۲۷۷ھ

ث

ثناءاللہ خان

شیخ ثناءاللہ خان ۔ ابن شیخ کرم اللہ خان ۔ ابن نواب منتظم الملک شیخ جار اللہ علوی صوبہ دار خیرآباد ۔ یہ بہت بڑے عالی ہمت ، نیک ، با وجاہت ولیاقت صاحب جاہ وحشمت رئیس تھے ۔ دو تین سو پیادے سپاہی ہر وقت ساتھ رکھتے ۔ جب کوئی حادثہ یا ہنگامہ پیش آتا ۔ تب ہی مقدم ہوکر نکلتے ۔ اور قلعہ مین بیٹھکر تحصیل وصول کرتے انکی وجہ سے اس قصبہ مین کبھی کوئی ہنگامہ نہین ہونے پایا ۔ دو تین موقعہ ایسے پیش بھی آئے انھین نے سینہ سپر ہوکر مدافعت کی ۔ اطراف وجوانب کے لوگ بوجہ انکے دادا شیخ جاراللہ کے احسانات واخلاق کے انکو بہت مانتے ۔

منشی فیض بخش اپنے نسب نامہ موسومہ بہ چشمۂ فیض مین لکھتے ہین کہ ۔

"شیخ ثناءاللہ را ہم حوصلہ ریاست کاکوری درسر بود ۔ اکثر در حال وقوع حوادث چنانچہ کشتہ شدن راجہ نولرائے وغدر وفتور پیدا شدن درین صوبہ و شکست نواب شجاع الدولہ از بکسر وغیرہ دو سہ صد پیادہ سپاہی نگاہ داشت ۔ خروج می فرمود و در قلعہ نشستہ تحصیل جاری می نمود ۔ باز ہر گاہ نظم ونسق صوبہ درست میشد ۔ خاموش می نشست ۔"

اس سے زیادہ حال نیز سنہ ولادت ووفات وغیرہ نہ دریافت ہوسکا ۔

ج

جار اللہ

نواب منتظم الملک خان ترخان[1] شیخ جار اللہ علوی ہفت ہزاری صوبہ دار خیر آباد وغیرہ ابن ملا عظمت اللہ۔ ابن ملا عزیز اللہ۔ ابن ملا عبد الکریم۔ یہ معزز اور معتمد دولتمند اور ذی شوکت شخص تھے۔ حضرت ملا عبد الکریم صاحب کی اولاد مین بہت نامور گذرے۔ اور بلحاظ اقتدار دنیاوی اپنے بزرگون سے زائد نام پیدا کیا۔ خدمت فوجداری و امانت سرکار خیر آباد معہ دیگر محالات انھین کے سپرد تھی۔ قصبہ ہونہ معہ دیگر دیہات جاگیر مین ملے تھے۔ وہین ایک گانون جار اللہ نگر کے نام سے آباد کیا تھا۔ چار ہاتھی۔ اور چار توپین اور دس ہزار سوار اور پیادہ انکے ہمرکاب رہتے۔ افاغنہ ملیح آباد جو نواب کہلاتے تھے اور رودسالے عالم نگر و رام نگر یہ سب انھین کے رفقا و ملازم تھے۔

چونکہ انکا نشوونما دہلی کے شہنشاہی دربار کی فضا مین ہوا تھا۔ اور ابتدائے عمر سے یہ عہدہ ہائے جلیلہ پر فائز ہونے لگے تھے۔ بجلدوے خدمات عظیمہ منصب ہفت ہزاری وخطاب نواب منتظم الملک خان بپیشگاہ حضرت شاہنشاہ عالمگیر سے پایا۔ اور بالآخر منصب ترخانی پر فائز ہوئے۔ شاہنشاہ عالمگیر برخلاف اپنے اجداد خطابات و مناصب کے

---

[1] ترخان ایک پرانا ترکی لقب اعزازی ہے۔ اس خطاب کے لوگ ادائے ٹکس سے معاف تھے۔ پرانے ترکی کا غذات مین لفظ ترکو کے معنے امان نامہ و سند امارت کے ہین۔ اور زبان منگولین مین ترخان لکھو کے معنے کسی شخص کو کسی قسم کا استحقاق عطا کرنے کے ہین ۱۲ ماخوذ از تاریخ بخارا انگریزی مصنفہ آرمینیس وامبیری مطبوعہ لندن۔

عطا کرنے مین بہت سخت تھے۔ اور سوائے اہم ترین خدمات کے اور کسی حال مین یہ عطیات نہین ہوتے تھے۔ مؤرخین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ حضرت محی الدین اورنگ زیب عالمگیر کے زمانہ مین سب سلاطین کے وقت سے کم منصب اور خطابات تقسیم ہوئے۔

شیخ جار اللہ کے رفعت وشان کا یہ خاص نشان ہے کہ ایسے بادشاہ کے ہاتھ سے اُنھین منصب ہفت ہزاری خطابات خانی (معہ فرزندان) و نواب منتظم الملک ملا۔ اور بالآخر منصب ترخانی پر فائز ہوئے جس منصب کا لازمہ یہ تھا کہ خلعت و انعامات و رقم سالانہ بلا تکلیف خدمات مزید ملا کرتے تھے۔ حق یہ ہے کہ دنیاوی جاہ و تجمل عز و شرف کے اعتبار سے اس (کاکوری) مین انکے پایہ کا کوئی دوسرا شخص پیدا نہین ہوا۔

حضرت شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ کشف المتواری مین تحریر فرماتے ہین۔

"شیخ جار اللہ منصب دار بادشاہی و رسالہ دار صاحب فیل و سوار شدند کٹرہ۔ وقلعہ پختہ ساختند زیادہ تر از پدر خود صاحب اقتدار و نامدار شدند"

منشی فیض بخش صاحب اپنے نسب نامہ موسومہ بہ چشمہ فیض مین لکھتے ہین۔

"شیخ جار اللہ از آبا و کرام خود ترقی زیادہ کرد۔ بیشتر کار سرکار خیرآباد متعلق می بود قصبہ جھونہ کہ متصل باڑی است درجاگیر او بود چنانچہ جار اللہ نگر در انجام آباد فرمود۔ حالا ویران است در عہد سلاطین صوبہ داران صوبہ اودھ دو زنجیر فیل و دو ضرب توپ با خود ہا متعینہ میداشتند۔ و شیخ جار اللہ باوصف آنکہ کاریک سرکار از او تعلق میداشت۔ چہار زنجیر فیل و چہار ضرب توپ با خود میداشت۔ و دہ ہزار سوار و پیادہ ملازم رکاب او بودند و افاغنہ ملیح آباد شمشیر خان و سنجر خان کہ نواب میگو بایند و افاغنہ رُوسار رام نگر و عالم نگر ہمیشہ رفیق و نوکر او می بودند۔ ازین قدر ثروت کہ نوشتہ می شود۔ دیگر لوازم حشمت و شوکت او را قیاس باید کرد چنان در حویلی پدر گنجایش خود و سامان خورش نیافت حویلی دیگر مقابل آن در قطعات ایمہ معافی قلعہ پختہ معہ

بروج اربع واندرون آن حویلی و دیوانخانۂ وسیع در فیع تعلیم آئینہ متعددہ و دروازہ بزرگ کہ فیل با عماری درآید۔ و بالائے آن بارہ دری خوبصورت۔ خوش ترکیب و پائین آن طویلۂ اسپان و بیرون آن جلوخانہ۔ و کٹرہ بازارہا و دوکانہائے پختہ بکمال استحکام تیار نہادہ کہ در قصبات دیگر خصوص در کاکوری این قسم حویلی عمدہ و کثرت رعایا دیگرے ندارد و ع آثار پدید است صنادید عجم را۔ سوائے آن باغات و اراضی معافی۔ و دیہات التمغا بسیار پیدا فرمود۔

منشی غلام مرتضیٰ صاحب جواہر الانشاء مین لکھتے ہین۔

"شیخ جار اللہ از دولتمندان نامدار و ذی شوکتان عالی مقدار سامان ثروت و کارخانۂ دولت بسیار داشت۔ خدمت فوجداری و امانت سرکار خیرآباد و محالات دیگر بتوجہ محمد یار خان پسر بہمن یار بنام شان مقرر گشت و از حضور بادشاہ بمنصب و جاگیر سرفرازی میداشت۔ در عہد عالمگیر بادشاہ ہیچ کار بے ضابطہ از خطاب و سواری فیل و پالکی جھالردار و عطائے سرپیچ مرصع نمی شد۔ واحدے را مجال و یارائے نہ کہ از مرکز اعتدال و مرتبۂ خود پا بیرون گذارد۔ و کارے خلاف ضابطہ نماید۔ شیخ از حضور بادشاہ بہ منصب و جاگیر سرفرازی میداشت و عطائے پالکی جھالردار و سرپیچ مرصع شدہ مامور بہ سواری فیل بود و ہم ہفت ہزار سوار و پیادہ بہ تنخواہ خود نوکر گرفتہ عمل محالات متعلقہ می نمود و سامان کارمی داد۔ شمشیر خان و سنجر خان کہ دران زمان بجز لفظ خانی بیش نبودند بسرکار شیخ بہ آبرو و حرمت نوکر بودند۔ خلاصہ کلام شیخ فیاضے بود کہ با خویشان و اقارب علی قدر مراتب سلوک و مراعات می نمود اسپان و زرہا بر قوم و مردم برادری تقسیم مینمود چنانچہ اکثران در عہد دولتش تعمیر عمارت پختہ کردہ صاحب مایہ شدند۔ و مردم برادرانش از کوچک و بزرگ محروم نگذاشت۔ عجب خوش نصیبے بود کہ ہرگاہ کہ پایۂ عزل بمیان آمد سامان و سرانجام فروختہ طلب تنخواہ سپاہ می داد و بیکار شدہ بخانہ می نشست۔ دران نزدیکے باز بمساعدت طالع بلند و کوکب ارجمند بسعے مربیان حضور شاہی بحالی خدمت سرفرازی شد۔ و در طرفۃ العین بسرانجام مہم میرسید بدستور با حشم و خدم و شدہ و تمام عازم بند و بست محالات

متعلقہ میگردید - الحاصل مردم بفیاضیش فیضہا برداشتند وخوش زندگانی کردند - درزمان

اقتدارش رونق این شہر دکاکوری، بیشتر بود وحویلی کلانش یادگار کلان بر دولتش

خواہد ماند"

اب شیخ جاراللہ صاحب کی یادگار سے انکے قلعہ کا کچھ حصہ اور بارہ دری اور محل اور حضرت ملا عبدالکریم رحمۃ اللہ علیہ کی مسجد باقی ہے جسکو انھون نے بجاے مسقف کے گنبددار کردیا تھا۔ اسکے علاوہ عطائے منصب وخطاب کا عالمگیری فرمان۔ اور انکے ذاتی اسلحہ مین سے ایک جوہردار قرولی جسکے دستہ پر اور میان پر نہایت اعلیٰ قسم کے نیلے مینا کا کام بنا ہو موجود ہے - یہ دونون چیزین انکی اولاد مین سے قاضی خادم حسن متوطن امیٹھی کے قبضہ مین ہین -

انکا زاید حال نیز سنہ ولادت ووفات باوجود سعی وکوشش نہ دریافت ہوسکا انکی قبر تکیہ بے نوا شاہ مین جانب جنوب وشرق اسپتال کاکوری خطیرہ کے اندر موجود ہو۔

جعفر علی

مولوی جعفر علی المتخلص بہ جادو وعلوی - ابن مولوی مہدی علی - ابن مولوی حافظ مظہر علی محدث - ابن شیخ غالب علی - ابن شیخ غلام صفی - ابن شیخ محمد نواز - ابن حافظ خلیل الرحمٰن شہید -

یہ نہایت متورع ثقہ دیانت دار خوش اوقات صوفی منش شخص تھے - عربی وفارسی اپنے والد ماجد ومولوی امجد علی صاحب سے پڑھی - حضرت مولانا شاہ حیدر علی قلندر قدس سرہ کے باخلاص مرید تھے - اور اُن سے فیضیاب بھی تھے - اُنکی بھی عنایت انپر بہت تھی -

منقول ہے کہ ایک مرتبہ انھون نے اپنی کارگذاری بیان کی اور کہا کہ مین نے ایک بہت نامی ڈاکو پکڑا - حضرت شاہ حیدر علی قلندر نے سنکر ارشاد کیا کہ یہ تو سن لیا، مگر جعفر علی اپنا بھی چور پکڑ لیو - اس ارشاد کا ان پر بہت اثر ہوا اور اُسی وقت سے یہ یاد حق اور اشتغال باطنی کی طرف متوجہ ہو گئے - بہت اچھے خوشنویس تھے - شاعری کی طرف بھی میلان خاطر تھا

اور شعر اچھا کہتے تھے۔ ابتدا مین جادو تخلص کرتے تھے۔ پھر علوی تخلص اختیار کر لیا تھا۔ چند اشعار فارسی یعنے غزلیات درج ذیل ہین ؎

فروشم زہد و تقوے را بہ یک جام شراب اینجا — ہمین رندی و بیباکی بود کار صواب اینجا
عجب سودائے پرشورے بسر دارم ز بیتابی — کہ مجنون درس میگیرد ز وحشت صد کتاب اینجا
روان شد جدول خون از دل خونین شب ہجران — تنور نوح شد از جوش غم چشم پر آب اینجا
مکن جادو بہ غفلت صرف این عمر گران مایہ — غنیمت دان حباب یک نفس ہیچون حباب اینجا

طرفہ نوریست کہ در طرز بیانم دادند — ورق از سحر طور زبانم دادند
زور بازو فصاحت بکمانم دادند — تیر بر مصرعۂ برجستہ نشانم دادند
تا بسوزد دل دیوانہ بشمع رخ او — آتش عشق ز پروانہ نشانم دادند
غم مخور غم مخور از درد جدائی ایدل — در فضائے چمن قدس مکانم دادند
فیض رندیست کہ ما مست مے وصل شدیم — در خرابات مغان شوکت شانم دادند
بزخشان تیغ زبان زن کہ دگر اے جادو — دل بلا علا ہدف تیر و کمانم دادند

عرصہ تک یہ ضلع ہمیرپور مین سب انسپکٹر پولیس رہے۔ بہت دیانت داری اور خوش اسلوبی سے اپنے فرائض انجام دیئے۔ ایک قصیدہ موسومہ بہ تفاخر ابدی انکے تصانیف سے طبع ہو چکا ہے۔ انھون نے بتاریخ ۱۱ ماہ شوال المکرم روز دوشنبہ ۱۲۹۹ھ مطابق ۲۷ اگست ۱۸۸۲ء بعارضہ ہیضہ انتقال کیا۔ اور قصبہ راٹھ ضلع ہمیرپور مین دفن ہوئے۔

جعفر علیخان

خان بہادر مولوی جعفر علیخان۔ ابن شیخ کرم کریم ابن شیخ مظہر علی۔ ابن شیخ غلام نجف ابن شیخ محمد غلام۔ ابن ملا محمد زمان علوی کاکوروی۔

یہ نہایت ذی علم اور بہت بڑے سخی رحم دل منکسر مزاج سادہ لباس تھے۔ ابتدائ

ریاست گوالیار مین ریزیڈنسی کے میر منشی ہو گئے تھے بزمانۂ جنگ گوالیار مین بصلۂ حسن خدمات نواب گورنر جنرل بہادر نے سات پارچہ کا خلعت اور خطاب خان بہادر ان کو عطا فرمایا۔ یہ ہر عزیز و بیگانہ کے ساتھ نہایت سلوک سے پیش آتے خفیہ طور پر لوگون کی بہت خدمت کرتے صدہا یتیم و بیکس لڑکیون کے نکاح کرا دئے۔ روپیہ کو نہایت بے حقیقت جانتے۔ جسوقت روپیہ موجود نہ ہوتا اور کوئی سائل آتا۔ تو اکثر عورتون کا زیور دیدیتے۔ ایک ہموطن نے ان سے دس ہزار روپیہ قرض لیا تھا۔ ایک روز وہ ملاقات کو آئے۔ اور اثنائے گفتگو مین انکی زبان سے یہ جملہ نکلا کہ مولوی صاحب آپکے روپیہ کی ادائگی کا مجھے بہت خیال ہے۔ انھون نے یہ سنتے ہی فوراً اپنا صندوقچہ منگا کر انکے تمسک کو پھاڑ ڈالا۔ اور کہا کہ مین نے کمایا۔ اور آپ نے خرچ کیا۔ یہ کاغذ چونکہ بنائے فساد ہے۔ اسکا رہنا مناسب نہین۔ اسیطرح کے اور بہت سے قصے ہین۔ تمام عمر اسیطرح بسر کی۔ اور اہل و عیال کیلئے کچھ نہ چھوڑا۔ غدر کے دوران مین اپنے اثر و سفارش سے مچھلی شہر و جونپور کے سادات کی بڑی جائداد ضبطی سے بچائی۔ اور اپنے کابلی دوستون کے ذریعہ سے روپیہ بھیجکر غزنین کے متصل کئی مقامات پر کنوین تعمیر کرائے جو اب تک موجود ہین۔

انھون نے بتاریخ ۸ ماہ رمضان المبارک ۱۲۷۰ھ بمقام سندیلہ انتقال کیا اور وہین دفن ہوئے۔ قطعۂ تاریخ وفات از منشی عنایت حسین بلگرامی ؎

محمد جعفر علی خان بہادر عالیجاہ	روانہ گشت بخلد برین ازین عالم
عنایت از پئے تاریخ حاتم دوران	دوشنبہ بود و ہشتم صیام کرد رقم

۱۲۷۰ھ

جعفر علی شیون

منشی جعفر علی متخلص بہ شیون ابن شیخ باقر علی ابن شیخ عبد الرؤف ابن قاضی محمد حافظ عباسی

یہ بہت قابل اور لائق انشا پرداز تھے تعلیم و تربیت حضرت والد ماجد مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر قدس سرہ سے پائی۔ حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ کے مُرید تھے شعر و سخن مین اصلاح مولوی محی الدین خان ذوقؔ سے لیتے تھے۔ اچھے شاعر تھے۔

دو کتابین ان کی مصنفات سے ہین۔ جو میری نظر سے گذرین۔ اول سہ نثر جعفری برطرز سہ نثر ظہوری۔ اسمین پہلی نثر منقوط ہے۔ اور دوسری نثر غیر منقوط۔ تیسری نثر مین لغات کے معانی ہین۔ یہ کتاب کتبخانہ رامپور مین قلمی موجود ہے۔ مین نے خود اسکا مطالعہ کیا ہے۔ دیباچہ کتاب مین یہ لکھا ہے کہ جو کچھ مین نے پڑھا وہ حضرت حافظ شاہ علی انور قلندر سے پڑھا۔ دوسری کتاب قصہ موسومہ بہ طلسم حیرت ہے جو طبع بھی ہو چکی ہے۔ سنا جاتا ہے کہ نظم و نثر کلام بہت تھا۔ افسوس کہ وہ دستیاب نہو سکا۔ بیشتر کلام صنایع و بدایع پر مشتمل ہوتا تھا۔ چند اشعار جو دستیاب ہوئے درج ذیل ہین ؎

فارسی

دلا گر ہمچو من رندانہ باشی ۔۔۔ برنگ شبنم مستانہ باشی

اُردو

دل و دین و جوانی کھو کے دولت ہاتھ آئی ہے ۔۔۔ محبت کو نہ چھوڑین گے بہت کچھ کھو کے پائی ہے

ہزار افسوس ہمرازان غم آہستہ آہستہ ۔۔۔ روانہ ہو گئے سوئے عدم آہستہ آہستہ

کہین ایسا نہو وحشت نئے دو تکی نیند اُچٹ جائے ۔۔۔ مسیحا قبر پر رکھنا قدم آہستہ آہستہ

بس مدت ہی نیند آئی کہو بھولون سے غنچون سے ۔۔۔ ہمنشین تربت پہ از روئے کرم آہستہ آہستہ

کہو شیون نہ بگڑین وہ ابھی تو ہجر تازہ ہے ۔۔۔ یہ زور وحشت دل ہو گا کم آہستہ آہستہ

زیادہ حال انکا باوجود سعی و کوشش مجھے نہ دریافت ہو سکا۔ انکے ایک بیٹے منشی اظہر علی المتخلص بہ آزاد موجود ہین۔ فارسی مین اچھی قابلیت رکھتے ہین۔ اور با فراغت ہین

ح

حافظ علی

حکیم شیخ حافظ علی۔ ابن شیخ ہدایت نبی۔ ابن شیخ کرامت اللہ۔ ابن شیخ بدیع الزمان ابن شیخ عنایت اللہ۔ ابن شیخ مینا۔ ابن شیخ محمد مکرم۔ ابن شیخ عبدالواحد۔ ابن مخدوم شیخ قیام الدین رحمۃ اللہ علیہ۔

یہ اپنے زمانہ مین اس قصبہ کے نامور اطبا مین سے ہوئے۔ شاہ اودھ کے یہان کے تنخواہ دار تھے۔ یہی وجہ معاش تھی۔ مدۃ العمر یہین رہے۔ اور ارباب وطن کا علاج کرتے رہے سنہ ۱۲۷۴ھ مین انتقال کر گئے۔ منشی ظہورالدین احمد علوی نے تاریخ انتقال لکھی تھی۔ جس کا ایک شعر یہ ہے ؎

ظہور مصرعۂ تاریخ حسب حال ہے یہ　　گیا مسیح جہان سے قضا کی بن آئی

انکی قبر اپنے بھائی شیخ عبدالاحد کی قبر کے پاس زیر درخت املی چودھری محلہ مین واقع ہے۔ انکے بیٹے حکیم شیخ محفوظ علی بہت صاحب ورع و تقوے تھے جنھون نے سنہ ۱۹۰۸ء مین انتقال کیا اور پہلوے مزار مخدوم قیام الدین پیوند خاک ہوئے۔ شیخ محفوظ علی کے بیٹے انگریزی مین قابل ذہین وطباع ملازمت پیشہ ہین۔ ایک بیٹے منشی محبوب علی نے عربی مین ایم اے پاس کیا ہے۔ اور کتاب الصالحات تالیف کر کے طبع کرائی ہے دوسرے بیٹے مودود علی بی اے ضلع اسکول بجنور مین مدرس ہین۔

حافظ علیخان

احتشام الدولہ ممتاز الملک عالیجاہ قاضی حافظ علیخان بہادر ابن قاضی عظیم الدین خان ابن قاضی عبدالباسط ابن قاضی محمد واعظ۔ ابن قاضی محمد حافظ عباسی۔

تعلیم و تربیت انھون نے اپنے خاندان مین پائی۔ بیعیت ان کو حضرت شاہ محمد کاظم قلندر سے تھی۔ یہ بلحاظ فضائل علمی منصب قضا پر سرفراز تھے۔ اولاً نواب یمین الدولہ سعادت علیخان بہادر نے ان کو دربار مین طلب کرکے تھوڑے دنون مصاحبت مین رکھا۔ بعدہ خدمت چکلہداری معہ خطاب خان بہادری بر بنا حقوق قدیمانہ و اوصاف ذاتی عطا کیا۔ اور سرکار دلئو ضلع رائے بریلی مین تقرر کیا۔ انھون نے وہان کا انتظام بھی نہایت مدبری سے کیا۔ کل محاصل ملکی بقایا و حال خوش تدبیری سے وصول کرکے داخل خزانہ سرکاری کیا۔ جس سرکار کا روپیہ وصول نہوتا تھا یا بدنظمی ہوتی تھی۔ وہان انھین کا تقرر کیا جاتا۔ سرکار خیرآباد کی نظامت پر بھی معہ ماہی مراتب تعیناتی ہوئی تھی۔

دربار اودھ سے یہ معہ اپنے صاحبزادہ قاضی محفوظ علیخان کے بغرض انصرام معاملات ملکی بحضور گورنر جنرل بہادر تجویز ہوئے تھے۔ جس کی مفصل کیفیت اُس مراسلت سے جو درمیان وایسرائے و نواب وزیرالملک ہوئی تھی ظاہر ہوتی ہے۔ ان کا اور نواب سعادت علی خان کا مشترکہ یہ خیال تھا کہ ہندوستان کا ٹھیکہ شہنشاہ دہلی و گورنمنٹ انگریزی سے حاصل کیا جاوے۔ اور کمپنی کا ٹھیکہ نرہے۔ چنانچہ انھون نے دہلی جاکر دربار سے ضروری امور طے کئے۔ اور باقاعدہ لندن مین تحریک بھی شروع کرادی۔ مگر نواب اودھ کی ناگہانی وفات سے سب معاملہ گڑبڑ ہوگیا۔

جب یہ منجانب دربار اودھ معہ تحف دہلی دربار دہلی مین پیش ہوئے۔ تو انھون نے اپنی حسن تقریر سے دربار مین خاص عزت حاصل کی۔ اور بادشاہ کے یہان خلعت اور خطاب عالیجاہ احتشام الدولہ ممتاز الملک بہادر سے سرفراز ہوئے۔ شاہ اودھ کو بھی انپر اسقدر اعتبار تھا۔ کہ جسوقت بیگم نواب آصف الدولہ بہادر کا انتقال ہوا۔ اور اُن کے اسباب کا تعلیقہ (یعنے ضبطی ہونے لگا۔ تو یہی متعین کئے گئے۔

بعد انتقال نواب سعادت علیخان بہ عہد غازی الدین حیدر انکی ویسی ہی قدر و عزت

رہی۔ کبھی نظامت پر۔ اور کبھی کار خاص پر والیسرائے ہند کے دربار مین بھیجے جاتے تھے۔ نہایت اوالعزم فیاض طبیعت سیرچشم تھے۔

لالہ ہیرالال کتاب تشریح الحسنات مین لکھتے ہین :-

"قاضی حافظ علیخان کے جدامجد شیخ عبدالباسط بمقام ہنڈیہ ضلع الہ آباد گنوار ونکی لڑائی مین شہید ہوئے۔ اُنکے بیٹے قاضی عظیم الدین خان بہادر جو قاضی حافظ علیخان کے والد تھے شجاعت و بہادری مین یکتائے روزگار تھے اور اپنے چچا بخشی ابوالبرکات خان بہادر کی جگہ پر کوڑیا کا سگنج کے چکلہ دار تھے جہان سے بوجہ اپنی نازک مزاجی کے علیحدہ ہو کے ریاست چھنا بنا علاقہ بندیل کھنڈ چلے گئے۔ وہان انکی بہت عزت ہوئی۔ اور چالیس ہزار کی جاگیر مصارف کے لئے مقرر ہوئی۔ وہان کے راجہ سے انھون نے یہ عہد کیا تھا کہ جس ملک کو ہم بزورشمشیر فتح کرین نصف ملک پر آپ قبضہ کرین۔ اور نصف پر ہم۔ کچھ دنون کے بعد انکا دفعتًا وہین انتقال ہوگیا۔ ہمراہیون نے اُسوقت تو نعش وہین سپرد زمین کردی۔ اور بعد چھ ماہ نعش کو کالکری لے آئے اُسوقت قاضی حافظ علیخان کی عمر ۱۴ سال کی تھی۔ اکثر کمالات دنیاوی و فضائل انسانی سے متصف تھے اُنھون نے بھی وہین ریاست چھنا و بنا جانیکا قصد کیا تھا بخشی رفعت اللہ خان بہادر نے اُنھین روکا۔ اور دلمؤ کی چکلہ داری پہ مقرر کرادیا۔ وہان قصبہ کے بہت سے لوگون کو اعزہ و غیر اعزہ یعنی مسلمانون اور ہندون کو نوکر رکھایا۔"

انکو والیسرائے ہند لارڈ ہسٹ بہادر کے دربار سے بھی خلعت فاخرہ معہ پالکی جھالردار ملی۔ اور دو زنجیر فیل اور دس بارہ راس اسپ عطا ہوئے۔ اور ایک گارد شاہی سوارون کا معہ توپ خانہ ہمراہی مین متعین ہوا۔ نواب سعادت علیخان بہادر نے بھی بلحاظ حقوق ایک محل شاہی بطور ملکیت عطا فرمایا۔ جسکے متعلق قاضی وصی علی خان صاحب اپنے روزنامچہ مین لکھتے ہین

"درلکھنؤ محلہ خیالی گنج اراضی معہ مکان قدیم عطیہ نواب نامدار سعادت علیخان بہادر مرحوم بہ جدامجد بعد تجدید معافی بعہد محمد علی شاہ مغفور احاطہ کلان و کوٹھی نو تعمیر فرمودند۔ اکنون داخل قیصر باغ گردید۔

مرزا کمال الدین حسنی حسینی مشہدی اپنی کتاب قیصر التواریخ کی جلد اول مین لکھتے ہین کہ

"اب تک سرکار شاہی مین قاضی حافظ علیخان اور اسکے بیٹے اور پوتے ہمیشہ سے خدمات عالیہ سرفراز ہوتے رہے"

انھون نے تباریخ ۱۰ رجب ۱۲۴۵ھ وفات پائی۔ قاضی گڈھی کے قبرستان مین مین بجانب پورب و گوشۂ دکھن حظیرہ کے اندر دفن ہوئے۔

حامد علی

مولانا حامد علی۔ ابن حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ۔ انکی ولادت تقریباً ۱۲۴۷ھ مین ہوئی۔ یہ اور حضرت شاہ علی اکبر قلندر قدس سرہ رضاعی بھائی بھی تھے۔ اور باہم اتحاد بھی بہت تھا۔ ایک ساتھ دونون حضرت شاہ تراب علی قلندر کے مُرید ہوئے۔

کتب درسیہ انھون نے اپنے والد بزرگوار سے پڑھکر فراغ حاصل کیا۔ صاحب استعداد عالی ذکی و فہیم اور قابل آزاد مزاج۔ رندانہ روش قلندر مشرب تھے۔ درس و تدریس کا مشغلہ بھی رکھتے تلامذہ انکے بہت ہوے۔ جسقدر نام معلوم ہوسکے درج ذیل ہین۔ (۱) حکیم حافظ مسعود احمد کاکوروی (۲) مولوی فریدالدین خان محدث کاکوروی (۳) مولوی ذکی الدین خان کاکوروی۔ (۴) شیخ حامد علی عباسی کاکوروی (۵) قاضی رضی علی خان عباسی کاکوروی (۶) شیخ مشرف علی عباسی کاکوروی (۷) محمد علیشاہ لکھنوی۔

بعد تدریس جسقدر انکو وقت ملتا۔ وہ اپنے حضرت پیر و مرشد کی خدمت مین صرف کرتے بوجہ حسن خدمت اسقدر مقبول تھے۔ کہ ایک مرتبہ اُنھون نے حضرت شاہ تقی علی قلندر کے سامنے فرمایا کہ حامد کی خدمت نے تقی کے سامنے میرا سر جھکا دیا اسکی وجہ سے انکے والد والد اور چچا بھی انکو بہت دوست رکھتے تھے۔ سخاوت کا یہ حال تھا کہ جو کچھ ملتا تقسیم کردیتے یہان تک کہ کپڑا اوڑھنے وغیرہ کے جو بنتے وہ بھی محتاج اور مساکین کو دیدیتے اور

خود رات کو مسجد کی جانماز یا چٹائی اوڑھکر لیٹ رہتے۔ اگر کوئی کہتا کہ آپ نے ایسا کیون
کیا۔ تو فرماتے کہ ان لوگون کو مجھ سے زائد سردی معلوم ہوتی ہے۔ شجاع اور دلیر بھی بہت تھے
فنون سپہ گری مین طاق و شہرۂ آفاق تھے۔ اسی کیساتھ نہایت سریع السیر بھی تھے۔ انتظامی قابلیت
اور اصول حساب سے بھی واقفیت بہت تھی۔ حضرت شاہ تراب علی قلندرؒ کا روضہ
انھین کے نگرانی و اہتمام مین بنا۔ منقول ہے کہ جب گنبد روضہ شریف تیار ہو چکا۔ اور
کلس نصب کرنیکی نوبت آئی۔ وزن کی زیادتی کیوجہ سے دس بارہ مزدور کلس کے اُٹھانے
سے عاجز ہو گئے تھے۔ انھون نے اپنی خداداد قوت سے تنہا لیجاکر نصب کر دیا۔ چونکہ
خود سپاہی مزاج تھے۔ ایسے ہی لوگون کو پسند کرتے۔ اسی مذاق کے اکثر لوگ انکے احباب
مین تھے۔ ریاضات و مجاہدات باطنی کے بھی بہت شائق تھے۔ اکثر اسماء اللہ و سُورِ قرآنیہ
کی زکوتین بھی دی تھین۔ خاص معمول تھا کہ بعد نماز مغرب مسجد کی چھت پر اور بعض وقت
اپنے حضرت پیر و مرشد کے روضہ کے شمال جانب اندرون حریم نماز عشا تک مراقب بیٹھے
رہتے۔ حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر قدس سرہ فرماتے تھے کہ مین انکی خدمت مین
بہت گستاخ تھا۔ ایک روز پانی بہت برسا بعد مغرب یہ معمولاً مسجد کی چھت پر تشریف لیگئے
تھوڑی دیر کے بعد مین بھی گیا۔ دیکھا تو آپ چٹائی کے مصلے پر مراقب بیٹھے ہین۔
اُسی وقت بارش ہو چکی تھی۔ مگر انکے جسم پر اُسکا بالکل اثر نہ تھا۔ اور مصلے کے چارون طرف
پانی بہہ رہا تھا۔ مجھ کو بہت تعجب ہوا۔ مین نے آکر حضرت شاہ تقی علی قلندر سے عرض کیا
اُنھون نے آبدیدہ ہو کر فرمایا کہ خدا خیر کرے۔ یہ آثار اچھے نہین معلوم ہوتے۔ ورع اور
تقوے و امانت و دیانت مین فرد تھے۔

لباس بہت معمولی و سادہ پہنتے۔ فرمایا کرتے تھے کہ مجھے شرم معلوم ہوتی ہو کہ عالمانہ
یا صوفیانہ لباس پہنون اور اسکا مصداق نہون۔ بجاے کرتہ کے انگرکھا زائد پہنتے۔ اپنے
والد ماجد کی خدمت مین ایک خاص خصوصیت حاصل تھی۔ وہ بوجہ انکے صائب الراے

ہونیکے اکثر باتون مین ان سے فرماتے کہ جیسی تمھاری رائے ہوگی ویسا ہی عمل کیا جائیگا۔

جس زمانہ مین حضرت شاہ تراب علی قلندر رہگئے روضہ کی حریم تعمیر ہورہی تھی۔ ایک روز صبحکو انھون نے حضرت شاہ حیدر علی قلندر کے حضور مین حاضر ہوکر عرض کیا۔ کہ شب کو مین نے حضرت سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم کو وہان (جہان اب دروازہ حریم گاہ ہے) تشریف فرما دیکھا۔ یہین دروازہ نصب کیا جائے حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر نے تائید کی۔ اور فرمایا کہ یہ جوان صالح کا خواب ہی۔ وہین دروازہ بننا چاہیئے۔ چنانچہ اُسی جگہ بنا۔

انھون نے قریب دو ہفتہ بعارضۂ تپ شدید و سرسام علیل رہکر بتاریخ ۱۴ - ماہ جمادی الاولے روز پنجشنبہ ۱۲۸۲ھ بعمر ۲۴ سال انتقال کیا۔

انکے انتقال سے حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر کو اسقدر صدمہ ہوا۔ کہ وہ اُس روز خانقاہ سے مسجد تک پیادہ نماز کیلئے نہ جاسکے۔ کھٹولے پر مسجد تک پہونچائے گئے۔

مزار انکا بیرون درگاہ خطیرۂ شرقی کے اندر متصل دروازہ واقع ہے۔ منقول ہے کہ اس واقعہ کے بعد حضرت شاہ تقی علی قلندر نے روکر اپنے بڑے بھائی مولانا شاہ حیدر علی قلندر سے عرض کیا۔ کہ اگر اس مرحوم کی قبر یہان کیجائے تو زائد بہتر ہے۔ میرے پیش نظر رہیگی۔ اور یہ سمجھونگا کہ جس قدر سرمایۂ علم وفضل۔ محنت و جانفشانی سے مین نے اسوقت تک حاصل کیا تھا۔ وہ سب یہان پر دفن کردیا۔ انکی وفات کے بعد سے انھون نے درس دینا بالکل موقوف کردیا تھا۔ اور پھر سوائے میرے والد ماجد حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر قدس سرہ کے اور کسی کو نہین پڑھایا۔

قطعہ تاریخ وفات از مولوی شریف الدین مرحوم کاکوروی

چاردہ ماہ جمادی الاول یوم خمیس	مولوی حامد علی صاحب بخواب ناز خفت
سال تاریخ وفاتش ہاتف از طرح جدید	یکہزار و دو صد و ہشتاد و دو ہجری بگفت

۱۲۸۲ھ

حبیب حیدر

سیدی وسندی ومرشدی۔ ذخیرۂ یومی وغدی شیخی وقبلتی۔ وظیفۂ نومی وتیقظی۔ استاذی واخی ونعمۃ ربی۔ حضرت مولانا شاہ حبیب حیدر قلندر متع اللہ العالمین بطول حیاتہٖ خلف اکبر وخلیفۂ اکمل وجانشین حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر قدس سرہ الاظہر۔ ولادت باخیر وبرکت آپ کی بتاریخ ۱۷ ماہ شوال المکرم روز پنجشنبہ ۱۲۹۹ھ ہوئی بچپن ہی سے آثار سیادت وکرامت جبین مبین سے ہویدا تھے۔

آپ کی ولادت سے قبل جناب نانی صاحبہ مغفورہ یعنی اہلیہ مولانا حامد علی صاحب مغفور نے خواب دیکھا تھا۔ کہ انکے پاس ایک لڑکا بیٹھا ہوا ہے۔ اسکی نسبت حضرت شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ فرماتے ہین۔ کہ اسکو حضرت غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کے نذر کردو۔ اُنھون نے بیدار ہوکر یہ خواب حضرت جدامجد مولانا شاہ علی اکبر قلندر قدس سرہ سے بیان کیا۔ اُنھون نے فرمایا کہ بہت بہتر ہے۔ چنانچہ جب آپ پیدا ہوئے۔ تو اسی لحاظ سے حضرت جدامجد نے آپ کا اسم گرامی غلام قادر رکھا۔

نیز اغرہ مین ایک بیوی والدہ منشی ناظم حسین صاحب نے جو رشتہ مین آپ کی پرنانی ہوتی تھین۔ اُس زمانہ مین کہ جب آپ شکم مادر مین تھے۔ حضرت خاتون جنت رضی اللہ عنہا کو خواب مین دیکھا تھا کہ اُنھون نے ایک انار آپ کی والدہ صاحبہ کا نام لیکر فرمایا۔ کہ یہ اُن کو دیدو۔ اسی کے بعد آپ پیدا ہوئے۔ حضرت جدامجد قدس سرہ بوجہ ان بشارات کے آپ کو بہت چاہتے تھے۔ اکثر فرماتے تھے کہ مین نے اسکو اپنا لڑکا بنایا ہے۔ کئی بار اپنی ٹوپی اور تاج آزادی بھی پہنایا۔ نیز اپنے وفات سے چار پانچ روز قبل جہان اُنھون نے اپنے صاحبزادہ یعنے حضرت والد ماجد مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر کو اجازت وخلافت دی۔ اُسی کے ساتھ آپ کو بھی اجازت عطا فرمائی۔

زمان طفولیت سے تا سن شعور آپ جنابہ نانی صاحبہ مغفورہ کی (جو نہایت با خدا اور غیور جامع جمیع صفات حسنہ تھیں) تربیت مین رہے۔ ذکاوت و ذہانت و قوت حافظہ اسوقت بھی بے مثیل تھا۔ چار سال کے بعد آپ پڑھنے کیلئے بٹھلائے گئے۔ ابتدا سے لیکر انتہا تک کل علوم تفسیر و حدیث و فقہ و تصوف معقول و منقول نیز اذکار و اشغال و اعمال و اوراد وغیرہ کی تعلیم حضرت والد ماجد مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر قدس سرہ سے پائی۔ زمانۂ درس تدریس کا سلسلہ بھی جاری کیا۔ جس سے بہت لوگ مستفید ہوئے ۱۹ سال کی عمر مین علوم ظاہری سے فراغ حاصل کیا۔ اعلےٰ درجہ کے ادیب محدث فقیہ و محقق ہوئے۔

۱۷ رجب ۱۳۱۹ھ مین یوم فاتحہ حضرت شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ۔ آپنے حضرت والد ماجد مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر رح کے دست حق پرست پر سلسلہ عالیہ قادریہ رضویہ مین بیعت کی۔ اور بعد بیعت اجازت و خلافت سلاسل خاندانی وغیرہ سے سرفراز ہوئے۔ آپ کے متعلق حضرت والد ماجد قدس سرہ اپنے مخصوص مسترشدین سے فرماتے تھے۔ کہ الحمد للہ میرا بیٹا پہلوان (یعنے کامل) ہے۔ اور فرماتے کہ مین نے حبیب کو ایسا بنایا ہے کہ لوگ تماشا دیکھین گے۔ آپنے انکو اپنی خدمت و لیاقت سے ایسا گرویدہ کر لیا تھا کہ وہ اکثر فرماتے تھے کہ یہ بمنزلہ میرے ہاتھ پانوٴن کے ہین۔ بغیر انکے مجھے سخت تکلیف و کلفت ہوتی ہے۔ اُس زمانہ سے جملہ امور کا انصرام آپ ہی کے متعلق تھا۔ حضرت والد ماجد قدس سرہ نے اپنے مرض الوصال مین بعد اور وصایا کے۔ آپ سے یہ بھی فرمایا تھا کہ مجھے پانچ نعمتین اپنے بزرگون سے نہایت مشقت سے حاصل ہوئین۔ وہ مین تمکو مفت دیتا ہون۔

۱۳۲۲ھ مین بزمانہ حیات حضرت والد ماجد قدس سرہ۔ آپ کو سند حدیث و وظائف وغیرہ حضرت مولانا سید علی ظاہر وتری محدث مدنی شیخ الحدیث حرم نبوی صلی اللہ علیہ وسلم نے بلا کسی تحریک کے جناب مولوی عبد الباری صاحب مغفور فرنگی محلی کے ذریعہ سے عنایت فرمائی۔ اجازت نامہ عطیۂ شیخ الحدیث موصوف درج ذیل ہے۔

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله رافع من استند بصحيح العمل الى علي بابه۔ و واصل من انقطع بحسن العمل الى عزيز جنابه والصلوة والسلام على من ادرج فى خلقه الكريم كل مفرق من الكمال ومجموع خير مرسل ذكره عند الله مرفوع۔ و على آله واصحابه الذين اوصلوا الينا كل مروى من الفضل ومسموع۔ وانقطع بهم كل منكر متروك وموضوع۔ اما بعد فان العلم اقوى سبب يتوصل به العاقل اللبيب الى الكمالات واسنى طريق يسلكها الفاضل الاديب الى معرفة رب الارض والسموات۔ و لاسيما علم الحديث منه فانه المقتبس من مشكوة مصباح صاحب الرسالة والهدى الذى شرقت شمسه من سماء الجلالة وكان الاسناد فى العلوم من اجل مايه يعتنى۔ وانفس مايدخر ويقتنى۔ لكونه كما قيل من الدين وسننا ماثورا للسلف والخلف المهتدين۔ و قد خص الله هذه الامة المحمدية بهذه الخصوصية كما خصهم فيها بمراتب الاقربية۔ فكان كل من سنده اقرب ولو برحل واحد اجل ممن فاته ذلك فى المبادى والمقاصد فقد رحل جابر بن عبد الله الانصارى رضى الله عنهما مسيرة شهر الى عبد الله بن انيس رضى الله عنه فى حديث واحد وقال يحيى بن معين الاسناد العالى قربة الى الله والى رسوله سيد الانبياء والمرسلين۔ وكان ممن سلك هذا الطريق القويم ونهج منهج الواضح المستقيم وشمر فى طلب العلم عن ساعد الجد والاجتهاد ولازم الاخذ والتلقى عن ابطال الرجال ذوى البصيرة والامداد حبابنا الكامل الفاضل المولوى حبيب احمد بن المولوى على نور دام الله به النفع امين وقد حمله حسن نيته وصفاء طويته على ان يطلب من العبيد الحقير الذى ليس فى العير و لا النفير ان يجيزه

بجمیع مرویاته وسائر مقروآته ومسموعاته فاستدلت بذلک علی کماله
واعتنائه بضم ما عند غیره الیه واحتفاله لینتظم فی سلک السادة الافاضل
ویتصل سنده ونسبته المعنوی لسید الاواخر والاوایل فاجبته لذلک و
اسعفته بما هنالک طلبا للنفع العام ورجاء ودعوة لی بالتوفیق وحسن
الختام فی جوار خیر الانام فاقول مستعینا بذی الطول متبریا من القوة والحول
اجزت المومی الیه الفاضل الکامل الحری بکل خیر له یجمیع ما تجوز لی
روایته وتصح عنی درایته من منقول ومعقول فروع واصول اجازة تامة
مطلقة عامة بشرطها المعتبر لدی اهل الحدیث والاثر وهو کمال التثبت
والتحری وان یقول فیما لا یدریه لا ادری کما اجازنی بذلک المشائخ
الاعلام والاساتذة الکرام ولی ولله الحمد فی جمیع العلوم مشائخ اجلہ
هم فی سماء المعارف نجوم واهلہ وساذکر هھنا بعض الاسانید العالیة لکونها
سنة مطلوبة والقرب من سیدنا رسول الله خصلة مرغوبة - اما صحیح
امیر المومنین فی الحدیث ابی عبد الله محمد بن اسمعیل البخاری علیه رحمة
الکریم الباری فانی ارویه ولله الحمد باعلی سند یوجد فی الدنیا الآن عن
جملة من المشائخ الاعیان منهم شیخنا العلامة المحدث الرحلة الفهامة
الشیخ عبد الغنی بن ابی سعید المجددی الفاروقی النقشبندی الدهلوی
ثم المدنی عن العلامة الحافظ محمد عابد الانصاری السندی ثم المدنی عن
خاتمة المحدثین الشیخ صالح العمری الفلانی ثم المدنی عن المعمر العلامة
الشیخ محمد بن سنة العمری الفلانی عن العلامة ابی الوفا احمد بن العجل
الیمنی المکی عن مفتی مکة العلامة قطب الدین محمد ابن احمد النهروالی
عن العلامة ابی الفتوح احمد بن عبد الله بن ابی الفتوح الطاوسی عن

عن المعمر العلامة بابا يوسف الهروی المشهور بسه صد ساله ای المعمر ثلثماۃ سنة عن المعمر محمد بن شادبخت الفارسی الفرغانی عن المعمر احد ابدال بسمرقند ابی لقمان یحیی ابن عما ابن مقبل بن شاهان الختلانی عن ابی عبدالله محمد بن یوسف ابن مطر الفربری عن الامام البخاری وهذه طریقة المعمرین فیکون بینی وبینه احدی عشرة واسطة فتقع لی ثلاثیاته لخمسة عشر وهذا اعلی مایوجد ولله الحمد ....

واما بقية اسنادی فی باقی الکتب الستة وغیرها من کتب الحدیث وسائر الفنون النقلية والعقلية فانها مذکورة فی اثبات مشائخی ومشائخهم کثبت شیخی المسمی بالیانع الجنی من اسانید الشیخ عبدالغنی وثبت شیخه المسمی بحصر الشارد من اسانید محمد عابد وثبت شیخ مشائخی العلامة محمد امیر الکبیر وقد اجزت العالم الموصی الیه بجمیع ماتحتوی علیه هذه الاثبات من الکتب والفنون وان یجیز فیها ماشاء لمن شاء متی شاء لبشرط المعتبر لدی اهل الحدیث والاثر موصیا له بتقوی لله تعالی سرا وعلنا وان یخشی الله تعالی ولا یعجب بنفسه فقد قال صلی الله علیه وسلم کفی بالمرء علما ان یخشی الله وکفی بالمرء اثما ان یعجب بنفسه وعلیه بالمنجیات وایاه والمهلکات وان یلازم الکفارات ولا یفارق الدرجات وهی ما فی الحدیث الوارد عن رسول الله صلی الله علیه وسلم انه قال ثلث مهلکات وثلث منجیات وثلث کفارات وثلث درجات فاما المهلکات فشح مطاع وهوی متبع واعجاب المرء بنفسه واما المنجیات فالعدل فی الغضب والرضا والقصد فی الفقرا والغنا وخشية الله فی السر والعلانية واما الکفارات فانتظار الصلوة بعد الصلوة واسباغ الوضو فی السبرات ونقل الاقدام الی الجماعات واما الدرجات فاطعام الطعام

وافشاء السلام والصلوة بالليل والناس نيام رواه الطبرانی فی الاوسط عن ابن عمر رضی الله عنهما واوصيه ايضاً ان لا ينسانی من صالح دعواته فی خلواته وجلواته نفعه الله ونفع به ووصل سببنا اجمعين بسببه انه على ذلك قدير وصلى الله على سيدنا ومولانا محمد وعلى جميع اخوانه من الانبيا والمرسلين وآل كل وصحبه والتابعين وعلينا معهم برحمة الله اجمعين۔

قاله بفمه ورقمه بغير قلمه العبيد الاحقر محمد على السيد طاهر الوتری الحنفی النقشبندی المدنی خادم العلم والحديث بالمسجد الشريف النبوی۔ وذلك فی يوم السادس عشر من جمادی الاولی سنة اثنين وعشرين وثلثمائة والف بالمدينة المنورة انتهی بقدر الضرورة۔

بتاریخ ۲۳ ماہ محرم روز دوشنبہ ۱۳۲۴ھ بروز سیوم حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر قدس سرہ آپنے حسب ارشاد و وصیت ترک لباس فرمایا۔ اور سجادہ نشین خانقاہ کاظمیہ ہوئے نام ونشان حضرات مرشدین روشن فرماکر ایک عالم کو اپنے فیوض و برکات سے مالا مال کیا اُسوقت سے ارشاد و ہدایت واجراے احکام دین مین مصروف ہین۔ اور ہم سب کے لئے عین رحمت ہین۔

ماہ رجب ۱۳۲۵ھ مین جناب مولانا فریدالدین خانصاحب محدث کاکوروی نے بھی اولاً آپ کو دلائل الخیرات کی تحریری اجازت دی۔ پھر اُسی سال ماہ شعبان مین حصن حصین و جملہ کتب حدیث وغیرہ کی اجازت مرحمت فرمائی جو درج ذیل ہے۔

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله رب العالمين حمد الشاكرين وهو الذی فضل الذاكرين على الغفلين والصلوة والسلام على من ارسله ليهدی ايتا الخلق فهداهم الى صراط الذين المتين وعلى آله واصحابه الذين بذلوا انفسهم لنصرة دينه القوی المتين۔ وبعد

فیقول العبد المعتصم بحبل اللہ المتین احوج الخلایق الی اللہ الغنی محمد بن
المدعو بفرید الدین العلوی غفر لہ ان الکتاب المسمی بالحصن الحصین لما
شوهدت برکاتہ وجربت استجابۃ الدعاء عند قراءتہ وبحمد اللہ حصل لی الاجازۃ
والقراءۃ عن العلماء الکرام .... وقد قرأتہ من اولہ الی اٰخرہ علی
جناب العم الاکرام ملاذی ومولائی صنوابی الحافظ الفاضل الکامل الحاج مولانا
ریاض الملۃ والدین تغمدہ اللہ لغفرانہ واسکنہ بحبوحۃ جنانہ وھو قرأ علی
الفاضل المحدث القاری الحاج مولانا حسین احمد الملیح اٰبادی وحصل لہ
القرأۃ والروایۃ عن الفاضلین الکاملین مولانا محمد مخدوم اللکھنوی ومولانا
شاہ عبد العزیز الدھلوی ولھما عن مولانا شاہ ولی اللہ الدھلوی رح وایضا
حصل لی الاجازۃ عن جناب العم الآخر مولانا شاہ وجیہ الملۃ والدین الحافظ
لکلام اللہ القدیم والخلیفۃ لحضرۃ مولائی ومرشدی وسیدی شاہ تراب علی
قلندر قدس اللہ سرہ وحصل لہ القرأۃ والاجازۃ عن الفاضل الملیح اٰبادی
الموصوف ۔ وایضا حصل لہ الاجازۃ عن العارف باللہ مولانا شاہ اٰل احمد
القلواوری المہاجر المتوفی بالمدینۃ المنورۃ الدفین بجنۃ البقیع ثم حصلت
لی ھذہ بلاواسطۃ ایضا رح وحصل لی الاجازۃ عن استاذی فی الاحادیث
النبوی العارف الکامل الفاضل مولانا حسن شاہ الرامفوری وھو قرأ علی العالم
المتبحر والفاضل الحکیم مولانا عالم علی المراد اٰبادی ولہ من العلامۃ المشتہر فی
الآفاق مولانا محمد اسحاق المہاجر الدھلوی رح المتوفی بمکۃ المعظمۃ الدفین
بجنۃ المعلاۃ ولہ من اب امہ مولانا شاہ عبد العزیز الدھلوی رح وایضا حصل لی
الاجازۃ عن مولانا العلامۃ والحبر الفہامۃ شاہ فضل الرحمن العارف الکامل
الواصل الی اللہ قدس سرہ وقد حصل لہ الاجازۃ تبرکا عن مولانا شاہ عبد العزیز

الدهلوی وانه قد قرأ کتب الاحادیث عن مولانا المهاجر الدهلوی المذکور
سابقا بسنده المشهور ح وایضا حصل لی الاجازة عن العلامة الواصل الی الله
وموصل الخلائق الیه مولانا شاه تقی علی قلندر قدس سره عن مولانا الحاج
العلامة العارف مولانا امین الملة والدین عن مرشده الکامل شاه ابی سعید
الساکن فی رائے بریلی عن شاه محمد عاشق الفتنی عن مولانا المحدث شاه
ولی الله الدهلوی عن الشیخ ابی طاهر المدنی عن ابیه الشیخ ابراهیم الکردی
عن الشیخ احمد القشاشی عن الشیخ احمد بن عبد القدوس الشناوی عن الشیخ
شمس الدین احمد بن محمد الرملی عن الشیخ زین الدین زکریا الانصاری عن
حافظ الوقت تقی الدین محمد بن محمد بن محمد بن فهد الهاشمی المکی عن مولف
الکتاب ابی الخیر محمد بن محمد بن محمد بن الجزری الشافعی وانی قد اجزت
لاخینا فی الله المولوی الکامل العارف بالله شاه حبیب حیدر سلمه ربه و
رقاه الی اعلی مراتب ذدادین بقرأة هذا الکتاب وان یجیزه لمن کان
اهلا له وان لا ینسانی من دعائه ثم اعلم ایها الاخ اللبیب ان علماء اهل
السنة والجماعة اجمعوا علی ان اصح الکتب بعد کتاب الباری صحیح
البخاری وقد جرب ختمه لقضاء المهمات فوجد کالتریاق المجرب وقد جربته
وختمته مرارا وقد رزقنی الله اسناده بطرق کثیرة - فاعلم ان فی هذا الکتاب
المستطاب ایضا ثلثین جزء امتابعة ومطابقة للقران الشریف فانی قرأت
خمسة اجزاء منه علی العم الاکرم والفاضل الاعظم صنوابی ملجائی وملاذی العلامة
الحاج الحافظ مولانا ریاض الملة والدین الکاکوروی الحنفی المجددی تغمده
الله بغفرانه واسکنه بحبوحة جنانه وهو قرأ علی مولانا المحدث المشهور به مرزا
حسن علی اللکهنوی وهو قرأ علی الفاضل الکامل مولانا عبد القادر الدهلوی

صاحب موضح القرآن من اخیہ الفاضل الفایق علے الاقران بالفضل و
التمیز مولانا شاہ عبد العزیز الدہلوی عن والدہ مولانا وسولی الکل شاہ
ولی اللہ الدہلوی ح ثم قرأت النصف الاول منہ علے الحبر العلامۃ والنحریر
الفہامۃ مولانا حسن شاہ الرامفوری عن الفاضل الکامل الحکیم الحاج مولانا
عالم علے مراد آبادی عن المہاجر المشتہر فی الآفاق مولانا محمد اسحاق
الدہلوی عن ابیہ مولانا شاہ عبد العزیز المذکور الدہلوی انفاً ثم قرأت
النصف الاخیر منہ بتمامہ علی العلامۃ المشہور علے الافواہ ذو المجد والجاہ
صاحب التصانیف المفیدۃ الفایق علے المعاصرین بالعلم والتقی والغالب علیہم
بالعز والحکمۃ والجاہ مولانا محمد سعد اللہ المراد آبادی جعل اللہ فی الجنۃ
مثواہ عن العلامۃ مرزا حسن علی المحدث المشہور عن مصنف موضح القرآن
عن صاحب تفسیر فتح العزیز عن صاحب حجۃ اللہ البالغۃ وغیرہا من الکتب
المشتہرۃ المفیدۃ عن الشیخ ابی طاہر المدنی عن ابیہ الشیخ ابراہیم الکردی
قال قرأت علے الشیخ احمد القشاشی قال اخبرنا احمد بن عبد القدوس
ابی المواہب الشناوی قال اخبرنا الشیخ شمس الدین محمد بن احمد بن محمد
الرملی عن الشیخ احمد زکریا بن محمد ابو یحیی الانصاری قال قرأت علی الشیخ
الحافظ ابی الفضل شہاب الدین احمد بن علی بن حجر العسقلانی مصنف
فتح الباری شرح صحیح البخاری عن ابراہیم بن احمد التنوخی عن ابی
العباس احمد بن ابی طالب الحجار عن السراج الحسین بن المبارک الزبیدی
عن الشیخ ابی الوقت عبد الاول بن عیسی بن شعیب السجزی الہروی عن
الشیخ ابی الحسن عبد الرحمن بن مظفر الداؤدی عن ابی محمد عبد اللہ بن
احمد السرخسی عن ابی عبد اللہ محمد بن یوسف بن مظفر بن صالح بن بشر الفربری

عن مولفہ امیر المومنین فی الحدیث الشیخ ابی عبد اللہ بن محمد بن اسماعیل
بن ابراھیم البخاری رحمہ اللہ تعالی۔ وایضا قد حصل الاجازۃ بالروایۃ العالیۃ
للعلامۃ ذی الفضل الفائق علی الاشباہ مولانا محمد سعد اللہ المذکور آنفا
فی المکۃ المعظمۃ عن رئیس المدرسین فی بلد الامین شیخ العلماء الکرام
مولانا جمال بن عبد اللہ شیخ عمر المحدث بالمسجد الحرام عن شیخہ خادم
الشریعۃ والمنہاج مولانا الشیخ عبد اللہ بن الموحوم الشیخ عبد الرحمن
السراج عن شیخہ الشیخ عبد اللہ ابن ہاشم الفلانی عن شیخہ الشیخ
الصالح الفلانی وھو یرویہ بروایۃ الفربری عن طریق الختلانی والمعمر ابا
یوسف الھروی .... واعلم انی قد کنت ملتزما ان اختم البخاری
الشریف فی السنۃ مرۃ فی شھر من شھورھا و قد تشرفت فی المنام بزیارۃ
مصنفہ فالحمد للہ علی ذلک بحسب الاتفاق کنت مشغولا فی اختتامہ بحسب
العادۃ اذ جاء الفاضل الکامل الشیخ المسند والحبر العلامۃ مولانا آل احمد بن
محمد امام بن نعمۃ اللہ الفلواری المہاجر المدنی فی کاکوری وتشرفت بلقائہ و
کنت مشغولا بقرأتہ فامرنی ان اقرأ بالصوت المرفوع فقرأت جزء منہ
فارتضی القرأتی واجازنی بروایتہ وروایۃ باقی کتب المصنفۃ مما یرمروایۃ
فھو یروی ھذا الصحیح عن شیخہ محمد بن یحیی الشنجیطی المغربی عن الشیخ
عبد الحفیظ بن درویش العجیمی المکی عن الشیخ صالح بن محمد العمری الفلانی
ثم المدنی بروایۃ الفربری عن طریق الختلانی والعمر ابا یوسف الھروی
المذکور ثم حصل لی الاجازۃ تبرکا بجمیع الکتب المصنفۃ فی الحدیث والتصوف
عن العلامۃ والحبر الفہامۃ مولانا الکامل الولی المولوی شاہ تقی علی قلندر
القادری وھو یروی عن عم جدی الفاضل الکامل الحاج مولانا امین الملۃ

والدین الکاکوری قدس سرہما وہو یروی عن الفاضل ابی الحسن السندی
المدنی الشارح لصحیح البخاری عن مولانا محمد حیات السندی المدنی عن
الشیخ عبد اللہ بن سالم البصری اجازۃ عن الشیخ ابی عبد اللہ محمد بن
علاء الدین البابلی المصری قرأۃ علیہ لبعضہ واجازۃ لسایرہ عن ابی
النجا سالم بن محمد السنہوری سماعًا علیہ لبعضہ واجازۃ لسایرہ عن النجم
محمد بن احمد بن علی الغیطی بقرأتہ علیہ لجمیعہ عن شیخ الاسلام ابی یحییٰ زین الدین
زکریا بن محمد الانصاری لقرأتہ علیہ لجمیعہ عن حافظ عصرہ شہاب الدین
ابی الفضل احمد بن علی بن الحجر العسقلانی وہذا لسند الی المولف بتمامہ
مرقوم فی اول ہذا لثبت فانظرہ ولاحاجۃ الی ذکرہ ثانیا واعلم انی قرات
الثلث الاول من صحیح مسلم وثلثۃ اثلاث من مجتبی النسائی علی استاذی
قدوۃ المحدثین فی عصرہ مولانا حسن شاہ الرامفوری واجازنی لجمیع ما فیہما
وما احتوت علیہ العجالۃ النافعۃ لمولانا وشیخ مشائخنا شاہ عبد العزیز الدہلوی
رحمۃ اللہ تعالیٰ فکذلک اجزت لاخینا فی اللہ تعالیٰ ذوالمجد الثاقب العلوی
شاہ حبیب حیدر القلندر القادری سلمہ اللہ واوصلہ الی ما یتمناہ۔

قالہ بفمہ ورقمہ ببنانہ محمد المدعو بفرید الدین العلوی الحنفی القادری
فی الثالث والعشرین من شہر شعبان ۱۳۲۵ھ یوم الاربعاء۔ انتہی
بقدر الضرورۃ۔

یوں تو آپ ہمہ تن خوبی کان صدق وصفا، جان مروت و وفا، خلیق و فہیم ذکی و ذہین۔ صاحب فضل مبین۔ مجمع اوصاف حمیدہ وخصائل پسندیدہ ہیں۔ مگر خصوصیت کیساتھ آپ اعلیٰ درجہ کے متحمل مزاج متقی وبےنفس مجسم رحمت وشفقت ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے علاوہ کمالات باطنی کے صباحت وملاحت صوری۔ و وجاہت ظاہری بھی علیٰ وجہ الکمال عطا فرمائی

ہے۔ محمدی المشرب صداقت و ایثار و بے نفسی مین شان صدیقی۔ اور عدل و تمکن و استقلال و حسن نفس و ثبات عقل مین کیفیت فاروقی۔ اور سخاوت و عفت و حیا و رضا مین فیض عثمانی۔ اور فقر و وجاہت عرفان و ہدایت مین حالت مرتضوی سے مالا مال ہین۔ صحابہ و تابعین کے حالات اگر دیکھنا ہو تو آپ کی ذات ستودہ صفات مین موجود ملینگے۔

خانقاہ عالم پناہ کی جسقدر درستی اور رونق آپنے کی اور کر رہے ہین وہ ظاہر ہے کتبخانہ کی عمارت جدید آپ ہی کے توجہ سے بنی۔ اور اُن مین بہت کتابون کا اضافہ ہوا کتبخانہ مین تقریبًا دس بارہ ہزار کتب مطبوعہ و قلمی موجود ہین۔ جن مین قلمی کتابین نہایت بیش بہا و نادر الوجود ہین۔ اس کتبخانہ کا تاریخی نام کتب خانہ انور رکھا۔ قدیم کتب خانہ جو خستہ حال تھا اُسکو از سرنو بصرف زر کثیر درست کیا۔ اور اُس مین بھی مقدار معقول کتابون کا اضافہ کیا۔ حضرت شاہ تقی علی قلندر رح قدس سرہ کا حجرہ متصل درگاہ حضرت شاہ محمد کاظم قلندر رح جو نہایت بوسیدہ ہوگیا تھا۔ اسکی از سرنو تعمیر کرائی۔ عرس شریف مین فقرائے آزاد کے لئے ایک خاص کمرہ موسومہ بہ قصر خاکساران آزاد تعمیر کرایا۔ اور فضل علی شاہ صاحب کو سرگروہ آزادان مقرر کیا۔ چنانچہ اس مجمع مین خدا کے فضل سے ترقی ہی ہوتی جاتی ہے۔ اعراس و فواتح مین کھانے کی سنجپت کیلئے ایک بڑا باورچی خانہ بنوایا اعراس و فواتح مین آپنے جسقدر ترقی دی۔ اور بارونق کیا وہ دیکھنے والون پر مخفی نہین۔ دیگر قدیم و جدید عمارات کی مضبوطی و پختگی کی۔ خانقاہ کا قدیم کمرہ جو قدیمی نشستگاہ تھا۔ پہلے بہت تنگ اور معمولی حیثیت کا تھا۔ آپ ہی کی توجہ سے از سرنو وسیع و پختہ تعمیر ہوا ؎

اے فقیران راعشیر و الدین — در خراج و خرچ و در ایفای دین
باد عمرت در جہان ہمچو خضر — جانفزا و دستگیر و مستمر
چون خضر و الیاس مانی در جہان — تا زمین گردد ز لطفت آسمان

اشاعت علوم و مصنفات خاندانی جسقدر آپسے ہوئی وہ مخفی نہین تعلیم و تربیت مریدین

وافاضۂ فیوض و برکات باطنی وظاہری بہت عمدہ طریقہ سے کرتے ہین۔ تصرفات وخوارق عادات کا بھی ظہور ہوتا رہتا ہے۔ اویسی فیض آپ کو حضرت شاہ محمد کاظم قلندر۔ وحضرت شاہ حیدر علی قلندر سے حاصل ہوا۔

جب سے حضرت والد ماجد مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر کا وصال ہوا ہے۔ آپ علاوہ ارشاد وہدایت وغیرہ کے اُنکی مصنفہ کتابون اور دیگر کتب خاندانی کی تصحیح ترتیب و تہذیب مین اپنا گران بہا وقت صرف فرماتے ہین۔ خود بھی شغل تصنیف کتب رکھتے ہین۔ تفصیل کتب جو اس وقت تک حیز تسوید مین آئی ہین حسب مندرجۂ ذیل ہین (۱) ایضاح تتمۂ انتصاح عن ذکر اہل الصلاح مطبوع (۲) فیوض مسعودیہ مقدمۂ فصول مسعودیہ مطبوع۔ (۳) مواہب القلندر مقدمہ روض الازہر وحوض الکوثر مطبوع (۴) مفاوضات مطبوع۔ (۵) الشرف المبین فی ذکر معراج سید المرسلین اُردو مطبوع۔ (۶) رسالہ دربیان خانوادہ ہا (۷) کتاب الکلمۃ الباقیۃ فی الاسانید والمسلسلات العالیہ عربی۔ اس کتاب مین آپ نے اپنے اسانید جمع کئے ہین یہ کتاب غیر مطبوع ہو اور بہت مفید ہے (۸) تنویر الدیاکل بذکر الاوراد والسلاسل عربی (۹) انشاے حیدری غیر مطبوعہ

اسکے علاوہ اور مکاتیب مشتملہ مسائل طریقت بنام مخلصین مریدین ومتعقدین وغیرہم موجود ہین۔ جو نہایت مفید اور کار آمد ہین۔

خلفا ومجاز فقرا آپ کے تا تحریر کتاب ہذا حسب ذیل ہوئے (۱) اخوی جناب مولوی تقی حیدر صاحب برادر اوسط (۲) فقیر حقیر محرر سطور عافاہ اللہ عن کل ذنوب وشر در الے یوم النشور بحرمۃ النبی المغفور۔ برادر اصغر (۳) جناب مولوی محمد وصی علی صاحب (۴) شاہ فضل علی صاحب سرگروہ آزادان (۵) اسد اللہ شاہ ساکن اٹاوہ (۶) خادم علیشاہ (۷) بابو شاہ مجاور درگاہ حضرت شاہ باسط علی قلندر الہ آبادی قدس سرہ۔

آپ کے حالات وواقعات وکرامات تفصیلی علٰحدہ بصورت کتاب جمع کرنیکا ارادہ ہو

اگر توفیق آلہی شامل حال ہوئی۔ تو نذر ناظرین ہونگے۔ اس کتاب مین حسب ضرورت بہت ہی اختصار کے ساتھ درج ہوئے۔ حمد اللہ تعالیٰ علے رسول لعالمین الی یوم الدین۔

حبیب علی

مولوی حکیم محمد حبیب علی۔ ابن حکیم مشتاق علی علوی مخدوم زادہ۔ بہ تاریخ ۵ ماہ جمادی الآخر روز چہارشنبہ ۱۲۶۴ھ پیدا ہوئے۔ کتب درسیہ انھون نے حضرت مولانا شاہ علی اکبر قلندر قدس سرہ۔ اور جناب مولانا مفتی عنایت احمد صاحب کاکوروی۔ ومولوی لطف اللہ۔ ومولوی اولاد حسین موہانی سے پڑھین۔ سترہ سال کی عمر مین تحصیل کتب درسیہ وغیرہ سے فارغ ہوئے اور سند فضیلت مولوی سلطان حسین صاحب سے حاصل کی۔ پھر صرف چھ ماہ مین علم طب تمام وکمال اپنے والد ماجد سے پڑھا۔ اور سلسلۂ درس وتدریس مدت العمر جاری رکھا۔ ضلع اناؤ وجوار مین پوری مین انکے شاگرد بکثرت ہین۔ اُس اطراف مین احکام شریعت کی پابندی انکی ذات سے بہت ہوئی۔

تصنیف وتالیف کا مشغلہ بھی تھا۔ چنانچہ تالیفات سے رسائل ذیل ہین (۱) رسالہ تعیین دل حلیۂ شریف معروف بہ خیال حلیہ سید الانبیا صلے اللہ علیہ وسلم (۲) تقابل موذی (۳) سیف المسلول علے من یمانع القیام بمولد الرسول (۴) المواعظ الحسنہ (۵) دمغ المعاند۔ (۶) وجوب القیام فی میلاد خیر الانام (۷) تحقیق حکایات امام ابی یوسف (۸) تحقیقات نادرۂ حبیبی (۹) تحفۂ تحریر (۱۰) تحریر اہل نجات (۱۱) تقریر کشاف (۱۲) تحقیق کنیت صدیقی (۱۳) جایزہ سجدات تحیات (۱۴) حسن اعتقاد خداداد مطبوع (۱۵) مرقع شریف (۱۶) جواز الاحجاج بالغیر (۱۷) اثبات معانقہ عیدین (۱۸) ہدایات البرایا مبسط التحف والہدایا (۱۹) تحقیق بیعتہ الحجہ وغیرہ وغیرہ۔

یہ اگرچہ بظاہر دنیادار تھے۔ مگر بہ باطن تارک خداپرست اور دل بیار ودست بکار کے

مصداق تھے۔کتب بینی بہت بڑھی ہوئی تھی۔اکثر کتب حدیث و تصوف دیکھا کرتے۔فن مناظرہ سے خاص دلچسپی تھی۔

بیعت انکو حضرت مولانا شاہ حیدر علی قلندر قدس سرہ سے تھی۔اور انکی توجہ بھی انکے حال پر بہت تھی۔اور حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ بھی بہت عنایت و شفقت فرماتے تھے۔یہ بہت محتاط و متقی تھے۔زہد و ورع و علم و حلم بہت بڑھا ہوا تھا۔چنانچہ انکی حسن استعداد ملاحظہ فرما کر حضرت مولانا شاہ علی اکبر قلندر قدس سرہ نے انکو اپنا مجاز و خلیفہ بھی کیا تھا۔مگر انھون نے ادباً کسی کو مرید نہین کیا۔یہ شاعر بھی تھے حبیب تخلص کرتے بیشتر تاریخ نظم کرتے۔اور اچھی نظم کرتے۔علاوہ تواریخ چند اشعار درج ذیل ہین ؎

الٰہی عاصیم استغفر اللہ	توئی فریاد رس الحمد للہ
رہائی دہ مرا از خود رہائی	بنور خویشتن چشم کشائی
تن و جانم بفضل خویش دادی	ضمان روزیم ہر خود نہادی
ہمہ عمرم ز طفلی و جوانی	گنہ کردم ہر اعلان و نہانی
غلط کردم رہ تحقیق بنما	سوے تو بہ مرا توفیق بنما
بران تو بہ مرا دہ استقامت	بر و مندم بکن از ثمار طاعت
از ینہا نیست چیزے بر تو مشکل	توئی بس قادر و حلال مشکل
حبیب عاصی و ظالم جہولی	مناجاتی شدہ بہر قبولی

انھون نے بعد کامیابی امتحان سند وکالت عدالت بھی حاصل کی تھی۔مدۃ العمر ضلع اٹاوہ مین مطب و وکالت کرتے رہے۔اور بعمر ۷۴ سال بعارضہ فالج بتاریخ ۲۵ ماہ ذیقعدہ ۱۳۰۳ھ روز سہ شنبہ وہین اٹاوہ مین انتقال کیا۔اور بادشاہ قلی کے باغ مین دو کر روز بعد نماز ظہر دفن ہوے۔قطعہ تاریخ انتقال از مولوی احمد رضا خان صاحب مرحوم بریلوی ؎

محب حبیب اللہ یعلو فمن ھنا	حبیب علی بالحبیب تعلیٰ

حبیب علیؒ کان خادم سنتہ — وھادم بدعات وذاک جلیؒ

حبیب لبیب بالذکاء ذکیؒ — سمیؒ سنیؒ بالسناء بھیؒ

یقول اسمیؒ فی عام رحلتہ الرضا — حبیب علی فی الولاء لرضیؒ

سنہ ۱۳۳۰ھ

مولوی حبیب علیصاحب کے سب بیٹے طبیب ہین - جنکے اسما حسب ذیل ہین -

اول - مولوی حکیم محمد وصی علی - جو علوم درسیہ وفن طب مین فارغ التحصیل ہین - اور بہت قابل ولائق بالکل اپنے والد ماجد کے قدم بقدم ہین - رسالہ مصباح طریقت انکے مصنفات سے ہے - تلمذ انکو حضرت مولانا شاہ علی انور قلندر قدس سرہ اور اپنے والد ماجد سے ہے - علم حدیث کی اجازت حضرت شاہ ابو الحسین المشہور بہ نوری میان مارہروی سے ہے - اور اجازت اخذ بیعت حضرت مولانا شاہ حبیب قلندر مدظلہ سے ہے - شعر و شاعری کا مذاق رکھتے ہین وصی تخلص کرتے ہین - اٹاوہ مین ملازم ہین - اور وہین مطب بھی کرتے ہین -

دوم - مولوی حکیم رضی علی جنھون نے سند طبابت حکیم اجمل خان دہلوی سے حاصل کی - اور تمغہ بھی پایا - یہ بھی شاعر ہین - اخگر تخلص کرتے ہین - فی الحال ریاست رامپور مین ملازم ہین - اور مطب بھی کرتے ہین -

سوم - مولوی حکیم سمی علی - جو قابل ولائق اور بہت باذوق وشوق شخص تھے جنھون نے فن طب کی تکمیل حکیم عبد الحی رائے بریلی سے کی لکھنؤ مین مطب بھی کرتے اور سرکاری ملازم بھی تھے - انکے تالیف سے نفحات النسیم فی تحقیق اولاد ملا عبد الکریم موجود ہے اور طبع ہوگئی ہے افسوس کہ انھون نے بتاریخ ۲۳ ماہ جمادی الاولےٰ روز پنجشنبہ ۱۳۴۲ھ انتقال کیا -

چہارم - مولوی حکیم الطاف علی - یہ بھی حکیم ہین - اور اورنگ آباد دکن مین ملازم ہین - اور وہین مطب کرتے ہین -

پنجشم - مولوی حکیم شبیر علی - یہ کانپور مین ملازم ہین - اور وہین مطب کرتے ہین -

ششم۔ مولوی حکیم حافظ محمد احمد۔ انھون نے کتب درسیہ اپنے بڑے بھائی سے پڑھین بعد اُسکے فرنگی محل لکھنؤ کے مدرسہ نظامیہ مین مولوی عبد الباری صاحب مغفور۔ ودیگر اساتذہ سے متوسطات تک پڑھا۔ اور فن طب کو مدرسہ تکمیل الطب لکھنؤ مین حاصل کیا۔ اب بمقام مین پوری مطب کرتے ہین۔

ہفتم۔ مکرم احمد۔ جنھون نے فارسی وغیرہ اپنے بڑے بھائی سے پڑھی۔ ذہین طباع ہین۔ اور شاعر بھی ہین۔ درد تخلص کرتے ہین۔ اور اورنگ آباد ملک دکن مین ملازم ہین۔

حسن بخش

مولوی شاہ ابو الحسن حسن بخش۔ ابن مولوی حسین بخش شہید۔ ابن شاہ میر محمد قلندر عرف میرن میان۔ ولادت انکی بتاریخ ۲۳ ماہ صفر ۱۲۲۲ھ ہوئی۔ کتب درسیہ انھون نے حضرت مولانا شاہ حیدر علی قلندر۔ وحضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہما سے پڑھین۔ اور تکمیل کتب حدیث وتفسیر وغیرہ مرزا حسن علی صاحب محدث لکھنوی سے کر کے یکتائے روزگار اور فاضل بے بدل صاحب تحقیق وتدقیق ہوئے۔

بیعت اپنے حضرت جد امجد شاہ میر محمد قلندر قدس سرہ سے رکھتے۔ اور اجازت وخلافت بھی اُنھین سے تھی۔ اور اپنے والد ماجد سے بھی۔

تصنیف وتالیف کا مشغلہ بھی تھا مصنفات سے چار کتابین انکی تحقیق وتبحر علمی و فضائل کا اعلے ثبوت ہین (۱) تشریح الاذکیا رفی احوال الانبیا ر۔ بزبان اُردو دو جلدون مین ہے۔ جسمین حضرت آدم علیہ السلام سے لیکر جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے بعد تک کے بہت صحیح حالات درج ہین۔ نہایت ہی جامع کتاب ہے۔ متعدد بار طبع ہو کر نظر افروز ناظرین ہوچکی (۲) رسالہ تکملہ مالا بد منہ مسائل عقیقہ کے بیان مین ہے (۳) رسالہ

تفریح العاشقین فی میلاد خیر المرسلین ہے (۴) تذکیر العارفین فی احوال سید الکاملین ہے اسمین حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کے حالات ہین۔ علاوہ اسکے ایک بیاض ہے جسمین عمدہ اور نفیس فوائد مندرج ہین طبیعت کا میلان ہندی زبان کی شاعری کی طرف بھی تھا چنانچہ کچھ کلام ہندی مین بھی ہے اور وہ کلیات نعت مولوی محمد محسن کے دوسرے ایڈیشن مین بطور ضمیمہ طبع بھی ہو چکا ہے۔

ابتدا مین یہ چند سال بعہدۂ سررشتہ داری ملازم رہے۔ پھر اُسے چھوڑ کر بقیہ عمر مشاغل علمی اور رشد وارشاد خاندانی مین بسر کی بیعت بھی لیتے تھے۔ اطراف مین پوری مین اکثر لوگ انکے مُرید ہین۔

وفات انکی بتاریخ ۱۹ ماہ جمادی الاوّل روز سہ شنبہ ۱۳۰۱ھ بعمر ۹۰ سال ہوئی بمقام مین پوری صحن عیدگاہ مین حسب وصیت دفن ہوئے قطعۂ تاریخ انتقال از مولوی محمد محسن صاحب محسن کاکوروی ؎

مخزن علم و عمل فخر زمن	قبلہ احسن ابوالحسن حسن
از سعیدے واز شہیدے نور عین	ابن ابن مسمیٰ ابن حسین
رفت سوے عرش اعلےٰ روح او	کُلُّ شَیْئٍ ھَالِكٌ اِلَّا وَجْھَہٗ
ہاتفے از بہر تاریخش نوشت	جاے پاکش باد الٰہی در بہشت

۱۳۰۱ھ

حسن رضا

منشی حسن رضا۔ ابن شیخ محمد رضا۔ ابن شیخ حاتم علی۔ ابن شیخ ہدایت اللہ۔ ابن شیخ غلام سرور۔ ملکزادہ کاکوروی۔ تلمذ ان کو حضرت مولانا شاہ علی انور قدس سرہ سے تھا۔ اور حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ کے مُرید تھے۔ نہایت ذکی اور ذہین فہیم و قابل و

نثار تھے۔ چند تحریریں انکی مشتمل صنائع و بدائع جو نظام حیدرآباد کی خدمت میں لکھکر پیش کی تھیں درج کیجاتی ہیں جن سے انکی اعلےٰ قابلیت کا پتہ چلتا ہے۔ عرضی غیر منقوط جو حضور نظام دکن کی بارگاہ میں پیش کی تھی۔ یہ ہے۔

هو الله لا اله الا هو له الملك وله الحمد

مالک ملک عطا و کرم سلالۂ دودۂ آدم والا ہمم دادر دادرس دارا درگاہ کاؤس کوس ماہ کلاہ دام اللہ ملکہم۔ در ہوا درگاہ ارم کارگاہ سر سودا ملو و آسودہ دل مراد محل را والہ و سرگرم اعلام ما ہو المرام دارد۔ حمد لا حد مالک الملک والملوک راکہ در ہا مکارم و مراحم وا کردہ سرکار عالم مدار را و سادہ آرائے دار الحکم عدل و داد آورد و ہمہ دلہائے اہل عالم را عمر مکرر عطا کرد۔ ہم اساس صدمہ و ہراس اہل عالم در احاطۂ عدم در آمد۔ و ہم گروہ آلام و اوہام اہل دہر در حصار عدم۔ ہم دلہا حوصلہ ہا را ما وا و ہم سرہا سراسر گلدہ ہا طالع مسعود اہل عالم عالم عالم سور و سرور را در عالم صلا در داوہ۔ و امطار عطا و کرم دادر و الا ہمم حلہ ہا را اہل دہر را در عطر گل مراد معطر کردہ۔ اللہم اکرمہ کرما واسعا وارحمہ رحما کاملا لمحمد و آل محمد۔ دادگرا۔ حال سراسر ملال دعاگو اگر کلک در سلک سطور آورد۔ عمر آدم در کار ہم اعلام درد دل محال و ہم دعاگو را طول کلام عار۔ حاصل الامر درگروہ وکلاء اول ممالک محروسۂ سرکار عالم مدار و واسطہ دارد و مرحوم صدر عہدہ دار سرور کام گار ارم۔ اما در معاملہ دہر کم طالع آمدہ رسم درراہ و داد و امداد اہل دہر معلوم و دعاگو را وراء مالک مکرم مدد و ماوا در عالم معدوم لامحالہ اسرار آمال دل در دل گرہ کردہ ہردم دعا و مدح سرکار عالم ور دہر مو دارم و دہ مصرعۂ سادہ رہ آورد۔ آوردہ ام ماموں کہ مسموع گردد و مسئول کہ سمک مدعا سر در دام ارادۂ دعاگو در آورد۔ صمد العلام سرکار عالم مدار را امر عالم مطاع۔ و حکم عدو مال و عمر دوام و گوہر آمال عطا دارد واللہ معکم و مع اولادکم الکرام ؎

داور دارا در و کاؤس کوس　　رام حکم محکم او روم و روس

سالک ہر مسلک علم و کمال | مدح عدل و داد او آمد محال
در دل را مہر او گردد دوا | طول او در داده در عالم صلا
ماه محمود و مہر اطوار او | ورد ہر کس اسم او اسمار او
کامگار را داور را دارا در را | ورد دارم سال و مہ ردل دعا

سوال

گدار در درگاه والا محمد حسن رضا دہم ماه صوم ۱۳۲۹ھ

عرضی دیگر

احد واحد

مصدر عطا و کرم اولو الامر داد گر ملک العادل والکامل ادام اللہ ملکہم وعطا رہم۔ سر سال سر آمد کہ سوالہا سادہ دعا گو در مسلک مطالعہ سردار کامگار در آمد۔ و حکم محکم موسومہ مدار المہام ہم در ورود مسعود آورد مدح مکارم و مراحم سرکار محال و دعا طول عمر و آرام دوام در ہر حال حالا کہ سرور و سرور سالگرہ حال و لولہا و حوصلہا در دل مملو کردہ مادہ ہا سالگرہ حال در سلک سطور آوردہ دل و داد محمل را والہ و سرگرم مدح مہر و کرم و دعا سرکار عالم ہر دم دارد دعا دلا سال حال و دگر دہ صد سال مالا مال گوہر آمال گرداد ۱۳۳۵ھ

سوال

دعا گو گدار در والا محمد حسن رضا
یہ تحریر انھون نے دربار سالگرہ مین پیش کی تھی۔

یا مغنی یا باری ۱۳۳۵ھ

یوم الاول من رجب المرجب الاشرف والاطیب ۔۱۳۳۵ھ ۔ھو یوم عید میلاد السلطان وحید العصر والآوان معین الملل والادیان ۔۱۳۳۵ھ نواب السابع نظام الملک ۔۱۳۳۵ھ دام اقبالکم ومد ظلکم دائما ۔ ۱۳۳۵ھ لازال ظلا لکم العالی ابدا ممدودا

۱۳۳۵ھ - فالناس کلھم ینعقدون محافل النشاط بطیب الخواطر ۱۹۱۶ء ویلتمسون دعاء ازدیاد جاھہ ودوام ملکہ متواتر ۱۹۱۶ء - ربنا بارک عید السعید لسلطاننا واجعلہ عایداً عاماً بعد عام - الی یوم القیام بامجد الکلام والآن تم الکلام بدعاء النظام والسلام ۱۹۱۶ء - راجی لفضل سلطان ۱۳۳۵ھ - المحمد حسن رضا وکیل اول ۱۳۳۵ھ

ان سب پر نواب عماد الملک میر سید حسین بلگرامی نے بہت تحسین کی تھی -

شعر و شاعری کیجانب بھی ذوق تھا حسن تخلص کرتے - اور منشی عبد الحی عرشی سے تلمذ رکھتے - گورنمنٹ انگریزی مین امتحان وکالت پاس کیا شاہجہان پور مین وکالت کرتے رہے - پھر ریاست حیدرآباد مین درجہ اول کی وکالت کی سند حاصل کی اور وہین وکالت کرتے تھے - افسوس کہ ابھی حال مین انھون نے بتاریخ ۲۳ ماہ ربیع الاول روز پنجشنبہ ۱۳۴۳ھ بمقام حیدرآباد انتقال کیا اور وہین دفن ہوئے -

حسن یاور خان

منشی حسن یاور خان متخلص بہ قمر - خلف نواب یار جنگ محمد اکرام اللہ خان بہادر - انھون نے ابتدائی تعلیم مولوی فرید علی متخلص بہ فلک کاکوروی سے پائی - بعدہ عربی و فارسی کی تعلیم حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر قدس سرہ سے حاصل کی حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ کے مُرید تھے -

یہ بہت ذہین اور طباع تھے - نثر و نظم اچھی لکھتے تھے - نظم مین مولوی فرید علی فلک سے تلمذ تھا - اشعار اُردو و فارسی دونون لکھتے اور بزم مشاعرہ مین دادِ سخن پاتے - ریاست حیدرآباد مین بعہدہ اسٹشن ججی مامور تھے - اور بہت شوقین و رئیس مزاج شخص تھے -

نواب علی حسن خان سلیم تذکرہ صبح گلشن مین لکھتے ہین کہ

"قمر تخلص منشی حسن یاور فرزند اکرام اللہ خان کاکوروی است ماہر فن عروض و قافیہ

ورودی - از انجاکہ قمر را فنا نک ناچار است شیخ فرید علی فلک بہ اصلاح نظام ابیاتش یاور
ویار طبعش رسا وفکرش آسمان پیما بود اہلہ مصار یعش ناخن زن دلہا ؟

انکا کلام اُردو و فارسی جو کچھ ملا سکا بغرض تفریح طبع ناظرین درج ذیل ہی۔ اشعار فارسی سے

زسیر قامت رویش بسلم دیوانہ میگردد ۔ بلاگردان شمع طور این پروانہ میگردد
ہمانا محتسب چون کعبہ پاس حرمتش دارد ۔ کہ بہر طور ہر دم بردر میخانہ میگردد
جرس آسا قمر نالان بہ ہجر یار سرگردان ۔ لب کف گریبان پارۂ دیوانہ میگردد

انکے اُردو کلام مین روانی اور سلاست قابل ملاحظہ ہے۔ اشعار اُردو سے

زلف شبگون سورۂ واللیل کی تفسیر ہی ۔ یا بیاض صبح پر یہ حاشیہ تحریر ہے
خاک اُڑاتے دیکھکر مجھکو تجاہل سے کہا ۔ یہ سڑی ہی یا کسی کا عاشق دلگیر ہے
یا کسی کو اپنا کرو یا کسی کے ہو رہو ۔ نام اسکا ہے محبت یہ بڑی تسخیر ہے

چُکین گے بعد فنا بھی نہ عشق کے جھگڑے ۔ رہیگا قبر پہ یارون کا ہائے ہو باقی
وہ بزم ہو گئی ساقی کے اُٹھتے ہی برہم ۔ لنڈھے ہوے ہین پڑے ساغر و سبو باقی
سوال نامہ و پیغام کا ملا ہی جواب ۔ فقط ہے شرح حکایات دو بدو باقی
تمھارے عشق مین رسوائے خلق پھرتا ہون ۔ خدا ہی رکھے تو رہجائے آبرو باقی
تپ فراق نے ایسا جلا کے خاک کیا ۔ کہین بدن مین نہین نام کو لہو باقی
نہین ملا کہین اتبک ہمین وہ مہر لقا ۔ قمر اُسکی ہے دن رات جستجو باقی

گھونگھٹ مین یون نہان ہی رُخ اُس ماہتاب کا ۔ آجائے جیسے چاند پہ ٹکڑا سحاب کا
پردہ اُٹھایا رُخ سے جو اُسنے نقاب کا ۔ غیرت سے رنگ زرد ہوا آفتاب کا
کل شب کو تھا وہ بزم مین اسطرح جلوہ گر ۔ جیسے چمن مین پھول کھلا ہو گلاب کا

انھون نے بے نام و نشان بحالت شباب بتاریخ یکم ماہ رجب المرجب روز دوشنبہ ۱۳۲۲ھ
انتقال کیا۔ اور محلۂ ولی نگر قصبۂ کاکوری مین اپنے مکان سے متصل خاندانی قبرستان مین

دفن ہوئے۔

حسین بخش

مولوی شاہ حسین بخش شہید۔ خلف اکبر حضرت شاہ میر محمد قلندر عرف میرن میان علوی قدس سرہ۔ انکی ولادت ۱۲۰۳ھ مین ہوئی۔ انھون نے کتب درسیہ تمام وکمال حضرت مولانا شاہ حمایت علی قلندر قدس سرہ سے پڑھین۔ اور بڑے فاضل زبردست یکتائی زمانہ ہوئے۔ فن ادب مین بہت بڑے ماہر تھے۔ شوق مطالعہ کتب وتصانیف اسقدر تھا کہ۔ قید ملازمت کو طبیعت نے گوارا نہ کیا۔ ابتدا ایک مدت تک عدالت دیوانی علیگڈھ مین سررشتہ دار رہے۔ بعد اٹاوہ مین بعہدہ منصفی مامور ہوکر اپنی لیاقت اور قابلیت اور دانائی اور معاملہ فہمی مین معروف ومشہور ہوئے۔ بالآخر اکتوبر ۱۸۴۲ء مین عہدہ منصفی سے کنارہ کش ہوگئے۔ زیادہ وقت ذکر وشغل مین صرف کرتے۔

بیعت واجازت وخلافت انکو اپنے والد ماجد سے تھی۔ اور تعلیم وتربیت باطنی بھی انھین سے۔ اذکار واشغال کے بعد بقیہ وقت کتب بینی مین صرف کرتے۔ انھون نے ایک بڑا کتب خانہ جمع کیا تھا۔ جسکی کچھ کتابین مین اپوری مین انکے صاحبزادے مولوی حسن بخش صاحب کے ساتھ تھین۔ جنکی حفاظت کی بابت ایک خط مین انکو لکھتے ہین کہ

"مردن آن برخوردار وگم شدن یکے ازین کتابہا مرا برابر است۔

علاوہ اسکے بہت بڑے عامل بھی تھے۔ دعاء سیفی خاص طور پر عمل مین تھی۔ بیعت بھی لیتے تھے۔ اطراف مین پوری واٹاوہ مین اکثر انکے مریدین تھے۔

تصانیف بھی بہت سے ہین۔ انمین سے جسقدر تصانیف کے نام معلوم ہوسکے وہ درج ذیل ہین (۱) رسالہ نفحۃ الہند عربی بجواب نفحۃ الیمن (۲) آثار باقیہ جس مین آٹھ رسالہ حسب ذیل ہین (الف) حرز الامان (ب) اسرار الاسمار (ج) خیر الاعمال (د) اور بقیہ ۵ رسالہ

علم الاعداد مین ہین (۳) ضروریات الادب عربی متعلق بہ صنائع و بدایع (۴) اختلاف البصریین والکوفیین (۵) دستور الکمالات فارسی - جو انشا پردازی اور صنایع وبدایع کے بیان مین ہے اسمین چند رسائل ایسے ہین جنکے مطالعہ سے انسان علم مجلس حاصل کرسکتا ہے (۶) بیاض جسمین مختلف اور مفید مضامین و فوائد ہین - یہ سب کتابین غیر مطبوعہ ہین -

انھون نے اپنے زمانہ ملازمت مین جائداد وغیرہ بھی پیدا کی تھی جو انکی اولاد کے قبضہ مین ہے - انسے اجازت وخلافت صرف انکے صاحبزادے مولوی حسن بخش صاحب کو تھی

۲۹ رجادی الاول ۱۲۵۵ھ کو بمقام رسول آباد یہ نماز پڑھتے ہوئے شہید ہوئے -

وفات کی تاریخ حضرت شاہ تراب علی قلندر رح نے یہ ارقام فرمائی ؎

سال رحلت شہید اکبر گشت ۱۲۵۵ھ — سر دشمن بریدہ گفت تراب

ایضاً تاریخ صوری و معنوی (یوم شنبہ بست ونہم جمادی الاولے) ۱۲۵۵ھ مزار اٹاوہ مین متصل مدرسہ اسلامیہ واقع ہے

حکیم الدین خان

مولوی مفتی حکیم الدین خان خلف دوم قاضی القضاۃ نجم الدین علیخان بہادر خلیف اکبر ملا حمید الدین محدث - ولادت انکی ۱۱۹۴ھ مین ہوئی تعلیم و تربیت علوم متعارفہ کی اپنے والد ماجد و ملا اعماد الدین بریلوی - و مولوی فضل اللہ نیوتنوی سے پائی اور حضرت شاہ محمد کاظم قدس سرہ سے بیعت کی -

یہ اولاً محکمہ ججی مین سررشتہ دار ہوئے - پھر بعہدہ صدر امینی مامور ہوئے پھر صدالصدوری کے عہدہ سے پنشن لیکر خانہ نشین ہوئے - نہایت عیش و عشرت سے بسر کی - ایک کوٹھی بہت نفیس اور عالیشان بنوائی جواب تک موجود ہے مگر بے مرمت ہے - کتب بینی کے ایسے شایق تھے کہ وقت انتقال بھی کتاب فتح القدیر شرح ہدایہ انکے قریب رکھی تھی - بوجہ ملازمت

سرکاری درس و تدریس کی بہت کم نوبت آئی۔

انھون نے بتاریخ ۱۰ ماہ جمادی الاولی روز شنبہ ۱۲۶۹ھ وفات پائی۔ اور اپنی والدہ (جو جناب مخدومہ کے لقب سے مشہور تھین) کے حظیرہ واقع محلہ کھاری کنوان متصل چاندمحل مین بجانب غرب دفن ہوئے۔ قطعہ تاریخ وفات از مولوی محی الدین خان ذوق کاکوروی سہ

الحق آن قبلہ دین قدوۂ خاصان خدا	زین جہان بار سفر بست سوئے دارلقا
کلک ما سال وفاتش بصد آلام نوشت	روز شنبہ دہم از شہر جمادی الاولی
سمبت ۱۹۰۹	۱۲۶۹ھ

حکیم باسط

مولوی حکیم باسط۔ خلف اصغر حضرت شاہ محمد کاظم قلندر قدس سرہ۔ یہ ابتدائی سن شعور سے نہایت نیک بخت و شایستہ تھے۔ حضرت شاہ تراب علی قلندر سے انکو بیعت تھی تعلیم و تربیت ظاہری و باطنی اپنے والدماجد و مولانا شاہ تراب علی قلندر و مولانا شاہ حمایت علی قلندر قدست اسرارہم سے پائی۔ یہ بہت ساکت و صامت رہتے تھے۔ حضرت شاہ محمد کاظم قلندر قدس سرہ نے ایک شغل انکو تعلیم فرمایا تھا جسکے اثر سے رقت قلبی بہت بڑھ گئی تھی۔ اکثر اوقات رویا کرتے تھے قریب قریب مجذوبون کی سی حالت ہوگئی تھی۔ جسوقت جو فرماتے وہ پٹ نہین پڑتا تھا ایک روز کا قصہ ہے کہ یہ کھانا کھانے کے واسطے گھر مین گئے جو ماما کہ کھانا پکاتی تھی اُس سے کھانا مانگا۔ اُسنے کہا کہ ابھی تیار نہین ہے۔ یہ سُنکے انھون نے اپنی والدہ صاحبہ سے جاکر کہا کہ آپ مُردہ سے کھانا پکواتی ہین۔ اُنھون نے فرمایا یہ کیا۔ تب یہ بُولے کہ ملک الموت اسکی روح قبض کرنے کے لئے تیار کھڑے ہین۔ جب وہ ماما روٹی پکا چکی تو اُسکے دفعتاً درد اُٹھا اور وہ انتقال کر گئی۔

منقول ہے کہ احاطۂ شیخ محمد حیات صاحب مین جہان اُنکی سُسرال تھی۔ یہ ایک روز

باہر چبوترہ پر ٹہل رہے تھے۔ وہان رعایا مین سے ایک کہار مسمی راجہ رام کی دادی پانی بھرنے کے واسطے جا رہی تھی۔ اُس سے مخاطب ہوکر کہنے لگے کہ تیرے شوہر کی لاش آ رہی ہے۔ اُسنے کہا یہ آپ کیا کہہ رہے ہین۔ انھون نے پھر کہا کہ حیدر گنج مین آگئی ہے۔ جب تھوڑی دیر کے بعد وہ عورت پھر آئی۔ تب پھر فرمایا کہ بہت قریب آگئی اور برابر مقامات کے نام بتلاتے رہے۔ تھوڑی دیر کے بعد اُسکی لاش آگئی۔

منقول ہے کہ جب تکیہ شریفیہ کی مسجد شیخ لعل محمد (مرید حضرت شاہ محمد کاظم قلندر رح) نے بنوانے کا ارادہ ظاہر کیا۔ اور اس امر مین مشورہ ہوا کہ کس جگہ مسجد بنے۔ حضرت شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ کی رائے تھی کہ یہین بنے۔ جہان کہ اب بنی ہوئی موجود ہے اور جناب میرن میان صاحب کی رائے تھی کہ خانقاہ سے علحدہ (یعنے پُشت درگاہ حضرت شاہ تراب علی قلندر رح) بنے ہنوز کوئی امر طے نہین ہوا تھا کہ انھون نے ایک روز رات مین اُٹھ کے کہنا شروع کیا "کہ جو چچا میان کہت ہین وہ نہین ہوئیے۔ اور جو بھائی میان کہت ہین وہی ہوئیے" بالآخر وہین مسجد بنی جہان کی رائے تھی۔ اور اب بھی موجود ہے۔

انکے خسر شیخ محمد حیات صاحب نے بہت دولت چھوڑی۔ مگر انھون نے کبھی اُسکی پروا نہین کی۔ بھائیون کے ساتھ عمر بھر فقر و فاقہ سے بسر کی۔ وہان کبھی کھانا کھانے کے روادار نہین ہوئے اپنے بھائیون اور بہنون مین سب سے چھوٹے تھے حکیمن انکا عرف تھا انھون نے اور حضرت مولانا شاہ حیدر علی قلندر رح نے ایک ساتھ ایک اُستاد سے تعلیم پائی دونون کی عمر مین تین چار سال سے زائد فرق نہ تھا۔ انکے مجاز اور خلیفہ ہونے کا کہین سے پتہ نہین چلتا۔

منشی فیض بخش صاحب اپنے نسب نامہ موسومہ بہ چشمۂ فیض مین انکے متعلق لکھتے ہین۔

"شیخ حکیم با سطِ حالت جذب دارد ساکت و صامت است اگر کسے آب و طعام پیشش گذاشت تہیر و اگر نداد و لے دانست معلوم نیست کہ کدام حال ساری طاری است"

انھون نے شباب مین تاریخ ۲۳ ماہ صفر المظفر ۱۲۳۶ھ شب مین رحلت کی اور اندرون روضہ حضرت شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ پائین فرار اپنی والدہ ماجدہ کے جانب مشرق دفن ہوے۔

قطعہ تاریخ انتقال از مولوی شریف الدین مرحوم کاکوروی ؎

والا حضرت حکیم باسط | بستہ رخت سفر ز عالم
در فکر سن وصال پاکش | بس مضطر و بیقرار بودم
دیدم بسر لحد نوشتہ | در ماہ صفر بہ بست وسویم

۱۲۳۶ھ

حمایت علی

حضرت مولانا شاہ حمایت علی قلندر خلف اوسط حضرت عارف باللہ مولانا شاہ محمد کاظم قلندر قدس سرہ۔ انکی ولادت ۱۱۹۵ھ مین ہوئی۔ انکی ولادت سے قبل انکے ایک بھائی اور پیدا ہوئے تھے۔ جنکا نام باقی باللہ تھا۔ اُنکی ولادت کے وقت یہ عجیب بات ہوئی تھی کہ تمام گھر نورانی ہوگیا تھا۔ اُسوقت جو لوگ حاضر تھے۔ بہت متعجب ہوے۔ اور سمجھے کہ کسی ولی کی روح ہے۔ جو اسطرح ظاہر ہوئی۔ مگر پانچ چھ روز کے بعد اُنکا انتقال ہوگیا۔ سب لوگ بہت متحسر اور غمگین ہوئے۔ پھر جب انکی ولادت ہوئی۔ تو حضرت عارف باللہ نے ایک واقعہ مین دیکھا کہ یہ لڑکا کہتا ہے کہ مین باقی باللہ ہون۔ اور مین ستر ہزار حجابات قطع کرون گا۔ اس واقعہ سے وہ انکو بہت چاہتے تھے۔

بچپن ہی سے آثار سعادت وعلامات ولایت ظاہر ہونا شروع ہوئے۔ پانچ چھ سال کی عمر مین جو بات کہتے وہ ضرور پوری ہوتی۔ چنانچہ ایک مرتبہ قحط پڑا۔ تمام آدمی قصبہ کے نماز استسقا کیلئے اُس باغ مین جو متصل تکیہ شریفہ واقع ہے۔ جمع ہوئے۔ یہ بھی کھیلتے ہوے اُدھر گئے۔ لوگون سے مجمع کا سبب پوچھا کسی نے کہا کہ پانی برسنے کیلئے دعا مانگنے آئے ہین۔ انھون نے کہا فضول ہے۔ پانی نہین برسے گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ اُس زمانہ

مین انسے بارہا کرامات و خرق عادات کا ظہور ہوا۔ جب سن تمیز کو پہونچے تو یہ حالت فرو ہوگئی۔
پھر تحصیل علم کیطرف متوجہ ہوئے۔ اور حضرت عارف باللہ شاہ محمد کاظم قلندر سے تمام اذکار
و افکار و اوراد و اشغال و کتب تصوف کی تعلیم پائی اُسی زمانہ سے انکو طعام لذیذ و پوشاک نفیس سے
نفرت تھی۔ چودہ سال کی عمر مین اسماء الٰہی و ادعیہ معمولہ خاندانی کی زکوٰۃ باشرائط دی
مختصرات کتب درسیہ اپنے بڑے بھائی حضرت شاہ تراب علی قدس سرہ سے پڑھین۔
پھر کچھ حکیم محمد حیات سے۔ بعد اُسکے مولوی قاسم علی۔ و مولوی حیدر علی خلاف مولوی حمداللہ
سندیلی۔ اور مولوی عبدالواجد خیرآبادی سے متوسطات تک پڑھا۔ پھر قصبہ دیوہ ضلع بارہ بنکی
مین جاکر مولانا ذوالفقار علی دیوی سے فراغ حاصل کیا۔ اور بہت بڑے عالم متبحر اور فاضل
جید و مدرس ہوئے۔

بیعت و اجازت و خلافت انکو حضرت عارف باللہ سے تھی۔ اور الباس خرقہ معہ اجازت
خلافت اپنے بڑے بھائی حضرت شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ سے۔ علاوہ اسکے سلسلۂ
نقشبندیہ کی اجازت حضرت حاجی امین الدین کاکوروی۔ و حضرت شاہ ابو سعید ساکن رائے بریلی
سے بھی تھی سلسلۂ قلندریہ کی اشاعت تھوڑی مدت مین ان سے بہت ہوئی۔ اور ایسی قبولیت
عوام و خواص مین پیدا کی کہ باید و شاید۔ حضرت شاہ بہرام علی قلندر اور اُنکے صاحبزادے حضرت
شاہ نظام علی قلندر کو بھی ان سے اجازت و خلافت تھی۔

سلسلۂ درس و تدریس بھی باوجود مشیخت برابر جاری رکھا۔ تلامذہ بھی کثیر التعداد ہوئے۔
جن حضرات کے نام معلوم ہو سکے وہ درج ذیل ہین (۱) مولوی شاہ حسین بخش شہید (۲) و مولوی
قادر بخش اخلاف شاہ میر محمد قلندر قدس سرہ (۳) مولوی حکیم باسط برادر خورد آنحضرت (۴) مولانا
شاہ حیدر علی قلندر برادر زادہ آنحضرت (۵) مولوی رضا علی پسر کلان آنحضرت (۶) شاہ نظام علی
قلندر ہمشیر زادہ و خویش آنحضرت (۷) مولانا شاہ تقی علی قلندر برادر زادہ آنحضرت (۸) شاہ
کرامت علی قلندر۔ وغیرہم۔

انھون نے تصنیفات بھی عمدہ اور نفیس کیے جو یہ ہین (۱) ارکان الاصول شرح فصوص اکبری
جو نہایت نفیس اور بے مثل شرح ہے۔ متعدد بار طبع ہوکر مقبول خاص و عوام ہو چکی ہے۔
(۲) نور لاریب ترجمہ فتوح الغیب۔ یہ اُنھون نے حسب ارشاد حضرت عارف باللہ قدس سرہ
شاہ عاشق اللہ وغیرہم کیلیے فارسی زبان مین لفظی ترجمہ کیا تھا۔ یہ رسالہ بھی طبع ہوگیا ہے
(۳) کتاب ملہم الصواب فی انجاح طریقۃ اولی الالباب۔ اسمین سلاسل ثمانیہ کا سلوک جو حضرت
عارف باللہ نے انکو تعلیم فرمایا تھا۔ لکھدیا ہے نیز اور بہت سے فوائد متعلقات سلوک مین نہایت
عمدہ اور جامع کتاب ہے (۴) معدن علوی۔ نقوش اور اعمال مین اسکے علاوہ دو بیاضین
اور ہین ایک اعمال مین دوسری متفرق فوائد مین۔ خط بھی انکا بہت اچھا تھا۔ بہت سے رسالے وغیرہ درسی
کتابین انکے ہاتھ کی لکھی ہوئی موجود ہین۔ زمانہ طالب علمی مین کتابون کا عمدہ ذخیرہ جمع کیا تھا
جو یہین کتبخانہ تکیہ شریفیہ مین موجود ہے۔
غرضکہ ذات ستودہ صفات جامع علم ظاہر و باطن شریعت و طریقت سے آراستہ و حقیقت
و معرفت سے پیراستہ تھی۔ نہایت ہی وجیہ الصورت صبیح الوجہ وسیع الاخلاق تھے۔
منشی فیض بخش صاحب اپنے نسبنامہ موسومہ بہ چشمۂ فیض مین لکھتے ہین۔
"مولوی حمایت علی فاضل زبردست ولی مادرزاد بود۔ در بچگی ہرچہ میگفت بظہور می پیوست۔ بتحصیل
علم ظاہر مشغول باشتغال شد۔ چندان کہ از پدر تجاوز کرد۔ روزے در عین عروج مہ چہر یعنے عروج
جوانی و عروج علم ظاہر و باطن کہ علمائے را از دیدن او شاہ محمد کاظم فراموش بود ند۔ برائے وضو برخاست
وقت مغرب جناب ملک الموت بصورت مار پیدا شدہ بر پائے مبارکش نیش اجل زد کہ صبح آن مقام
ملاء اعلیٰ صعود فرمود"
انھون نے بعمر ۴۱ سال بتاریخ ۲۵ ماہ رجب المرجب روز جمعہ ۱۲۶۲ھ سانپ کے کاٹنے سے
رحلت فرمائی۔ مزار شریف حضرت عارف باللہ کے مقبرہ مین جانب مغرب واقع ہے۔ قطعہ
تاریخ وفات از مولوی شریف الدین مرحوم کاکوروی ؎

حضرت مولوی حمایت علی | ابن کاظم شہ خجستہ نہاد
روز آدینہ بست و پنج رجب | آن قلندر منش بزرگ نژاد
دید از چشم دل چو عالم قدس | گشتہ از بند عنصری آزاد

۱۲۲۶ھ

حمیدالدین

حضرت ملا حمیدالدین محدث۔ ابن ملا غازی الدین شہید۔ ابن ملا محمد غوث۔ ابن ملک ابو الخیر متقدم الذکر ولادت انکی بتاریخ ۲۷ ماہ رمضان المبارک ۱۲۳۲ھ ہوئی مادہ سال ولادت ظہور طیب ہے۔ انکے فضائل و کمالات و حسن خلق و صدق و متانت وضع و وقت طبع و علم و عمل اظہر من الشمس ہین۔ بلحاظ حدید الذہن ذکی و فہیم ہونیکے انکو مخزن لیاقت و معدن قابلیت کہنا بیجا نہین۔ لڑکپن سے وفات تک کبھی کسی کو سخت و سُست نہین کہا۔ اور نہ کبھی قسم کھائی۔ اور نہ کبھی کاغذات پر گواہی کی۔ اپنے والد کے وفات کے وقت انکی عمر سات یا آٹھ سال کی تھی۔ اُسی وقت سے بزرگون کی صحبت پسند تھی۔ شاہ محمد وارث کاکوروی کی خدمت مین زیادہ رہتے تھے۔ اور تحصیل علم مین مشغول رہا کرتے۔ لہو لعب سے بہت نفرت تھی۔ اپنے جد بزرگوار کے حالات سُنکر علم و فضل اور ثروت دنیاوی کے حصول مین کوشان رہتے۔

درسیات کی تکمیل مولوی محب الرحمن کاکوروی سے کی۔ بعد فراغ بغرض حصول منصب جدی دہلی گئے۔ وہان کچھ دنون قیام کیا آخر بسعی احباب جد بزرگوار تنخواہ مقرر ہوئی۔ اسکا پروانہ حاصل کرکے وطن مین آکر قیام کیا۔ یہان درس و تدریس کے سلسلہ کو جاری کیا۔ جمیع علوم مین ماہر اور علامۂ عصر تھے۔ حل غوامض و دقائق خاص آپ کا حصّہ تھا۔ علم ریاضی مین بہترین معلومات رکھتے۔ فارسی و عربی مین ناظم و ناثر بے مثیل تھے۔ عروض اور قوافی مین اسقدر ملکہ تھا کہ باید و شاید۔ سیکڑون کو اپنے فیض صحبت سے شاعر جید و فاضل زبردست بنا دیا۔

منشی فیض بخش اپنے نسب نامہ موسومہ بہ چشمۂ فیض مین لکھتے ہین ۔

" فاضل کامل عالم عادل مولانا حمید الدین بعزیمت حصول منصب جد بزرگوار بشاہجہان آباد تشریف برد با منشی ٹھاکر داس منشی نواب وزیر ابو المنصور خان صفدر جنگ و دیوان مہانا رائن اختلاط چسپان بہم رسانیدہ گرمیہاے صحبت میداشتند در جنگ احمد شاہ بادشاہ ہند با احمد شاہ درانی کہ در میدان سہرند واقع شدہ بود شہر یک گشتہ دیوان مہانا رائن خدمت امنیانہ کہ از توابع پنجاب محال عمدہ است تجویز کرد قبول نفرمود ۔ وگفت کہ مہاراج براے منافع ما این کار تجویز میفرمایند ومن منتفع نخواہم شد چراکہ سوائے درماہہ ذات کہ از سرکار مقرر گردد آنچہ از دست زمینداران و رعایا سوائے مال سرکار بحاکم عاید میگردد یا از رشوت است ویا بہ جبر گرفتہ میشود واین ہر دو طریق نزد خود نامحمود بلکہ شرعًا حرام مطلق است ازمن یک حبہ ازین قسم وصول نخواہد شد ۔ طنطنہ شجاعت وغیرت ومہمان پروری بدرجہ اتم میداشت ۔ چندے بروز گار شاہ عالم بادشاہ ہم کردہ بود تا عظیم آباد ہمراہ لشکر بادشاہ بود "۔

منشی غلام مرتضےٰ اپنی کتاب جواہر الانشا مین لکھتے ہین کہ ۔

" فضائل وکمالات پناہ شیخ حمید الدین نبیرۂ ملا مغفور مخزن لیاقت وقابلیت است ۔ وطبعش خیلے بلند ودقیقہ سنج ومعنی فہم افتادہ در سخنوری وسخندانی پایۂ عالی دارد واز غایت صاف شربی آئینہ وار ازغبار کینہ باہیچکس بدل نمی پسندد وضع سنجیدہ اش دستور العمل عالی نشان روزگار وصفات پسندیدہ اش مستند صاحب امتیازان عالی مقدار ۔ اخلاق شان با دوست ودشمن یکسان مزاجش بطور وطرز صاف طینتان وپاک نہادان سلف مخلوق ومجبول گشتہ ۔ خلاصہ ذات آن حاوی کمالات از خوبان روزگار ومستغنی زمانہ واین قسم مردم درین عجز وزمان بسا نایاب کیمیا ب جوہرے وکمالی کہ آن مایۂ استعداد عطا کردہ وبخشیدہ اند از موہبت است کسبی ومکتسبی نیست ۔ در صلاح وتقوے ونیک خصالی نام برآوردہ ۔ ودر معما دانی ونکتہ سنجی علم استادی افراشتہ ۔ طبع منصف وسلیم دارد وبمدادسخن میرسد ۔

طبع او داد ہنر آبادِ سخن | سید ہے داد سخن دادِ سخن

خوش نما لے بہ این کمالات ملاحت دارد که فخر دودمان و گلدستهٔ محفل اہل کمالات است

نواب علی حسن خان سلیم تذکرۂ صبح گلشن میں لکھتے ہیں۔

حمید - مولانا حمید الدین نبیرۂ ملا محمد غوث استاد اورنگ زیب عالمگیر بادشاہ بود۔ کسب فضایل ظاہری و باطنی از کملاے زمان نمود۔ مولوی نجم الدین خان ثاقب از اخلاف اوست۔ وطنش قصبہ کاکوری بفاصلہ پنج کروہ از شہر لکھنؤ است۔ مدة العمر شغل درس و تدریس داشت۔ در سنہ ست عشر بعد الالف والمائتین این سپنجی سرا گذاشت۔ ہر چند شعر و شاعری مسلکش نبود۔ لیکن احیاناً بموزونی طبع کلام موزون از زبانش ظہور می نمود۔ ہنگام احتضار بجواب عزیزان بدین شعر لب کشود ؎

از بہر قطع کردن نخل حیات من | چون ارّہ دو دم نفس اندر کشاکش است

انکے چند اشعار فارسی جو مل سکے نذرِ ناظرین ہیں ؎

نے سر از زخم بہ پیچم نہ سپری بندم | عہد با تیغ جفاے تو ز سر می بندم

جاے آرام بکن درین گلشن | عہد آسا رسیدم و رفتم

گر نباشد از مے تند لبت سرشار و مست | پس سخن را وقت پیمان تو با ما ماجرا ست

بے رخت از خانہ چشم قدم بیرون برد | یا نگاہم را ز خون دیدہ گویا حنا است

نعل در آتش نہ تنہا این دل پر درد ماست | نالہ از سوز درون چون دود آتش زیر پاست

با صفاے شبرنگ دیدم روے او را بے حجاب | می توان دیدن بوقت شام سوے آفتاب

انکے مصنفات میں ایک رسالہ منشعب منظوم ہے۔ جو بہت مشہور ہے۔ دوسرا رسالہ موسوم بہ اخلاق حمیدی ہے جسکی تصنیف کے متعلق یہ واقعہ ہے۔ کہ حضرت شاہ محمد کاظم قلندر قدس سرہٗ نے ایک واقعہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی اور عرض کیا کہ میں آیۂ کریمہ اِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیم کے معانی اور مطالب جاننا اور سیکھنا چاہتا ہوں۔ ارشاد ہوا کہ مولوی حمید الدین سے سیکھو اور سمجھو۔ انھوں نے اس واقعہ کو ان سے بیان کیا۔ چنانچہ اسی کے متعلق

یہ رسالہ تحریر فرمایا جو نہایت نفیس مختصر مفید و جامع ہے۔
منشی فیض بخش مثنوی باغ و بہار مین انکے متعلق لکھتے ہین۔

"حمید الدین کہ اوستاد زمان است | نہ اوستاد است بل جان جہان است
نیارم گفتن از قدر رفیعش | ز حسن خلق شد عالم مطیعش
ز ایام صبا تا سال ہشتاد | نشد ز دہیچ دل رنجور و ناشاد
ہمہ تقوے و سرتا پا فخامت | ارسطو فطرت ولقمان فطانت
بمعقولات و منقولات و حکمت | نمودہ در جوانی صرف ہمت
بعلم ہندسہ مشہور آفاق | بعالم در عروض و قافیہ طاق
غموضات علوم غیر منحل | بہ پیش طبع وقادش ہمہ حل
نیامد بر زبانش حرف ناراست | بگویمش اگر صدیق برجاست"

یہ بہت متورع اور متقی و متخلق بہ اخلاق حسنہ تھے۔ مروت و حلم مین اپنی آپ ہی نظیر تھے۔
مولوی مسیح الدین خان بہادر اپنی کتاب سفرنامہ لندن کے خاتمہ مین لکھتے ہین کہ۔
"کسی سفر مین ایک دن صبح کے وقت راستہ مین ایک مقام پر بعد نماز آپ وظیفہ پڑھتے تھے۔ اتفاقاً ایک ملاقاتی گھوڑے پر سوار برچھا ہاتھ مین لئے آگئے۔ اور گھوڑے سے اُتر کر کھڑے ہو گئے۔ اور آپ سے باتین کرنے لگے۔ اور برچھے کو اُنھوں نے اپنے خیال مین زمین نصب کر دیا۔ چونکہ اندھیرا تھا وہ برچھا آپکے پیر مین گڑ گیا اور ایسا گڑا کہ اُسنے پیر توڑ دیا۔ دو تین گھنٹہ تک وہ کھڑے رہے۔ آپ اُنسے برابر باتین کرتے رہے اُس حالت مین آپنے اُف تک نہ کی۔ محض اس خیال سے کہ اُنکو ندامت ہوگی۔ بعد ختم گفتگو جب وہ برچھا اُکھاڑ کر چلے گئے۔ تب آپنے زخم دھویا اور باندھا۔"
بیعت ان کو حضرت قاضی محمد تقی قلندر دھونوی سے تھی جو خاندان قلندریہ مین ممتاز بزرگ تھے۔ غرضکہ ذات ستودہ صفات جامع جمیع کمالات تھی۔ باہمہ و بے ہمہ رہتے تھے۔ گوشہ نشینی اور

یادِ خدا مین مشغول رہتے - حد درجہ کے صابر اور قانع اور متوکل شب بیدار تھے بشریت کے جامہ مین صفات ملکوتی سے متصف تھے تمام عمر افادہ و استفادہ علمی اپنا مشغلہ رکھا - حافظ عزیز اللہ مخدوم زادہ نے جو انکے پھوپھی زاد بھائی تھے - ان سے عہد کیا تھا - کہ جو لڑکا میرے یہان ہوگا اُسکو حافظ قرآن کرائونگا - انھون نے اُن سے کہا تھا کہ مین اپنی اولاد کو عالم فاضل بناؤن گا - چنانچہ دونون نے اپنی نیت پوری کی۔

منقول ہے کہ ایک شخص نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب مین یہ فرماتے ہوئے دیکھا - کہ اگر دنیا مین مجھے کوئی دیکھنا چاہے تو حمید الدین کو دیکھے۔

انکا دیوان خانہ جو اب بارہ دری کے نام سے موسوم ہے - ایک عالیشان مدرسہ تھا - جہان خاص قصبہ اور جوار و دیار دُور دراز خصوصًا بنگال و بہار کے طُلبا رہتے اور پڑھتے تھے - اور فضیلت و کمال حاصل کرکے علامئہ روزگار ہوتے تھے - انکے مصارف کیلئے ایک موضع گجھیا سرکار شاہی سے معاف تھا - جو اب تک انکی اولاد و احفاد کے قبضہ مین ہے -

انکے تلامذہ کی ایک کثیر التعداد جماعت تھی - مختصرًا جسقدر نام دریافت ہوسکے حسب ذیل ہین (۱) قاضی القضاۃ مولوی نجم الدین علی خان بہادر اشرف جنگ خلف اکبر (۲) حاجی الحرمین مولانا امین الدین خلف اوسط (۳) قاضی امام الدین خان خلف اصغر (۴) حضرت عارف باللہ شاہ محمد کاظم قلندر (۵) شاہ میر محمد قلندر (۶) شیخ غلام حسن صدیقی کاکوروی (۷) مولوی معز الدین عباسی کاکوروی (۸) مولوی برہان علیخان عباسی کاکوروی (۹) شیخ طفیل علی علوی کاکوروی (۱۰) منشی فیض بخش کاکوروی (۱۱) شاہ تراب علی قلندرؒ (۱۲) مولوی محمد اکبر چاٹگامی بنگالی (۱۳) شیخ خواجہ محمد دہلوی (۱۴) شیخ غلام محمد دکھنی وغیرہم۔

وفات انکی تباریخ یکم ماہ ذی القعدہ ۱۲۱۵ھ بعمر ۸۴ سال ہوئی - مزار مولوی محلہ صحن بارہ دری مین زیر درخت کھجور حظیرۂ ملا محمد غوث مغفور مین متصل مزار ملا صاحبؒ واقع ہے تاریخ وفات پر قل بھی ہوتا ہے قطعہ تاریخ وفات از مولوی محمد عالم قیصری کاکوروی سہ

آنکہ بزم علم و فضل و ذوق را | ذات پاکش زیب و رونق آمدہ
نام نامی داشت مولانا حمید | کز همایدا خذ و مشتق آمدہ
بہر آن علمیکہ باب او علی است | ہستی او ہمچو زورق آمدہ
شد مقید در ظہور طیب او | باز رویش سوے مطلق آمدہ
سال عمر او شدہ ہشتاد و چار | تا یکم ذیقعدہ مفرق آمدہ
در گذشتہ از سر ہستی خویش | در جوار رحمت حق آمدہ

ایضاً از دیگر ۱۲۱۵ھ

در وفاتش بے سر و پا گشتہ اند | علم و نظم و شعر و فہم و شرع و دین ۱۲۱۵ھ

حیدر علی

حضرت قطب الافراد مولانا شاہ حیدر علی قلندر خلف اکبر و خلیفہ ارشد و جانشین حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر قدس سرہما۔

ولادت آپ کی بتاریخ ۸ ماہ شعبان المعظم ۱۲۰۵ھ ہوئی۔ کتب درسیہ کی تعلیم و تکمیل اپنے عم اکرم مولانا شاہ حمایت علی قلندر قدس سرہ سے کی۔ اور اُنکے ارشد تلامذہ سے ہوئے۔

بیعت آپ کو حضرت شاہ علی مظہر قلندر خلف و خلیفہ حضرت شاہ مسعود علی قلندر الہ آبادی سے تھی۔ تعلیم و تربیت امور باطنی و تصوف اپنے والد ماجد سے پائی۔ اور ان دونوں حضرات سے اجازت و خلافت کبرےٰ حاصل کی۔ صرف اذکار کی تعلیم حضرت شاہ انشاء اللہ قلندر کاکوروی سے پائی۔ ریاضت و مجاہدہ و پابندی شریعت مین فرد تھے۔ مشائخ زمانہ مین آپکا مثل نہین ہوا۔ ابتداء شعور سے صفائی باطن و جلاء قلب اعلےٰ درجہ کی تھی۔

منقول ہے کہ ایک شب کو تکیہ شریفہ کے حاضرین مین سے ایک شخص نے مسجد کے

کنوین کی جگت پر آفتاب کی سی۔ ایک روشنی دکھی۔ جو دیوار کے روشندان سے آتی تھی۔ چونکہ اندھیری رات تھی۔ اُنھین سخت حیرت ہوئی۔ تلاش سے معلوم ہوا کہ آپ حجرہ مین مراقب ہین۔ اور سینہ مُبارک محاذی روشندان مثل آفتاب کے روشن ہے۔ اور اُسی کا عکس کنوین کی جگت پر پڑ رہا ہے۔

کمالات علمی اور فضائل عملی آپکے اسقدر تھے۔ کہ اُنکا حصر کرنا ناممکن ہے۔ فن سپاہ گری مین بھی بہت بڑے ماہر تھے۔ اور نہایت متواضع اور قانع اور ساکت و صامت تھے۔ فرماتے تھے کہ ستر برس ہوے۔ مجھکو غفلت سے نیند نہین آئی۔ مرتبہ رضا و تسلیم اسقدر تھا کہ کبھی اپنے لئے دعا نہین کی۔ سلوک مین آپ کو روش حضرت فخر الدین عراقی۔ و مولانا رُوم و حضرت شمس تبریزی کی بہت پسند تھی۔ اُنکی تعریف بہت فرماتے۔ اور شیخ سعدی کا کلام بھی بہت پسند کرتے۔ گلستان و بُوستان اکثر ملاحظہ فرمایا کرتے۔ بہت با ہمہ و بے ہمہ رہتے۔ بات چیت بہت کم کرتے۔ بحث و مُباحثہ سے بہت احتراز کرتے تھے۔

تصنیف و تالیف بھی کوئی نہین فرمائی۔ ابتدا مین درس البتہ دیتے تھے۔ بعد کو بوجہ مشاغل رشد و ارشاد وہ بھی ترک کر دیا۔ قصبہ و اطراف کے بہت سے لوگ آپکے شاگرد تھے چند نام آپکے تلامذہ کے معلوم ہو سکے وہ درج کئے جاتے ہین۔ (۱) مولانا حسن بخش علوی کاکوروی (۲) مولانا شاہ تقی علی قلندر برادر خورد آنحضرت (۳) مولوی مہدی حسن علوی۔ کاکوروی (۴) مولوی حیدر علی کاکوروی (۵) مولوی حکیم اکرام علی کاکوروی وغیرہم۔

آپ نے ۹ سال مسند خلافت پر تشریف رکھ کر خلق اللہ کو ہدایت فرمائی۔ اور بتاریخ ۳۰ ماہ شوال المکرم روز جمعہ ۱۲۸۵ھ وفات پائی عمر شریف ۹ ، سال کی ہوئی۔

آپ کی وفات سے ایک روز قبل مقصود علی شاہ صاحب شاہجہانپوری نے خواب دیکھا۔ کہ دو کلام مجید ایک شنجرفی حروف کا اور دوسرا سیاہ حروف کا رکھے ہوئے ہین شنجرفی حروف والی کلام مجید کے حروف خود بخود آسمان پر اُڑے جاتے ہین۔ یہ دیکھتے ہی وہ

ہیبت سے جاگ پڑے۔ اور تعبیر من تحیر تھے کہ اسی روز ان کو آپ کے وصال کی خبر پہونچی۔
مزار شریف اندرون حریم روضہ حضرت شاہ تراب علی قلندر جانب مغرب واقع ہے۔ اور
اُس پر مختصر گنبد تعمیر کردہ احمد علیخانصاحب نظر افروز خلائق ہے۔ تاریخ وفات پر فاتحہ بھی ہوتا ہے۔
قطعۂ تاریخ وفات از منشی ناظم حسین متخلص بہ منتظم کاکوروی سه

رفت در جنت ز دنیائے دنی ۔۔۔ مرشد من کانتخاب ہند بود

نام پاکش بود حیدر با علی ۔۔۔ ذات اقدس بو تراب ہند بود

چون نگریم منتظم در ماتمش ۔۔۔ کز وجودش آب وتاب ہند بود

جان زتن شد اُف بگو سال وصال ۔۔۔ فی الحقیقت آفتاب ہند بود

۱۲۸۴ھ

آپ کے خلفاء یہ حضرات ہوئے۔
(۱) حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر برادر خورد آنحضرت۔
(۲) حضرت اکبر العلما مولانا شاہ علی اکبر قلندر خلف اکبر و خلیفہ وجانشین آنحضرت۔
(۳) حضرت ابی وشیخی مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر نبیرۂ آنحضرت۔
(۴) مولوی شاہ علی تقی یاور خان کاکوروی۔
(۵) مولوی حافظ شاہ وجیہ الدین کاکوروی۔
(۶) شاہ غلام مرتضےٰ قلندر ساکن باندہ۔
(۷) شاہ امداد قلندر لکھنوی۔ قدست اسرارہم

خ

خلیل الدین خان

مولوی مفتی خلیل الدین خان بہادر سفیر شاہ اودھ خلف چہارم قاضی القضاۃ نجم الدین علی خان بہادر خلف اکبر ملا حمید الدین محدث ۔ ولادت انکی ۱۲۲۲ھ مین ہوئی ۔ یہ بدو فطرت سے نہایت ذکی اور ذہین مہذب و متین تھے ۔ مختصرات کتب درسیہ اپنے والد ماجد سے ۔ اور متوسطات اور انتہائی کتابین مولوی روشن علی جونپوری سے پڑھین ۔ پھر اپنے والد ماجد کے ساتھ کلکتہ گئے ۔ اور آغاز شباب تک انھین کے زیر تربیت رہے ۔ جب انکے والد نے بفرمائش گورنر جنرل بہادر کتاب الجنایات و الجرایم فتاوے عالمگیری کی شرح بسیط تحریر فرمائی اُسی زمانہ مین انھون نے بھی بفرمائش مسٹر ہارنگٹن صاحب ممبر کونسل جو انکے والد کے علوم عربیہ مین شاگرد تھے ۔ باب التعزیرات در المختار کی فارسی مین شرح لکھی ۔ یہ دونون ایک ساتھ حسب الحکم گورنر جنرل بہادر طبع ہوئین ۔

عربی بھی خوب لکھتے ۔ مسودات نثر عربی کی اصلاح شیخ احمد عرب یمنی مصنف نفحۃ الیمن و عجب العجاب سے لی ۔ اُسی زمانہ مین بتحریک حکام صدر شہور ضلع کانپور مین عہدۂ افتا پر مامور ہوئے ۔ نہایت قابلیت اور محنت سے کام سرانجام دیا ۔ علم حکمت و ریاضی و ہیئت مین اپنا مثل نہین رکھتے تھے ۔ اُسی زمانہ مین ایک دنبالہ دار ستارہ نکلا تھا ۔ جسکے خواص و تبدیل اوضاع مین لوگ متوحش اور متحیر تھے ۔ انھون نے عربی مین دنبالہ دار ستارہ کے حرکات و خواص اپنے بڑے بھائی ممتاز العلما قاضی سعید الدین خان بہادر کو لکھے ۔ وہ اُسوقت سعادت علیخان شاہ اودھ کے دربار مین جا رہے تھے ۔ خط دیکھ کر جیب مین رکھ لیا ۔ دربار مین بھی اُسی کا ذکر ہو رہا تھا ۔ اُنھون نے انکی مہارت علمی علوم ریاضی کی بیان کر کے خط بادشاہ کی حضور مین پیش کر دیا ۔ بادشاہ

نے ایسی قابلیت دیکھ کر کٹھور سے انکو طلب کیا۔ یہ وہان سے مستعفی ہوکر لکھنؤ آ گئے۔ اور ابتداءً اٹھہزار
روپیہ ماہوار پر بادشاہ کی مصاحبت مین تقرر ہوا۔ اور پولٹیکل معاملات مین تحریری و تقریری امداد
کا کام سپرد ہوا۔ بعد انتقال سعادت علی خان کے غازی الدین حیدر کے زمانہ مین بھی بدستور
مصاحب رہے۔

لکھنؤ مین انھین کی تجویز و اہتمام سے تارے والی کوٹھی مین ایک رصد خانہ قایم کیا گیا اور
ولایت سے آلات منگوا کے اُس کوٹھی مین نصب کئے گئے۔ اور موافق حکم شاہی کوٹھی کی دیوار
مین تقواعد ریاضی ایسے دوایر تعبیہ کئے گئے جس مین دقیقہ ثانیہ و ثالثہ تک صحیح تقسیم تھی غرضکہ
وہ رصد خانہ قوانین ریاضی کا ایک مخصوص تماشا گاہ تھا۔ انھین کی تجویز سے مہتمم رصد خانہ
مسٹر ولکاک فاضل ریاضی دان مقرر ہوئے۔

اُسی زمانہ مین مسئلہ سفارت بھی پیش ہوا تھا۔ جو عہد آصف الدولہ مین علامہ تفضل حسین خان
کے وقت سے موقوف ہوگیا تھا۔ بادشاہ کی تجویز تھی۔ کہ اصلاح امور سلطنت اور افزونی اتحاد
کے لئے عہدۂ سفارت پھر قائم ہو جائے تو اچھا ہے جنانچہ بحکم شاہی اس گتھی کے سلجھانے کے لئے
کلکتہ گئے۔ مسٹر بارنگٹن صاحب نیز حکام صدر سے چونکہ مراسم و اتحاد تھے۔ اسلیے وہ لوگ
انکی بہت عظمت کرتے۔ انکے پہونچتے ہی صاحب نے فن ہیئت کی ایک کتاب ترجمہ کی غرض
سے انکے حوالہ کی۔ بعد ختم ترجمہ انھون نے اُن سے عہدۂ سفارت کے متعلق بات چیت کی۔
چونکہ یہ عہدہ تخفیف ہو چکا تھا۔ اسلیے وہ اس جدید تقرر مین متردد ہوئے۔ انھون نے اُن کو
مصالح سمجھائے۔ اُن لوگون نے کوشش کرنیکا وعدہ کیا۔ مگر ساتھ ہی یہ کہا کہ مفتی صاحب
بہت مشکل بات ہے۔ غرضکہ یہ وہان سے اُٹھ کر لارڈ امہرسٹ گورنر جنرل کے پاس گئے۔ اور
اُنسے کہا۔ اُنھون نے اس شرط پر منظور کیا کہ اگر شاہ اودھ مفتی صاحب کیلئے تقرر سفارت کی سفارش
گورنمنٹ سے کرین تو منظور ہونیکی اُمید ہوسکتی ہے۔ ورنہ نہین۔ انھون نے اسکی اطلاع بادشاہ کو
دی۔ یہان سے بذریعۂ رزیڈنٹ درخواست گئی اور فوراً منظور ہوئی سنہ ۱۲۴۰ھ مین جبکہ انکی عمر

۴۸ سال کی تھی یعہدۂ مصاحبت سے علیحدہ ہوکر عہدہ سفارت پر مقرر ہوئے۔ اور پانچہزار ماہوار تنخواہ پانے لگے۔ اسکے علاوہ بادشاہ نے چھ ہزار روپیہ سالانہ کی ایک جاگیر بھی عطا کی۔ اور گورنر جنرل بہادر نے گورنمنٹ کی طرف سے اٹھارہ پارچہ کا خلعت معہ فیل وہودج نقرہ وجھالردار پالکی و اسپ معہ ساز ویراق نقرہ وسرپیچ جواہر ومالائے مروارید ودوشالہ ورومال گران بہا وغیرہ معہ خطاب بہادری عطا کیا۔ قیصر التواریخ سے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس عجلت مین پالکی جھالردار تیار نہو سکی۔ تو گورنر جنرل بہادر نے مہاراجہ بردوان کے یہان سے منگواکر پالکی دی۔ ایسا ہی خلعت سفارت اٹھارہ پارچہ کا معہ سندمہری وتفصیل اجزا شاہ اودھ کی جانب سے کلکتہ روانہ کیا گیا۔

فرامین وپروانہ جات اب تک انکی اولاد کے پاس محفوظ مین۔ بارلو صاحب نے کلکتہ مین انکے قیام کیلئے تین سو روپیہ ماہوار کی کوٹھی بلاکرایہ گورنمنٹ کی طرف سے مرحمت کی۔ بعد منظوری وعطائے خلعت وغیرہ بادشاہ نے انکو یہان طلب کیا۔ یہان آکر تصفیہ طلب امور سلطنت منضبط کرکے نہایت تزک واحتشام کے ساتھ علاوہ سوار وپیادہ و ۶۳ زنجیر فیل وغیرہ پھر کلکتہ واپس گئے۔ اور انصرام امور سلطنت واتحاد مین مصروف ہوئے سلطنت کے استحکام اور بادشاہ کی حکومت عامہ کی افزایش کے لئے ایک ایسی حکمت عملی اختیار کی۔ کہ جس سے درمیان سلطنت اودھ وشاہ انگلستان بذریعۂ تجار کلکتہ بلا وساطت گورنر جنرل نامہ وپیام ہونے لگے۔ اتحاد بھی بڑھ گیا۔ تحفہ وتحائف بھی پیش ہونے لگے۔ اور وہان سے بھی تحفہ آنے لگے۔ اُسی زمانہ مین برھاپر کو چکشی ہوئی۔ گورنر جنرل بہادر کو ایک کروڑ روپیہ کی ضرورت ہوئی۔ اُنھون نے شاہی خزانہ سے یہ رقم دلوا دی۔ اتفاقاً اُسی زمانہ مین بادشاہ اور کمپنی مین کچھ ان بن ہوگئی تھی۔ مگر انھون نے ایسی پالیسی برتی کہ اتحاد کی کڑی پھر مضبوط ہوگئی۔ سچ تو یون ہے کہ انھین کی کوششون کا نتیجہ تھا۔ کہ وزیر اودھ بادشاہ اودھ ہوگئے۔ بادشاہ کو ان پر اتنا اعتماد تھا کہ بغیر انکی رائے کے کوئی کام نہ کرتے۔

اُسی زمانہ مین بادشاہ نے یہ خواہش کی کہ ایک ایسا آلہ رصد ہی فن ہیئت کا تیار ہو جس سے

رفتار کواکب ہر جگہ معلوم ہوجائے - تمام علمائے لکھنؤ سے بھی خواہش کیگئی - اور چھ ماہ کی مدت مقرر کیگئی
مگر اُن لوگون نے جب مجبوری ظاہر کی تو انھون نے چھ دن کے اندر ایک برنجی آلہ طیار کرا کے
پیش کیا بادشاہ بہت خوش ہوئے - جو معاملہ پیش ہوتا تھا - اس مین ایسی رائے ضرور دیتے تاکہ
کسی کو شکایت کا موقع نہ پیدا ہو -

زمانہ قیام کلکتہ مین لارڈ صاحب کیساتھ دورہ مین دہلی گئے تھے - اکبر شاہ ثانی کا زمانہ تھا
اُن سے بھی ملاقات ہوئی - اُنھون نے انکی بہت عزت کی - خاص مہربانی سے پیش آئے -
اور اپنا مہمان کیا - اور تحریک تصفیہ کی سفارش کی بابت درخواست کی - غرضکہ ساڑھے چار
برس نہایت عزت کے ساتھ اس عہدہ کے فرائض انجام دئے - اور معاملات سلجھائے - اور
کمال خوش تدبیری سے پایۂ سلطنت کو مضبوط کردیا - جب غازی الدین حیدر کا انتقال ہوا - اور
نصیر الدین حیدر تخت نشین ہوئے - تو عہدۂ سفارت سے استعفا دیدیا - گورنر جنرل بہادر نے
منظوری مین جب تامل کیا - تب انھون نے کہا کہ غازی الدین حیدر میرے خدمت کے قدردان تھے
نصیر الدین حیدر کی مزاجی کیفیت سے مین بالکل ناواقف ہون - خدا جانے میرے اُنکے بنے یا
نہ بنے لہذا استعفا منظور کیجئے - لارڈ صاحب نے کہا کہ استعفا بضرورت منظور ہوتا ہے لیکن مین امر جو
آپ کی ذاتی و اضافی عزت کے ساتھ مخصوص تھے وہ دوسرے سفیر کے لئے قائم نہین رہینگی -
اول دربار خاص کی ملاقات دوسرے تا لب فرش ایوان گورنری پیشوائی تیسرے تحف و
ہدایا اب کسی دوسرے سفیر کے ذریعہ سے مقبول نہونگے -

انکی تحویل مین شاہی روپیہ برابر رہتا تھا تعمیل فرمائش کی غرض سے جب یہ علحدہ ہوئے تو
تین لاکھ روپیہ باقی تھا اُسکو انھون نے امیر عاشق علیخان کاکوردی کے سپرد کیا - اور اُن سے
رسید لی - وہی بجائے انکے سفیر ہوئے - بادشاہ نے تخت نشینی کے ساتھ ہی معتمد الدولہ آغا میر پر
ہاتھ صاف کیا - اور اُن کو نظر بند کر کے کئی کروڑ کا مطالبہ کیا - چونکہ معتمد الدولہ سے اور ان سے
بہت مراسم تھے - اُنھون نے کلکتہ مین انکو اطلاع دی - یہ چونکہ سب باتون سے واقف تھے

لہذا اُنکی اعانت اور وکالت کی۔ انھین کے بیان پر وہ دعوے خارج ہوگیا۔ لکھنؤ مین معتمد الدولہ کی کچھ جائداد غیر منقولہ اُس مطالبہ کے معاوضہ مین چلی گئی تھی وہ واپس ملی۔ وہ معہ بقیہ املاک بحراست فوج انگریزی کانپور بھیجی جا رہے تھے۔ راستہ مین رہائی کا حکم آیا معتمد الدولہ نے بعد ختم مقدمہ تین لاکھ روپیہ انکو دیا۔ اور انھین کے ہاتھ دس دس ہزار روپیہ غلام صفدر خان و غلام حیدر خان کو بھجوایا۔ اور کہا کہ آپکے ان ہم وطنون نے میری حراست کے زمانہ مین حق شرافت ادا کیا۔

وہان سے واپسی کے بعد کاکوری آئے۔ اور اس مین لاکھ روپیہ کے صرف سے ایک نہایت عالیشان کوٹھی و مجلسرا و جلوخانہ و باغ تعمیر کرایا۔ دوڈھائی برس تک مکان پر رہے۔

پھر اقبال مندی کا ستارہ چمکا۔ نصیر الدین حیدر کے دربار مین طلب ہوئے۔ انھون نے بہ اصرار دو ہزار روپیہ ماہوار پر مصاحبین مین مقرر کیا۔ امور ملکی مین رائے زنی اور اسکا نفاذ انھین کے مشورہ سے قرار پایا۔ بادشاہ کی حیات تک یہ اُسی خدمت پر رہے۔ بعد وفات بادشاہ جسوقت محمد علی شاہ تخت نشین ہوئے۔ تو عہدۂ نظامت صدر انکے سپرد ہوا۔ اس خدمت کو بھی انجام دیتے رہے۔ اور اُسی زمانہ مین کچھ علاقہ بھی خرید کیا تھا۔ بعد وفات محمد علی شاہ امجد علی شاہ جب تخت نشین ہوے۔ تب بھی چند دنون ناظم رہے۔ پھر افسری جبار ملکی یعنی نظامت خفیہ پولیس کے افسر ہوے۔ جب دربار مین بے تمیز لوگونکا مجمع بڑھنے لگا تب پنشن لیلی۔ انکی جگہ پر انکے بڑے بیٹے مولوی رشید الدین خان مقرر ہوے۔

مفتی خلیل الدین خانصاحب نے یون تو بہت سے رفاہ کے کام کئے لیکن دو کام بہت اچھے کئے۔ اول یہ کہ ایک مرتبہ لکھنؤ سے کاکوری آرہے تھے۔ راستہ مین ہنگا کی جھیل بھری ہوئی تھی۔ اُس مین ایک ڈولی معہ بچہ کے غرق ہوگئی۔ یہ اُس سے بہت متاثر ہوئے وہان پر پل بنوادیا۔ دوسرے تاحیات ایک قابل حکیم نوکر رکھا۔ ابتداءً حکیم محمد حسن موہنوی نوکر رہے۔ پھر مولوی حکیم حسین احمد ملیح آبادی جن سے اہل قصبہ کو بہت اطمینان و آرام نصیب ہوا۔ مرزا رجب علی بیگ سرور مصنف فسانۂ عجائب بھی انکے یہان ملازم رہے۔

انھون نے جملہ تقاریب وغیرہ بہت اعلیٰ پیمانہ پر کیے - نہایت نفیس المزاج و وجیہہ الصورت
بھی تھے کتب درسیہ فن ہئیت کا درس بھی دیتے تھے - درۃ التاج - و ریاض الحکما - اور کتب ہئیت
و ریاضی و بعض تفاسیر مطالعہ مین رکھتے - اوقات بیشتر ذکر و عبادت کیساتھ معمور تھے -

تصانیف حسب ذیل ہوئے (۱) شرح باب التعزیرات در مختار مطبوع جسکے متعلق اوپر ذکر
ہوچکا (۲) مراۃ الاقالیم فارسی قواعد فن ہئیت مین - یہ کتاب انھون نے حسب فرمائش غازی الدین
حیدر بادشاہ تحریر کی تھی جسکو بادشاہ نے بہت پسند کی (۳) رسالہ در بیان جغرافیہ طرق و شوارع
احاطہ اودھ فارسی (۴) رسالہ طول البلد و عرض البلد و غایۃ انہار فارسی یہ دونون رسالہ
مراۃ الاقالیم مین منسلک ہین (۵) رسالہ در تحقیق مرض ہیضہ عربی -

بیعت ان کو حضرت شاہ محمد قلندر برادر خورد و خلیفہ حضرت شاہ محمد کاظم قلندر سے تھی -
مفتی صاحب نے بتاریخ ۵ / ماہ جمادی الاولے ۱۲۸۱ھ بعمر ۸۰ سال بعارضۂ تپ محرقہ وفات
پائی - اور اپنے باغ مین جو متصل تکیہ شریفیہ کے ہے - اور انکے زمانہ حیات مین نہایت سرسبز
و شاداب تھا دفن ہوئے قبر کے گرد خطیرہ بنا ہوا ہے - اور وہ باغ مفتی صاحب کے خطیرہ کے
نام سے مشہور ہے - قطعۂ تاریخ وفات از مولوی محی الدین خان ذوق کاکوروی ؎

فغان کامروز مولانا خلیل الدین ذوقا — نہادہ داغ حسرت بر دل آن عم خلیل ما
بسال رحلت آن خلد منزل ز در رقم کلکم — بہ گلچین ز انوار جنان آمد خلیل ما

۱۲۸۱ھ

خلیل الرحمن

حافظ خلیل الرحمن شہید ابن شیخ عبد الرحمن - ابن حافظ غلام محمد - ابن شیخ سیف الدین
ابن ملا ضیاء اللہ - ابن ملا عبد الکریم - ابن حافظ شہاب الدین - ابن مخدوم قاری نظام الدین سہالوی رح
یہ نہایت قابل و متقی و متورع حافظ کلام اللہ تھے - ایک مدت تک نوابخانہ وران خان

کی ہمراہی مین بادشاہ دہلی کے ملازم رہے ۔ جنگ نادرشاہی مین بھی شریک تھے ۔ نہایت
بااقبال تھے ۔ اولاد ان کی دولت لازوال الفقر فخری وعلم وفضل سے ہمیشہ ممتاز رہی
اوراب تک ہے ۔ یہ جنگ نادرشاہی مین بتاریخ ۱۵ ۔ ماہ ذیقعدہ ۱۱۵۱ھ بمقام دہلی شہید ہوے
قبر دہین ہے ۔ زائد حالات دریافت نہو سکے ۔

خلیل اللہ خان

شیخ خلیل اللہ خان ۔ ابن شیخ کرم اللہ خان ۔ ابن نواب منتظم الملک خان دترخان شیخ
جاراللہ علوی ہفت ہزاری صوبہ دار خیرآباد وغیرہ ۔

یہ صاحب نہایت قابل ۔ تاریخ دان ۔ شاعر بے بدل تھے ۔ بعد شکست شجاع الدولہ ۔ نواب
عبدالرحیم خان برادر نواب ابوالمنصور خان صفدر جنگ کی رفاقت مین رہے ۔ عہدۂ جلیلہ پر
فائز ہوئے ۔ دو تین محال بھی سپرد ہوئے تھے ۔ اور خطاب خانی بھی عطا ہوا تھا ۔ الماس علیخان
خواجہ سرا بھی انکو بہت مانتے ۔ چنانچہ انکے بیٹے شیخ ہدایت علی کو جو بہت وجیہ دخوش تقریر تھے
امیٹھی ودیگر محالات کا فوجدار کردیا ۔ اور تعلقہ سلیم پور بھی انھین سے متعلق کرادیا تھا ۔ زاید حالات
انکے دستیاب نہو سکے

خوب اللہ

ملا قاضی خوب اللہ ۔ ابن ملک محمد عوض ۔ ابن ملک محمد حنیف ۔ ابن ملک محمد صفی ۔
ابن ملک عبدالصمد ۔ ابن ملک مٹھے ۔ ابن حافظ چاند ۔ ابن ملک حسام الدین ۔ ابن ملک
نظام الدین ۔ ابن ملک بہاءالدین کیقباد ۔ ابن ملا ابوبکر جامی ۔

یہ فاضل جلیل القدر ۔ طباع ۔ دانشمند تھے ۔ تمام علوم مین مہارت تامہ رکھتے تھے ۔
قادر مطلق نے ان مین بہت سے فضائل وکمالات جمع کردئے تھے ۔ ابتدائے سن شعور سے

بہت صالح و متقی تھے ۔ رات و دن تحصیل علوم مین مصروف رہتے ۔ ایک لمحہ کیلئے بیکار نہ رہتے ۔ ابتدا مین تمام کتابین صرف و نحو کی حفظ کر لی تھین ۔ رات مین اگر چراغ مین تیل نہ رہتا تو ماہتاب کی روشنی مین یاد کرتے ۔ اشعار بھی خوب کہتے تھے ۔ اور خط و کتابت بھی نظم مین کرتے ۔ موزونی طبع اسقدر تھی کہ اکثر مجالس مین جسقدر کلام کرتے وہ سب نظم مین ہوتا ۔

بعد فراغ تحصیل علوم بغرض حصول سند حدیث شریف و تلاش معاش دہلی گئے ۔ جسکا قصہ یون ہے کہ ایک بار بغرض سیر و تفریح شیخ غلام مینا ابن شیخ متجب کے ہمراہ لکھنؤ گئے تھے ۔ اُس زمانہ مین قاضی شہر شیخ غلام مصطفٰے جونپوری تھے ۔ اُسی روز وہ بھی جلوس کے ساتھ شہر کے گشت کو نکلے ۔ یہ جلوس دیکھکر بہت خوش ہوئے اور تعریف کی ۔ شیخ غلام مینا نے بے تکلفی سے کہا کہ معلوم ہوتا ہے تم کو بھی عہدۂ قضا کی خواہش و تمنا ہے ۔ تم جلوس کی طرف حسد کی نظر سے دیکھ رہے ہو ۔ انھون نے جواب مین کہا کہ استغفر اللہ حسد کا کیا دخل اسوقت تو مجھے اسکے متعلق کوئی خیال بھی نہ تھا ۔ اگر تم ایسا کہتے ہو تو خدا مین سب کچھ قدرت ہے ۔ یہ قاضی کوئی دوامی فرمان تو لکھا نہین لائے ہین ۔ اُسی وقت سے یہ ارادہ مصمم کر لیا کہ اب بغیر عہدۂ قضا حاصل کئے لکھنؤ نہ آؤنگا ۔ فوراً لکھنؤ سے کاکوری واپس آئے ۔ اور اپنے بڑے بھائی شیخ محمد کبیر سے رخصت ہوکر دہلی گئے ۔ اُس زمانہ مین محمد شاہ بادشاہ اور نواب قمر الدین خان وزیر تھے ۔ یہ پُرانی دہلی مین جاکر ٹھہرے ۔ اور وہان کے علما کے حلقہ درس مین شریک ہوکر حدیث وغیرہ کی تکمیل کی ۔ پھر حصول منصب قضا کی طرف متوجہ ہوئے ۔ اولاً سرکار راجہ بختمل دیوان خالصہ شاہی کے یہان اُنکے پوتے کنور سکھ من کی جو علم دوست تھا مصاحبت اور رفاقت اختیار کی ۔ اُسی زمانہ مین نواب جاوید خان وغیرہ اُمرائے شہر سے بھی مراسم ہوگئے ۔ اور اُن لوگون سے ہر وقت یکجائی اور صحبت گرم رہنے لگی ۔ انھین وسائل سے رفتہ رفتہ دربار تک رسائی ہوگئی ۔ کئی مرتبہ عہدۂ قضا عظیم آباد ۔ و امانت مراد آباد ۔ و صدارت بریلی ۔ و فوجداری سرہند کی بھی تحریک ہوئی ۔ چونکہ انکا خیال عہدۂ قضا لکھنؤ کی بابت تھا ۔ انھون نے کچھ عدم توجہی کی ۔ اور کچھ دشواریان بھی پیش نظر

تھین یعنی نواب برہان الملک بوجہ امامیہ مذہب ہونیکے اسکے روادار نہ تھے۔ کہ کوئی سنی عہدۂ قضا پر مقرر ہو۔ اس عرصہ مین اگرچہ بہت کچھ انقلابات ہوئے۔ اور شیخ غلام مینا کا بھی انتقال ہوگیا مگر یہ وہین رہے۔ گیارہ سال کے گردش کے بعد اقبال کا ستارہ چمکا۔ کہ دہلی پر نادر شاہ نے چڑھائی کی اور برہان الملک مارے گئے۔ اتفاقات دیکھئے کہ اُسی پرآشوب زمانہ مین ایک شخص کرپارام کھتری انکے گھر مین رہتا تھا۔ اس ہنگامہ کے فرو ہونیکے بعد جب انتظامات شروع ہوئے۔ تو صوبداری اودھ ابوالمنصور خان صفدر جنگ کو ملی۔ اور صدارت صوبہ جات نواب عظیم اللہ خان کو اور نیابت حکیم علی نقی خان دہلوی کو اور ٹیکاری اُنھین کرپارام کھتری کو ملی۔ چنانچہ اُنھین نے انھین بلاکر خدمت قضا پر مقرر کیا۔ مولوی محمد فقیہ صفی پوری کو بھی عہدۂ قضا لکھنو کی خواہش تھی۔ انسے اور اُن سے مُباحثہ ہوا۔ حسب الحکم سلطانی دونون نے ممتحن کے پاس جاکر امتحان دیا۔ اُس زمانہ مین عہدۂ قضا قصبات کیلئے شرح وقایہ کا امتحان اور قضا شہر کیلئے ہدایہ کا امتحان ہوتا تھا۔ چنانچہ امتحان لیا گیا۔ یہی اول آئے اور سند و خلعت انھین کو ملا۔ خود کہتے تھے ؎

یازدہ سال خوردہ خونِ جگر — قاضیِ بلدہ گشت این احقر

نقل فرمان عہدۂ قضا مصدرۂ محمد شاہ بادشاہ غازی۔

”گماشتہاے جاگیرداران و کروریان و جمہور سکنہ پرگنہ حویلی سرکار لکھنؤ مضاف صوبہ اودہ را اعلام آنکہ حسب الحکم جہان مطاع آفتاب شعاع منصب قضائے پرگنہ مسطور معہ سواد قصبہ و قریات متعلقہ آن از تغیر غلام مصطفی بہ ملا خوب اللہ ولد محمد عیوض مقرر و مفوض گشتہ۔ فرمان والاشان در اثر می شود باید کہ برطبق حکم فیض تشیم عمل نمودہ مشار الیہ را قاضی آنجا دانستہ دست تصدی مومی الیہ را در امور متعلقۃ الخدمت مستقل دانند۔ و دیگرے را سہیم و شریک او ندانند سجلات او را بمہر او معتبر شمارند باید کہ کما ینبغی بلوازم منصب قیام نمودہ در فصل قضایا و خصومات و اجرائے حدود و تعزیرات دینی و اقامت جمعہ و جماعات و انکاح من لا ولی لہ و قسمت ترکات وغیرہ مساعی موفورہ بتقدیم رسانند فقط تاریخ دوازدہم شہر ربیع الآخر سنہ ۲۲ جلوس“۔

انھون نے سند قضا اپنے بڑے بھائی شیخ محمد کبیر کے پاس بھیجدی ۔ اور خود وہین مصلحتاً ٹھہر گئے ۔ شیخ محمد کبیر صاحب سند لیکر شیخ محمد صالح ابن شیخ محمد منتجب کے ہمراہ لکھنؤ گئے ۔ اور وہان نیابت مین کام کرنے لگے ۔ انھون نے جب دہلی سے آنیکا ارادہ کیا ۔ تورانی تحمل نے بوجہ کنور سکھ من کے رفیق و اُستاد ہونیکے ایک پالکی دی اور خلعت عطا کیا ۔ وہان سے یہ لکھنؤ آئے ۔ اور باستقلال تمام فرائض عہدۂ قضا کی سرانجامی مین مصروف ہوئے ۔ ادھر عظیم اللہ خان سے اور بادشاہ سے ناچاقی ہوئی ۔ تو قاضی غلام مصطفےٰ جونپوری کے ساتھ یہ بھی معزول کئے گئے ۔

تب پھر یہ دہلی گئے ۔ اور حسب تجویز نواب قمر الدین خان انکا تقرر صوبہ بہار کے ایک رئیس غلام غوث الاعظم خان کے یہان بعہدۂ نیابت ہوا ۔ پانچ سال وہان رہے ۔ اور بہت عمدہ انتظام کیا ۔ نواب زین الدین خان بھی انکے ملاقاتی تھے ۔ اور انکی لیاقت اور حسن تقریر کا سکہ اُنکے قلب پر بیٹھا ہوا تھا ۔ وہ انکی بہت عزت اور وقعت کرتے تھے ۔ وہان کے قیام مین انھون نے کچھ ایسے نمایان کام کئے کہ جسکے وجہ سے انکی قدر و منزلت مین برابر اضافہ ہوتا رہا ۔ سنہ ۱۱۶۱ھ مین ہمراہ زین الدین خان ایک لڑائی مین بعمر ۵۰ سال شہید ہوکر شہر عظیم آباد مین پیوند خاک ہو گئے ۔

انکی مصنفہ ایک کتاب گلشن معانی ہے ۔ جسکا سنہ تالیف سنہ ۱۱۴۳ھ ہے اور نظم و نثر کے مضامین پر مشتمل ہے ۔ چند نثرین اور نظمین نذر ناظرین با تمکین ہین :۔

رقعہ بنام شیخ غلام مینا ابن شیخ محمد منتجب در تلازمہ مصطلحات نحو ۔

" برادر وحید العصر محب یکتا ۔ دوست بے ہمتا ۔ سلامت ۔ اگرچہ این کلمہ من در مصطلحات نحات مشتہر است کہ اللفظ ما یتلفظ بہ الانسان اما این جہ لفظ اشواق معانقہ جسمانیت کہ اصلا تبلفظ نمی آید ۔ و بوضع واضع این کلام بر ہر شبر عیان و نشر است کہ المعنی ما یقصد بہ اللفظ لیکن این چہ نوع معنی تمنائی لقائے مباہج جاودانی ذات کہ قطعاً از الفاظ سطور تحریر مفہوم و مدلول نمیشود ولاچار انکشاف این اصطلاح راموقوف بر وجدان صافی طویت آن برادر داشتہ مفردات احوال را ترکیب مید ہد برائے اسم ذات پاک عز و جل این قدر انگشت نما اتفاقی کہ

از قوۀ بفعل آمده بر سر حرف یاد آمد و در یہا نباید داشت کہ این چنین مقدمات فی نفسہا دلالت برین معنی کند کہ نظر بر پاس مراتب حفظ الغیب نہ نمودہ بالکلیہ دست از مراسم اتحاد کہ در عالم نشو و نما با زین امرے دیگر نہ کمی کشیدہ اند تو قع این معنی مقترن با حدیے او از منہ ثلثہ نہ بود حدود و داد بیگانگی معلوم نمود اگر احوال مراتب یاد آوری را خلاف زمانۂ ماضیہ کہ معبر از جہات مختلفہ ناتوجہی متغیر الاحوال گردیدہ چون مبنی متغیر نسازند لیکن بعارض استعمال امور دنیویہ مخل معانی معہودہ عیش و عشرت نخواہد بود کہ این معنی ماؤل بر نصب شرفع سوائے از دیاد محبت و کسر شبینۂ غموم شداید مہاجرت بہ فتح ابواب مسرت خواہد گشت و دل محزون مجرور ذیل اطمینان و جمعیت شدہ سکون خواہد یافت علے التفصیل اخبار اخیار دیگر اعزہ از خطوط مرسلہ الحاق و ضم می نمودہ باشند مخلص عزم بالجزم دارد کہ عازم وطن چون روح در بدن شود

اگر از زندگی مارا نصیب است — دگر با ہم رسیدن عنقریب است

فقط

ایضاً دیگر در ملازمہ مصطلحات منطق۔

" گلدستۂ خط رنگین آن دوست یک رنگ مجموعۂ دانش و فرہنگ کہ مبرا از زنگ ریا است رسید از رنگ و بوئے آن گل بوستان مقصود دماغ تماشائیان گلشن یک رنگی عطر آمود گردید مقدمات شوق ہر چند در گذارش و نگارش در آورد جز نتیجہ عدم تناہی از ہیچ شکلے بظہور نیامد ناچار بمدعا کہ ضروری الاظہار است می پردازد کہ صور عرایس اشواق بمقتضائے للقلب الی القلب روزنۂ در آئینۂ متخیلہ آن جوہر شناس جلوۂ نمائش خواہد داد از قیاس نمایند جز تصدیق تقیش بنوع دیگر تصور نفرمایند

این جوشش مہر و درد سینہ — یک مے بود و دو آبگینہ

مجملاً حقایق دربار جہان مدار کہ تفصیل آن از غایت اشتہار محتاج باظہار نیست برین نوع است کہ غلبۂ غنیم بدکردار از ہر طرف یوماً فیوماً در ترقی و خاطر امرایان عظام از مشورت خام صبح و شام مایل بہ تشفی است خیمۂ جمعیتش بے طناب است و ماہی و مراتبش بے آب است فقط

دیگر بنام نواب عظیم اللہ خان در بارۂ عہدۂ قضا بزبان عربی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

امابعد الانخراط باجی در الحمد لولیہ لسبکان سطور الارقام والذہاب
لسبکان زوارق الصلوٰۃ علے نبیہ الی ساحل الزوارق بقصب الاقلام یلتمس العبد
المعتصم بحبل فضل اللہ خادم الفضلا اخوب اللہ الی جناب من ھو بتلاطم امواج
بحور نوالہ علے کافۃ الانام ویعطی من اجبار العطاء فرائد المرام غواص لجار الامارۃ
جلیس مسند الصدارۃ درۃ تاج السخاوۃ منبع انہار النقاوۃ مجمع البحر والجود
نظیرہ کالعنقاء المفقود مشکور الخلائق بتہذیب الاخلاق مشہور الذکاء کالحاتم
بالعطاء فی الآفاق مصدر الفیض والانعام مرجع اہل الاحتیاج والمرام مصدر
احکام الشرع المبین مخزن امور المعاش والدین شاغل بتدریس الکتاب مفید الشیخ
والشاب ذاکر فصول الاحادیث والتفاسیر معلم اصول الفقہ للصغیر والکبیر قادر
دقایق مسایل المنقول ماہر حقایق دلائل المعقول کاشف اشارات المعانی والبدائع
واقف نکات البیان والصنایع رافع رایات البلاغۃ جامع علامات الفصاحۃ مظہر
تدقیقات کتب المتداولہ موضح تحقیقات صحف المتطاولہ مبدع التوفیق والاحسان
مقرب حضرۃ السلطان نواب عظیم اللہ خان بانہ اذا اراد اللہ الملک المعزان یمیز
من ابناء اجناسہ ویضع تاجا مرصعا بفرائد المقاصد علے راسہ ویجلسہ علی سریر
الفوائد بفضلہ الکبیر ویظہر آثار مطالب المرکوزۃ فی الضمیر فیذہب اولا الی
باب من ھو فیاض العالم مولی الاعظم معدن العطاء علی الغربا مخزن الرحم علے
الفضلا ثم یجعلہ وافی لانقضاء مرامہ وکافی لاعطاء انعامہ نحمد اللہ سبحانہ
علے انہ تعالی شانہ جاء بنا الی سدتک المنیفۃ وحضرتک الشریفۃ فالتزم بابک
یا مجمع الفیض والانعام ولا ابرح جنابک یا منبع الجود والاکرام ادفع الیدین

بجناب المولی فی الملوین لدعاء ازدیاد حشمتک وعلو انواع درجتک راجیا بلطفک العمیم ذا اشعار

لقد القیت فی امل العطاء	کشمس فی نجوم بالسماء
سواکم لیس مستندی فتفتح	علی ابواب لطف بالعطاء
انا فی دار عسر مبتلاء	لدیک الیوم من لیس وراء
متی لم تلق اصحاب النوال	لما اظهرت من احد رجاء
فلم انظر علی عسر وماکان	سوی تحصیل علم مدعاء
عطایاکم اذا انتشرت فجئت	الیکم فاعطنا سند القضاء
انا ارفع الی الرحمن ابدا	لیعلی درجتک ایدی الدعاء"

فی الفارسیہ رباعیات

"اے رونق شرع اعتقاد تو بود	آرایش دین ز اجتہاد تو بود
سرسبزی گلشن سوم اسلام	در رشحہ ابر انقیاد تو بود"

دیگر

"اے مسند جود را توی صدر نشین	اقلیم کرم ترا است در زیر نگین
در پیش گہرباری ابر کف تو	کمتر ز صدف دست طامان زمین"

ابقاکم علی رؤس المحتاجین بحرمۃ النبی والہ اجمعین فقط

رقعہ منظوم بزبان عربی بنام مولوی محب الرحمن ابن شیخ عبد الرحمن جو انھوں نے شاہجہان آباد سے لکھا تھا۔ روانی قلم اور سلاست قابل ملاحظہ ہے۔

"یا شفیقی انت مقبول الانام	استمع احوالنا بعد السلام
طیفک فی کل آن فی الضمیر	ما مضی فی غیرہ ابنا السمیر
اذکرا وصافک فی کل حین	لا تصور للکذب غیر الیقین

لیس فعل الدهر فی غیر النفاق | احرق جسمی بنار الافتراق
کل حین تسکب عینی الدماء | مثل ماء البحر صار الاجتماع
لا لاخبار الغموم ساحل | بینک بینی حجاب حایل
یا الٰہی تدفع ہذا الحجاب | منی ادفع بالوصول الاضطراب
وصل حصل بہذا یا اللہ | لیس فی قلبی تمناء سواہ
کنت فی فلک الغمیم مستقیم | قد جرت عینای بالماء الحمیم
قال قلبی خبر عن احوالک | اطلع الآن عن اشغالک
قلت یا غواص بحار الوداد | لی شفیق راسخ فی الاعتقاد
لم یرد من مدة مکتوبہ | لیس لی معلوم ما اسلوبہ
کنت فی ہذا اذاً مکتوبک | جاء قال القلب ہا مرغوبک
قد نظمت الدر فی سلک السطور | زین من ذلک تاج السرور
صادر القلبی بلا حد سرور | حاصل فی کل عین منہ نور
کل ہم صار منی المندفع | صار او راق السرور المجتمع
قد سقی مکتوبک کل العلیل | وہو یروی بالسواد اہل العلیل
استمع من بعض رجل حالتی | کان بالامراض لقص حالتی
فاعلموا لم یبق لحم فی الجسد | قد بقی جلد وعظم فی الجسد
کان قبل الداء ہذ الخادم | لاکتساب العلم ثم عازم
بعد شعبان لدک ہذ الغریب | عازم ان شاء ربی یا نصیب
یا شفیقی یقرء ہذ الفقیر | الہد ایہ فصل سو بعد الاخیر

ایضا دیگر بنام شیخ محمد صالح ابن شیخ محمد منتجب در نظم۔

"لہ حمد علی فضل النوال | لکل نعم فی کل حال

نصلی بعدہ انا فانا — علی من بعث مع صحب وآل

یدی اخذت بقرطاس وقلم — فلم یکتب بہ شوق الوصال

اذا فی وقت الام اتانی — کتاب سرنی فی کل حال

وجدت فی عبارتہ معانی — بلطف جامع حسن الخصال

اجدک صاعدا فی کل یوم — الی خلق عظیم کالھلال

نظمت کل لفظ فی کتاب — بسلکان السطور کاللآل

لنا الحق التعجب یا شفیقی — لم لا تکتب ماذا سوال

فانی یقرءان الھدایۃ — کتاب الصوم مع الزکوۃ مال

اقیم ببیتۃ فی الیوم لکن — منامی فوق سقف فی اللیال

ولما در بطوف المشرق الا — مرورًا مرۃ بالاشتغال

لم یتخلص یروبحکم وان — فقال ابو القاسم وسید ابو المعالی

مشتے نمونہ از خروارے انکا کلام درج کیا گیا۔ منقول ہے کہ نظم کلام کا بہت ذخیرہ بیس ہزار شعر کا تھا۔ مگر افسوس آج اسکا کچھ پتہ نہین۔

انکے صرف ایک بیٹے شیخ جمال اللہ تھے۔ جو ۱۱۵۲ھ مین پیدا ہوئے۔ وہ بعد تعلیم وتربیت ابتداءً شاہ عالم بادشاہ کے لشکر مین نوکر ہوے۔ وہان سے گورکھپور آئے۔ اور ایک سال تک معز الدین خان لکھنوی کی رفاقت مین رہے۔ پھر کچھ دنون راجہ بینی بہادر کے یہان نوکر رہے پھر وطن آکر خانہ نشین ہوگئے۔ بعد ضبطی معاش ہمراہی شیخ محمد حیات نواب شجاع الدولہ کے لشکر مین نوکر ہوئے۔ اور بعمر ۶۸ سال بمرض استسقا ۱۲۲۰ھ مین انتقال کر گئے۔

(د)

دولت محمد

ملک دولت محمد عرف ڈامڑ۔ ابن ملک عصمت اللہ۔ ابن ملک گوہر۔ ابن شاہ محمد ابن شیخ کبیر۔ ابن ملک بڈھے۔ ابن ملک نظام الدین۔ ابن ملک بہاء الدین کیقباد۔ ابن ملا ابوبکر جامی۔

یہ نہایت قابل ولائق وغیور شخص تھے۔ باوجود تنگی معاش نہایت عزت کیساتھ انھون نے عمر بسر کی۔ نثر خوب لکھتے تھے۔ خط شکست بھی بہت اچھا تھا۔ ان مین اور انکے بنی اعمام مین کسی اراضی کے متعلق نزاع واقع ہوئی تھی۔ جسکے سبب سے بغرض استغاثہ دہلی گئے۔ وہان سے موافق حکم محمد شاہ بادشاہ لکھنؤ مین نواب ابوالمنصور خان صفدر جنگ کے پاس آئے۔ اور یہین دفعتًا انتقال کیا۔ مزید حالات نہین معلوم ہو سکے۔

(ذ)

ذکی الدین خان

مولوی ذکی الدین خان۔ ابن حافظ اثیر الدین۔ ابن مولوی علیم الدین۔ ابن قاضی القضاۃ مولوی نجم الدین علی خان بہادر۔ ابن ملا حمید الدین محدث۔

یہ ۱۵ ربیع الاول ۱۲۶۱ھ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم انھون نے مولوی محمد حسین ساکن بڑا گاؤن اور اپنے اعمام مفتی ریاض الدین صاحب۔ وحافظ وجیہ الدین صاحب سے پائی۔ اور متوسطات کی تعلیم جناب مولوی حامد علی خلف اصغر حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ سے حاصل کی۔ بہت قابل ولائق ذہین وطباع تھے۔

مولوی مسیح الدین خان بہادر اپنی کتاب سفرنامۂ لندن مین لکھتے ہین کہ۔

"مولوی ذکی الدین خان نہایت لائق اور سعید ہے۔ فارسیت مین تو اسکو فی الجملہ کمال ہوا۔ نظم اور نثر دونون بہت اچھی لکھنے لگا۔ عربیت مین مختصرات کتابین پڑھکے متوسطات کی نوبت آئی تھی۔ فی الجملہ استعداد بھی ہوگئی۔ مگر زمانہ نے تکمیل کی فرصت نہ دی۔ پھر اپنے شوق سے انگریزی شروع کی۔ اور حیدرآباد دکن گئے۔ وہان ملازم ہوگئے۔ اللہ تعالیٰ حسب حوصلہ دین اور دُنیا کی ترقی نصیب کرے۔"

یہ حیدرآباد مین ملازم تھے۔ وہان اولاً انکا تقرر ایک معزز عہدہ پر ہوا پھر اول تعلقدار ہوئے اسی عہدہ سے پنشن لیکر وطن آئے۔ قابلیت اور پاس ولحاظ وضع مین بے مثل تھے۔

انھون نے بتاریخ ۲۵ ماہ جمادی الاولے روز جمعہ ۱۳۲۹ھ بعارضہ ذات الصدر بعمر ۶۹ سال انتقال کیا۔ اور حظیرۂ جنابہ مخدومہ متصل چاندمحل کاکوری مین دفن ہوئے۔

ذوالفقار علی

منشی ذوالفقار علی متخلص بہ حامد۔ ابن شیخ سرفراز علی۔ ابن شیخ علی۔ ابن شیخ محمد۔ ابن

شیخ غلام نبی۔ ابن نواب منتظم الملک خان قزخان شیخ جاراللہ علوی ہفت ہزاری صوبہ دار خیرآباد
ان کی ولادت بتاریخ ۲۰ ماہ ربیع الاول روز دوشنبہ ۱۲۳۵ھ ہوئی۔ یہ منشی بے بدل تھے
تعلیم و تربیت انھون نے منشی امیر حسن خان بسمل سے پائی تھی۔ شعر بہت اچھا کہتے تھے۔ انکے
شعر و سخن کا ذخیرہ تلف ہوگیا۔

تالیفات سے تین کتابین معلوم ہوتی ہین (۱) عقد ثریا در بیان محاربات پیشین کابل
جو نہایت عمدہ پیرایہ اور نفیس عبارت مین لکھی گئی یہ کتاب غیر مطبوع ہے (۲) نسب نامہ ارباب
کاکوری موسومہ بہ شجرۃ الانساب۔ اس کتاب کے چند اجزا دستیاب ہوے بقیہ کا پتہ نہین
چلا۔ اس کتاب مین جابجا اُسکا حوالہ بھی موجود ہے۔ یہ نسب نامہ نہایت جامع ومانع تھا۔
افسوس کہ ضایع ہوگیا (۳) کتاب راحۃ القلوب فن طب مین جسکا سنہ تالیف ۱۲۰۲ھ ہے
جسکے متعلق خود اپنے کتاب نسب نامہ موسومہ بہ شجرۃ الانساب مین لکھتے ہین۔

"الحق این راحۃ القلوب کتابیست مملو از تریاقیات، د ماہیت سمیات حیوانی و نباتی و معدنی
و لسع و لدغ حشرات ذیش افعی و گزیدن جانوران بری و بحری و مداواے زخم چنگل سباع
دیوانہ و غیر دیوانہ۔ کہ این چنین کتابے از قدما و متاخرین اطباے حاذقین تالیف نگردیدہ کہ
باین زمانہ از خامہ این ترد لیدہ بیان تالیف یافتہ"

افسوس اس کتاب کا پتہ نہین چلتا کہ کیا ہوئی۔ یہ حضرت مولانا شاہ حیدر علی قلندر رح
کے مخلص مُرید تھے۔

انھون نے بتاریخ ۲۸ ماہ صفر روز دوشنبہ ۱۲۸۶ھ مطابق یکم جولائی ۱۸۶۹ع بے نام و
نشان انتقال کیا۔

(س)

رحیم باسط

شاہ رحیم باسط۔ ابن مولوی حکیم باسط خلف اصغر حضرت شاہ محمد کاظم قلندر قدس سرہ
انھون نے بعد تحصیل علوم رسمیہ مولانا عبدالوالی لکھنوی فرنگی محلی سے جو انکی ننہالی اعزہ مین
تھے بیعت کی۔ اور اجازت وخلافت معہ خرقہ فقر حضرت شاہ علی اکبر قلندر الہ آبادی نبیرہ حضرت
شاہ باسط علی قلندر الہ آبادی قدس سرہما سے حاصل کی۔ اکثر لوگ قصبہ اور دیہات کے بھی مرید ہوے
یہ اوراد وظائف کے بہت پابند تھے۔ اپنے جدامجد کی ٹھمریون سے بہت ذوق تھا۔
ٹھمریون کی کتاب موسومہ بہ نغمات الاسرار مطالعہ مین رکھتے تھے۔ اس کتاب کو طبع بھی کرادیا تھا
بہت سخی اور متواضع بزرگ صورت وسیرت تھے۔ انکے یہان ہر قسم کے اشیا اور ادویہ اور
شربت تیار رہتے تھے۔ جسکو ضرورت ہوتی تھی لیجاتا تھا۔ پچاس پچاس روپیہ ماہوار کے
کئی دواساز نوکر تھے۔ جو دن رات اسی قسم کا کام کیا کرتے تھے۔ جب کبھی کوئی آتا تو
بغیر کچھ کھلائے پلائے جانے نہین دیتے تھے۔ اپنی ننہالی جائداد پر قابض ومتصرف
تھے۔ انکے نانا شیخ محمد حیات صاحب نے بہت کچھ املاک چھوڑی تھی۔ انھون نے سب کنبہ
پروری اور امور خیر مین صرف کردی انھون نے بہت اچھی عمر پائی۔ اور بتاریخ ۲۷ ماہ
جمادی الآخر روز شنبہ ۱۳۱۲ھ بعارضہ فالج انتقال کیا۔ اور درگاہ حضرت شاہ محمد کاظم قلندر
مین اندرون حریم پائین مزار جناب شاہ میر محمد صاحب جانب مشرق دفن ہوئے۔ قطعہ تاریخ
وفات از منشی سراج احمد کنتوری ؎

پیر فرخندہ سیر ہم شیخ پاکیزہ گہر — کز صفات خوب درامثال خود مشہور شد
از رحیم و باسط اسم سامئیش ترکیب داشت — نام او نام خدا بر ہر زبان مذکور شد
روز شنبہ بست و ہفتم از جمادی دوم — زین غم حسرت فزا دلہای ما رنجور شد

بے سر اندیشہ بر لوح فرازش سال بین   در ہزار و سہ صد و ہم یازدہ مقبور شد

۱۳۱۱ھ

رسول بخش

منشی رسول بخش ابن منشی فیض بخش مؤرخ و مصنف نسب نامہ موسومہ بہ چشمۂ فیض نہایت قابل و لائق منشی بے بدل تھے۔ حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر سے بہت خلوص و اتحاد رکھتے تھے۔ یہ بادشاہ اودھ کے یہاں کسی معزز عہدہ پر ملازم تھے۔ اور بڑے خیر خواہوں اور معتمدین مین شمار کیے جاتے تھے۔ بعد معزولی واجد علی شاہ و روانگی کلکتہ انھون نے مرزا برجیس قدر کی تخت نشینی کی بابتہ بہتر سے بہتر حکمت عملیاں اختیار کین۔ تمام راجگان اودھ کو ہم خیال بنا لیا تھا اور یہ طے کر لیا تھا کہ بجائے لکھنؤ کے دار السلطنت کاکوری ہو۔ اور وزیر خود ہین۔ اُسی شب مین جسکی صبح کو اس تجویز کا عمل در آمد ہونیوالا تھا۔ رزیڈنٹ کو اطلاع ہو گئی معاملہ درہم برہم ہو گیا۔ اُسی صبح کو یعنی ۲۴ ماہ شوال المکرم روز چہار شنبہ ۱۲۷۳ھ مین انکو اور انکے بڑے بیٹے حافظ عبد الصمد کو حضرت شاہ پیر محمد لکھنوی قدس سرہ کے ٹیلہ پر سزاے موت دیگئی۔ اور وہین دفن کیے گئے۔ بعد کو حسب نشاندہی بعض ثقات منشی عبد الحی عرشی نے ٹیلہ پر سے ہڈیاں لا کر کوٹھی تلہ کی مسجد کے روبرو دفن کین۔ قطعہ تاریخ انتقال از نواب تفضل حسن خان شیدا کاکوروی ؎

عبد الصمد جناب قبلہ رسول بخش	توام ز حادثات قضا زدہر دو رخت
تاریخ بست و چارم شوال وقت صبح	روز چہار شنبہ بہم شد بلائے سخت
آمد دو بار سال ز شیدا بمصرعے	گفتہ ببین قضا و قدر دو جگر دو لخت
	۱۲۷۳ھ ۱۲۷۳ھ

رشید الدین خان

مولوی رشید الدین خان ابن مفتی خلیل الدین خان بہادر سفیر شاہ اودھ۔ انکی ولادت ۱۲۳۵ھ
مین ہوئی۔ آغاز طفولیت سے چہرے سے شائستگی اور متانت کے آثار نمایان تھے۔ جسکے متعلق حضرت
مولانا شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ اپنی کتاب مطالب رشیدی مین لکھتے ہین۔

"مولوی رشید الدین خان کہ از طفلی انوار خوبی و شائستگی از چہرۂ اوتابان و آثار سعادت و صلاحیت
از بشرۂ او نمایان من سعد سعد فی بطن امہ سالیکہ نکوست از بہارش پیداست"

انھون نے ابتدائی کتابین مولوی شمس الدین اور مولوی صدیق احمد اور مولوی حفیظ الدین لکھنوی
سے پڑھین۔ اور اکثر متوسطات اور انتہائی کتابین مولوی حسین احمد محدث ملیح آبادی سے
اور بعض رسائل ریاضی مثل تو ضیح وغیرہ اپنے والد ماجد سے پڑھے۔ اپنے اقران و اماثل مین
نہایت متین و مہذب و امیر مزاج تھے۔ گیارہ برس کی عمر مین خدمت تحصیلداری علاقہ
قصبہ کاکوری بمشاہرۂ ڈیڑھ سو ماہوار نصیر الدولہ محمد علی شاہ کے یہان سے عطا ہوئی۔ اور
خلعت تحصیلداری مرحمت ہوا۔ چونکہ یہ صغیر السن تھے لہذا قاضی صادق علی خان صاحب
بطور نیابت پچاس روپیہ ماہوار پر تحصیلداری کا کام سرانجام دینے کے لیے مقرر ہوئے
کئی برس تک یہ اس عہدہ پر رہے۔ جب ان کی کتابین قریب الختم ہوئین تو افسری اخبار
ملکی کا عہدہ انسے متعلق ہوا۔ اس کام کو بھی نہایت دیانت اور شائستگی کے ساتھ انجام دیا
اور اپنے زمانہ مین بہت سے لوگون کو اس محکمہ مین نوکر رکھا یا۔ دو ڈھائی سال اس عہدہ پر
رہے۔ پھر ترقی پاکر سول جج ہوگئے۔ لیاقت و ذہانت و معاملہ فہمی ان مین خداداد تھی۔
امین الدولہ وزیر سلطنت سے ایک معاملہ خاص مین گفتگو ہوگئی تھی۔ انکی خشونت مزاجی کی
وجہ سے انھون نے استعفا دیدیا اور خانہ نشین ہوگئے۔

اوقات شبا روزی ذکر و عبادت سے معمور تھے بیعت ان کو حضرت شاہ تراب علی قلندر

سے تھی۔ یہ اُنکے باخلاص مریدین سے تھے۔ اُنھون نے انکے لئے مطالب رشیدی بغرض تعلیم تحریر فرمائی تھی۔ تصوف مین بھی اچھا مذاق رکھتے تھے۔ حقائق و معارف خوب بیان کرتے تھے۔ لوائح مولانا جامی وغیرہ حضرت مولانا شاہ حیدر علی قلندر سے پڑھین تھین اُنکی اور حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر کی عنایت ان پر بہت تھی۔ اذکار وغیرہ کی بھی تعلیم اپنے پیر و مرشد سے پائی تھی۔ توحید وجودی کی تحقیق اور کیفیت شہودی انکے جوہر نفس مین خوب راسخ تھی۔ واقعات و حالات باطنی انکے متقدمین اولیاء اللہ کے ہم پایہ تھے چنانچہ حضرت مولانا شاہ علی اکبر قلندر کی فرمایش سے اُنھون نے اپنے بعض واقعات و مشاہدات بھی تحریر کئے جنکا نام واقعات رشیدی ہے اور وہ طبع بھی ہوگئے ہین۔

یہ کہا کرتے تھے کہ مین نے حضرت پیر و مرشد سے تین باتین عرض کین تھین وہ آپکے ارشاد سے سب پوری ہوئین۔ ایک یہ کہ مجھے علم ظاہر سے دلبستگی و ذوق کمتر ہے۔ حضرت نے اُسکے جواب مین فرمایا کہ تم کو خدا علم باطن نصیب کرے گا۔ دوسرے میرے اوپر متعلقات کے فرائض زیادہ ہین اُن سے خدا مجھے فارغ کرے۔ حضرت نے فرمایا کہ ان فرائض کا بار اُٹھانیوالا آپ اُٹھالیگا تم کو اہل دُنیا کی طرح اسمین تشویش نہوگی۔ تیسرے میری آمدنی کم ہے اور اخراجات زاید ارشاد ہوا کہ آیندہ دوسو روپیہ ماہوار اور ملین گے۔ جو اخراجات کو کافی ہونگے چنانچہ وہی ہوا۔

یہ آخر عمر مین بوجہ ہجوم عوارض دوورہ وجع مفاصل بہت ضعیف ونقیہ ہوگئے تھے اسی مرض مین بعمر ۶۳ سال بتاریخ ۲۳ ماہ ذی الحجہ ۱۳۰۰ھ وفات پائی اور اپنے والد کے پائین خطیرہ مین دفن ہوئے۔ قطعہ تاریخ انتقال از مولوی محی الدین خان ذوق کاکوری

حسرتا کامروز اندوہ رشید الدین خان	سوخت جان ارباب حرمان سینہ کفت
شست خس در چشم حرمان رخیت از مژگان تیر	تا بکتم خاک آن جان برادر رنہفت
در تلاش سال ہجری و مسیحی طبع ذوق	گوہر جان حزین از مثقب اندیشہ سفت

اولین سال مسیحی شد زرے تعمیہ
یکہزار و ہشت صد ہشتاد و سہ از روے سال
سنہ ۱۸۸۳ء

دویمی بے کاست کم ہجری شنید او گفت
صلوی وہم معنوی بست و سوم ذیحجہ گفت
سنہ ۱۳۰۰ھ

رضا حسن خان

نواب مولوی امیر رضا حسن خان ایف۔ اے۔ ایس۔ بی۔ ابن نواب امیر حسن خان بسمل۔ ولادت انکی ۱۳ ماہ ذیقعدہ روز پنجشنبہ سنہ ۱۲۴۷ھ مطابق ۲۷ اپریل سنہ ۱۸۳۱ء مین ہوئی۔ حاجی محمد سعید بغدادی نے کئی قطعہ تاریخ عربی مین انکی ولادت کے لکھے جنکے دو مادہ درج ذیل ہین (۱) شرف العصر مولود وفاق (۲) معدن للخیر قد زان الوجود۔ ان مین ذہانت و فطانت خداداد تھی۔ اٹھارہ سال کی عمر مین جملہ علوم کی تحصیل سے فارغ ہوکر باپ سے زیادہ قابل اور باعث فخر ہوئے۔ عربی و فارسی نظم اور نثر مین اپنے زمانہ کی علما کی نگاہ مین ممتاز تھے۔ بچپن سے کلکتہ مین اپنے والد اور جد امجد کے ساتھ رہے۔

انھون نے خود اپنا حال اپنے مصنفہ قصیدہ لامیۃ الھند کے خاتمہ مین لکھا ہے۔ جسکا خلاصہ یہ ہے۔ کانپور مین پیدا ہوئے۔ وہین کتب درسیہ پڑھین۔ وہان سے ۲۶ محرم سنہ ۱۲۶۲ھ کو اپنے والد ماجد کے پاس کلکتہ روانہ ہوئے۔ ۲۶ ربیع الاول کو کلکتہ پہونچے۔ بقیہ تعلیم وہین حاصل کی۔ ادب سید عبد الرزاق یمنی سے پڑھا اور آخر سال مذکور مین اُس سے فراغت پائی۔ اسکے بعد شغلہ درس و تدریس و تصنیف و تالیف شروع کیا۔

تصانیف انھون نے بہت سے کیے۔ جن سے انکی اعلیٰ قابلیت و عالی دماغی کا پتہ چلتا ہے وہ حسب ذیل ہین۔

(۱) التحقیقات الدقیقہ حاشیہ علے حاشیۃ السید الزاہد علی الرسالۃ القطبیہ (۲) الدر المنظوم فی تحقیق العلم والعلوم (۳) حاشیہ شرح تہذیب جلالی (۴) حاشیہ صدرا (۵) وکد القلم فی حل شبھۃ

الجذر الاصم (٦) صولة الضرغام فی دفع مزخرفات الاوہام (٧) التوضیح المزید فی تفضیح الیزید (٨) غایۃ الارب فی شرح لامیۃ العرب (٩) معاطاۃ الکؤس فی شرح العروس (١٠) اعجاز القلم والبیان فی جلا سبحۃ المرجان (١١) ونکہتہ الہند والعنبر فی تعصیر سلافۃ العصر (١٢) کہف الصہباء فی دستور الانشا (١٣) اعتراضات علی عجب العجاب (١٤) نزہتہ الارواح اعتراضات علی حدیقۃ الافراح لازالۃ الابراح (١٥) جولان القلم فی شرح لامیۃ العجم (١٦) اعتراضات علی نفحۃ الیمن (١٧) بستان الادب فی لطائف العجب۔ یہ کتاب پانچ باب پر مرتب ہے۔ پہلے باب مین حکایات لطیفہ عجیبہ ہین۔ دوسرے مین لطائف۔ اشعار از قسم قصائد و غزلیات و قطعات و رباعیات وغیرہ تیسرے مین بدایع وغیرہ ہین چوتھے مین علما و فصحا کے حالات ہین۔ پانچوین مین متفرقات ہین (١٨) مدارج الاذکیا و ہدیتہ الاحبا۔ جسکو انھون نے چند گھنٹون مین لکھ ڈالا تھا۔ یہ منطق مین ایک عمدہ رسالہ ہے۔ کلکتہ مین طبع بھی ہوگیا ہے۔ وہان کے علمانے اسپر تقریظین بھی لکھین ہین (١٩) قصیدۂ لامیتہ الہند و ریحانتہ الزند۔ یہ بھی چھپ گیا ہے (٢٠) کتاب انموذج الکمال۔ یہ فن ادب مین ایک بسیط کتاب ہی۔ اور طبع بھی ہوگئی ہے۔

شعر و سخن سے بھی انکو ذوق تھا۔ رضا تخلص کرتے۔ عربی و فارسی دونون زبانون مین شعر کہتے تھے۔ نمونۂ کلام حسب ذیل ہے۔ اشعار فارسی سے

رضا از تصاریف ہمت برآنم — کہ نقل سخن را بہ اخوان فرستم
زجو شیکہ از اجرام کف فگن شد — برش قلمہا نمکدان فرستم
بنفحات انفاس غمدیدۂ خود — نسیمے بمرغ گلستان فرستم
اشارات زائیدۂ فکر خود را — زحکمت بہ ابنائے یونان فرستم
زمہتابی طبع وقاد ذہنم — ضیائے بخورشید تابان فرستم
رموز اشارات نفحات خود را — برا فکار ابکار لقمان فرستم
تماشائے ازہار سربستہ خود — بجادو بیانانِ عدنان فرستم

بانوار خورشید رخشان نکرم | چراغے بگور غریبان فرستم
ز دریائے عمان فکر لطیفم | بملک عجم عقد مرجان فرستم

اشعار عربی

الفقر فی القصر کالغفران فی الزلل | والعجز فی العز کالکتمان للخلل
اصبر علے مہلکات الدہر موتلقاً | فالصبر افضل للاتیان بالجدل
طوبی لمن عاش والافقار موطنہ | والفقر مفخرہ فی الحال والقبل
محمد افضل الانسان قاطبۃ | فخرا لملایک زین العقل والرسل
لہ العطاء بلا نقص ولا خفض | لہ السخاء بانواع من المثل

بیعت انکو حضرت شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ سے تھی۔ غرضکہ یہ نہایت فاضل زبردست اور عالم جید تھے۔ تھوڑا سا حال انکا تذکرۂ علماء ہند مین بھی مذکور ہے۔

افسوس کہ انھون نے عین شباب مین بمقام کلکتہ بتاریخ ۱۹ ماہ ربیع الآخر روز دوشنبہ وقت مغرب ۱۲۶۶ھ مطابق ۴ مارچ ۱۸۵۰ء بے نام و نشان سفر آخرت اختیار کیا اور وہین دفن ہوئے انتقال سے کچھ قبل کی ایک تحریر انکی بطور وصیت نامہ ملی جو درج ذیل ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اما بعد فان الحیوۃ والموت مستویان لاسیما عند العاقل الفطن الخبیر الماھر ومن المشاھدات بالامور الباطنۃ ان فناء البدن غیر مستلزم لفناء الروح والاصل فی وجود الانسان ھو الروح لا البدن فانی موجود مشیر الی وجودی وما وجودی الا الروح فقط وانما البدن قفسۃ خبیثۃ والروح دایمۃ باقیۃ ناظرۃ حاضرۃ شاھدۃ اذا ثبت ھذا فاعلم انی لا ابالی بالموت بوجہ من الوجوہ ؎

مرگ اگر مرد است گو پیش من آئے | تا در آغوشش بگیرم تنگ تنگ
من ز وے عمرے ستانم جاودان | او ز من دلقے ستاند رنگ رنگ

واللہ شہیدی علےٰ ما قلت واقول انی متبرء کمال التبری عن حیاتی فانی لا اجد فی وجودی الخارجی الاخسران الدنیا والاخرۃ وذلک ھو الخسران المبین وکنت انا فی ھذ القالب العنصری مدۃ تسعۃ عشر سنۃ وخمسۃ اشھرا وازید لا غیر والان انی ارید الطیران الی الملاء الاعلےٰ فانی قد ضاقت علی الارض بما رحبت فاستغفرلی ایھا الاخر فانی مستغفر وتائب الی اللہ الغفار عن المعاصی الکبیرۃ والصغیرۃ مما فعلت او قلت او کنت باعثالہ توبۃ راجعۃ بالقلب صادقۃ موافقۃ باللسان وانی اشھدا ولاً وا ومن باللہ عزوجل واحد لا کوحدتنا قادر لا کقدرتنا سمیع لا کسمعنا بصیر لا کبصرنا عالم لا کعلمنا وعلی ھذا القیاس الی منتھی الصفات واشھد ان لا الہ الا اللہ وایضاً اشھد وا ومن شہادۃ صادقۃ وایمانا کاملا بان محمد بن عبداللہ صلے اللہ علیہ القرشی الھاشمی رسولہ المقبول وحبیبہ الطاھر وھو صفی اللہ ورسول اللہ حقا بلا ارتیاب وکذا اشھد وا ومن بقبولیۃ جمیع اھل البیت الکبار والصحابۃ الاخیار رضوان اللہ تعالیٰ علیھم اجمعین وانی اقول بعد التوبۃ والاستغفار اٰمنت باللہ وملائکتہ وکتبہ ورسلہ ایمانا صادقا کاملا واللہ تعالیٰ عالم لخفیات الاسرار وبعد ھذا فوصیتی الاولی الیک یا اخی ان یجھز فی تجھیزا وتکفننی تکفیناً لطیفاً بالثیاب الثمینۃ ثم تصلی علیّ ثم تضعنی فی القبر بالموضع الذی وصینا بہ الحافظ ثم یعمل لی فاتحۃ فی کل خمیس بتلاوۃ القران واستماع الحان المعرفۃ علےٰ ما ھو الدستور فانی مشتاق کثیراً الی سماع السماع وبعد ھذا فاکتب علی القبرین کلیھما علےٰ قبر المرین العبارات الاتیۃ بالفر ورمع التسمیۃ

یا قبر یا قبر ھل زالت محاسنھا　　ام زال منک ضیاء النظر والبصر

یا قبر یا قبر ما انت لی روض ولا فلک　　فکیف اجمع فیک العصر والقمر

ما کنت احسب قبل وقتک ما تری　　ان اللحود منازل الاقمار

تو فیت صاحبۃ ھذا القبر فی ربیع الاخر سنہ ۱۳۰۶ھ من الھجرۃ یوم الخمیس وھی شابۃ

مومنۃ مسلمۃ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ تم بکیتب علی قبری ؎

دہ کہ ہرگاہ سبزہ در بستان | بدمیدے چہ خوش شدے دل من
بگذرا ے دوست ما بہ فصل بہار | سبزہ بینی دمیدہ از گل من

الٰہ من العشق وحالاتہ | احرق قلبی بحاراتہ

الفقیر العاصی المھجور الراجی الی رحمۃ اللہ القوی رضا حسن العلوی الہاشمی غفراللہ لہ۔ کلکتہ ۱۲۶۶ھ ہجری النبوی صلے اللہ علیہ وسلم۔

رضا علی

مولوی رضا علی۔ ابن مولانا شاہ حمایت علی قلندر قدس سرہ انکی ولادت ۱۹ ماہ رمضان المبارک روز پنجشنبہ ۱۲۱۱ھ مین ہوئی۔ یہ حضرت مولانا شاہ حیدر علی قلندر رحؒ سے عمر مین چھوٹے اور حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر رحؒ سے بڑے تھے۔ کتب درسیہ انھون نے اپنے والد ماجد سے پڑھین۔

بیعت انکو اپنے عم اکرم حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر قدس سرہٗ سے تھی۔ اور اجازت وخلافت بھی مگر ادباً کبھی کسی کو مرید نہین کیا۔ مدۃ العمر ملازمت مین بسر کی۔ دل بیار دست بکار کے مصداق تھے۔ اور بہت بامروت قابل خوش وضع خلیق وجیہہ الصورت مثل اپنے والد ماجد کے تھے۔

قبل غدر اطراف گورکھپور مین تحصیلدار تھے۔ بعد غدر پنشن لیکر خانہ نشین ہو گئے۔ صاحب ثروت وامارت تھے۔ انھون نے بعارضۂ فالج بتاریخ ۸ ماہ رمضان المبارک روز چہارشنبہ ۱۲۷۹ھ وفات پائی۔ اور پائین مزار اپنے والد کے بیرون روضہ حضرت شاہ محمد کاظم قلندر جانب مغرب دفن ہوئے۔ قطعہ تاریخ وفات از منشی ارتضے علی شرر کاکوروی ؎

طالب حق رضا علی صاحب | روے خود را زما سوا بنہفت
قرب در یافتہ زہاتف غیب | بجوار جنان بکاظم گفت ۱۲۷۹

رضا علیخان

شیخ غلام رضا معروف بہ رضا علی خان ابن شیخ محمد غلام ابن ملا زمان ابن ملا محمد رضا۔ ابن ملا محمد اشرف ابن ملا عبد القادر ابن حافظ شہاب الدین ابن مخدوم نظام الدین بھیکہہ

یہ اپنی قابلیت ولیاقت وبعض اوصاف مین تمام کاکوری اور جوار کے لوگون مین ممتاز اور ذی شخصیت تھے۔ عبارت فارسی خوب لکھتے۔ خط بھی بہت پاکیزہ تھا۔ علے الخصوص قاسم علیخان کے جنگ کے حالات جو مرشد آباد مین انگریزون سے ہوئی تھی۔ نہایت ہی برجستہ اور عمدہ طرز سے لکھے تھے۔ نواب شجاع الدولہ بہادر نے اُسکو بہت پسند کیا۔ یہ فنون سپاہ گری مین بے نظیر سخاوت مین حاتم وقت۔ تمکین ووقار مین کوہ سنگین صفائی تقریر مین بے مثل تھے۔

تلاش روزگار مین اولاً غازیپور زمانیہ مین شیخ محمد اکابر کاکوروی کے پاس کہ جو وہان کے فوجدار تھے گئے۔ پھر دکن کا قصد کیا۔ وہان اپنے ماموں شیخ محمد مسیح مخاطب بہ مسیح الزمان خان کے پاس رہے۔ جو نواب سید انور علیخان گوپاموی معتمد آصف جاہ نظام الملک کے معتمد تھے بعد انتقال اپنے ماموں کے اُنکی جگہ پر مقرر ہوگئے۔ اور بہت نام واعتبار پیدا کیا۔ نواب انورالدین خان خلف نواب انور علیخان کی رفاقت مین بھی رہے۔ ایک روز بر سبیل تذکرہ انکی زبان سے نکلا کہ اس زمانہ مین کوئی ایسا امیر بھی ہے کہ جس نے اپنے رفیق کو ایک لاکھ روپیہ دیا ہو۔ نواب صاحب نے کہا کہ تمھارے محال کی تحصیل کیا ہے۔ انھون نے جواب دیا کہ ایک لاکھ روپیہ ہے۔ اُسی وقت اُنھون نے وہ روپیہ انکو دیدیا یہ اُسکو لیکر وطن آئے یہان خوب خرچ کیا اعزہ واحباب کے ساتھ سلوک کیا۔ نہایت عمدہ حویلی بنوائی (جو ابتک موجود ہے۔ اور متصل مکان منشی امتیاز علی صاحب وزیر بھوپال واقع ہے) بعد اُسکے کچھ دنون قاسم علیخان کے رفیق رہے۔ وہان ثروت ظاہری اور اعتبار پیدا کیا ۱۱۸۵ھ مین نواب مغل علی خان ابن نظام الملک آصف جاہ دکن کی رفاقت مین رہے۔ جو شاہ عالم اول

بادشاہ دہلی کی طرف سے بجمعیت تین ہزار سوار سکھوں کے اخراج کیلئے مامور ہوئے تھے اس لشکر مین یہ نواب دکن کی طرف سے سپہ سالار و ہراول فوج تھے ۔ اسی جنگ مین بمقام کنجپورہ جو دہلی کے قریب ہے شہید ہوئے ۔

انکے دو بیٹے ہوئے امداد علیخان ۔ اوصاف علیخان ۔ دونون بھائی نیک صورت نیک سیرت تھے ۔ علوم متعارفہ مین اچھی لیاقت رکھتے تھے اور باپ کے قدم بقدم تھے خط بھی بہت پاکیزہ تھا ۔ عبارت بھی خوب لکھتے تھے ۔ اُس زمانہ مین انکے ماموں قاضی القضاۃ نجم الدین علیخان بہادر کمپنی انگریزی کی طرف سے ممالک محروسہ کمپنی (بنگال ۔ بہار وغیرہ) کے قاضی القضاۃ تھے ۔ اُنکے ذریعہ سے پہلے امداد علیخان مرشدآباد کے عہدۂ قضا پر مامور ہوئے آب و ہوا کی ناموافقت سے تھوڑے دنون اس عہدۂ جلیلہ کا کام کرنے پائے تھے ۔ عمر نے وفا نہ کی ۱۲۱۱ھ مین بمقام مرشدآباد انتقال کر گئے ۔

پھر ذوالفقار علیخان ابن امداد علیخان اس عہدہ پر مامور ہوئے ۔ وہ بھی سات آٹھ سال کے بعد سخت علیل ہوئے ۔ اس حالت مین وطن آرہے تھے ۔ راستہ مین قریب بنارس انتقال کر گئے ۔ نعش کاکوری آئی اور یہین دفن ہوئے ۔

جب عہدۂ قضا خالی ہوا تو اوصاف علیخان ۔ ابن رضا علیخان اس عہدہ کیلئے نامزد کئے گئے ۔ اُس زمانہ مین سحر بنگالہ کے متعلق بہت سے قصص زبان زد خاص و عام تھے آب و ہوا بھی خراب تھی ۔ اور یہ سخت علیل بھی تھے ۔ جب انکی طلبی ہوئی ۔ تو لوگون نے منع کیا انھون نے رات کو حضرت جناب امیر کرم اللہ وجہہ کو خواب مین دیکھا کہ وہ سرہانے کھڑے فرما رہے ہین کہ اُٹھتا کیون نہین تو تو کچھ بیمار نہین ہے ۔ اُٹھ اور اپنا کام کر جیسے ہی بیدار ہوئے جسم مین تاب و توانائی محسوس ہوتی یہ خیالات تھی نہ کچھ کسل فوراً مرشدآباد روانہ ہو گئے ۔ ایک مدت تک وہان عہدۂ قضا پر مامور رہے ۔ اور وہین وفات پائی ۔ مزید حالات نہ دریافت ہو سکے ۔

رضی عباسی

قاضی رضی - ابن قاضی شیخ کوچک - ابن قاضی بہاری - ابن قاضی شیخ کلان - بن قاضی فضل اللہ ابن قاضی عنایت اللہ عباسی -

یہ بہت بزرگ تھے - ایک کرامت انکی اب تک مشہور ہے کہ انکے مزار پر جو نیم کا درخت موجود ہے اُس کی پتی جمعرات کو شیرین ہو جاتی ہے - اکثر لوگون نے چکھی ہے - ان سے اویسی فیض حضرت شاہ محمد کاظم قلندر کو تھا - چنانچہ وہ اکثر اپنے مریدین و طالبین کو انکے مزار پر مراقب ہونے کا حکم دیا کرتے تھے - حضرت ملا قدرت اللہ بلگرامی کی فیض پانے کا قصہ اصول المقصود مین مندرج ہے - انکے مزید حالات معہ سنہ و تاریخ وفات وغیرہ باوجود تفحص نہ دریافت ہو سکے - مزار کاکوری کے انگریزی اسکول کے قریب بیرون آبادی جانب مشرق واقع ہے - اور منیا پیر کے نام سے مشہور ہے -

رضی الدین خان

مولوی محمد رضی الدین خان - ابن مولوی علیم الدین خان - ابن قاضی القضاۃ مولوی نجم الدین علیخان بہادر - ابن حضرت ملا حمید الدین محدث رحمۃ اللہ علیہ -

یہ سنہ ۱۲۱۶ھ مین پیدا ہوئے - کتب درسیہ انھون نے اپنے والد ماجد و مولوی فضل اللہ نیوتنوی و مولانا محمد اسحاق دہلوی سے پڑھین - احادیث کی سند بھی اُنھین سے حاصل کی - فاضل جید ہوئے -

بیعت سلسلہ نقشبندیہ مین حضرت مولانا حاجی امین الدین رح سے تھی - اولاً یہ عہدۂ افتا و صدر امینی پر ضلع آگرہ مین متقرر ہوئے - پھر ایک مدت تک دہلی مین صدر امین رہے - پھر وہان سے الہ آباد مین صدر الصدور ہو گئے - وہان سے مختلف اضلاع مین تبدیل ہوتے رہے - غدر کے زمانہ مین

بریلی سے وطن آ گئے یہان بعارضۂ تپ محرقہ چندروز علیل رہ کر تاریخ ۱۹ ماہ ربیع الآخر ۱۲۷۴ھ وفات پائی۔ اور حظیرۂ متصل چاند محل مین دفن ہوئے۔ آپکے بیٹے مولوی احسن الدین صاحب اولاً دس بارہ سال ملکہ گیتی زوجۂ امجد علیشاہ بادشاہ کے یہان معتمدین مین رہے۔ پھر حیدرآباد گئے وہان بھی معزز عہدہ پر ملازم ہو گئے تھے۔ یہ بہت ذی ثروت و وجاہت گذرے ہین۔

رفعت اللہ خان

رفعت الدولہ بخشی رفعت اللہ خان بہادر نصرت جنگ۔ ابن قاضی محمد واعظ ابن قاضی محمد حافظ عباسی۔ انکی ولادت ۱۱۳۳ھ مین ہوئی۔ تعلیم و تربیت اپنے والد ماجد سے پائی۔ بیعت ان کو حضرت سید شاہ باسط علی قلندر الہ آبادی سے تھی۔ تمام عمر اپنے بڑے بھائی بخشی ابوالبرکات خان بہادر کے رفیق رہے۔ مزاج رئیسانہ مشرب سپاہیانہ رکھتے۔ ذی شوکت و ثروت خوش قسمت خوش اوقات درویش صفت تھے۔ فقرا کے ساتھ بہت اعتقاد تھا۔ ابتدا مین بعہدۂ بخشی گری مامور رہے ۱۱۸۱ھ مین جاہ و ثروت و شوکت و حشمت مین اپنے تمام خاندان پر تفوق حاصل کیا۔ یہان تک کہ صاحب طبل و علم ہوے۔ باوجود اسقدر ثروت کے نخوت اور غرور بالکل نہ تھا اعلے و ادنے سے برابر مسلوک ہوتے رہتے۔ مثنوی مولانا روم زائد مطالعہ مین رکھتے۔ شجاعت مین رستم وقت سخاوت مین حاتم ثانی تھے۔

بعد ختم عہدۂ بخشی گری الماس علیخان خواجہ سرا کے یہان طلب ہوئے چونتیس سال انکی رفاقت مین رہے۔ بہت جاہ و ثروت پیدا کی۔

حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ کتاب اصول المقصود مین لکھتے ہین کہ

"رفعت اللہ خان درگروہ خود بحیثیت صلاحیت ممتاز و بخدا پرستی و محبت فقرا سرفراز بودند"۔

منشی فیض بخش صاحب اپنے نسب نامہ موسومہ بہ چشمۂ فیض مین لکھتے ہین کہ۔

"بخشی رفعت اللہ خان ہم رئیس و ہم سپاہی و ہم درویش بودند و ہمیشہ در نصرت گذرانیدند

وتمام عمر شریک برادر بزرگ خود مانند خوش نصیب وخوش اوقات بودند با فقرا صحبت داشتند

سنجاب وکمخواب وپلاس نزد او یکسان بود۔ نخوت وتکبر پیرامون خاطر نگردیده با وصف ثروت

بہ ادنے واعلے برابر سلوک میکردند مطالعۂ مثنوی مولانا روم ہمیشہ میداشتند وخط نسخ خوب می نوشتند

وعالم سپاہگری ایشان را رستم وقت باید گفت فیلان واسپان خاصہ سواری ودیگر لوازم ریاست

ہم بسیار میداشتند"

قیصر التواریخ مین ہے کہ

"جب نواب آصف الدولہ بہادر نے مسند وزارت پر جلوس فرمایا۔ تو ایک دن صبحکو بسبیل تفرج

تشریف فرمائے قصبہ کاکوری ہوے۔ بخشی رفعت اللہ خان کے انتقال کے بعد انکے دونون

بیٹون غلام حیدرخان و غلام صفدرخان کو طلب کرکے خلعت سے سرفراز کیا۔ اور دونون کا دو دو سو روپیہ

ماہوار منصب مقرر کیا۔ اور ازراہ قدردانی وقدامت انکا حفظ مراتب کرتے رہے"

انھون نے ۱۲۲۴ھ مین بعمر ۷۰ سال انتقال کیا۔ حضرت خواجہ حسن چشتی مودودی

لکھنوی نے دخل الجنۃ ۱۲۲۴ھ مادۂ تاریخ نکالا۔

قطعۂ تاریخ وفات از لالہ درگاہی لال متخلص بہ اشرفی ؎

سر سروران رفعت اللہ خان	سران جہان سجدہ فرسائے او
ز دیر فنا چونکہ بربستہ رخت	نمودند دار بقا جائے او
پئے سال تاریخ او اشرفی	دبیر خرد نکتہ آرائے او
بفرمود برگو کہ بے شک وریب	بہشت برین گشت ماوائے او

۱۲۲۴ھ

ریاض الدین

حضرت شاہ ریاض الدین قلندر۔ انکا حال کسی کتاب مین نہین ملا۔ اور نہ یہ معلوم ہوسکا کہ

یہ کس خاندان سے تھے۔ انکے متعلق حضرت والد ماجد مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر قدس سرہ فرمایا کرتے تھے کہ یہ بہت بڑے بزرگ صاحب ارشاد سلسلۂ قلندریہ سے تھے۔ انکا سلسلہ کئی واسطون سے حضرت شاہ فتح قلندر جونپوری کو پہونچتا تھا۔ انکے دو غلام تھے۔ دونون مین سے چھوٹے کو بہت عزیز رکھتے تھے۔ اور وہ اُسکی پیٹھ سہلاتے اور کہتے کہ تیری وجہ سے مجھے درجۂ شہادت نصیب ہوگا۔ چند دنون کے بعد یہ حج کو تشریف لیگئے دونون غلام ساتھ تھے۔ بمبئی پہونچکر اُن دونون مین سے چھوٹے کے دل مین یہ خیال آیا کہ میان کے پاس اشرفیان ہین۔ انکو ختم کر کے اشرفیان لے کر چلدینا چاہیئے۔ اسی لالچ و شامت مین اُس نے انکو شہید کر ڈالا اور چلدیا بعد وفات عرصہ کے بعد یہان انکے محلہ مین ایک شخص نے ان کو خواب مین دیکھا انھون نے اُس سے یہ سب واقعہ بیان کرنے کے بعد فرمایا کہ ہماری شہادت یکم شوال کو ہوئی اور قبر بمبئی مین ہے۔ ہمارا فاتحہ گڑ اور چنون پر کیا کرو۔ چنانچہ ہر سال عید کے روز فاتحہ ہوتا ہے۔ خانقاہ انکی چودہری محلہ مین ہے۔ ایک احاطہ ہے اُسکے اندر مسجد ہے جو باڑہ کے نام سے مشہور ہے۔ اب بہت شکستہ حالت مین ہے۔

ریاض الدین خان

مولوی حاجی حافظ مفتی ریاض الدین خان۔ ابن مولوی علیم الدین خان۔ ابن قاضی القضاۃ نجم الدین علیخان بہادر۔ ابن مولانا حمید الدین محدث۔

ولادت انکی ۱۲۲۹ھ مین ہوئی۔ علوم متعارفہ انھون نے اپنے والد اور چچا اور مولوی فضل اللہ نیوتنوی و مرزا حسن علی محدث لکھنوی و مولوی نور الحسن کاندھلوی و مولوی حسین احمد محدث ملیح آبادی وغیرہم سے حاصل کئے اور مؤخر الذکر حضرات سے سند حدیث بھی حاصل کی نہایت قابل و لائق درویش صفت جمیل الصورت صاحب ورع و تقوے تھے۔ انکو بیعت حضرت مولانا حاجی امین الدین کاکوروی سے تھی۔ درس و تدریس کا بھی مشغلہ رکھتے۔ بہت

خوش بیان اور بڑے فاضل ذی استعداد قوی الحافظہ مسلم الثبوت علما مین تھے۔
ابتدائے شہر آگرہ مین مفتی ہوئے پھر منصف ہو گئے اور بہت نیک نام رہے جب غدر ہوا تو وطن چلے آئے۔ بعد غدر کچھ دنون نواب ٹونک کے یہان رہے۔ بعد معزولی نواب طلبی ڈرمین صاحب کمشنر بریلی رامپور گئے۔ نواب کلب علیخان نے نہایت عزت و وقار سے نوکر رکھا اُنھین کے ساتھ حج بھی کیا۔ رامپور مین یہ تمام عدالتون کے مفتی تھے۔ پھر وہان سے بطلب نواب فدا حسن خان کاکوروی حیدرآباد گئے اور وہین غرۂ ماہ صفر ۱۲۹۵ھ مین انتقال کیا۔

قطعہ تاریخ انتقال از مولوی محی الدین خان ذوقی کاکوروی

ناح قوم علےٰ ریاض الدین	وھم البا کئون بالویل
قلت لاتحزنوا فانّ اخی	دخل الخلد نافذ الذیل

۱۲۹۵ھ

(ز)

زین الدین حیدر

شیخ زین الدین حیدر ۔ ابن قاضی محمد عالم ۔ ابن قاضی محمد اسلم ۔ ابن قاضی محمد تقی ابن قاضی عبد الحلیم ۔ ابن قاضی مسعود ۔ ابن قاضی حسین ۔ ابن قاضی بایزید ۔ ابن قاضی شیخ کوچک ابن قاضی بہاری ۔ ابن قاضی شیخ کلان ۔ ابن قاضی فضل اللہ ۔ ابن قاضی عنایت اللہ عباسی یہ نہایت حسین اور وجیہ ۔ فنون سپہ گری مین طاق ۔ اور شجاعت و جوانمردی مین شہرۂ آفاق تھے ۔ عربی و فارسی کی استعداد بہت اچھی تھی ۔ ابتدائی تعلیم اپنے ماموں بخشی ابو البرکات خان کے ساتھ رہکر پائی ۔ رفتہ رفتہ اپنی قابلیت و ذہانت سے بخشی صاحب کے مزاج مین اس حد تک در خور پیدا کیا ۔ کہ مہر بخشی گری انھین کی تحویل مین رہنے لگی ۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ بخشی صاحب انکے کتنے معتمد علیہ تھے اور کس حد تک رسوخ پیدا کر لیا تھا ۔ الماس علیخان خواجہ سرا انکو اتنا مانتے تھے ۔ کہ قاضی گڈھی کی مسجد کی تعمیر محض انھین کی وجہ سے کرائی ۔ اور ضروریات اور مصارف محرم کیلئے چند اراضی معافی مین دین اور متولی کرنا چاہا ۔ انھون نے بربنائے ملازمت انکار کیا ۔ اور اپنے بنی اعمام مین سے کسی کی سفارش کی ۔ کہ یہ ذمہ داری انکے سپرد کیجائے اسلئے کہ وہ قاضی ہین اور مستقلاً کاکوری مین سکونت پذیر ۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا ۔ یہ کوڑیا گنج (ضلع ایٹہ) کے راجہ کے مصاحبین مین تھے ۔ وہ انکے جوہر شجاعت کے باعث انکا بہت ادب و احترام کرتا ۔ اور بہت زیادہ خاطر و مدارات سے پیش آتا ۔ درویش منش و فقیر دوست تھے ۔ چالیس سال کے سن تک عقد نہین کیا اور یہ طے کر لیا تھا کہ بقیہ عمر بھی تجرد کی حالت مین گذار دینگے ۔ لیکن ایک درویش مجذوب کے اصرار نے عہد کے توڑنے اور نکاح کرنے پر مجبور کیا ۔ جسکا واقعہ یون ہے کہ ایک مرتبہ یہ راجہ کے ایک مصاحب کی ہمراہی مین شکار کی غرض سے جنگل کی طرف روانہ ہوئے ۔ شکار کھیلتے ہوئے جب جنگل مین

پہونچی۔ تو آفتاب کی تمازت کے باعث تشنگی کا غلبہ ہوا۔ ہر طرف پانی کی تلاش مین سرگردان تھے۔ کہ ایک فقیر کی کٹی یعنے مکان نظر پڑا۔ گھوڑا دوڑا کر وہان تک پہونچے۔ تو دیکھا کہ ایک مجذوب فقیر مست بیٹھے ہوئے ہین اور بڑبڑا رہے ہین۔ پہونچتے ہی عرض مدعا کیا اور پانی کے طالب ہوئے۔ مجذوب صاحب نے اسکے جواب مین سوال کیا کہ تمھارا عقد ہو چکا ہے یا ہنوز ناکتخدا ہو۔ انھون نے کہا کہ عقد اب تک نہین کیا ہے اور نہ ارادہ ہے۔ البتہ پیاس کی شدت ہے۔ اور آپ سے یہ التجا ہے کہ تھوڑا پانی پلوا کر سرفراز کیجیے۔ مجذوب صاحب نے یہ سُنکر ہاتھ بڑھایا اور جنگل سے ایک ناگن کو پکڑ کر ایک گلاس مین نچوڑا اور اسکا ایک گھونٹ خود پیا بقیہ ان کو دیدیا اور کہا کہ تم پی کر پیاس بجھاؤ۔ اِن کو مجذوب صاحب کی یہ حرکت سخت ناگوار گذری کہنے لگے مین حرام چیز نہ پیونگا۔ مجذوب صاحب نے سُنکر سکوت کیا اور وہ گلاس انکے ہمراہی کی طرف یہ کہہ کر بڑھا دیا کہ "لو بابا تم پیو" وہ فوراً پی گئے نتیجہ یہ ہوا کہ اُسی رنگ مین رنگ گئے کہ جو اُن فقیر کا تھا اور اسی طرح کی باتین کرتے ہوئے جنگل مین نکل گئے۔ اُسکے بعد مجذوب صاحب اُنکی طرف مخاطب ہوئے۔ اور کہا کہ جاؤ جھونپڑے کے اندر پانی رکھا ہے۔ جا کر پی لو لیکن یہ مجھے دیکھنا ہے کہ تم کبتک عقد نہین کرتے ہو جاؤ فقیر کی یہ بات یاد رکھو کہ تمھارا نکاح ہوگا اور اُس سے دو اولادین ہونگی۔ اور اُن سے نسل بڑھے گی۔ چنانچہ اس واقعہ کے کچھ ہی عرصہ کے بعد یہ وطن واپس آئے۔ اور اعزہ کے اصرار سے مجبور ہو کر عقد کیا جس سے دو اولادین ہوئین شیخ رضا علی۔ شیخ مظہر علی۔

قوت کا انکے یہ عالم تھا کہ ایک مرتبہ راجہ کی سواری کا گھوڑا چھوٹ گیا۔ اور کسی طرح پکڑے نہین ملتا تھا ان کو جب اسکا علم ہوا سر راہ آکر بیٹھ گئے۔ جب وہ گھوڑا بھاگتا ہوا اس طرف سے گذرا۔ اُنھون نے اُسکی ٹانگ پکڑ لی۔ جسے وہ انتہائی کوشش کے باوجود چھڑانے مین کامیاب نہ ہو سکا۔ تیر اندازی مین کمال کا یہ حال تھا کہ کبھی کو نشانہ بنا کر تیر سے چھید دیا کرتے تھے۔

انکے انتقال کا عجیب وغریب قصہ ہوا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ جمعہ کا دن تھا۔ انکے بھانجے مولوی نہال الدین ومولوی عزیز الدین معہ دیگر اعزا کے بسلسلۂ عیادت انکے پاس بیٹھے ہوئے باتین کر رہے تھے کہ انکو پاخانہ کی حاجت ہوئی۔ چنانچہ رفع حاجت کے لئے پاخانہ گئے۔ جہان سے واپسی مین خلاف معمول بہت زیادہ دیر ہوئی۔ واپسی پر لوگون نے دیر کی وجہ پوچھی۔ کہنے لگے کہ فرشتے میری روح قبض کرنا چاہتے تھے۔ مین نے اُن سے کہا کہ اس نجس مقام پر میری روح قبض نہ کرو۔ نماز جمعہ ہولینے دو پھر تمھین اختیار ہے۔ اسلئے مجھ کو کسی قدر دیر ہوئی۔ اب یہ بتاؤ کہ جمعہ کی اذان ہوگئی ہے یا نہین۔ لوگون نے جواب دیا کہ ہوگئی ہے۔ کہا تم لوگ جاکر نماز سے فراغت کر آؤ پھر آنا۔ خود کپڑے بدلکر اور ایک سفید چادر اوڑھکر لیٹ رہے۔ جب وہ لوگ نماز سے فارغ ہوکر واپس آگئے۔ تو انھون نے دریافت کیا کہ نماز ہوگئی یا نہین۔ جواب ملا کہ ہوگئی ہے۔ کہنے لگے کہ اچھا تم لوگ گواہ رہنا مین کلمہ پڑھتا ہون۔ چنانچہ یہ کہکر کلمۂ شہادت پڑھا۔ اور چادر سے مُنھ اوڑھ لیا۔ اُسی وقت روح جسم عنصری سے پرواز کر گئی۔ ۵۰ سال کی عمر مین وفات پائی۔ قبرستان واقع محلہ قاضی گڈھی کاکوری مشہور بہ سالار مسعود مین دفن ہوئے۔

(س)

سجاد حسین

منشی سجاد حسین۔ ابن شیخ منصور علی ابن شیخ محب اللہ۔ ابن شیخ حبیب اللہ۔ ابن شیخ عبد القیوم ابن شیخ عبد الحی۔ ابن شیخ غلام محمد ابن محمد غوث حجاجی دیوی الاصل نزمل کاکوری۔

انکے جد شیخ محب اللہ کا یہان ناںھیال تھا۔ جنکے بیٹے منشی منصور علیصاحب عہدۂ ڈپٹی کلکٹری پر مامور تھے۔ اور بعد پنشن ایک عرصہ تک حیدرآباد مین سول جج رہے۔

منشی سجاد حسین مرحوم کاکوری مین ۱۸۵۶ء مین پیدا ہوے۔ اوایل عمر مین زیر نگرانی اپنے ماموں نواب فدا حسن خانصاحب لکھنؤ مین تعلیم پاتے رہے ۱۸۷۳ء مین انٹرنس پاس کیا۔ اور کچھ دنون لکھنؤ کیننگ کالج مین ایف اے کی تعلیم بھی پائی۔ لیکن طبیعت انگریزی سے اُچاٹ ہوگئی امتحان مین شریک نہوئے۔ کالج چھوڑکر تلاش معاش مین فیض آباد گئے اور وہان فوج مین اُردو پڑھانے کے لئے مقرر ہوئے۔ طبیعت کو اس شغل سے مناسبت نہوئی۔ سال بھر کے اندر ہی اندر اسکو خیرباد کہہ کر اخبار اودھ پنچ کے شایع کرنے کا ارادہ کیا۔ منشی محفوظ علی کاکوروی اس کام مین شریک ہوئے۔ اُنکے مشورہ و شرکت سے ۱۸۷۷ء مین اودھ پنچ کی بنا پڑی۔

انھون نے اخبار اودھ پنچ کے لئے پہلے ہی سال مین ایسے سحر بیان و جادو قلم نامہ نگار ڈھونڈھ کر نکالے کہ جو اُردو علم ادب کے آسمان پر چاند و سورج ہوکر چمکے۔ جن مین سے پنڈت تربھون ناتھ ہجر۔ مرزا مچھو بیگ ستم ظریف۔ نواب سید محمد خان آزاد۔ سید اکبر حسین اکبر منشی احمد علی شوق۔ منشی جوالا پرشاد برق۔ منشی احمد علی کسمندوی کے نام خاص طور سے قابل ذکر ہین۔ پنڈت رتن ناتھ سرشار بھی ابتدا مین دوچار سال تک نامہ نگار رہے۔

یہ علیگڈھ کی تحریک اور سر سید احمد خان کی پالیسی کے شروع ہی سے مخالف تھے۔

نظام معاشرت مین قدامت پرستی کے قایل اور مغربی تہذیب کے دشمن تھے ۱۸۸۵ء مین نیشنل کانگریس مین شریک ہوئے ۔ اور مرتے دم تک اُسکے حامی رہے ۔

یہ اُردو اخبار نویسی مین طرز مذاق وظرافت کے موجد ۔ لکھنؤ کی زبان اور اپنے رنگ کے اُستاد تھے اودھ پنچ کے ذریعہ سے جو خدمات اُردو زبان کی انھون نے کین ۔ اور جو قابل قدر اضافہ اس زبان مین انکی کوششون کی بدولت ہوا ۔ وہ اس قابل نہین کہ آسانی سے بھلا دیا جائے ۔

تصانیف مین انکے ناول ۔ احمق الذین ۔ و کایا پلٹ ۔ و حاجی بغلول ۔ و پیاری دُنیا ۔ و میٹھی چھری وغیرہ عمدہ یادگار رہین ۔

ان مین سب سے بڑی خوبی یہ تھی کہ انھون نے اپنا دامن شہرت مذہبی تعصب سے خواہ پالٹکس ہو یا لٹریچر ہمیشہ پاک وصاف رکھا ۔ اور آزادی وایمانداری کو کبھی بھولے سے بھی ہاتھ سے نہ جانے دیا ۔ جو وضع اختیار کی اُسکو آخری دم تک نباہا ۔ کسی حالت مین اُصول سے مُنھ نہ موڑا ۔ بلا کی شوخ طبیعت تھی ۔ بذلہ سنجی وظرافت تو گویا مزاج کا خمیر تھی ۔ نہایت پریشانی وعسرت کی حالت مین بھی حتے المقدور خندہ پیشانی ومذاق سے باز نہ آتے تھے ۔

اپریل ۱۹۰۱ء مین پہلی مرتبہ فالج گرا ۔ لیکن چند ماہ بیمار رہ کر اچھے ہو گئے ۔ پھر ۱۹۰۴ء مین فالج کا دوسرا دورہ ہوا کہ جسنے تندرستی خراب کر دی ۔ متواتر علالت ضعف و دیگر کاوہاے زندگی کی وجہ سے آخر زمانہ نہایت مصیبت و پریشانی مین گذرا ۔ بالآخر ۱۹۱۲ء مین اودھ پنچ بند کرنا پڑا ۔ اسکے بعد حالت روز بروز ابتر ہوتی گئی ۔ یہان تک کہ بتاریخ ۶ ماہ ربیع الاول روز شنبہ ۱۳۳۳ھ مطابق ۲۲ جنوری ۱۹۱۵ء بے نام ونشان انتقال کر گئے ۔ نعش لکھنؤ سے لاکر کاکوری مین تکیہ بنواشاہ مین دفن کیگئی ۔

سراج الدین

منشی حافظ سراج الدین - ابن شیخ وحید الدین - ابن شیخ غلام نجف ابن شیخ احسان اللہ عثمانی بلگرامی الاصل نزیل کاکوری۔

انکی ولادت ۱۲۶۹ھ مین ہوئی - کلام مجید حافظ محمد علی نابینا سے یاد کیا تھا - بہت اچھے حافظ تھے - کلام مجید خوب یاد تھا - عربی وفارسی کی تعلیم حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر اور حضرت مولانا شاہ علی اکبر قلندر سے پائی - انگریزی مین انٹرنس تک پڑھا تھا - اور امتحان وکالت پاس کرکے ابتدائً فرخ آباد و قنوج مین وکالت کرتے رہے - پھر اپنے ماموں اکرام اللہ خان المخاطب بہ نواب یار جنگ بہادر مغفور کے توسل سے ریاست حیدرآباد دکن مین سند وکالت درجہ اعلیٰ حاصل کی اور وکالت مین ایسی ترقی کی کہ اعلیٰ ترین وکلاء کے طبقہ مین شمار کئے جاتے تھے - دقیقہ رسی و خوش تقریری جو فن وکالت کے لئے بہت بڑے جوہر ہین - یہ دونون باتین بروجہ کمال حاصل تھین - جسدن کسی مقدمہ مین بحث کرتے - لوگ کچہری مین انکے لطف بیان سے حظ اٹھانے جمع ہو جاتے - حکام بھی بہت وقعت وقدر کرتے تھے - تحریر نہایت بے تکلف وسادہ عبارت مین مختصر و جامع ہوتی تھی - خط پختہ و بارونق تھا -

انکو حضرت مولانا شاہ حیدر علی قلندر قدس سرہٗ سے سلسلہ قادریہ مین بیعت تھی حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر قدس سرہ کے اخص مسترشدین اور احباب سے تھے - خوش خلق - مہمان نواز - ذہین صائب الرائے - پاکباز وغیور - خدا ترس - رقیق القلب صادق الحب باخلاص - خوش عقیدہ - اور صاحب دل تھے طبیعت مین سوز وگداز اور دل مین درد رکھتے تھے کبھی شعر بھی کہتے تھے - چنانچہ ایک قصیدہ فارسی اور دو تین غزلین اردو دیکھنے مین آئین - جن مین سے چند اشعار یہ ہین ؎

زمانہ سے ہین رند مشرب نرالے	دل و دین و ایمان کسی کے حوالے
چلے آ رہے ساقی ترا نام سنکر	پلا جام مے میکشون کی دعا لے
عجب کیا اگر دست رحمت کسی کا	فلک سے گرے ہوؤن کو اٹھا لے
ابھی ذرے ہو جائین مہر درخشان	وہ رخ سے جو زلف پریشان ہٹا لے

کوئی آخر مورد بیداد ہونا چاہیئے | ایک مجھ سا خانمان برباد ہونا چاہیئے
ذ نیازی کی طبیعت اپنی خوگر ہو چکی | اور اب کوئی ستم ایجاد ہونا چاہیئے
پھول کچھ گلزار سے رکھدے قفس مین توڑکر | بہر تسکین کچھ تو اے صیاد ہونا چاہیئے
کہہ رہی ہی چشم مست ساقی پیمانہ نوش | اس خودی کی قید سے آزاد ہونا چاہیئے

انھون نے بلدۂ حیدر آباد دکن مین بعارضۂ ہیضہ دو روز بیمار رہ کر بتاریخ ۱۲ ماہ صفر سنہ ۱۳۱۱ھ انتقال کیا اور وہین دفن ہوئے۔ غفر لہ تاریخ وفات ہے۔

سرفراز علی

حافظ سرفراز علی شہید۔ ابن شیخ غلام شاہ۔ ابن شیخ محمد غلام۔ ابن ملا محمد زمان۔ ابن ملا محمد رضا ابن ملا محمد اشرف۔ ابن ملا عبد القادر۔ ابن حافظ شہاب الدین۔ ابن مخدوم نظام الدین۔

یہ بھلئی شہید کے نام سے مشہور تھے۔ تعلیم و تربیت انھون نے اپنے والد سے پائی۔ حافظ کلام اللہ بھی تھے۔ ۳۵ یا ۳۶ سال کی عمر مین چورون نے شہید کر ڈالا۔ انکی ایک کرامت اب تک زبان زد خاص و عام ہے۔ کہ جب عورت حاملہ کے وضع حمل نہوتا ہو تو انکے مزار کو پانی سے دھوکر وہ پانی حاملہ کو پلا دے۔ وضع حمل بسہولت و جلد ہو جاتا ہے۔ چنانچہ اکثر لوگ یہ کرتے ہین۔

انکی قبر حظیرہ واقع محلہ تار تلہ مین ہے۔ یہ حظیرہ منشی امتیاز علی صاحب وزیر بھوپال نے بنوایا تھا جس سے یہ قبر اور اسکے پاس کی قبرین محفوظ ہوگئین ہین۔ زائد حال نہ دریافت ہوسکا

سعدی۔ کاکوری

حضرت مخدوم شیخ کمال الدین محمد سعدی۔ ابن حضرت مخدوم بندگی مَنُّ اللہ صدیقی چشتی کاکوروی اسم گرامی مصنفات مین محمد اور فرامین شاہی مین کمال الدین اور تقسیم نامہ جائداد مین جو اپنی اولاد کے لئے لکھا تھا سعدی محمد مرقوم ہے۔ اور مخدوم شیخ سعدی کے نام سے مشہور ہین۔ اور یہی کتب تواریخ مین بھی مندرج ہے۔ انکے والد حضرت مخدوم شیخ سعد خیرآبادی کے اجلّہ خلفا مین تھے۔ انھون نے اپنے پیر کے نام پر انکا نام رکھا۔ تلمذ انکو قاضی جمال خضر سے تھا۔ تعلیم و تربیت و اجازت و خلافت اپنے والد حضرت بندگی مَنُّ اللہ سے تھی۔

آپ عالم جیّد صوفی بے بدل۔ قاری بے مثل تھے۔ فن قرأت مین بہت اچھا ملکہ تھا۔ متن شاطبی کی شرح بہت نفیس قریب تر خرو کے لکھی۔ جسکا نام نافع سکندر شاہی رکھا۔ یہ نادر الوجود شرح کتب خانہ اوزیہ مین موجود ہے۔ غالبًا یہ کتاب سلطان سکندر لودی کے زمانہ مین لکھی گئی۔ چنانچہ خود دیباچہ مین تحریر فرماتے ہین۔

"این فقیر چون قرأت را پیش اُستاد علم تجوید و قرارت قاضی جمال خضر نور اللہ مرقدہ من اولہ الی آخرہ خواند و سند کرد۔ از دو فور کرم خود نسخۂ شاطبی شروع کنانیدند و انچہ مشکلات علم تجوید و قرارت در او بودہ است مانند تسہیل و امالہ وغیرہ یک یک او اکنانیدند۔ از انکہ نسخۂ شاطبی را دانشمندان بقوۂ علم خود بیان کردن توانند۔ اما او اکردن نمیدانند کہ تعلق بسماع دارد۔ بعد گذشتن مدتے مرید در خاطر این فقیر گذشت کہ انچہ از خدمت شنیدہ شدہ و در نسخۂ شاطبی دیدہ شد اگر در کتابت آوردہ شود یاد بماند و دیگرے از و نفع گرفتن تواند شرح شاطبی بعبارت فارسی شروع کردم و وجہ اعراب لازم گرفتم از انکہ اکثر حافظان قرآن یاد میکنند لیکن علوم عربیہ نمی دانند۔ پس ایشان را از شرح عربی بہرہ نباشد۔ بعنایت ملک الجبار این شرح را تمام کردم و نام این **نافع سکندر شاہی** نہادم۔ اللہ تعالے از کرم خود قبول کند و عامۂ خلق را از این شرح بہرہ مند گرداند و نصیبے تمام برساند و

ثواب آن در نامۂ اعمال حضرت سلیمانی خلد اللہ ملکہ ثبت گرداند"

کتاب اُردوئے قدیم مطبوعۂ مطبع تاج حیدر آباد (دکن) صـ۱۰۲ سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ یہ اُردو کے شعرائے قدیم مین ہین۔ چنانچہ اُس مین چند اشعار بھی ان سے منسوب کرکے نقل کئے ہین۔ اور اُن اشعار کے بارے مین دیگر تذکرہ نویسون کا اختلاف بھی نقل کیا ہے۔ کہ بعض شیخ سعدی شیرازی کی طرف منسوب کرتے ہین۔ اور بعض شیخ سعدی دکھنی کی طرف اور بعض انکی طرف واللہ علم بحقیقۃ الحال۔

منشی فیض بخش صاحب اپنے نسب نامہ موسومہ بہ چشمۂ فیض مین لکھتے ہین۔

"شیخ سعدی قدس سرہ درویش صاحب نسبت بود بعلوم ظاہر و کمالات باطن موصوف۔ عرفائے کامل آن وقت بہ تعظیم پیش می آمدند۔ در زمان خود اشتہار داشت۔ میگویند کہ محمد اکبر بن ہمایون بادشاہ وقتیکہ از گجرات عازم گورکھپور بود با جناب شان ملاقات کرد و استمداد ہمت خواست دیہات مدد معاش و اراضی بسیار در سواد قصبہ برائے صرف طلبہ و فقرا و خرچ خانقاہ۔ گذرانید و فرامین نویسانیدہ حوالہ خادمان فرمود۔ فی الحقیقت آن قدر مدد معاش کہ مخدوم داشت۔ دیگرے درین قصبہ نداشت"

ملا وجیہ الدین اشرف کتاب بحر زخار مین لکھتے ہین۔

"آن مشائخ کبیر آن شاہ باسریر آن معدن افادۂ نوادی شیخ وقت شیخ سعدی مرید پدر خود شیخ محمد من اللہ کاکوروی است کہ خلیفۂ شیخ سعد خیر آبادی بود شرح بر شاطبی فارسی نوشتہ قریب ہفتاد جزو"

شیخ رحمت اللہ بجنوری کتاب تذکرۃ الاصفیا مین لکھتے ہین۔

سعدی۔ صاحب جد و حالت قوی۔ ظاہر و باطن متصف داشت دوایم مسرور و منبسط بودے خوش وقت و آزاد زیستے۔ چون یکے از دوستانش ازین عالم نقل کرد این شعر نوشتہ فرستادے

دیدۂ سعدی و دل ہمراہ تست — تا نہ پنداری کہ تنہا میروی

انکی یہ ایک کرامت بہت مشہور ہے۔ کہ ایک مرتبہ سات روز کے فاقہ سے بیٹھے تھے۔ بنجارہ اُدھر سے خچرون پر شکر لادے ہوے نکلے۔ اِنھون نے پوچھا کہ بھائی اس مین کیا ہے۔ اگر شکر ہو تو تھوڑی سی دیتے جاؤ۔ تاکہ ہم افطار کرلین اُن لوگون نے کہا کہ شکر نہین ہے نمک ہے۔ فرمایا اچھا نمک ہی ہوگا۔ وہ لوگ چلے گئے۔ تخمیناً پانچ چھ کوس کے فاصلہ پر پہونچکر۔ اُن لوگون نے بورے کھولے۔ تو اُن مین بجائے شکر کے نمک معلوم ہوا۔ وہ لوگ اس واقعہ سے بہت گھبرائے۔ دوڑتے ہوے آکر قدمون پر گر پڑے۔ اور اپنے قصور کی معافی چاہی۔ چنانچہ خطا معاف ہوئی۔ اور ارشاد فرمایا کہ اچھا جاؤ شکر ہو جائیگی اُن لوگون نے پھر جو دیکھا۔ تو واقعی سب شکر تھی۔ وہ سب مُرید ہوے۔ اور حضرت بندگی مَنُّ اللہ صاحب کا روضہ بنوایا۔ اور اُسی کے قریب ایک بہت بڑا کنوان بھی بنوایا۔ اُسی روضہ مین جو شیخ سعدی محلہ مین ہے۔ اپنے والد کے برابر انکا بھی مزار ہے۔

وفات بتاریخ ۳ ماہ ذی الحجہ ۱۰۰۲ھ ہوئی۔ مادۂ تاریخ وفات عدد حروف سورۂ اخلاص مین ہے۔ قطعۂ تاریخ وفات از مولوی محمد عالم قیصری کاکوروی ؎

کمال الدین محمد شیخ سعدی — کہ بود عارف بسرِّ علم و معلوم
بماہ آخرین در روز سوئم — ز فانی رفت سوے حیِّ و قیوم
بفکر حال و سالش قیصری بود — ندا ے آمدش از سرِّ مکتوم
فنا در خدمت و در بندگی شد — نہ چون خوانند او را شاہ مخدوم

سنہ ۱۰۰۲ھ

سعید الدین خان

ممتاز العلما قاضی محمد سعید الدین خان بہادر ابن قاضی القضاۃ مولوی نجم الدین علیخان بہادر ابن مُلا حمید الدین محدث رحمۃ اللہ علیہ۔ وِلادت انکی ۱۱۸۰ھ مین ہوئی۔ مادۂ تاریخ

ولادت مشخرجہ منشی فیض بخش مغفور یہ ہے ع روز نیکو سعید پیدا گشت۔

یہ نہایت وجیہہ الصورت سنجیدہ مزاج معانی فہم ذکی الطبع صاحب جود وسخا عالم جید وفاضل مستند تھے تعلیم و تربیت اپنے والد ماجد و ملا عماد الدین لبکنی و مولوی فضل اللہ نیوتنوی سے پائی۔ شاہ بدر علی خلیفۂ شاہ محمد عاقل سبز پوش کے مُرید ہوئے۔

منشی فیض بخش صاحب اپنے نسب نامہ موسومہ بہ خشمیہ فیض مین لکھتے ہین:-

"مولوی سید الدین جوان خوش ظاہر بہ جود وسخاوت موصوف است بسعی والد ماجد خود بخدمت قضا و افتا سرکار بریلی وغیرہ ممتاز۔ بہ اخلاق حسن وصفائی تقریر و جودت طبع معروف و مشہور است۔ دیگر خوبیہائے وافر میدارد۔ گاہ گاہے سخن ولطیفہ نیکو میگوید۔"

یہ ابتداءً قاضی دایر سایر ہو گئے تھے۔ مختلف اضلاع کا دورہ کرتے رہتے تھے مقدمات فوجداری کے حکم کا نفاذ بغیر انکے فتوے کے نہین ہوتا تھا۔ حکام کے یہان بہت قدر و منزلت تھی۔

نواب سعادت علیخان شاہ اودھ۔ اور بادشاہ دہلی کے دربارون مین علماً و عملاً بہت مقرب و معتمد مانے جاتے تھے۔

ممتاز العلما و خان بہادر کا خطاب انکو ابو النصر معین الدین اکبر شاہ ثانی نے بتاریخ ۱۵ شعبان المعظم ۱۲ سال یکم جلوس عطا فرمایا۔

نقل فرمان شہنشاہ دہلی درج ذیل ہے۔

"درین زمان میمنت اقتران فرمان والا شان واجب الاطاعت والاذعان صادر شد کہ بمقتضائے وفور مراحم خاقانی و فرط تفضلات خسروانی کہ نمونۂ افضال یزدانی است۔ فدوی خاص لایق العنایت قاضی محمد سعید الدین را بخطاب ممتاز العلما قاضی محمد سعید الدین خان بہادر زین الاعیان والارکان ونی الامثال والاقران سرفراز و ممتاز فرمودیم۔ باید کہ فرزندان نامدار کامگار والاتبار و وزرائے ذوی الاقتدار وامرائے عالی مقدار و جمیع ارکان دربار جہان مدار

وحکام ممالک فدوی خاص معزالیہ را از جناب فیض مآب بادشاہی معزز ومباہی دانستہ انتظار عنایت ابد دولت را با حوال فرخندہ مآل خان معزالیہ یوماً فیوماً درتزاید وبے نہایت دانند۔ بتاریخ پانزدہم شہر شعبان المعظم سال یکم جلوس ابد مانوس مقدس معلی زیب تحریر وزینت تسطیر پذیرفت۔"

یہ بہت متورع و متقی و متدین تھے۔ اپنے کمال تقوے اور دیانت کی وجہ سے نواب فرخ آباد کے کہ جو خورد سال تھے نائب بمشاہرہ چھ سو روپیہ ماہوار منجانب سرکار انگریزی مقرر ہوئے۔ اور وہاں بہت نیک نام رہے۔ ایجنٹ گورنر جنرل بہادر کا مہری حکم جو انکی تقرری کا ہے۔ اسکی نقل درج ذیل ہے۔

"فضیلت وکمالات مرتبت شرافت ونجابت منزلت۔ ممتاز العلماء قاضی محمد سعید الدین خان بہادر بعافیت باشند واضح باد کہ در شہر شوال ۱۲۳۸ھ نواب خادم حسین خان شوکت جنگ فرخ آبادی بتقریب وادید راقم دریں شہر وارد شدند و صد حیف کہ چندروز بعد لبیک بداعی اجل زدند۔ چون خلف اوشان از بس صغیر است یعنی یک سالہ وچند ماہہ عمر دارد وانتظام وارتباط امور صاحبزادہ ممدوح صغیر السن منظور خواطر اہالیان عالیشان صدر است۔ لہٰذا استقرار مختار برائے ربط وضبط امور اوشان ضرور افتاد۔ ازانجا کہ دانائی ولیاقت وامانت ودیانت ایشان بر صفحۂ خاطر راقم مرتسم است۔ لہٰذا حقیقتاً برائے انتظام امور صاحبزادہ ممدوح وضمناً بتقاضائے خوبی وخیر خواہی آن فضیلت مرتبت چندروز است کہ برائے تقرر ایشان بر عہدۂ مختاری صاحبزادۂ ممدوح بخدمت صاحبان عالیشان صدر نوشتہ بودم۔ امروز نوشتۂ صاحبان محتشم الیہم دربارۂ منظوری تحریرات راقم بتعین ششصد روپیہ مشاہرہ برائے آن نجابت منزلت شرف ورود ارزانی داشت بنا بران بہ آن فضیلت مرتبت نوشتہ می شود۔ باید کہ ایشان بمجرد ورود نہ الرقیمہ بعجلت تمام تر خود را در فرخ آباد بخدمت ولیم ریٹ صاحب بہادر صاحب جج ضلع فرخ آباد رسانند۔ بعد رسیدن ایشان در انجا در باب انتظام امور خانہ صاحبزادۂ ممدوح بر وفق افہام اینجا العمل آوردن خواہد افتاد۔ بالفعل بنظر تاکید رسیدن بعجلت ہیچ بقلم نمی آید۔ زیادہ چہ مرقوم شود۔ ماہ ستمبر ۱۸۲۳ء عیسوی۔"

اشعار اُردو و فارسی مین یہ خوب کہتے تھے۔ اور زمرہ شعرا مین نامی گرامی اور اُستاد مانے جاتے تھے۔ سعید تخلص کرتے تھے۔ نواب مصطفٰے خان نے تذکرہ گلشن بیخار اور صاحب طور معنے نے اپنی کتاب مین انکا تذکرہ لکھا ہے۔

نواب علی حسن خان سلیم تذکرہ صبح گلشن مین لکھتے ہین۔

"سعید۔ ممتاز العلما قاضی محمد سعید الدین خان بہادر خلف ارشد و اکبر۔ اقضی القضاۃ محمد نجم الدین علی خان بہادر ثاقب کاکوروی موطن بود۔ در جمیع محامد و اوصاف بشری۔ و صفات دہبی و کسبی از امثال و اقران گوے سبقت می ربود۔ از علمائے لطیف الطبع قایل بہ نظم و نثر فارسی وارد واست۔ اُستاد تنقیش در ہر فن والد ماجد اوست۔ اوّلا در سرکار انگریزی بعہدہ جلیلہ قضا و دیر سایر مامور بود۔ بعد ازان بحکم ارباب حل وعقد انگلش مدتے نظم و نسق ریاست فرخ آباد و اتالیقی رئیس صغیر السن آنجا نمود۔ آخر کار بہ نیت کسب سعادت جاودانی زاویہ خانہ خود بطاعت و عبادت گزیدہ دل ازاین وآن برداشت۔ در ۱۲۶۲ھ جہان گذران را گذاشت"۔

صاحب طور معنی منشی احمد حسین سحر تذکرہ بہار بیخزان مین لکھتے ہین۔

"سعید تخلص قاضی سعید الدین خان خلف قاضی نجم الدین علی خان۔ بجمیع اوصاف صوری و معنوی آراستہ و پیراستہ شہرت و ہمت وجود فضائلش ہمچو آفتاب عالمتاب از فرم انتخاب عالم است پیوستہ بعمدہ روزگارے بسر کردہ در فن شعر رتبہ عالی دارد"۔

انکے بہت سے اشعار و قصائد وغیرہ تھے۔ جو دستبرد زمانہ سے معدوم ہو گئے۔ چند اشعار اُردو و فارسی جو مجھکو بہت تلاش سے ملے درج ذیل ہین۔ اشعار فارسی ؎

یار مارا چو بہ اغیار سرے پیدا شد	درد دل داشتم و درد سرے پیدا شد
بنام آنکہ عاشق کام از ویافت	تشنغل عشق جان الہام از ویافت
چراغ افروز باغ از آتش گل	چمن آواز د آب چشم بلبل
دلا چو خامہ از سر راہ سرگن	لب از آب حیات نعت ترکن

کمالش را بجز واجب کہ داند | کہ ممکن در وتحل چون خرد ماند
حدیثش ور زبان مانگنجد | بجوے اصفہان دریا نگنجد
خدایا این پریزاد سخن را | کہ رشک خلد سازد انجمن را
چو ماہ نو بہ گیتی طاق گردان | دل مردم بوسے مشتاق گردان

اشعار اُردو

قفس سے اُڑکے یہان تک تو ننگ و عار رہا | کہ رنگ کے بھی مین اُڑنے سے شرمسار رہا
ہمارے ہاتھ نہ آیا کبھی ہزار افسوس | ہمیشہ و قف حنا پنجۂ نگار رہا
نہ ہو مین بھی یان تلک رغبت مجھے صہبا سے ہے | رشتۂ تسبیح میرا ینبۂ مینا سے ہے
جلوت مین تجھے ہی عار کیونکر ملئے | خلوت مین کسے ہے بار کیونکر ملئے
کھویا رونے نے خواب کا بھی ملنا | دریا حایل ہے یار کیونکر ملئے

وفات انکی بتاریخ ۱۲ ماہ ذی الحجۃ ۱۲۶۲ھ بعمر ۸۲ سال ہوئی ۔ اور اپنے مکان واقعہ محلہ قاضی گڈھی کے پشت پر دفن ہوے ۔ قطعہ تاریخ وفات از مولوی محی الدین خان ذوق کاکوروی ہے

افسوس صد افسوس کہ از باد حوادث | شد آتش گل سرد و بہار چمن افسرد
یعنی ز غم نور شبستان کمالات | چون شمع سحر گاہ دل انجمن افسرد
زین واقعہ در سے کہ کشیدم نتوان گفت | کاہید ز غم جان و دل پرمحن افسرد
ہر قطرۂ مژگان ترم آب گہر ریخت | چون گرمی اشک آتش لعل یمن افسرد
از فرط غم و درد رقم سال وفاتش | شد و لے کہ ہنگامۂ بزم سخن افسرد

۱۲۶۲ھ

سلطان احمد

منشی حافظ سلطان احمد متخلص بہ سلطان۔ ابن منشی ولایت احمد تحصیلدار۔ ابن منشی محمد بخش حجاجی ویوی الاصل نزیل کاکوروی۔ یہ ماہ صفر ۱۲۶۸ھ مین پیدا ہوئے تعلیم و تربیت سب اپنے برادر معظم منشی مقصود احمد متخلص بہ نطق سے پائی۔ حافظ قرآن تھے۔ کلام اللہ بہت اچھا یاد تھا۔ حافظ محمد علی نابینا کاکوروی سے یاد کیا تھا۔ حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر کے خواجہ تاش اور بے تکلف دوستون مین تھے۔

یہ نہایت سخی مہمان نواز عفیف۔ شوقین مزاج شخص تھے امیرانہ طبیعت رکھتے نہایت شان و شوکت کیساتھ عمر بسر کی انکے مثل طرز و روش مین انکے زمانہ مین کمتر لوگ تھے۔ سب لوگ انکے اوصاف کے معترف تھے۔ حضرت شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ کے مُرید تھے۔ شعر و شاعری سے فطری ذوق تھا۔ کلام عمدہ اور پُر مغز ہوتا۔ فن شاعری مین بھی نطق کاکوروی سے تلمذ تھا۔ دو دیوان یادگار چھوڑے۔ جو بوجہ دفعتًا انتقال کر جانیکے طبع نہو سکے۔ ان دونون دیوانون کی ترتیب اور اصلاح نطق کاکوروی نے کی۔ تھوڑا سا کلام دیوان اوّل سے منتخب کر کے درج ذیل ہے ؎

جانتے تھے اُسکو سمجھا کر یہان لے آئیگا ۔۔۔ یہ نہ سمجھے تھے کہ ناصح تو ہمین سمجھائیگا

اب تو ہو آئے ہین اُس کوچہ مین لیکن بعد مرگ ۔۔۔ ہم کہان جائینگے جنت سے جو جی گھبرائیگا

ہو چکا اچھا یونہین تڑپے گا رہ رہکر جو دل ۔۔۔ زخم پھٹتا جائیگا جتنا کہ بھرتا جائیگا

چُپ نہ رہنا چاہیئے نالہ ہی کرنا چاہیئے ۔۔۔ کچھ نہوگا منع تو کرنے وہ در تک آئیگا

آپ جاتے ہین تو اپنے غم کو چھوڑے جائیے ۔۔۔ غم غلط اس سے کرونگا دل اگر گھبرائیگا

داغ و غم سے بس کلیجا اب سلامت رہ چکا ۔۔۔ ایک سے بچ جائیگا تو دوسرا کھا جائیگا

چھوڑ دینے کو اُسے تو نے کہا ہم نے سُنا ۔۔۔ کیا یہ سچ ہے تجھ سے اے سلطان چھوڑا جائیگا

اُن کی نگاہِ مست تو کرنے لگی ہلاک | دارو دے بے ہُشی مین مگر زہر مل گیا
اُسکے رُخِ شگفتہ کا جب آگیا خیال | شاخِ نگاہ مین مری اک پھول کھل گیا
وہ نوبہارِ ناز گلستان سے جب پھرا | ہر پھول غم سے سوکھ کے کانٹو مین ڈھل گیا
خوش ہون پھر اُسکے ہاتھ مین تلوار دیکھکر | جو زخم کہنہ تھا وہ نئے سر سے کھل گیا

کسی کے حُسن وملاحت نے مار ہی رکھا | چھڑک چھڑک کے نمک دل فگار ہی رکھا
دیا نہ عمر بھر آرام تیری شوخی نے | برنگ برق سدا مجھے بیقرار ہی رکھا
کسی کے جلوۂ رنگین نے وہ ہوا باندھی | کہ باغ وزم مین پھولون کو خوار ہی رکھا
ترا بُرا ہو نزاکت کہ اُسکی گردن مین | نہ میرا ہاتھ ہی رکھا نہ ہار ہی رکھا
کہان کا فاتحہ سلطان نہ اُس ستمگر نے | خرام ناز سے میرا مزار ہی رکھا

دلفریبی کی نگہہ دیدۂ آہو مین کہان | تیری آنکھو نے سکھایا نہین جادو لینا

صورت ایسی ہے نچا ہین تو نچا ہین کیونکر | ستم ایسے ہین نباہین تو نباہین کیونکر

اس مطلع کو انھون نے داغ کی مشہور غزل کے جواب مین لکھا تھا - جسکو سنکے وہ بہت خوش ہوئے تھے - اور اس مطلع کی بہت تعریف کی تھی -

یہ بعہدۂ تحصیلداری مامور تھے - جہان رہے بہت باثر و نیکنام رہے - پنشن کی نوبت نہین آئی تھی کہ بتاریخ ۹ ماہ رجب ۱۳۱۹ھ بعارضۂ یرقان قبل السابع انتقال کر گئے - اور یہین کاکوری مین اپنے باغ مین دفن ہوے -

سلیم الدین

مولوی شاہ سلیم الدین - ابن مولوی تقی الدین - ابن حاجی امین الدین محدث - بدو شعور سے انکی طبیعت فقر کی طرف مائل تھی - تعلیم و تربیت اپنے خاندانی علما سے پائی - حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر کے مرید تھے - آغاز سن شعور سے اپنے والد کے پاس فتحپور سیکری چلے گئے

اور وہین اُنکے ساتھ رہے۔ ملازمت کی طرف بالکل توجہ نہ تھی۔ اُسی زمانہ سے بوجہ غلبۂ ذوق وشوق فقراے زائد ملتے۔ ایک بار ایک نقشبندی بزرگ کے حلقہ مین حاضر ہوے۔ چند روز تک انکی خدمت مین قیام کیا۔ جب کچھ فائدہ نہوا تو اُن بزرگ نے انکے حضرت پیر و مرشد کو خواب مین دیکھا کہ بہت برہم ہین۔ اور یہ فرماتے ہین کہ تمھارا معاملہ تمھارے ساتھ ہے اور ہمارا معاملہ ہمارے ساتھ۔ اُس روز سے اُن بزرگ نے ان کو اپنے حلقہ مین بیٹھنے کی ممانعت کردی۔ یہ وہان سے منقبض ہوکر چلے آئے۔ یہان پیر و مرشد کی عنایت یون ظہور پذیر ہوئی۔ کہ ہر در و دیوار شجر و حجر زمین و آسمان مین لفظ اللہ منقش معلوم ہوتا تھا۔ جس سے چند روز تک انھون نے جوتہ پہننا چھوڑ دیا۔ اور کیفیت دیوانگی غالب ہوگئی۔ جس نے کثرت درود خوانی کی طرف متوجہ کردیا۔ پھر اس کیفیت سے افاقہ ہوگیا۔ اور عشق و محبت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا غلبہ ہوگیا۔

مزاج مین صفائی اور آزادی بہت تھی۔ سپاہیانہ وضع رکھتے تھے آخر عمر مین لباس فقر انکو حضرت مولانا شاہ علی اکبر قلندر نے عطا فرمایا۔ خرقہ پوشی کے بعد سے بعد نماز فجر ذکر نفی و اثبات کے بالالتزام پابند رہے۔ اور بعد ذکر اکثر یہ شعر پڑھا کرتے تھے ؎

آنجا نپذیرند نماز و ورع و زھد ۔۔۔ آن چیز کہ آنجا بہ پذیرند نیاز است

وفات انکی بتاریخ ۱۰ ماہ جمادی الآخر ۱۳۱۳ھ ہوئی۔ مرض الوفات یہ ہوا کہ پیر پک گیا تھا۔ جتنا علاج کیا جاتا وہ بے سود ثابت ہوتا۔ شب انتقال بار بار یہ کہتے۔ کہ جن جن بزرگان دین کی ارواح طیبہ پر مین درود شریف بخشتا ہون۔ وہ سب حضرات تشریف فرما ہین بعد انتقال جب غسل دینے لگے تو چاہا کہ کرتہ کا گریبان پھاڑ کر اُتارین۔ حضرت مولانا شاہ علی اکبر قلندر نے فرمایا کہ گریبان کیون پھاڑتے ہو۔ اُٹھا کر بٹھا دو اور کرتہ اُتار لو۔ چنانچہ بٹھا کر کرتہ اتارا گیا۔

انکی وفات کے بعد حضرت مولانا شاہ علی انور قلندر نے انکو خواب مین دیکھا کہ نہایت وجد و ذوق مین تسبیح لئے مابین مزار و حجرۂ حاجی معین الدین صاحب ٹہل رہے ہین۔ انھون نے حال پوچھا

کہا کہ الحمد للہ اور بحالت چہل قدمی شعر مذکورۂ بالا برابر پڑھتے جاتے ہین۔ ان کی قبر مولوی محلہ مین متصل حجرۂ حاجی امین الدین صاحب واقع ہے۔

سیف الدین امیر

حضرت قاری امیر سیف الدین۔ ابن قاری حبیب اللہ نظام الدین المعروف بہ امیر کلان۔ ابن قاری امیر نصیر الدین دلیل اللہ۔ ابن قاری محمد صدیق المعروف با بو محمد خانی۔ ابن قاری عبید اللہ ابن قاری عبد الصمد۔ ابن قاری امیر شمس الدین خرد معروف بہ قاری محقق جامع جمع الجوامع کبیر در لغت احادیث و تفسیر۔ ابن قاری عبد المجید دربان آستانۂ رسول کریمؐ۔ ابن حاجی حرمین سلطان حسین۔ ابن قاری امیر ابراہیم نبیسۂ و خلیفۂ حضرت سید عبد الرزاق خلف و خلیفہ حضرت غوث الثقلینؓ۔ ابن قاری سلطان عبد اللطیف۔ ابن قاری امیر عبید اللہ خانی۔ ابن مولانا شمس الدین صابر۔ ابن قاری مجید الدین خانی۔ ابن قاری امیر سلیمان مفسر۔ ابن مولانا وجیہ الدین احمد۔ ابن قاری محمد۔ ابن قاری احمد۔ ابن علی۔ ابن محمد بن الحنفیہ۔ ابن امیر المومنین علی مرتضی کرم اللہ وجہہ۔

انکے اسلاف سب بہت باکمال تھے۔ اور صحابہ و تابعین کی عمدہ یادگار تھے۔ یہ بھی مثل اپنے اسلاف کے درس و تدریس تعلیم و تعلم طالبین مین مشغول رہے۔ روش انکی مثل حضرات صحابہ کرام تھی۔ نسبت احسانیہ کا القا بطریق صحو خالص طالبین پر فرماتے۔ اور رضا اور تسلیم اور تفویض مین اپنے جد قاری امیر شمس الدین صابر کی عمدہ یادگار تھے۔ چنانچہ ان کے صاحبزادے حضرت مخدوم نظام الدین قاری قدس سرہ اپنے ایک مکتوب مین مرزا شمس الدین خان کوکا کو یون تحریر فرماتے ہین:۔

دو برادر داشتم کو چک از خود و عہدہ تعلیم و تدریس آن مغفوران از جانب حضرت والد بزرگ فقیر بود یکے مسمیٰ بہ رشید الدین بہ سن شانزدہ سالگی رسیدہ و دیگرے قطب الدین نام داشت آن ہم چہاردہ سالہ

گردید هر دو حافظ کلام الله و از کتب درسی یکی فارغ و دیگری قریب بفراغ و هر دو نیکبخت و فرمانبردار
فقیر از کمال صدق و اخلاص و محبت و آداب خردی و بزرگی بجان و تن مصروف قضا را مشیت
ایزدی، اعنی بران گردید که بمدت دوازده روز هر دو بتپ گردند و جانهای خود بجوار رحمت جان
آفرین سپردند. دران ایام از جانب والد ماجد چنان مامور بودم که بعد از فراغ درس طلبه وقت
شب چیزی از تفاسیر و احادیث پیش ما آمده ذکر میکرده باشی روز انتقال برادر دومی بسبب درد
مفارقت و نیز از ملاحظه صبر و سکوت حضرت والده ماجده آنچنان ما را از خود بیخبر نمودند که آن مذکور
تفاسیر و حدیث دو شب متواتر قضا کردم و بخدمت حضرت والد ماجد حاضر نشدم یک بار مزاج
حضرت از جانب این نا دیده منغص گردید وقت نماز صبح چون تشریف بجماعت آوردند و از چند روز
حکم امامت جماعت به بنده بود بعد فراغت سنت بحافظ احمد الله که یکی از اصحاب حضرت
بودند چنان ارشاد فرمودند که از امروز امامت جماعت شما میکرده باشید. ایشان از پاسداری
فقیر عرض نمودند که صاحبزاده خود حاضر است بمجرد استماع این کلمه تسبیحی که بدست مبارک بود
آنرا بر مصلا انداختند و این مصرع بزبان مبارک آورده ع "او خویشتن گم است کرا رهبری کند".
بکمال انقباض و ملال از حافظ فرمودند که من با شما میگویم شما عذری دیگر بمیان آوردید آن بیچاره
مرد بزرگ را جان بقالب نماند فی الفور انی وجهت گفته به امامت حاضر شد بعد فراغ نماز
حالتی که بر من طاری بود قابل تحریر نیست غم برادران کو والم سکوت و صبر حضرت والده ماجده کجا
مدت العمر خو کرده صفات مهری و از نگاه قهری نا آشنا بودم دم بخود بر کنار صف مصلا نشسته
ماندم بعد انفراغ نماز اشراق از مصلا برخاسته ما را همراه بمکان نشست خود بردند و زبان مبارک
بمواعظ لطیفه کشادند که ای نظام الدین حاصل علم عمل است اگر عمل نباشد از بار اشتر هم ناچیزتر است
سخنی با شما میگویم گوش باید کرد درین مدت دو روز شما غافلانه به الم آن مرحومان ساختید این
صورت صریح باعث انجذاب روح موتی باین عالم است مقصود اهل تحقیق از روی اخبار
صحیحه اینست که درین ایام برای موتی کاری باید کرد که روحش بآسانی طریق از انجذاب

دکشاکش این عالم وارستہ وصل صاحب خود گردد۔ و آسانی یافتن روح بہ وچیز مقرر داشتہ اند۔ یکے خواندن کلمہ طیبہ بکثرت و بعد خواندن کلمہ طیب دعائے مغفرت دیگرے صدقہ بمساکین دادن واز انہا دعا خواستن بمغفرت موتے این ہر دو از روئے تواتر اخبار ثابت آمدہ برائے آسانی روح موتے چون برین تقریر بنیہ غفلات از گوش کشیدند و عقل ہم یاری بہ انصاف داد فوراً برخاستہ بقدر یکہ مناسب حال خود دیدم بسعد پشیمانیہا باگریہ دیکا سر بپانہادم چونکہ مقصود حضرت از ین انزجار و توہین فقط اصلاح م بود فرمودند خیر است آیندہ را آگہی باید کہ قدم از جادۂ اختیار ضابطہ و قاعدۂ محققۂ اہل تحقیق این سود آن سو نرود والعاقل تکفیہ الاشارہ والسلام علی من لہ العالم صلے اللہ علیہ وسلم۔

انکا حلقہ درس اسقدر وسیع تھا کہ دور دراز سے لوگ انکی خدمت مین تحصیل علوم دینیہ و تحقیق فن قرأت کے لئے حاضر ہوتے۔ اور فوائد کثیرہ حاصل کرتے تھے۔ اپنے صاحبزادہ حضرت مخدوم نظام الدین قاری کو بعد تعلیم ظاہر و تکمیل باطن حضرت امیر ابراہیم ابن معین الدین ایرجی کا مرید کرایا۔ قاری امیر ابراہیم صاحب حضرت مخدوم نظام الدین قاری پر بہت شفقت فرماتے اور اکثر سفر و حضر مین ساتھ رکھتے تھے۔ چنانچہ قاری امیر سیف الدین صاحب کے قرب زمانۂ وصال مین بھی حضرت مخدوم نظام الدین قاری اُنکی خدمت مین حاضر تھے۔ قاری امیر سیف الدین صاحب نے امیر ابراہیم صاحب کو لکھ بھیجا کہ فقیر کی طبیعت اس زمانہ مین بعارضہ ضیق النفس زائد علیل ہوگئی ہے۔ اگر برخوردار نظام الدین کو فرصت ہو تو ازراہ کرم بہت جلد اُنکو کاکوری بھیجدین بحضرت مخدوم نظام الدین صاحب کالپی سے ۲۹ شوال کو روانہ ہوکر ۵ ماہ ذیقعدہ کو حاضر خدمت ہوئے۔ اور سب کیفیات عرض کین۔ حالات و واقعات و بشارات سنکر اُنھون نے دو رکعت نماز شکرانہ ادا کی۔ اور یہ دعا فرمائی کہ خداوندا جو نعمت تونے ہمارے بزرگون کو دی۔ وہ ہماری اولاد کو بھی عطا فرما۔ پھر اُسی روز انتقال کیا۔

اس قصبہ مین قاری امیر سیف الدین صاحب نے ہی سکونت اختیار کی۔ انکے صاحبزادے

حضرت مخدوم نظام الدین قاری کی اولاد مخدوم زادے کہلاتے ہین ۔

قاری امیر سیف الدین صاحب کا سن ولادت ۸۶۷ھ ہے ۔ اور بعمر ۹۲ سال بتاریخ ۵ ماہ ذیقعدہ ۹۶۹ھ وفات ہوئی ۔ مزار مبارک کاکوری محلہ جھنجھری روضہ مین حظیرہ کے اندر واقع ہے انھین کے مزار کے برابر انکے صاحبزادے حضرت مخدوم نظام الدین قاری کا بھی مزار ہے ۔

قطعہ تاریخ وفات از مولوی شریف الدین مرحوم کاکوروی ؎

بیا مد ماہ ذیقعدہ کہ ناگاہ ۔۔۔ شدہ جذب وصال پاک باری

امیرے را کہ از عشق حقیقی ۔۔۔ بدل میداشت سوز بیقراری

دل افزائی رضوانؔ گرد آخر ۔۔۔ امیر قوم سیف الدین قاری

۹۶۹ھ

سیف الدین

شیخ سیف الدین ۔ ابن ملا ضیاء اللہ ۔ ابن ملا عبد الکریم ۔ ابن حافظ شہاب الدین ۔ ابن مخدوم نظام الدین قاری علوی ۔ یہ نہایت قابل اور خوش اوقات مثل بزرگ زادگان سلف کے تھے اپنے آبا و اجداد کے طریقہ پر متوکلانہ عمر بسر کی ۔ چونکہ یہ ملا عبد السلام دیوی نواسہ و تلمیذ رشید ملا عبد الکریم کاکوروی کے داماد تھے ۔ اور وہ عہد سلطنت شاہجہان بادشاہ مین مفتی تھے ۔ اسلئے اُنھون نے نواب خلیل خان صوبہ دار سے تھوڑی زمین انکی حویلی اور دیوانخانہ کے لئے معاف کرادی تھی جواب بھی موجود ہے ۔ انکے بعد انکے پوتے شیخ عبد الرحمن نے اُسکی مرمت کرائی ۔

یہ بہت قانع اور صابر و شاکر تھے ۱۲ ماہ ربیع الاول انکی تاریخ وفات ہے زائد حال نہ معلوم ہوسکا ۔

(ش)

شرافت علی

شیخ شرافت علی۔ ابن منشی غلام مرتضٰے مصنف جواہر الانشار۔ ابن ملک محمد کبیر لکھنؤ کے باشندہ
یہ ۱۲ھ میں پیدا ہوئے۔ بڑے وجیہ با غیرت شجاع و توانا تھے۔ فارسی میں مثل اپنے والد کے بہت
لائق و قابل تھے۔ اکثر محاورات و مصطلحات اپنے والد کے جمع کردہ انکو ازبر تھے۔ فن تیراندازی کو بھی
خوب جانتے تھے۔ جسمانی قوت اسقدر زیادہ تھی۔ کہ پانی کا بھرا بڑا ڈول جسکو ہندی میں پُر کہتے
ہیں۔ اور دو بیل اسکو کھینچتے ہیں۔ انھون نے تنہا کنوین سے نکال لیا۔

تعلیم و تربیت انھون نے منشی فیض بخش صاحب سے پائی۔ علم طب کے حاصل کرنیکا بھی شوق
پیدا ہوا۔ وہ بھی اُستادان فن سے حاصل کیا۔ اور فن طب مین بہت قابل ہوئے۔

حصول ملازمت کی فکر مین۔ قاضی اوصاف علی خان مخدوم زادہ کے ساتھ جن سے بہت
دوستی تھی۔ بنگال و کلکتہ کا سفر کیا۔ وہان سے پھر اقالیم جنوبی ہند مدراس و کرناٹک و دکن کا سفر
کیا۔ یہان نواب محمد علیخان گوپاموی کے یہان ملازم ہوگئے۔ وہان سے وطن آنے کے ارادہ سے
پھر کلکتہ آئے۔ اور وہین غرۂ ماہ محرم ۱۲ھ مین انتقال کیا۔ اور وہین دفن ہوئے۔

شریف الدین

مولوی شریف الدین متخلص بہ تشریف۔ ابن مولوی رکن الدین۔ ابن مولوی مفتی محمد یحییٰ۔
ابن مفتی شہاب الدین۔ ابن حضرت مولانا حاجی امین الدین محدث۔ یہ ۱۲ھ مین پیدا ہوئے
دوسرا نام انکا الہام الدین تھا۔ تین سال کی عمر مین حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر کے مرید ہوئے
تعلیم و تربیت انھون نے اپنے جد امجد سے اور حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر۔ و مولوی
حفیظ اللہ اعظم گڈھی سے پائی۔ عربی متوسطات تک اور فارسی کی پوری تحصیل کی منشی بے بدل

بے بدل ہوئے۔

شاعر بھی بہت اچھے تھے۔ شریف تخلص تھا۔ فن شاعری مین مولوی محی الدین خان ذوق کاکوروی سے تلمذ تھا۔ اردو و فارسی کا کلام بہت صاف و پرمغز ہوتا تھا۔ تاریخ گوئی مین مثل اپنے اُستاد کے بہت اچھا ملکہ رکھتے۔ دیوان انکا مرتب ہے۔ کلام مین تصوف کی چاشنی اور زبان کی صفائی نے دوبالا لطف پیدا کردیا ہے۔ فارسی مین اعلےٰ درجہ کے قصائد۔ اور نثرین موجود ہین۔ اشعار فارسی ؎

دمیکہ شاہد خلوت نشین حجلۂ نور | حجاب خواست ز روے خودش نماید دور
ز عشوہاے دمادم کہ خون عالم ریخت | ز جلوہ ہاے پیاپے کہ شد جہان معمور
شد آن تعین اول بجلوہ گاہ وجود | بہ عقل اول و نور محمدی مشہور
بتافت چہرۂ تخلیق مہر و ماہ ازو | بیافت خلعت ہستی بہشت و حور و قصور
محمد عربی منشاء ظہور و بطون | محمد عربی مظہر بطون و ظہور
شدہ ز شمع جمالش جہان جان روشن | دگر نہ پیش ازین بود کلبۂ بے نور
بخیز جاذ بہ شوق بارگاہ سرور | جناب ساقی میخانۂ شراب طہور
حضور پیر خرابات بادۂ عرفان | براے جرعۂ آب ہست تشنہ و مخمور
بدہ براے خدا ساغر شراب الست | ہمان کہ نشئہ او بخشد انشراح صدور
ہمان شراب کہ از ما مین نجات دہد | نہ آن شراب کہ او را کشند از انگور

رفت خزان از چمن آمدہ دور صبا | یاسمن و ورد را وا شدہ بند قبا
آمدہ اُردی بہشت باد سحر گہ وزید | مُرغ چمن در طرب گفت بہ گل مرحبا
نخل بر آورد برگ برگ بر آورد گل | گل چو خیابان خلد خلد چہ نزہت فزا
آتش گل در چمن آتش طور کلیم | بلبل ارنی نواز سوخت ازین شعلہا
بادہ پرستی حرام لیکہ بہ ایام گل | زاہد صد سالہ را توبہ شکستن روا

بادہ کشان چار سو مست زمیخانۂ ات | از من تشنہ دہان جرعۂ مے نارسا

غزلیات اردو

ہے زیارت گاہ رندان آستان میکدہ | لامکان کہتے ہین جسکو ہے مکان میکدہ
آرہے ہین دور سے اے ساکنان میکدہ | بیٹھنے دو دو گھڑی ہمکو میان میکدہ
ساقیا کیا ہوگا انکا ایک ساغر مین بھلا | خم کے خم پی جائینگے یہ تشنگان میکدہ
دیکھیے بنت العنب آتی ہے کسکے دام مین | تاک مین بیٹھا ہے یک یک نوجوان میکدہ
ابر رحمت کی طرح جائینگے کوثر کی طرف | جھوم کر اٹھینگے جب آشفتگان میکدہ
چھوڑ کر چوکھٹ تری جائین کدھر پیر مغان | قبلۂ حاجات ہے یہ آستان میکدہ
تجھکو اے رضوان مبارک باغ جنت کے مزے | چاہیے ہمکو بہشت جاودان میکدہ
ہم فقیرون کی دعا دل سے یہی ہے ساقیا | حشر تک قائم رہے یارب نشان میکدہ
یہ غزل اپنی پسند آئی ہے ہمکو خود شریف | آگیا ہے جوش مستی مین بیان میکدہ

جلوۂ سلطان خوبان دل مین ہے | ماہ کامل اوج کی منزل مین ہے
غیر کا کیا دخل جب تو دل مین ہے | لطف خلوت کا کہین محفل مین ہے
ڈھونڈتی پھرتی ہے مرگ ناگہان | جان مخفی خنجر قاتل مین ہے
دیکھیے کس کس کے جاگے مین نصیب | ایک مجمع کوچۂ قاتل مین ہے
کھل گئی بیتابئ دل بعد مرگ | اک تڑپ سی لاشۂ بسمل مین ہے
کشمکش مین میکشون کے پڑ گئی | دختر رز بھی آج کس مشکل مین ہے
غم نہین تاریکئ دل سے شریف | سنتے ہین لیلیٰ اسی محمل مین ہے

انکے مصنفات مین سے ایک رسالہ ہمارے اخلاق طبع ہوکر شائع ہوچکا ہے۔ دوسرا رسالہ مناقب حضرت جناب امیر کرم اللہ وجہہ مین لکھ رہے تھے۔ مگر افسوس کہ وہ تمام نہو سکا۔ مدت تک یہ مختلف مقامات پر ملازم رہے۔ پھر ریاست رامپور مین وکالت کا

امتحان دیا اول درجہ مین کامیاب ہوئے تھے۔ وکالت اچھی چلنے لگی تھی اپنی ذہانت و طباعی و قابلیت سے وہان بھی بہت شہرت پیدا کی تھی۔ مگر افسوس کہ عمر نے وفا نہ کی چند دنون بعارضہ سل و دق مبتلا رہ کر بتاریخ ۱۸ر ماہ رجب المرجب ۱۳۴۲ھ انتقال کیا۔ اور اپنے والد کے پاس خطیرہ متصل چاند محل۔ کاکوری مین دفن ہوئے۔

شفاعت علی

مولوی شفاعت علی۔ ابن شیخ غلام مرتضےٰ۔ ابن ملک کبیر ملک زادہ۔ یہ ۱۱۸۵ھ مین بمقام سندیلہ اپنے نانہال مین پیدا ہوئے۔ اصلی نام فصاحت علی تھا۔ گھر کی ماماؤن نے جہالت سے بجائے فصاحت سفات اور بعض لوگون نے شفاعت کہنا شروع کیا۔ لہذا اسی نام سے مشہور ہو گئے۔

یہ بچپن سے نہایت صلح وسعید تھے تعلیم و تربیت سندیلہ مین پائی۔ جب سے کاکوری آنے جانے لگے۔ تو بسبب کشش باطنی و محبت قلبی حضرت مولانا شاہ محمد کاظم قلندر رحمۃ اللہ علیہ کیخدمت مین مع اپنے اوراعزہ کے حاضر ہونے لگے۔ حضرت صاحب موصوف انکو بہت عزیز رکھتے۔ اور خاص توجہ فرماتے تھے۔ اور جب دیکھتے تھے تو بے اختیار دل مین خیال آتا تھا۔ کہ اگر میرے مرید ہو جاتے تو اچھا تھا حسن اتفاق سے ایک روز یہ حاضر ہوئے۔ تو حضرت صاحب موصوف نے فرمایا کہ شفاعت علی آو آج ہم تمکو مرید کر لین۔ یہ بہت اچھا کہکر مرید ہو گئے مرید کرنے کے بعد حضرت صاحب نے انکو مجاز بھی کیا۔ اور فرمایا کہ مین نے اسوقت تک اپنے خواہش سے سوائے تمھارے یا طفیل علی کے اور کسی کو مرید نہین کیا جتنے ہوئے وہ اپنی آرزو و خواہش سے ہوئے اسکے بعد سے یہ زیادہ حاضر باشی کرنے لگے۔ اُسی زمانہ مین اذکار اشغال وغیرہ کی تعلیم پائی۔ اور اسماء اللہ و ادعیہ کی زکواتین بھی ادا کین شغل برزخ مین کمال پیدا کیا۔ حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندرؒ اور یہ ہم عمر تھے۔ جس کی وجہ سے آپس مین

بہت اتحاد تھا۔ انھین کی فرمائش سے مثنوی اصل المعارف حضرت شاہ تراب علی قلندرؒ نے تحریر فرمائی۔

انکی اوصاف ذاتی صلاحیت وخوش خلقی نے خواص وعوام کو مسخر کرلیا تھا۔ ہر شخص نہایت ادب ونیاز سے پیش آتا اور درویش سمجھتا تھا بہت سے لوگ سندیلہ کے بچپن سے انکے معتقد تھے۔ اور کہتے تھے کہ جب آپ فقیر ہونگے تو ہم آپ کے مرید ہونگے۔ حضرت شاہ محمد کاظم قلندر قدس سرہ کی فیض صحبت سے جب یہ اس قابل ہوئے۔ تو لوگون نے اصرار شروع کیا۔ مگر باوجود مجاز ہونے کے انھون نے ابداً کسی کو مرید کیا۔ اور نہ خود ترک لباس کیا ہمیشہ دل بیار و دست بکار رہے۔ مدۃ العمر ملازمت مین بسر کی۔ عرصہ تک گورکھپور مین منصف رہے اور وہین بحالت ملازمت بتاریخ ۹ ماہ ربیع الآخر ۱۲۵۱ھ بعمر ۶۵ سال انتقال کیا اور وہین دفن ہوئے۔

شکراللہ قلندر

حضرت شاہ شکراللہ قلندرؒ ابن شیخ محب اللہ ابن شیخ فتح ابن مخدوم جہان ابن شیخ جلال الدین ابن حضرت مخدوم شیخ کمال الدین محمد المعروف بہ شیخ سعدی چشتی کاکوری شیخ جلال الدین خلف اکبر حضرت مخدوم شیخ سعدیؒ چونکہ اپنے والد کے سامنے انتقال کرگئے تھے۔ اسلئے مخدوم صاحب نے خلافت اور سجادگی وغیرہ اپنے پوتے مخدوم جہان صاحب کو دی۔ اور کل اراضی وغیرہ اپنی حیات ہی مین تقسیم کرکے صاحبزادون اور پوتون کو مخدوم جہان کی متابعت کا حکم دیدیا۔ اسی وجہ سے مخدوم جہان جانشین ہوئے۔ اسکے بعد سے معلوم نہین ہوتا کہ منصب جانشینی کس خاندان مین رہا۔

حضرت شاہ شکراللہ بذات خود سلسلۂ قلندریہ مین منسلک ہوئے۔ بیعت واجازت وخلافت انکو حضرت شاہ محمد باہ قلندر لاہوری سے تھی۔ اور ان کو حضرت شاہ عاشق محمد قلندر سے

اور اُن کو حضرت شاہ محمد ماہ قلندر لاہر پوری قدس سرہ سے تھی۔ لہٰذا آخر السلسلہ یہ سلسلہ قلندریہ مین بہت عظیم المرتبت بزرگ گذرے ہین۔

منشی غلام مرتضےٰ کتاب جواہر الانشاء مین لکھتے ہین:-

"عرفان پناہ معارف دستگاہ شاہ شکر اللہ مرحوم - شرح جلالت شانش و عظمت اوصافش ازان زیادہ است کہ بدستیاری خامۂ مقطوع اللسان بہ تحریر آرد و جواہر زواہر حالاتش در میزان تقریر نسنجد - در مبادی ایام تمیز بتقریب طالب علمی و تحصیل علوم ظاہری از خانہ برآمدہ در بلدۂ خیرآباد رسیدہ بطور طلبۂ علوم درس میگرفت و کتب مختصرات میخواند - کہ ناگاہ روزے بمقتضائے تعارف ازلی و جذب سرنوشت لم یزلی ملاقاتش باشاہ محمد ماہ قلندر لاہر پوری گردید - بمجرد دفعۂ نظر و بیک نگاہ حق ہمنگش از قید دنیا و مافیہا وارستہ از تحصیل علم ظاہر استعفا خواست و درخواست بیعت نمود - پیر و مرشد چون شوق را در کمال استیلا یافت تلقین وارشاد فرمود - خلاصہ در صحبت اول کہ مادہ صالح داشتند بسیار مراتب حقائق و معارف کشودگشتند و مدتہا بجناب پیر و مرشد حقیقی در پے کسب و اکتساب ریاضات شاقہ کشیدہ و حصول استفادہ نمودہ بوطن مالوف تشریف آوردند و در وطن بوارستگی تمام بسر میبردند و بیشتر اوقات از غایت جذب و شوق الٰہی در صحرا و بیابانہا میگذرانیدند - در آغاز حال از خلائق منفصل و منقطع زیستند - بالآخر روانہ شاہجہان آباد دہلی گردیدہ در انجا رخت اقامت افگندند - خلاصہ اینکہ شاہ موصوف بہ ترک و تجرید گذرانید مرد خوش سیما و مبارک نفس بود وجاہت ظاہر بسیار داشت و حرف موزون بمتانت و سنجیدگی میگفت - خوش زبان شیرین بیان بود در شہر شاہجہان آباد بمرتبۂ گوش و ہوشی نواخت و آوازۂ فقر و وارستگی بلند ساخت امرا و اغنیا از بس رسوخ و خلوص و اعتماد و اعتقاد و آداب خدمت بجامی آوردند - وجیہ الصورت - و خوش تقریر شیرین زبان مرجع قاضیان خوارق کیش و ملجاء عاشقان دلریش جلیل المرتبت عظیم المنزلت بود۔"

منشی فیض بخش صاحب اپنے نسب نامہ موسومہ بہ چشمۂ فیض مین لکھتے ہین۔

"شکر اللہ عارف صاحب کمال ہنگامہ آرائے سماع وجد و حال بود در شاہجہان آباد در عہد محمد شاہ استقامت داشت۔ اغنیا و غربائے آنجا صدہا دست بہ بیعت او دادہ بہ اعتقاد درست مطیع و فرمان بردار او بودند در دار الخلافت شہرت داشت۔ تکیہ و خانقاہ او بسیار عمدہ در آنجاست"

علاوہ کمالات درویشی۔ انکو علم قیافہ۔ و علم مجلس۔ و خوشنویسی و فنون سپہگری مین بھی مہارت تامہ تھی۔ بہت سے اہل ہنود نے بھی انکے فیض صحبت سے ہدایت پائی۔ اُن لوگون مین جو شخص جوگیون اور سناسیون کے اکساب سیکھنا چاہتا تھا وہ بھی یہ کھلاتے تھے۔ علم تصوف کے بہت بڑے ماہر تھے۔ انکا سجع یہ تھا: ز نور ماہ منور ضمیر شکر اللہ۔

انکے کمالات کا اندازہ حکایت مرقومہ بحر زخار سے ہوتا ہے۔ وہ یہ کہ انکے ایک مرید شاہ عبد اللہ نے کسی تقریب مین ایک امیر زادہ کو جو مر گیا تھا۔ زندہ کر دیا۔ جب وہ آئے تو انھون نے اُنکو حجرہ مین بند کر دیا اور قفل دیدیا۔ تھوڑی دیر کے بعد قاضی و مفتی وغیرہ یہ کہتے ہوئے پہونچے کہ ہم اُسکو ڈھونڈنے آئے ہین جس نے مردہ کو زندہ کیا۔ اور شرع کا بالکل پاس نہین کیا۔ انھون نے حجرہ کی طرف اشارہ کیا۔ جب حجرہ کھولا گیا۔ تو وہ نہ ملے۔ اُن لوگون نے انکو جھوٹا سمجھ کر مواخذہ کیا۔ گواہان شرعی گذرے۔ اُنھون نے بیان کیا کہ اس واقعہ کے بعد شاہ عبد اللہ اس حجرہ مین داخل ہوئے۔ آخر قاضی وغیرہ مجبور ہو کر واپس گئے اسکے بعد لوگون نے ان سے شاہ صاحب کا حال پوچھا۔ انھون نے فرمایا کہ وہ اُسیوقت مٹینہ پہونچگیا۔ لوگون نے تاریخ لکھ لی۔ بعد تحقیق انکے ارشاد کی تصدیق ہوئی۔

وفات انکی دہلی مین بتاریخ ۱۴ ماہ ذی القعدہ روز یکشنبہ سنہ ۱۹ جلوس محمد شاہی مطابق سنہ ۱۱۴۹ھ ہوئی۔ مزار بھی وہین مٹھائی کے پل پر ہے۔ تکیہ اور خانقاہ وہین بہت نفیس بنی ہوئی ہے۔ انھون نے کوئی اولاد نہین چھوڑی۔

خلفاء انکے حسب ذیل حضرات ہوئے (۱) حضرت شاہ اسد اللہ کاکوری برادر آنحضرت (۲) حضرت شاہ صبغت اللہ قلندر برادرزادہ و جانشین آنحضرت (۳) حضرت شاہ مہر علی قلندر

جنکے مُرید و خلیفہ شاہ بدیع الدین ابن شاہ نجم الدین قلندر برادر زادہ شاہ محمد ماہ قلندر لاہرپوری تھے

شہاب الدین

حافظ شہاب الدین المعروف بہ شیخ سوندھن۔ ابن مخدوم نظام الدین قاری۔ ابن قاری امیر سیف الدین رحمۃ۔ آپ بہت بڑے فاضل متقی و متشرع ذی شخصیت و لیاقت فضل و کمال مین ممتاز تھے۔ تعلیم و تربیت اپنے والد ماجد اور جد امجد سے پائی۔ آپکے جد نے آپ کو حضرت حافظ سید ابراہیم صاحب بغدادی کی پیشوائی کے لئے بھیجا تھا۔ چنانچہ وقت حاضری سید صاحب بغدادی نے آپ کا حال دریافت کرکے فرمایا کہ یہ بہت ذہین ہے۔ اور دعا دی تھی کہ اللہ تعالےٰ اسکو مثل اسلاف کے نعمت باطنی سے بہرہ ور کرے۔ آپ نہایت سعید و صالح تھے جیسا کہ اُن مکاتیب سے جو آپ کے والد ماجد نے ملا عبدالرشید ملتانی و مرزا شمس الدین خان کے نام تحریر فرمائے ہین ظاہر ہوتا ہے۔ یہ مکاتیب کشف المتواری فی حال نظام الدین القاری مؤلفہ حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ مین طبع ہو چکے ہین۔ کتاب زاد الآخرت کی تالیف بھی آپ کی فرمایش سے ہوئی۔ چنانچہ ملا عبد الرشید ملتانی مصنف زاد الآخرت اُسکے دیباچہ مین لکھتے ہین۔

"بوقت رخصت اخیر فقیر سمت ملتان کہ ازان بار باز اتفاق آستان بوسی باین کم نصیب نصیب نگردید صاحبزادہ عالی ہمت و مرشد زادۂ بلند مرتبت اعنی حافظ شہاب الدین المعروف بہ سوندھی صاحب حاضر محفل شریف بودند۔ چون از حضور حضرت پیر و مرشد دولت رخصت یافتم صاحبزادہ از راہ بندہ نوازی تا دیر دولتخانہ بنابر رخصت فقیر سرفرازی بخشیدہ چنان ارشاد نمودند کہ بہ این بار از شما فرمایشے دارم کہ بضوابط طریقۂ غوثیہ نسخہ برنسق قدماے صوفیہ در زبان پارسی مبرا از اغلاق بیان و مصفا از دقت زبان کہ ذہن ہر مبتدی تقاضاے فہم آن نماید وقت فرصت سعی در تحریرش نمودہ آید"۔

آپکی اولاد تمام بنی اعمام سے علم و فضل حسب و نسب مین ممتاز رہی - اور ابتک ہے - آپنے عین حالت شباب مین انتقال فرمایا - دو صاحبزادے باکمال چھوڑے - ملا عبد الکریم و ملا عبد القادر تاریخ و سن وفات و ولادت و مدت عمر و دیگر حالات دریافت نہو سکے - مزار شریف کچھری روضہ مین اپنے والد کے مزار کے باہر مغرب جانب حضرت مولانا ضیاء الدین محدث مدنی کے مزار کے قریب ہے

شہاب الدین مفتی

مولوی مفتی شہاب الدین - ابن حضرت حاجی امین الدین - انکی ولادت ۱۱۹۱ھ مین ہوئی قطعہ تاریخ ولادت منظومہ قاضی القضاۃ نجم الدین علیخان بہادر حسب ذیل ہے ؎

آن نکو بخت چون بعرش وجود — جلوہ فرما چو شہ بہ تخت آمد

سال میلاد آن بلند اقبال — گفت ہاتف سعید بخت آمد ۱۱۹۱ھ

انھون نے تعلیم و تربیت اپنے والد ماجد - اور چچا قاضی القضاۃ نجم الدین علیخان بہادر سے پائی - اور اپنے والد کے مجاز بھی ہوئے - عالم اجل و فاضل زبردست - اور بہت بڑے شجاع تھے - جسمانی قوت خداداد تھی - جس بھاری چیز کو بیس یا پچیس آدمی نہین اٹھا سکتے تھے - یہ تنہا اٹھا لیتے تھے - چنانچہ مشہور ہے کہ مابین مسجد و حجرہ حاجی صاحب ایک شہتیر پڑا تھا - جس سے حاجی صاحب کو مسجد آنے جانے مین شب کے وقت تکلیف ہوتی تھی - لوگ اوسکے ہٹانے کے لئے جمع کئے گئے بیس پچیس آدمیون نے کوشش کی - مگر نہ ہٹا سکے - آخر انھون نے تنہا اسی شب مین ہٹا دیا - صبحکو لوگ بہت متعجب تھے - حاجی صاحب نے فرمایا کہ یہ شہاب الدین کا کام ہے -

ابتداءً یہ مدرسہ عالیہ کلکتہ مین بعہدۂ پرنسپل مامور ہوے - اوسوقت ولایت سے جو انگریز آتے تھے وہ اولاً عربی و فارسی کی تعلیم مدرسہ عالیہ مین پاتے تھے - تب اوسکے بعد کسی عہدہ پر مقرر کئے جاتے - چنانچہ بہت سے انگریز انکے شاگرد تھے - پھر وہان سے اضلاع ممالک مغربی ہند مین یہ مفتی و صدر الصدور مقرر ہوئے - دہلی مین کچھ دنون رہے - وہان کے مشاہیر علماء محدثین سے

بہت اتحاد تھا۔ پھر مظفر نگر گئے۔ اور وہان ایک جامع مسجد نہایت عالیشان بنوائی جواب تک موجود ہے۔ وہان سے پھر سہارنپور تبدیل ہو آئے۔ جہان ایک حویلی اور دیوانخانہ نہایت عمدہ بنوایا۔ بالآخر وہین سہارنپور مین بتاریخ ۴ محرم ۱۲۵۶ھ انتقال کیا۔ اور متصل درگاہ شاہ نور صاحب دفن ہوئے۔

شیخ محمد

شیخ محمد۔ ابن شیخ غلام نبی۔ ابن نواب منتظم الملک خان وترخان شیخ جار اللہ علوی ہفت ہزاری صوبہ دار خیر آباد وغیرہ۔ یہ نہایت قابل لطیفہ گو د خوش تقریر مثل اپنے والد کے تھے۔ جامع۔ صفات حمیدہ و حاوی خصائل پسندیدہ۔ انکے متعلق منشی فیض بخش صاحب اپنے نسب نامہ یعنی چشمۂ فیض مین لکھتے ہین۔

"شیخ محمد سخن موزون گفتن از پدر میراث داشت۔ اگر کسے صد حرف میگفت اول ساکت بود ہرگاہ او تقریر بآخر میرسانید در جواب ہر یک حرف دلچسپ خاموش میکرد کہ سامعین حسنت میگفتند عجب شخص خلیق و بے نفس بود کہ از بیان بیرون است۔ ہمیشہ در خودداری و پاس و لحاظ می بود و با پوشاک نفیس شایق دوتا جامہ مدام در برداشت۔ دستار قدیم عالمگیری و دیگر ملبوس برین نمط می پوشید۔ گاہے حرف زاید چنانچہ عادات ارباب زمانہ است برزبان نیاوردہ و دہان خود را بدشنام نیالودہ۔ از آغاز تا وفات متنفسے از و در ہیچ باب ناشاکی و ناراض دیدہ و شنیدہ نمی شد۔"

یہ بھی روزگار پیشہ تھے۔ عنبر علیخان کے رسالہ مین نواب شجاع الدولہ بہادر کے ملازم تھے۔ ستر برس سے زائد عمر پائی۔ زائد حالات نہیین دریافت ہو سکے۔ انکی قبر بھی یہین کاکوری مین تکیہ بنیوا شاہ مین ہے۔

(ص)

صادق شاہ قلندر

انکا وطن اصلی نہین معلوم کہان تھا۔ یہ بڑے بزرگ خوش اوقات ذاکر و شاغل صاحب تجرید
و تفرید تھے۔ لباس فقر انکو حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر نے پہنایا۔ یہ اپنی بسر اوقات بذریعۂ
گدائی کرتے کبھی دو روٹیون سے زائد کے طالب نہین ہوتے جسوقت دو روٹیون بھر کا آٹا یا غلّہ
ملجاتا۔ فوراً واپس آتے۔ اور روٹیان پکاکر ایک مین سے نصف کتے کو اور نصف قمری کو کھلادیتے
اور دوسری مین سے نصف فقیر کو دیتے۔ اور نصف خود کھا لیتے۔ اور جس روز کہین سے کھانا
آجاتا اُس روز پھر گدائی کے لئے نہین جاتے۔ تمام عمر اسی طرح آستانۂ مرشدی پر بسر کی اور
پھر وطن نہین گئے۔ یہین وفات پائی۔ زائد حالات نہین دریافت ہو سکے۔ ان کا مزار،
احاطۂ تکیہ شریفہ مین متصل چاہ بناکردہ ڈپٹی منصور علی صاحب واقع ہے۔

صبغت اللہ

حضرت شاہ صبغت اللہ قلندر، ابن شاہ اسد اللہ، برادرزادہ و جانشین حضرت شاہ سکر اللہ
قلندر قدس سرہما۔ یہ ابتدائے طفولیت سے دہلی مین اپنے عم بزرگوار شاہ سکر اللہ قلندر کے ساتھ
رہے۔ وہین تعلیم و تربیت پائی۔ بیعت و اجازت و خلافت ان کو انھین سے تھی۔ درویش کامل
صاحب تصرف و قدرت تھے۔ بعد انتقال اپنے چچا کے دہلی مین اُنکے جانشین ہوئے جس
روز رسم جانشینی عمل مین آئی۔ وہان کے اُمرا اور شاہزادگان نے اسقدر نذرین دین کہ انکی کمر
تک روپیہ و اشرفی کا ڈھیر ہوگیا تھا۔ وہان سے کچھ دنون کے بعد کاکوری چلے آئے اور
خانہ نشین ہوگئے۔ ایک عرصہ تک یہی رنگ رہا۔ ایک مرتبہ دہلی کے ایک امیر نے حضرت
شاہ سکر اللہ قلندر کے زمانہ مین کئی ہزار روپیہ خانقاہ بنوانے کے لئے بھیجا تھا۔ جس سے انکے والد

شاہ اسد اللہ صاحب نے خانقاہ و مدرسہ اور متعدد مکانات بنوائے۔ جنکا سنہ تعمیر ۱۱۴۴ھ ہے مگر یہ سب مکانات اسوجہ سے ویران ہوئے تھے کہ کوئی رہنے والا نہین تھا۔ ۱۱۶۹ھ مین حضرت شاہ محمد کاظم قلندر نے ان سے یعنی حضرت شاہ صبغت اللہ قلندر سے باصرار فرمایا کہ آپ خانقاہ مین بیٹھ کر لوگون کو فیضیاب کرین۔ یہ اُنکے اصرار سے مجبور ہوئے۔ اور وہین سکونت اختیار کی۔ حضرت شاہ محمد کاظم قلندر نے اپنے چھوٹے بھائی شاہ میر محمد قلندر اور اپنی بی بی صاحبہ کو شاہ صبغت اللہ قلندر کا مُرید کرایا۔ اور اور لوگون کو ترغیب دی۔ اور مہاراجہ ٹکیٹ راے سے ارشاد فرماکر ماہوار خدمت مقرر کرائی۔ یہ خود اکثر فرمایا کرتے تھے کہ میری مشیخت یہان شاہ محمد کاظم قلندر کی وجہ سے جمی۔

حضرت شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ کتاب اصول المقصود مین لکھتے ہین:۔

"حضرت شاہ محمد کاظم قلندر را با شاہ صبغت اللہ قلندر نہایت موالات بود و بسیار ادب و پاسداری و حفظ مراتب ایشان ملحوظ می داشتند۔ و ہمیشہ از مریدان و فرزندان خود تقید مینمودند کہ گاہے برائے سلام شاہ صاحب رفتہ باشند و خود اکثر می رفتند و اگر کسے قصد مرید شدن حضرت صاحب میکرد اول تعریف شاہ صاحب میکردند کہ ایشان چنین وچنان اند بروید و مرید ایشان شوید و برائے خدمت ظاہری نیز سعیہا میکردند و شاہ صاحب نیز بسیار مداح و شکرگذار و غمخوار ایشان بودند و نہایت عزیز و مکرم می داشتند و توجہات می فرمودند حتے کہ در ایام چلہ کہ در انجا اتفاق می شد خود شاہ صاحب خادمی میکردند و آب از دریا برائے ایشان می آوردند۔ و با یگانہ و بیگانہ اکثر شاہ صاحب میفرمودند کہ مشیخت من شاہ محمد کاظم دانودند"۔

غرضکہ یہ نہایت بزرگ کامل وقت تھے۔ ابتدا سے گمنامی مین بسر کی۔ فقر و زہد و توکل و ورع شعار رہا۔ بتیس سال رشد و ارشاد فرمایا۔ جنّات بھی اُنکی خدمت مین حاضر رہتے تھے بہت سے اُن مین کے مُرید بھی تھے۔ جناب مولوی حسن بخش صاحب اپنی کتاب تفریح الاذکیا مین بضمن حال حضرت سلیمان علیہ السلام لکھتے ہین:۔

کہ جنات و پری ببرکت حضرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم خواص امت کی خدمت مین حاضر رہتے - اور

اخص الخواص کی کفش برداری کرتے ہین، حضرت شاہ صبغت اللہ قلندر کی خدمت مین

اکثر جنات نے فیض معرفت پایا ہے - اور انکی خانقاہ مین اب تک حضرت شاہ کرامت علی

مدظلہم العالی کے پاس حاضر رہتے ہین -

کرامت نامہ مولفہ حضرت شاہ کرامت علی صاحب مرید آنحضرت کے مضمون سے ایسا معلوم ہوتا ہے - کہ حضرت شاہ صبغت اللہ صاحب اور اُنکے والد شاہ اسد اللہ صاحب دونون دہلی مین تھے - وہین شاہ صبغت اللہ صاحب نے بعمر گیارہ سال اپنے چچا شاہ شکر اللہ قلندر کے ہاتھ پر بیعت کی اور خلافت پائی جسکا قصہ یہ ہے کہ ایک روز شاہ شکر اللہ قلندر نے شاہ اسد اللہ صاحب سے مخاطب ہوکر فرمایا - کہ مین آج صبغت اللہ کو اپنا مرید اور جانشین کرونگا - پھر شاہ صبغت اللہ قلندر سے پوچھا کہ کس سلسلہ مین بیعت کروگے - انھون نے عرض کیا کہ جس سلسلہ مین آپ مرید ہین - اسکے بعد اُنھون نے پھر ارشاد فرمایا کہ تمھارے باپ سلسلۂ چشتیہ مین مرید ہین - اور مین سلسلۂ قلندریہ مین مرید ہون - تم بھی کیون نہ سلسلۂ چشتیہ مین مرید ہو - انھون نے عرض کیا کہ مجھکو تو آپ سے مطلب ہے - یہ سنکر وہ بہت خوش ہوئے - اور سلسلۂ قلندریہ مین مرید کرلیا اور خلافت عطا فرمائی - اسکے ایک سال کے بعد شاہ شکر اللہ قلندر نے وفات پائی - اور یہ جانشین ہوکے دہلی مین کچھ دنون رہ کر وطن آئے - اور یہان دو شادیان کین - اولاد بھی ہوئی - مگر کوئی زندہ نہین رہی - پھر یہان سے بغرض تحصیل علم خیر آباد گئے - وہان حضرت حاجی صفت اللہ خیر آبادی سے بقیہ کتابین تمام کین - پھر ہلسہ ضلع عظیم آباد مین حضرت شاہ عبد اللہ قلندر کے پاس گئے - وہان ریاضات اور مجاہدات کرکے سلوک تمام کیا - وہان سے وطن آکر خانہ نشین ہوئے - پھر حسب ارشاد حضرت شاہ محمد کاظم قلندر ہدایت و ارشاد مین مشغول ہوے اور حضرت شاہ میر محمد قلندر کو اجازت و خلافت عطا فرمائی -

منقول ہے کہ شاہزادۂ رفیع الدرجات ابن اعظم شاہ - ابن اورنگ زیب عالمگیر

شہنشاہ دہلی نے ایک نیمچہ طلائی مرصع کار حضرت شاہ شکر اللہ قلندر کے نذر کیا تھا۔ چونکہ وہ بہت معتقد تھا۔ نذر کرتے وقت اُسنے یہ بھی عرض کیا۔ کہ یہ غلام کی نشانی ہے۔ یہ نیمچہ ایک فرنگی نے میرے جد عالمگیر کے نذر کیا تھا۔ اسکو وہ بہت دوست رکھتے تھے۔ اُنھون نے اپنے بیٹے اعظم شاہ کو دیا تھا۔ اُن سے مجھکو ملا مین آپ کی خدمت مین پیش کرتا ہون۔ شاہ شکر اللہ قلندر نے لیکر اپنے چھوٹے بھائی شاہ اسد اللہ کو دیا اور فرمایا کہ اسکو رکھو۔ جب برخوردار صبغت اللہ ہوشیار ہون اُنکو دیدینا یہ اُنکی امانت ہے یہ نیمچہ نواب یار جنگ اکرم اللہ خان بہادر کے پاس تھا اُسپر یہ شعر لکھا ہوا تھا ؎

ظفر تکیہ کہ با فرّ و نہیب است ۔۔۔ بدست شاہ دین اورنگ زیب است

اس نیمچہ کو نواب یار جنگ بہادر کے نواسہ مولوی معراج الدین المخاطب بہ نواب حسین نواز جنگ بہادر نے سر سالار جنگ وزیر میر عثمان علی خان نظام الملک آصف جاہ دکن کے نذر کر دیا۔

وفات انکی بتاریخ ۱۳ ماہ محرم الحرام ۱۲۱۱ھ ہوئی۔ مادۂ تاریخ مرقومۂ شیخ احمد حسین علوی مرید آنحضرت اولٰئک[1] مقربون فی جنات النعیم ہے۔ کرامت نامہ مین مرقوم ہے کہ شیخ احمد حسین علوی تاریخ کی فکر مین تھے۔ خواب مین دیکھا کہ کسی نے کاغذ کا پرچہ دیا جسپر یہ آیت لکھی تھی عمر شریف ۸۰ سال کی ہوئی۔ اس حساب سے سنہ ولادت ۱۱۳۰ھ معلوم ہوتا ہے

قطعہ تاریخ وفات از مولوی محمد عالم قیصری کاکوروی ؎

عارف بے نفس شاہ صبغت اللہ شیخ عصر ۔۔۔ کز رموز شاہ شکر اللہ آگاہ آمدہ

ہم ز خوانش نعمت شاہ محمد ماہ یافت ۔۔۔ کز طفیل شاہ عاشق از مجا شاہ آمدہ

سیزدہ ماہ محرم بود کز دنیا برفت ۔۔۔ بر لب جن و بشر صد نالہ و آہ آمدہ

قیصری دریا و ذات حق چو ذاتش محو شد ۔۔۔ پس بذات حق وصالش حسب دلخواہ آمدہ

[1] اولٰئک مین بجاے الف مقصورہ کے یا کے عدد لئے گئے ہین جس سے ۱۲۱۱ھ ہوتے ہین ۱۲ مولف

مزار شریف شیخ سعدی محلہ مین۔ حضرت شاہ کرامت علی قلندر کی درگاہ کے پورب جانب واقع ہے۔ مزار کے گرد حضرت شاہ کرامت علی قلندر نے ۱۲۱۷ھ مین حظیرہ بنوایا۔ جسکے تعمیر کی تاریخ حضرت شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ نے یہ نظم فرمائی ؎

مرقد حضرت صبغت اللہ — از کرامت چو در حریم آمد
سال تعمیر آن ز طبع شہید[1] — بدل روضۂ نعیم آمد

۱۲۱۷ھ

صدر الدین خان

مولوی محمد صدر الدین خان۔ ابن مولوی رشید الدین خان۔ ابن مفتی خلیل الدین خان بہادر سفیر شاہ اودھ۔ یہ ماہ رجب ۱۲۶۱ھ مین پیدا ہوئے۔ ممتاز العلما قاضی سعید الدین خان بہادر المتخلص بہ سعید نے قطعۂ تاریخ ولادت لکھا جو درج ذیل ہے ؎

شمس طالع شد بہ ایوان حمید — نجم ثاقب شد بساعات سعید
خانہ خانہ شد بہر شب شب برات — در خوشی و خورمی ہر روز عید
قایم و دائم بماند در جہان — عمر و اقبالش بود ہل من مزید
بارک اللہ ماہ مولودش رجب — نور معراج نبی گشتہ پدید
میہمان شد خلق برخوان خلیل — رفت اخبارش بہ نزدیک بعید
در ظہور آمد چو آن نور البصر — فکر تاریخش نمود از دل سعید
ملہمش القا نمود از روے وحی — آمدہ تاریخ او نخلف الرشید

۱۲۶۱ھ

[1] ابتدا مین شہید تخلص فرماتے تھے پھر تراب تخلص اختیار کیا مخمس کریما مین شہید تخلص مرقوم ہے اسکے بعد کے کلام مین نہین ۱۲ مولف۔

انھون نے اپنے والد بزرگوار وجد عالی مقدار کے سایۂ عاطفت مین پرورش پائی بچپن ہی سے ان مین خداداد ذہانت تھی۔ ابتدائی تعلیم گھر مین پائی۔ عربی و فارسی تعلیم کیلئے تکمیہ شریفہ پر حضرت متقداے جہان مولانا شاہ تقی علی قلندر۔ و حضرت اکبر العلما مولانا شاہ علی اکبر قلندر قدس سرہما کے حضور مین پیش کیے گئے۔ کچھ کتابین حضرت متقداے جہان سے پڑھین اور بقیہ کی تکمیل حضرت اکبر العلما سے کی۔ اور علم ریاضی و ہیئت کی تحصیل و تکمیل اپنے جد امجد سے کی۔ رسالہ قوشجیہ۔ و فن ہیئت بطلیموس۔ و بست باب اصطراب۔ و مقدمۂ شرح محقق طوسی۔ و مفتاح الافلاک۔ و خلاصۂ مقالۂ اقلیدس موسومہ بہ شمس المنیر وغیرہ انھین سے پڑھین۔ اور دساتیر مذہب زردشتی کی مقدس کتاب دری زبان کی منشی عبدالحی متخلص بہ عرشی سے پڑھی۔

حافظہ ایسا قوی تھا کہ فلسفہ کے اہم مسائل اور مشکل مضامین نیز اکثر کتابون کے مباحث حفظ تھے۔ بہت خوش تقریر و خوش بیان تھے۔ آبائی جائداد کی وجہ سے چونکہ معاش کی طرف سے بفکری تھی اسلئے ہمیشہ خانہ نشین رہے۔ اور بہت زیادہ حصۂ عمر کا کتب بینی و تصنیفات مین صرف کیا۔ ذہانت و طباعی و شیرین بیانی و وضعداری و اتقا و پرہیز گاری مین ضرب المثل تھے۔

بیعت ان کو حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر سے تھی۔ اس زمانہ مین انکی ذات مغتنمات سے تھی طبیعت کا رجحان معقولات کی طرف زائد تھا۔ ادیب و منشی بے بدل تھے۔ اکثر مضامین علی سرسید احمد خان کے خیالات اور انکی تفسیر کے خلاف انھون نے لکھکر بعض اخبار مین شایع کراے۔ جو نہایت قدر کی نگاہ سے دیکھے گئے۔

مستقل تصانیف انکے حسب ذیل ہین۔ (۱) قول السیاسۃ فی تدبیر الریاستہ فارسی (۲) تاریخ خلفاے عباسیہ فارسی (۳) حیاۃ الاسلاف فی ہدایات الاخلاف اردو مطبوع (۴) ترجمہ اردو قسطاس المستقیم (۵) مرقع تصویر پیغمبری اردو مطبوع۔

انھون نے بتاریخ ۹ ماہ رجب روز پنجشنبہ ۱۳۳۲ھ انتقال کیا - اور اپنے جد امجد کے پائین خطیرہ مین دفن ہوئے - قطعہ تاریخ انتقال از منشی نور الدین احمد کیفی کاکوروی سہ

متقی عالم مہذب وضعدار | شد ز کاکوری سوئے باغ جنان
گفت کیفی سال تاریخ وفات | زیب دوران بود صدر الدین خان

۱۳۳۲ھ

صفدر حسن

منشی صفدر حسن المتخلص بہ تجل - ابن منشی حمید حسن ابن منشی مقصود علی ابن شیخ طفیل علی علوی یہ شاعر خوش بیان، صاحب فہم رسا و طبع ذکا تھے - فن شاعری مین منشی محمد رضا صبر کے شاگرد تھے - حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر کے مخلص مرید تھے - حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر قدس سرہ سے بہت خلوص و اتحاد رکھتے تھے عملیات کا بھی ذوق تھا - حروف تہجی کی زکوٰۃ اپنی خواہش سے اور حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر کی اجازت سے ادا کی تھی جس سے یہ کیفیت پیدا ہو گئی تھی - کہ جس مریض کو اپنے ہاتھ سے پانی پلا دیتے تھے وہ اچھا ہو جاتا تھا - بہت سے لوگ گرویدہ اور معتقد ہو گئے تھے - کانپور مین چونکہ انکے جد منشی مقصود علی صاحب نے بہت سی املاک پیدا کر لی تھی - اسلئے زیادہ قیام وہین رہتا تھا - حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر قدس سرہ کی ان پر خاص عنایت تھی - اور یہ بھی نہایت مخلص اور معتقد تھے اور فیضیاب بھی - انکے شعر و سخن کے قیمتی ذخیرہ کا پتہ نہ چلا - معلوم نہین کیا ہوا - چند اشعار جو مل سکے درج ذیل ہے سہ

جو دیکھے اُس چمن حسن کی بہار بہار | نہ منھ دکھائے حیا ان باغ کو زنہار
کیا ہے خار غم گلرخان نے دل خونگار | برنگ دامن گلچین ہی زخم دامن دار
بنایا بلبل تصویر ناتوانی نے | اٹھی نہ آنکھ مری گو قریب تھا گلزار

ادھر بھی دیکھ کہ تیر نگہ کی خواہش مین　　کھلا ہے ہر دہن زخم صورت سوفار

سمجھ کے ابروِ خمدار تیغ کراو قاتل　　گلے کو تیغ پہ رکھ رکھ دیا ہی سو سو بار

مثال خار رہے خوار باغ عالم مین　　ہمین تو آئی نظر ایک سی خزان و بہار

ہزارون دل سے اُٹھے شعلہا ہی عالم سوز　　جب آئے یاد کسی گل کے آتشین رخسار

جما رہا ہون مین دل مین خیال ساقی کا　　بنا رہا ہون مین کعبہ کو خانۂ خمار

ہزار شکر کہ اُسنے جلا کے خاک کیا　　نہین تو ڈھونڈتے ہوتے زمین پر اے مزار

خدا کی یاد دلائی بتون کی فرقت سنے

کیا وہ کام کہ نکلے بیک کرشمہ دو کار

انھون نے کانپور مین بتاریخ ۱۴ ار محرم روز یکشنبہ ۱۳۲۴ھ انتقال کیا - اور وہین دفن ہوئے -

(ض)

ضیاء الدین

حضرت ملا ضیاء الدین محدث مدنی ۔ اُستاد حضرت مخدوم قاری نظام الدین بھکیہ رحمۃ اللہ علیہما ۔ یہ بہت بڑے فاضل رفیع القدر جلیل المنزلت تھے ۔ مدینہ طیبہ کے رہنے والے شریف خاندان سے تھے ۔ ہندوستان مین بغرض سیاحت تشریف لائے ۔ دو سال تک دہلی مین قیام رہا ۔ پھر پورب کے اضلاع مین تشریف لائے ۔ نواح لکھنؤ مین ۵ سال چار ماہ اقامت کی ۔ بہت سے لوگون نے انکی خدمت مین حاضر ہوکر علم حدیث حاصل کیا ۔ قاری امیر سیف الدین رحؒ نے بھی اپنے صاحبزادہ حضرت مخدوم نظام الدین قاری کو انکی خدمت مین پیش کیا ۔ حضرت مخدوم صاحب نے جامع الاصول و صحیح بخاری انھین سے پڑھین ۔ اور باطنی فیوض بھی حاصل کئے ۔ ایک درود شریف انھون نے حضرت مخدوم صاحب کو تعلیم فرمایا تھا ۔ جس سے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی ۔ اور بہت سے فوائد اور فیوض حاصل ہوئے ۔ اسی قصبہ مین انھون نے وفات پائی ۔ مزار شریف متصل مزار حضرت مخدوم صاحب جانب مغرب حظیرہ مین بیرون جنجری روضہ واقع ہے ۔ سنہ و تاریخ ولادت و وفات و دیگر حالات تلمذ وغیرہ نہ دریافت ہو سکے ۔

ضیاء اللہ

ملا ضیاء اللہ ۔ ابن ملا عبد الکریم ۔ ابن حافظ شہاب الدین ۔ ابن مخدوم قاری نظام الدینؒ یہ درویش کامل ۔ صاحب قدرت و تصرف ۔ عالم و حافظ و گوشہ نشین اور اپنے والد ماجد ملا عبد الکریم صاحب کے طریقہ پر اقامت گزین تھے ۔

منقول ہے کہ ایک روز ایک فقیر صاحب کمال مغلوب الحال شاہ مخی نام (جنکا مزار

پرگنہ موہان مین ہے) کاکوری آئے۔ اور مسجد محلہ قصبہ مین آکر ٹھہرے۔ وہ بھنگ پیا کرتے تھے
اُس روز اُنھون نے مسجد مین بھنگ پینے کا ارادہ کیا۔ اِنھون نے دیکھکر کہا کہ یہ خدا کا گھر
ہے۔ یہان ایسی خلاف شرع بات بہت نازیبا ہے۔ اُنھون نے ناخوش ہوکر کہا۔ کہ "ملے
مخی پاز" یعنی ایسا تیر مارا کہ کارگر ہوگیا۔ اُنکی یہ عادت تھی کہ جس سے خفا ہوتے یہی کہتے
جس کا بہت جلد اثر ظاہر ہوتا۔ انھون نے یعنی ملا صاحب نے جواب مین کہا۔ کہ مخی ترا
خالی کردم"۔ اُس روز سے اُنکے اس مقولہ کا اثر بالکل جاتا رہا۔ ملا صاحب پر تو اثر کیون
ہوتا۔ اور کسی پر بھی پھر اثر نہین ہوا۔ باقی اور حال سنہ و تاریخ ولادت و وفات دریافت
نہو سکا۔ مزار مبارک بپہلوے مزار ملا عبدالکریم صاحب متصل مسجد محلہ قصبہ واقع ہے۔

(ط)

طفیل علی

شیخ طفیل علیخان فوجدار۔ ابن شیخ محمد۔ ابن شیخ غلام نبی ۔ ابن نواب منتظم الملک خان وزیرخان شیخ جاراللہ علوی ہفت ہزاری صوبہ دار خیرآباد وغیرہ۔

یہ نہایت سنجیدہ با وجاہت ولیاقت شخص تھے۔ علوم درسیہ کی تعلیم حضرت مولٰنا حمیدالدین محدث۔ ونیز دیگر علماء سے پائی۔ حضرت شاہ محمد کاظم قلندر قدس سرہ کے خاص مریدین سے تھے سب سے پہلے یہی مرید ہوئے۔ انکے زمانہ صغرسنی مین حضرت شاہ محمد کاظم قلندر قدس سرہ نے انکے والد ماجد سے فرمایا تھا۔ کہ اس لڑکے کو مجھے دیدو۔ مین اسکی تعلیم و تربیت کرونگا۔ چنانچہ انھین نے انکی تعلیم اور تربیت کی۔ اولاً تصوف کی ضروری کتابین پڑھائین۔ پھر اذکار و افکار خاندانی بتلائے۔ اور کوئی دقیقہ دقایق درویشی۔ اور حقائق و معارف سے نہین چھوڑا جو نہ بتایا ہو۔ اور بلحاظ انکی استعداد صحیح ولیاقت صریح کے اپنے سلسلہ کا مجاز بھی فرمادیا۔

یہ نہایت باوضع اور وجیہ الصورت۔ صالح ظریف الطبع و بذلہ سنج ذو پرگو۔ باعقل و فہم وخوشخو تھے۔ بصورت باخلق و بمعنی باحق کے مصداق تھے۔ اگرچہ لباس دنیادار نہ رکھتے تھے لیکن درحقیقت تارک اور خدا پرست تھے۔ ایک بار حضرت سیدنا شاہ باسط علی قلندر رح الہ آبادی کے حضور مین حاضر ہوکر اُن سے بھی فیضیاب ہوئے۔ انکے حالات دیکھ کر ابنا ءجنس اور اہل دنیا کو حیرت ہوتی تھی۔ کہ باوجود تعلقات دنیوی کسی وقت خداپرستی اور بندگی سے غافل نہین رہتے تھے۔ امور دنیاوی مین نہایت خوش معاملہ تھے کبھی رعایا پر سختی نہین کرتے تھے جس امر کی طرف متوجہ ہوتے۔ فوراً وہ بات ہوجاتی۔ انکی عادت تھی۔ جس وقت تک کچہری مین بیٹھتے کام کی طرف متوجہ رہتے۔ بعد اُسکے پھر کچھ سروکار نہ رکھتے۔ شب بیدار۔ اور پابند اوقات و وظائف تھے۔ اور بہت بڑے باخلوص و نیاز۔

ابتدائی بخشی ابو البرکات خان بہادر کے رسالہ مین۔ نواب شجاع الدولہ بہادر کی ملازمت کی۔ بعد اُسکے راجہ جھاؤ لال اور میان الماس علیخان کے یہان ملازم رہے مفصل حالات انکے اصول المقصود اور نفحات العنبریہ مین بضمن خلفائے حضرت شاہ محمد کاظم قلندر قدس سرہ مرقوم ہین انھون نے بتاریخ ۲۰ ماہ ربیع الاول روز چہار شنبہ ۱۲۲۴ھ بوقت صبح انتقال کیا۔ قطعہ تاریخ انتقال از منشی فیض بخش مغفور کاکوروی سے

چون طفیل ازاین جہان ناگاہ رفت	از میان آشنایان شاہ رفت
وائے واویلا چہ میگویم کہ شاہ	شہ چہ باشد بلکہ شاہنشاہ رفت
ماہمہ درجنب خوبیہاش شمع	او بہ پیش ماہمہ چون ماہ رفت
شد تبہ از رفتن او عیش ما	لطف محفلہائے ما واللہ رفت
عیش ہا و لطف ہائے زندگی	آنچہ مارا بود خاطر خواہ رفت
صد گریبان چاک شد در ماتمش	نالہ و شور و فغان تا ماہ رفت
او بدنیا ہیچو ما غافل نہ بود	از حقیقت ہائے کار آگاہ رفت
سال تاریخش خرد از روئے آہ	گفت گل از باغ جار اللہ رفت

۱۲۲۴ھ

ظ

ظہور حسن

منشی ظہور حسن خان متخلص بہ نگہت ۔ ابن منشی تجمل حسن خان ۔ ابن منشی علی حسن خان ۔ ابن منشی معشوق علیخان ۔ ابن شیخ طفیل علیخان فوجدار

یہ بتاریخ ۱۰۔ ماہ ربیع الاول ۱۲۷۷ھ بمقام امام باغ (کاکوری) پیدا ہوے۔ سات سال کی عمر تک کاکوری مین رہے ۔ اور ابتدائی تعلیم حاصل کی۔ بعدہ لکھنؤ مین قیام کیا اور تعلیم انگریزی مین مصروف ہوے ۔ لیکن چونکہ پانچ سال کی عمر مین باپ کا سایہ سر سے اُٹھ چکا تھا لکھنؤ کا قیام ممکن نہوا ۔ اور کاکوری واپس آئے ۔ اور دو سال تک اقارب کالعقارب کی پوشیدہ و علانیہ نیش زنی کی تکلیف برداشت کرتے رہے ۔ بالآخر پریشان ہوکر ۔ اپنے ماموں قاضی عبد العلی صاحب کے یہان قصبہ امیٹھی بندگی میان مین جا رہے

انھون نے علم فارسی منشی امیر حیدر آمیر امیٹھوی میر منشی دردولت لکھنؤ سے ۔ اور نیز منشی تفضل حسین امیٹھوی میر منشی رزیڈنسی لکھنؤ سے جو بعد غدر امیٹھی مین خانہ نشین تھے حاصل کیا اور کتب عربیہ مولوی حاجی شیخ یوسف علی گوپاموی مفتی و صدر الصدور بھوپال سے پڑھین۔ بعدہ گونڈہ چلے گئے ۔ اور مدۃ العمر ریاست بھنگا کے بعض مواضعات کی مستاجری کے کاروبار مین مشغول رہے

یہ اُردو فارسی نظم و نثر اچھی لکھتے تھے مدتون اودھ پنچ کی نامہ نگاری کرتے رہے۔ شعر گوئی مین ابتدا ہی سے کافی شہرت حاصل کرلی تھی ۔ نظم فارسی مین مولوی محمد احسن احسن بلگرامی سے ۔ اور نظم اُردو مین منشی امیر احمد آمیر مینائی سے تلمذ تھا نگہت تخلص کرتے تھے۔ تذکرۂ روز روشن جلد چہارم شمع انجمن مین ہے۔

"نگہت ۔ قاضی ظہور الحسن خان ۔ خلف الصدق منشی تجمل حسن خان از مخدوم زادگان د

متوطنان قصبہ کاکوری متعلق شہر لکھنؤ مضافات بصوبۂ اختر نگر اوودھ است۔ در ایام صبا صرصر یتیمی بر نونہال وجودش وزید۔ وزمانیکہ بسن تمیز رسید۔ روزگارے با فدا حسن خان عم اعظم خودش بود ہرچند جادۂ اطاعتش پیمودہ۔ اما عمش بمقتضائے فکم عم یکون الغم منہ مساہمت وے در ترکۂ آبائی نہ پسندید۔ وبر وش باطل کوشی پیش حکام فرنگ اورا محجوب الارث قرار دادہ بجائے خود رسید۔ ناچار نگہت دل از وطن آبائی برکندہ بخانہ خال خوش خصال خویش قاضی عبد العلی در امیٹھی اقامت گزید۔ وبا دختر نیک اخترش تزوج گردید واز ینجا بقاضی ظہور الحسن مشتہر گشت ذہنے مستقیم وفکرے سلیم وبانامہ نگار قرابت وطنی قدیم ومحبت قلبی صمیم دارد واصلاح سخن از اُستادی مولوی محمد احسن احسن میگیرد۔ در ابتدائے شوق سخن سنجی خود را تخلص فرقت شہرت داد۔ اینک نگہت دل پسندش افتاد۔

انکے فارسی واردو کلام سے جس کا بیشتر حصہ غیر مطبوعہ ہے۔ چند اشعار درج ذیل ہین ؎

اشعار فارسی

مگر باد صبا از کوئے آن عیسیٰ رسید اینجا ۔۔۔ کہ روح تازہ در قالب گلہا دمید اینجا

دل ما کعبہ و بتخانہ کجا می داند ۔۔۔ ما طلبگار بتانیم خدا می داند

ز داغ سینہ بس ننگم کہ این ظالم بسوز خود ۔۔۔ زند آتش بجان زار و بیباکانہ میسوزد

دارم ز تیغ زلف او صد زخم خندان در بغل ۔۔۔ ہر زخم از مشک ختن صد نافہ پنہان در بغل

جنون دستیکہ در دشتے رسیدن آرزو دارم ۔۔۔ بہار سبزۂ نورستہ دیدن آرزو دارم

چہ پروا گر نگوید حال زار من کسے با تو ۔۔۔ کہ از حال دل دلدادگان ہر دم خبرداری

کشی بے وجہ صد عاشق بیک تیغ نگہ ظالم ۔۔۔ ز قتل بیگناہان کو چہ خود کربلا داری

بزلفش گردنم بستند طوق از من چہ میخواہد ۔۔۔ سراپا داغ داغم مہر فوق از من چہ میخواہد

کشادم چشم بر روئے تو در عالم نظر بستم ۔۔۔ باین بستن کشادن زنگ الفت خوب تر بستم

الا کے سست گردد عہد من از سختئ ہجران ۔۔۔ کہ من پیوند الفت با جفا جو سخت تر بستم

سکر با تیر مژگان کسے دارم حذر از من | دل دیوانہ ہر دم نہوک نیشتر بستم
طبیب مہربان بگذر ز من در فکر مرہم ہم | ببین من سودۂ الماس بر داغ جگر بستم
کجا آزادگی نکہت کہ کردم ربط باز لفش | جنون دست مرا کبشا و دمن بند دگر بستم

اردو

زیان بیچتے ہین نہ وان بیچتے ہین | دو اور درد دل کی کہان بیچتے ہین
ستم دیکھیے جائینگے گلچین کے کس سے | صبا لے تو ہم آشیان بیچتے ہین

پونچھ لو آہ بے اثر سے ذرا | قسمین کھاتی ہے نارسائی کی
کیون بچھاتے ہین جال پھر صیاد | کیا خبر ہے مری رہائی کی
کانٹے انکی گلی مین بچھتے ہین | داد دینگے برہنہ پائی کی

جاتے ہو کہان یہان تو آؤ | بیزار ہو کیون سبب بتاؤ
کس ناز سے وصل مین کہا یہ | جلتا ہے۔ چراغ کو بجھاؤ
غش آیا مجھے وہ کہہ کے بھاگے | یان مرنے ہی آئے تھے اٹھاؤ
باسی ہارون سے کیون ہو الجھے | دو چار مرے گلے لگاؤ
اس طرح نکالو ن حسرت دید | آنکھین ہی ذرا مجھے دکھاؤ

انکو ابتدائے عمر سے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس سے عشق تھا نعتیہ اشعار سنکران پر بیخودگی و محویت طاری ہو جاتی تھی سلسلہ چشتیہ مین انکو حضرت حافظ یار محمد زبیدپوری سے بیعت تھی۔ انتقال سے ۳ سال قبل گوشہ نشین ہوکر تمام وقت نماز و عبادت مین مصروف رہتے تھے بالآخر بتاریخ ۲۰ ربیع الاول بروز جمعہ ۱۳۳۰ھ مطابق ۲۷ دسمبر ۱۹۱۱ء بحالت نماز سجدہ اول مین راہی ملک بقا ہوے۔ اور وہین امیٹھی مین پیوند خاک ہو گئے۔

انکے بیٹے قاضی خادم حسن وکیل مولف تاریخ قصبہ کاکوری و ریاض عثمانی و صبح بہار وغیرہ بہت لائق و قابل ذہین و طباع شاعر ہین فضلی تخلص کرتے ہین۔ اور نعتیہ اشعار کہتے ہین۔ فی الحال لکھنؤ مین وکالت کرتے ہین۔ ابقاہ اللہ تعالی

(ع)

عابد علیخان

قاضی عابد علیخان متخلص بہ فریاد - ابن قاضی محفوظ علیخان - ابن احتشام الدولہ ممتاز الملک عالیجاہ - قاضی حافظ علیخان بہادر عباسی -

انکو عربی و فارسی مین کامل دستگاہ تھی - فن انشار پردازی مین غالب مرحوم کے شاگرد تھے پنج آہنگ مین رقعہ بھی انکے نام موجود ہے - یہ بہت اچھے شاعر و دقیقہ سنج تھے - فریاد تخلص کرتے تھے - اردو مین نواب سید محمد خان رند کے شاگرد ہوئے - جنھون نے انکو اپنے استاد خواجہ حیدر علی آتش کی خدمت مین پیش کیا - اُنھون نے بھی ذکاوت و طباعی کی بہت تعریف کی - اِن کا ایک مکمل دیوان اور چند مختلف نظمین تھین جن مین سے دو نظمین موسومہ نالۂ عاشقانہ و نالۂ عارفانہ طبع ہو چکین - دیوان اور بقیہ حصۂ نظم و نثر دستبرد زمانہ سے ضایع ہوگیا - اُردو کلام کا بہت مختصر سا حصہ مجھے مِلسکا جو نذر ناظرین ہے ؎

مرے یہ مژدۂ گُل لیکے ہمصفیر آیا ۔۔۔ مجھے پیام رہائی دم اخیر آیا

ہوس دلاتا ہی ہر دم جنون بیابان کی ۔۔۔ لو اور دیکھو یہ اچھا مرا مشیر آیا

نمود سبزۂ خط سے گیا غبار اُنکا ۔۔۔ پیام صلح کا لیکر نیا سفیر آیا

نگاہِ گرم سے دیکھا جو مین نے نالہ کیا ۔۔۔ ادھر سے برچھی چلی اور اُدھر سے تیر آیا

حضور حضرت اُستاد جب گیا فریاد ۔۔۔ یہ غُل ہوا کہ شہنشاہ کا وزیر آیا

مُرغانِ قفس حیب رہو شیون نکرو تم ۔۔۔ اچھا نہین صیاد کو دشمن نکرو تم

دل چاک چاک ہوگیا کچھ غم نہین رہا ۔۔۔ اچھا ہوا جو قابل مرہم نہین رہا

ہوگیا ہے خانۂ تن زعفرانی ان دنون ۔۔۔ رنگ لائی ہے ہماری ناتوانی ان دنون

ماہرویون نے دیے ہین داغ مجھ کو اسقدر ۔۔۔ بنگیا ہے دامنِ دِل کا مدانی ان دنون

مرگیا زندان میں پابند جنوں شاید کوئی، خانۂ زنجیر میں ہے نوحہ خوانی ان دنون

ہے زلف تری سنبل پیچان تو نہین ہے یہ خواب مرا خواب پریشان تو نہین ہے
ہر مرتبہ پڑتی ہین جو آنکھین ترے خط پر یہ سبزہ چراگاہ غزالان تو نہین ہے
روتا ہی اگر ابر تو بیتاب ہے بجلی تابوت مرا بے سروسامان تو نہین ہے
اے جان بھلا آپکو دکھلاؤن مین کیونکر یہ کچھ داغ کلیجہ کا نمایان تو نہین ہے

خفا ہو گئے بیوفا کہتے کہتے مین کہنے لگا کیا سے کیا کہتے کہتے
لب زخم خندان سے پوچھے تو کوئی کہ کیون چپ ہوئے ماجرا کہتے کہتے
مین کس کس سے کہتا پھرون درد اپنا کہ آتی ہے مجھکو حیا کہتے کہتے
ستم ہاے گردون گردان نہ پوچھو کہ سر پھر گیا ماجرا کہتے کہتے
کسی کی نہین میری تقصیر ہے یہ خفا ہو گئے بے وفا کہتے کہتے

انکی شاعری کا شہرہ جب دربار شاہی لکھنو تک پہونچا۔ تو یہ طلب ہوئے۔ انھون نے عرضداشت اور قصیدۂ مدحیہ لکھکر پیش کیا۔ بادشاہ اودھ واجد علی شاہ بہادر بہت خوش ہوئے اور حسب دستور قدیم خاندانی انکوبھی سات پارچہ کا خلعت عطا کیا یہ حضرت شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ کے مخلص مریدین سے تھے

ان مین انتظامی قابلیت بہت تھی۔ دونون بھائیون مین یعنے ان مین اور قاضی وصی علی خانصاحب مین بہت اتحاد تھا۔ علمی مشغلہ کو یہ بہت زیادہ پسند کرتے۔ ایک تاریخ اس قصبۂ کاکوری کی موسومہ بہ صبح وطن لکھنا شروع کی تھی۔ افسوس کہ عمر نے وفا نہ کی۔ اور وہ تمام نہ ہو پائی۔ اگر تمام ہو جاتی تو بہت اچھی تاریخ ہوتی۔ جتنا حصہ کہ موجود ہے یہ شاعری کا عمدہ نمونہ ہے۔

انھون نے بتاریخ ۲۵ ماہ شوال ۱۲۹۶ھ بعارضۂ تپ ولرزہ انتقال کیا۔ اور محلہ قاضی گڈھی کاکوری مین اپنے خاندانی قبرستان مین دفن ہوئے۔

عابد علی عرف ملکھرا شاہ

انکے خاندانی حالات نیز یہ کہ کہاں کے باشندے تھے۔ کاکوری مین کیسے آئے۔ اسکا پتہ نہین چلتا۔ یہ زمرۂ مجاذیب اولیا اللہ سے تھے۔ جذبی حالت بہت غالب تھی۔ بالکل برہنہ رہتے تھے۔ کاکوری کے عمایدین انکے بہت معتقد تھے مفتی خلیل الدین خان بہادر کو بھی ان سے بہت عقیدت تھی۔ فرط شفقت مین اکثر یہ اُنکے مکان پر بھی جایا کرتے تھے۔ جب سن زائد ہوا اور معذوری ہوئی۔ تو چار لڑکون کو اپنی خدمت مین رکھا تھا۔ وہ چارون انکو مثل مردے کے اُٹھا لیجاتے جو کچھ ملتا وہ سب اُنھین لڑکون کو تقسیم کردیتے۔ اکثر مفتی صاحب ہوادار بھیجدیا کرتے تھے۔ یہ اُس ہوادار پر سوار ہوکر اُنکے یہان آتے مگر لڑکے ضرور ساتھ ہوتے۔ چنانچہ مشہور ہے کہ مفتی صاحب نے اپنے ملازمین کو حکم دے رکھا تھا۔ کہ کوئی شخص بغیر اطلاع اندر نہ آنے پائے اُسی کے دوسرے روز حسب دستور شاہ صاحب گئے۔ جب اندر جانا چاہا۔ تو ملازمین نے روکا یہ وہین بیٹھ گئے اور بڑ بڑانا شروع کی۔ مفتی صاحب کو خبر ہوئی وہ خود آکر بہت منت و سماجت سے ان کو لے گئے۔ اندر پہونچکر یہ اُنسے کہنے لگے۔ کہ جو کتے تمنے پالے ہین بہت بھونکتے ہین۔ کچھ دنون مین کاٹنے دوڑینگے۔ مفتی صاحب نے معذرت کرکے نذر پیش کی۔ انھون نے لیکر لڑکون کو دیدیا۔ شاہ منصب علی خلیفۂ حضرت شاہ کرامت علی رح انسے بھی فیضیاب تھے۔

منقول ہے کہ جب انکا انتقال ہوا تو پیر ٹیڑھے ہوگئے تھے۔ سیدھے ہی نہین ہوتے تھے۔ شاہ منصب علی نے دیکھکر کہا کہ چچا اب پیر سیدھے کرلیجئے فوراً سیدھے ہوگئے۔ اسی کے ساتھ کروٹ بھی لی۔ پھر شاہ صاحب موصوف نے عرض کیا کہ فقیرون سے ان باتون سے کیا واسطہ۔ فوراً یہ حالت رفع ہوگئی۔ اور مثل مردہ کے ہوگئے۔

انھون نے ۲ ذیقعدہ کو بعمر ۹۰ سال انتقال کیا۔ مزار قریب محلہ ولی نگر کاکوری میدان مین نیم کے درخت کے نیچے واقع ہے۔ زائد حال نہ دریافت ہوسکا۔

عاشق اللہ

شاہ عاشق اللہ قلندر۔ انکا اصلی نام منگل خان تھا۔ یہ قوم افاغنہ سے تھے۔ اکبرپور ضلع کانپور کے رہنے والے تھے۔ آباوا جداد انکے صاحب وجاہت واثر جاگیردار و منصب دار تھے۔

بدو شعور سے انکی طبیعت مین وارستگی اور درویشی کی جانب میلان تھا۔ فقرا کی خدمت مین زیادہ حاضری دیتے۔ اور مرشد کامل کے متجسس رہتے بالآخر بمقتضائے من طلب وجدٌ فوجد۔ جس زمانہ مین شیخ محمد حیات کاکوروی۔ الماس علیخان نواب ناظر کی طرف سے اکبرپور کے عامل تھے وہان میر رحم علی فیض آبادی سے جو حضرت عارف باللہ شاہ محمد کاظم قلندر کے معتقدین خاص اور خود بھی صاحب ذوق و صاحب دل تھے ملاقات ہوئی۔ انھون نے ایک روز حضرت صاحب موصوف کا تذکرہ کیا۔ یہ مشتاق ہوکر حاضر خدمت ہوئے۔ چونکہ طالب صادق تھے بمجرد ملاقات فرط مسرت و محبت سے رونے لگے۔ حضرت صاحب نے ان کو قیام کا حکم دیا۔ پھر چند مہینون کے بعد سلسلہ عالیہ قادریہ مین مرید کیا۔ اذکار و افکار۔ اوراد و اشغال کی تعلیم فرمائی۔ اکثر رسایل تصوف بھی پڑھائے۔ پھر لباس فقر عنایت کیا۔ یہ بوجہ اپنے حسن استعداد کے بہت مقبول تھے۔ سفر و حضر مین ہمیشہ ساتھ رہتے۔ حضرت صاحب جس زمانہ مین اسم یاباسط کی زکوٰۃ دینے کے لئے حسب طلب اپنے پیرو مرشد حضرت سیدنا شاہ باسط علی قلندر آستانہ دمگڈہ شریف ضلع الہ آباد پر حاضر ہوئے۔ تو یہ بھی ساتھ تھے۔ لوح دھونے کی خدمت انھین سے متعلق تھی۔ حضرت شاہ باسط علی قلندر بھی انکے حال پر بہت عنایت فرماتے۔ اور عارف باللہ کا فقیر فرمایا کرتے۔

ابتدا مین ایک روز ان کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی تھی۔ آنحضرت نے اپنی کلاہ مبارک انکے سر پر رکھ کر **منعم شاہ** نام عطا فرماکر ارشاد کیا کہ مین نے تجھ کو ہلاکت کونین سے نجات دی۔ تمام امور فقر مین انکو حضرت عارف باللہ سے اجازت تھی۔ بقیہ عمر انھین

انکی خدمت مین بسر کی۔ بجز دو مرتبہ کے گھر اپنے مکان نہین گئے۔ ریاضات و مجاہدات ترک و تجرید مین اپنے اقران و اماثل مین یکتا تھے۔ اور بہت بڑے صاحب حال اور قوی التصرف تھے۔ اکثر کہا کرتے تھے کہ مین نے خدا سے دعا کی تھی کہ مجھکو مرشد صاحب شرع جامع کمالات شفیق و جوان ملے۔ چنانچہ سب باتین مراد کے موافق ملین۔ مگر اسقدر فرق ہوا کہ حضرت پیر و مرشد نے مجھ سے پہلے وصال فرمایا۔

وفات انکی بتاریخ ۴۔ ماہ رمضان المبارک روز یکشنبہ ۱۲۲۱ھ چار ماہ بعد اپنے پیر و مرشد کے ہوئی۔ مزار انکا بیرون دروازہ مسجد خانقاہ شریفہ زیر درخت انبہ اندرون حظیرۂ خشتی واقع ہے لوح مزار پر قطعہ تاریخ انتقال مرقومہ مولوی شریف الدین مرحوم کاکوروی کندہ ہے وھو ہذا ؎

از شاہ کاظم یافتہ تاج خلافت عارفے	روح و روان عاشقان شہ عاشق اندنام او
چون رابع رمضان شدہ بعد سحر شہ ہفتم	در پردۂ معشوقیت آن عاشق پاکیزہ رو
ناچار دل گفتہ زمن در فکر سال رحلتش	سنہ یکہزار و دو صد و بست و یکم ہجری بگو

انسے اشاعت سلسلہ نہین ہوئی یعنی انھون نے نہ کسی کو مرید کیا اور نہ خلافت دی۔ رحمۃ اللہ علیہ

عاشق علی خان

نواب امیر عاشق علیخان بہادر سفیر شاہ اودھ۔ ابن شیخ طفیل علیخان فوجدار۔ انکی ولادت ۱۱۹۵ھ مین ہوئی۔ بخشی ابو البرکات خان بہادر کاکوری نے قطعہ تاریخ ولادت نظم کیا تھا جو درج ذیل ہے ؎

چون بمشکوے طفیل آمد خلفے،	کو سراپا بخت و اقبال آمدہ،
سال تاریخ ولادت را سروش	زد رقم با بخت و اقبال آمدہ۔

۱۱۹۵ھ

یہ بہت بڑے معزز و متقدر صاحب جاہ و ثروت تھے مفتی خلیل الدین خان بہادر کے بعد یہ

عہدۂ سفارت اودھ پر مامور ہوئے۔ عرصہ تک کلکتہ مین شاہ اودھ کے سفیر رہے۔ ۱۴ رجب روز پنجشنبہ ۱۲۴۳ھ کو علاوہ و خلعت سابق کے ایک اور خلعت معہ پالکی جھالردار و فیل عطا ہوا۔ جب اُسکے مستعفیے ہوگئے۔ جاہ و ثروت بہت پیدا کی۔ علاوہ دُنیوی عزت و حشمت کے۔ درویش صفت بھی تھے۔ حضرت شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ کشف المتواری مین لکھتے ہین۔

"عاشق علی خان بہادر مرد فہمیدہ و سنجیدہ و نخیر است۔ در عہد دولت و اقتدار خود کسے را رنج دہ نشدہ بلکہ حسب حال با یگانہ و بیگانہ خود خدمت شایستہ کردہ میکنند از بد و عمر نصیبہ ور و بے شراست درین آخر عمر نہایت مزاج مایل بہ تصوف است وقات خوش دارد باوجود فراغت و دولت وارستہ از بے تعلقی بسر میکنید۔ مذاق توحید وجودی دارد اکثر وقت کتب تصوف در مطالعہ می باشند بالفعل بود و باش خود در دانا پور اختیار کردہ است۔ مکانے خوب و بستانے مرغوب آنجا آراستہ است درصورت اہل دنیا بسیرت درویشان پیراستہ است۔ خدایش عمر دراز دہد در روز بروز توفیق خیر و اعمال نیک وے در ترقی دارد کہ با فقیر خیلے ربط و محبت دینی است"

بیعت ان کو حضرت سیدنا شاہ محمد کاظم قلندر قدس سرہ سے تھی۔ اور تعلیم و تربیت حضرت غوث ملت شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ سے۔ جیسا کہ خود حضرت غوث ملت کے مکتوبات سے جو انکے نام ہین (اور کتاب مطالب رشیدی کے خاتمہ پر درج ہین) معلوم ہوتا ہے۔

انکے مصنّفات سے حسب ذیل رسایل ہین (۱) ذخیرۃ العقبےٰ فی فضائل ایۃ الہدےٰ مطبوع (۲) رسالہ کلمۃ الحق غیر مطبوعہ (۳) رسالۂ نقد دل غیر مطبوعہ۔

وفات اُنکی کلکتہ مین بتاریخ ۱۰ ماہ رمضان المبارک روز شنبہ ۱۲۵۶ھ مطابق ۷ نومبر ۱۸۴۰ء ہوئی اور وہین کلکتہ مین دفن ہوئے۔ قطعہ تاریخ وفات از منشی امیر حسن خان بسمل کاکوروی سے

دریغ و صد ہزار افسوس کامروز	دل از مرگ پدر دارم پریشان
فغان کز دور چرخ فتنہ پرداز	نشستم بندہ در خیل یتیمان
خدنگ ماتمم در مغز جان رفت	جگر شد چاک و خون بارید مژگان

قبائے آسمان زنگار گون نیست، | مہِ نو نیست بر گردون نمایان
دریغا دست ما دست دعا بود | بسر می افتدم اکنون بہ افغان
اگر پرسند سال انتقالش | بہ حسرت گو کجا عاشق علی خان
۱۲۵۶ھ

عالم علی

منشی عالم علی متخلص بہ شوخی ابن منشی کاظم علی ابن منشی یوسف علی ابن منشی شرافت علی ابن منشی غلام مرتضےٰ مصنف جواہر الانشا ۔ یہ نہایت قابل اور فارسی کے بہت بڑے ماہر تھے۔

راجہ درگا پرشاد سندیلی بوستان اودھ مین لکھتے ہین:۔

"منشی کاظم علی بروش پدر سخن میگذارد۔ اما پسرش منشی عالم علی طرزِ خاص اختیار کردہ نظم و نثر ہر دو بنہایت خوب میگوید و سخن بلیغ می سراید ظن غالب آنست کہ در چند روز از نامواران این دیار گردد۔"

بیعت ان کو حضرت شاہ حیدر علی قلندر قدس سرہ سے تھی ۔ حضرت والد ماجد مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر قدس سرہ کے مسترشدین سے تھے نظم و نثر دونون بہت اچھی لکھتے ۔ دری زبان خوب جانتے تھے ۔ حیدر آباد مین مدت تک رہے ۔ وہان ایرانیون سے برابر ملاقات رہی اُن لوگون کی صحبت مین بیٹھنے کا زائد اتفاق ہوا ۔ اور یہان کاکوری مین بھی منشی عبد الحی عرشی کی فیض صحبت نے بہت کچھ اثر کیا ۔ ایک میلاد شریف بھی لکھا تھا جو حیدر آباد مین چھپ کر شایع ہوا ۔ انکا فارسی کلام بہت ہے قصاید بھی ہین غزلین بھی ہین ۔ کچھ کلام درج ذیل ہے:

"دل دیوانۂ من بردہ بنازے عجبے | عشوہ بازے عجبے عربدہ سازے عجبے
شب غم شدہ کوتاہ و بپایان نرسید | من و افسانۂ گیسوے درازے عجبے
ہر دم ستیم غرض شکوہ ز طرفین نماند | او بہ نازے عجبے من بہ نیازے عجبے
گوش بگذار دمے تا بہ تو گویم اے دوست | قصۂ الفت محمود و ایازے عجبے
تف برین طاعت زہاد کہ این اہل ریا | می فریبند جہان را بہ نمازے عجبے

واے بر من کہ نسبت بدر ساقی بخلوت نشود
با رقیبان بدوش راز و نیائی بعجبے

ساقی بدہ آن قوت جان کش ذوق زبان پرورد
از رخ دماند ارغوان در دل گلستان پرورد

قطرہ از و تابان گہر ذرہ از و رخشان قمر
ساغر از و شام و سحر مہر درخشان پرورد

آید بشیشہ چون پری رخشد چہ ماہ و مشتری
در تن کند جان پروری از خاک انسان پرورد

عشرت دہا شد درد را علت برد غم خوردہ را
یک جرعہ اش آزردہ را دل بخشد و جان پرورد

بر رخ فزاید رنگ را از دل زداید زنگ را
صد دانش و فرہنگ را در طبع نادان پرورد

از لالہ سازد ساتگین در گل بر آرد انگبین
بادش نسیم مشک چین در مغز امکان پرورد

در غنچہ بگشاید چو لب یاقوت سازد از خذف
از قطرہ در بطن صدف گوہر بعمان پرورد

ہر درد را باشد دوا کم زور را نسرو فزا (بمعنی طاقت)
بیمار را بخشد شفا اندر دو درمان پرورد

جاہل شود قابل از و ناقص شود کامل از و
آسان شود مشکل از و ہر مشکل آسان پرورد

عبد الاحد

شیخ عبد الاحد۔ ابن شیخ ہدایت النبی۔ ابن شیخ کرامت اللہ ابن شیخ بدیع الزمان ابن شیخ عنایت اللہ۔ ابن شیخ مینا۔ ابن شیخ محمد مکرم۔ ابن شیخ عبد الواحد۔ ابن مخدوم شیخ قیام الدین صدیقی۔

یہ زیادہ تر کلکتہ مین رہے۔ علوم عربی و فارسی مین بہت قابل تھے۔ جو انگریز کہ ولایت آتے تھے انکو تعلیم دیتے۔ چنانچہ کرنل سیلی۔ و میکناٹن کہ جو بہت بڑے مصنف گذرے ہین اور شرح محمدی کے متعلق جنھون نے بہت مبسوط کتابین لکھین انھین کے شاگرد تھے۔ کلکتہ مین یہ بہت ذی عزت سمجھے جاتے تھے۔ اور بہت ہی وقعت کی نظر سے دیکھے جاتے۔ آخر مین غدر سے قبل وطن آئے یہان سے پھر آگرہ گئے۔ اور وہان عدالت صدر دیوانی مین منشی ہوگئے۔ وطن آئے تھے کہ پیام اجل آپہونچا یہین انتقال کیا۔ اور متصل اپنے مکان کے املی کے

درخت کے نیچے اپنے چچا شیخ کلیم اللہ شہید کی قبر کے برابر جانب مغرب دفن ہوے ۔

عبدالباسط

مولوی عبدالباسط ابن شاہ رحیم باسط انھون نے کتب درسیہ مولوی حسین احمد محدث ملیح آبادی سے پڑھیین ۔ بہت ہی لائق وقابل شخص تھے حضرت غوث ملّت مولانا شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ سے بیعت تھی ۔ اپنے پیر ومرشد کے بڑے عاشق وجان نثار و سچّے فدائی تھے ۔ رات دن خدمت مین حاضر رہتے ۔ اور فوائد وبرکات حاصل کرتے ۔ حضرت غوث ملّت کے دیوان کی کتابت بھی انھین سے متعلق تھی ۔ جسکے بارہ مین منقول ہے کہ حضرت غوث ملت نے کبھی تکیہ شریفہ پر شعر نہین کہا ۔ بلکہ بستی کی آمد ورفت مین دو غزلین کہہ ڈالتے تھے ۔ اور واپسی پر اِن سے فرماتے کہ عبدالباسط لکھو یہ لکھ کر شام کو سُناتے تب اُسپر اصلاح دیجاتی ۔

انکی محبت وخلوص کے متعلق یہ واقعہ حوض الکوثر مین مرقوم ہے ۔ کہ حضرت غوث ملّت کے وصال کے دوسرے روز اُنکا مزار شریف گر گیا تھا ۔ یہ مزار شریف صاف کرنے کے لئے قبر مین اُترے ۔ جب مٹی صاف کر چکے ۔ تو خیال پیدا ہوا کہ ایک مرتبہ اور حضرت پیر ومرشد کی زیارت کر لینا چاہئیے ۔ کفن جب کھولا تو دیکھا کہ چہرۂ مبارک نہایت فرحان وشادان اور منور ہے ۔ اور مونچھین چڑھی ہوئی ہین ۔ اور شجرہ جو دفن کے وقت سرہانے طاق مین رکھا گیا تھا ۔ وہ سینۂ مبارک پر کھلا ہوا رکھا ہے ۔ اور انگشت شہادت حضرت قطب الاقطاب شاہ مسعود علی قلندر قدس سرہ یعنے اپنے پیر ومرشد کے نام نامی پر رکھی ہوئی ہے ۔ یہ دیکھ کر انھون نے اور حاضرین آستانہ کو بھی بُلا کر زیارت کرائی ۔

انکا معمول تھا کہ روزانہ مزار شریف پر جھاڑو دیتے ۔ جو کچھ خاک ہوتی اُسکو گھر لیجا کر جمع کرتے ۔ اور یہ وصیت کی تھی کہ میرے مرنے کے بعد یہ سب خاک میری قبر مین ڈالدیجائے چنانچہ دو تین مٹکے خاک نکلی تھی ۔ جو حسب وصیت قبر مین بچھادی گئی ۔ اپنے پیر ومرشد کے عرس

کے قائم کرنے مین بھی یہ بہت ساعی تھے۔ اُنکی وفات کے بعد یہ بہت مغموم رہتے تھے۔ اسی غم مین پورے دو سال کے بعد بعارضۂ تپ غرمن انتقال کیا۔ انتقال سے چندروز قبل اعزہ مین سے کسی نے خواب مین دیکھا تھا۔ کہ حضرت غوث ملت انکے یہان تشریف لئے جا رہے۔ لوگون نے پوچھا فرمایا کہ "عبدالباسط کا لے جات ہون"۔

انھون نے بتاریخ ۲۵ ماہ جمادی الاولیٰ روز یکشنبہ ۱۲۷۷ھ انتقال کیا۔ اور خاندانی قبرستان واقع تکیہ شریفیہ مین اپنے پیر و مرشد کی درگاہ شریفیہ کے قریب دفن ہوئے۔ قطعۂ تاریخ وفات از منشی محمد رضا صبر کاکوروی ؎

آہ کامشب ز جور لشکر غم	کشور صبر و تاب غارت شد
آن سرائے کہ عیش سامان داشت	منزل صد ہزار آفت شد
آن مکانے کہ بود صحن چمن	خارزار و مقام وحشت شد
چون ننالم کہ تاب ضبط نماند	چون نگریم کہ سلب طاقت شد
عبد باسط ز دل عزیزم بود	زینجہان شب بکوئے جنت شد
از غم فرقتش دلم خون گشت	بحر خون چشم تر ز رقت شد
حیف آن زہد و آن عبادت او	اُف بر عمرش کہ صرف طاعت شد
آہ صد آہ بر صلاح شباب	کہ باین سن بزرگ سیرت شد
بود زاول فدائے شاہ تراب	خاتمہ خوش بخیر نیت شد
اتفاق جہانیانست برین	کہ کسے کم باین عقیدت شد
چون ز دل او غلام مرشد بود	دفن پیش مزار حضرت شد
چون بہ تحریر سال تاریخش	صبر و غمدیدہ را مصیبت شد
گفت پیر فلک بصد اندوہ	نوجوان مرد بس قیامت شد

۱۲۷۷ھ

عبد الباقی

مولوی عبدالباقی خان صوبہ دار گلبرگہ دکن، ابن حافظ عبدالصمد شہید متخلص بہ یوسفی ابن منشی رسول بخش شہید۔ ابن منشی فیض بخش ملکزادہ کاکوروی۔

انھون نے تعلیم و تربیت حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر و حضرت مولانا شاہ علی اکبر قلندر سے پائی۔ اور فارغ التحصیل ہوئے۔ نہایت قابل ولائق تھے۔ بحُسن قابلیت و استعداد و سے انکے جملہ اساتذہ اور خصوصاً حضرت مولانا شاہ علی اکبر قلندر ان پر بہت عنایت فرماتے تھے۔ ریاست حیدرآباد دکن مین ابتداءً بعہدہ مددگاری مال مقرر ہوئے۔ پھر ترقی کرتے کرتے صوبہ داری تک پہونچے۔

بیعت ان کو حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر سے تھے۔ فارسی کی تعلیم انھون نے اپنے چچا منشی عبدالحی متخلص بہ عرشی سے پائی۔ بہت سخی مہمان نواز کریم النفس شخص گذرے ہین ماہ صفر ۱۳۱۰ھ مین انتقال کر گئے۔ اور بمقام گلبرگہ حریم روضہ حضرت گیسو دراز مین دفن ہوئے انھون نے دو بیٹے یادگار چھوڑے۔

بڑے بیٹے منشی تقی حسن۔ جو بعد تعلیم مختصرات حیدرآباد گئے۔ اور وہان سوم تعلقداری پر مامور ہوئے۔ فی الحال بعہدہ نظامت عطیات مامور ہین۔ اور بخطاب نواب تقی یار جنگ ممتاز شعر و شاعری سے بھی ذوق ہے احسان شاہجہانپوری سے تلمذ رکھتے ہین۔

چھوٹے بیٹے منشی تقی حیدر بھی ریاست حیدرآباد مین ملازم ہین۔ اور شعر و سخن سے کافی ذوق رکھتے ہین۔ انوری تخلص ہے۔ ان دونون بھائیون کو حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر سے بیعت ہے۔ ابقاهما اللہ۔

عبدالحفیظ علوی

مولوی حافظ عبدالحفیظ۔ ابن شیخ اکبر علی۔ ابن حافظ غلام مرتضےٰ۔ ابن حافظ عزیز اللہ۔

ابن حافظ حفیظ اللہ۔ ابن شیخ امین الرحمن۔ ابن ملا عصمت اللہ۔ ابن ملا عزیز اللہ۔ ابن حضرت ملا عبد الکریم۔

ان کو علوم درسیہ مین پوری دستگاہ تھی۔ مختلف علما کے حلقہ درس مین شریک ہوئے۔ نہایت قابل اور صوفی نقش منشخص تھے۔ صغر سنی مین کلام اللہ نہین یاد کر سکے تھے۔ اُسکو بزمانۂ شباب بحالت ملازمت پورا کیا۔ ملازمت مین عہدۂ تحصیلداری تک ترقی پائی۔ پھر پنشن پاب ہوکر خانہ نشین ہوگئے۔ بہت منکسر نیک مزاج متشرع و متورع و متدین تہجد گذار باوضع و باشفقت بزرگ تھے۔ اوراد و وظائف و نوافل کے بہت پابند تھے۔ بیشتر وقت تصنیف و تالیف مین صرف ہوتا۔

بیعت ان کو حضرت مولانا شاہ حیدر علی قلندر سے تھی۔ اور باطنی تعلیم حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر سے۔ انکی خدمت مین برابر آیا کرتے۔ اور علمی مذاکرات مین وقت صرف کرتے۔ اشعار عربی و فارسی و اردو تینون زبانون مین کہتے۔ کتابین بھی اچھی جمع کی تھین۔

انھون نے حسب ذیل تصنیفات چھوڑے (۱) فضائل احمدی مطبوع (۲) شہادت نامہ منظوم (۳) رسالہ قرأت (۴) رسالہ درحال حضرت عثمان ذی النورین رضی اللہ عنہ (۵) رسالہ در بیان خلق (۶) رسالہ در بیان سخاوت وغیرہ (۷) شرح اُردو مثنوی مولانا روم یہ بسیط شرح لکھنا شروع کی تھی۔ دو جلدین لکھ پائے تھے کہ یکایک حج کے لئے آمادہ ہوگئے۔ اور بیت اللہ شریف چلے گئے۔ اور وہین قیام اختیار کیا۔ اور مکہ معظمہ مین بعارضۂ اسہال کبدی ماہ ربیع الاول ۱۳۲۰ھ مین انتقال کر گئے اور وہین دفن ہوئے۔ انکے انتقال کے بعد انکے خویش مولوی محمد نسیم الدین صاحب جو بہت قابل و لائق صوفی منش و صاحب نسبت شخص ہین اُس شرح کی تکمیل کر رہے ہین۔ اللہ تعالےٰ اتمام کو پہونچائے۔

عبد الحفیظ

مولوی حکیم عبد الحفیظ۔ آبن مولوی باسط علی۔ آبن شیخ ناصر علی۔ آبن شیخ فضل اللہ۔ آبن

شیخ محمد قائم۔ ابن شیخ دانیال۔ ابن شیخ محمد طاہر۔ ابن شیخ برخوردار۔ ابن شیخ محمد۔ ابن شیخ طٰہٰ۔
ابن شیخ کبیر۔ ابن شیخ قاسم۔ ابن مخدوم شیخ امین الدین۔ ابن شیخ الاسلام شیخ سعد اللہ۔
کندوری فراز۔ ابن قاضی سماء الدین ابن مخدوم قاضی فخر الدین بجنوری۔ ابن رکن الدین۔ ابن
فخر الدین۔ ابن عثمان۔ ابن ابی بکر۔ ابن علی۔ ابن موسےٰ۔ ابن حسین۔ ابن عبد الرحمٰن۔ ابن
قاسم۔ ابن محمد۔ ابن حضرت امیر المومنین ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ۔ حکیم صاحب کی ولادت
بتاریخ ۳ ماہ ذیقعدہ روز پنجشنبہ ۱۲۶۰ھ بمقام قصبہ کاکوری ہوئی۔

انکے والد شیخ باسط علی نے کاکوری میں مستقل سکونت اختیار کی تھی۔ انھوں نے ابتداءً
کچھ درسی کتابیں ایک مولوی صاحب سے جو شیخ سعید الدین صاحب کے یہاں ملازم تھے پڑھیں
اُسکے بعد عرصہ تک یہاں تکیہ شریفیہ پر حضرت مولانا شاہ علی اکبر قلندر و حضرت مولانا حافظ
شاہ علی انور قلندر سے پڑھتے رہے۔ پھر اپنے ماموں سید حامد حسین مرحوم کے ساتھ بھوپال چلے
گئے۔ وہاں عرصہ تک قیام کرکے نواب مولوی سید صدیق حسن خان بہادر و دیگر اساتذہ سے پڑھا
اور پڑھکر فارغ التحصیل ہوئے۔ خود کہا کرتے کہ میں نے بائیس اُستادوں سے کتب درسیہ
پڑھیں۔ پھر ریاست جھالراپاٹن چلے گئے۔ وہیں علم طب کی تکمیل کی۔ کچھ دنوں عربی کے
مدرس اسکول میں ہو گئے تھے۔ پھر داروغہ جیل ہوئے۔ اور تینتیس سال ملازمت کی ۱۹۱۵ء
میں پنشن لیکر کاکوری آگئے۔ اور خانہ نشین ہو گئے۔

بیعت و اجازت و خلافت انکو مرزا صدیق بیگ بدایونی سے تھی۔ سلسلہ سہروردیہ میں
مرید تھے۔ اور مرید بھی کرتے تھے۔ اکثر مریدین اب بھی لکھنؤ میں و ریاست جھالراپاٹن میں جو ہیں
یہ بہت ہی قابل منکسر النفس خلیق اور ستودہ صفات شخص تھے۔ عربی و فارسی نظم و نثر
بہت اعلےٰ درجہ کی لکھتے۔ شاعر بھی تھے۔ حفیظ اور نائبؔ تخلص تھا۔ ساتھ ہی اسکے بہت
اچھے خوشنویس اور صناع بھی تھے۔ عربی خوب بولتے۔ بہت خوش اوقات تہجد گذار تھے۔
کتبخانہ اچھا جمع کیا تھا۔ درر الفرائد ترجمہ اُردو مأة الفوائد غیر مطبوعہ انکی مصنفہ بہترین

یادگار موجود ہے۔

پنشن کے بعد انھوں نے کچھ دنوں لکھنؤ میں مطب کیا تھا پھر ناگوری چلے آئے اور یہیں مطب شروع کیا۔ لوگ انکے اخلاق سے بہت گرویدہ تھے اور انکے اعلے طبیب ہونے کے قایل۔

انکے چند عربی نعتیہ اشعار مجھے بہت تلاش سے ملسکے جو نذر ناظرین ہیں سہ

نبیٌّ نور عین الانبیاء	نبیٌّ مونس للاتقیاء
نبیٌّ کفہ بحر السخاء	نبیٌّ بابہ دار الشفاء
نبیٌّ شافع للمذنبین	نبیٌّ راحۃ للاصفیاء
نبیٌّ حاز فضلا من الہ	فتوّجہ بتاج الاصطفاء
واعطاہ الالہ کل مجد	فرقاہ علے درج الصفاء
نبی اللہ لہ ما کان ظل	اظل الشمس من غیر الضیاء
ہوالمختار للرتب العوالی	نبیٌّ فاق کل الانبیاء
ہوالمخصوص بالخلق العظیم	ہوالمرفوع ذکرًا فی السماء
ہوالسبّاح فی بحر المعانی	ہوالانسان فی عین الرضاء
ہوالکرار فی یوم القتال	ہوالطعان فی یوم العزاء
ہوالرامی کفًّا من تراب	بحسب الامر من رب السماء
نبیٌّ سار للمعراج لیلاً	تفرد فی کمال الارتقاء
کما کان یری قدام عین	نبیٌّ اللہ ینظر من قفاء
ترحم یارسول اللہ للّٰہ	علے المحبوس فی حب الشفاء
رسول اللہ نورُ عین قلبی	فارجوا منک تکشیف الغطاء
رسول اللہ قناع الوجہ اکشف	فروحی مستعد للفداء

لہ الاخیار من صحب وآل — ہم الشفعاء فی یوم القضاء

صلوۃ اللہ افضلہا علیہم — عدادالرمل فی کل المساء

رسول اللہ قدجاء الحفیظ — ببابک راجیاً کشف العناء

الذی عافنی من کل شیء — بجاہ المصطفیٰ ماحی الخطاء

انھون نے بتاریخ ۳ ماہ ذی الحجہ روز جمعہ ۱۳۲۴ھ مطابق ۱۹۰۷ء بعارضہ طاعون بعمر ۵۲ سال انتقال کیا۔ اور تکیہ شریف کے متصل قبرستان مین دفن ہوئے۔

عبدالحکیم

مولوی عبدالحکیم۔ ابن مولوی عبدالعلیم۔ ابن مولوی عبدالوہاب۔ ابن مولوی عبدالفتاح۔ ابن ملا عبدالصمد۔ ابن ملا شیخ احمد (عرف ملا جیون امیٹھوی مصنف تفسیر احمدی و نورالانوار) ابن مولوی ابوسعید۔ ابن مولوی عبیداللہ۔ ابن حضرت شیخ عبدالرزاق۔ ابن حضرت مخدوم بہارالحق خانصہ خدا۔ ابن خضر۔ ابن کدن۔ ابن ظہیرالدین۔ ابن مکرم۔ ابن عبیداللہ۔ ابن عارف۔ ابن عبدالحفیظ۔ ابن نصیر۔ ابن معروف۔ ابن غلام اللہ۔ ابن ابوتراب۔ ابن عالم۔ ابن عبدالکریم۔ ابن منصور۔ ابن معین الدین۔ ابن عبدالستار۔ ابن عبدالعزیز۔ ابن ابوالاکرم۔ ابن ابوالیسر۔ ابن شیخ عبدالعزیز مطہر وار معروف بہ عبداللہ مکی صحابی منسوب بحضرت صالح پیغمبر علیہ السلام۔

یہ حضرت شاہ محمد کاظم قلندر قدس سرہ کے نواسہ تھے۔ انکے دادا مولوی عبدالوہاب صاحب مغفور قصبہ امیٹھی ضلع لکھنؤ کے رؤسا سے تھے۔ اس قصبہ مین انھون نے بوجہ اپنی ہمشیرہ یعنی اہلیہ حضرت شاہ محمد کاظم قلندر کے سکونت اختیار کی۔

یہ بہت قابل اور لائق اور اعلیٰ درجہ کے خوشنویس تھے۔ انکے کتبہ لکھے ہوے موجود ہین۔ مولوی مہدی علی علوی کاکوروی فن خوشنویسی مین انھین کے شاگرد تھے۔ جنکے کلام مجید اور دلائل الخیرات و حصن حصین وغیرہ لکھی ہوئی بہت موجود ہین۔ انکے علاوہ اور لوگ بھی شاگرد تھے

ابتدا مین یہ کانپور مین پرمٹ کے سررشتہ دار رہے عرصہ تک اس عہدہ پر رہے ظاہری
ثروت بہت حاصل کی - وہ ایک گانون بھی خرید سے - بہت بڑے فیاض سخی سیر چشم مہان نواز
تھے - انھین دیہات مین سے ایک گانون چاندپور قنوج کے قریب ہے - وہین اکثر قیام رہتا
وہان ایک عالیشان مسجد اور ایک مکان بنوایا - جو اب تک موجود ہے اور ورثا کے قبضہ مین ہی
وہان کے لوگ انکے مداح اور معترف ہین - انھون نے وہین چاندپور مین انتقال کیا - اور وہین
دفن ہوئے - سنہ و تاریخ وفات و دیگر حالات نہ معلوم ہو سکے -

عبد الحی

منشی عبد الحی متخلص بہ عرشی - ابن منشی رسول بخش شہید - ابن منشی فیض بخش مورخ ملکراوہ
انھون نے تعلیم و تربیت اپنے برادر بزرگ حافظ عبد الصمد یوسفی سے پائی ابتدا
سے یہ پڑھنے لکھنے کی طرف متوجہ نہین تھے - حافظ عبد الصمد صاحب اس امر پر ان سے بہت خفا
رہتے تھے - تائید الٰہی جب شامل حال ہوئی - تو کتب بینی سے ایسی لیاقت بڑھائی کہ نظم و نثر مین
اپنے زمانہ مین بےمثل و یکتا ہوئے - فارسی مین عرشی - اور اردو مین قیس تخلص کرتے -

کلام منظوم بہت تھا - افسوس کہ ضایع ہوگیا - چند قصاید کتاب مستطاب روض الازہر و
تکملہ مین طبع ہو چکے - اور ایک نظم مطالب رشیدی مین بھی طبع ہو چکی ہے - جسقدر کلام اردو و
فارسی مجھے ملسکا درج ذیل ہے - کلام فارسی سے

بناوک خوردگانش کاردانم — کہ رمز کاوش سوفار دانم
شبانگہ گر در مسجد فرازاست — رہ و رسم در خمار دانم
ز نقد دین و ایمانم چہ خیزد — بہاے جنس آن بازار دانم
گہے نالد گہے نالد این عشق — نواہاے نے و منقار دانم
دماغ گرد راہش بس بلنداست — نصیب آن سرود ستار دانم

بہار گلستان گو دلستان باش
فضاے آن سرِ دیوار دانم

ز رویت نو بہارے آن آفریدند
ز لعلت شیرۂ جان آفریدند

نگہ نا کردہ در کار دل و دین
دو گیسوے پریشان آفریدند

تغافلہاے پیدا خود چہ کم بود
کہ پرسشہاے پنہان آفریدند

فغان از چون منے کان رشتۂ نیکو
بلاے جان صنعان آفریدند

گل رویت نو آئین بہانے خواست
کہ خسرو را غزل خوان آفریدند

شاہ من اے من گداے کوے تو
جلوۂ روے تجلی روے تو

چون نماز بے وضو مقبول نیست
سجدۂ جز در خم ابروے تو

من بدام من اسیرم واے من
ہر دو عالم زد بہم جادوے تو

تا بکے ہر سو پریشان بنگرم
اے نقاب روے تو گیسوے تو

حسرت دل از نگاہ من عیانست
سوے من بنگر چو من بینم سوے تو

گرچہ دورم دم ز نزدیکان زنم
شش جہت را می‌شمارم کوے تو

بوے یوسف چشم سر بینا کند
چشم دل بینا نماید بوے تو

آنچہ از احمد نصیحت صرف تست
آنچہ از ایزد مشیت خوے تو

سوز خسرو عرشیت را آرزوست
اے جہان سوز آفتاب روے تو

منم آنکہ جان نذر جانان فرستم
نم قطرۂ سوے عمان فرستم

ز ناخن بسینہ مہر نو دمانم
ز دیدۂ بدامان گلستان فرستم

دریغا چہ گویم کہ عرشیستم
سراپا منم لیک من نیستم

ایکہ از رنگ رخ آتش بگلستان زدۂ
دوستگانے بسراپردۂ اعیان زدۂ

مل از آن لعل روان بخش بگل ریختۂ
گل خود از عارض گلگون بگریبان زدۂ

از نگہ تیغ بر آہوے حرم آختۂ
وز مژہ تیر بدلہاے غریبان زدۂ

سر زدہ سرو بانگیز قد انداختہ | شور در حشر ازان سرو خرامان زدہ
مہروش خرقہ ازین دلق فلک سوختہ | در مصلا زمین تخت سلیمان زدہ
دست بدرزق گدایان زکرم داشتہ | پشت پائے بسر افسر شاہان زدہ
رطب از لعل شکر بار بمریم سپری | طعن کم حوصلگی بر بن عمران زدہ
برفلک عید شفق از عکس رخ انگیختہ | خردہ بر دارے از نرگس فتان زدہ

اشعار اُردو

صبح کایان گذر کہان جا دتو بے ستمگری | داغ جگر کو تجھے ہو شعلہ شمع خاوری
مجھے یاد آ گئی صبح شب وصل | بہت کچھ دھوم تھی روز جزا کی
تبسم سے تمھارے بلبلون مین | ہنسی ہونے لگی آخر چمن کی

یہ اولاً مرشدآباد مین اپنے بہنوئی منشی عظیم الدین کے بعد کچھ دنون نائب رہے۔ پھر کلکتہ مین آئے۔ اور نواب علی نقی خان کے یہان کچھ ایسا رسوخ بڑھا کہ وہ بجاے اپنے لڑکے کے سمجھنے لگے۔ جائداد منقولہ مین برابر کا حصہ دار ٹھہرایا۔ جب نواب صاحب کی جاگیر ضبط ہوئی تو اُنھون نے ان کو اپنا مختار کرکے لکھنؤ بھیجا۔ کرنل برڈ صاحب کا زمانہ تھا۔ انھون نے لوگونکو ہموار کیا۔ اور دعوے دایر کرکے سب جائداد چھڑائی۔ اور کل روپیہ حاصل کیا۔ پھر نواب گوہر آرا بیگم زوجہ نواب علی نقی خان نے دوبارہ انکو کلکتہ مین بعد انتقال نواب صاحب بلایا۔ یہ گئے اور وہان جاکر دس حصون پر ترکہ تقسیم کیا جسمین سے ایک حصہ انکو بھی ملا۔ انھون نے اپنا حصہ نواب صاحب کے بیٹون کو دیدیا۔ صرف ایک ٹیکا۔ اور ایک چیکن بطور یادگار ساتھ لائے تھے۔ لکھنؤ پہونچکر چیکن انھون نے راجہ امیر حسن خان کو اور ٹیکا راجہ تجمل حسین خان کو دیدیا۔ یہ کلکتہ مین دربار رس بھی تھے۔ واجد علی شاہ بادشاہ بہت خیال کرتے اور عنایت فرماتے۔ اُس زمانہ مین انھون نے جن جن کی سفارش کی۔ اُنکو معقول ملازمتین ملین۔ لکھنؤ مین نواب محسن الدولہ بہادر نے انکو اپنا مدار المہام مقرر کیا۔ اُسی زمانہ مین وقف

حسین آباد کا مقدمہ چھڑا۔ اور وہ انکی سعی و پیروی سے کامیاب ہوا۔ جس سے شاہزادگان اور نواب زادگان مین یہ بہت معظم و موقر سمجھے جانے لگے۔ یہ نہایت ہی متین اور با وضع متواضع و عالی ہمت و مہمان نواز شخص تھے۔ اودھ کے کل تعلقدار انھین کے مہمان ہوتے۔ محلہ تحسین گنج لکھنؤ مین انکا قیام رہتا۔

کرنل بیرو صاحب انکے بہت مداح تھے۔ انکی قابلیت ولیاقت دیکھکر انھون نے چند گاؤن انکو دینا چاہے۔ انھون نے انکار کیا۔ مجبوراً انھون نے انکی ذہانت اور طباعی دیکھکر بلا امتحان سند وکالت دیدی۔ اور اپنے لڑکے کی تعلیم کے لئے کہا۔ انھون نے اسکی تعلیم اپنے بھتیجے مولوی عبد الباقی صاحب کے متعلق کردی۔

اُسی زمانہ مین نواب مختار الملک سر سالار جنگ بہادر مدار المہام حیدرآباد دکن لکھنؤ آئے تھے۔ موتی محل مین راجہ امیر حسن خان کے مہمان ہوے۔ راجہ صاحب سے فرمایش کی کہ مجھے انتظامات کیلئے چند قابل لوگ درکار ہین۔ راجہ صاحب نے ان سے کہا۔ انھون نے خود جانے سے انکار کر دیا۔ لیکن بھائی اور لڑکون کی بابتہ اقرار کیا۔ چنانچہ مولوی عبد الباقی صاحب و مولوی ذکی الدین خان۔ و مولوی اکرام الدین خان۔ و شیخ مہدی حسن تعلقدار بینیتی پور کو ساتھ کر دیا۔ اور نواب عماد الملک میر سید حسین بلگرامی۔ اور نواب اکرام اللہ خان کو بوجہ حسن قابلیت و عالی دماغی پیش کرایا۔ ان سبھون نے وہان جاکر جو جو کار نمایان کئے وہ محتاج بیان نہین۔

بیعت ان کو حضرت شاہ تراب علی قلندر سے تھی۔ حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر سے بہت عقیدت ومحبت رکھتے تھے۔ یہان تک کہ کوئی کام بغیر اُنکے استمزاج کے نہین شروع کرتے تھے۔ آخر عمر مین خانہ نشین ہوگئے۔ بتاریخ ۲۸ ماہ رمضان المبارک ۱۳۰۳ھ انتقال کیا اور مسجد کوٹھی تلہ مین اپنے بڑے بھائی کے پاس دفن ہوئے۔ قطعۂ تاریخ انتقال از نواب افضل حسن خان شیدا کاکوروی سے

تاریخ بست وہشتم رمضان بوقت مغرب	یکبارگی ہیتی سلے یار رخت ہستی

چون ساختی تخلص خود را مام عرشی　　　شیدا تلاش کرده بالائے عرش فتی
۱۳۰۴ھ

انکے ایک بیٹے منشی عبد القیوم تھے - جو فارسی مین بہت قابل اور ذہین تھے - اور حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر کے ارشد تلامذہ مین سے تھے - آخر عمر مین حیدر آباد مین تحصیلدار ہو گئے تھے - وہین چار ماہ بعارضہ فالج علیل رہکر بتاریخ ۶ ر ماہ شعبان المعظم روز شنبہ ۱۳۳۳ھ انتقال کر گئے اور وہین دفن ہوے -

عبد الرحمن

شیخ عبد الرحمن - ابن حافظ غلام محمد - ابن شیخ سیف الدین - ابن ملا ضیاء اللہ - ابن ملا عبد الکریم یہ نہایت بزرگ با وجاہت صاحب علم و صلاح و تقوے تھے - اور ایسے خوش نصیب کہ وہ فخر اسلاف اولاد چھوڑی - جنکے حالات حیطۂ تحریر سے باہر ہین - انکو بوجہ قرابت خویشی ملا عظمت اللہ دنیاوی ثروت و فراغت بھی بہت حاصل ہوئی شہنشاہ عالمگیر کے دربار سے منصب اور جاگیر بھی ملا - چنانچہ باغات وغیرہ اب تک موجود ہین - ایک باغ موسومہ بہ کلو باغ ہے کہ جسمین تکیہ شریفیہ کاظمیہ واقع ہے - با این ہمہ یہ نہایت فقیر دل تھے - قصبہ دیوہ کی جائداد جو انکی ننہالی تھی - وہ انھون نے اپنے بھانجے شیخ غلام احمد کو ہبہ کر دی تھی انکی وفات ۲۹ - ماہ ذیقعدہ کو ہوئی - باقی حالات دریافت نہ ہوسکے -

عبد الرقیب

ملا عبد الرقیب - ابن ملک عبد الرؤف - ابن ملک عبد الصمد - ابن ملک مٹھی - ابن حافظ چاند - ابن ملک حسام الدین - ابن ملک نظام الدین - ابن ملک بہاء الدین کیقباد - ابن ملا ابوبکر جامی -

یہ فاضل اجید - مدرس درویش صاحب نسبت و امیر کبیر تھے - باوجود امارت و ثروت

اشغال واذکار و اوراد وغیرہ کے بڑے پابند تھے۔ بیشتر اوقات ریاضت سے معمور اور دل انوار معرفت سے مسرور رہتا تھا۔ حلۂ زہد وتقوے سے آراستہ اور کسوت تدین وصلاح پیراستہ تھے۔ ابتداے شعور سے فہم وفراست وخوش لہجگی وطلاقت لسانی وخوش بیانی مین ممتاز اور درستی عزم وفراخی حوصلہ ومتانت فکر ووجاہت صورت ومحاسن اخلاق وبذل احسان مین معروف ومشہور تھے۔

کتب درسیہ کی تعلیم ملا سعید فرنگی محلی سے اور احادیث کی سند ملا غلام نقشبند لکھنوی سے حاصل کی۔ اور اپنے شفیق استاد کے ہمراہ دہلی چلے گئے۔ وہان سے وظیفہ مقرر ہوگیا۔ یہ وہین رہے۔ وظیفہ کچھ دنون جاری رہ کر موقوف ہوگیا۔ اور بجاے نقد کے اراضیات معافی مین ملنے لگین تب انھون نے بھی فرمان اٹھائیس بیگہ زمین کا پرگنہ کاکوری مین موافق ایما اپنے والد کے دربار شہنشاہ عالمگیر سے حاصل کیا۔ اور اُس اراضی کی بابتہ کہ جو موروثی تھی جبیر ملک معروف نے باغ لگایا تھا اور وہ ضبط بھی ہوچکا تھا بہت کوشش کی۔ چنانچہ حسب الحکم شاہ عالمگیر بمہر نواب وزیر الملک اسد خان ونواب عابد خان صدر الصدور جد آصف جاہ نظام الملک فرمان حاصل کیا۔ اور اُسکے محاصل سے بسر کرتے رہے۔ پھر نواب بیت خان کی رفاقت مین رہے۔ نواب کو ان پر بہت اعتماد تھا۔ تمام کاروبار انھین سے متعلق تھا۔ نواب کے انتقال کے بعد جب خانہ جنگیان شروع ہوئین۔ تو انھون نے اُنکی بیگم کی رفاقت کی۔ اور الجھے ہوے معاملات کو نہایت خوبی سے سلجھایا۔ مخالفین کی طرف سے جب مقدمہ عدالت شاہی مین پیش ہوا تو انھون نے وہان بہت اچھی پیروی کی۔ چنانچہ اُنکی دیانت وامانت ووفاداری بہت زیادہ مشہور ہوئی۔ بادشاہ تک خبر پہونچی۔ بادشاہ بھی بہت خوش ہوے۔ تھوڑے دنون تک اُس سرکار مین رہے۔ پھر ملازمت ترک کردی۔ لیکن وہان کے امراسے برابر میل جول رہا۔ اُس زمانہ مین بادشاہ حسن ابدال کی زیارت کو جو کابل کے قریب ہے گئے تھے لشکر شاہی کے ساتھ یہ بھی تھے۔ راستہ مین ایک جگہ اہل لشکر نے کھانے کے لئے قیام کیا۔ اُن

اتفاق سے ایک بزرگ مرزا یار علی بیگ سے (جو وہین مقیم تھے۔ اور جن سے بادشاہ زادے سے بہت مراسم تھے) ملاقات ہوئی۔ پہلی ملاقات مین وہ ایسے گرویدہ ہو گئے۔ کہ دوبارہ ملاقات کی آرزو کی۔ دوسری بار دہلی مین ملاقات ہوئی۔

اُس زمانہ مین ہندوستان کے تمام صوبہ جات سے جزیہ کی تحصیل اُنھین سے متعلق تھی۔ جب انھون نے وطن آنے کا ارادہ کیا۔ تو اُنھون نے روانگی کے وقت سند تحصیل جزیۂ صوبہ اودھ انکے نام لکھکر حوالہ کی۔ تھوڑے ہی دنون مین انھون نے حسن کارگذاری سے بہت بڑی مقدار جزیہ کی حاصل کی۔ انکی نیابت مین خیرآباد مین ملک محمد عوض (والد ملا خوب اللہ) اور سندیلہ مین انکے منجھلے بھائی شیخ عبد الحسیب اور لکھنؤ مین چھوٹے بھائی شیخ عبد الحفیظ کام کرتے تھے۔

اُس زمانہ مین یہ روزانہ قرأت حدیث کیلئے ملا غلام نقشبند لکھنوی کے یہان جاتے تھے ایک روز حسب معمول وہین موجود تھے۔ مولوی صاحب نے فرمایا کہ تمھارے نام ایک خط مرزا یار علی بیگ کا شاہجہان آباد (دہلی) سے آیا ہوا رکھا ہے۔ اُسکو دیکھو۔ انھون نے جو اُس خط کو کھول کر دیکھا تو اس مین سند سوانح نگاری صوبہ اودھ لکھی تھی۔ انھون نے مولوی صاحب کی خدمت مین وہ خط پیش کیا۔ مولوی صاحب دیکھکر بہت خوش ہوے۔ اُس روز سے انکا تقرر سوانح نگاری پر ہوا۔ اس کام کو بھی نہایت خوبی سے انجام دیا۔

منقول ہے کہ جب کاغذات شہنشاہ عالمگیر کی خدمت مین پہونچے۔ تو وہ دیکھکر بہت خوش ہوئے۔ اور کہا کہ تمام صوبہ جات ہند سے صوبۂ اودھ کے حالات بہت صاف اور مختصر ہوتے ہین۔ معلوم ہوتا ہے کہ منشی نہایت ہی باسلیقہ ہے۔ انھون نے اپنی نیابت مین ہر ہر ضلع مین ایک ایک متدین شخص مقرر کیا تھا۔ جو روز کا روز بے کم وکاست حال لکھتا رہتا تھا۔ اور یہ اُسے بغور پڑھکر دہلی ارسال کرتے۔ اس صوبہ مین انکی وجہ سے بہت امن رہتا تھا۔ ان کو لوگ اپنا ملجا و ماوا سمجھتے تھے۔ حسن کارگذاری کی وجہ سے یہ صاحب جاگیر و

منصب بھی ہوئے۔ اجگین (ضلع اناؤ)، وغیرہ انکی جاگیر مین تھا۔ جہان انھون نے سرا اور کنوین بھی بنوائے تھے۔

انکے مزاج مین سخاوت بہت تھی۔ مخفی طور پر خیرات بہت کرتے بیواؤن کی تنخواہین مقرر تھین۔ اور لڑکیون کی خبرگیری کرتے اور بفحوائے واما السائل فلاتنھر۔ جو کوئی کچھ مانگتا فورًا دیدیتے۔ اُسی زمانہ کے کسی شاعر کا شعر ہے۔

شیخ عبدالرقیب کز فیضش   ہمہ کس را نصیب ہنہانی است

بعد ختم کار سرکار علما و فضلا مثل مولوی کرم اللہ ساکن کھیولی۔ و ملا محمد اصغر بانسوی وغیرہ انکے ہم مجلس اور ہم نشین رہتے۔ اور سوائے احادیث اور تفاسیر کے کوئی ذکر ہی نہین ہوتا تھا۔

انکو بیعت اور اجازت و خلافت حضرت شاہ میر لاہوری قادری سے تھی۔ اُنکو حضرت سید میر میران سے۔ اُنکو حضرت بندگی میر سید محمد قادری سے۔ اُنکو بندگی میر سید علی ابی صالح سے۔ اُنکو میر سید محمد قادری سے۔ اُنکو میر سید حسن قادری سے۔ اُنکو بندگی میر سید محی الدین ثانی سے۔ اُنکو میر سید ابو صلح ابی نصر قادری سے۔ اُنکو حضرت سید عبدالرزاق سے۔ اُنکو حضرت غوث الاعظم محی الدین عبدالقادر جیلانی رح سے تھی۔

یہ اپنے پیر و مرشد کیخدمت مین بہت مقبول و عزیز تھے۔ ایک مرتبہ اُنکی خدمت مین حاضر ہوئے۔ وہ بہت خوش ہوئے اور پیشانی پر بوسہ دیا اور بہت عنایات اور عطیات سے سرفراز کیا۔ بزرگان زمانہ مثل حضرت شاہ مجا قلندر لاہر پوری۔ و حافظ ابوالقاسم عرف حافظ گھاسو۔ و شاہ پیر محمد لکھنوی۔ و شاہ حمید سہلولی۔ و حضرت سید شاہ عبدالرزاق بانسوی۔ و حضرت قاضی مینا قلندر رہونوی۔ و شاہ دوست محمد عرف شاہ دوسی لکھنوی۔ و شاہ عبداللطیف ٹھگانوی۔ رحمۃ اللہ علیہم سے بہت مراسم و اتحاد تھے۔

کتب بینی سے بھی انکو بہت ذوق تھا۔ کتب خانہ بھی بہت اچھا جمع کیا تھا۔ ہمیشہ باوجود کثرت کام مطالعہ کتب کرتے رہتے۔ اور کثر ریاضات و مجاہدات سے غافل رہتے۔ اپنے

اعمال کے ہمیشہ محاسب رہتے ۔ اذکار و افکار و اوراد خصوصاً وظیفۂ دعاے سیفی جو خاندانی معمولات سے تھا فروگذاشت نہ کرتے ۔ صایم النہار اور شب بیدار تھے ۔ باوجود امارت و فراغت نان جوین پر قناعت کرتے ۔ اور کہا کرتے کہ نفس کو قوت نہین دینا چاہیئے کہ وہ باغواے شیطان سرکشی پر آمادہ ہو ۔ ایک مرتبہ خلوت مین دعاے سیفی پڑھ رہے تھے ۔ وہان قریب ہی چڑیون کا گھونسلا تھا جس سے شور کی آواز برابر آ رہی تھی ۔ انکو سہو ہوگیا غصہ سے نظر اُٹھائی ۔ سب چڑیان مرگئین ۔ اُسکے بعد سے پھر سیفی پڑھتے وقت انکے پاس کوئی نہین جاتا تھا ۔ حضرت سید شاہ عبدالرزاق بانسوی انکے متعلق فرماتے تھے کہ شیخ عبدالرقیب امانت وارد خانسامان فقراہین بارک اللہ فیما اعطیت ۔ سرعت فہم اور ذکاوت طبعی کا کیا کہنا ہمیشہ محققانہ بات کہتے ۔ اور مغز سخن کو خوب پہونچتے ۔

منقول ہے کہ ایک مرتبہ علما حافظوا علے الصلوٰۃ والصلوٰۃ الوسطے پر بحث کر رہے کر رہے تھے ۔ انھون نے کہا کہ حافظوا علے الصلوٰۃ سے اشارہ صلوٰۃ بدنی اور ارکان کی رعایت کی جانب ہے ۔ اور صلوٰۃ وسطیٰ سے مراد صلوٰۃ قلبی بدوام شہود ہے ۔ حضار اس ارشاد سے بہت محظوظ ہوے ۔ انکے مسترشد خاص شیخ فصیح اللہ قدوائی بانسوی نے انکے مفصل ملفوظات محافل خمسہ کے نام سے تحریر کیے ہین ۔

غرضکہ یہ حق پرستی اور دیانت داری مین فرد تھے ۔ مقدمات اور قضایا مین کبھی اپنے و بیگانہ کی رو رعایت نہین کرتے تھے بمطابق کتاب و سنت و اجماع فتوے دیتے ظلم و تعدی ہرگز روا نہ رکھتے ۔ اُسی زمانہ مین قصبہ دیوہ کا ایک مقدمہ پیش ہوا ۔ انھون نے حق بات پر فیصلہ کیا ۔ مدعی نے ان پر اعزا کی حمایت کا جھوٹا الزام قایم کرکے بادشاہ کے یہان درخواست بھیجدی ۔ بادشاہ نے درخواست پڑھکر شاہزادہ کام بخش کے سپرد کی ۔ کہ تحقیق کرکے معزول کردو ۔ جب یہ خبر مرزا یار علی بیگ کو ملی ۔ اُنھون نے کام چھوڑ دیا ۔ اور تین روز تک دربار مین نہین گئے ۔ بادشاہ نے جب طلب فرمایا تو جواب مین کہلا بھیجا ۔ کہ مین اب ضعیف ہوگیا ہون ۔

مجھ سے کام نہوسکیگا۔ اور مین حرمین شریفین و عتبات عالیات بھی جانا چاہتا ہون۔ بادشاہ چونکہ قدردان و رفقا پرور تھے باصرار طلب کیا۔ انھون نے حاضر ہوکر استعفا داخل کرکے عرض کیا کہ جبتک آپ کو مجھ پر اعتبار و اعتماد تھا۔ اُسوقت تک مجھ سے کام بھی سرانجام پاتا تھا۔ بادشاہ کو انکی یعنے ملا عبدالرقیب کی معزولی کا حکم یاد ہی نہ تھا۔ استفسار کیا کہ تم کو یہ خیال کیون پیدا ہوا۔ مرزا یار علی بیگ نے عرض کیا کہ آج تک آپ کو مجھپر اعتماد تھا۔ اور مجھے ملا عبدالرقیب پر اور یہ شخص ہین کہ جن کی دیانت پر آپنے دوگانہ شکر ادا کیا تھا۔ اب آپنے مخالفین کے کہنے سے اُسی شخص کی معزولی کا حکم دیا ہے۔ بادشاہ نے یہ سُنکر فوراً بحال کردیا۔ پھر مدة العمر ملا صاحب اپنی جگہ پر رہے۔

انکی تصنیف سے ایک عربی رسالہ علم تفسیر مین ہے جسمین اُن آیتون کی تفسیر لکھی ہے جنکے معانی کا ورود قلب پر ہوا تھا۔ یہ رسالہ بھی انکے ملفوظ کتاب محافل خمسہ مین شامل ہے۔

کرامات بھی انکے بہت ہین۔ ازانجملہ صاحب محافل خمسہ لکھتے ہین کہ ایک روز مین نے اپنے مکان یعنی بانسہ شریف جانے کا قصد کیا۔ اجازت کے لئے حاضر ہوا۔ ارشاد ہوا کہ آج ٹھہرجاؤ پانی برسنے لگے گا بھیگ جاؤگے۔ مین نے عرض کیا کہ حضور برسات کا موسم نہین ہے اور مجھکو شدید ضرورت ہے۔ ارشاد فرمایا اچھا جاؤ مین رخصت ہوکر چلا دو مین میل پہونچا تھا۔ کہ یکایک بلاوہم وگمان ابر نمودار ہوا اور پانی زور شور سے برسنے لگا۔ مین اور جو کچھ میرے ساتھ اسباب تھا سب بھیگ گیا۔ بالآخر مجھکو وہین ٹھہرنا پڑا دوسرے روز مکان پہونچا۔

منقول ہے کہ موضع ارادت نگر مین ایک ہندو رہتا تھا۔ ایک روز خود بخود اُسکے دل مین انکی زیارت کا شوق پیدا ہوا۔ چنانچہ وہ اپنے گانون سے چلا اُس زمانہ مین بوجہ سیلاب گومتی زور پر تھی۔ بلاکشتی عبور دشوار تھا۔ کشتی مین جیسے سوار ہوا اُسکے ہاتھ مین مالا سے مروارید تھا۔ اتفاق سے وہ دریا مین گرگیا۔ وہ بہت پریشان ہوا بوجہ شدت پریشانی ہاتھ پیر بھول گئے۔ بہت کچھ کوشش کی مگر بوجہ طغیانی شدید مالا نہ ملسکا۔ جب بالکل مایوس ہوا تو انکی طرف رجوع کی اور عرض کیا کہ ایسی توجہ ہو کہ مالا ملجائے اس کہنے کے ساتھ ہی مالا نکل آیا اور سطح آب پر تیرنے لگا۔ اُسنے

اُٹھایا اور حاضر خدمت ہوکر واقعہ بیان کیا انھون نے ہنسکر فرمایا کہ قدرت الٰہی سے بعید نہین وہ ہر شے پر قادر ہے ۔ اسی قسم کے اور بہت سے واقعات ہین ۔

یہ باوجود قوت تصرف و کمالات کسی کو مرید نہین کرتے تھے ۔ بہت اصرار سے اپنے صاحبزادے شیخ محمد متعجب کو مرید کیا تھا ۔ اور اجازت و خلافت بھی عطا کی تھی ۔ مسترشدین کی البتہ ایک جماعت تھی جن مین صاحب محافل خمسہ ممتاز حیثیت رکھتے تھے ۔ بادشاہ عالمگیر کے انتقال کے دو سال کے بعد انھون نے انتقال کیا ۔ بادشاہ کے انتقال کے بعد جیسا کہ قاعدہ ہے رعایا مین انقلابی شورش پیدا ہوئی ۔ اودھ مین بھی راجہ ہائے بیسواڑہ نے عَلَم فساد بلند کیا ۔ اور تہیہ کر لیا کہ اس قصبہ پر قبضہ کر لیا جائے ۔ انھون نے اپنے صاحبزادے شیخ محمد متعجب کو معہ چند سوار و پیادہ بغرض حراست متعین کر دیا جس سے دخل نہین ہو سکا ۔ ہنگامہ فرو ہونے کے بعد جب شاہ عالم تخت پر بیٹھے ۔ تو بدستور سابق تمام امرا و عہدہ داران برقرار رہے ۔ انکو بھی سند بحالی ملی ۔ اُسی زمانہ سے انکو دنیاوی معاملات سے نفرت ہو گئی ۔ یادحق مین رات دن مشغول رہتے ۔ دو سال تک تو یہی حال رہا ۔ پھر علالت شروع ہوئی اور روز بروز اُس مین زیادتی ہوتی گئی دوا و علاج کے متعلق جب کوئی کہتا تو فرماتے کہ دُنیا مین جسقدر سختی ہوتی ہے آخرت مین اُتنی ہی عیش ہوتی ہے ۔ یہ مرض دوا و علاج سے جانیوالا نہین ۔ شب و روز یہ ذکر خفی مین مشغول رہتے ۔ اسی زمانہ مین حضرت سید عبدالرزاق بانسوی و حضرت قاضی مینا قلندر مھونوی بھی بغرض عیادت تشریف لائے تھے ۔

ایک روز انھون نے اپنے صاحبزادے کو بلا کر فرمایا کہ دشمنون کی مخالفت سے پریشان نہونا ۔ اگر کوئی تمھارے ساتھ برائی کرے تو تم اسکا بدلا احسان سے کرنا کیونکہ حدیث مین ہے کہ الانسان عبید الاحسان ۔

یوم انتقال ذکر اسقدر زور سے جاری ہو گیا تھا کہ باہر تک صاف آواز آتی تھی ۔ اُسی روز بتاریخ ۱۸ ماہ ذیقعدہ سنہ دوم جلوس شاہ عالم ۱۱۱۹ھ مین قریب دوپہر وفات پائی ۔

منشی غلام مرتضےٰ جواہر الانشا مین لکھتے ہین کہ میرے اُستاد ملا محمد یعقوب فرنگی محلی فرماتے تھے

کہ مین نے ملا نظام الدین فرنگی محلی سے سنا ہے کہ ایک روز حضرت سید عبدالرزاق بانسوی نے مراقبہ سے سر اٹھا کر فرمایا کہ مین نے ابھی جنت کے باغات کی سیر کی ایک باغ مین مین نے اورنگ زیب عالمگیر و شیخ عبدالرقیب کو جو میرے دوستون مین تھے۔ بڑی شان و شوکت سے بیٹھے دیکھا۔ اور یہ کہکر بہت خوش ہوے اور فرمایا کہ الحمدللہ مین نے اپنے دوست کو ایسے مرتبہ پر دیکھا۔

انکا مزار اسکے باغ مین قریب چودھری تالاب واقع ہے کبھی تو نہایت خوشنما روضہ بنا ہوگا۔ مگر ابتو نہایت خراب حالت مین ہے۔ اس قصبہ مین محلہ جزیہ گڈھی انھین کا آباد کیا ہوا ہے جسمین دو حویلیان اور ایک دیوانخانہ و مسجد ہے مسجد کا سنہ تعمیر ۱۱۰۲ھ ہے۔ ابتدا مین حضرت شاہ محمد کاظم قلندر قدس سرہ اسی مسجد مین چلہ کشی فرمایا کرتے تھے اور اور بزرگان دین بھی رہے ہین۔ رحمۃ اللہ علیہ

عبدالسلام

حضرت ملا سید عبدالسلام اصولی دیوی۔ یہ اعلم علماے عصر و فخر کملاے دہر اُستاد اساتذہ زمان قدوۂ فضلائے دوران تھے۔ حضرت ملا عبدالکریم نبیرہ حضرت مخدوم قاری نظام الدین بھیکہ کے نواسہ تھے۔ انکا وطن اصلی اگرچہ قصبہ دیوہ ضلع بارہ بنکی تھا لیکن تعلیم و تربیت اور نشو و نما سب کاکوری مین اپنے نانا کی خدمت مین ہوا۔ اور اُنھین کے ارشد تلامذہ مین سے تھے صحیح النسب سید حضرت مخدوم اعظم ثانی کی اولاد سے تھے۔ سلسلۂ نسب انکا یون ہے۔

ملا عبدالسلام۔ ابن مولوی ابوسعید ابن مولوی برخوردار۔ ابن مولوی عبدالرحیم فیاض ابن مولوی احمد فیاض۔ ابن مخدوم اعظم ثانی۔ ابن شاہ ابوالبقا ابن محمد موسی۔ ابن شاہ ضیاء الدین۔ ابن شجاع کرمانی۔ ابن امیر مبارزالدین۔ ابن امیر مظفر ابن خواجہ غیاث الدین۔ ابن امیر محمود ابن امیر علی۔ ابن امیر احمد علی۔ ابن امیر جعفر ابن امیر عبداللہ۔ ابن سید علی اصغر ابن امام محمد تقی ابن امام موسی رضا۔ ابن امام موسی کاظم ابن امام جعفر صادق۔ ابن امام محمد باقر۔ ابن امام زین العابدین

ابن امام حسین ابن امیر المومنین علی مرتضی کرم اللہ وجہہ

یہ اپنے وقت مین بہت بڑے فاضل و کامل تھے۔ ملا عبدالسلام لاہوری تلمیذ حضرت شاہ فتح اللہ شیرازی مخاطب بہ عضد الملک مدرس مدرسہ لاہور سے بھی تلمذ حاصل تھا۔ شاہجہان بادشاہ کے عہد مین اُسی مدرسہ مین اپنے اُستاد کی جگہ پر مدرس بھی رہے۔ اکثر علماء ہندوستان مثل ملا عبدالحلیم والد ملا قطب الدین شہید سہالوی۔ و ملا دانیال جوراسی۔ و ملا عبدالقادر فاروقی (جو بہت بڑے عالم اور اُستاد اساتذہ ہند تھے) انکے ارشد تلامذہ مین سے تھے۔ ہندوستان بھر کا سلسلۂ تلمذ انھین پر منتہی ہوتا ہے۔ یہ اپنے زمانہ مین فخر علما گذرے ہین۔

حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر کشف المتواری مین لکھتے ہین:۔

"ملا عبدالسلام مرحوم کہ شاگرد مخدوم شیخ عبدالکریم و پرورش کردۂ آنحضرت بودند در عہد سلطنت شاہجہان اولاً مدرس مدرسہ لاہور بعدہ مفتی لشکر بادشاہی گشتند از علمائے فحول آن وقت بودند انشراحات معالیہ از تصانیف اوست در قصبہ دیوہ حویلی کہ واقع حجاجی محلہ محل سکونت شان بود نیز صبیہ خود را ہبہ کردہ بودند مع قدرے زمین مزروع چک بستہ از موضع ادھیا مئو دیہ معافی و زمینداری خود۔ چنانچہ نواسۂ او یعنی شیخ غلام محمد بران قابض اند۔"

شیخ خیر الزمان صدیقی لکھنوی اپنے رسالۂ باغ و بہار مین لکھتے ہین۔

"در عہد خویش نظیر نداشت شاہجہان بادشاہ بسبب استادیش و تبحر علوم بسیار اکرام او میکرد و نزد خود می نشاند سند انتسابے از دے علی بنام ملا بود چنانچہ تا عرصۂ ممتد خدمت مذکور از و تعلق میداشت بحسب اتفاق روزے بادشاہ بنا بر ملاحظہ قلعہ شاہجہان آباد وقت تعمیرش بر فصیل آن بود ملا را بجز حاضر شدن در انجا عذرے مناسب حال نگردید از انجا کہ بر پشتی دیوار ربط نداشت پایش لغزش میکرد بادشاہ فرمود کہ اے ملا از مرگ اینقدر می ترسی کہ بر دیوار رفتن نمی توانی گفت چہ گونہ نترسم چرا کہ مثل من ہزار سال چرخ اگر چرخ زند دگر پیدا نشود و مانند حضرت بادشاہ بسیار ممکن اند بادشاہ را بذلہ گذشت بلکہ تبسم فرمود۔ دریں وقت دارا شکوہ ولی عہد بحضور عرض نمود کہ حضرت ظل اللہ و خلیفۂ

رسول اللہ اند برا قاصی و دانی لازم است کہ رتبۂ ملحاظ داشتہ پایۂ خود شناختہ باشند چنانچہ جمیع بندگان حضور اقدس بیرون از آداب نیستند مگر ملا عبد السلام کہ باوجود خبر از نص و حدیث شوکت سلطنت را قوت نمی دہد و معنی اطیعو اللہ الخ را خوب میداند و عمل نمیکند بادشاہ فرمود کہ ہرگاہ ملا در حضور حاضر شود معنی آیۂ مذکور ازو بپرسید و ملزم کنید دارا شکوہ وقتیکہ ملا حاضر شد معنی آیہ پرسید ملا گفت ظاہر است کہ اطاعت کنید اللہ و رسول او و نائبش را دارا شکوہ گفت نائب عبارت از کدام شخص است ملا گفت کہ از مانند ما نائب رسول اند کہ خلق را براہ دین می آرند پس بادشاہ را لازم است کہ مطیع من باشند دارا شکوہ خاموش ماند و بادشاہ متبسم گردیدہ فرمود با شنیدی جواب ملا ازین گفتگو خاطر ملا عبد السلام قیاس باید کرد۔"

انکے کئی صاحبزادے تھے۔ اور ہر ایک عالم و فاضل۔ انکی اولاد قصبہ دیوہ مین موجود ہی۔ اور اُن سے اب تک برابر یہان کے مخدوم زادون سے قرابت ہوتی چلی آتی ہے۔ ایسا کہ ایک خاندان انکی اولاد و احفاد کا یہان سکونت پذیر ہوگیا۔ انھون نے اپنے خویش شیخ سیف الدین ابن ملا ضیاء اللہ۔ ابن ملا عبد الکریم کیلئے نواب خلیل خان صوبہ دار سے معافی دلوا کر حویلی و دیوانخانہ تیار کرایا جو اب تک یہان محلہ مخدوم زادگان مشہور بہ تسبیحہ تلہ مین موجود ہے۔

انکی اولاد مین مولانا نور الہدے۔ و ملا نظام الدین احمد۔ و ملا سید عبد الحفیظ۔ و حضرت شاہ ابو المنعم قادری گنج المعرفت صاحب ولایت قصبہ دیوہ۔ و مولانا ذو الفقار علی۔ و مولانا برہان الدین و ملا عبد الباقی شارح مثنوی مولانا روم موسومہ بہ کشف مثنوی معنوی۔ و ملا عبد الصمد مفسر۔ مخصوص طور پر باعث افتخار وطن گذرے۔

ملا صاحب کی تصنیفات مین کتاب انشراحات معالیہ ہی۔ جو اپنے صاحبزادہ شاہ ابو المعالی کیلئے اُنکے درس کے زمانہ مین فن حکمت و منطق مین تصنیف فرمائی۔ یہ کتاب کتب خانہ تکیہ شریفیہ کاکوری مین موجود ہے۔ غیر مطبوع ہے۔ اسکے علاوہ تہذیب المنطق اور منار الاصول کی شرحین بھی اسکے مصنفات سے ہین سخت حسرت ہی کہ ایسے جلیل القدر عظیم المرتبت شخص کے

حالات اسقدر تاریکی مین ہین۔ کہ جس کی انتہا نہین۔ کہین سے حالات کا پتہ ہی نہین چلتا حد ہوگئی کہ سنہ و تاریخ ولادت و وفات تک مذکور نہین۔ مزار شریف قصبہ دیوہ ضلع بارہ بنکی مین ہے۔ محرر سطور بھی زیارت مزار شریف سے مشرف ہوا ہے۔ بہت عمدہ و بابرکت مقام ہے۔

عبد الصمد

مولوی حافظ عبد الصمد متخلص بہ یوسفی۔ ابن منشی رسول بخش۔ ابن منشی فیض بخش۔ یہ عالم و فاضل ذہین بجاش وطباع حافظ کلام اللہ خوش گلو شاعر غرا اثر بے ہمتا تھے۔ کتب درسیہ تمام و کمال حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ سے پڑھین اُنکے ارشد تلامذہ مین سے تھے لکھنؤ مین اپنے والد منشی رسول بخش کے ساتھ ملازم تھے اُنھین کے ساتھ انکو بھی بتاریخ ۴ ماہ شوال روز چہار شنبہ وقت صبح ۱۲۷۵ھ سزائے موت دی گئی۔ زائد حال اُنکا نہ دریافت ہو سکا۔ اُنکے چند اشعار جو ملسکے درج ذیل ہین۔ مخمس بر غزل قدسی ؎

دردمندان جہان راز تو درمان طلبی
از تو خواہان شفاعت چہ رسول چہ نبی
حبذا مرتبت عالی و عالی نسبی
مرحبا سید مکی مدنی العربی
دل و جان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

برزبان رفت ولیکن ہمہ آب است دلم
تابگویت نتوانم شدن و یا بگلم
ہے چسان باتو بگویم کہ بہ بخشا خجلم
نسبت خود بہ سگت کردم و بس منفعلم
زانکہ نسبت بہ سگ کوئے تو شد بی ادبی

اندران جائے کہ نے وہم و نہ ادراک گذشت
کس نداند کہ چسان برفرف چالاک گذشت
اے کہ نازید تبو مرکب و بیباک گذشت
شب معراج عروج تو ز افلاک گذشت
بمقامیکہ رسیدی نرسد ہیچ نبی

تابخاک کف پائے تو سرے دارد سر
روز گاریست کہ چون سنگ قفا دست بدر

ایکہ دستِ من و دامانِ تو روز محشر ، چشمِ رحمت بکشا سوئے من انداز نظر

اے قریشی لقبی ہاشمی و مطلبی

تشنگانیم و کجا شربت وصلت ہیہات ، ہان بیا ہان کہ نداریم کنون پائے ثبات

بدہ اے چشمۂ فیض آنچہ نداد است فرات ، ما ہمہ تشنہ لبانیم و توئی آب حیات

رحم فرما کہ ز حد میگذرد تشنہ لبی

ایکہ نام تو برد از دل آدم غم را ، از تو امید شفاعت ہمگی عالم را

مژدۂ پیروی تو پسرِ مریم را ، نسبتے نیست بذات تو بنی آدم را

بہتر از عالم و آدم تو چہ عالی نسبی

اے گلستانِ جہان باغ ترا باد سلام ، باغبانانِ تمامی ملل و دین تو رام

اے گلِ تازہ و تر تازہ بہار اسلام ، نخلِ بستانِ مدینہ ز تو سرسبز مدام

زان شدہ شہرۂ آفاق بشیرین رطبی

اے گدائے سرکویت چہ نبی و چہ ولی ، اے مسیح از تو در انداز عنایت طلبی

اے رسولِ عربی ہاشمی و مطلبی ، سیدی انت حبیبی و طبیبِ قلبی

آمدہ پیش تو قدسی پئے درمان طلبی

چہ در گوشِ گل گفت بادِ بہاری ، کہ خندید زیسان بہ بے اختیاری

نسیمے رسید از سرِ تار زلفے ، کہ پر شد دو عالم ز مشک تتاری

مگو حرف تقوے کہ در مے پرستان ، خجل بودہ ام من بہ پرہیزگاری

شب آمدی و رفتی لیکن ز بدگمانی ، امروز یک جہانے زد حلقہ بر در من

بدورِ فلک ہر یکے راست کارے ، تو و بزم دشمن من و انتظارے

بدوشِ صبا می رسد بوئے یارے ، چہ مرکب سبکرو چہ نازک سوارے

بد اندر جہان از مزارم نشانے ، پریشان شد آن ہم چو مشت غبارے

سرِ زاہد و سجدۂ خاکِ مسجد | من و بادۂ ناب آبے وارے
مخور اے پسر غم اگر یوسفی مرد | کز و نیست در دہر الا فرارے

مخمس اردو بر شعر آتش ؎

سچ تو یہ ہے کہ اثر عشق کا بائی مین بھی تھا | گر نہین مانتے ہواس سے بھی مین درگذرا
عشق تھا یا کہ نہ تھا اتنا تو مین نے دیکھا | تم نہا کر جو چلے غم سے سمٹ کر دریا
آگیا دیدۂ گرداب مین آنسو ہوکر

عبدالکریم

حضرت ملا عبدالکریم ۔ ابن حافظ شہاب الدین ۔ ابن مخدوم نظام الدین قاری ۔ ابن قاری امیر سیف الدین رحمۃ اللہ علیہ ۔ آپنے تعلیم و تربیت علوم ظاہری و باطنی اپنے جد بزرگوار حضرت مخدوم قاری نظام الدین سے پائی بیعت و اجازت و خلافت بھی انھین سے حاصل کی ۔ چونکہ آپ کے والد حضرت حافظ شہاب الدین صاحب کا انتقال حضرت مخدوم صاحب کے سامنے ہو چکا تھا ۔ لہذا آپ بچپن سے اپنے جد بزرگوار کے ظل حمایت و تربیت مین رہے حضرت مخدوم صاحب آپ کو بہت دوست رکھتے تھے ۔ اٹھارہ سال کی عمر مین آپ نے فراغ حاصل کیا علم تجوید موروثی تھا قرارت بھی خوب جانتے تھے ۔ اور حسن صورت و حسن سیرت دونون کے جامع تھے ۔ زمانۂ شباب مین آپ دہلی بھی تشریف لے گئے اور وہان کے بزرگون سے بھی ملاقات کی ۔ دہلی جانیکی وجہ یہ ہوئی کہ حضرت مخدوم صاحب کے نام شہنشاہ اکبر نے کچھ زمین معاف کی تھی ۔ چنانچہ بعد انتقال شہنشاہ اکبر جب جہانگیر تخت سلطنت پر بیٹھے ۔ تو حکم دیا کہ بغیر ملاحظہ پروانہ جات کسی معافیدار کو دخل نہ دیا جائے ۔ حضرت مخدوم صاحب نے آپ کو اپنی طرف سے تبدیل پروانہ جات کے لئے دہلی بھیجا ۔ چنانچہ آپ رخصت ہو کر تشریف لے گئے ۔ تھوڑی دور تک پہونچے تھے کہ حضرت مخدوم صاحب کی طبیعت ناساز ہو گئی ۔ فوراً آپ کو طلب کیا اور سات

روز تک خلوت مین بٹھاکر نعمات خاندانی آپ کو عطا کین اور اپنے تمام صاحبزادون سے اظہار کر دیا
پھر فرمایا کہ اب جاؤ اور اگر راستہ مین کچھ معلوم ہو تو پلٹنا نہین ۔ چنانچہ آپ تشریف لے گئے ۔
دو تین روز کے بعد حضرت مخدوم صاحب نے انتقال فرمایا ۔ جب آپ دہلی پہونچے تو مرزا غیاث
کے مکان پر اُترے ۔ مرزا غیاث نے اپنی دختر نورجہان کا جو اُسوقت تک محل شاہی مین داخل
نہین ہوئی تھین آپ سے نکاح کر دینا چاہا ۔ چنانچہ بوساطت حافظ محمد حسن جو شیخ عبدالحق محدث
دہلوی کے عزیز تھے اور آپ کے دوست تھے پیام دیا اور نسب نامہ مانگا ۔ اُسی زمانہ مین آپنے
یہ خواب دیکھا کہ ایک بزرگ آئے اور فرمایا کہ جس جگہ تم ٹھہرے ہو ۔ یہان عہدۂ وزارت آئیگا ۔
آپ نے یہ خواب مرزا غیاث سے بیان کیا ۔ مرزا غیاث بہت خوش ہوے اور زیادہ خدمت
کرنے لگے ۔ مگر چونکہ اُنکے ارادہ سے آپ مطلع ہو چکے تھے ۔ لہذا وہان سے اُٹھکر حضرت خواجہ
قطب الدین بختیار کاکی کے مزار کے قریب آکر ٹھہرے ۔ شب و روز اکثر ذکر و مراقبہ مین مشغول رہتے
اور کبھی کبھی حضرت سلطان المشائخ نظام الدین اولیا کے مزار پر بھی حاضر ہوتے رہتے ۔

ایک مرتبہ آپ بتوسط حافظ محمد حسن حضرت خواجہ محمد باقی عرف خواجہ باقی باللہ کی خدمت
مین گئے ۔ خواجہ صاحب نہایت اخلاق سے پیش آئے ۔ آپ دو روز اُنکے حلقہ مین بیٹھے ۔
مگر نسبت قادری مین مشغول رہے ۔ ایک روز حضرت شیخ احمد مجدد الف ثانی سرہندی نے خواجہ صاحب
سے عرض کیا کہ دو روز سے نسبت قادری کا غلبہ معلوم ہوتا ہے ۔ خواجہ صاحب نے مُسکرا کر فرمایا
کہ تمھارا ادراک صحیح ہے ۔ اس نسبت کا ظہور ان صاحب کی وجہ سے ہے ۔ یہ مخدوم نظام الدین
قادری کے پوتے ہین ۔ جنکے اکثر محامد و مناقب مین نے اپنے پیر خواجۂ امکنکی سے سنے ہین وہ
فرماتے تھے کہ جب قاری محمد شریف مدنی نے پورب کا سفر کیا ۔ تو مجھ سے وقت ملاقات بیان
کیا ۔ کہ اس سفر مین مین نے ایک ایسے بزرگ سے ملاقات کی جو جامع جمیع صفات مین ۔ اگر کسی
کو ادب حضرت جنید ۔ و تقوٰے امام ابو حنیفہ ۔ اور قرارت قراے سبعہ سننا اور دیکھنا منظور ہو وہ
پورب مین جاکر مولانا نظام الدین کو دیکھے ۔ مین دو مہینہ برابر اُنکے ساتھ رہا ۔ مگر باوجود اس سب کے

شان عبودیت کے سوا کوئی اثر انانیت مین نے اُن مین نہین پایا یہ سب اُسی کا اثر ہے ۔ حضرت
مجدد صاحب نے یہ سُنکر آپ سے معانقہ کیا اور کہا کہ مجھکو بھی آپ کے خاندان سے تلمذ ہے ۔
مین نے تفسیر بیضاوی شریف ملا سید عبد الرشید مُلتانی سے جو شاگرد رشید و خلیفۂ کامل حضرت قاری
نظام الدین کے ہین پڑھی ہے ۔ بعد ختم جلسہ آپ نے حضرت خواجہ سے رخصت ہونا چاہا ۔ مگر اُنھون
نے رخصت نہ کیا ۔ اور تین روز آپ کی دعوت کی تیسرے روز وقت رخصت اُنھون نے آپکو
پانچ مصری کے کوزے دئے ۔ آپ وہان سے مرزا غیاث کے یہان آئے ۔ اور یہان کچھ دنون
ٹھہرکر آپ نے ایک روز فرمایا کہ مین کلھہ صبحکو چلا جاؤنگا ۔ پروانہ جات چھوڑے جاتا ہون جب
تم وزیر ہونا تو لکھوا کر بھجوا دینا ۔ مرزا غیاث نے متعجب ہوکر عرض کیا کہ مجھکو منصب وزارت کیونکر
ملیگا ۔ آپ نے فرمایا کہ تعجب مت کرو قدرت الٰہی سے بعید نہین ۔ بعد اُسکے آپ دہلی سے
وطن واپس آئے ۔ اور یہان درس و تدریس اور ارشاد و تلقین مین مصروف ہوئے ۔ چونکہ
بزرگان دین کا ارشاد بے اصل نہین ہوتا ۔ اُسکا ظہور یون ہوا ۔ کہ مرزا غیاث کے داماد کے
انتقال کے بعد نور جہان سے بادشاہ نے عقد کرنا چاہا ۔ اُسنے کہا کہ مین اس شرط پر منظور کرونگی
کہ میرے باپ وزیر کئے جائین ۔ اور بھائی کو ہفت ہزاری منصب ملے ۔ بادشاہ نے منظور کرکے
نکاح کیا ۔ اور اُسے نور جہان بیگم کا خطاب دیا ۔ اور اُسکے والد مرزا غیاث کو وزیر کرکے اعتماد الدولہ
کا خطاب دیا ۔ اور بھائی یعنے مرزا ابو الحسن کو منصب ہفت ہزاری اور صوبہ داری بنگالہ اور
آصف خان کا خطاب دیا ۔

جب آصف خان بنگالہ کی صوبہ داری پر جانے لگے تو اعتماد الدولہ نے اُن سے کہا کہ کاکوری
مین حضرت ملا عبد الکریم کی خدمت مین حاضر ہوکر بصد ادب یہ پروانہ جات قدیم اور پانچہزار بیگہ زمین
معافی کا پروانہ جدید نذر کرنا چنانچہ اُنھون نے آکر نذر کیا ۔ آپ نے پروانۂ قدیم لے لیا ۔ اور پروانۂ
جدید واپس کرکے فرمایا کہ مجھکو یہی کافی ہے ۔ وقت رخصت آصف خان نے عرض کیا ۔ کہ
کسی صاحبزادے کو برکت اور تقویت کے لئے حضور میرے ہمراہ کر دین ۔ چنانچہ آپ نے

چھوٹے صاحبزادے ملا عزیز اللہ کو موافق اُنکی خواہش کے یہ کہہ کر ہمراہ کر دیا کہ "درین پسر بوے از رغبت دنیا می یابم"۔

غرضکہ ذات والا صفات جامع جمیع کمالات تھی۔ بعد انتقال جد بزرگوار اٹھاون سال مسند ارشاد و تلقین پر بیٹھے۔ اور شہرت عظیم علوم ظاہری و باطنی مین حاصل کی۔ بہت سے عمائد مُرید و معتقد تھے۔ تربیت و تعلیم مین آپ قدم بقدم اپنے جد بزرگوار کے تھے۔ سلسلہ آپ کا قادریہ تھا۔ چنانچہ شجرہ دستخطی آپ کا کشف المتواری مین منقول ہے۔ قطع نظر کمالات معنوی غیرت و حمیت مین بھی یکتا تھے۔ اور حفظ نسب و ناموس مین بے مثل جیساکہ اوپر کے قصہ سے ظاہر ہے عمر بھی بہت پائی۔ عہد اکبری سے شاہجہان کے زمانہ تک زندہ رہے۔ آپ کے تلامذہ بہت ہوے۔ جن مین آپکے تین صاحبزادے یعنے ملا محمد ماہ۔ ملا ضیاء اللہ۔ ملا عزیز اللہ اور نواسے ملا عبدالسلام دیوی شاگرد رشید و تربیت یافتہ خاص تھے۔

وفات آپ کی بتاریخ ۳ ماہ ربیع الاول ۱۰۳۹ھ مین ہوئی۔ مزار مبارک محلہ قصبہ متصل تالاب آپ کی مسجد کے قریب خطیرہ مین ہے۔ تاریخ وفات پر آپ کا قُل بھی ہوتا ہے۔ قطعہ تاریخ وفات از مولوی محمد عالم قیصری کاکوروی ؎

حضرت مخدوم ما عبدالکریم ۔۔۔ حبذا نام ہمایون فال او
کز نظام الدین قاری شیخ بھیکھہ ۔۔۔ یافتہ تشریف حال و قال او
جانشین شیخ و لخت دل ۔۔۔ وارث افضال وہم اجلال او
حیف روز سویم از ماہ نبی ۔۔۔ پیک آمد بہر استقبال او
سوے علیین اعلیٰ بر پرید ۔۔۔ مرغ روح پاک زرین بال او
قیصری نادیدہ روے او بگفت ۔۔۔ آہ شہباز طریقت سال او

۱۰۳۹ھ

عبدالقادر

ملا عبدالقادر دانشمند مدرس۔ ابن حافظ شہاب الدین۔ ابن مخدوم قاری نظام الدین ابن قاری امیر سیف الدین رحمۃ اللہ علیہ۔

آپ نے بھی جملہ علوم ظاہری و باطنی کی تحصیل و تکمیل اپنے جد امجد حضرت مخدوم صاحب سے کی۔ عالم متبحر اور یکتائے عصر ہوئے۔ آپ بہت صالح جامع فضائل و کمالات تھے۔ تمام عمر اپنے برادر بزرگ ملا عبدالکریم صاحب کی متابعت مین صرف کی۔ حضرت مخدوم صاحب کی نظر توجہ آپ پر اور آپ کے برادر بزرگ پر بہت تھی۔ ہر دو حضرات کی تعلیم و تربیت خود انھون نے فرمائی مزید حال آپ کا نہ دریافت ہو سکا۔ مزار شریف خطیرہ واقع پیش صحن مکان منشی سلطان حسین مرحوم محلہ ناڑتلہ مین ہے۔

عبداللہ

مولوی حکیم عبداللہ۔ ابن شیخ محمد ولی نقشبندی۔ ابن شیخ زین العابدین۔ ابن بندگی شیخ احمد۔ ابن حضرت مخدوم شیخ محمود۔ ابن حضرت مخدوم بندگی منّ اللہ چشتی صدیقی۔

یہ فنون اور کمالات مین یگانۂ روزگار نہایت متدین و متقی تھے۔ ابتدا سے اپنے والد کے زیر تربیت رہے۔ اسی زمانہ مین خوشنویسی کی مشق کی۔ اور استادان وقت کفایت رقم و جواہر رقم کی سرمشق بہم پہونچا کر ایسی محنت کی۔ کہ تھوڑے عرصہ مین مثل استادون کے خط ہوگیا۔

اسی طرح فارسی پڑھکر نثر نویسی و شعرگوئی مین بہت کافی مہارت پیدا کی۔ اور ایسا کمال حاصل کیا کہ معاصرین شاگردی کا دم بھرتے تھے۔ فن صنعت و حرفت کی جانب جب طبیعت مائل ہوئی تو اسکو اس درجہ پر پہونچایا کہ دستکاری مین بڑے بڑے کاریگر انکو استاد مانتے تھے۔

پھر حسب ارشاد اپنے والد ماجد یہ سب ترک کر کے تحصیل علم عربی کی طرف متوجہ ہوئے۔

متوسطات تک پڑھ چکے تھے۔ کہ والد کا انتقال ہوگیا۔ مجبوراً سلسلۂ تعلیم موقوف کرکے تلاش روزگار پر آمادہ ہوئے۔ تھوڑے عرصہ کی فکر و کوشش کے بعد راجہ صاحب دہاموںی کے یہان کہ جو ریاست اُجین کے مضافات مین سے ہے پہونچے۔ اور بارہ برس تک اُنکی مصاحبت مین نہایت عزت و حرمت سے بسر کی۔ چونکہ راجہ صاحب کو علم موسیقی سے بہت ذوق تھا۔ انھون نے بھی اسی طرف توجہ کی۔ اور مہارت کلی پیدا کی۔ اور علم موسیقی کا سرمایہ چودہ سو روپیہ خرچ کرکے جمع کیا۔ اور اُستادان باکمال سے راگ مالا باتصویر بنوا کر تیار کرایا۔ خود بھی نہایت خوش گلو و خوش آواز و خوش لحن تھے۔ پھر وہان سے وطن آئے۔

یہان سے شیخ ثناء اللہ لکھنوی کے ساتھ دہلی گئے۔ شیخ صاحب کا رسوخ دربار شاہی مین بہت تھا۔ وہان پہونچتے ہی سلطان فرخ سیر کے عہد مین منصبدار شاہی ہو گئے۔

زمانۂ ملازمت مین خواب دیکھا کہ حضرت امام علی موسی رضا علیہ السلام تشریف لائے۔ اور دونون بازو مضبوط پکڑکر آسمان تک اُٹھالے گئے۔ اور پھر وہان سے واپس لاکر اُسی کرسی پر جسپر خود رونق افروز تھے بٹھلا دیا۔ اور دست نوازش پشت پر پھیرا۔ یہ بعد بیداری دیر تک اسکی تعبیر مین سرگردان رہے۔ جب تعبیر سمجھ مین نہ آئی۔ تو ایک مشہور معبر سے خواب بیان کیا۔ اُس نے تعبیر دی کہ اس عمر مین کہ جو پینتالیس سال سے زائد ہے۔ تم کو ایک ایسا علم حاصل ہوگا۔ جس سے تم کو اقران اور معاصرین اپنا مفتخر سمجھین گے۔ اور وطن مین ناموری حاصل ہوگی۔

تھوڑے عرصہ کے بعد اسکا یون ظہور ہوا کہ ملازمت سے برخاستہ خاطر ہوکر استعفا دیدیا۔ اور کل سامان اور گھوڑا فروخت کرکے بازار سے فن طب کی کتابین خریدین۔ اور وہان کے حکماے نامدار سے درس لینا شروع کیا۔ تھوڑے دنون تک متفرق طور پر پڑھتے رہے۔ اور عطارون کے یہان دواشناسی کرتے رہے۔ پھر شیخ صبغت اللہ لکھنوی کی وساطت سے معتمد الملک حکیم علوی خان سے ملاقات کی۔ اور اُن سے اس فن کو بدرجۂ کمال حاصل کرکے سرآمد اطبائے روزگار ہوئے۔ علم طب شروع کرتے وقت انھون نے خداوند تعالے سے عہد کیا تھا

کہ اگر اس علم مین مجھے استعداد کامل ہوگی تو للہ دوا کرونگا اور خلق اللہ کی خدمت کرونگا۔
حکیم علوی خان بھی ان پر بہت شفقت کرتے تھے۔ علاوہ فن طب کے اور علوم بھی تعلیم کرتے اور
نسخے لکھواتے اور مجربات بتاتے۔

بعد حصول فن طب وطن آئے۔ اور گوشہ نشینی اختیار کرلی۔ یاد الٰہی مین مصروف رہتے
اور کتب حکمت دیکھا کرتے تھے۔ یہان کے لوگ یونانی علاج سے ناواقف تھے۔ بیدون یعنے
اطبائے اہل ہنود کا علاج کرتے تھے۔ اسلئے ابتدا مین مرجعیت کم ہوئی۔ جب امراض مہلکہ مثلا
تپ دق۔ ذات الجنب۔ سرسام۔ اسہال کبدی۔ قولنج وغیرہ کے مریض جو قریب الموت تھے
انکے علاج سے اچھے ہونے لگے اور علاج تیر بہدف ثابت ہوا۔ تو بہت مشہور ہوئے۔ اور
کثرت سے لوگ آنے لگے۔ ایساکہ بڑے بڑے امرا اور رؤسا لکھنؤ معتقد ہوئے۔ نواب ابو المنصور
خان صفدر جنگ بہادر۔ وکلب علیخان لکھنوی ومصطفوی خان وشاہ حسین خان اور بہت سے
عمائد شہر معتقد تھے انکی خدمت مین بغرض علاج حاضر ہوتے۔ یہ انکے مکانون پر کبھی نہ جاتے
اور نہ تحفہ تحائف قبول کرتے۔ اگر کوئی زائد اصرار کرتا کہدیتے کہ مین نے خدا سے عہد کیا ہے
نقض عہد نہ کرونگا۔ اگرچہ خود بہت قلیل المعاش تھے۔ چھ سات بیگہ زمین آبائی تھی اسی کے
محاصل پر قناعت کرتے تھے۔ اور نہایت عسرت سے بسر کرتے تھے۔

ایک مرتبہ غلام محی الدین خان راجہ کٹوارہ (ضلع کھیری) نے کہ جو مبتلائے فالج تھے۔
شیخ محمد مکارم ملیح آبادی کو انکے پاس بھیجا کہ چند روز کے لئے تشریف لے آئین پانسو روپیہ
زاد راہ اور ایک پروانہ گانون کی معافی کا بھی بھیجا۔ انھون نے نہایت بے پروائی و استغنا سے
جواب دیا کہ مین خاک نشین نان جوین پر قانع ہون۔ نقد اور موضع سے کچھ مطلب نہین اگر
وہ خود یہان آئین تو للہ علاج کرونگا۔

انکے حذاقت کے بعض واقعات ایسے ہین جو کشف کے درجہ کے معلوم ہوتے ہین۔
تشخیص مرض مین نبض وقارورہ دیکھنے کی انکو حاجت نہ تھی۔ صرف صورت دیکھکر حال معلوم

کر لیتے تھے۔ چنانچہ ایک روز ایک شخص صحیح المزاج کہ بظاہر کسی قسم کی بیماری اُسکو نہین معلوم ہوتی تھی سامنے سے گذرا۔ دیکھ کر کہنے لگے کہ اس متحرک مُردے کو دیکھو۔ حاضرین سب بہت متعجب ہوئے اور حال دریافت کیا کہنے لگے کہ اس مین قوت بالکل نہین باقی ہے۔ عنقریب مرجائیگا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ ایک ہفتہ کے اندر وہ شخص مرگیا۔

منشی فیض بخش کاکوروی کی تحریر سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ یہ یعنی حکیم عبد اللہ بعد تحصیل علم طب وغیرہ اکتیس سال کے بعد سفر سے وطن واپس آئے۔ شروع مین کسی شخص نے اعزا مین سے انکو نہین پہچانا اتنا ان مین تغیر ہوگیا تھا۔ بعد کو جب معلوم ہوا تب جوق جوق لوگ آنے لگے۔

فن طب مین یہ بہت مشہور ہوئے۔ بہت عقلمند اور جہاندیدہ اور تجربہ کار تھے۔ مختار الدولہ کو خلل دماغ کا عارضہ تھا۔ اُنکے چچا مصطفوی خان بغرض علاج اُنکو یہان لائے۔ اُنھون نے ایسا عمدہ علاج کیا کہ وہ اچھے ہوگئے۔ شیخ محمد صالح نبیرۂ شیخ عبد الرقیب نے اُن لوگون کی بہت خاطر مدارات کی تھی۔ جب مختار الدولہ نائب ہوئے۔ تو اُنھون نے شیخ محمد صالح کو اراضی گولہ ہارہ وغیرہ معاف کردی۔

انھون نے متوکلانہ عمر بسر کی۔ روزانہ اہل قصبہ انکی خدمت مین حاضر ہوتے اور باتین سنتے اور اُس سے فوائد حاصل کرتے۔ منشی غلام مرتضیٰ مصنف جواہر الانشا انکے ارشد تلامذہ مین سے تھے۔

انکو آخر عمر مین بعمر ۹۳ سال ایک عظیم صدمہ پہونچا کہ انکے اکلوتے بیٹے حکیم محمد روشن جنگ ملہرونہ ضلع گورکھپور مین شہید ہوگئے اس صدمہ سے دل ٹوٹ گیا۔ بتاریخ ۹ ماہ رمضان المبارک ۱۱۸۸ھ وفات پائی۔ عمر سو برس سے زائد ہوئی۔ عالمگیر کے زمانہ سے شاہ عالم کے عہد تک زندہ رہے اور اسی عہد مین انتقال کیا۔

انکے صفات حمیدہ و حسن نیت و خلوص خدمت خلق اللہ کے برکات مین سے ایک امر خاص یہ ہے کہ زمانۂ قحط سالی و امساک باران مین انکے مزار پر پانی چھڑک کر دعا مانگی جاتی ہے

اللہ تعالے اپنے فضل سے جلد باران رحمت نازل فرماتا ہے۔ مزار انکا محلہ ولی نگر مین متصل کوٹھی نواب اکرام اللہ خان مغفور قبرستان مین واقع ہے۔

عبدالمجید

منشی عبدالمجید متخلص بہ سحر۔ ابن منشی غلام مینا ساحر ابن شیخ فضل امام۔ ابن شیخ محمد عوض ابن مولوی محب الرحمن۔ ابن شیخ عبدالرحمن علوی مخدوم زادہ۔ انکی ابتدائی تعلیم خاندان ہی مین ہوئی۔ مشق سخن کی ابتدا مولوی ہادی علی اشک لکھنوی سے کی لیکن درحقیقت مولوی محمد محسن کاکوروی کے فیض اصلاح اور سعی بلیغ سے انکی شاعری نے عروج پایا ایسا کہ اُنکے ممتاز شاگردون مین شمار کیے جانے لگے۔ قبل غدر مدت تک آگرہ مین اُنکے ساتھ رہے۔ اور جو فن شاعری کہ مولوی ہادی علی اشک نے شروع کرایا تھا اُسے انجام کو پہونچایا۔ نثر فارسی نہایت پاکیزہ لکھتے تھے۔ اُردو و فارسی دونون زبانون مین شعر کہتے تھے۔ اور دادِ سخن جوہر شناسون سے پاتے۔ طرز بیان کی دلفریبی۔ بندش کی صفائی۔ پُرشوکت الفاظ اور روزمرہ محاورات کا استعمال انکا خاص حصہ تھا۔

نواب علی حسن خان سلیم تذکرۂ صبح گلشن مین لکھتے ہین:۔

"شیخ عبدالمجید خلف غلام مینا ساحر کاکوروی است۔ در نظم و نثر شاگرد مولوی ہادی علی اشک لکھنوی طبعش با جودت آشنا و سحر حلالش ساحر دلہا"

ایک بار لکھنؤ مین بہت بڑا مشاعرہ ہوا۔ جسمین مظفر الملک اسیر مرحوم بھی رونق افزاے بزم سخن تھے۔ جسوقت انھون نے یہ رباعی پڑھی ؎

"کٹ جائیگی عمر ہاتھ ملتے ملتے | لیجائینگے داغ دل پہ چلتے چلتے
اس ہجر کی شب مین کیا بھروسا اپنا | بجھ جائینگے مثل شمع جلتے جلتے"

مرحوم اسیر نے بیتاب ہوکر بآواز بلند داد دی۔ اور انکو بُلا کر نام و وطن وغیرہ دریافت کیا

جب معلوم ہوا۔ کہ جناب ساحر کے خلف الرشید ہین اٹھ کر بغلگیر ہوئے۔ اور کہا کہ "تمہارے والد اور ہم ایک ہی اُستاد کے شاگرد ہین۔ مصحفی مرحوم کو تمہاری والد کی شاگردی پر فخر تھا" اکثر فرماتے تھے کہ "ساحر نے صرف اس خیال سے مجھ سے تلمذ اختیار کیا ہے کہ لوگ بے پیر کہین کہ یہ سخت معیوب سمجھا جاتا ہے۔ ورنہ ساحر کے کلام فارسی سے مجھے کیا نسبت ہے"۔ اس مشاعرے کے بعد اسیر مرحوم انکو اکثر یاد فرماتے۔ اور بکمال شفقت بزرگانہ سے شاد فرماتے۔

یہ ابتداءً عہدۂ نظارت پر فائز ہوئے۔ پھر ضلع اناؤ مین ایک علاقہ کے منیجر مقرر ہوئے جب لکھنؤ مین تبدیلی ہوئی تو ۱۸۸۰ء مین نواب فدا حسن خان کاکوروی نے بعہد سر سالار جنگ بہادر ریاست حیدرآباد دکن مین بمشاہرۂ ۱۵۰ طلب کرکے اپنا سکریٹری مقرر کیا۔ نواب فدا حسن خان قوانین حیدرآباد کی تدوین اُردو مین کرتے۔ اور یہ اُسکو روزمرّہ فارسی عبارت مین (کہ اسوقت دفاتر حیدرآباد مین وہی مستعمل تھی) تحریر کرتے۔ جب حیدرآباد کی آب و ہوا ناموافق ہوئی تو ایک سال کے بعد واپس آکر پھر لکھنؤ مین سررشتہ داری پر مامور ہوئے۔ اسی عہدہ سے پنشن لیکر خانہ نشین ہوگئے۔

انکا ایک اُردو دیوان مکمل تھا۔ جو لکھنؤ مین ضایع ہوگیا تھا۔ دوسرا ناتمام دیوان موجود ہے۔ فارسی غزلین اور شعرین ایک بیاض مین درج تھین وہ بھی ضایع ہوگئین۔ ایک فارسی غزل اور چند اردو اشعار جو مل سکے درج ذیل ہین۔

آخر عمر مین نعت گوئی کا ذوق پیدا ہوا تھا۔ مولوی محمد محسن صاحب مغفور کے قصیدہ مدیح خیر المرسلین کی تخمیس کی تھی۔ جو مدیح خیمیہ کے نام سے کلیات نعت مولوی محمد محسن مین طبع ہوچکی۔ اسکے علاوہ ایک مثنوی ذکر ولادت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم مین بطرز مثنوی صبح تجلی لکھی تھی۔

کلام فارسی

سزد مردانہ سطے کردن طریق عشق کامل را ۔۔۔ برنگ سُبحہ باید ہر قدم انداختن دل را

چہ شوخیہاے گستاخی است یارب خون بسمل را ۔۔۔ کہ بیباکانہ رنگین میکند دامان قاتل را

بصد حسرت کجا در خاطر آورد و توان بردن ۔۔۔ ہجوم کاروان من نشان گم کرد منزل را
ز عصیان منفعل گشتم جمالش جلوہ فرما شد ۔۔۔ سواد معصیتہا طوطیا شد دیدۂ دل را
بسودائے محبت یک جہان بیخویشتن گشتم ۔۔۔ سرشک آسائی دانم کجا انداختم دل را
برون بے پردہ شد راز محبت از دل مجنون ۔۔۔ طلسم عشق تا بر گرد لیلے بست محمل را
بیا اے تیر برق افگن بقربان کمان تو ۔۔۔ خدنگ جان نوازت داد تسکینے دگر دل را
کشیدن بار منت ہم در آزادی نمی آید ۔۔۔ کہ بو از غنچہ بر دوش عزیزان بست محمل را
چو نخل شمع از سرسبزی خود سوختن دارم ۔۔۔ بہ کشت خویشتن حاصل شمردم برق حاصل را
منم از سر فروشانیکہ در بزم وفاداری ۔۔۔ برنگ شمع گل در دامن اندازند قاتل را
تماشاگاہ بیتابی حریف بزم عشرت شد ۔۔۔ برائے رقص بیتابی رہا کردند بسمل را
من آن شمعم کہ چون پروانہ دلہا سوختم رفتم ۔۔۔ بہر بزمے کہ روشن ساختم کیفیت دل را
صبا بر عارضش برہم زدی زلف پریشان را ۔۔۔ مگر بر دوش گل انداختی دام عنادل را
بود اے سحر بے اندیشہ در سیر چمن نرگس ۔۔۔ ز نیرنگ فلک عبرت نباشد چشم غافل را

کلام اردو

اے زبان شکوۂ بیداد نہ آنے پائے ۔۔۔ دل جو آیا ہے تو فریاد نہ آنے پائے
نزع کر جائیگی پھر حسرت دیدار میں طول ۔۔۔ مرتے دم وہ ستم ایجاد نہ آنے پائے
کیا رقیبون نے ہمین خواب فراموش کیا ۔۔۔ تمکو بھولے سے کبھی ہم یاد نہ آنے پائے
آہ چنان بلبل زار ہم کہ بگلشن ز قفس ۔۔۔ مین تو کیا ہون مری فریاد نہ آنے پائے
کیون بلاتے ہو وہی مین ہون کہ جسکی نسبت ۔۔۔ یاد ہے مجھ کو یہ ارشاد "نہ آنے پائے"
لاکھ معلوم تجھے افسون محبت ای سحر ۔۔۔ درد فرقت مین کوئی یاد نہ آنے پائے

سرشک شبنم ہون ہر جوش دل سے ولولہ مجھ کو ۔۔۔ جنون پھر سے کربل کوچہ مین تیرے لیچلا مجھ کو
غضب ہے ملکے ہنسدی مجھ سے ٹھنڈی گرمیان کرنا ۔۔۔ کسی دن پھونک دیگی آتش رنگ حنا مجھ کو

ہو آب انفعال ستم روے یار پر | پانی برس گیا مرے دل کے غبار پر
مین بھی جوان ہون پیر مغان نے غضب کیا | چھوڑا ہے دخت رز کو مرے اعتبار پر
پیر یکدم بہ عشق زندبس غنیمت است | ہنستے ہین جام پیر مغان کے سنگار پر

ایام کو مجھ سے نہ الفت نہ ملاقات رہے | دن کو بھی آپ وہین رہیئے جہان رات رہے
شب وصل مین گردون کی عداوت دیکھو | صبح ہوتی ہے مرے گھر مین پہر رات رہے

شریک بزم حسرت ہون مگر خاطر مکدّر ہے | وہان زخم ہون ہنسا مار دنے سے بہتر ہے
جلائین انکی ٹھنڈی گرمیان اس خرمن دل کو | کسی کے کان کی بجلی گرے مجھپر تو بہتر ہے

گو ضعف سے ہوش مین بھی آیا نہ گیا | پر راہ طلب کا مرے سودا نہ گیا

مجھ سے فقط نہین وہ بت بیوفا جدا | ہر آشنا ہے صورت ناآشنا جدا
فطرت مین آدمی کے ازل سے نفاق ہے | آدم مین تین حرف ہین تینون جدا جدا

کیون دل کو ہو یاس مغفرت سے | کیا دامن مصطفےٰ نہین ہے
گھبراؤ نہ بیکسی مین اے سحر | کیون ڈرتے ہو کیا خدا نہین ہے
کیا مثل حباب سر اٹھائین | دم بھر کا بھی آسرا نہین ہے

انھون نے بتاریخ ۱۲ محرم روز سہ شنبہ ۱۳۱۷ھ مطابق ۲۳ مئی ۱۸۹۹ء انتقال کیا اور خاندانی قبرستان متصل تکیہ شریفہ کاظمیہ مین دفن ہوے۔

عبدالواحد

شیخ عبدالواحد۔ ابن شیخ عبدالاحد۔ ابن شیخ ہدایت نبی۔ ابن شیخ کرامت اللہ۔ ابن شیخ بدیع الزمان۔ ابن شیخ عنایت اللہ۔ ابن شیخ مینا۔ ابن شیخ مکرم۔ ابن شیخ عبدالواحد۔ ابن مخدوم شیخ قیام الدین رح۔

ولادت انکی ۲۰ فروری ۱۸۴۳ء کو ہوئی اُسوقت کہ جب انکی والدہ سا ٹھہ سال کی عمر کو پہنچ چکی تھین کتب درسیہ انھون نے اپنے والد سے پڑھین۔ زمانہ غدر مین کانپور مین نائب ناظر عدالت کلکٹری تھے۔ بعد ختم ہنگامہ غدر اول عدالت صدر دیوانی آگرہ مین منشی ہوئے۔ پھر ہائیکورٹ الہ آباد مین منصرم اپیل رہے۔ اُسی زمانہ مین چونکہ لفٹننٹ گورنر سر ولیم میور بہادر کو زبان اُردو سے خاص دلچسپی تھی۔ ارباب قلم انعامات سے مسرور رہتے۔ انھون نے بھی اُس جنگ نامہ کا جو مشتمل محاربات اولاد اورنگ زیب عالمگیر ہے۔ فارسی زبان سے اُردو مین نہایت مقفٰے ترجمہ کرکے میور صاحب کی خدمت مین پیش کیا ایک سو روپیہ انعام عطا ہوا۔ مدارس مین تعلیم دینے کے لائق نہ تھا اسلئے طبع نہین ہوا۔ پنشن لیکر وطن مین رہے۔ اور عبادت معبود حقیقی مین مشغول رہے۔ اپنے جد یعنی مخدوم شیخ قیام الدین کی مسجد منہدمہ کو از سر نو بنوایا جس کی تاریخ یہ ہے ؎

حامی دین شیخ عبدالواحد از فضل الہ　　مسجد عالی بنا کرد از برائے عابدین

بانیش را در حق تعمیر یا رب این دعا　　آید از فردوس طبتم فادخلوہا خالدین

گو ہر سالش بہ الماس دعا عاشق لسفت　　یا رب این مسجد منور باد از انوار دین

انھون نے آخر عمر مین بمرض فالج مبتلا ہوکر ۱۴ اکتوبر ۱۹۱۲ء مطابق ۱۳۳۰ھ کو انتقال کیا اور صحن مسجد مین متصل مزار مخدوم شیخ قیام الدین دفن ہوئے۔ عبارت مندرجہ ذیل اپنے لوح مزار کے لئے خود تصنیف کرکے چھوڑی۔ جو وفات کے بعد انکے بڑے بیٹے شیخ حامد حسن منصف نے حسب وصیت پتھر پر کندہ کراکے نصب کی۔ وھوھذا۔

السلام علیکم اندرین عبرت گاہ بندیش دہ بین اے برادر ؎

ہم اندر زمینم ہم اندر کفن　　بہ منت گذارم ہمین یک سخن

کہ چون بگذری بر مزارم دمے　　ز قرآن بہ بخشی ثوابے بہ من

دست بستہ ملتمسہ عبدالواحد مرحوم و مغفور امید دار فاتحہ خیر

عبد الوحید

منشی عبد الوحید متخلص بہ نیرنگ - ابن منشی عبد المجید سحر - ابن منشی غلام مینا ساحر علوی مخدوم زادہ - بتاریخ ۶ ربیع الاول ماہ صفر ۱۲۷۲ھ مطابق ۲۷ ستمبر ۱۸۵۵ء روز یکشنبہ کو پیدا ہوئے - عربی و فارسی کی تعلیم حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر سے پائی - اور حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر کے مرید ہوئے شعر و سخن کی طرف فطری میلان ہے - تلمذ مولوی محمد محسن کاکوروی سے ہے - بہت ذہین و قابل و طباع ہیں - فی الحال ریاست جھالرا پاٹن میں ملازم ہیں - اُس اطراف میں انکے تلامذہ کی کثیر تعداد موجود ہے - انکے چند اشعار بغرض تفریح طبع ناظرین درج ذیل ہیں -

مری جانبازیوں کو کچھ مرا قاتل نہیں سمجھا
کلیجے کو کلیجہ دلکو ہمنے دل نہیں سمجھا

اگر کسی شب کو وہ مہرو مرے گھر ہوتا ہے
شام سے نالۂ مرغان سحر ہوتا ہے

محبت ہے وہ دشمن دوست بنکر دل میں رہتی ہے
لگاتی ہے اُسی میں آگ جس منزل میں رہتی ہے

فلک تو دور ہے اس ضعف دل نے مار لیا
مجھی پہ ٹوٹ پڑی آہ نارسا میری

کیوں نہ ہو کوے حسینان میں ٹھکانا دل کا
وقت ہے جوش جوانی کا زمانا دل کا

دل نہوگا تو مصیبت نہ محبت ہوگی
آپ لیجائیے جھگڑے لیے فراغت ہوگی

پوچھتے کیا ہو کہ روتا ہے تری قبر پہ کون
اور غمخوار مرا کون ہے حسرت ہوگی

ہو چکا حکم یہ قسام ازل کا نیرنگ
جُرم کی تجھکو مجھے عفو کی عادت ہوگی

ترک الفت کبھی کرے دل تو نتیجا کیا ہے
آج قابو میں ہوا کل کا بھروسا کیا ہے

حق تو یہ ہے کہ یہی جلوہ گہ یار ہیں سب
دیر کیا چیز - حرم کیا ہے کلیسا کیا ہے

بنی جب تک رہی قسمت کو سمجھے اسم فرضی ہے
اگر بگڑی تو بولے کھیل ہیں سارے مقدر کے

ہم ایسے حرمان نصیب یارب کہ سوز فرقت سے جل رہے ہیں -
چراغ روشن مراد حاصل کسی کے ارمان نکل رہے ہیں

عزیز الرحمن

شیخ عزیز الرحمن عرف شیخ ولی محمد۔ ابن شیخ عبد الرحمن۔ ابن حافظ غلام محمد۔ ابن شیخ سیف الدین علوی مخدوم زادہ۔ انکو علم نجوم اور حساب وغیرہ مین بہت مہارت تھی۔ ساتھ ہی اسکے بڑے پہلوان اور شجاع تھے۔ انکے زمانہ مین کوئی انکا مثل نہ تھا۔ نواب بقاء اللہ خان کی طرف سے پرگنۂ چایل (ضلع الہ آباد) کے فوجدار تھے۔ قوت خداداد کی یہ کیفیت تھی کہ وہین ایک قلعہ کا دروازہ سنگین جس مین فیل معہ عماری جا سکتا تھا۔ اور جو اپنی جگہ سے ایک بالشت ہٹ گیا تھا کوئی شخص اُسے درست نہین کر سکتا تھا۔ انھون نے تن تنہا زور کر کے درست کر دیا۔ اور اپنے علوی ہونیکا پورا پورا ثبوت دے دیا۔

اسی طرح سے لکھنؤ مین ایک بہت بھاری توپ تھی۔ جو دو بیلون سے کھینچی جاتی تھی۔ ایک مدت سے وہ زمین مین دھنس گئی تھی۔ کسی طرح نہین نکلتی تھی۔ اُنھون نے اُسکو نکالا۔ اور اُٹھا کر پلٹ دیا۔

اسی طرح ایک مرتبہ دہلی مین محمد شاہ کے عہد مین نوروز کے دن حکم عام ہوا کہ جو شخص چاہے۔ دیوان عام مین آکر جلسہ دیکھے۔ اُس روز کے مجمع کا کیا پوچھنا اندر جانا دشوار تھا۔ انھون نے اُس روز بہت قوت صرف کی۔ اور مع اپنے احباب خاص شیخ محمد صالح ولد شیخ محمد منتجب۔ و شیخ کرم اللہ ابن شیخ جار اللہ۔ و شیخ فضل اللہ۔ و شیخ محمد وجیہ کے وہان گئے اور اسطرح سے کہ دو آدمیون کو کندھون پر بٹھایا۔ اور دو کو بغل مین دبایا اور سب کو لیگئے مگر باوجود اس قدر قوت کے کبھی اپنی قوت پر غرور نہین کیا۔ اور نہ حرف نخوت زبان پر لائے زائد حالات انکے نہ دریافت ہو سکے۔

عزیز اللہ

ملا عزیز اللہ ابن حضرت ملا عبد الکریم رحمۃ اللہ علیہ۔ تعلیم اور تربیت انھون نے اپنے والد ماجد

سے پائی۔ حضرت مخدوم قاری نظام الدین بھیکہ کی اولاد مین فراغت ظاہری کی ابتدا انھین کی ذات سے ہوئی۔ عنفوان شباب مین بسبب طلب نواب آصف خان ہفت ہزاری صوبہ بنگالہ کے ہمراہ بنگالہ گئے۔ اور دولت اور ثروت بہت حاصل کی۔

حضرت شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ اصول المقصود مین لکھتے ہین کہ

"وقت رخصت آصف خان عرض کرد کہ کدام صاحبزادہ را ہمراہ من فرمانید تا موجب برکت وتقویت من باشد۔ آن وقت حضرت ملا عبدالکریم رخ بطرف ملا عزیز اللہ پسر خود کردہ فرمودند کہ درین طفل رغبت دنیامی بینم این را ہمراہ خود ببر۔ آصف خان سعادت خود دانستہ ہمراہ خود گرفت وانچہ بہ اوشان وفرزندان اوشان کرد مشہور است"

منشی فیض بخش اپنے نسب نامہ موسومہ بہ چشمۂ فیض مین لکھتے ہین۔

"ابتدار نشوونماے اولاد شیخ بھیکہ از ایشان بودہ۔ ہمراہ برادر نورجہان بیگم بہ بنگالہ رفتہ در انجا حشمت وشوکت ظاہر بہم رسانیدند۔ رفتہ رفتہ در سرکار سلاطین ہند رسائی پیدا کردند۔ وکارہاے عمدہ سرانجام میدادند کہ سبب نام آوری میشد۔"

انکی اولاد مین علم کے ساتھ ثروت اور امارت بہت رہی۔ انکے دو صاحبزادے ہوے۔ ملا عظمت اللہ۔ ملا عصمت اللہ

عزیز اللہ شاہ

حافظ شاہ عزیز اللہ۔ ابن حافظ حفیظ اللہ۔ ابن شیخ امین الرحمن۔ ابن ملا عصمت اللہ ابن ملا عزیز اللہ۔ ابن ملا عبدالکریم۔ یہ حافظ قرآن عالم جیّد اور مدرس فاضل تھے۔ کلام اللہ خوب پڑھتے تھے۔ سات آٹھ سال تک شاہ شرف الدین عرف شاہ مدن کے رفیق رہے۔ پھر خانہ نشین ہوکر حضرت شاہ محمد عاقل سبز پوش چشتی کے مُرید وخلیفہ ہوے۔ اور بقیہ عمر گوشہ نشین رہکر یاد حق مین گذاری۔ دن کا بیشتر وقت اپنے جد حضرت مخدوم صاحب کے مزار پر صرف کرتے۔ نماز جمعہ

حضرت ملا عبدالکریم کی مسجد مین پڑھتے۔

یہ بہت بزرگ اور صاحب صلاح وتقوے تھے۔ حضرت ملا حمید الدین کاکوروی سے عہد کیا تھا۔ کہ اپنی اولاد کو کلام اللہ حفظ کراؤن گا۔ چنانچہ ایسا ہی کیا۔ اور بعنایت ایزدی شرف حفظ کلام مجید ان کی نسل مین برابر جاری رہا۔

عظمت اللہ

ملا عظمت اللہ ابن ملا عزیز اللہ۔ ابن ملا عبدالکریم۔ یہ بہت بڑے عالم، زبردست فاضل یکتائے روزگار صاحب تحقیق وتدقیق تھے۔ اپنی خداداد قابلیت سے اپنے زمانہ مین ممتاز رہے۔ اپنے والد کے بعد اُنکے قایم مقام ہوئے۔ اور بقول حضرت شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ دربار شاہی مین اس قدر جاہ وتقرب حاصل کیا۔ کہ اتنا اس جوار کے کسی شخص کو نصیب نہوا تھا۔ زیب النسا بیگم بنت عالمگیر بادشاہ کو انھین نے علم فقہ کی تعلیم دی۔

منشی فیض بخش صاحب اپنے نسب نامہ موسومہ بہ چشمۂ فیض مین لکھتے ہین:۔

"ملا عظمت اللہ کہ فضیلت برجستہ میداشت۔ نواب زیب النسا بیگم بنت عالمگیر بادشاہ را مسائل فقہی تعلیم میفرمود۔ واین حویلی کہنہ (موسومہ بہ پرانی حویلی) کہ سابق از خشت پختہ بود جانی خان در عہد آصف الدولہ خشت ہائے آنرا بردہ بعدازان شیخ طفیل علی آنرا اخام درست کردند۔ وبا شرکت وتصرف فرزندان شیخ غلام نبی مرحوم است احداث کردۂ ملا عظمت اللہ بود۔"

منشی غلام مرتضے جواہر الانشار مین انکی نسبت یہ تحریر کرتے ہین:۔

"ملا عظمت اللہ توسل از سرکار زیب النسا بیگم صبیہ عالمگیر بادشاہ گرفتہ بود۔ نواب محمد یار خان پسر بہمن یار کہ از عظمائے دربار شاہی بود۔ بس شفقتہا وعطوفت بملا مرحوم میکرد۔ چنانچہ خدمت فوجداری وامانت سرکار خیرآباد ومحالات دیگر بتوجہاتش بنام پسرشان شیخ جاراللہ مقرر ومفوض گشت"

مزید حالات انکے باوجود سعی وکوشش نہ دریافت ہوسکے۔

عظمت علی

مولوی عظمت علی - ابن مولوی منصب علی - ابن شاہ نظام علی - ابن شاہ بہرام علی قلندر علوی
یہ بہت نیک اور متین عالم باعمل صوفی منش تھے تعلیم و تربیت و اجازت و خلافت اپنے جد امجد سے
تھی - بہت ذاکر شاغل شخص تھے - انھون نے بتاریخ ۱۹ ماہ ذیحجہ روز دوشنبہ ۱۲۹۶ھ مطابق یکم
دسمبر ۱۸۷۹ء بمقام مین پوری انتقال کیا - اور وہین دفن ہوے - مولوی حسن بخش صاحب مغفور مصنف
تفریح الاذکیا اپنے روزنامچہ مین لکھتے ہین - کہ بوقت انتقال انکا چہرہ ایسا نورانی ہوگیا تھا کہ لوگون نے
دیکھکر درود پڑھنا شروع کیا" نسخہ عطای انفس و حواشی تنقیح العبادۃ انکے تالیفات سے ہین -

عظمت علی نامی

شیخ عظمت علی متخلص نامی ابن شیخ سلامت علی ابن شیخ محمد غنی - ابن شیخ غلام حسن -
ابن شیخ محمد مسیح - ابن ملا بدیع الزمان ابن ملا محمد رضا - ابن ملا محمد اشرف - ابن ملا عبدالقادر
نبیرہ مخدوم شیخ بھیکہ رح -

ولادت انکی بتاریخ ۲۲ ماہ جمادی الآخر ۱۲۲۸ھ ہوئی سخت باور باد - مادہ تاریخ ولادت
ہے - یہ نہایت قابل لائق - رنگین مزاج وضعدار شخص تھے - شعر خوب کہتے - نامی تخلص تھا - اور
زمرۂ شعرا مین بھی نامی گرامی تھے -

خود اپنا حال اپنی کتاب تاریخ اودھ موسومہ بہ مرقع خسروی مین لکھتے ہین -

"ابتدائے سن طفولیت سے کنار شفقت والدین مین بہناز و نعمت پرورش پائی - اور بہ کمال تہم
جناب عم اکرم قبلۂ معظم جواد الدولہ مظفر الملک مفتی محمد مہدی علیخان بہادر منصور جنگ تا حد بلوغ
بڑی چین اُٹھائی - اور پھر آخر عہد نصیر الدین حیدر بادشاہ مین بصرف مکرمت نواب روشن الدولہ
بہادر وزیر اعظم اور توجہ خاص راجہ لعل جی صاحب بخشی مکرم سے جو جناب جواد الدولہ کے دوست تھے

پندرہ سولہ برس کے سن مین بڑے نام آٹھ پچاس روپیہ ماہواری کا بجرگہ اتیا زبان مقرر ہوا۔
زر تنخواہ خادم رقم تا رہا۔ بعدہ سنہ ۱۲۴۳ھ مین جب عم اکرم محتشم معظم الیہ کو چکلہ داری سندیلہ کی ہوئی۔
تب خوب حکومت کی۔ پھر سنہ ۱۲۵۳ھ ابتداے جلوس حضرت محمد علی شاہ مین نقد نواب منتظم الدولہ
بہادر وزیر اعظم سے گوشہ گیر مسند وزارت ہوکر زانوشکن در باعظمت بار ہوا۔ اور بعد چندے
تحصیلداری پرگنہ جات ملاپور و تہلواری سے سرفراز کیا گیا تب سے تا آخر سنہ ۱۲۷۲ھ بیس برس
برابر تقریب وزارت ہر عہد مین تحصیلداری پرگنات عمدہ ہر نظامت اور عہدہ نامیلامانت ور انصرمی
محالات مونہ و موہن گنج و تمروتہ وغیرہ مین کارپرداز رہا پھر جب عملداری سرکار انگریز بہادر کی
ملک اودھ مین ہوئی تب باوصف حضوری حکام عالی مقام علے التخصیص توجہ مسٹر مسن صاحب
ڈپٹی کمشنر لکھنؤ سے فارغ البالی رہی نوکری قبول نہین کی۔ پھر ایام غدر مین خانہ نشین رہا اور
بہ تحفظ آبرو گوشہ گیر تھا۔ بعدہ جب دوبارہ عملداری سرکار کی ہوئی۔ تو بہ مختاری و کارکنی سرکار
مرزا رفیع الشان بہادر شاہزادہ خلف محمد علی شاہ کے واسطے حضوری حکام اور پیروی مقدمات
اجرائے تنخواہ کی توقیر تمام رہا۔ اب چند روز سے بیکاری ہے۔ اور فیض رحمت جناب ملکہ
معظمہ وکٹوریہ سے امیدواری ہے۔

انکے تصانیف سے ایک مکمل دیوان اردو کا موجود تھا جس مین علاوہ غزلون کے قصائد
و قطعات و تاریخ و رباعیان وغیرہ بھی تھین۔ تغزل مین ایک خاص رنگ تھا اور اکثر مضامین
نئی بندش اور ترکیب سے نظم کئے گئے تھے۔ انکے چند اشعار تذکرۂ گلدستۂ سخن سے نقل کرکے
درج ذیل ہین ؎

جابجا الجھے نہین چاند سے رخ پر گیسو
ورق مصحف ناطق کے ہین مسطر گیسو

پیچ مین انکے حسینان جہان پھنستے ہین
اپنا اقبال مین رکھتے نہین ہمسر گیسو

لوگ گھبرا کے ابھی چاند گہن سمجھین گے
دیکھو آنے نہ دو عارض کے برابر گیسو

بستر خواب پہ بوباس سے اپنے ہر شب
نکہت گل کی بچھا دیتے ہین چادر گیسو

رات ہو جائے گی دن کی یہ خط سے ہر فا ہی ۔۔ بڑھتے بڑھتے نہ چھپا لین رخ انور گیسو

دوسری کتاب تاریخ تھی سلطنت اودھ کی نہایت مفصل جو اپنی ذاتی تحقیق سے مسجع و مقفٰے رنگین عبارت اُردو مین لکھی تھی جسکا نام مرقع خسروی ہے ۔

یہ فطرتاً نہایت شگفتہ مزاج یار باش تھے لطف صحبت پر جان دیتے تھے ۔ شاعری کے شوق نے ایک طرح کی مزاج مین وارستگی اور رعنایی اکردی تھی ۔ جس سے ہمیشہ مرنج و مرنجان رہے ۔

انھون نے بتاریخ ۲ ماہ ربیع الآخر روز چہار شنبہ ۱۳۱۱ھ مطابق ۱۸ اکتوبر ۱۸۹۳ء بعمر ۵۸ سال بمقام مفتی گنج لکھنؤ انتقال کیا اور وہین دفن ہوئے ۔

علی اکبر

حضرت اکبر العلما مولانا شاہ علی اکبر قلندر قدس سرہ خلف و خلیفہ و جانشین حضرت مولانا شاہ حیدر علی قلندر ابن حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر قدس سرہما

ولادت آپ کی بتاریخ ۱ ماہ ربیع الاول روز دوشنبہ ۱۲۴۹ھ ہوئی ۔ بدو شعور سے متصف با خلاق حمیدہ و خصائل پسندیدہ تھے کتب درسیہ کی تعلیم اپنے عم اکرم حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ سے پائی ۔ اور تعلیم باطن اُن سے اور اپنے والد ماجد دونون سے حاصل کی ۔ اذکار قلندریہ آپ خوب جانتے تھے ۔

بیعت آپ کو سلسلہ عالیہ قادریہ مسعودیہ مین حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ سے تھی ۔ اور اجازت و خلافت اپنے والد ماجد اور عم اکرم سے ۔ اور علاوہ اُنکے حضرت شاہ علی اکبر قلندر باسطی الہ آبادی سے بھی تھی ۔ علم حدیث و اوراد کی تحریری اجازت حضرت مولانا آل احمد ابن محمد امام ابن مولانا نعمت اللہ قلندر پھلواری سے بھی حاصل تھی ۔ آپ بالکلیہ مصداق اس قول کے تھے کہ " صوفی آن بود کہ نبود " ۔

نہایت درجہ منکسر النفس و متحمل المزاج متبع شریعت تھے ۔ اخلاق اسقدر وسیع تھا کہ ہر شخص

بجاے خود گمان کرتا کہ مجھسے زائد کوئی شخص مقبول نہین تمام عمر اخفا و کتمان مین گذاری - اور الشهرة آفة والخمول راحة کے پابند رہے

ابتداءً آپ درس بھی دیتے تھے - قصبہ و قرب و جوار کے بہت سے لوگ آپ کے شاگرد تھے - چند نام اُنکے معلوم ہوسکے جو درج ذیل ہین (۱) حضرت ابی شیخی مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر قدس سرہ خلف و خلیفۂ آنحضرت (۲) مولانا فریدالدین خان محدث کاکوروی (۳) مولوی صدرالدین خان کاکوروی (۴) منشی نذیر حسن متخلص بلوج کاکوروی (۵) مولوی حکیم عبدالحفیظ متخلص بہ نیّر کاکوروی (۶) مولوی شاہ سکندر علی خان اصل خالصپوری نزیل بمبئی (۷) حکیم عبدالنبو خان خالصپوری (۸) مولوی عظیم الدین مصنف ساکن دیوہ نزیل کاکوری (۹) مولوی حکیم علی حیدر خان خالصپوری وغیرہم -

اتباع اوضاع خاندانی و حُسن استعداد و اطاعت نیز ذاتی خوبیون سے آپ اپنے عم اکرم حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر کی خدمت مین بہت مقبول اور مورد عنایت ہوے - حضرت مولانا شاہ حیدر علی قلندر کے سویم کے روز حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر نے حسب ارشاد شاہ حیدر علی قلندر آپ کو لباس پہنایا - اور اپنی طرف سے بھی اجازت و خلافت عطا کی - اور سجادۂ کاظمیہ پر بٹھاکر خود بنفس نفیس نذر گذرانی - تمام عمر ظاہرًا و باطنًا آپ نے اُنکی متابعت مین گذاری - کوئی بات اُنکے خلاف مرضی نہین کی - ادب کا یہ حال تھا کہ تاحیات حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ - بوجہ ادب سجادہ پر نہین بیٹھے -

آپ علوم متعارفہ مین ایک بحر ناپیدا کنار - اور فقر درویشی مین سرگروہ عرفاء اعصار تھے - لَوْمَةَ لَائِم یعنی کسی ملامت کرنے والی کی ملامت کی پروا نہین کرتے تھے - جو مقام قلندری پر فائز ہونے کی اعلےٰ دلیل ہے - ایک سال قبل وصال اپنے بعض مخصوص مریدین سے اپنے وصال کی خبر دیدی تھی - چنانچہ بعد ایک سال کے شب گیارہ ماہ رجب کو مادۂ فالج بائین جانب گرا - چند ارشادات و وصایاے ضروری کے بعد سکوت اختیار فرمایا - وصال سے دو روز قبل آپ کی صورت

بالکل حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر کی صورت کی ایسی ہوگئی تھی جس سے آپ کی وہ جسمی نسبت جو اُنکو اُنکے ساتھ تھی ظاہر ہوتی تھی۔ بالآخر اُسی مرض مین پاس انفاس کرتے بتاریخ ۱۷ ماہ رجب المرجب روز چہارشنبہ ۱۲۹۰ھ وقت شب ۹ بجے رحلت فرمائی۔ دوسرے روز بعد نماز ظہر حریم درگاہ حضرت شاہ تراب علی قلندر مین جانب مغرب اپنے والد کے پہلو مین دفن ہوے۔ وفات کے بعد شیخ سعید الدین کاکوروی نے آپ کا خوش نما روضہ بنوایا جو نظر افروز ناظرین ہے۔ تاریخ وفات پڑھکا اور حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ کا ایک ساتھ فاتحہ ہوتا ہے۔ قطعہ تاریخ وفات از مولوی حکیم عبد الحفیظ نیّر کاکوروی ؎

علی اکبر قتیل اللہ حبًّا — سمی ما رأ حر من دار امتحان

فقال النیّر عام الوصال — ان۔ اوصلہ الی روض الجنان

آپ کے مصنفات مین سے ایک رسالہ **اصل الاصول فی بیان السلوک والوصول** اور دوسرا **ھدیۃ المتکلمین** ہے۔ دونون متعدد بار چھپ کر شایع ہوچکے ہین۔

خلفا آپ کے حسب ذیل حضرات ہوے (۱) حضرت ابی وشیخی مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر خلف وخلیفہ جانشین آنحضرت (۲) حضرت اخی وشیخی مولانا شاہ حبیب حیدر قلندر مدظلہ نبیرۂ آنحضرت۔ (۳) مولوی حکیم حبیب علی کاکوروی (۴) مولوی شاہ افضل علی کاکوروی (۵) میر شاہ سید حسین دہلوی (۶) سید شاہ فرزند حسین مودودی لکھنوی (۷) مولوی شاہ سکندر علی خان اصل خالص پوری (۸) مولوی شاہ سلیم الدین کاکوروی (۹) مولوی شاہ عصیم الدین کاکوری (۱۰) شاہ الادت اللہ ساکن محمدی ضلع کھیری (۱۱) شاہ برکت اللہ ابن شاہ ارادت اللہ مذکور (۱۲) مولوی شاہ عبد الحق ساکن تلہر ضلع شاہجہانپور۔ وغیرہم رحمۃ اللہ علیہم۔ آپ کے مفصل حالات نفحات العنبریہ مین موجود ہین۔

علی انور

حضرت قطب الاقطاب وصی حیدر الصفدر ابی وشیخی مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر عطر اللہ

مضجعہ الاطہر خلف و خلیفہ و جانشین حضرت مولانا شاہ علی اکبر قلندر قدس سرہ۔

ولادت شریف ۱۱ ماہ ربیع الآخر ۱۲۶۹ھ مین ہوئی۔ آپ کی ذات مجمع کمالات و منبع فیوض و برکات تھی۔ اور اپنی آپ ہی نظیر۔ علم و فضل و فقر و درویشی و وجاہت ظاہری و باطنی و اتباع شریعت۔ ورع و تقوے و ریاضت۔ سخاوت و لطافت و علو ہمت بلکہ جملہ اوصاف حسنہ مین اپنا ہمسر نہین رکھتی تھی۔

منقول ہے کہ جب حضرت شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ کی خدمت مین حاضرین نے آپکی ولادت کی مبارکباد عرض کی تھی تو آپ نے خوش ہوکر فرمایا تھا کہ "الحمد للہ آج میرے گھر آفتاب آیا"۔ ساتوین روز آپ کا اسم گرامی "علی انور" رکھا گیا۔ سجع آپ کا یہ تھا۔

ز نور محمد علی انور است

بچپن ہی سے آثار ولایت و کرامت۔ و انوار رشد و ہدایت جبین نور آگین سے ظاہر تھے۔ چوتھے برس حضرت غوث ملت شاہ تراب علی قلندر نے تسمیہ خوانی کرائی۔ اور بغرض حفظ کلام مجید استاد الحفاظ حافظ محمد علی ساکن بڑاگانون کے سپرد کیا۔ ساتھ ہی کتب فارسی کی بھی تعلیم شروع ہوئی۔ مولوی شرف الدین سندیلی نزیل کاکوری سے ابتدائی کتابین پڑھین۔ سات سال کی عمر مین ۲۹ ماہ رمضان المبارک یوم جمعۃ الوداع ۱۲۷۵ھ مین حضرت غوث ملت کے دست حق پرست پر سلسلۂ عالیہ قادریہ مین بیعت کی۔ بعد بیعت اُنھون نے اپنی ٹوپی آپ کے سر پر رکھکر اجازت و خلافت عطا فرمائی۔ اور حضرت شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ سے فرمایا کہ انکے ختم قرآن کے بعد میرا خرقۂ آزادی معہ تاج جعفری انکو پہنا دینا۔ چنانچہ وہ خرقہ حضرت شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ نے حسب ارشاد آپ کو پہنایا۔

پھر علوم عربیہ کی تحصیل شروع کی۔ ابتدائی کتابین مصباح تک اپنے والد ماجد قدس سرہ سے پڑھین۔ اور شرح جامی سے لیکر ہدایہ تک جملہ علوم حضرت شاہ تقی علی قلندر کی خدمت مین حاصل کئے۔ متوسطات کے درس کے زمانہ ہی سے پڑھانا شروع کردیا۔ جس کا سلسلہ

یوم عروض مرض تک رہا۔ تلامذہ آپ کے بہت ہوے۔ اذکار و اشغال خاندانی کی تعلیم حضرت شیخ اکبر مولانا شاہ حیدر علی قلندر قدس سرہ سے پائی۔

ذہانت و فطانت۔ فہم و فراست۔ طلاقت لسانی و ذکاوت مین اپنے معاصرین سے فائق تھے۔ قدرت نے ایسا ذہن سلیم اور طبع مستقیم عطا فرمایا کہ بڑے بڑے علماء زمانہ متحیر رہجاتے تھے۔ رضا و تسلیم و حمیت دین و امداد مسلمین حب للہ۔ و بغض فی اللہ۔ و کسر نفسی ایسی تھی۔ کہ کمتر لوگون مین پائی گئی۔ بعد فراغت درس و تدریس تصنیف و تالیف و کتب بینی کا مشغلہ رہتا تھا۔

بیشتر تاریخی کتابین ملاحظہ فرماتے۔ اُردو دیوانون مین غالب و مومن کا کلام بہت پسند کرتے تھے۔ بعد نماز ظہر تصوف کا درس دیتے۔ بعد درس حاضرین سے بات چیت کرتے بعد مغرب طالبین کو ذکر و شغل تلقین فرماتے۔ اور اُنکے شکوک اور سوالات متعلقہ بہ سلوک کے جوابات شافی ارشاد کرتے۔

مدۃ العمر روزانہ دو پارہ کلام اللہ کی تلاوت علاوہ اوراد و وظائف معمولہ خاندانی کے فرماتے رہتے۔ مراتب قرب و ولایت و مقامات و عرفان و کرامت کی کیا کیفیت بیان کی جائے فرماتے تھے کہ مجھے نہین یاد ہے۔ کہ کسی چیز کی خواہش مجھے ہوئی ہو۔ اور وہ خدا نے اس افراط اور افزائش کے ساتھ نہ دی ہو کہ مین اُس سے گھبرا نہ گیا ہون۔ بشارات و واقعات کشف و کرامات اس قدر ہین کہ اگر لکھے جائین تو دفتر ہو جائے۔ با اینہمہ ان اُمور کی آپ چندان قدر و منزلت نہین کرتے تھے۔ اور اظہار بھی بہت کم فرماتے۔ اگر کبھی تذکرہ آجاتا تو فرما دیتے۔ اور جو کوئی اس قسم کے حالات پوچھتا تو اکثر یہ شعر پڑھ دیا کرتے ؎

پوشیدہ بھلا ہے خون عاشق   جانے دو بس اسپہ خاک ڈالو

ارواح طیبہ حضرات مرشدین کی خاص توجہ آپ پر مبذول رہتی۔ جسکے بیشتر واقعات مواہب القلندر مقدمہ روض الازہر مین موجود ہین۔

فرماتے تھے کہ ایک بار مین نے خواب دیکھا کہ ایک باغ بکلوا باغ کا ایسا ہے۔ جس مین

ایک خیمہ نصب ہے۔ اُس کے باہر لوگ مجتمع ہین۔ جب مین وہان پہونچا۔ معلوم ہوا کہ اس خیمہ مین حضرت مولای کائنات جناب امیر کرم اللہ وجہہ تشریف فرما ہین۔ مین حاضر ہوا وہان آپ کے علاوہ ایک بی بی کو دیکھا جو بہت حسینہ وجمیلہ تھین۔ مین اولاً حضرت سے قدمبوس ہوا۔ آپ نے نہایت شفقت سے میری پیٹھ پر ہاتھ پھیر کر فرمایا۔ کہ تم علوی ہو اور میری اولاد ہو۔ مین آپ کے ہاتھ کو دیکھنے لگا۔ تو آپ کے انگوٹھے کا ناخن بڑا معلوم ہوا۔ ارشاد ہوا کہ کیا دیکھتے ہو تمھارے انگوٹھے کا ناخن بھی بڑا ہوگا۔ اسی اثناء مین کسی نے اُن بی بی کی طرف اشارہ کر کے کہا کہ یہ حضرت سیدہ خاتون جنت رضی اللہ عنہا ہین۔ چنانچہ اُن سے قدمبوس ہوا۔ اُنھون نے بھی بہت شفقت فرمائی۔ اسکے بعد آنکھ کھل گئی۔

اجازت و خلافت آپ کو ان حضرات سے تھی (۱) حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ (۲) حضرت مولانا شاہ حیدر علی قلندر قدس سرہ (۳) حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ (۴) حضرت مولانا شاہ علی اکبر قلندر قدس سرہ (۵) حضرت سید شاہ علی اکبر قلندر باسٹی الہ آبادی۔ اور اویسی فیض حضرت سلطان المشائخ نظام الدین اولیا محبوب الٰہی دہلوی۔ و حضرت مفتی الٰہی بخش کاندہلوی سے تھا۔

ابتدا نثر نویسی کا ذوق تھا۔ جسکو آپنے منشی احمد حسین دیوی سے حاصل کیا۔ کچھ دنون شاعری کی طرف میلان خاطر رہا۔ کچھ اشعار بھی موزون فرمائے تھے۔ مگر جب حضرت شاہ تقی علی قلندر نے ناپسندگی کا اظہار کیا تو ترک فرما دیا چند اشعار جو سننے مین آئے درج ذیل ہین ؎

ساقی ہین وہ دیکھیو بوتل شراب کی | پیتے ہی بھولنا عذاب و ثواب کی
ہون سرنگون نہ کیسے یہان شاہ اور گدا | اکسیر خاک ہے در شاہ تراب کی
کہین کہنے کو سب اُدھر دیکھ لیتے | جو ہوتا وہ جن و بشر دیکھ لیتے

نہ پھرتین جو ترچھی نگاہین تو زاہد | خدائی کے زیر و زبر دیکھ لیتے
کنوین جھانکتے پھرتے میری طرح سے | وہ اپنی جو نیچی نظر دیکھ لیتے
نہین آئے وہ تو قیامت ہی آئی | شب ہجر کی ہم سحر دیکھ لیتے

فارسی اور اردو دونوں زبانوں کی نثاری میں آپ کو مہارت تامہ تھی۔ جس کے شاہد عادل تصانیف اور مکاتیب ہیں۔ انکے علاوہ ایک رسالہ گلدستۂ نثر رنگین موسومہ بہ ارمغان بھی موجود ہے اور چھپ گیا ہے۔

اس خاندان میں تصنیفات و تالیفات جس قدر آپ نے کیے کسی نے نہیں کیے۔ باستثناء دو تین کے سب طبع ہو گئے اور مقبول ہوئے وہ حسب ذیل ہیں (۱) حواشی بر میر زاہد ملا جلال عربی غیر مطبوع (۲) تحریر الانوار فی تفسیر القلندر مطبوع (۳) الفیض التقی فی حل مشکلات ابن العربی مطبوع (۴) الحوض الکوثر فی تکملۃ روض الازھر مطبوع (۵) انتصاح عن ذکر اھل الصلاح مطبوع (۶) القول الموجہ فی تحقیق من عرف نفسہ فقد عرف ربہ مطبوع (۷) قول المختار فی مسئلۃ الجبر والاختیار مطبوع (۸) احسن الافادات لارباب الارادات (اردو) مطبوع (۹) نخبۃ الصوارف فی شرح خطبۃ العوارف مطبوع (۱۰) تصفیہ فی شرح التسویہ مطبوع (۱۱) فاتح الابصار مطبوع (۱۲) کشف الدقائق عن رموز الحقائق مطبوع (۱۳) تنویر الافق فی شرح تبیین الطرق مطبوع (۱۴) زواہر الافکار شرح جواہر الاسرار مطبوع (۱۵) الدر المنتقد فی شرح تحفۃ المرسلۃ مطبوع (۱۶) الدر الیتیم فی ایمان اباء نبی الکریم عربی مطبوع (۱۷) نفح الطیب فی ذکر مولد الحبیب (اردو) مطبوع (۱۸) تسلیۃ الفواد عن ذکر خیر العباد (اردو) مطبوع (۱۹) شمامۃ العنبر فی ذکر میلاد خیر البشر (اردو) مطبوع (۲۰) زاد الغریب فی منزل الحبیب (اردو) مطبوع (۲۱) تفسیر سورۂ یوسف (ناتمام غیر مطبوع) (۲۲) رشحات انوری حواشی شرح لمعات عراقی (غیر مطبوع) (۲۳) شہادت الکونین فی شہادت الحسنین (مشہور بہ شہادت نامۂ کلاں اردو) مطبوع (۲۴) الدر المنظم فی مناقب غوث الاعظم (دو جلد اردو) مطبوع (۲۵) الدرۃ البیضاء فی تحقیق صداق فاطمۃ الزھراء (اردو) مطبوع۔

آپ نے چونتیس سال ارشاد و ہدایت کی۔ جس میں سے دس سال بعد انتقال اپنے حضرت والد ماجد مولانا شاہ علی اکبر قلندر قدس سرہ سجادہ نشین خانقاہ کاظمیہ رہے۔ مریدین بھی بہت ہوئے۔ اکثر مریدین فیض صحبت م

عنایت سے درویش صفت گذرے۔ خلفا و مجاز آپ نے بہت کم فرمائے۔ مگر جو لوگ ہوئے
اُنکے نام حسب ذیل ہین (۱) حضرت مولانا شاہ حبیب حیدر قلندر خلف اکبر و خلیفہ جانشین آنحضرت
(۲) مولوی شاہ تقی حیدر خلف اوسط آنحضرت (۳) محمد سفور اصغر علی حیدر (۴) منشی محمد و باج الدین مغفور
(۵) شاہ ولایت احمد لاہر پوری (۶) حکیم شاہ محمد رضا عرف مسافر شاہ ساکن اٹاوہ نزیل حیدر آباد۔
(۷) شاہ فضل علی سرگروہ آزادان۔

آپ تباریخ ۲۰ ماہ محرم الحرام روز جمعہ ۱۳۲۴ھ بوقت عصر بعمر ۴۸ سال بعارضہ تپ و ورم جگر
زینت افزائے خلد برین ہوئے۔ اور دوسرے دن ۲۱ محرم کو بعد نماز ظہر دفن ہوئے۔ مزار اقدس
پر آپ کے مرید مخلص نواب عبد الکریم خان صاحب تعلقدار شاہ آباد ضلع ہردوئی نے عالیشان روضہ
بصرف زر کثیر بنوایا جو زیارت گاہ خلایق ہے قطعہ تاریخ وفات از مولوی حکیم عبد الحفیظ نیر کاکوری سے

بصدر رجیب بقلب سلیم	مشی عاجلاً نحو باب الکریم
فنادی لک کل اجر عظیم	اذا جاء انور بدار النعیم

مفصل حالات آپ کے مع ارشادات و واقعات و کرامات وغیرہ مواہب القلندر و نفحات العنبر یہ
و گلشن کرامت مین موجود ہین۔

علی حسن خان

منشی علی حسن خان ابن منشی معشوق علی خان ابن شیخ طفیل علیخان فوجدار۔ یہ بمقام کانپور پیدا
ہوئے۔ اور ابتدائی زمانہ وہین بسر کیا۔ اپنے والد منشی معشوق علی خان کی رحلت کے بعد اپنے چچا
امیر عاشق علی خان بہادر کی خدمت مین رہے اور وہین تحصیل علوم سے فراغت حاصل کی۔ جوان
شجاع و شہ زور و خوش رو تھے۔ چنانچہ شیخ نظام علی علوی ساکن سلیم پور (یکے از ابنا ء شیخ کرم اللہ
ابن شیخ جار اللہ) نے جنھون نے اُنکے زمانہ قیام مین کانپور کی سیر کی تھی۔ اور چند یوم اپنے
بنی اعمام کے پاس قیام بھی کیا تھا۔ اپنے سفرنامہ مین اُنکی (یعنے علی حسن خان کے) حسن ادب

علمیت۔ خلق۔ فقر۔ زوری وغیرہ کا تذکرہ لکھا ہے۔ اور حضرت شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ بھی انکی نسبت تحریر فرماتے ہین کہ "علی حسن جوان نیک بخت رنجیدہ است"۔

انھون نے تعلیم سے فراغت کے بعد انگریزی ملازمت اختیار کی۔ اور اولاً سررشتہ دار کلکٹر کانپور ہوئے۔ مگر بعد چندے ملازمت ترک کردی۔ اور لکھنؤ چلے آگے۔ اور یہان امجد علی شاہ بادشاہ اودھ کی سرکار سے بربنار خدمات اب و جدار اضیات امام باغ بطور معافی ملے۔ چنانچہ انھون نے کاکوری مین قیام کرکے امام باغ کے مکان کی تعمیر شروع کی۔

اُسی اثنا مین انکے والد کے انگریز دوستون نے انھین بجبر وکد کانپور بلایا۔ اور عہدۂ اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنری عطا کیا۔ ایک مدت تک کانپور مین رہے۔ پھر کالپی بھیجے گئے۔ کالپی مین چند سال رہنے کے بعد یکایک بعارضۂ دردصدر بتاریخ ۱۳ ماہ شعبان ۱۲۸۵ھ رحلت کی۔ اور کانپور مین اپنے والد مشوق علی خان کی قبر کے پاس دفن ہوے۔ قطعۂ تاریخ وفات از منشی امیر حسن خان تسبمل کاکوروی سہ

دریغا اسے برادر زین خراب آباد آب و گل ۔۔۔ نمودی جلوۂ ہمچون شرار و ناگہان رفتی

چو ناگہ از جہان رفتی بتاریخت خزاین یکحرف ۔۔۔ کہ گویم۔ آہ ناگہ ایے برادر از جہان رفتی

انکی یادگار سے صرف چند کاغذات باقی ہین۔ جن مین ایک روزنامچہ بھی ہے دریہ اُنکے نواسہ حاجی اعجاز علی کے پاس ہے، جس سے بہت اہم گذشتہ واقعات کا انکشاف ہوتا ہے ان واقعات مین ایک یہ ہے۔ کہ مدت دراز سے اہل قصبہ کا خیال تھا۔ کہ منشی مقصود علی خان خلف شیخ طفیل علی کی مسجد جو بازار کٹرہ شیخ جاراللہ کے سرے پر واقع ہے۔ اس کا حصہ ایک ایسی زمین پر تعمیر ہے۔ جو منشی صاحب نے زبردستی حاصل کی تھی۔ اسوجہ سے اس مین نماز درست نہین ہے لیکن منشی علی حسن خان کے روزنامچہ نے واقعات کے چہرہ سے نقاب اُٹھادی اور یہ پتہ چلا کہ وہ اراضی خرید کی گئی تھی۔ یہ مسجد نہایت عمدہ اور عالیشان نئی مسجد کے نام سے مشہور ہے اور اب مسجد جامع کہی جانے لگی ہے۔ اس مسجد پر حسب ذیل کتبہ ہے۔

اللہ اکبر

چون بنا کرد مسجد عالی
آنکہ اسم شریف او مقصود
بطفیل علیست واضح نام
باشد اورا مبارک و مسعود
محتشم گفت سال تعمیرش
قبلۂ خیر کعبۂ مقصود
۱۲۸۴ھ

علی حسین

منشی علی حسین صدر الصدور ابن حافظ غلام مجتبیٰ۔ ابن حافظ شاہ عزیز اللہ علوی مخدوم زادہ۔ علوم عربیہ کی تعلیم مولوی محمد مستعان کاکوردی سے پائی۔ بیعت انکو حضرت شاہ سلطان بخش فرخ آبادی سے تھی۔ حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ سے حُسن عقیدت کے ساتھ اتحاد و مراسم دوستانہ رکھتے تھے۔ مدت تک معزز عہدون پر ملازم سرکار رہے۔ آخر مین صدر الصدور ہو گئے۔ بعارضۂ فالج بتاریخ ۲۶ ماہ صفر ۱۳۰۲ھ بعمر ۸۲ سال انتقال کیا۔ اور اپنے آبائی قبرستان متصل رسولی باغ مین دفن ہوئے۔

علی عسکری

حافظ علی عسکری خان متخلص بہ بیدل۔ ابن منشی نقی علی خان۔ ابن منشی مومن علی خان مفتون۔ ابن قاضی ذوالفقار علی خان۔ ابن قاضی امداد علی خان۔ ابن رضا علی خان علوی مخدوم زادہ۔ انکی ولادت ۱۲۶۷ھ مین ہوئی۔ مولوی امجد علی علوی تبلیغ نے انکے ولادت کی تاریخ لکھی جو درج ذیل ہے ؎

صباحے چو صبح چمن دلکشا
عجب انشراحے بدل دست داد
نقی یعنی سر چشمۂ مہر را
پسر دادہ یزدان ملایک نژاد
چہ پورے جوانمرد اقبالمند
کہ مثلش در آغوش مادر نزاد

گلستان زر ویش یکسر خار خار | زگیسوے او سنبلستان بیاد
چہ گویم کہ این مژدۂ جانفزا | چہا عقدۂ غم ز خاطر کشاد
خدایا چنین طفل اقبال مند | ز چشم بد اندیش محفوظ باد
پے سال میلاد آن نونہال | طریقے بایمن نو دست داد
مسرت ببالید. بر خویشتن | ملال و قلق رنج از پا فتاد

۱۴۰۰ - ۱۳۳ = ۱۲۶۷ھ

یہ صاحب طبع نقاد و ذہن رسا تھے۔ اشعار فارسی و اردو دونون زبانون مین کہتے تھے شعر و سخن مین تلمذ منشی محمد رضا صابر کاکوروی سے تھا۔ یہ سخن فہمی اور بذلہ سنجی مین طاق اور یگانۂ آفاق تھے علاوہ اسکے طبیعت مین انتظامی قابلیت اور خوش سلیقگی۔ اور سلامت روی فطری تھی شعر و سخن کا انکی ذات سے بہت چرچا رہتا۔ مدتون تک ماہانہ بزم مشاعرہ بہت اہتمام اور تکلف کیساتھ منعقد کرتے رہے۔ اُس زمانہ مین منشی محمد رضا صابر و مولوی محی الدین خان ذوق مقابل کے اُستاد مانے جاتے تھے۔ دونون کے تلامذہ مشاعرہ مین یکسان داد سخن پاتے۔
انکا کلام بھی بہت تھا۔ لیکن زمانہ کے دست برد سے مفقود ہو گیا۔ چند اشعار ملسکے جو درج ذیل ہین

سینۂ عاشق مژگان جو کیا چاک اُسنے | دل جہان پر تھا وہان پر نظر آئے کئی خار
کب مرے نالون سے ہنگامۂ محشر نہ ہوا | تم نے دیکھا نہ کبھی آنکھ اُٹھا کر اکبار
اُسی انداز سے پھر اک نگہِ شرم آلود | پھر اُسی طرح مرا خانۂ دل ہو مسمار
ساقیا اب نہ رہا جائیگا بے دور شراب | جھومتی آتی ہے متوالون کے مانند بہار
سر مین وہ دُھن کہ بس اب دشت نوردی کیجئے | ضعف اس قہر کا طاری کہ ہے جنبش دشوار
آپ لینے کو اسے شوق سے لیجائین مگر | وہم کچھ اور نہ کیجئے گا کہ دل ہے بیمار

لہ اعداد مسرت مکرر کرنے سے ۱۴۰۰ ہوتے ہین اور اُس مین سے ۱۳۳ نکالڈالنے سے ۱۲۶۷ھ جو مطلوب ہین باقی رہتے ہین ۱۲ منہ

ہم ہین اور ہجر کی شب اور بلا دن کا نزول — تم ہو اور بزم طرب اور ہجوم اغیار
ہم بھی دیکھ آئے ستمگر ترے بیمار کو آج — نفس چند کا مہمان تھا دم کا تھا شمار
کون پرسان ہے بجز حسرت و اندوہ فراق — کون مونس ہے بجز شکوۂ بے مہری یار
نبضین ساقط تھین مگر آنکھون مین کچھ دم تھا — لپ چھے وقت آئی نظر آپ کی چشم بیمار

بیعت انکو حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ سے تھی۔ حضرت مولانا حافظ شاہ علی نور قدس سرہ کے خاص احباب مین تھے۔ اور اُن سے نہایت خلوص و عقیدت رکھتے۔ اور اپنا مرجع و ماوا سمجھتے۔ کلام مجید انھون نے اور انھون نے ایک ساتھ حافظ محمد علی نابینا سے حفظ کیا تھا۔ اپنے نانہال سے یہ بہت امیر کبیر تھے۔ جس کے متعلق قصص اب بھی زبان زد خاص و عام ہین۔ انکی تقریب عقد نکاح اس قدر دھوم سے کی گئی تھی۔ جس کی نظیر کاکوری مین مشکل سے ملیگی۔ مفصل حالات و کیفیات اُسکے لالہ بھگونت رائے متخلص بہ راحت کاکوروی نے اپنی مثنوی گلستان راحت مین نہایت خوبی سے نظم کئے ہین یہ مثنوی طبع بھی ہو چکی ہی۔

انھون نے عنفوان شباب مین بتاریخ ۱۲ ماہ ذیحجہ ۱۲۹۶ھ مطابق یکم دسمبر ۱۸۷۹ع بمقام کاکوری انتقال کیا اور اپنے خاندانی قبرستان متصل رسولی باغ مین دفن ہوئے۔

علیم الدین خان

مولوی قاضی علیم الدین خان۔ ابن قاضی القضاۃ مولوی نجم الدین علی خان بہادر ثاقب۔ ابن حضرت ملا حمید الدین محدثؒ۔ یہ عالم جید اور فاضل زبردست تھے۔ کتب درسیہ اپنے والد ماجد اور ملا عماد الدین لکنَکنی۔ و مولوی فضل اللہ نیوتنوی۔ و مولوی عبد الواجد خیرآبادی سے تمام کین۔ کچھ دنون مفتی عدالت رہے۔ پھر قاضی دائر سائر ہو گئے۔ جسوقت محکمہ قضا تخفیف مین آیا تو بصلۂ حسن کارگذاری صدر الصدور مقرر ہو گئے۔ علم ہیئت حاضر تھا۔ مطالعۂ کتب مین وقت زائد صرف ہوتا۔ بہت ہی خوش بیان اور قوی الحافظہ تھے۔

بیعت انکو حضرت شاہ محمد کاظم قلندر قدس سرہ سے تھی ۔ مولوی مسیح الدین خان بہادر میر منشی گورنر جنرل و سفیر شاہ اودھ اپنی کتاب سفرنامۂ انگلستان کے خاتمہ مین انکے حال مین لکھتے ہین کہ :-

"ذہانت اور ذکاوت اور قوت استعداد کامل اور سرعت انتقال ذہن اور خوش بیانی آپ کے اوپر ختم تھی ۔ کتب معقولات اور جو کتب کہ درس مین نہین ہین اُنکے مضامین دقیقہ پر مطالعہ کے وقت ایسا عبور ہوتا تھا کہ جیسے کوئی اُردو پڑھ لے ۔ راقم نے ابتدا مین کچھ کتابین آپسے پڑھین ۔ اور آخر مین شرح چغمینی فن ہیئت مین بھی آپ سے پڑھی ۔ اُسوقت آپ ارشاد فرماتے تھے کہ چالیس برس کے بعد مین یہ کتاب دیکھ رہا ہون ۔ ایک روز کا قصہ ہے کہ کتاب مین ایک مسئلہ مشکل مذکور تھا وہ یہ کہ ۶۶ کے عرض البلد مین طلوع غروب بروج کا معکوس ہوتا ہے یعنی پہلے جوزا طلوع کرتا ہے پھر حمل چونکہ میرا ذہن تصور گردش افلاک مین مناسب تھا صرف آپ کی تقریر سے تصویر ذہن مین نہ آئی ۔ اتفاقاً اُسی وقت جناب چھوٹے چچا مولوی خلیل الدین بہادر بھی تشریف لائے ۔ جناب ممدوح کو فن ہیئت مین بڑی مداخلت تھی ۔ اُنکی تقریر سے بھی تصویر اُسکی ذہن مین نہ چڑھی تب کرۂ سماوی جو جناب ممدوح کے یہان تھا اُنھون نے جاکر بھیجدیا ۔ سارے مصطلحات اور علامات اُس مین انگریزی لکھے ہوئے تھے ۔ جناب والد ماجد اگرچہ انگریزی بالکل نہین جانتے تھے ۔ صرف ہندسہ پہچانتے تھے ۔ محض قرینہ سے اُسکو ۶۶ کے عرض البلد پر قائم کیا اور اُسکو گردش دی تو اُلٹا طلوع وغروب نظر آگیا ۔ اُسوقت جو دلائل آپنے اس دعوے پر فرمائے تھے فوراً سمجھ مین آگئے ۔ ایک نیا امر آپ مین یہ تھا جو کمتر علما مین دکھایا گیا وہ یہ کہ ارباب علم جو حکیمانہ طبیعت کے ہوتے ہین تقوے سے بالکل عاری ہوتے ہین ۔ آپ باوجود حکیمانہ طبیعت کے تقوے مین بھی کامل تھے ۔ اور اکثر علما کو بسبب عدم توجہ امور دنیا فہم معاملات مین جیسا چاہئے ذہن رسائی نہین کرتا آپ ہر قسم کے معاملات مین ایسے دقائق امور کو پہونچتے کہ کمتر کوئی پہونچتا اور جمیع امور مین عقل رسا رکھتے ۔ جس عرصہ مین آپ قاضی ذابرہ سار رکھے ۔ بریلی کے

اثرات مین ایک عورت پر انتساب قتل عمد کا ایک مقدمہ دائر ہوا جس مین سرکار مدعی تھی کہ
عورت کے زنا سے لڑکا پیدا ہوا جسکو اُس نے کنوئین مین ڈالدیا۔ جب یہ مقدمہ پیش ہوا تو آپنے
فتوے دیا کہ قتل عمد سخت جرم ہے اور وہ اس عورت پر ثابت نہین ہوا ہمارے راے مین اسکا
عزم لڑکے کو مقام محفوظ پر بٹھلا دینا ہوسکتا ہے اور گمان یہ ہوتا ہے کہ اُسنے لڑکے کو کسی طرح
سے اُس مقام پر اُتار دیا ہے دو قرینہ سے ایک یہ کہ ایک دن کا لڑکا اتنی دُور سے پھینکا
جائے اور زندہ رہے بعید از عقل معلوم ہوتا ہے۔ دوسرے یہ کہ شفقت مادری بھی مقتضی نہین
معلوم ہوتی کہ اُسکو اتنی دُور پھینکدے۔ حاکم عدالت نے جب اسکا تجسس کیا تو معلوم ہوا
ہوا کہ اُسنے لڑکے کو ٹوکرے مین رکھکر اُتار دیا تھا لہذا وہ جرم جاتا رہا۔

وفات انکی تباریخ ۱ ماہ ذیحجہ ۱۲۸۵ھ ہوئی اور حظیرہ متصل چاند محل کاکوری مین دفن ہوے۔

عنایت احمد

خان بہادر مولوی مفتی عنایت احمد۔ ابن منشی محمد بخش۔ ابن منشی غلام محمد۔ ابن منشی لطف اللہ
دیوی الاصل قریشی النسل نزیل کاکوری۔ ولادت بمقام دیوہ تباریخ ۹ ماہ شوال ۱۲۲۸ھ ہوئی۔
مفتی صاحب بعمر ۱۳ سال بغرض تحصیل علم اول رامپور گئے۔ جہان مولوی سید محمد رامپوری۔
و مولوی حیدر علی ٹونکی۔ و مولوی نور الاسلام سے کتب درسیہ پڑھین۔ پھر دہلی گئے۔ وہان مولانا
محمد اسحاق محدث و مہاجر مدنی سے کتب حدیث سبقاً سبقاً پڑھ کے سند حاصل کی۔ وہان سے قصبہ
کول ضلع علیگڈھ آئے۔ اور قلعہ کی جامع مسجد کے مدرسہ مین مولانا بزرگ علی سے تمام معقول اور
منقول کتب پڑھکر فارغ التحصیل ہوے۔ پھر بوجہ اپنی ذاتی قابلیت اسی مدرسہ کے مدرس بھی
اپنے اُستاد کے بعد ہو گئے۔ ایک سال تک وہان مدرس رہے۔ پھر منصف اور مفتی مقرر ہوے
وہان سے بریلی کا تبادلہ ہوا یہان صدر امین مقرر ہوے۔ پھر شہر آگرہ کے عہدہ صدر اعلی پر ترقی
کے تقرر کا حکم آیا اُسی اثنا مین غدر ہوگیا آگرہ نہ جاسکے۔ بریلی و رامپور مین قیام رہا۔ بعد غدر دو

سال تک کانپور مین رہے مدرسہ فیض عام جاری کیا۔ غدر کے زمانہ مین بغاوت کا الزام بھی قایم ہوا جس سے حبس بہ عبور دریاے شور کی سزا دیگئی اور جزیرہ انڈمان بھیجے گئے۔ وہان ان کے پاس کسی علم کی کوئی کتاب موجود نہ تھی محض اپنے قوت حافظہ پر مختلف فنون مین رسائل تصنیف کرڈالے۔ اور وطن واپس آکر ماخذات سے ملایا تو حرف بحرف صحیح نکلے۔ اکثر کتابون مین مثل علم الصیغہ وتواریخ حبیب الہ وغیرہ کے دیباچون مین اس واقعہ کو بھی لکھدیا ہے نہایت ہی متقی ومتورع و متبحر فاضل تھے۔ علماء ربانیین مین شمار کیے جاتے تھے۔

تصانیف انھون نے بہت کیے ایک خاص بات انکے تصانیف مین یہ ہے کہ کسی نے آج تک ان پر اعتراضی حیثیت سے قلم نہین اُٹھایا سب کے نام تاریخی ہین جو حسب ذیل ہین

(۱) علم الفرائض مطبوع (۲) ملخصات الحساب مطبوع (۳) تصدیق المسیح ردع کلام القبیح (۴) الکلام المبین فی آیات رحمۃ للعالمین (در معجزات) مطبوع (۵) ضمان الفردوس مطبوع (۶) فضائل علم وعلماء دین (۷) فضائل درود وسلام مطبوع (۸) محاسن العمل الافضل مدم التمات مطبوع (دربیان نماز) (۹) ہدایات الاضاحی مطبوع (۱۰) الدر الفرید فی مسائل الصیام والقیام والعید مطبوع (۱۱) وظیفۂ کریمہ مطبوع (۱۲) علم الصیغہ مطبوع (۱۳) خجستہ بہار بطرز گلستان (۱۴) ترجمۂ تقویم البلدان (۱۵) نقشۂ مواقع النجوم (۱۶) بیان قدر شب برات مطبوع (۱۷) رسالہ در مذمت میلہ ہا (۱۸) احادیث الحبیب المتبرکہ یعنے چہل حدیث مطبوع (۱۹) تواریخ حبیب الہ مطبوع

نقشہ مواقع النجوم وہ نقشہ ہے جسکو مسٹر تامسن لفٹنٹ گورنر ممالک مغربی وشمالی نے (جو خود علم ہیئت کے عالم تھے) بہت پسند کرکے خان بہادر کا خطاب بھی فرمست مین عطا کیا تھا۔

تلامذہ انکے بہت ہوے جن سے بہت فیض جاری ہوا۔ اور سب بہت بڑے مدرس اور مصنف ہوے جتنے نام معلوم ہوسکے درج ذیل ہین۔

(۱) مولوی سید حسین شاہ بخاری (۲) مولوی سید امیر الدین احمد بخاری (۳) مولوی مفتی لطف اللہ علیگڈھی (۴) مولوی حکیم حافظ عزیز الدین عباسی (۵) مولوی حافظ نواب عبد العزیز خان (۶) منشی

مقصود احمد نطق برادر زادہ (۷) مولوی حکیم حبیب علی کاکوروی وغیرہ۔

انپر حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ کی بہت عنایت تھی اور یہ بھی بہت معتقد تھے اپنی تمام اولاد کو انکا مرید کرایا۔ کہا کرتے تھے کہ ایسا فاضل و کامل شخص مین نے نہین دیکھا۔ انشاء اللہ تعالے حج سے واپس ہوکر مین بھی بیعت کرونگا۔ حضرت نے اسیوقت اپنے کشف صحیح سے فرمایا کہ واپسی تو ہو چکی۔ اسی کے بعد یہ کانپور سے مبئی بغرض ارادہ ادائے حج گئے جہاز پر سوار ہوے۔ جب جدہ کے قریب پہونچے تو جہاز پہاڑ سے ٹکراکر پاش پاش ہوکے غرق ہوگیا۔ انھون نے بھی اسی کے ساتھ بتاریخ ۱۷ ماہ شوال ۱۲۷۹ھ غرق ہوکر درجۂ شہادت پایا۔

(غ)

غازی الدین

ملا غازی الدین شہید۔ ابن ملا محمد غوث۔ ابن ملک ابو الخیر ملک زادہ۔ ولادت انکی ۱۹ ماہ رجب ۱۱۹۰ھ مین ہوئی۔ یہ بہت بڑے عالم متبحر گذرے ہین۔ جس وقت انکے والد ملا غوث کا انتقال ہوا اُس وقت انکی عمر سات سال کی تھی۔ اس کمسنی کی حالت مین انھون نے مختلف علماء کاکوری سے تکمیل علوم کی۔ بعد فراغت حصول منصب پدری کے لیے دہلی گئے وہان کچھ دنون قیام کیا۔ ایک روز بغرض سیر و تفریح معہ چند احباب ایک باغ مین گئے ہمراہیون در شہر کا رباغ سے جھگڑا ہوگیا۔ کل ہمراہی بھاگ گئے۔ انھون نے تن تنہا اُن سے مقابلہ کیا اور داد شجاعت دی۔ بالآخر اُن لوگون کے ہاتھ سے بعمر ۲۷ سال بتاریخ ۱۸ ماہ ذیقعدہ ۱۲۳۸ھ شہید ہوے اور وہین دہلی مین دفن ہوئے۔ تاریخ وفات از قاضی القضاۃ مولوی نجم الدین علی خان بہادر ثاقب کاکوروی سہ

از سروش افتاد ثاقب را بسمع	سال فوتش ماتم دلریش جمع

۱۲۳۸ھ

غلام احمد

شیخ غلام احمد۔ ابن شیخ ہیبت اللہ۔ ابن شیخ عبد الرقیب۔ ابن شیخ عبد اللہ۔ ابن حضرت مخدوم شیخ نظام الدین بھیکہ رحمۃ اللہ علیہ۔ یہ نہایت شجاع اور زور آور شخص تھے۔

منقول ہے کہ حضرت شاہ بھیکھا پہلوان (جنکا حال بحر زخار مین بھی موجود ہے) مجذوب درویش تھے۔ بتیا ندی کے کنارہ پر جو بیرون آبادی کاکوری واقع ہے۔ انھون نے قیام اختیار کیا تھا۔ یہ (یعنی شیخ غلام احمد) روزانہ شام کو کاکوری سے کھانا انکے واسطے ندی پر لیجایا کرتے تھے۔ شاہ صاحب نے انکو ایسی دعا دی کہ انکے قلب مین خاص طور پر شجاعت

پیدا ہوگئی - اور قوت جسمانی مین بھی بہت ترقی ہوگئی - اکثر باتین مافوق العادت ظاہر ہونے لگین مثلاً کسی چیز کا زہر اثر نہ کرتا نہ کسی جانور سے ڈرتے تیز رفتار گھوڑے سے زائد تیز دوڑتے - پانچ چھ سو آدمیون کا مقابلہ تنہا کرتے باین ہمہ معمولی جسم کے آدمی تھے بیس پچیس گز بے تکلف جست کر جاتے - انکے شجاعت کے حکایات بہت منقول ہین - جو حد تواتر تک پہونچگئے ہین - عین شباب مین بسبب نفاق برادران حالت خواب مین بیس چالیس آدمیون نے ملکر انکو قتل کر ڈالا -

منقول ہے کہ شیخ نجات اللہ کے جنھون نے انکے پیر مین تاوار ماری تھی - اسی حالت مین انھون نے لپک کر ایسا گھونسہ مارا کہ چھ مہینہ تک بیمار رہے - اور کوزہ پشت ہوگئے - اور مدۃ العمر کوزہ پشت ہی رہے - باقی حالات سنہ و تاریخ وفات وغیرہ نہ معلوم ہوسکا -

غلام اولیا

شیخ غلام اولیا - ابن شیخ محمد فاخر - ابن شیخ عبد الحسیب - ابن ملک عبد الرؤف - ابن ملک عبد الصمد ابن ملک مٹھی ابن حافظ چاند ابن ملک حسام الدین ابن ملک نظام الدین - ابن بہاء الدین کیقباد - ابن ملا ابوبکر جامی -

شیخ عبد الحسیب برادر حقیقی ملا عبد الرقیب نے تعلیم و تربیت اپنے بڑے بھائی ملا عبد الرقیب سے پائی - یہ سندیلہ مین بادشاہ کی طرف سے جزیہ وصول کرتے تھے -

یہ یعنی شیخ غلام اولیا فاضل ذی استعداد تھے - فارسی بہت اچھی جانتے - اور فقرا کی صحبت مین زائد رہتے اذکار و اشغال سے بھی واقف تھے - اور اُسکے عامل بھی تھے - تصوف کا بھی کافی مذاق رکھتے - ان سے اور ملا قاضی خوب اللہ سے بہت دوستی تھی - اجمیر شریف مین انکا زاید قیام رہا - وہان بہت نام آور اور مشہور ہوے - اور وہین بحالت شباب انتقال کیا اور وہین دفن ہوے -

غلام حسن

شیخ غلام حسن - ابن حکیم محمد روشن شہید - ابن حکیم عبد اللہ - ابن شیخ محمد ولی - ولادت انکی ۱۱۶۵ھ مین ہوئی - مولانا حمید الدین محدث کاکوروی نے قطعہ تاریخ ولادت نظم فرمایا جو درج ذیل ہے

اے آنکہ نام پاکت چون آفتاب روشن　　از مژدہ شگفتن نو گل ترا بہ گلشن

در دل سرور بیحد در دیدہ نور افزود　　پیر خرد بگفتا - نور دو چشم روشن

انھون نے فارسی کی تعلیم منشی غلام سرور ملکزادہ سے پائی - اور علوم عربیہ حضرت ملّا حمید الدین محدث سے پڑھے - نہایت ہی خوش نصیب عالی ہمت مجسم تہور و شجاعت لائق و خوش تقریر تھے - نظم و نثر خوب لکھتے - منشی فیض بخش کاکوروی لکھتے ہین کہ مجھ سے اور ان سے خط و کتابت برابر نظم مین ہوتی تھی - مین مثنوی مین خط لکھتا اور وہ قصیدہ مین جواب دیتے - نثر کے خطوط بھی بہت اچھے ہوتے - دو ایک خط منشی فیض بخش مرحوم نے اپنی بیاض مین بھی لکھے مین -

ابتدائً یہ برہان علی خان کی رفاقت مین رہے - بعد اُنکے عظیم الدین خان کے ساتھ رہے پھر ایک مدت تک الماس علی خان کے عہد مین نائب فوجدار رہے - اور وہان بہت عیش و عشرت سے بسر کی - فرزندان مخدوم شیخ محمود مین انکا ایسا با اقبال اور عالی ہمت کوئی نہین ہوا - نواب سعادت علی خان نے انکو انوپ شہر مین نائب کیا تھا - کمپنی کی طرف سے انھون نے وہان ایک لڑائی مین بہت کار نمایان کئے - حکومت انگریزی کی طرف سے خورجہ کے قلعدار اور اسکے اطراف کے فوجدار مقرر ہوئے - فیاض و کنبہ پرور بھی بہت تھے - بہت دولت اور ثروت پیدا کی - اور اعزا اور غیر اعزا پر ایثار کردی - آمدنی مین کبھی ایک حبہ بچانے کے عادی نہ تھے - قریب انتقال کاکوری آئے - اور حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ کے ہاتھ پر بیعت کی پھر یہان سب سے رخصت ہوکر خورجہ واپس گئے - وہان پہونچکر تپ صفراوی مین بعمرہ سال

۱۲۲۲ھ مین انتقال کیا۔ لاش یہان کاکوری لاکر متصل مزار حکیم عبداللہ صدیقی دفن کی گئی۔

قطعہ تاریخ انتقال از مولوی نجم الدین سندیلی ؎

بحر جود و کرم غلام حسن | چشم ہر یک ز رحلتش تر شد
بہر سال وفات آن خوشتر | عشرت و عیش وزیب بے سر شد

۱۲۲۲ھ

غلام حیدر خان

اعتماد الدولہ غلام حیدر خان۔ ابن رفعت الدولہ بخشی رفعت اللہ خان بہادر نصرت جنگ عباسی۔ ان کی ولادت ۱۲۱۵ھ مین ہوئی۔ مادۂ تاریخ کسی شاعر نے کہا تھا۔

مصرع۔ از رہِ مسرت گفت بانجت سعید آمد ۱۲۱۵ھ

یہ حضرت شاہ فتح قلندر قدس سرہ کے ارشاد سے پیدا ہوئے تھے۔ اس واقعہ کو خود بخشی رفعت اللہ خان یون بیان کرتے تھے کہ ایک روز مین نے حضرت شاہ فتح قلندر کو خواب مین دیکھا۔ اُنھون نے ارشاد فرمایا کہ مین تم کو ایک لڑکا دیتا ہون۔ چند روز کے بعد حرم سے ایک لڑکا پیدا ہوا۔ مین سمجھا کہ یہ وہی لڑکا ہے۔ تھوڑے دنون کے بعد وہ مرگیا مجھے تعجب سا ہوا اس لحاظ سے کہ حضرت قلندر صاحب کا عطیہ تھا۔ اُسی زمانہ مین مین حضرت پیر و مرشد مولانا سید شاہ باسط علی قلندر الہ آبادی کے حضور مین حاضر ہوا۔ بعد استفسار ارشاد فرمایا کہ بابا رفعت اللہ یہ لڑکا بخشیدۂ حضرت شاہ فتح قلندر نہ تھا۔ وہ اور ہوگا۔ چنانچہ اُسکے بعد پھر یہ پیدا ہوئے۔ یہ وہ زمانہ تھا کہ جب بخشی رفعت اللہ خان کا تقرر بریلی مین منجانب نواب آصف الدولہ بہادر ہو چکا تھا۔ اُسی زمانہ مین ظہور اللہ خان المتخلص بہ نوا نے قصیدۂ تہنیت لکھکر انکے والد کے خدمت مین پیش کیا تھا۔ جسکے چند اشعار یہ ہین ؎

بے تو آباد کے جہان باشد | جسم قایم طفیل جان باشد
جرعہ نوشان بزم عیش ترا | خُم زمین جام آسمان باشد

گر سخن صرف مدحت نہ شود | خلقت نطق رایگان باشد
بعد صد قرن بر سپہر کبود | نجم ثاقب نمط عیان باشد

انھون نے کتب درسیہ مولوی محمد فاخر الہ آبادی اور اپنے خاندانی علما سے پڑھین۔ انکی ذات ستودہ صفات مغتنمات زمانہ سے تھی۔ باوجود اسباب امارت درویشانہ طرز رکھتے تکلفات سے محترز رہتے اور کبھی دنیاوی امور کی طرف متوجہ نہ ہوتے۔ بلکہ اکثر کہتے کہ یہ نمود بے بود وفانی محض ہے۔ تلاوت کلام اللہ و تہجد و چاشت و اشراق و دیگر نوافل کے بہت پابند تھے۔ مثنوی شریف کا مطالعہ زاید کرتے۔

قاضی وصی علی خان انکے متعلق اپنے روزنامچہ مین لکھتے ہین کہ۔

"ایشان ملک بودند کہ بہ لباس بشری درآمدہ بودند کسے ندانست کہ از اولیا اند یا ابدال یا اوتاد خرق عادات و ظہور کرامات مثل اعلان خبر وفات خود بقید روز جمعہ و دیگر سوانح مشہور خاص عام محتاج بیان نیست۔ قطع نظر عبادت و ریاضت و شب بیداری ادنے صفتے از صفات جناب ممدوح این است کہ گاہے پشت بہ سمت قبلہ نہ کردند و در شب و روز زائد از یک پاس خواب نکردہ باشند۔ ہمہ اوقات بعبادت و طاعت بسر میفرمودند۔"

سرکار اودھ سے دو رسالہ ایک انکے لئے اور ایک انکے بھائی غلام صفدر خان کیلئے بطور شان امارت معہ دو زنجیر فیل و سواران و شتر سواران متعین رہے۔ بحیثیت منصب ظاہری تبان و شوکت بہت زائد تھی اور بہت ہی با اثر تھے۔

منقول ہے کہ جب آغا میر کا لکھنؤ سے اخراج ہوا۔ تو یہ دونون بھائی اُنکو کانپور تک بحفاظت تمام پہونچانے گئے۔ بروقت واپسی بہ صلۂ خوشنودی اُنھون نے دونون بھائیون کو دس دس ہزار روپیہ دیا۔ اور اظہار احسان مندی اور شکر گذاری بھی کیا۔ یہ ہمیشہ ارباب برادری و خصوصًا اعزا سے غریب کی پرورش کرتے رہے۔ دسترخوان ہمیشہ وسیع رہا۔ تقریبات مین بہت عالی حوصلگی اور سخاوت سے کام لیا۔ دونون بھائیون مین اسقدر اتحاد تھا کہ گویا ایک جان دو قالب تھے

اکثر بادشاہ اور وزرا دسکے ہمرکاب رہتے - اُس حالت مین بھی اگر نماز کا وقت آجاتا فوراً ساتھ چھوڑ دیتے - اور نماز اورا دوعمولہ مین مشغول ہوجاتے - بادشاہ کے یہان سے دوسو کا مستقل ماہوار منصب تھا - وہ تابقاء سلطنت لکھنؤ ملتا رہا - ایک مکان بھی وہان پر عطا ہوا تھا - جہان اب قیصر باغ بنا ہے - واجد علی شاہ کے زمانہ مین قیصر باغ کے حدود مین آگیا - انکی بنائی ہوئی مسجد جو مکان کے اندر تھی اب بھی شرقی عمارت قیصر باغ احاطہ مہاراجہ بلرام پور مین موجود ہے - دربار مین انسے اور اہل تشیع سے بہت مباحثہ رہتا - یہی ہمیشہ غالب رہتے -

ایک روز ایک ایرانی بسفارش مجتہد العصر لکھنؤ بحیلہ چند تبرکات نصیر الدین حیدر بادشاہ کے دربار مین آیا - اہل دربار اور بادشاہ نے تعظیم کی - اُس نے ایک مکلف پارچہ حضرت امام حسین علیہ السلام کی نکالکر بادشاہ کے حضور مین پیش کی انھون نے اسکو سر پر رکھا - اور آنکھون سے لگایا اور بوسہ دیا - تمام اہل دربار نے اسی طرح کیا - جب انکے سامنے پیش ہوئی تو انھون نے کہا لیجاؤ اور ذرا بھی تعظیم نہین کی - بعدہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا خون آلودہ لباس پیش ہوا - سب نے تعظیم تکریم کی - انھون نے پھر انکار کیا - تیسری مرتبہ خاک خون آلودہ کربلائے معلے پیش ہوئی جسکو بادشاہ اور دربار کے لوگون نے چکھا - اور حسب دستور تعظیم و تکریم ہوئی - جب انکے سامنے پیش ہوئی - انھون نے انکار کیا - جب ایرانی دربار سے واپس ہوا - تب مجتہد العصر نے انسے کہا کہ آپنے ان تبرکات کی تعظیم کیون نہین کی - انھون نے کہا کہ اول تو اس واقعہ کو ایک زمانہ گذر چکا ہے - خون کے رنگ چرم کی حالت پارچہ کی کیفیت مین تغیر ہونا لازمی ہے جو نظر نہین آتا - دوسرے اس شخص نے ان تبرکات کے حاصل کرنے کی کوئی معقول وجہ ظاہر نہین کی ایسی صورت مین شرعاً پرستش ناجائز ہے - اور نہ مین حضرت امام حسین السلام کے خون کا پیاسا ہون کہ اُنکی خون آلودہ خاک منھ مین ڈالون - اس جواب سے بادشاہ و ارکین دربار بہت متاثر ہوے یہ معمولاً نوروز مین حاضر دربار ہوکر نذر پیش کیا کرتے - ایک مرتبہ بعد قبولیت نذر مجتہد العصر نے بادشاہ کے سامنے ان سے پوچھا کہ آج کا دن آپ کی خوشی کا نہین آپ نے کیون شرکت کی

کیون نذر پیش کی۔ انھون نے فوراً ہی جواب دیا کہ شرکت اور نذر نواب سعادت خان برہان الملک کے زمانہ سے جاری ہے۔ دوسرے خلیفہ چہارم کی تخت نشینی کا بھی دن ہے۔ اسوجہ سے بھی ضروری ہے۔ حاضرین دربار و مجتہد بہت شرمندہ ہوئے۔

بادشاہ نے بارہا ان کو ملکی خدمات چکلہ داری و نظامت وغیرہ پر بھیجنا چاہا۔ مگر یہ ہمیشہ انکار کرتے رہے۔ اور عرض کرتے رہے کہ ہم نمک خواران قدیم کو حکومت ملکی کی قابلیت نہین بادشاہ نے جب انکو اعتماد الدولہ اور انکے بھائی غلام صفدر خان کو اقتدار الدولہ کا خطاب عطا کیا۔ جب بھی انھون نے عرض کیا کہ "ہم غلام حیدر صفدر رہین اس سے بڑھکر اور ہمارے لئے کیا ہو سکتا ہے"۔

ان کو بیعت بطریق اویسی یعنی خواب مین حضرت شاہ محمد معصوم کاکوروی سے تھی۔ یہ اُنکے بہت معتقد تھے۔ شاہ صاحب کے ملفوظ لکھے جانیکے باعث بھی یہی ہوئے۔

انکو شعر و شاعری سے بھی ذوق تھا۔ فارسی شعر بھی خوب لکھتے تھے۔ یہ نہ معلوم ہو سکا کہ کس سے تلمذ تھا اور کیا تخلص تھا۔ ایک رباعی دستیاب ہو سکی جو نذر ناظرین ہے۔

رباعی

اے شاہ جہان رافع ظلم و بیداد   این سالگرہ برتو مبارک تر باد

افزون شود ت عمر ز عقد ہر سال   چون صفر کہ افزود بسلک اعداد

انھون نے بتاریخ ۲ ماہ صفر روز جمعہ ۱۲۵۲ھ بمقام کاکوری انتقال کیا اور خاندانی قبرستان محلہ قاضی گڈھی مین دفن ہوئے۔ قطعہ تاریخ انتقال از منشی امیر حسن خان بسمل کاکوروی سے۔

وادریغا از جفاے چرخ این عالم گذشت   آنکہ نقد نکتہ ہارا سینہ اش گنجینہ بود

خان والا شان غلام حیدر روشن کلام   کز نکات روشنش کان جواہر سینہ بود

بسکہ زنگ طبع صافش را مصفا ریختند   حرف او آئینہ دار جوہر آئینہ بود

حبذا تحریر شکنیش کہ ہنگام رقم | گوئیا اوج بلاغت اسطور آئینہ بود
جان شیرین را چرا از قالبش بیگانہ کرد | چرخ را شاید ز بسمل کینۂ دیرینہ بود
معنوی و صوری آمد سال تاریخ وفات | دویم شہر صفر بود و روز آدینہ بود

سنہ ۱۲۵۲ھ

غلام زین العابدین

شیخ غلام زین العابدین۔ ابن شیخ محمد صالح۔ ابن شیخ محمد منتجب۔ ابن ملا شیخ عبد الرقیب رح
یہ ابتدائے طفولیت سے ہمت بلند و رفقر کی جانب میلان رکھتے تھے۔ اور لہویات اطفال
سے کنارہ کش رہتے بیشتر حضرت شاہ محمد کاظم قلندر قدس سرہ کی صحبت مین بیٹھتے اور فوائد کثیرہ
حاصل کرتے۔ اُسی زمانہ مین حضرت شاہ کو مین آدم پوری خلیفہ حضرت سیدنا شاہ باسط علی قلندر
الہ آبادی قدس سرہ کاکوری مین تشریف لائے اور مسجد ملا عبد الرقیب واقعہ محلہ جریہ گڈھی مین فروکش
ہوئے تھے۔ انھون نے انھین سے بیعت کی اور اذکار اور افکار وغیرہ کی تعلیم بھی پائی۔ حضرت
شاہ عبد الرحمن قلندر ثانی نبیرۂ حضرت شاہ مجا قلندر لاہر پوری کے ہمراہ یہ الہ آباد مین حضرت
سید شاہ باسط علی قلندر کی خدمت مین حاضر ہوئے اور اُن سے فیضیاب بھی ہوئے۔ حضرت
نے انکے لئے خواص دعا سیفی بصورت کتاب تحریر فرمائے جیسا کہ اُسی کی خطبہ سے ظاہر ہے
دعا سیفی پڑھنے کی اجازت بھی انکو دی۔ چونکہ اُس زمانہ مین ضبطی معاش کا حکم نافذ ہو چکا تھا
اور انکی آبائی جائداد جو ان کو ترکہ مین ملی تھی وہ بھی ضبط ہو گئی تھی۔ لہذا حضرت شاہ عبد الرحمن
قلندر نے شجاع الدولہ سے کہکر تنخواہ مقرر کرا دی۔ اور مختار الدولہ نے بھی اراضی گولہا معاف
کی تاریخ و سنہ ولادت و وفات دریافت نہ ہو سکا۔

غلام سرور

شیخ غلام سرور۔ ابن ملک محمد کبیر۔ ابن ملک محمد عیوض۔ ابن ملک محمد حنیف۔ ابن ملک

محمد صفی - ابن ملک عبدالصمد ابن ملک مٹھی - ابن حافظ چاند - ابن ملک حسام الدین ابن ملک نظام الدین - ابن ملک بہار الدین کیقباد -

انکی ولادت بتاریخ ۸ ماہ شعبان المعظم ۱۲۴۲ھ ہوئی - بدرجۂ شہرت بصفات حمیدہ موصوف اور تقوے اور پرہیزگاری مین معروف تھے - تعلیم و تربیت اپنے چچا قاضی خوب اللہ سے پائی - بہت لائق و قابل تھے - فارسی مین ید طولے حاصل تھا - اور لغات فارسی پر بھی بہت عبور تھا - کتب تواریخ بہت مطالعہ مین رکھتے - اس قصبہ کے بہت سے ہندو اور مسلمان انکے شاگرد تھے - یہ بہت نیک تھے کبھی غصہ مین بھولکر کسی کو سخت بات نہین کہی - طبیعت بہت صفائی پسند تھی نوافل کثرت سے پڑھتے تھے وفات انکی ۱۳۱۴ھ مین ہوئی - انکے بیٹے منشی فیض بخش مورخ کاکوڑی تھے -

غلام صفدر خان

اقتدار الدولہ غلام صفدر خان متخلص بہ تسلیم - ابن رفعت الدولہ بخشی رفعت اللہ خان بہادر نصرت جنگ عباسی - یہ اپنے بڑے بھائی اعتماد الدولہ غلام حیدر خان کے قدم بقدم تھے دو سو روپیہ کے شاہی منصبدار صاحب دولت و ثروت و جاہ و مرتبت عابد و زاہد تہجد گذار قابل و لائق تھے -

تعلیم و تربیت مولوی محمد فاخر الہ آبادی - اور خاندان کے لوگون سے پائی - حضرت سید شاہ علی مظفر قلندر نبیرہ حضرت سیدنا شاہ باسط علی قلندر الہ آبادی کے مرید ہوئے -

یہ فارسی کے زبردست شاعر تھے - مکمل دیوان ضخیم موجود تھا - جو زمانہ کی دست برد سے تلف ہوگیا - اہل زبان کی طرح کلام دقیق ہوتا تھا - تسلیم تخلص کرتے - یہ نہ معلوم ہوسکا کہ فن شاعری مین انکو کس سے تلمذ تھا چند اشعار انکے کشکول سے لیکر درج ذیل کئے جاتے ہین ؎

روز اول چون عناصر را بهم آمیختند — با غرور و درد و الم را در دل من ریختند
نامهٔ اعمال ما هر گاه باطل اوفتاد — بهر آمرزش ز رحمت حیله ها انگیختند

چو تیر ناز ترا خون ناب مرغوب است — دلم بگیر که بهر نشانه ات خوب است
بهجر یوسف مصری چرا بصبر نه ساخت — مرا که کام برین گریه هائے یعقوب است
برو بقسمت خود شاد باش شکوه مکن — که بیش و کم نه بود رزق از انکه مکتوب است
بسیر وادی تسکین چرا روم تسلیم — بهر کجا نگرم جلوه هائے مرغوب است

کس نیست که آشفتهٔ آن زلف دوتا نیست — در هیچ رہے نیست که دامے ز بلا نیست
از تیر نگاهش همه عالم شده مجروح — با این همه کس نیست که دستے بدعا نیست
هیچ است همه در نظر اہل بصیرت — الله ست که در ذات خودش هیچ فنا نیست
در عالم امکان همه مرض دوائیست — عشق است که جز دیدن معشوق دوا نیست
آنکس که نه سوزد به غم او تن خود را — بر تربت او فاتحه در عشق روا نیست
عاشق چه کند دعوے خود پیش که معشوق — بے جرم اگر قتل کند هیچ جفا نیست
تسلیم مکن ناله و فریاد ز محبوب — دل باخته را چاره بجز صبر و رضا نیست

گر جان برود در غم عشق تو عجب نیست — کاین آتش سوزنده کم از گرمی تب نیست
چون جمله جهان فانی و مانند سراب است — گر تخت نصیب تو شود جائے طرب نیست
نومید مباشید ز کم مایگی خویش — کالطاف خداوند تو موقوف ادب نیست
گر نور و ضیا خواهی و در عالم دل رو — کانجا همه روز است غم ظلمت شب نیست
چون روزی هر یک همه از عالم غیب است — خاموش نشین لب مکشا جائے طلب نیست
گر بر سر دردے تو رسد از رہ تقدیر — تسلیم مشو رنجه که این شان ادب نیست

در سینهٔ خود شعلهٔ جانکاه نگهدار — ترسم که نه سوزد دو جهان آه نگهدار
بیرون و درون تو همه اوست بهر دم — در آمد و رفت نفس الله نگهدار

امروز که بر روئے زمین فتنه و شر است | یا رب تو ازین آفت ناگاه نگهدار
در منزل جانان اگرت بار ندادند | تسلیم مشو رنجه سر راه نگهدار

دیده گر بینا بود در لاے باُو محبوب نیست | هیچ جاے نیست کانجا جلوهٔ محبوب نیست
در محبت باش صادق گر وصالے بایدت | دیدن یوسف بغیر از جذبهٔ یعقوب نیست
من ترا خواهم ترا خواهم ترا خواهم ترا | هیچ چیزے جز وصال تو مرا مطلوب نیست
اشک خونی گر نه چشم میرود عیبم مکن | دیدهٔ ما را بغیر از خون دل مرغوب نیست
روز و شب در یاد اُو ذکر و عبادت میکنی | هیچ در هیچ است نفس تو اگر مغلوب نیست
هر کرا شد عشق کامل دلبر او پیش اوست | قیس را هنگام فرصت طاقت مکتوب نیست
هر زمان تسلیم ذکر و فکر عصیان میکنی | جز معاصی از نصیب تو مگر مکتوب نیست

در سر کویت نظر چون جانب بسمل زدیم | آفرین صد آفرین بر بازوے قاتل زدیم
این خراب آباد دنیا لائق نظاره نیست | چشم بر بستیم و منزل در جهان دل زدیم
روز طوفان چونکه عالم جمله شد در آب غرق، | کشتی خود را بزور عشق بر ساحل زدیم
بود در روز ازل تسلیم جنت جاے من | واے از اعمال خود در این جهان منزل زدیم

مرا هر دم غم عشقت فزون است | همانا آخر کارم جنون است
چه می پرسی ز حال دل که چون است | نمی بینی که اشکم جمله خون است
ز مرگ خود مرا اندیشهٔ نیست | که در عشق تو جان دادن سکون است
براے رهنمائی نیست حاجت | مرا خضر دل من رهنمون است
بمرگ هیچ کس ماتم نه شاید | که در واقع سکون دم سکون است
همه عالم ظهور اوست لیکن | وجودش از همه عالم برون است

هر چند که هر دم هدف تیر جفائیم | المنة لله که راضی برضائیم
چون وعدهٔ عشقت ز من بیهوده سر زد | والله بهر گونه جفاے تو نزائیم

ترسم که شود فاش غم عشق وگرنه — از سینه برآورد دل خود بنمائیم
از ناوک تو گرچه رسد شربت تیر — از لذت نظارہ نظر سوے تقائیم
از رشک نخواهم که بعشاق نشینی — هرچند که دورم ز محبان شمائیم
تسلیم مکن شکوۂ آن یار ز اغیار — چون قول تو دانیم که راضی برضائیم

ما ساغر زوحدت حق نوش کردہ ایم — تا جمله کائنات فراموش کردہ ایم
چون دولت وصال تو حاصل نشد مرا — در عالم خیال به آغوش کردہ ایم

بسکه در عالم ظهور فعل بد اعمال ماست — هرچه پیش آمد بما از شامت اعمال ماست
آنچه در عالم نمودار است در ذات من است — این مفصل در حقیقت معنی اجمال ماست
پیش ارباب بصیرت جمله عالم عین اوست — کثرت افراد وهم و باعث اضلال ماست
گر مرادے تو نشد تسلیم جاے شکوه نیست — آنچه ادبار است پیش خلق این اقبال ماست

چشم آن دارم به تیغ شرم کشی، — کاین صفا در خنجر جلاد نیست

هر آنچه می نگری بر وجود اوست گواه — ظهور ارض و سما هم یکے ز آیات است
بجلوه هاے شب و روز رخ مکن تسلیم — که چشم تا بگشائی نمود ظلمات است

دوش دستے بسر زلف گره گیر زدیم — پاے خود را ز جنون باز به زنجیر زدیم
از تماشاے جهان هیچ معما نه کشود — حیف صد حیف که من بیهوده تقریر زدیم

یارب بچه کار آفریدی مارا — در نوع نفر چرا کشیدی مارا
کارے برضاے تو نکردم هیهات — والله بسے بد یم دیدی مارا

اے ذات وصفات تو نمود عالم — از عکس وجود تست بود عالم
در باطن و در ظهور جز تو کس نیست — والله همه توئی وجود عالم

هرچند که فعل زشت دارم — از کردۂ خویش شرمسارم
لطفے فرما بجانب ما، — کز رحمت تو امیدوارم

انھون نے کتب خانہ بھی بہت اچھا جمع کیا تھا۔ جو انکی وفات کے بعد تلف ہوگیا۔
انھون نے بتاریخ ۳۰ ماہ رجب المرجب روز چہارشنبہ ۱۲۸۳ھ انتقال کیا۔
اور قاضی گڈھی مین خاندانی قبرستان مین دفن ہوئے۔

غلام عزیز

شیخ غلام عزیز۔ ابن شیخ محمد منیر۔ ابن شیخ محمد۔ ابن شیخ بولا ابن شیخ جعفر ابن شیخ حیات اللہ ابن شیخ عالم۔ ابن حضرت مخدوم امیر نظام الدین بھیکہ رحمۃ اللہ۔

یہ جوان صاحب غیرت و حیا تھے۔ خدا داد جسمانی قوت بہت تھی۔ تیس سال تک مرشد آباد مین نواب قاسم علی خان ناظم کی رفاقت مین رہے۔ شب بیدار تھے۔ بیشتر وقت اوراد و وظائف مین صرف کرتے تھے۔ انکی قوت جسمانی کے متعلق ایک واقعہ ہے کہ یہ ایک روز بعد وظائف سونے کے واسطے لیٹے۔ شب ماہ تھی دیکھا کہ سفید رنگ کی ایک بلی مرغی کو پنجہ مین دبائے لئے جاتی ہے۔ یہ دیکھتے ہی متعجب ہوئے۔ چونکہ خود دروازہ بند کرکے لیٹے تھے۔ دروازہ جاکر دیکھا کھلا پایا۔ اور زائد متعجب ہوے۔ دریافت حال کیلئے تعاقب کیا۔ ملا عظمت اللہ کی حویلی کے قریب جو پرانی حویلی کے نام سے مشہور ہے۔ انھون نے اُس بلی کو دیوار پر چڑھتے دیکھا۔ دوڑکر اسکا پیر پکڑلیا باوجود پیرانہ سالی اسقدر خداداد قوت تھی۔ کہ ادھر یہ زور کرتے اور اُدھر بلی۔ بالآخر یہ ہی غالب آئے۔ بلی کا پیر اُکھڑ گیا۔ اُسی صورت سے وہ مرغی کو دبائے ہوئے بھاگی۔ دُور چلکر سامنے وہ بصورت آدمی نمودار ہوئی۔ پھر انسے مقابلہ ہونے لگا رات بھر مقابلہ رہا۔ صبح ہوتے وہ بلی غائب ہوگئی۔ مگر اس واقعہ سے تین دن کے بعد انکا انتقال ہوگیا۔

غلام محمد

حافظ غلام محمد۔ ابن شیخ سیف الدین۔ ابن ملا ضیاء اللہ۔ ابن حضرت ملا عبدالکریم قدس سرہٗ

یہ نہایت بزرگ اور صاحب کمال تھے ۔ بعد وفات اپنے والد کے بیشتر حصہ عمر یاد حق مین بسر کیا۔

نقل ہے کہ ایک مرتبہ انکے گھر مین چور آیا اندھا ہوگیا ۔ چوری کرنے کی جرأت نہین ہوئی بالآخر شرمندہ ہوکر ہاتھ پانون پٹخنے لگا ۔ یہ اسکا ہاتھ پکڑ گھرسے باہر کر آئے ۔ اور اس سے کہا کہ چلا جا ۔ اُسی وقت اسکی بینائی عود کرآئی اور وہ چلا گیا ۔

نقل ہے کہ انکا جب سن ضعیفی آگیا اُسوقت تک کوئی اولاد نہین ہوئی ۔ ایک روز اسی خیال مین مغموم بیٹھے تھے ۔ کہ ایک شاہ صاحب اُسطرف سے گذرے ۔ اور پوچھا کہ کیون متفکر بیٹھے ہو ۔ انھون نے وجہ بیان کی ۔ اُنھون نے کہا کیون گھبراتے ہو ۔ تمھارے اولاد ہوگی ۔ جس سے نسل بہت چلیگی ۔ مین نے مکاشفہ مین اس گھر کو آباد دیکھا ہے ۔ چنانچہ پھر انکے دو صاحبزادے ہوے ۔ ایک صاحبزادے جوان ناکتخدا انتقال کرگئے ۔ دوسرے صاحبزادے شیخ عبدالرحمن ہوے جن سے نسل اب تک چل رہی ہے ۔ وفات انکی ۲۵ ماہ ذیحجہ کو ہوئی ۔ اور زائد حالات ندریافت ہوسکے ۔

غلام مرتضےٰ

منشی غلام مرتضےٰ ۔ آبن ملک کبیر ۔ آبن ملک محمد عیوض ۔ آبن ملک محمد حنیف ۔ آبن ملک محمد صفی ۔ آبن ملک عبدالصمد ۔ آبن ملک میٹھی ۔ آبن حافظ چاند ۔ آبن ملک حسام الدین ۔ آبن ملک نظام الدین آبن ملک بہاءالدین کیقباد ۔ آبن ملا ابوبکر جامی ۔

ولادت انکی ۱۱۴۵ھ مین ہوئی ۔ کتب درسیہ ملا کمال الدین فتحپوری ۔ و ملا محمد یعقوب لکھنوی فرنگی محلی ۔ و مولوی غلام یحیےٰ بہاری سے پڑھین ۔ نہایت ہی قابل وخوش تقریر تھے ۔ جودت طبع اور ذہانت خداداد رکھتے ۔ بحث و مباحثہ مین ہمیشہ غالب رہتے ۔ اُسی زمانہ مین خوشنویسی کی بھی مشق کی اس مین بھی یکتاے روزگار ہوے ۔ نثر نویسی مین اپنے ہمعصرون سے فایق تھے حافظہ ایسا قوی تھا کہ دس ہزار مصطلحات اور محاورات اہل ایران معہ اشعار سند زبانی یاد تھے ۔

سراج الدین علی خان آرزو کی سراج اللغت۔ اور مصطلحات وارستہ کو بیک نظر اجمالی دیکھ کر یاد کر لیا تھا
کتابت مین اسقدر تیز دست تھے کہ ایک مرتبہ خان آرزو شاہجہان آباد سے عظیم آباد جاتے
ہوے لکھنؤ مین بھی ٹھہرے۔ سراج اللغت اُسی زمانہ مین اُنھون نے لکھی تھی۔ جو تقریباً بیس
جزو کی تھی۔ یہ اُن سے دیکھنے کیلئے لائے اور رات بھر مین نقل کر لی۔

ایک روز ایک برہمن اودے پوری جسکو علم نجوم مین بہت مہارت تھی۔ اور کبت اور
دوہرے بہت سے یاد تھے۔ اور اپنے حافظہ پر اُسکو بہت ناز تھا۔ کاکوری آیا۔ ان سے
اور اُس سے ملاقات ہوئی۔ بعد گفت و شنید اُس نے کبت اور دوہرے پڑھنا شروع کئے
انھون نے بھی اُسی مضمون کے اشعار سنانا شروع کئے۔ آخر وہ ساکت ہوگیا۔ قصبہ کے بہت سے
ہندو اور مسلمان انکے شاگرد تھے۔ کتب بینی سے بہت شوق تھا۔ بہت بڑے وسیع النظر تھے اکثر
علماء زمانہ سے مباحثہ بھی ہوتا تھا۔ اُس مین بھی یہی غالب رہتے۔

ابتداءً یہ معزالدین خان ناظم الملک کی رفاقت مین رہے۔ پھر شاہ شرف الدین عرف
شاہ مدن صاحب پیرزادہ کے یہان رہے جو شاہجہان پور کے باشندے تھے اور باکمال بزرگ اور
معافی دار اودھ کے تھے) بعہدۂ منشی گری مقرر ہوگئے تھے۔ چنانچہ عرصہ تک اُنکے یہان بمقام
خالصپور رہے۔ پھر اُنھین کی سفارش سے راجہ بینی پرشاد کے یہان معقول تنخواہ پر تقرر ہوگیا۔
انکے مصنفات مین سے ایک کتاب جواہر الانشاء ہے۔ جو بزرگان سلف کاکوری کے
حالات پر مشتمل ہے۔ آخر مین چند رقعات ہین جو اپنے اعزا واحباب کو تحریر کئے تھے۔ یہ کتاب
بحیثیت انشاء فارسی وحالات بہت عمدہ اور نفیس ہے۔ اسکا سنہ تالیف ۱۲۰۸ھ ہے۔ دوسری
کتاب بطور فتاوےٰ ہے جسمین مسایل عبادات و معاملات مفتیٰ بہ جمع کئے ہین۔ یہ دونون کتابین
غیر مطبوعہ ہین۔ دوسری کتاب یعنے فتاوےٰ اب بالکل مفقود ہے۔

غرضکہ یہ اپنے زمانہ مین مغتنمات سے شمار کئے جاتے تھے۔ اکتالیس سال کی عمر پاکر بتاریخ
۵ ماہ شعبان المعظم ۱۲۱۳ھ انتقال کیا۔ انکے انتقال کا بھی عجیب غریب واقعہ ہے۔ ایک روز شب

مین یہ رات رہی سے جاگ پڑے اور پوچھنا شروع کیا کہ کتنی رات باقی ہے۔ پھر اپنے بھتیجے منشی فیض بخش صاحب سے کہا کہ آج یوم انتقال ہے۔ کتابین احتیاط سے رکھو۔ ورنہ ضایع ہو جائینگی۔ اور میرے لڑکے جاہل نہ رہنے پائین اسکا خیال رکھنا۔ شیخ محمد تقی ان کے ماموں زاد بھائی بھی اُسوقت بیٹھے تھے۔ اُنھون نے کہا کہ آپ خدانخواستہ کسی طرح کے بیمار بھی نہین ہین۔ کیا بات ہے آپ ایسا کیون فرماتے ہین۔ انھون نے کہا کہ معلوم ہو جائے گا اُسی روز دوپہر کو انتقال ہو گیا اور اپنے والد کے پاس باغ ملکن ہار کا کوری مین دفن ہوئے۔

غلام مصطفےٰ

قاضی غلام مصطفےٰ خان شہید۔ ابن قاضی عبدالاحد۔ ابن قاضی محمد حافظ عباسی۔ یہ ۱۱۶۳ھ مین پیدا ہوئے۔ نہایت صالح و مرتاض تھے۔ دس سال کی عمر سے احکام شرعیہ کے پابند تھے۔ تلاوت کلام مجید وظائف مین زیادہ وقت صرف کرتے تھے۔ منہیات و منکرات ملاہی و ملاعب کی طرف کبھی متوجہ نہین ہوئے۔ تعلیم و تربیت اپنے اعمام اور جد امجد سے پائی۔ نہایت موزون قامت۔ وجیہ و خوبصورت شجاع اور سخی تھے۔ جس شخص سے ملاقات کرتے وہ انکے حسن و جمال و اخلاق کا شیفتہ ہو جاتا۔

ابتدا مین کچھ دنون اپنے عم بزرگوار شیخ محمد اکابر کے ساتھ راجہ نول رائے کے یہان ملازم رہے۔ وہان ایک روز حریف پر لشکر کشی کی۔ اور منزل سے بہت دور نکل گئے۔ دانہ و گھاس گھوڑون کو مل نہ سکا۔ سپاہیون نے اپنے اپنے جانورون کو کھیتون مین چھوڑ دیا۔ جسوقت وہ جانور سیر ہو گئے۔ اُن لوگون نے ان سے بھی کہا۔ انھون نے جواب دیا کہ میرا گھوڑا ملک غیر پر کبھی منہ نہ ڈالے گا۔ لوگون نے نہ مانا۔ گھوڑے کو لے گئے۔ باوجود سرسبزی و شادابی گھوڑے نے منہ نہ ڈالا۔ وہ لوگ بہت متعجب ہوے۔

ایک روز راجہ نے مرہٹون پر فوجکشی کا حکم دیا اور خود راستہ مین کھڑے ہو کر فوج کا

جائزہ لینا شروع کیا - فوج نکلگئی - یہ بعد کو پہونچے - راجہ نے پوچھا کہ کہان رہ گئے تھے انھون
نے کہا کہ نماز ظہر پڑھنے لگا تھا وقت بالکل آخر ہوتا تھا - راجہ نے کہا کہ نوکری کرو یا نماز پڑھو
انھون نے کہا کہ نوکری بھی کوئی چیز ہے - اور فورًا استعفا دیدیا - راجہ نے پھر ہر چند کہا کہ مین نے
مزاحًا کہا تھا - مگر انھون نے منظور نہین کیا - اور وطن چلے آئے - بعد اسکے پھر شیخ محمد اکابر
انکو اپنے ساتھ سکندرہ متصل اٹاوہ لے آئے - وہان سے اُنھون نے انکو معہ سامان وطن روانہ کیا
راستہ مین ڈاکوون کے ہاتھ سے ۱۱۶۲ھ مین بعمر ۲۸ سال شہید ہوے -

غلام مینا

شیخ غلام مینا - ابن شیخ محمد منتجب - ابن حضرت ملا عبد الرقیب رحمۃ اللہ علیہ - انھون نے
تعلیم و تربیت مولوی رحمت اللہ - اور اپنے والد اور دیگر علما سے پائی - شان و شوکت ان مین
بہت تھی - نہایت ہی خوش پوشاک تھے -

منشی غلام مرتضےٰ ملکزادہ جواہر الانشاء مین لکھتے مین کہ :-

"شیخ غلام مینا پسر کوچک آن مرحوم (شیخ محمد منتجب) از جوانان شایستہ و مہذب طبع شگفتہ
داشتہ و در علو شان و بلند حوصلگی و والا منشی و تمکین و وقار نمونۂ پدر بزرگوار بودہ و در سنجیدہ
اطواری و خوش خلقی یگانہ و در متانت گوئی و خوش وضعی فسانہ و در جود و سخا عیارش بمحک
امتحان و اعتبار رسیدہ بود - حافظ قرآن و شیرین بیان نیکو صحبت و پاکیزہ روزگار بود"

ان سے اور نواب شیر جنگ برادرزادۂ نواب سعادت خان برہان الملک صوبہ دار اودھ
سے بہت دوستی تھی - انھون نے عین شباب مین بروز عید الفطر انتقال کیا - اور آبائی قبرستان
مین دفن ہوے -

غلام مینا ساحر

شیخ فضل حق عرف غلام مینا متخلص بہ ساحر - ابن شیخ مفضل امام - ابن شیخ محمد عیوض ابن

مولوی محب الرحمن - ابن شیخ عبدالرحمن ابن حافظ غلام محمد علوی مخدوم زادہ -

یہ ابتدا تحصیل علم سے قطعاً متنفر تھے - انکے والد شیخ فضل امام مرحوم کا قیام دہلی مین رہتا تھا - یہ بھی وہین انکے ساتھ تھے - والد کے خوف سے بادلِ ناخواستہ حضرت شاہ عبدالعزیز دہلوی کی خدمت مین حاضر ہوتے اور تھوڑی دیر تک کتاب سامنے رکھکر واپس آتے -

ایک روز انکے والد نے اپنے حضرت پیر و مرشد شاہ غلام علی دہلوی خلیفہ حضرت مرزا مظہر جانجانان دہلوی سے انکی بدشوقی کا حال بیان کرکے خاص دعا اور توجہ چاہی - انکے پیر و مرشد نے پانی آبخورے مین منگا کر کچھ پڑھکر دم کیا اور انکو پلا دیا - اُس تاریخ سے طبیعت تحصیل علم کیطرف متوجہ ہوگئی - روز بروز علمی مذاق بڑھتا گیا - اور چندہی روز کے بعد آسمان ہندوستان مین آفتاب ہوکر چمکے - حضرت شاہ غلام علی صاحب نے غلام مینا نام اور ساحر تخلص انکو عطا کیا -

یہ چند سال اپنے والد کے ساتھ دہلی مین رہے - اور حضرت شاہ عبدالعزیز و شاہ غلام علی کی فیض صحبت سے مستفید ہوتے رہے - وہان سے پھر وطن (کاکوری) آئے یہان شاعری کیطرف توجہ کی اور کلام مصحفی کو دکھایا شعرگوئی اور نثاری مین یکتاے روزگار ہوے - انکے کلام مین سب سے بڑی یہ خصوصیت ہے کہ الفاظ ثقیل کی بندش نہین - اور فارسی محاورات کیساتھ ایسی مضمون آفرینی کرتے ہین کہ سننے اور دیکھنے والے کے مُنہ سے بے اختیار داد نکلجاتی ہے -

ان سے اور قاضی محمد صادق خان اختر سے بہت دوستی تھی -

حضرت شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ کشف التواری مین لکھتے ہین :-

" نہایت قابل و نثار شاعر بود در علم فارسی در پنجاہ کسے بمقابلۂ او نبود اگر حالش نویسم طول شود کہ در قابلیت و جولانی طبع و غربت و سعادت مندی ہمسر خود نداشت "

مولانا حسین بخش شہید - ابن حضرت شاہ پیر محمد قلندر کاکوروی اپنی بیاض مین لکھتے ہین کہ

" سخن سنج بے نظیر نکتہ رس دلپذیر صاحب سحر حلال شاعر شیرین مقال در ہر فن ماہر غلام مینا ساحر نسب پدری او بہ محمد حنفیہ بن علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ می پیوندد - در ابتداے درس

زبان فارسی مولف کشکول وآن سخن سنج دریک مکتب باہم درس سبق میگرفتیم بعد چندے کہ فلک متفرق الاحباب آنجناب رابہ بلدۂ شاہجہان آباد (دہلی) فرستاد و دوستان ہم صحبت را بآلام فراق وہجر مبتلا گردانیدہ در آنجا بفیض حضرت غلام علی شاہ نقشبندی سلمہ وبرکت مولانا عبدالعزیز سلمہ درکمال علمی وتہذیب اخلاق ملائے سدرۃ المنتہی رسیدہ بعد معاودت ازان دیار فن شاعری را رونق بخشید ومشق سخن ازمیان مصحفی سلمہ نمودہ باعلےٰ مراتب استادی رسیدہ انواع نظم ونثر رافی البدیہہ مالک است۔ مرزا قتیل بارہا میگفت کہ ساحر استاد مصحفی است۔ ومصحفی از تفاخر ومباہات علےٰ رؤس الاشہاد مدح وثنائے او بیان میکند وبارہا دیگر تلامذہ خود ارشاد نمودہ کہ محاورات فرس از ساحر باید آموخت۔

نواب نور الحسن خان تذکرۂ نگارستان سخن میں لکھتے ہیں کہ :۔

"ساحر مجسم جودت وذکا منشی غلام مینا از عشیرۂ مخدوم زادگان کاکوری نواح شہر لکھنؤ بودہ ودر جدت طبیعت ورسائی فکر از اقران گوے سبقت ربودہ تلمذش مصحفی راسرمایۂ افتخار وثنا گردیش قتیل را راس المال عزواعتبار طبعے معنی آفرین وذہنے دقت گزین داشت شاعریش مسلم الثبوت ارباب کمال است وکمال موزونیش ہمہ سحر حلال"۔

تذکرۂ روز روشن جلد چہارم شمع انجمن میں ہے کہ :۔

"ساحر شیخ فضل حق عرف غلام مینا۔ ابن شیخ فضل امام متوطن قصبۂ کاکوری از اولاد محمد بن حنفیہ رضی اللہ عنہ بود کسب علوم ظاہری وباطنی درخدمت جناب شاہ عبدالعزیز دہلوی و شاہ غلام علی نقشبندی در دہلی نمود ومشق سخن از شیخ غلام ہمدانی مصحفی کردہ میرزا قتیل میگفت کہ ساحر شاگرد مصحفی نیست بل استاد است۔ الحق در نظم ونثر نظیر خود نداشت ودر سنہ خمسین ومائتین والف مینائے جسم را از صہبائے جان خالی داشت"۔

منشی احمد حسین سحر تذکرۂ طور معنی میں لکھتے ہیں کہ :۔

"ساحر تخلص استادی غلام مینا۔ ابر نیسان گہر ریزی معانی آبدار۔ محیط اعظم سخن آفرینی لطافت

درکنار گل شاداب بہارستان سخن۔ شمع انجمن افروز معانی روشن بہنگامہ گرم کن معانی نقاد جواہر نکتہ دانی بودہ۔ کلامش نمکین شور قیامت بدلہا انداختہ و سخن آفرینش تصور جادوے سامری از خاطرہا برداشتہ۔ طرز کلام نظم دلکش او بوضع گفتگوے شیخ علی حزین است۔ فلک ناتوان سفلہ پرور با وصف شہرت کمالات آن خجستہ صفات در مکروہات دنیاوی مبتلا داشتہ صورت اقتدار جادہ گریز ساخت در سنہ یک ہزار و دوصد و پنجاہ ہجری داعی اجل را لبیک گفتہ و عالمی را بماتم عظیم گذاشت۔ حجلہ نشین معنی پردہ بر رخ کشیدہ بماتم نشست و شمع روشن بزم سخن خاموش گشت در نثر ظہوری دقت خویش بود فقیر ازین غایت و تلمذ او حرف آشنا گردیدہ سر افتخار از نسبت شاگردی او بفلک میفرساید"۔

ساحر نے حسب ذیل تصانیف چھوڑے۔ (۱) **نثر ساحر**۔ اس میں رقعات اور نثریں ہیں غیر مطبوع ہے (۲) **دیوان ساحر**۔ فارسی کا مکمل غیر مطبوع دیوان ہے (۳) **مثنوی ساحر**۔ یہ مثنوی رسالۂ ادیب اردو جلد ۱ نمبر ۷ ماہ جولائی ۱۹۲۱ء میں طبع ہو چکی ہے۔ مثنوی بہت عمدہ ہے۔

ساحر کے تلامذہ بھی بہت قابل و مشہور ہوے۔ جتنوں کے نام معلوم ہو سکے درج ذیل ہیں (۱) نواب امیر حسن خان متخلص بہ بسمل کاکوروی (۲) منشی مومن علی خان مفتون کاکوروی (۳) مولوی محی الدین خان ذوق کاکوروی (۴) مرزا حیدر بیگ کاکوروی (۵) مولوی غلام امام شہید امیٹھوی (۶) منشی احمد حسین سحر۔

نمونۂ کلام غلام مینا ساحر بغرض تفریح طبع ناظرین درج ذیل ہے ؎

امید بوسے تو از نوبہار بود مرا	وگرنہ با گل و گلشن چہ کار بود مرا
سحر کہ گلبدنے بود زیب آغوشم	گل مراد نصیب کنار بود مرا
ازین سبب دل بیمار می شمرد نفس	کہ روز ہجر تو روز شمار بود مرا
ہمیشہ دیدۂ تر خون دل تلف میکرد	بلائے جان ثمرۂ اشکبار بود مرا
دم نظارۂ حسنش چنان ز خود رفتم	کہ روز وصل شب انتظار بود مرا

بگلشن از خط سبز تو یاد میکردم | بدیدہ سبزۂ نو رستہ خار بود مرا
شبے کہ زلف ترا از رخت بخواب میدیدم | خیال گردش لیل و نہار بود مرا
نوازشے عجبے داشت بر من بیمار | اجل بشام غمت غمگسار بود مرا
بزیر خاک چو پروانہ رقص میکردم | شبے کہ روے تو شمع مزار بود مرا
جز آنکہ حسرت و غم بردم از جہان ساحر | باین دیار ندانم چہ کار بود مرا

لخت دل بر یکدگر در دیدۂ تر یافتم | من درین دریاے خون کبریت احمر یافتم
بر سر افشاندم غبار دشت و افسر یافتم | من باقبال جنون تاج سکندر یافتم
تیغ بر فرقم زدی خنجر شکستی در جگر | راحت دل کام جان آسائش سر یافتم
ماجراے آتش ہجر تو میکردم رقم | کاغذ مکتوب را بال سمندر یافتم
می خلد ہر دم خیال نوک مژگانت بدل | من برات زندگی بر نوک خنجر یافتم
از نگاہ میگسارت بادۂ گلگون زدم | گردش چشم تو دیدم دور ساغر یافتم
بادۂ گلرنگ چشم خون مژگان جوش زد | آرزوے جام کردم دیدۂ تر یافتم
از لب و رخسار و زلف عنبر افشان کسے | آب دیگر رنگ دیگر بوے دیگر یافتم
چند پرسی ماجراے ساحر بیمار دل | ناتوانی را وبال روے بستر یافتم

ز باغ رفتی و افسردہ شد چمن بے تو | قباے گل شدہ بر دوش گل کفن بی تو
مرا سکنج قفس خوشتر از چمن بے تو | چراغ گور بہ از شمع انجمن بی تو
بجستجوے نشان تو گم شدم از خویش | بیا بہ بین کہ گذشتم ز خویشتن بی تو
شب رقیب سحر شد ز آفتاب رخت | بشام تیرہ بدل شد صباح من بی تو
بدشت و بادیہ مجنون بہ بے ستون فرہاد | بخاک و خون نتپید آنقدر کہ من بی تو
گلے کہ از چمن دل گرفتگان خیزد | بخندہ وانکند غنچہ سان دہن بی تو
ز بزم گاہ سخن رفتہ کجا ساحر | نماند گرمی ہنگامۂ سخن بی تو

به تیغ ادای تو سری می فروشم — به نوک سنانت جگر می فروشم

ثمردار نخلم درین باغ لیکن — بسنگ فلاخن ثمر می فروشم

اسیری ز پرواز گلزار بهتر — بکنج قفس بال و پر می فروشم

چنانم خریدار سوز محبت — که خرمن به مشت شرر می فروشم

من از گل فروشان بازار عشقم — گل تر ز لخت جگر می فروشم

بدل میخلد نوک مژگان شوخت — رگ جان برین نیشتر می فروشم

ندارد سخن رونق بازار ساحر — بیک جو متاع هنر می فروشم

چشم شوخی که بما داشت نگاهی گاهی — آن هم از بیم رقیبان سر راهی گاهی

درد هجران نگذارد که نشینم خاموش — ضعف قوت ندهد رخصت آهی گاهی

بچه تقریب شبی بزم بساط افروزم — منکه در خواب ندیدم رخ ماهی گاهی

بچه تقصیر ز ما راست نمی گردد چرخ — کج نه کردیم درین عرصه کلاهی گاهی

در دیاری که ضعیفان محبت باشند — کهربای نربایند پر کاهی گاهی

بسکه افسرده دل از دهر گذشتی ساحر — بر مزار تو نه شد سبز گیاهی گاهی

گل مزار مرا هر کسی که بو می کرد — ز بس فسرده دلی مردن آرزو می کرد

بسوی قبله کویت دمیکه رو می کرد — به آب دیدهٔ تر مردمک وضو می کرد

ز بیم دشنهٔ تیز تو کلک صورت گر — شبیه را دم تصویر بی گلو می کرد

ز خوش گواری آبی که خنجرت میداشت — به یک دگر لب هر زخم گفتگو می کرد

ز بوستان گل تر چیده و آشیانم سوخت — یکی ز سنگ دلی های باغبان نیست

جدا ز کویت بخاک هر جا فلک سپارد من حزین را — ز اشک آه شرار افشان در آب آتش کشم زمین را

نوشته کلک قضا بنامم برات سوز و گداز عشقت — چگونه اکنون توان ستردن بسعی از کلک خط جبین را

اینست در ایام اسیری هوس ما — صیاد و گذارد بگلستان قفس ما

بہر زمین کہ مزار غنودہ بختان بود — ہمیشہ سبزۂ خوابیدہ از زمین برخاست
نشست باز دم نزع بر سر بالین — قیامتی کہ بہ روز واپسین برخاست
اگر شکستہ پری یاد آشیان میکرد — سحر ز کنج قفس نالۂ حزین برخاست

نشان تیر تو با تیغ اگر کمان اینست — جگر بزخم فرو شیم اگر سنان اینست

کار ادب رسید بجائے کہ روز وصل — اشکے کہ بود بر مژہ غلطیدنی نبود

تا صبح دل خون شدہ در سینہ طپان بود — اے مرغ شب آہنگ نوائے تو سنان بود

جگر خون کند نالۂ عندلیبے — کہ در فصل گل آشیانے ندارد

ہر رگ ابر ز مژگان ترم ساختہ اند — برق رخشندہ ز آہ جگرم ساختہ اند

بنوک ہر مژہ صد پارۂ جگر دارم — نہال گلشن عشقم ہمین ثمر دارم

گوہر بہ پیش آن در دندان بہ نیم جو — یاقوت سرخ با لب خندان بہ نیم جو

با آنکہ صد خدنگ تو در پہلویم شکست — دارم بدل ہنوز مقام سنان تہی

دل تا جگر پر است ز داغ جفائے وے — دارم ز داستان شکایت زبان تہی

دی شب سرم ز بالش آرام دور بود — اے خواب مرگ چارۂ دردم ضرور بود

درین بہار کہ ہر گل بلائے جان من است — نثار برق بلا خار آستان من است

بے حجابانہ بروے تو نگاہے میکرد — میتوان گفت کہ آئینہ گناہے میکرد

انھون نے بتاریخ ۲۳ ماہ ذیقعدہ ۱۲۵۰ھ وفات پائی - اور خاندانی قبرستان واقع تکیہ شریف کاظمیہ مین دفن ہوئے - قطعہ تاریخ وفات از منشی مومن علی خان مفتون کاکوروی

فریاد کہ از تفرقہ پردازی گردون — امروز جوان عمر جہانے ز جہان رفت
زین ماتم جانکاہ کہ بر جان زدہ ناخن — آرام ز دل ہوش ز سر صبر ز جان رفت
بتخالہ بلب از تب غم شمع نمط زد — حرفیکہ ازین قصہ مرا تا بزبان رفت
زد برق بلائے بہ سیہ خانۂ گردون — ہر نالہ کہ در ماتمش از نوک زبان رفت

زین درد جہان خون دل از دیدہ بجوشید — ناوک بجگر آمد و در سینہ نہان رفت

این واقعہ صعب زدہ بر دل مشتاقان — آن ظلم کہ بر فصل بہاری ز خزان رفت

نیرنگ جہان رنگ ثباتے نہ پذیرد — خوش رفت ہر آنکو ز جہان گذران رفت

آمد بزبان مصرع تاریخ وفاتش — دامان ز جہان چیدہ سوے دار جنان رفت

سنہ ۱۲۵۰ھ

غلام نبی

شیخ غلام نبی - ابن نواب منتظم الملک خان وزیر خان شیخ جار اللہ علوی ہفت ہزاری صوبدار خیرآباد - یہ صورتاً نہایت وجیہ و ملیح و سیرتاً بہت قابل اور باذاق تھے - انکے متعلق حضرت شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ کشف المتواری مین لکھتے ہین کہ "شیخ غلام نبی بسیار قابل و برگزاشت" ملا عبد الغفور اشرفی بھاگلپوری جن سے انکی تعلیم اور تربیت متعلق تھی - ایک قصیدہ مین ان کے متعلق لکھتے ہین ؎

اشرفی چندین بہ کاکوری نمی ماندم اسیر — گر نبودے حسن اخلاق نبی بزنجیر پا

انکی بذلہ گوئی اور لطیفہ سنجی کا یہ عالم تھا کہ اکثر ذی علم حضرات انکے پاس محض باتین سننے کے لیے جاتے اور نہایت خوش اور محظوظ واپس آتے - انکے متعلق منشی غلام مرتضیٰ جواہر الانشا مین لکھتے ہین کہ :-

"شیخ غلام نبی جوان قابل شگفتہ طبع گفتگوے مربوط داشتہ - شیخ عبد الغفور مشہور باشرفی بھاگلپوری را میل خاطر بہ شیخ غلام نبی بود"

منشی فیض بخش اپنے نسب نامہ موسومہ بہ چشمۂ فیض مین لکھتے ہین کہ :-

"شیخ در بذلہ گوئی یگانہ عہد خود بود اکثر سخن حریفانہ ظریفانہ میفرمود کہ سامعین را حظے و سرورے بہم میرسید"

باقی حالات سنہ ولادت و وفات وغیرہ دریافت نہ ہو سکے - انکی قبر بے نوا شاہ کے

کے تکیہ (متصل اسپتال کاکوری) مین اپنے والد شیخ جار اللہ کے حظیرہ مین تحصین کی قبر کے متصل ہے۔

غوث علی

قاضی حافظ غوث علی۔ ابن حافظ معز اللہ۔ ابن حافظ شاہ عزیز اللہ علوی مخدوم زادہ۔ یہ عالم باعمل ودیانت وتقوے مین بے نظیر وبےمثل تھے بیعت انکو حضرت سیدنا شاہ محمد کاظم قلندر سے تھی۔ بوجہ اپنے علم وفضل کے فرخ آباد مین عہدۂ قضا پر مامور ہوے۔ مدۃ العمر نہایت نیکنامی کے ساتھ رہے۔ بالآخر وہین بتاریخ ۲۳ ماہ جمادی الآخر روز جمعہ ۱۲۵۴ھ وفات پائی۔ اور فرخ آباد مین دفن ہوئے۔

انکے ایک بیٹے حافظ اولاد علی ہوے یہ بھی مثل اپنے والد کے بہت قابل ولائق اور قاضی فرخ آباد تھے۔

(ف)

فدا حسن خان

منشی مرتضےٰ حسن المعروف بہ مسٹر جسٹس نواب فدا حسن خان وکیل عدالت العالیہ ہائیکورٹ کلکتہ و چیف جسٹس ہائیکورٹ سرکار نظام حیدر آباد دکن۔ ابن منشی علی حسن خان۔ ابن منشی معشوق علی خان۔ ابن شیخ طفیل علی خان فوجدار۔

یہ بتاریخ ۱۰ ربا ذیقعدہ ۱۲۴۸ھ پیدا ہوے۔ ابتداے عمر مین اپنے والد کے پاس رہے۔ اور تحصیل علوم سے فراغت کی ۱۲۶۳ھ مین ہمراہی اپنے بھائی نواب امیر رضا حسن خان کلکتہ گئے۔ اور وہان علم انگریزی و سند وکالت ہائیکورٹ کلکتہ حاصل کی۔ امیر رضا حسن خان کی رحلت پر کانپور واپس آئے۔ اور پھر لکھنؤ آکر عدالت العالیہ جوڈیشلی مین وکالت کی۔ اور اسقدر فروغ حاصل کیا۔ کہ آمدنی کا اوسط ڈیڑھ لاکھ روپیہ سالانہ تک پہونچگیا۔

یہ نہایت لائق و فائق و ذہین صاحب طبع رسا معاملہ فہم و خوش خلق تھے اپنے زمانہ مین اپنا مثل نہین رکھتے تھے ذہانت کا یہ عالم تھا کہ مقدمات مین کبھی مثل نہین دیکھتے اور نہ سنتے عدالت مین جاکر جو کچھ سُنتے وہ سُنتے۔ اور ایسی عمدہ بحث کرتے کہ مقدمہ اپنے خلاف نہوتے دیتے۔ لکھنؤ محلہ گولہ گنج مین متعدد و عظیم الشان کوٹھیان تعمیر کین۔ اور انکی اولوالعزمی کے اخراجات و داد و دہش بڑے بڑے روساے شہر کی زرپاشی سے چشمک زنی کرتے تھے۔

ثروت اور امارت کی کیفیت تھی۔ کہ سالانہ محفل میلاد شریف مین تین تیس ہزار نفوس سے کم کا مجمع نہوتا تھا اور محفل کی جگہ زمین پر کیوڑہ و گلاب بجاے پانی کے چھڑکا جاتا تھا جسکے بعد فرش بچھایا جاتا۔ اور شامیانون اور در و دیوار پر سواے پھولون کی چادرون اور شیشہ آلات کے کچھ نظر نہ آتا تھا۔ دولت دنیاوی کے ساتھ خدا نے انکو حُسن صورت بھی ایسا عنایت کیا تھا کہ بایدوشاید انکے زمانہ مین ارباب کاکوری مین سے کوئی انکا ایسا صاحب جاہ و حشم نہ تھا۔ ساتھ ہی ساتھ

انکا ذوق علمی اسقدر تھا کہ انکے کتبخانہ مین ہر علم و فن کی نادر قلمی و مطبوعہ کتابین موجود تھین جنکی تعداد سات ہزار تک پہونچ چکی تھی۔

انکے تصنیف سے حسب ذیل کتابین یادگار ہین (۱) کتاب وراثت ادیان اربعہ (۲) کتاب لمعان البرق۔ جو علم برق و مقناطیس کے متعلق ہے (۳) کتاب شعاع مہر۔ یہ علم تصاویر عکسی مین اردو مین سب سے پہلی کتاب ہے۔ اور حسب فرمائش میجر جنرل لائیڈ جو انکے خاص دوست تھے لکھی گئی تھی۔ اس کتاب کے سرورق پر انکی تصویر جو خود انکی کھینچی ہوئی ہے لگی ہوئی ہے۔

بیعت ان کو حضرت شاہ فخر عالم چشتی خلیفہ حضرت مولانا شاہ نیاز احمد بریلوی سے تھی۔

یہ لکھنؤ سے حسب طلب نواب سرسالار جنگ بہادر حیدرآباد گئے۔ اور ہائیکورٹ نظام کے چیف جسٹس ہوئے اور آٹھ سال تک اس عہدۂ جلیلہ پر فائض رہکر بتاریخ ۱۹ ماہ صفر ۱۲۹۰ھ حیدرآباد مین رحلت کی اور وہین دفن ہوے۔ قطعہ تاریخ انتقال از منشی کاظم حسین متخلص بہ غنی کاکوروی ؎

چون آن خال والا فدائے حسن	زنجیر فنا شد سوے سلسبیل
غنئ ستم دیدہ ماتم نشین	غم جان ربا گفت سال رحیل

۱۲۹۰ھ

فریدالدین خان

مولانا حاجی فریدالدین خان محدث۔ ابن مولوی مسیح الدین خان بہادر میر منشی گورنر جنرل و سفیر شاہ اودھ بمقام لندن بہ غرہ ماہ ربیع الاول روز دوشنبہ ۱۲۵۹ھ مین پیدا ہوئے۔ منشی امیر حسن خان بسمل نے تاریخ ولادت لکھی جو درج ذیل ہے ؎

چو آمد جوان طالعے در وجود	کہ تا حشر بادا گرہ سال او
زدل خواستم سال میلاد گفت	جوان آمدہ بخت و اقبال او

۱۲۵۹ھ

یہ بدو شعور سے بہت صالح شایستہ منکسر المزاج درویش منش قناعت پسند تھے امجد علی شاہ

بادشاہ اودھ کے یہان سے انکو خانی کا خطاب اور سات سو روپیہ ماہوار کا فرمان عنایت ہو
تھا۔ چنانچہ واجد علی شاہ کے عہد سلطنت تک ماہوار مذکور برابر ملتا رہا۔ پانچ مواضعات مثل
کسمور۔ سکرا۔ شاہ پور وغیرہ انکی جاگیر و قبضہ مین رہے۔ اور خود سلطان عالم واجد علی شاہ بادشاہ
اودھ نے اپنے ہاتھ سے ملبوس خاص یعنے خلعت ہفت پارچہ مرحمت فرمایا تھا۔ اور قیصر باغ مین
نہر پر مخاطبت اور ہمکلامی سے بھی سرفراز فرمایا تھا۔ بادشاہی حکم سے یہان قصبہ کاکوری مین ایک
قلعہ نہایت عمدہ مجلسرا انکے لئے بنائی گئی۔ جو اب تک موجود ہے۔ اور بحیثیت نفاست و خوبی
اس قصبہ مین بے مثل ہے۔

انھون نے کتب درسیہ متوسطات تک مولوی حافظ محمد حسین ساکن بڑا گانون ضلع بارہ بنکی
تلمیذ رشید حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر۔ اور اپنے والد ماجد۔ اور دونون چچا مفتی ریاض الدین
و مولوی حافظ وجیہ الدین۔ اور حضرت شاہ علی اکبر قلندر۔ و مولوی شاہ واجد علی قلندر۔ و مولانا
حامد علی مغفور سے پڑھین۔ اور کچھ تبرکاً حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر سے بھی پڑھا۔ پھر مفتی ریاض الدین
مغفور کے ساتھ ہمراہ جا کر مولوی سعد اللہ مراد آبادی اور مولوی حسن شاہ محدث رامپوری سے تحصیل
تمام کی۔ اور احادیث کی سند بھی حاصل کی وہان نواب کلب علیخان کے دربار مین رسوخ پیدا کیا تھا۔
انھین کے ساتھ مترجمی کے عہدہ پر مامور ہو کر حرمین شریفین گئے وہان کے شیوخ سے اجازت
حاصل کی۔ بڑے عالم و عامل بالحدیث تھے۔ بجز درس و کتب بینی و مطالعہ کتب حدیث اور
کوئی شغل نہین رکھتے تھے۔

انکو جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مبشرہ مین اپنا خادم بھی فرمایا تھا۔ چنانچہ
یہ خود فرماتے تھے کہ مین نے ایک بار آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب مین دیکھا۔ اور آپ کے
ساتھ حضرت انس ابن مالک کو۔ آنحضرت نے اُن سے فرمایا کہ یہ بھی میرا خادم ہے۔

انکے تصانیف سے اربعین امام نووی کی بسیط شرح اردو موسومہ بہ الفلاح المبین دو
جلدون مین موجود ہے۔ اسکے علاوہ اور بھی چند رسایل مختلف مباحث پر ناتمام ہین۔

علم حدیث و دیگر علوم کی اجازت انکو علاوہ مولوی سعد اللہ و مولوی حسن شاہ محدث کے حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر نیز اپنے والد ماجد۔ و مولوی مفتی ریاض الدین۔ و مولوی حافظ وجیہ الدین۔ و مولانا فضل الرحمان گنج مرادآبادی۔ و مولانا آل احمد ابن مولانا محمد امام ابن مولانا نعمت اللہ محدث پھلواروی سے بھی تھی۔ چنانچہ سب طرق کی تحریری اجازت انھون نے حضرت مولانا شاہ حبیب حیدر قلندر مد ظلہ کو عطا فرمائی۔ اور ایک پنا ثبت (نوشتہ) بھی دیا جس مین اسناد تحریر کیے ہین اور نظم الدرر فی مسانید الفرید الاحقر اسکا نام ہے (محرر سطور پر بھی بہت شفقت فرماتے۔ کتاب حصن حصین پڑھا کر مجھے اجازت دی۔ بخاری شریف قریب قریب انکو حفظ تھی۔ اُسکا ختم برابر پڑھا کرتے۔ اسی طرح دلائل الخیرات اور حصن حصین بھی۔ حافظہ بہت قوی تھا تصنیف و تالیف مین مثل اپنے والد ماجد کے مسودہ و مبیضہ نہین کرتے تھے۔

بیعت انکو حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ سے تھی ثروت ظاہری کا یہ حال تھا کہ ننہال و ددھیال مین سب لوگ امیر کبیر تھے مگر یہ اپنے علمی مشغلہ مین مصروف رہے۔

وفات انکی تاریخ ۱۱ ماہ محرم الحرام روز چہارشنبہ ۱۳۳۵ھ ہوئی۔ اور پیش صحن مسجد بالائے قلعہ کاکوری مین متصل اپنے محلسرا کے دفن ہوئے۔

فرید علی فلک

مولوی شیخ فرید علی متخلص بہ فلک کاکوری۔ یہ فارسی نظم و نثر مین اچھے قابل اور عربی سے نا آشنا تھے۔ فارسی کی تعلیم انھون نے میرے والد ماجد حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر سے حاصل کی۔ اگرچہ عمر مین بہت بڑے تھے۔ شاعری مین ابتداءً ممتاز العلما قاضی محمد سعید الدین خان بہادر کے شاگرد ہوئے۔ پھر اُنھین کے ارشاد سے مولوی محی الدین خان ذوق کو اپنا کلام دکھانے لگے۔ کلام اُردو و فارسی دونون زبانون مین اچھا ہوتا تھا۔ تاریخ گوئی بھی خوب کرتے تھے۔

نواب علی حسن خان سلیم صبح گلشن مین لکھتے ہین کہ :-

فلک - نامش شیخ فرید علی از مردم قصبہ مردم خیز کاکوری من اعمال شہر لکھنؤ است - دل و دماغش فلک ثوابت و سیار نظم فارسی و اردو - در ابتدا مشق سخن از ممتاز العلما مولوی سید الدین خان سعید می نمود آخر الامر با شارۂ استاد از تلمذ مولوی محی الدین خان ذوق فیضہا برد

بیعت ان کو حضرت شاہ کرامت علی قلندر سے تھی - یہ مدۃ العمر معلم گری کرتے رہے طرز تعلیم بہت خوب تھا اکثر لوگ انکے شاگردون مین اب بھی موجود ہین مرثیہ خوانی بھی کرتے تھے تحت اللفظ اور سوز پڑھتے - تقریبًا ۱۳۱۵ھ مین انتقال کر گئے - اور اپنے مکان واقعہ محلہ ہودہ تالاب (کاکوری) لب سڑک دفن ہوئے -

انکا اردو و فارسی کلام بہت کوشش سے ملگیا جو درج ذیل ہے - کلام فارسی ؎

جلوۂ معشوق آنے دیگر است	شوکت خوبان بہ شانے دیگر است
کے جبین سایم بدرہاے بتان	قبلۂ من آستانے دیگر است
دل بدین دنیاے فانی چون نہم	سیرگاہ من جہانے دیگر است
بر سر خاکی کہ نقش پاے تست	آن زمین را آسمانے دیگر است
اے فلک در خانۂ دلجان نواز	میہمانم مہربانے دیگر است

قیامت قامت موزون بر آمد	دو بالا حسن روز افزون بر آمد
بہار قدرت آمد سبزۂ خط	کہ گرد عارض گلگون بر آمد
صنوبر منفعل از پا در افتاد	سہی سرو م بگلشن چون بر آمد
بہ برگ یاسمن افتادہ شبنم	عرق یا از رخ گلگون بر آمد
قتیل خنجر ناز و ادا را	فلک چون لالہ دل پر خون بر آمد

سنگے کہ شرف یافت بنقش قدم پاک	گبرم چو نہ آن نقش کف پاے تو بوسم
در خانۂ چشیم چو شبے جلوہ گر آئی	گہ گرد سر گردم و گہ پاے تو بوسم

کلام اُردو

ذوق ابرو تجھے دم بھر جو نہین جاتا ہو — کیا دل خستہ تری موت ہے شمشیر کے ہاتھ
پاؤن ہم چھو نہین سکتے ہین خدا کی قدرت — برہمن دیکھتے ہین اُس بت بے پیر کے ہاتھ
محو ہون صانع قدرت کی قلمکاری پر — چوم لیتے ہین مصور ترے تصویر کے ہاتھ

زخمی ہون تیغ کا نہ تبر کا نہ تیر کا — چتون کی ایک چوٹ ہے دل پر لگی ہوئی
محو جمال ہون مجھے چھیڑو نہ ہمدمو — رہنے دو آنکھ یار سے دم بھر لگی ہوئی
سرگوشیان ہین کیا یہ جو دن رات کرتی ہے — کانون سے اُنکے زلف معنبر لگی ہوئی
نوک مژہ چبھی ہے رگ جان مین آن کر — کیونکر لہو نہ دے کہ ہے دلبر لگی ہوئی
تو جسکی ہے ازل سے برابر لگی ہوئی — بجھتی ہے دیکھین آگ وہ کیونکر لگی ہوئی

دیکھتے ہی نہین بیمار محبت کی طرف — تم یہ اچھا نہین کرتے ہو مسیحا ہوکر
تو جہ گلگشت کو جائیگا مرے بعد اے گل — روح پہونچیگی مری بلبل شیدا ہوکر
ایک وار اور لگا پھر خدا او قاتل — چین پاوے دل بسمل کہین ٹھنڈا ہوکر
دیکھ کر مجھکو وہ کہتے ہین کہ تم کون ہو جی — کیسے بنجاتے ہین انجان تنا سا ہوکر
دیکھئے خون ہو کس کس کا خدا خیر کرے — اُڑ چلا رنگ حنا لال بھبوکا ہوکر
نہ ہوئی بعد فنا بھی مری مٹی برباد — بک گیا ہاتھ حسینون کے کھلونا ہوکر

فضل امام

شیخ فضل امام ابن شیخ محمد عوض ابن مولوی محب الرحمن - ابن شیخ عبدالرحمن - ابن حافظ غلام محمد علوی مخدوم زادہ - انکے والد شیخ محمد عوض مرحوم بڑے صاحب دولت اور روزگار پیشہ تھے مختلف مقامات پر ملازمت کی اپنے ہمعصرون مین نہایت ممتاز اور باوجاہت شخص تھے جن کی تاریخ بنات ۱۱ ماہ ذی الحجہ ہے -

یہ یعنی شیخ فضل امام بھی بدستور سے موصوف بصفات حمیدہ تھے۔ اولاً میر نقی علی خان ابن میر زین العابدین خان چکلہ دار کی رفاقت مین رہے۔ اور وہان نہایت اچھی طرح سے بسر کی پھر انھین کے ساتھ شاہجہان آباد (دہلی) گئے وہان کئی سال رہنے کا اتفاق ہوا۔ حضرت شاہ غلام علی جانشین حضرت میرزا مظہر جانجانان رحمۃ اللہ کی صحبت میسر ہوئی۔ ایک مدت تک اُنکے حلقہ مین بیٹھے۔ اور طریقہ نقشبندیہ اخذ کیا۔ بعد ختم سلوک لطایف ستہ مجاز و مخلع بخرقۂ خلافت ہوے اُسی وقت سے ملازمت اور امرا کی صحبت ترک کر دی۔ اور اپنے پیر بیعت شاہ صدر عالم عرف کلو میان مخاطب بہ علم الہدے سے سلسلۂ چشتیہ کی اجازت معہ خرقہ خلافت حاصل کی۔ جبتک شاہجہان آباد (دہلی) مین رہے۔ وہان کے اور بزرگان موجودین مثل حضرت شاہ عبد العزیز محدث و شاہ صابر بخش۔ و میر فتح علی رحمۃ اللہ علیہم کی خدمت مین حاضر ہوتے رہے۔ اور بزرگان دہلی کے مزارات کی زیارتین کرتے رہے۔ بعد اُسکے وطن آکر نہایت وارستگی و بے تعلقی کے ساتھ زندگی بسر کی۔ اور سوا ذکر و شغل کے کسی چیز سے سروکار نہ رکھا۔

ان کو حضرت مخدوم قاری نظام الدین بھیکہ کے حال کی بہت جستجو تھی۔ ایک روز شدید بیماری کی حالت مین حضرت مخدوم نظام الدین قاری کو خواب مین دیکھا اور اُن سے پوچھا کہ مین علوی ہون یا نہین۔ اُنھون نے فرمایا کہ مین علوی ہون اور تم بھی ہو۔ اگر تمکو میرے حالات کی تلاش ہے۔ تو مرزا شمس الدین خان کو کا کے مکاتیب دیکھو معلوم ہو جائیگا۔ اُس روز سے اور زائد تلاش پیدا ہوئی۔ انکے زمانۂ قیام دہلی مین شاہ ولی اللہ ایک بزرگ تھے۔ وہ ان سے کہا کرتے تھے کہ تمھارے بزرگون کا حال میرے یہان بیاض مین لکھا ہے۔ جب انکو یاد آیا تو فوراً اُنکے مکان پر گئے۔ اور کتابین دیکھنا شروع کین۔ شاہ ولی اللہ کا انتقال ہو چکا تھا۔ کتابین کچھ تلف ہو گئی تھین۔ ایک کتاب مین چند مکاتیب اور حالات ملے اور مقدمہ کتاب زاد الآخرۃ بھی۔ انھون نے وہ سب یہان حضرت غوث ملت شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ کی خدمت مین بھیجدیے۔ جسکی مدد سے کتاب کشف المتواری تالیف ہوئی۔

انکے نانا حضرت شاہ صبغت اللہ قلندر قدس سرہ جو اپنے زمانہ کے مشائخ عظام سے تھے اُنھون نے بھی اپنا تبرکہ انکو دیا۔ جس پر اب تک انکی اولاد قابض و متصرف ہے۔ انکی قبر خاندانی قبرستان واقع تکیہ شریفیہ کاظمیہ مین ہے۔ زائد حالات نیز سنہ ولادت و وفات نہ دریافت ہو سکے

فقیہ الدین

مولوی حکیم حافظ فقیہہ الدین خان۔ آبن مفتی ریاض الدین۔ ابن مفتی علیم الدین خان۔ انھون نے تعلیم و تربیت اپنے خاندانی علماسے پائی۔ فارغ التحصیل اور قابل تھے۔ فن طب مین اچھی قابلیت رکھتے تھے۔ علم طب مین رسالہ چشمۂ حیات یادگار ہے۔ حضرت شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ سے انکو بیعت تھی ریاست بھوپال مین العہدۂ صدر الصدور مقرر تھے۔ وہان بہت نیکنام اور ہردلعزیز تھے۔ وہین۔ ماہ جمادی الآخر ۱۳۱۶ھ مطابق ۱۸۹۹ء مین انتقال کر گئے اور وہین دفن ہوئے

فیض اللہ

حضرت میر شاہ فیض اللہ قادری چشتی کاکوروی معروف بہ میران شاہ فیض اللہ۔ ابن میر شاہ اسد اللہ۔ انکے والد یعنے میر شاہ اسد اللہ شیخ عیلے (ابن شیخ غلام محی الدین۔ ابن شیخ عبدالکریم۔ ابن ملا چندن) کے ہمراہ کاکوری آئے اور محلہ ولی نگر مین سکونت پذیر ہوئے۔ انکے اجداد اصلی باشندے بغداد شریف کے تھے جہان سے بعہد جہانگیر بادشاہ ہندوستان مین آئے تھے۔

میر شاہ فیض اللہ نہایت صاحب کمال بزرگ تھے۔ ان سے سلسلۂ قادریہ کی اشاعت بھی ہوئی۔ اور اب بھی رُدولی شریف یہ سلسلہ جاری ہے۔ اس طور سے کہ انکے خلیفہ حضرت پیر ساون ردولوی ہوئے۔ اُنکے خلیفہ حضرت شاہ احمد زمان ردولوی ہوئے۔ اُنکے خلیفہ حضرت شاہ فقیر احمد ردولوی ہوئے انکے خلیفہ حضرت شاہ علی احمد ہوئے۔ اُنکے خلیفہ حضرت شاہ

درویش احمد ہوئے۔ اُنکے خلیفہ حضرت شاہ التفات احمد ہوئے۔ جن کے جانشین وخلیفہ شاہ حیات احمد موجود ہین۔

ملا وجیہہ الدین اشرف کتاب بحر زخار مین انکے متعلق لکھتے ہین کہ۔

"آن صاحب کمالات معنوی حضرت شیخ فیض اللہ کاکوروی مُرید شیخ محمد شریف نادلی دے مرید شاہ ابراہیم رامپوری دے مرید شیخ ابوسعید گنگوہی بود تا آخر سلسلہ میر سید الدین فرزند او گویند کہ از نژاد غوث الاعظم حضرت سید محی الدین عبد القادر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ خرقہ دست بدست از آبائے خود یافتہ فاتا سیر وسلوک از بزرگان چشتیہ صابریہ کہ بالا گذشتند با تمام رسانید۔ از کثرت علوم مرجع فقرا وطلبا بود ودر قبولیت رتبۂ رفیع داشت۔ جد تس غوث الاعظم در بغداد بفرزند وسجادہ نشین خود فرمودہ برائے فیض اللہ شال خلافت فرستیدچون شال بدو رسید مجلس فقرا آراستہ ہنگامۂ ساز وسرود برپا کرد وقتے در قصبۂ جلال آباد رفت ودر مسجد اقامت کرد۔ دو افغان از رئیسان آنجا مست بہ نشۂ شراب بخدمتش آمدند توجہے نمود کہ ہمان وقت آنہا توبہ نمودہ بقیہ عمر مرتکب آن امر شنیع نشدند۔"

وفات انکی ۱۱۶۳ھ مین ہوئی۔ مزار محلہ ولی نگر بیچ صحن دروازۂ احاطۂ باغ نواب اکرام اللہ خان مغفور مین واقع ہے۔ مزار کے سرہانے ایک بہت بڑا نیم کا درخت ہے۔

انکی اولاد محلہ سید واڑہ متصل ولی نگر۔ اور محلہ شاہی گڈھی مین آباد ہے۔ میر طالب الحق وحکیم ناظم علی انکی اولاد واحفاد سے ہین۔ اور زائد حالات مع سنہ ولادت وغیرہ نہ دریافت ہوسکے۔

فیض بخش

منشی فیض بخش متخلص بہ فیض۔ ابن منشی غلام سرور۔ ابن ملک محمد کبیر ملک زادہ۔ ولادت انکی ۱۱۶۸ھ مین ہوئی۔ کتب درسیہ عربی وفارسی اپنے چچا شیخ غلام مرتضے۔ ومنشی لچھمی نرائن۔ وملا حمید الدین۔ وقاضی القضاۃ مولوی نجم الدین علی خان بہادر۔ ومولوی محمد واجد خیر آبادی۔ ومولوی محمد قایم الہ آبادی

دمولوی محمد اسلم پنجابی سے پڑھین اور فارغ التحصیل ہوے۔ بہت ہی قابل اور ذہین اور اعلی درجہ کے شاعر و نثار تھے۔ شیخ غلام مرتضے کے فیض صحبت سے بہت کچھ حاصل کیا۔ اور انھین کے ساتھ زائد رہے۔ خط بھی نہایت پاکیزہ تھا۔ اپنے ہمسنون مین خوش نویسی مین ممتاز تھے۔ سیکڑون کتابین نقل کر ڈالین۔ شعر و سخن کا ذوق اُسوقت سے ہوا کہ جب ملا حمید الدین مغفور سے مثنوی غنیمت پڑھنا شروع کی۔

ان سے اور شیخ غلام حسن صدیقی سے باہم مشاعرہ ہوتے تھے۔ چنانچہ خود لکھتے ہین کہ ایک روز شیخ غلام حسن نے نعت مین شعر کہا ؎

زگفت نعت او گشتہ زبانم — چو موج آب کوثر در دہانم

انھون نے اُسکے جواب مین لکھا ؎

چو وصف او نیامد از زبانم — ازین خجلت نہان شد در دہانم

یہ اُس زمانہ مین نظم مین برابر خط و کتابت کرتے تھے۔ بخشی ابو البرکات خان بہادر کو انھون نے ایک خط لکھا تھا جو درج ذیل ہے ؎

زہے ذات نواب والا جناب — کہ اوج سخا را بود آفتاب
نوالش براحوال ہر خاص و عام — چو در بحر و برّا ست رشح غمام
بود دست جودش جو ابر بہار — کہ فیضش رسد بر گل وہم بہ خار
درین عصر ذاتش ستون سخا است — بہ افتادگان وقت عسرت عصا است
چو آئینہ دارد کشادہ جبین — پُر از سیم چون کہکشان آستین
فروماندگان را بود دستگیر — ازو بہرہ میداشت برنا و پیر
کفش ہمچو بحر و اصابع چو نہر — ازو گشتہ سرسبز بسیار شہر
زجودش سحاب است اندر خروش — گدا یست در حضرتش خرقہ پوش
زجودش بوقت تلاطم طپان — گہرہا بہ دریا جواہر بہ کان

ببخشد ہمہ چیز زر دست زن کہ تفسیر آیات جود است این
کرم گشتہ مضمون دستش بہ بزم ظفر گشتہ مضمون تیغش بہ رزم
چہ شد نسبتش با علی استوار دہد تیغ او یاد از ذوالفقار
اگر گشتے اسفندیارش دوچار تنش را دو کردے وپس زان دوچار
اگر بودے رستم بسان حباب ز ہیبت سپر میفگندے بہ آب
گر آید بمیدان بہ پیشش عدو ز آنجا رود خائف و زرد رو
شود در تن دشمن از بیم جان ز رعبش چو شمع آب ہر استخوان
چو آید بہ میدان گہ کارزار شود دشمن از ہیبتش بیقرار
بر آید اگر تیغ او از غلاف ز بیمش گریزد عدو تا بقاف
چہ پاکیزہ عیشش چہ خوش زندگی است کہ روز و شبش صرف در بندگی است
کند استخارہ ز پروردگار کہ خواندہ است ما خاب من استخار
بر این دستگاہے کہ دادش خدا ندارد نظر جز بسوے پشت پا
برون ست مدحش ز حد رقم فلا نکتب وصفہ بالقلم
الہی بآن خان عالی جناب کہ ذاتش بود مرجع شیخ و شاب
بدہ عمر و دولت فزون از حساب کہ و مہ شود تا ازو کامیاب
رجا دارم از رحمت کردگار کہ او را ہمیشہ بود بخت یار
ازین ہم فراوان شود حشم و جاہ علی کل شیء قدیر الہ
ز وقتیکہ این راسخ و ستمند شنیدہ است آوازۂ پر بلند
کہ دستور اعظم بہ فضل و کرم بہ آن صاحب سیف و صاحب قلم
اجازت باجماع اہل جوار بفرمود و ہم کرد مختار کار
ببالید از بسکہ بر خویشتن ز شادی نگنجید در پیرہن

چو باز آمدہ آب رفتہ بہ جو | چنان ست اندر دلم آرزو
که از گوشهٔ خاطر فیض بار | فرامش نباشند خویش وتبار
الٰهی ترا جاه افزون شود | دعایم به اقبال مقرون شود

یہ فیض آباد مین بہو بیگم یعنے والدۂ نواب آصف الدولہ بہادر کی سرکار مین بعہدۂ میرمنشی ملازم رہے - انکے تصانیف سے (۱) مثنوی باغ وبہار ہے - جو حضرت مولانا شاہ محمد کاظم قلندر کے حال مین لکھی - اور اُسکا اکثر حصہ اصول المقصود مین چھپ چکا پورا نسخہ بھی موجود ہے - حضرت صاحب موصوف سے ان سے بہت اتحاد تھا جو ناظرین اصول المقصود ومفاوضات پر مخفی نہین (۲) نسب نامہ کاکوری موسومہ بہ چشمۂ فیض (۳) تاریخ فرح بخش (۴) رقعات منشی کچھمی نراین بیش بہا یادگار ہین - یہ صاحب تصانیف کثیرہ تھے - کتاب چشمۂ فیض مین خود لکھتے ہین - کہ مین نے پچاس سال کی عمر تک ایک سو کتاب تصنیف کی - افسوس کہ اور سب تصانیف دست برد زمانہ سے تلف ہو گئین - تاریخ فرح بخش ایک مبسوط تاریخ متضمن حالات سلاطین دہلی ونوابان اودھ باقی ہے - جسکا ترجمہ انگریزی مین مسٹر ولیم ہوئی صاحب سی - ایس نے - کرانیکلس آف دہلی اینڈ فیض آباد کے نام سے شایع کیا ہے - مزید حالات سنہ وتاریخ وفات باوجود سعی وکوشش نہ دریافت ہو سکے - قبر انکی فیض آباد مین ہے -

(ق)

قادر بخش

مولوی قادر بخش - ابن حضرت شاہ میر محمد قلندر قدس سرہ - ولادت انکی ۱۲۰۷ھ مین ہوئی۔ انھون نے کتب درسیہ حضرت مولانا شاہ حمایت علی قلندر قدس سرہ سے پڑھین - بڑے عالم و فاضل ذی استعداد تھے - مدۃ العمر اٹاوہ و مین پوری مین بسلسلۂ ملازمت رہے - اور عہدۂ منصفی تک ترقی کی - اپنے فرائض کی انجام دہی مین بہت سرگرم رہتے - اٹاوہ مین رہنے کا زائد اتفاق ہوا -

منقول ہے کہ اٹاوہ مین شاہ محمد یسین نامی ایک بزرگ تھے - جنکے پاس موی شریف حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم تھا - اور وہ اسکو بہت ادب اور احتیاط کے ساتھ رکھتے تھے - شاہ صاحب کو حضرت عارف باللہ شاہ محمد کاظم قلندر قدس سرہ کی خدمت مین بہت خلوص اور اعتقاد تھا اور فیضیاب بھی تھے - وقت وفات انھون نے یہ وصیت کی کہ یہ موے شریف میرے بعد کاکوری مین حضرت شاہ محمد کاظم قلندر کے یہان بھیجدیا جائے - چنانچہ انکی وفات کے بعد یہ بیش بہا تبرک انھین کے ذریعہ سے یہان پہونچا جو موجود ہے - ہر سال ۱۲ ماہ ربیع الاول کو مسجد تکیہ شریفہ مین اسکی زیارت ہوتی ہے -

علاوہ اسکے وہین اٹاوہ یا مین پوری مین ایک اور موے شریف انکو بذات خاص بھی حاصل ہوا تھا - جسکو انھون نے اپنے مکان مسکونہ مین رکھا - اور وہ انکی وفات کے بعد انکے نواسون مولوی عظمت علی و مولوی حشمت علی و مفتی اکرام اللہ کو ملا جسکی زیارت ہر سال ۱۱ ماہ ربیع الاول انکے مکان واقع محلہ تیجیاتلہ (کاکوری) مین زنانخانہ مین ہوتی ہے - انھون نے بمقام مین پوری بتاریخ ۲۰ ماہ ربیع الآخر ۱۲۶۸ھ بعمر ۶۱ سال انتقال کیا - اور وہین دفن ہوئے -

قیام الدین

حضرت مخدوم شیخ قیام الدین ۔ آپ حضرت مخدوم قاضی بندگی محمد مُنّ اللہ چشتی صدیقی ۔ یہ جب پیدا ہوے تو انکے سر مین بالکل بال نہ تھے ۔ اسی سبب سے عوام انکو منڈیہ کہتے تھے ۔ رفتہ رفتہ انکی اولاد بھی اسی نام سے مشہور ہوئی ۔ اور اہل برادری اسی طرح کہنے لگے ۔ شیخ کرامت اللہ (کہ جو انکی اولاد مین تھے) کے زمانہ تک یہی لقب جاری رہا ۔ محلہ بھی محلہ منڈیہ کے نام سے مشہور تھا ۔ اُسکے بعد سے متروک ہوگیا ۔ اب یہ محلہ مخدوم شیخ قیام الدین کے نام سے مشہور ہے ۔

مخدوم صاحب بزرگان عہد اکبری مین تھے اور صاحب ورع و تقوے وصلاح وعرفان تھے مکان مسکونہ کے متصل اپنی خانقاہ مین ہمیشہ عبادت معبود حقیقی مین مشغول رہتے اور اپنی بنائی ہوئی مسجد مین جو ساگر تالاب کے کنارہ ہے اعتکاف کرتے ۔ انکے منجھلے بھائی مخدوم شیخ محمود بھی اسی محلہ مین رہتے ۔ اور اسی خانقاہ اور مسجد مین عبادات مین مشغول رہتے ۔ انکے بڑے بھائی مخدوم شیخ سعدی (جنکا حال لکھا جاچکا) دوسرے محلہ مین رہتے ۔ جہان اُنکی درگاہ ہے ۔ وہ محلہ شیخ سعدی محلہ کے نام سے مشہور ہے ۔

منقول ہے کہ شہنشاہ اکبر ان حضرات کی زیارت کیلئے کاکوری آئے ۔ قصبہ کے اطراف کے باغات مین اُنکا لشکر ٹھہرا تھا ۔ سوار گھوڑون کو پانی پلانے ساگر تالاب مین لیگئے ۔ تالاب کا پانی بہت کھاری تھا اُن لوگون نے بادشاہ سے فریاد کی ۔ وہان سے حکم ہوا کہ شکر کے بورے تالاب مین چھوڑ دیئے جائین تاکہ پانی میٹھا ہو جائے تعمیل حکم کی گئی پانی میٹھا ہوگیا ۔ چنانچہ ایک گڈھا جو مسجد کے ٹیلہ کے نیچے ہے شکر نالی کے نام سے مشہور ہے ۔ شہنشاہ اکبر کا ایک خط بھی مخدوم صاحب کے نام کا ملگیا جو درج ذیل ہے ۔ اس خط سے صرف اشتیاق ملاقات ظاہر ہوتا ہے ۔ قرینہ سے معلوم ہوتا ہے کہ مخدوم صاحب بوجہ معذوری بادشاہ تک نہ پہونچ سکے ۔ اسلئے بادشاہ نے خود تکلیف سفر کاکوری اُٹھائی ۔ اور زیارت ان حضرات کی کی ۔

نقل خط شہنشاہ اکبر بنام مخدوم شیخ قیام الدین رحمۃ اللہ علیہ

اللہ اکبر

"مشیخت مآبی۔ تقوے و ورع ایابی۔ نتیجۃ الاکابر والاعالی میان شیخ قیام الدین را بعد تبلیغ سلام خیر انجام آنکہ عمدۃ الخواص اسماعیل کہ درین ایام بطلب ایہ سرکار لکھنو رفتہ بود بملازمت شریف رسیدہ شمہ از نیکوی ہاے ذات و روش و سلوک ایشان را اظہار نمودہ بنا بر آن اشتیاق صحبت شریف بسیار است طریقہ وداد آنست کہ اگر در آمدن تشویش نکشند ایہ آن محال را ہمراہ گرفتہ تشریف ورند واگر بجہت ضعف آمدن ایشان باعث محنت باشد یکے از برادران قرار دہند کہ متولیان وایلداران پرگنہ را ہمراہ گرفتہ بیایند والباقی عند التلاقی"۔

انکا خرقہ وکلاہ اب تک انکی اولاد مین ڈپٹی احسن صاحب کے پاس موجود ہی اجازت وخلافت وتعلیم وتربیت انکو غالباً اپنے والد ماجد سے ہوگی۔ ۲۹ محرم کو انکا فاتحہ ہوتا ہے۔ مزار شریف احاطۂ مسجد کے اندر واقع ہے۔ اور زائد حالات نہین معلوم ہوسکے۔

(ک)

کاظم علی

منشی کاظم علی ۔ ابن منشی یوسف علی ۔ ابن شیخ شرافت علی ۔ ابن منشی غلام مرتضےٰ ۔ مصنّف جواہر الانشا ۔ ولادت انکی سنہ ۱۲۴۴ھ مین ہوئی ۔ انھون نے تعلیم و تربیت اپنے والد ماجد ۔ و مولوی تراب علی لکھنوی ۔ و مولوی فقیہ اللہ سندیلوی ۔ و مولوی سید ولی اللہ سندیلوی ۔ و مفتی محمد علی اسلام آبادی سے پائی ۔ بہت قابل اور انشا پرداز تھے ۔ انکے مصنفات سے ایک میلاد شریف معروف بہ میلاد سرور انبیا اور ایک منظوم ساقی نامہ ہے ۔ جو چھپکر شایع ہو چکا ہے ۔

مولوی حافظ شوکت علی سندیلی رسالۂ ثمرات الانظار فیما مضے من الآثار مین لکھتے ہین کہ ۔

"مجھسے اور منشی کاظم علی سے سنہ ۱۲۴۹ھ سے سنہ ۱۳۰۵ھ تک مسلسل یکجائی رہی ۔ میرے یہان نوکر بھی رہے بہت وارستہ مزاج اور لاابالی تھے ۔ مگر شعر و سخن و نثاری مین ممتاز سمجھے جاتے تھے ۔ اگر کوئی شخص اُنھین مجبور کرتا تو فوراً لکھدیتے ۔ اور لکھکر اُسی کو دیدیتے"

انکے شاگرد بھی بہت سے لوگ تھے چند کے نام درج کئے جاتے ہین (۱) چودھری عظمت علی (۲) منشی منصب علی متخلص بہ بھنور (۳) منشی نیاز حسن (۴) منشی عالم علی شوخی (۵) راجہ درگا پرشاد متخلص بہ مہر مصنف بوستان اودھ وغیرہم ۔

بیعت ان کو حضرت شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ سے تھی ۔ انھون نے ماہ ربیع الاول سنہ ۱۲۰۵ھ مین انتقال کیا ۔ اور سندیلہ کے باغ مقابر مین دفن ہوے ۔ قطعۂ تاریخ انتقال از نواب تفضل حسن خان شیدا کاکوروی ؎

رفت از سطح زمین آن شیخ تا دور فلک ۔۔۔ صاحب علم و حیا ، و بود مرد متقی
جست شیدا سال فوتش چون زدے آہ آہ ۔۔۔ گفت ہاتف داد جان کاظم علی سندیلوی

سنہ ۱۳۰۵ھ

کرامت اللہ خان

قاضی کرامت اللہ خان عباسی چکلہ دار کاسگنج - ابن شیخ محمد امین - ابن شیخ عبد الغنی - ابن قاضی غلام محمد - ابن قاضی مسعود - ابن قاضی حسین - ابن قاضی عبد الغفور - ابن قاضی بایزید - ابن قاضی شیخ کوچک - ابن قاضی بہاری عباسی -

یہ نہایت وجیہ فیاض صاحب جود و سخا تھے - ابتدا مین کتب متداولہ عربیہ پڑھکر فارغ التحصیل ہوے - بہت صاحب نصیب اور اقبال مند شخص تھے -

یہ اولاً معز الدین خان کے ساتھ گورکھپور مین رہے - اور وہین فوجدار بھی ہو گئے - بعدہ کچھ دنون گسائین ہمت بہادر کے ہمراہ رہے - پھر اخوند احمد علی کسمندوی کے نائب ہوے کچھ دنون وہان رہکر وطن آئے - یہان سے پھر عظیم الدین خان کے ہمراہ حکیم زین العابدین خان کے یہان گئے وہان سے پھر الماس علی خان کے یہان آئے - اور کوڑیا کاسگنج (ضلع ایٹہ) کے چکلہ دار ہوے ایٹہ و مارہرہ وغیرہ پورے پانچ پرگنون کی چکلہ داری تھی - اٹھارہ سال وہین رہے - اور بہت صاحب ثروت و جاہ و حشمت ہوئے - بیواؤن مساکین اور یتیمون کو تنخواہین دیتے اور بہت خبرگیری رکھتے تھے - بڑے نامی گرامی چکلہ دار ہوئے - ارباب وطن و جوار سے بہت مسلوک ہوتے نہایت شجاع عالی حوصلہ صاحب ہمت تھے -

بیعت انکو حضرت شاہ شاکر اللہ سندیلوی سے تھی - عوام انکو بہت بزرگ سمجھتے تھے - کوڑیا گنج ہی مین بحالت ثروت و اقتدار پچاس سال کی عمر مین بعارضہ درد شکم انتقال کیا - اولا نعش وہین سپرد زمین ہوئی - چنانچہ قبر اب تک ہے - لوگ منت مانتے اور چڑھاوا چڑھاتے ہین عرس بھی وہان ہوتا تھا - پھر نعش کاکوری آئی - اور یہین بیرون آبادی جانب شمال اراضی بڑے باغ مین دفن کیگئی - مقبرہ بنا ہوا ہے - قبر سنگی ہے - مسہری سنگی خوشنما اُسپر نصب ہے اور اُسپر آیۃ الکرسی عمدہ خط مین کندہ ہے یہان بھی پہلے عرس ہوتا تھا اب صرف فاتحہ ہو جاتا ہے -

انھون نے یہان ایک بڑا احاطہ آباد کیا تھا - جو اب بھی انکے نام سے مشہور ہے - اس احاطہ مین مسجد بھی انھین کی بنوائی ہوئی موجود ہے - علاوہ اسکے تمام قصبہ مین چار بہت بڑے کنوین بغرض رفاہ عام انھین کے بنوائے ہوسے ابتک یادگار ہین -

کرامت علی

حضرت شاہ کرامت علی قلندر - ابن شیخ محمد غنی ابن شیخ غلام حسن ابن شیخ محمد مسیح ابن ملا بدیع الزمان - ابن ملا محمد رضا - ابن ملا محمد اشرف - ابن ملا عبد القادر - ابن حافظ شہاب الدین ابن حضرت مخدوم نظام الدین بھیکہ ؒ -

انھون نے علوم متعارفہ حضرت مولانا شاہ حمایت علی قلندر سے پڑھے - بچپن سے طبیعت فقر و درویشی کی جانب مایل تھی - انکے والد ماجد اکثر انکی نسبت کہا کرتے کہ یہ لڑکا فقیر ہوگا - اسی وجہ سے اُنسے تلاش معاش کی نسبت کبھی کچھ نہین کہا - اتفاق سے بیوی بھی بہت مستغنی المزاج ملین - حضرت شاہ محمد کاظم قلندر نے انکو پانچ اولادون کی بشارت دی تھی - چنانچہ پانچ اولادون کے بعد جب چھٹی ولادت ہونیکو تھی اُنکا انتقال ہوگیا - اسوقت سے شاہ صاحب نے بحالت تجرد یاد حق و صحبت احباب و نفع رسانی خلق مین گذاری - اپنے والد کی جگہ پر انکا تقرر ہوگیا تھا - جب نواب سعادت علی خان تخت حکومت پر بیٹھے - تب یہ موقوف ہوگئی - پھر غازیپور زمانیہ مین چھ مہینہ تحصیلدار رہے لیکن گردش ایام نے چین نہ لینے دیا - جن لوگون کی وجہ سے تقرر ہوا تھا - جب وہ لوگ علحدہ ہوسے تو یہ بھی اُسی لپیٹ مین موقوف ہوگئے - پھر اُسوقت سے خانہ نشین ہوگئے -

بیعت انکو حضرت شاہ صبغت اللہ قلندر کاکوروی سے تھی - اور تعلیم و تربیت و اجازت خلافت حضرت شاہ میر محمد قلندر برادر خورد حضرت شاہ محمد کاظم قلندر و خلیفہ حضرت شاہ صبغت اللہ قلندر سے تھی ابتدا ہی سے دل مین عشق الٰہی کا دریا موج زن تھا - مکروہات نظر مین ہیچ معلوم ہوسے - قطع علائق کرکے گوشہ قناعت اختیار کیا پیرومرشد کا وصال ہوچکا تھا - اُنکے مزار مبارک پر جاروب کشی شروع

کی ۔ اور حضرت شاہ میر محمد قلندر کے حضور مین حاضر ہوتے رہے ۔ اُنھون نے لباس فقر عطا فرمایا جب سے انھون نے پیر و مرشد کے آستانہ پر مستقل سکونت اختیار کر لی ۔ شب و روز دروازہ بند کر کے یاد الٰہی مین مشغول رہتے ۔ مجاہدہ نفس مین کیا تھے ۔ ہمیشہ روزہ رکھتے ۔ جمعہ کے روز البتہ بہ پاس وضع اعزہ کے یہان جاتے ۔ یا کوئی بیمار ہوتا تو عیادت کرتے ۔ ہر عزیز و بیگانہ سے بہ شفقت پیش آتے ۔ سیری و گرسنگی تکلیف و راحت سب مین ایک حال پر رہتے ۔ مسکنت اور غربت اور خاکساری مزاج مین بہت تھی ۔ بچون سے بچون کی ایسی باتین کرتے ۔ افہام و تفہیم نہایت شفقت اور ملایمت سے کرتے ۔ انکے کرامات بھی بہت مشہور ہین آخر عمر مین حالت جذب مین ترقی ہو گئی تھی ۔ ان اوقات مین جو بات زبان سے نکلتی وہ ضرور پوری ہوتی ۔

منقول ہے کہ ایک روز بحالت جذب کہنے لگے کہ میرے جنازہ کے ساتھ باجہ ضرور بجے اور جنازہ کی نماز مولوی حیدر علیصاحب پڑھاوین ۔ چنانچہ جب انکی وفات ہوئی تو یہ واقعہ پیش آیا کہ اُسی روز اتفاق سے حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر کو تپ لرزہ شدت سے آگیا ۔ حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر بھی بقید حیات تھے ۔ سو وہ بھی کسی وجہ سے تشریف نہ لیجا سکے ۔ بالآخر حضرت مولانا شاہ حیدر علی قلندر تشریف لیگئے ۔ اور نماز جنازہ پڑھائی ۔ اور باجہ کا قصہ اسطرح ہوا کہ مریدین و معتقدین راسخ الاعتقاد نے اسکو وصیت سمجھ کر تعمیل کرنا چاہی علما سنے روکا ۔ آخر یہ صلاح ٹھہری کہ اسکو ملتوی رکھنا چاہیے جب جنازہ لیکر گھر سے نکلے ۔ تھوڑے فاصلہ کے بعد ایک بارات معہ باجہ وغیرہ کے نکلی جو ملیح آباد کی طرف جا رہی تھی ۔ باراتیون نے باجہ بند کرنا چاہا ۔ مگر مریدین نے کہا کوئی حرج نہین اسیطرح بجاتے چلے چلو ۔ چنانچہ آگے آگے بارات اور پیچھے پیچھے نعش لے چلے ۔ اُسکا ساتھ قبرستان تک رہا ۔ یہان کے عمایدین اور اطراف کے اکثر لوگ انکے مرید تھے ۔

وفات انکی بتاریخ ۴ ماہ جمادی الآخر ۱۲۶۶ھ ہوئی ۔ وفات کے بعد شاہ منصب علیصاحب انکے مرید و خلیفہ انکے جانشین ہوئے ۔ جنکے خلیفہ شاہ نظام الدین عرف نجف شاہ کاکوروی ثم الکھنوی تھے ۔ مولوی محمد محسن مغفور کاکوروی جو انکے مخلص قریب تھے انھون نے انکا روضہ بنوایا ۔

ایک زمانہ تک عرس بھی نہایت دھوم دھام سے تین دن کا ہوتا رہا۔ روضہ انکا شیخ سعدی محلہ مین درگاہ شاہ کرامت علیصاحب کے نام سے مشہور ہی۔ قطعہ تاریخ وفات از مولوی محمد محسن محسن کاکوروی سے

آن کرامت علی شہ عرفان — رخت ہستی کشید زین منزل

قدسیان از فلک ندا دادند — جان بحق گشت مرشد کامل

۱۲۶۴ھ

کرم اللہ

شیخ کرم اللہ حسان ابن نواب منتظم الملک خان وترخان شیخ جار اللہ علوی ہفت ہزاری صوبہ دار خیر آباد وغیرہ یہ بڑے عالی ہمت نیک نیت فیاض طبیعت تھے۔ متانت اور لیاقت و دیگر اخلاق کریمہ سے اعلیٰ درجہ پر موصوف تھے۔ بہت دنون تک دہلی مین فکر معاش مین کوشش کرتے رہے۔ محمد شاہ بادشاہ کے عہد مین خواجہ خدمتگار خان خواجہ سرائے شاہی و ناظر سرکار کے یہان سے میرٹھ وریواڑی محالات صرف خاص کے فوجدار ہوگئے۔ وہان بہت سے کارنمایان کئے۔ علے الخصوص رفاہ وفلاح رعایا و برایا کیجانب خاص توجہ کی۔ اعزا و اقربا کے ساتھ بھی بہت سلوک کرتے تھے۔ جو شخص جسوقت جو کچھ مانگتا فوراً دیدیتے۔

منقول ہے کہ شیخ محمد فصیح نے جو انکے اعزہ مین سے تھے۔ ایک مرتبہ بر سبیل تذکرہ کہا کہ مین نے ہزار روپیہ نقد یکجا نہین دیکھے۔ انھون نے منگا کر انکو دے کر لو اور گنو پھر گننے کے بعد وہ سب انکو دیدیئے۔

انھون نے عین شباب مین بمقام میرٹھ انتقال کیا۔ رفقا وغیرہ نے نعش کاکوری بھیجی اور یہین بے نوا شاہ کے تکیہ مین اپنے والد شیخ جار اللہ کے پہلو مین دفن ہوئے۔ سنہ و تاریخ انتقال دریافت نہین ہوسکا۔

(ل)

لطافت علی

شیخ لطافت علی ۔ ابن حضرت شاہ کرامت علی قلندر قدس سرہ ۔ یہ نہایت قابل خوشرو وخوش خلق
زیبا شمائل نیک خصائل تھے نثر مین منشی بے بدل نظم مین شاعر بے مثل تھے ۔ کلام بہت عمدہ ہوتا تھا
سی کے ساتھ خوش گلو بھی تھے ۔ حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ کے معاصر اور اُنکے ہم صحبت
بھی تھے ۔ مدت تک اپنے چچا شیخ شہامت علیصاحب کیساتھ سہارنپور مین رہے ۔ وہین تھانیدار
ہو گئے تھے ۔ بعد اُسکے کچھ دنون پانی پت اور دہلی کے اطراف مین رہے ۔ اور بہت ہی نیکنام ونجات
رہے ۔ بالآخر بمقام وہی سہر ذیقعدہ ۱۲۵۲ھ انتقال کیا ۔ مادۂ تاریخ ادخل الجنۃ بلاحساب ہے ۔
ایسے ہونہار اور لائق اولاد کی خبر انتقال سنکر اُنکے والد نے اسقدر صبر وضبط سے کام لیا کہ نہ کوئی آنسو
آنکھ سے گرا اور نہ آہ منہ سے نکلی ۔ لوگون نے اصرار کیا کہ آپ تشریف لیجا کر بہو کی دلجوئی فرمائین جواب
دیا کہ سمجھانا کیا ہے جسکی امانت تھی اُسنے لیلی ۔ بہت عرض ومعروض پر اندر تشریف لیگئے ۔ بہو سے
یہی فرمایا کہ خدا تجھکو کبھی حاجتمند اور پریشان نرکھیگا ۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا ۔

(م)

مجیدالدین خان

مولوی مجیدالدین خان بہادر۔ ابن مولوی حفیظ الدین خان ۔ ابن مولوی قاضی امام الدین خان ابن ملا حمیدالدین محدث ۔ یہ فارغ التحصیل ذی علم صاحب استعداد تھے ۔ آخری کتابین مولوی سید احمد علی کابلی سے ختم کی تھین ۔ حضرت مولانا حاجی امین الدین محدث سے بیعت تھی ۔ تقدس اور تقوے اور علمی قابلیت کی وجہ سے یہ اجمیر شریف مین صدر اعلیٰ یعنے سول جج مقرر ہوے ۔ وقف درگاہ شریف کا انتظام انھین سے متعلق تھا ۔ وہین تاریخ ۲۷ ماہ جمادی الاول ۱۲۷۰ھ انتقال کیا ۔ اور احاطۂ درگاہ مین بمقام بارہ کھمبہ دفن ہوئے ۔ تاریخ وفات یہ ہے ؎

شور ز اہل عزا چنان برخاست	کہ کجا شد جناب صدر امین
ہاتف غیب گفت تاریخش	دخل الجنۃ مجید الدین

۱۲۷۰ھ

محب الرحمن

مولوی محب الرحمن ۔ ابن شیخ عبدالرحمن ۔ ابن حافظ غلام محمد ۔ ابن شیخ سیف الدین ۔ ابن ملا ضیاء اللہ ۔ ابن حضرت ملا عبدالکریم قدس سرہ ۔ یہ کتب درسیہ ملا محمد زمان کاکوروی سے پڑھکر یکتائے روزگار ہوئے ۔ عالم جید و فاضل متبحر و مدرس تھے ۔ حافظ عبدالعزیز کاکوروی ۔ و ملا حمیدالدین کاکوروی اساتذۂ حضرت شاہ محمد کاظم قلندر قدس سرہ بھی ان سے شرف تلمذ رکھتے تھے ۔ ان دونون حضرات سے مروی ہے کہ ایکبار یہ معہ اپنے بڑے بھائی حافظ خلیل الرحمن صاحب شاہجہانپور مین مقیم تھے اسی زمانہ مین ایک بزرگ سید عبداللہ بغدادی (جو حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کی اولاد سے تھے وہان وارد ہوئے ۔ اور ان دونون صاحبون سے ملاقات کی اور وضع و قطع دیکھکے بہت مسرور ہوئے ۔ اور بہت دعائین دین ۔ اور فرمایا کہ جب مین ہندوستان پہونچا ۔ تو اکثر لوگون کی زبانی

سُننے مین آیا کہ قاری نظام الدین علیہ الرحمۃ کے خاندان سے سلسلۂ درس و تدریس و حفظ کلام اللہ وارشاد باطن یک قلم موقوف ہوگیا۔ اسکے سننے سے مجھے بہت رنج ہوا تھا۔ الحمد للہ کہ اب اُس سے زائد محظوظ و مسرور ہوا۔ اللہ تعالےٰ اس خاندان کو قیامت تک نور باطن سے منور رکھے۔

منقول ہے کہ محمد خان نبیرہ نواب فیض اللہ خان شاہجہانپوری کہتے تھے کہ میرے جد نواب فیض اللہ خان مولوی صاحب موصوف کے شاگرد رشید تھے۔ اسی سبب سے وہ اکثر شاہجہانپور حسب خواہش اُنکے تشریف لیجاتے تھے۔ ایک مرتبہ یہ نواب صاحب کے زائد اصرار والتجائے انھین کے ہمراہ دہلی تشریف لے گئے۔ وہان محمد شاہ بادشاہ سے ملاقات ہوئی۔ اُسی زمانہ مین بادشاہ کے چھوٹے بھائی اچھے صاحب رفض کیجانب مایل ہوگئے تھے۔ اور روز بروز اسمین غلو بڑھتا جاتا تھا جسکی وجہ بادشاہ نہایت متفکر و مغموم رہتے۔ مولوی صاحب اُنکی تعلیم کے لئے تجویز ہوے۔ چند روز انھون نے تعلیم دی تھی۔ کہ اُسکی برکت سے شاہزادہ کی اصلاح ہوگئی۔ اور عقیدہ نہایت درست و راسخ ہوگیا۔ بوے رفض بھی باقی نہین رہی۔ پابند جمعہ و جماعت ہوگئے۔ بادشاہ بہت خوش ہوے۔ اور انکی معقول خدمت کی۔ پھر یہ شاہجہانپور واپس آئے اور وہان سے وطن آکر مستقل سلسلۂ درس و تدریس شروع کردیا۔ بہت سے لوگ انکے شاگرد ہوے اور بہت ہی قابل ہوئے۔ ان سے اور ملا خوب اللہ کاکوروی سے بہت اتحاد و مراسم تھے۔ جیسا کہ اُنکے مکاتیب سے ظاہر ہوتا ہے۔

منقول ہے کہ ابتدا مین ایک جن آدمی کی شکل مین آکر ان سے پڑھتا تھا۔ جب اُسکا حال کھلا تو انھون نے اُسکے پڑھانے سے انکار کردیا۔ اُسوقت سے وہ مخالف ہوگیا۔ اور برابر ایذا پہونچایا کرتا۔ بچپن سے انکو بواسیر کا عارضہ تھا۔ اکثر اس مین مبتلا رہتے۔ دورہ اُسکے سخت ہوتے تھے چنانچہ اسی عارضہ مین انکا انتقال ہوا۔ مزید حالات دریافت نہین ہوسکے۔

محمد احسن

مولوی محمد احسن متخلص بہ احسن۔ ابن مولوی حسن بخش۔ ابن مولوی حسین بخش۔ ابن حضرت شاہ

میر محمد قلندر عرف میرن میان - ولادت انکی ۱۲۴۹ھ مین ہوئی ریشنلو احمد تاریخی نام تھا - تعلیم و تربیت اپنے والد ماجد اور جد امجد سے پائی - حضرت شاہ کرامت علی قلندر قدس سرہ کے مُرید تھے -

شاعری کی طرف فطری میلان تھا - احسن تخلص کرتے تھے - کلام نظم اپنے بڑے بھائی مولوی محمد محسن مغفور کو دکھاتے - اور اُنھین سے اصلاح لیتے - متعدد غزلین اور خمسے موجود ہین - زبان شستہ اور پاکیزہ تھی - چند اشعار بطور نمونہ بغرض تفریح طبع ناظرین درج ذیل ہین ؎

دل مایل فغان نہوا تھا سو ہوگیا | مین عاشق تبان نہوا تھا سو ہوگیا
کیا کہئے آج خود بخود آنسو نکل پڑے | راز نہان عیان نہوا تھا سو ہوگیا
کیا جانئے رقیبون نے کیا کیا پڑھا دیا | وہ شوخ بدگمان نہوا تھا سو ہوگیا
احسن بلائے جان ہوا قاتل کا انتظار | رونا مجھے گران نہوا تھا سو ہوگیا

جاتی رہی رسم دل لگی کی | روسے وہ جو بات کی ہنسی کی
کیا آپ جفائین کر رہے ہین | کیا جرم کیا جو عاشقی کی

رنج و غم درد و الم جور و جفا ظلم و ستم | دل لگانے کا مزا ہم نے اُٹھایا کیا کیا
یہ بھی تقدیر کا لکھا کہ نہین خط لکھتے | نہین معلوم رقیبون نے پڑھایا کیا کیا

خال ابرو نے مار ڈالا | کعبہ والون نے رہزنی کی
رونے پر آگئے ہنستے تھے ہم | اب روتے ہین بات ہنسی کی

ابتدا ئً یہ مختلف عہدون پر گورنمنٹ انگریزی کے ملازم رہے - عہدۂ صدر الصدوری تک پہونچے - بڑی دیانت اور امانت سے اپنے فرائض منصبی کو انجام دیکر نہایت ہر دلعزیز قابل و لائق و خلیق رہے - پنشن سکے بعد نائب وزیر دیوانی ریاست بھوپال ہوگئے - وہان بھی بہت لیاقت اور خوش اسلوبی سے کام کیا مگر افسوس عمر نے وفا نہ کی وہین بیمار ہوئے اور اُسی حالت مین وطن چلے آئے اور یہان پہونچکر بتاریخ ۵ ماہ ربیع الآخر ۱۳۰۹ھ انتقال کیا اور قبرستان خاندانی واقعہ تکیہ شریف مین دفن ہوئے -

قطعہ تاریخ انتقال از نواب تفضل حسن خان شیدا کاکوروی سے

روز دوشنبہ و پنجم ہے ربیع الآخر | دار فانی کو چلے چھوڑ محمد احسن
صدمہ و رنج و تعب وہ دل شیدا کو ہوا | دل من داند و من دانم و داند دل من
دی صدا غیب سے ہاتف نے زروئے بخشش | روح جنت کو روانہ ہے بطرز احسن
سنہ ۱۳۰۹ھ

محمد اشرف

ملا محمد اشرف - ابن ملا عبد القادر - ابن حافظ شہاب الدین - ابن حضرت مخدوم نظام الدین بھیکہہ
آپ کی ذات والا صفات علوم عقلی و نقلی سے آراستہ و کمالات صوری و معنوی سے پیراستہ۔
ملجا و ماوائے خاص و عام و مرجع کافۂ انام تھی۔ مزار آپ کا رسولی بلاغ مین ایک چہار دیوی کے
اندر واقع ہے۔ اور پیر اشرف بابا کی درگاہ کے نام سے مشہور ہے۔ بعض لوگون نے جوش عقیدت سے
ایک سالانہ میلہ بھی قایم کیا شب بھر چراغان کرکے فاتحہ کرتے ہین۔ مزید حالات معہ سنہ
ولادت و وفات وغیرہ نہ دریافت ہو سکے۔

محمد اکابر

حافظ شیخ محمد اکابر - ابن قاضی محمد حافظ - ابن قاضی عبد الحلیم - ابن قاضی مسعود - ابن قاضی
حسین عباسی ۱۱۰۱ھ مین پیدا ہوئے تاریخی نام شیخ مقیم تھا کتب درسیہ مین فراغ تھا شرح وقایہ
و منار اور منطق کی کتابین زبانی یاد تھین حافظ قرآن بھی تھے ۔
بعد تحصیل علم ملازمت کا شوق پیدا ہوا۔ رائے دیا بہادر صوبہ دار اودھ کے یہان ملازمت کی۔ بعد
معزولی رائے صاحب نواب سعادت خان برہان الملک کے یہان میر رستم علی الہ آبادی کے ہمراہ نوکر
ہوئے - بنارس مستقر قرار پایا۔ ابتدا مین نواب برہان الملک کی رفاقت مین رہے - پھر حسب الحکم نواب
صفدر جنگ بغرض تیاری لباس بیگمات بنارس بھیجے گئے - بعد ختم کام جب واپس ہوئے تو۔ ملکہ

زمانیہ کے یہان سے خلعت اور سند فوجداری غازی پور زمانیہ عطا ہوئی۔ جہان ایک مدت تک فوجدار رہے۔ بنارس اور غازی پور مین بہت جائداد پیدا کی۔ بنارس مین زائد قیام رہتا۔ بہت سے مکانات بھی وہین بنوائے۔ اعزاے قریب و بعید سب کو ہمراہ لیگئے۔ نہایت عیش و عشرت سے عمر بسر کی۔ اور اعزا اور احباب و اہل وطن سے برابر مسلوک ہوتے رہے۔ چونکہ میر رستم علی کے ساتھی تھے۔ جب وہ قید ہوے تو یہ بھی موقوف کردیے گئے۔ پھر راجہ نول راے کی ملازمت کی وہان بھی بہت شان و شوکت سے رہے۔ راجہ نول راے کے قتل کے بعد معزالدین خان کی رفاقت مین گورکھپور مین رہے۔ پھر ملازمت ترک کی اور وطن آئے یہان سے پھر بنارس مین راجہ بلونت سنگھ کے یہان گئے وہ بہت خاطر سے پیش آیا۔ وہان کچھ دنون رہکر وطن واپس ہوے۔ اور کاکوری مین بتاریخ ۱۹ ماہ صفر ۱۱۸۴ھ بعمر ۵۴ سال بعارضۂ استسقا انتقال کیا۔ مادۂ سال انتقال شیخ ہمہ کابر ہے۔ قبر محلہ قاضی گڈھی مین انکے مکان کے سامنے کھیت مین ہے۔ ۱۱۸۴ھ

محمد بخش

منشی محمد بخش۔ ابن منشی فیض بخش مورخ۔ یہ نہایت ذہین قابل و لائق تھے۔ عربی مین متوسطات تک کتابین پڑھی تھین۔ علم طب بھی حاصل کیا تھا۔ اردو فارسی مین اشعار بہت خوب لکھتے۔ کثرت مشق سے عجیب کیفیت ہوگئی تھی۔ کہ دنیا و ما فیہا کی خبر ہی نہین رہی تھی۔ مرشد آباد مین جاکر نہایت عمدہ قصیدہ کہکر پیش کیا تھا۔ اسکی صلہ مین انکو وہان نوکری بھی ملی تھی اور انعامات بھی۔ وہان نواب جعفر علیخان کے رفقا مین ہو گئے تھے۔ وہین انتقال کیا۔

محمد حافظ

قاضی محمد حافظ۔ ابن قاضی عبدالحلیم۔ ابن قاضی مسعود۔ ابن قاضی حسین۔ ابن قاضی بایزید ابن قاضی شیخ کوچک۔ ابن قاضی بہاری عباسی۔

ولادت انکی سنہ ۱۰۸۸ھ مین ہوئی۔ بہت ذہین اور خوش تقریر فاضل زبردست اور مدرس اول و ر
نہایت وجیہہ تھے۔ صورتاً عالمگیر خلد مکان سے ایسے مشابہ تھے۔ کہ اگر بجاے انکے تخت شاہی پر
بٹھا دئے جاتے تو کسی کو تمیز نہوتی۔ بعد فراغ تحصیل علم مسند افادہ عہدۂ قضا پر متمکن ہوے احکام
شرعیہ کے اجرا مین بہت مستقل تھے۔ اور نہایت محتاط قضایا بموجب فتاوے ائمۂ دین و روایات
مجتہدین فیصل کرتے۔ اعزا و اغیار سے رعایت و مراعات بہت کرتے تھے۔ دیانت و تقوے اور
امور خیر مین معروف و مشہور تھے۔

عہد فرخ سیر مین نصف پرگنہ کاکوری نعیم اللہ خان خلف منعم خان راجگیری اُستاد بادشاہ کی
جاگیر مین تھا۔ حاکم پرگنہ نے ازراہ بغض و عناد بعض امور کی شکایت منعم خان سے کی منعم خان کو بھی
انسے حسد تھا بغیر دریافت حالات انکو عہدۂ قضا سے معزول کر دیا۔ یہ اس خبر کے سنتے ہی فوراً دہلی
گئے۔ اور منعم خان سے ملاقات کی چونکہ صورتاً وجیہہ و مرتاض اور صاحب فضیلت اور قابلیت معلوم
ہوتے تھے منعم خان انکو دیکھتے ہی تعظیم کیلئے اُٹھ کھڑے ہوے۔ اور اپنی مسند کے برابر بٹھایا اُس وقت
اُنکے ہاتھ مین ایک کتاب مصنفۂ جاراللہ زمخشری تھی۔ امتحاناً اُسکا ایک مشکل مسئلہ ان سے پوچھا انھون
نے نہایت مختصر الفاظ مین مطلب سمجھا دیا۔ وہ حیران اور ششدر رہ گئے۔ اور اُسکے صلے مین سند
جدید بحالی عہدۂ قضا دی۔ اور نہایت اعزاز سے وطن رخصت کر دیا۔

بیعت ان کو حضرت شاہ اشرف ساکن قصبہ سلون سے تھی۔ یہ اُنکے خاص مریدین مین تھے۔
سنی حنفی المذہب راسخ العقیدہ اور مذہب حقہ مین ثابت قدم تھے۔ چنانچہ ان سے اور قوام الدین
خان شیعی سے جو مناظرہ ہوا وہ اس امر پر دال ہے۔

منقول ہے کہ قوام الدین خان جو مذہب اثنا عشریہ کے معتقد اور بہت بڑے عالم و قابل تھے
نواب مرتضیٰ خان سے جو نواب برہان الملک کے مصاحبین مین تھے انکے کمالات علم و فضل اور
تقوے اور دیانت سنکر مشتاق ملاقات ہوے۔ باتفاق سے ایک روز ملاقات ہوگئی۔ دیر تک
احادیث و اصول مذہب و تحقیق و تدقیق حقیقت مذاہب پر مناظرہ رہا۔ آخر مین قوام الدین خان کو

انھون نے بالکل ساکت کر دیا۔ اُنھون نے بھی انکے تبحر کو تسلیم کیا۔ جبسے دربار مین بھی صدائے آفرین و مرحبا بلند ہوئی۔

یہ بہت فیاض سیر چشم سخی اور مہمان نواز تھے۔ مسافرین کے ساتھ بہت سلوک کرتے۔ لطافت مزاج مین بہت تھی۔ موزون قامت خندہ رو شگفتہ جبین شخص تھے۔ خدا نے ہر طرح سے اقبال مند کیا تھا تمام عمر فراغت سے بسر کی۔ کل اولاد بھی بہت قابل اور دولت مند ہوئی ۱۱۶۴ھ مین بعمر ۸۰ سال انتقال کیا تاریخ وفات یہ ہے **مصرع**

حافظ دین محمد بود او۔ ۱۱۶۴ھ

انکا مزار قبرستان سالار مسعود واقعہ محلہ قاضی گڈھی کاکوری مین ہے۔

محمد حیات

شیخ محمد حیات۔ ابن شیخ محب الرحمن۔ ابن شیخ عبد الرحمن۔ ابن حافظ غلام محمد۔ ابن شیخ سیف الدین علوی۔ یہ نہایت قابل و لائق خوش نصیب ہوشمند سپاہی منش تھے۔ جس جگہ نوکر ہوے نہایت عزت کے ساتھ رہے اور بہت نام آور ہوئے۔ اور بہت سے نمایان کام کئے جس سردار کی رفاقت کی اُسکے ساتھ میدان جنگ مین مخالف پر ہمیشہ غالب رہے تیس برس کامل الماس علیخان خواجہ سرا کی رفاقت مین رہے۔

اُسی زمانہ کا قصہ ہے کہ اطراف خیرآباد کا ایک زمیندار الماس علیخان کے یہان ملازمت کرنے کی غرض سے آیا۔ جوان زبردست اور مسلح تھا۔ نذر پیش کرنے کے حیلہ مین اُس نے حربہ کر دیا یہ وہان بیٹھے ہوئے تھے۔ انکے ہاتھ مین کٹار تھی شیر کی طرح جست کر کے ایک ہی وار مین اُسے ختم کر دیا اور الماس علیخان کی جان بچائی۔

اُسی زمانہ مین ایک راجہ جسکے پاس فوج وغیرہ بہت تھی۔ وہ خراج نہین دیتا تھا۔ اور ہر وقت لڑائی پر آمادہ رہا کرتا تھا۔ ایک روز الماس علیخان نے اپنے جلسہ مین کہا کہ پہلے سپاہی ایسے ہوتے تھے

کرتہا سب کچھ کرتے تھے۔ اس زمانہ مین ویسے سپاہی عنقا ہین۔ حاضرین دربار سنکر چپ ہو رہے یہ مسلح ہوکر معہ اپنے بھتیجے کے نکل کھڑے ہوئے۔ اتفاق سے اُسی روز وہ راجہ بھی معہ چند رفقا کے شکار کھیلنے آیا تھا۔ یہ اُسکے شکار گاہ مین گئے۔ دوپہر کا وقت تھا۔ راجہ ایک درخت کے نیچے بیٹھا ہوا تھا۔ اُسنے سوارون سے پوچھا کہ یہ کون شخص ہے۔ انھون نے اپنا نام بتا کر کہا کہ مین الماس علی خان کا نوکر ہون۔ تمھارے گرفتار کرنے کے لیے آیا ہون۔ باوجودیکہ یہ صرف دو آدمی تھے۔ اور اُسکے ساتھ بہت سے سوار تھے۔ اتنا سنتے ہی اُسکے بدن مین رعشہ پڑگیا۔ یہ اُسکو پکڑ لائے۔ اور لاکر الماس علیخان کو خبر کرائی وہ آئے۔ اور دیکھکر بہت خوش ہوے۔ اور اُس راجہ سے کہا سُنا اُسی روز سے اُسنے خراج دینا شروع کیا۔

غرضکہ اُنکی شجاعت اور جوانمردی کا پورے طور پر الماس علیخان کے دل پر سکہ بیٹھ گیا تھا۔ وہ بھی انکو بہت مانتے تھے۔ انھون نے جائداد بھی بہت پیدا کی۔ اب تک اُنکی محلسرا اور احاطہ وغیرہ موجود ہے۔ جواب احاطۂ شیخ رحیم باسط صاحب کے نام سے مشہور ہے۔ اور اس پر اُنکی دختری اولاد قابض و متصرف ہے۔

انھون نے بتاریخ ۱۳ ماہ محرم الحرام ۱۲۲۵ھ وفات پائی۔ اور قبرستان تکیہ شریف مین دفن ہوے

محمد رضا صبر

منشی محمد رضا متخلص صبر۔ ابن منشی محمد حسین۔ ابن شیخ عبد الحسیب قریشی جاجی دیوی الاصل نزیل کاکوری۔ یہ بہت خوش خلق ملنسار صائب الرائے قابل و لائق شخص تھے۔ حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ کے مرید تھے۔

یہ شاعر بہت اچھے تھے۔ فن شاعری مین شیخ عبد الرؤف شعور لکھنوی (شاگرد شیخ غلام ہمدانی مصحفی) سے تلمذ تھا۔ یہ اپنے زمانہ مین بہت اچھے شاعر اور اُستاد مانے جاتے تھے۔ اس قصبہ مین فن شاعری نے اُنکی وجہ سے بہت رونق پائی۔ اُس زمانہ مین یہ اور مولوی محی الدین خان ذوقی اور

کے اُستاد مانے جاتے تھے۔

انھون نے تین ضخیم دیوان یادگار چھوڑے دو نعتیہ دیوان جس مین سے ایک کا نام گلدستۂ نعت محمد اور دوسرے کا نام رباعیات نعت احمد ہے۔ تیسرا دیوان عاشقانہ غیر مطبوعہ ناتمام موجود ہے۔

تلامذہ انکے بہت ہوے سب کے نام نہین معلوم ہو سکے چند نام یہ ہین (۱) منشی مقصود احمد نطق (۲) منشی مقبول احمد محمود (۳) منشی ناظم حسین منتظم (۴) منشی کاظم حسین غنی (۵) منشی صفدر حسن بسمل (۶) منشی حافظ علی عسکری بیدل (۷) منشی نور الدین احمد کیفی (۸) خان بہادر منشی تاج الدین جذب (۹) منشی نظیر حسین اوج (۱۰) منشی مقصود حسن ضبط (۱۱) خان بہادر منشی اطہر علی اطہر وغیرہم۔

انکے مطبوعہ دیوان کا انتخاب حضرت نطق نے کیا تھا۔ اور باغ صبر اُسکا تاریخی نام رکھا تھا چند اشعار بغرض تفریح طبع ناظرین درج ذیل ہین ؎

عہد شباب مین یہ تمھارا خرام ناز — ہے موسم بہار مین چلنا نسیم کا

بال کھولے ہوے گلشن مین وہ گلفام آیا — خیر بلبل کی ہو صیاد مع دام آیا

مرا سینہ ہے مسکن حسرت و اندوہ و حرمان کا — جسے کہتے ہین شادی نام ہے ناخواندہ مہمان کا

ہمارے بعد شوریدہ سرون مین کون ایسا ہے — دکھائین گی جسے زلفین تمھاری پیچ و خم اپنا

نادیدہ شیخ جی ہی ہین حور و خاید پر — معشوق ہم کرینگے تو اپنی پسند کا

لون نام اپنی آہ کا یا اُسکے ناز کا — غماز میرا نہین راز و نیاز کا

جو تیرا تیر سے آگے آئیگا — تجھکو بھی تجھسا کوئی ملجائیگا

غش کھا کے بوستان مین جو مین ناتوان گرا — سمجھا یہ باغبان کوئی برگ خزان گرا

نازک دماغیان وہی بیدوانہ پن مین — سر پر پڑا جو سایہ تو سنگ گران گرا

زخمی تیغ جو ہوتا تو صفدر جیتا — خنجر ناز کا مارا ہوا کیونکر جیتا

تصویر سادہ چہرہ دکھا کر جو ٹل گیا — آغوش صبر مین دل نادان مچل گیا

دم پھر الجھ رہا ہے جو سینے مین خود بخود — شاید کہ انکا بند قبا کوئی کس گیا

تاجداروں کو ڈرا کر وہ صنم کہتا ہے — آج وہ مہر رخ اٹھے بیٹھنے کا تماشا دیکھا

شکستہ خاطری میں آشناؤں سے کنارہ ہے — میں وہ کشتی ہوں جو ٹوٹی پڑی ہی ساحل پہ

نہ چھوڑی صبر نے نظارہ بازی — ابھی بیٹھے ہوئے تھے رہگذر پہ

میں ہوا جب گرم نظارہ تو بولا ہنس کے شوخ — آپ ہی پہچانیں رخسار و جبین کو تو ڈر

انکا ممنون عنایت دل سے ہوں — گو اجل کے ساتھ آئے آئے تو

بادہ خواری سے جو برسات میں تائب ہی توبہ — بادل اس زور سے گرا کہ الٰہی توبہ

خم ابرو کو اگر دیکھ کر چلاتا ہوں — بت یہ کہتے ہیں کہ کعبہ انہیں آتی ہو

نازل بلائیں ہونگی دلا ہوشیار ہو — زلفیں وہ اب بنائینگے منہ ہاتھ دھو چکے

دن چڑھے تک سونیکی پوچھی جو وجہ — چونک اٹھے بھولے وہ پھر شرما گئے

میں نے گنا تھا ہجر کی شب تیرا اختر فلک — تاروں سے بیشتر تھے مرے ارمان کم نہیں

ہر چند انکے لطف و کرم کا حساب لیا — ہر حیثیت سے میرے بھی کچھ جرم کم نہ تھے

کیفیتیں ہیں پیش نظر انقلاب کی — مسجد بنی ہے ٹوٹ کے بھٹی شراب کی

سانس لینی ہمیں مشکل کبھی ایسی تو نہ تھی — جیسے اب ہے تپش دل کبھی ایسی تو نہ تھی

کیا غم جو اسقدر ہوئیں رسوائیاں مجھے — پہچان تو گیا بت نامہربان مجھے

انھوں نے بعارضہ ضیق النفس بتاریخ ۹ ماہ شعبان روز دوشنبہ ۱۲۹۰ھ بمقام سیتاپور بے نام ونشان انتقال کیا اور وہیں دفن ہوئے۔ قطعہ تاریخ انتقال از مولوی محی الدین خان ذوق کاکوروی سے

بیا در رفتگان تا چند مانند جرس نالی — بہنگام سکون خاموش ہمچو نقش پا بنشین

بجان زار تو رفت آنچہ رفت از فرقت یارت — دلا ایدون سر خود گیر با صبر و رضا بنشین

۱۲۹۰ھ

محمد روشن

حکیم محمد روشن شہید بن حکیم عبداللہ بن شیخ محمد ولی۔ یہ شخص اپنے والد حکیم عبداللہ کے بہت لائق و

صاحب استعداد طبیب تھے۔ ابتدائً اپنے پھوپھا شیخ محمد عوض (جد منشی فیض بخش مورخ کاکوروی) کے پاس رہے۔ اور وہین تعلیم و تربیت بھی حاصل کی۔ انکے والد اُس زمانہ مین باہر تھے۔ جب وہ تشریف لائے تو انکی عمر اس زمانہ مین چونتیس سال کی تھی۔ اُنھون نے انکو طب پڑھانا شروع کی۔ اور اپنا سا قابل بنادیا۔ علاوہ قابلیت علمی بہت بڑے بہادر اور فنون سپہگری مین یگانۂ روزگار اور شجاع ہوئے۔ ہمیشہ فوج مین ملازمت کرتے۔ اور میدان جنگ مین داد شجاعت پاتے۔ ابتدا مین قطب الدین خان کے ساتھ رہے۔ وہان علی محمد خان روہیلہ کیساتھ جنگ مین داد شجاعت پائی۔

ایک روز کا قصہ ہے کہ انکے مکان پر ڈاکہ پڑا۔ یہ بالاخانہ پر سو رہے تھے۔ دفعتاً شور وغل سے آنکھ کھل گئی۔ نیچے ڈاکوؤن نے مشعلین روشن کی تھین جنکی روشنی اوپر تک پہونچی۔ ان کو یہ خیال ہوا کہ شاید مکان مین آگ لگ گئی۔ گھڑا پانی کا وہین رکھا تھا وہ لیکر اُترے۔ یہان آکر دیکھا کہ ایک اسباب جمع کر رہا ہے۔ اور باقی لوگ کوٹھری سے لاکر رکھتے جاتے ہین۔ اُنھون نے وہین سے اُس شخص پر جو اسباب جمع کر رہا تھا۔ بھرا ہوا گھڑا پانی کا اس زور سے کھینچکر مارا کہ اُسکا سر پھٹ گیا اور دوسرے کو جو بہت ہی قوی الجثہ تھا۔ اُٹھا کر دے مارا اور کئی آدمیون کو اسی طرح مجروح کیا۔ وہ لوگ تلوارین لیکر انپر لپکے۔ اُنھون نے وہ فن سپہگری کے جوہر دکھائے کہ باوجود خالی ہاتھ ہونیکے کسی طرح اُنکی چوٹ نہ کھائی۔ بالآخر وہ سب لوگ بھاگ گئے۔

یہ اس دلیری کی وجہ سے ہر امیر کی نظر مین بہت وقیع اور عزیز تھے۔ جنگ پڈرونہ ضلع گورکھپور مین برفاقت شہامت علیخان معز الدین خان عین دھاوے کی حالت مین شہید ہوکر باپ کو زندہ درگور کردیا۔ اس جنگ مین انھون نے قبل سوار ہونیکے یہ کہا تھا کہ اگر بیٹا لڑائی مین کام آجائے تو باپ پروا نہ کرے اور باپ گرے تو بیٹا متوجہ نہو۔ عین دھاوے کے وقت جو شخص سامنے آتا یہ اُسپر پیش قدمی کرتے۔ یہان تک کہ خود زخمی ہوگر گرے۔ فتح بھی انھین کے ہاتھ رہی۔ زخمی ہونیکے دو دو روز بعد تک زندہ رہے بات نہین کرسکتے تھے۔ مگر ہاتھ کا اشارہ عالم بیخبری مین بھی جاری تھا ۱۱۷۳ھ مین انھون نے انتقال کیا۔ اور شیخ غلام حسن نے اس مصرع مین تاریخ وفات نکالی مصرع

باب جنت نصیب روشن باد
۱۲۷۳ھ

محمد زمان

ملا محمد زمان ۔ ابن ملا محمد رضا ابن ملا محمد اشرف ۔ ابن ملا عبد القادر ۔ ابن حافظ شہاب الدین ۔ ابن مخدوم نظام الدین بھیکہ ۔ انھون نے علوم مروجہ کی تحصیل و تکمیل اپنے والد ملا محمد رضا ، و ملا عبد القادر فاروقی لکھنوی ۔ و ملا لطف اللہ سے کی ۔ اور بہت بڑے فاضل اور مدرس ہوے ۔

بیعت اور اجازت و خلافت انکو حضرت شاہ پیر محمد لکھنوی سے تھی ۔ یہ انکے اجل خلفا مین تھے مدۃ العمر متوکلانہ بسر کی ۔ نہایت مستقل مزاج اور قانع تھے ۔

منشی غلام مرتضیٰ کاکوروی کتاب جواہر الانشا مین انکے متعلق لکھتے ہین کہ ۔

"ملا محمد زمان از علماے مشاہیر روزگار و سر حلقۂ فضلاے عالی مقدار بود مردم این جوار از خوان فضل و کمالش توشہا بر داشتہ واز خرمن فیض آن گنجینۂ حسنات خوشہا برچیدہ از بس استقلال مزاج با وصف عدم مایۂ معیشت و عدم مایہ المعاش پا در دامن قناعت پیچیدہ بفحواے آیۂ کریمہ وَمَا مِنْ دَابَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللَّهِ رِزْقُهَا نظر کردہ بتن و رضا قانع بود و بہ تدریس پیر و خوت داوقات عزیز را جز باشتغال علوم صرف نمی نمود وپاے استقلالش را با وصف تاہل و تعلقات دنیاوی کہ عبارت از عیال و اطفال و رسمیات عالم صورت باشد ہیچ وقت لغزش نشدہ ۔ استغناے خلقی و غناے جبلی داشت و از خلائف شاہباز بلند پرواز آسمان طریقت و شہسوار مضمار معرفت گنجینۂ اسرار الٰہی و معدن فیوض نامتناہی حضرت شاہ پیر محمد لکھنوی اطیب اللہ ثراہ بود"۔

انکے فضائل و کمالات اس سے کہین زیادہ ہین جو مختصر تحریر مین آسکین ۔ انکے تقدس اور کمال کی وجہ سے بعد وفات حضرت شاہ پیر محمد قدس سرہ انکے دیگر خلفا مثل شاہ محمد آفاق و میر محمد شفیع و شاہ دولت وغیرہم نے ان سے جانشینی کے متعلق بہت اصرار کیا ۔ اور سب نے بالاتفاق انھین کو بوجہ علم و فضل و کمال کے اس منصب کے لئے منتخب کیا ۔ مگر انھون نے اسے قبول نہین فرمایا ۔ اور جانشینی

کے لئے شاہ محمد آفاق کو منتخب کر کے جانشین کر دیا۔

انکے حلقۂ درس مین مختلف بلاد و امصار کے طلبہ کا مجمع رہتا تھا۔ اکثر طلبا جب فارغ التحصیل ہو کر نکلتے۔ تو اپنے معاصرین مین ممتاز اور یگانۂ روزگار ثابت ہوتے۔ جن تلامذہ کے اسمار گرامی دریافت ہو سکے وہ حسب ذیل ہین (۱) حضرت قاضی محمد تقی قلندر مھونوی (۲) مولوی محب الرحمن کاکوروی برادر جد حضرت شاہ محمد کاظم قلندر و استاد حضرت ملا حمید الدین مغفور کاکوروی (۳) ملا محمد غوث کاکوروی استاد شاہ عالمگیر و جد ملا حمید الدین مغفور جنکے متعلق قاضی القضاۃ مولوی نجم الدین علی خان بہادر اپنے نسب نامہ مین یون لکھتے ہین کہ:۔

"آن والا منزلت یعنے ملا محمد غوث مختصرات کتب بخدمت ملا محمد زمان کاکوروی از فرزندان شیخ بھیکہ و از مریدان شیخ پیر محمد لکھنوی قدس سرہما کہ علامۂ تیز ذکا و صوفی باصفا بود گذرانید"

(۴) ملا علی اصغر قنوجی۔ جنکا حال نواب صدیق حسن مرحوم نے اپنی کتاب ابجد العلوم و دیگر مصنفات مین لکھا ہے۔ (۵) ملا عبد الغفور اشرفی بھاگلپوری۔ جو یکتائے روزگار و اہل کمال طباع و ذہین ذکی و فہیم گذرے ہین۔

انکے مؤلفات سے ایک کشکول تھا جس مین بہت سے فوائد متعلقہ علم فقہ و تصوف و مسائل توحید تحریر فرمائے اور اپنی سیادت کو بدلائل ثابت کیا تھا۔ مگر اب اسکا پتہ نہین تاریخ وفات ۷ ماہ شوال ہے۔ سنہ ولادت و وفات نہ دریافت ہو سکا۔ مزار شریف کا بھی ٹھیک پتہ نہین معلوم کہ رسولی بلاغ مین ہے۔ یا خطیرۂ واقعہ محلہ ناڑتلہ مین ہے۔ واللہ اعلم بحقیقۃ الحال۔

محمد شافع

شیخ محمد شافع۔ ابن شیخ اوجیالے (جنکی سرا متصل کٹرۂ شیخ جار اللہ اوجیالی سرا کے نام سے مشہور ہے) ابن شیخ علیم اللہ ابن شیخ محمد۔ ابن شیخ ثمن۔ ابن مخدوم قاری نظام الدین بھیکہ یہ بعد تعلیم و تربیت دکن چلے گئے تھے۔ وہان بہت صاحب ثروت و با اعتبار صاحب فیل

دہاکی نشین تھے۔ ساتھ ہی اسکے نہایت باہمت صاحب جود وسخا بھی تھے۔ ابنائے وطن کیساتھ بہت رعایت ومراعات کرتے تھے۔ جو شخص کاکوری سے جاتا اُس سے نہایت محبت سے پیش آتے دکن جاتے ہی اپنی حسن قابلیت ولیاقت سے نواب محمد علی خان گوپامؤی کے نائب ہوگئے تھے پھر زمانہ کی ناموافقت سے نوکری چھوڑ کر وطن چلے آئے۔ اور یہین ۱۲۸۳ھ مین انتقال کیا۔ زائد حالات نہ دریافت نہو سکے

محمد شاہ

محمد شاہ قلندر۔ ابن شیخ احمد علی نگینوی۔ ابتدائً یہ لکھنؤ کے شاہی توپخانہ مین گولہ اندازون مین ملازم ہے۔ بزرگون کی خدمت مین اعتقاد و نیاز نہ تھا۔ عنایت الٰہی شامل حال ہوئی۔ ایک مجذوب کی خدمت مین بعد ظہور کرامت بیعت کرنے کے لئے گئے۔ اُنھون نے دیکھکر کہا کہ مین اس جھگڑہ مین نہین پڑتا تمکو اگر مرید ہونا ہے تو کاکوری مین حضرت شاہ تراب صاحب کے پاس جاؤ وہ بڑے کامل بزرگ ہین اور بہت تعریف کی۔ یہ حضرت شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ سے واقف تو تھے مگر معتقد نہ تھے۔ اُنکے کہنے سے حاضری کا ذوق پیدا ہوا۔ اتفاقاً اُسی زمانہ مین حضرت صاحب لکھنؤ مین میان نظامی کے مکان پر تشریف لیگئے تھے۔ یہ سُنکر وہان حاضر ہوے۔ اور بہ اصرار وہین سلسلہ عالیہ قادریہ مین بتاریخ ۷ ماہ ذیحجہ روز دوشنبہ ۱۲۶۲ھ بیعت کی۔ پھر چند دنون کے بعد ملازمت ترک کرکے آستانہ عالیہ تکیہ شریفہ پر چلے آئے۔ اور یہین سے لگے۔ اذکار و اشغال کی تعلیم حاصل کی۔ اُسکے بعد لباس فقر عطا ہوا۔

یہ بہت باہمت اور قوی الارادہ شخص تھے۔ منقول ہے کہ یہ اپنے وفات کے وقت اُٹھکر بیٹھ گئے اور جذبی حالت مین روح سے مخاطب ہوکر کہنا شروع کردیا۔ کہ نکل کمبخت میری یکسوئی مین کیون فرق ڈالتی ہے۔ پھر الا اللہ کی ضرب لگاکر مردانہ وار جان دی۔ انکی وفات بعمر زائد از سو سال ۱۳۰۸ھ مین ہوئی۔ مزار انکا قبرستان تکیہ شریفہ کاظمیہ مین ہے۔

محمد صالح

شیخ محمد صالح۔ ابن شیخ محمد منتخب۔ ابن ملا عبد الرقیب۔ ولادت انکی سنہ ۱۱ھ مین ہوئی فارغ التحصیل تھے۔ اور نہایت ہی وجیہہ لائق خوش تقریر خوش پوشاک خوش خوراک تھے۔ ابتدائے عہد محمد شاہ پانچ سال دہلی مین رہے۔ بادشاہ نے انکے لئے صدارت صوبہ جات بہار و بنگالہ وڈھاکہ واوڑیسہ تجویز کی۔ مگر انھون نے بوجہ بُعد مسافت قبول نہین کیا۔ خاندانی عہدہ کی فکر مین گئے تھے۔ کامیابی نہوئی واپس آئے۔ اور وطن مین امیرانہ طور پر زندگی بسر کی۔ کتب بینی سے بہت ذوق تھا علم تاریخ کی کتابین زائد دیکھا کرتے تھے۔ بالآخر بعمر ۹۶ سال ۱۱۹۹ھ مین انتقال کیا۔ اور اپنے جد کے باغ مین بیرون روضہ دفن ہوئے

محمد عاقل

حضرت شاہ محمد عاقل سبز پوش چشتی کاکوروی الاصل ولکھنوی المدفن۔ یہ قادری الطریقت چشتی مشرب تھے۔ انکو بیعت واجازت وخلافت حضرت شاہ ہیبت اللہ جوراسی سے تھی۔ انکو سید غریب اللہ سے۔ انکو شیخ فتح محمد سے۔ انکو شیخ نو سبز پوش سے انکو شاہ عبد اللہ میرانجی سے۔ انکو شیخ ابو الوفا سے۔ انکو بندگی احمد تاج الدین سے۔ انکو بندگی شیخ احمد سے۔ انکو شاہ علاء الدین نوربخش سے۔ انکو شیخ محمد ثانی سے۔ انکو شاہ زین الدین سے۔ انکو شاہ ابو القاسم سے۔ انکو شاہ محمد حق نما سے۔ انکو حضرت حافظ سید تاج الدین ابوبکر عبد الرزاق بغدادی سے۔ انکو اپنے والد ماجد حضرت غوث الاعظم شیخ محی الدین ابو محمد عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالے عنہ سے۔

یہ حسب الحکم اپنے پیر ومرشد نقاب پوش رہتے تھے۔ بعد خلافت اُنھون نے انکو صاحب جلال برقع پوش کا لقب عطا کیا تھا۔ سبز لباس پہنتے تھے اسی وجہ سے سبز پوش مشہور ہوئے۔ اصلی وطن کاکوری تھا کسی وجہ سے لکھنؤ مین جاکر قیام اختیار کیا تھا۔ ملا وجیہہ الدین اشرف کتاب بحر زخار مین

اسکے حال مین لکھتے ہین کہ :-

"آن وقت راکامل شاہ محمد عاقل سبز پوش اصلش از قصبہ کاکوری مریدان او بغایت عاقبت محمود، وعافیت معمور داشت تمام عمر بہ غنیا نہ حبیبہ مجردانہ ومتوکلانہ گذرانید۔ باوجودیکہ اغنیا درخواست معاش نمودند مقبول نداشت نہایت جوانمرد بود ودر تکسیر ہم مہارتے داشت بہرکسی تعویذ او تیر بہدف بود۔ بالفعل جانشین او شاہ بدر علی نہایت مرد با اخلاق ومقبول آفاق است۔ شاہ محمد نیز مرید شاہ عاقل سبز پوش است بغایت مرتاض ومتعبد ومجاہد مدتہا است کہ در ملیح آباد درمیان گزندگان ودیگر وحشیان میگذراند مردم از کمال اعتقاد برائے او درانجا مکانے بنا نمودند او غیر از سایۂ درخت بصوب حجرہ التفات نمیکند۔ بالفعل مردم را ارشاد می نماید بسیار مرتاض است۔ شاہ محمد عاقل اگر زندہ می بودے از مرید او تفاخر می نمودے"

وفات انکی لکھنؤ مین ہوئی۔ اور وہین تکیہ وزیر باغ مین مزار ہے جسکے سرہانے قدم رسول نصب ہے۔ خلفا انکے حسب ذیل حضرات ہوے (۱) حضرت شاہ محمد کاشف علوی کاکوروی (۲) ملا شاہ عزیز اللہ علوی کاکوروی (۳) شاہ بدر علی خواہرزادہ وسجادہ نشین آنحضرت (۴) حضرت شاہ لال محمد سبز پوش جنکے خلیفہ شاہ عالم علی رضوی ہوے انکے خلیفہ مہر علی شاہ سبز پوش ہوئے۔ اُنکے خلیفہ حاجی شاہ امام الدین حسین رضوی ہوے۔ اُنکے خلیفہ سید شاہ ضامن علی گیسو دراز ہوے۔ جنکے مرید وخلیفہ میان حسین الدین شاہ لکھنوی موجود ہین۔

محمد غنی

شیخ محمد غنی۔ ابن شیخ غلام حسن۔ ابن شیخ محمد مسیح۔ ابن ملا بدیع الزمان۔ ابن ملا محمد رضا۔ ابن ملا محمد اشرف۔ ولادت انکی ۱۱۵۲ھ مین ہوئی۔ محمد غنی تاریخی نام تھا۔ چودہ برس بمقام بابریور فوجدار رہے۔ نہایت فقیر دل بزرگ تھے۔ ایک مرتبہ ایک برہمن جسکا بدن بگڑ گیا تھا۔ بہرائچ مین حضرت سید سالار مسعود غازی کی درگاہ مین حاضر ہوا۔ وہان سے بشارت ہوئی کہ شیخ محمد غنی

فوجدار بابر پور کے پاس جا۔ اور اُنکا پس خوردہ کھالے شفا ہو جائیگی۔ وہ برہمن انکے پاس آیا۔ انھون نے پہلے بہت عذر و معذرت کی جب وہ بہت مصر ہوا تو ایک بتاسہ لیکر آدھا کھا کر اور تا بون مین ملا کر دیدیا۔ اور اُس سے کہا کہ یہ سب بتاسہ کھالے۔ اُسنے کھالئے خدا نے اُسے شفا بخشی۔ ۱۱۹۱ھ مین انھون نے باہتمام شیخ محمد روشن ایک بڑی حویلی تعمیر کرائی۔ جو محلہ نار تلہ مین شاہ کرامت علی قلندر کے مکان کے نام سے مشہور ہے۔

شیخ خیر الزمان لکھنوی اپنی کتاب باغ بہار مین انکے متعلق لکھتے ہین کہ۔

"شیخ محمد غنی، در رفاقت الماس علیخان خواجہ سرائے نجم الدولہ برادر سالار جنگ کہ مثل او کسے را رسوخ در مزاج آصف الدولہ بہادر نیست بوسیلۂ نوکری نواب مذکور بخوبی وبفراغت اوقات بسر می برد۔"

انھون نے بعمر ۶۲ سال بتاریخ ۱۳ ماہ رمضان المبارک ۱۲۱۳ھ انتقال کیا۔

محمد غوث

ابو محمد ملا محمد غوث ابن ملک ابو الخیر ملک زادہ کنیت انکی ابو محمد تھی ۱۰۵۰ھ مین پیدا ہوئے یہ بہت بڑے فاضل مستند عالم نامور صاحب درس و تدریس تھے مختصرات و مطولات ملا محمد زمان کاکوروی و ملا ابو الواعظ خیر آبادی سے پڑھے۔ اور بقیہ علوم کی تکمیل ملا قطب الدین شہید سہالوی سے کی۔ پھر احادیث کی سند ملا یعقوب بنبانی سے لاہور مین جا کر حاصل کی جمیع علوم و فنون مین ماہر تھے خصوصاً لطیفہ گوئی و بذلہ سنجی مین بے مثل و یگانہ آفاق تھے۔

بیعت ان کو حضرت شاہ میر لاہوری سے تھی۔ بعد فراغ تحصیل علوم دہلی گئے۔ اور وہین قیام کر کے سلسلۂ درس و تدریس جاری کیا تبحر علمی نے شاہ عالمگیر کے دربار تک پہونچایا۔ وہان مجلس جامعین و مؤلفین فتاویٰ عالمگیری مین مقرر ہوئے۔

قاضی القضاۃ مولوی نجم الدین علیخان بہادر اپنی بیاض رشک ریاض مین لکھتے ہین کہ:-

"ہر گاہ مکاسب علمیہ دست داد متوجہ ارد وئے معلی سلطانی گردیدہ در اندک مدت بتقرب عالمگیر اختصاص یافت چنانچہ آن شاہ بہ تشریح سند نمودن کتب حدیث بخدمت ایں علامۂ عصر تبوسط نواب عنایت اللہ خان اسد عاقر مودہ فہرست سلسلۂ ایشان طلب فرمودہ آثار رضاے جدیر بزرگوارہم درین باب بظہور آمد۔ اما چون منشا درایں مقدمہ بانواب موصوف بکار رفت فرمود کہ بعد اجابت این تقرب کہ بالاتر ازین مرتبہ نہ باشد۔ تحصیل رخصت وطن و ملاقات اعزہ آنجا بہ نہضت از مملکت دکن کہ تحصیل خدمات آن صوب مطلوب می باشد۔ از دائرہ مقدرت بندہ خارج خواہد بود قرین صلاح آنکہ قبایل ولواحق را طلب فرمایند۔ ومعاشرت ہمدرین ملک بسر برند بنا بر علیہ آنجناب از قبول این امر خطیر پہلو تہی کردند"

یہ نہایت ہی صاف باطن وجیہ الصورت وسیع الاخلاق تھے۔ دربار شاہی مین جب جاتے تو بادشاہ بہت اعزاز و احترام کرتے باوصف مصاحبت شاہی مزاج مین بے پروائی اور استغنا بہت تھی۔ سفر دکن مین بھی بادشاہ کے ہمراہ بارہ سال تک رہے۔ کچھ دنون شاہزادہ کام بخش کے یہان میر ساماتی کا کام سرانجام دیا اور بہت معتمد و ممتاز رہے۔ پھر خدمت احتساب صوبہ اکبرآباد متعلق ہوئی۔ پھر کچھ دنون بہادر شاہ کی رفاقت مین رہے۔ وہان سے بعہدۂ صدارت الہ آباد ترقی پائی۔ اُس زمانہ مین خدمت صوبہ داری الہ آباد نواب ابراہیم علی خان ابن علی مردان خان کے متعلق تھی وہ بھی ان پر بہت مہربان تھے۔ انکی رفاقت کے زمانہ مین وہان کے علما سے بہت مناظرہ ہوئے چونکہ یہ جملہ علوم خصوصاً فقہ و حدیث مین یکتاے زمانہ تھے۔ اسلئے کوئی پیش نہین پاتا تھا۔ بعد اسکے انکا تقرر تحصیل جزیۂ صوبۂ اودھ کی غرض سے لکھنؤ مین ہوا۔ درس و تدریس سے چونکہ فطری ذوق تھا۔ لہذا ہر جگہ اس شغلہ کو جاری رکھا۔ لکھنؤ مین بھی بہت سے طلبہ ہمراہی مین تھے۔ بااین ہمہ کہ یہان کام کی بہت کثرت تھی لیکن مطالعہ کتب و درس علوم کبھی ناغہ نہین کیا۔ شاہ محمد وارث ابن حافظ ابوالمعالی و شیخ عبداللہ ابن شیخ امان اللہ۔ و مولوی غلام مرتضےٰ مؤلف جواہر الاشعار انکے ارشد تلامذہ مین سے تھے انھون نے کاکوری مین تعمیر مدرسہ کے لئے زمین مانگی تھی۔ جسکے معافی کا فرمان بھی ہو چکا تھا۔

مگر افسوس کہ عمر نے وفا نہ کی اور انکی وفات ہوگئی۔ بعد وفات انکے نامور نبیرہ فخر سلف ملا حمید الدین مغفور نے مدرسہ بنوایا۔

انکے تبحر و کمالات علمی و عملی بہت زیادہ تھے ہمیشہ اکتساب ریاضات و وظائف مقررہ مین بموجب ارشاد اپنے پیر و مرشد مشغول رہتے۔ اور باوجود دنیاوی مصروفیتون کے حق پرستی سے غافل نہین رہتے تھے۔

انھون نے بعمر ۶۲ سال بتاریخ ۲۶ ماہ صفر ۱۱۸۱ھ سال رحلت شاہ عالم گیر بمقام لکھنؤ وفات پائی اور کاکوری مین مولوی محلہ مین اپنے دیوان خانہ کے صحن مین دفن ہوئے۔ مزار شریفہ کے متصل انکے نبیرہ ملا حمید الدین مغفور کا مزار ہے۔ ان مزارات کے گرد حظیرہ خشتی محاط ہے۔ مادہ تاریخ وفات مستخرجہ قاضی القضاۃ مولوی نجم الدین علیخان بہادر ادو ح اللہ سرہ المتعال ہے۔

قطعۂ تاریخ انتقال از مولوی محمد عالم قیصری کاکوروی ؎

آمدہ بو محمد غوث بدور علم و فضل	شصت و دو سال در جہان تخم صلاح و خیر کشت
بست و ششم مہ صفر رفت بعالم دگر	سال وصال قیصری گفت کہ رہرو بہشت

۱۱۸۱ھ

محمد قاسم

مولوی محمد قاسم المتخلص بہ قیصر۔ ابن مولوی محمد مہدی المتخلص بہ شیدائی۔ ابن مولوی محمد متقی ابن محمد صالح۔ ابن شیخ محمد وارث۔ ابن شیخ محمد ہاشم۔ ابن شیخ محمد اشرف۔ ابن قاضی محمد رضا۔ ابن قاضی محمد حاتم۔ ابن قاضی شیخ شمس الدین۔ ابن قاضی شیخ خواجہ کبیر۔ ابن قاضی فخر الدین۔ ابن قاضی بدیع الدین ابن قاضی کریم الدین۔ ابن قاضی نصیر الدین۔ ابن مخدوم قاضی کبیر الدین۔ ابن امیر رستم۔ ابن امیر ارسلان۔ ابن امیر علی خالدی خراسانی بالادستی۔

انکے جد مولوی محمد متقی مرحوم نے بوجہ قرابت ابراہیم آباد سے آکر کاکوری مین سکونت اختیار کی اور کاکوروی کہے جانے لگے۔ محلہ دلی نگر مین جنکی بنائی ہوئی عالیشان اور نفیس کوٹھی اب بھی موجود ہے

انکی ولادت بتاریخ ۹ ماہ رمضان المبارک روز دوشنبہ ۱۲۶۷ھ ہوئی۔ یہ نہایت وجیہہ الصورت نیک سیرت درویش صفت پابند شریعت و طریقت فائز تحقیقت و معرفت شخص تھے۔ تربیت اپنے والد کے ظل عاطفت مین پائی۔ ابتدائی کتابین مولوی معظم علی سے پڑھیں۔ پھر تعلیم عربی و فارسی حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر سے حاصل کی۔ عبارت نفیس لکھتے تھے۔ اور خط بھی بہت صاف و پختہ تھا۔ حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر فرمایا کرتے تھے۔ کہ "میری تقریر و تاج الدین اور تحریر محمد قاسم لیگئے"۔ علمی قابلیت اعلےٰ و طبع موزون رکھتے تھے۔ شعر فارسی و اردو مین کہتے تھے شاعری مین تلمذ مولوی محی الدین خان ذوق کاکوروی سے تھا۔ انکا کلام انکے بھتیجے مولوی محمد عاصم قیس نے بصورت دیوان جمع کیا ہے۔ لیکن ابھی تک طبع نہین ہوا۔ چند اشعار فارسی و اردو ان مین سے بغرض تفریح طبع ناظرین درج ذیل ہین۔ انتخاب کلام فارسی ؎

بدہ جام نشاط جاودان دیوانۂ خود را
دمے مخمور چشم خویش کن مستانۂ خود را

خوشا روزے کہ بخت من رساند مژدۂ وصلش
بہ آغوش تمنا در کشم جانانۂ خود را

کنون صبر دلم شد دستبرد لشکر غمہا
بغفلت دادہ ام تاراج اثاث خانۂ خود را

کشم صد بار غمہایش نہ پیچم سر ز سودایش
براہ شوق نازم ہمت مردانۂ خود را

برنگ قیس قیصر خاک بر سر نہست در غربت
سرت گردم بہ بزم خود طلب دیوانۂ خود را

تا پنجۂ جنون بگریبان رسیدہ است
دل دامن خیال ز ہر سو کشیدہ است

دامن ز نیش و نوش دو عالم کشیدہ است
آنکس کہ چاشنی ز وفایت چشیدہ است

روئے تو خوب لعل لبت خوب چشم خوب
در بارگاہ حسن حقت برگزیدہ است

کو تاب ضبط عشق و کجا فکر ننگ و نام
دیوانہ در غم تو گریبان دریدہ است

خار غمت خلید نخستین بسینہ ام
کے بے خلش کنے گل وصل تو چیدہ است

جوشیدہ خون اشک گرہ بست در دلش
تا نافہ بوئے گیسوئے مشکین شمیدہ است

بربود دل ز سینہ بہ یک نیمہ نگاہ
چون چشم دلربائے تو چشم ندیدہ است

از آہِ خون طپان دل افسردگان غم | بادِ بہار از سر کوئش وزیدہ است
قیصر بپائے شوق و دیدار بحد برون | بانگ طلب چو از لب جانان شنیدہ است

دل بردہ جفا شعار یارب چہ کنم | افتادہ بہ گریہ کار یارب چہ کنم
نے مرگ مرا نہ یار پرسد حالم | این جان سقیم و زار یارب چہ کنم

ہر روز فروزم آتش شوق بدل | ہر شب سوزم برنگ شمع محفل
ز اظہار زبان بسوزد از ضبط جگر | گویم مشکل وگرنہ گویم مشکل،

مبارکباد مرگ نو شہیدان نگاہش را | ز جنبشہائے چشم ایمائے قتل عام می آید

مستمند دولتِ کونین را کافی بود | درہم داغی ز گنج عشق تو اے شاہ من

رخ او مہر سان ہر روز رخشد | خدایا چشم حاسد کور باشد

بسوز عشق قیصر آتشے در زیر پا دارد | کہ گرد کوچہ اش ہر وقت بیتابانہ میگردد
در تب غم شبانہ روز جان نزار ما مسوز | آتش جلوہ برفروز اے بت شعلہ خوی من

اشعار اُردو

نکہت مشک کی جا گرد الم چھائی ہے | خاک کس کشتۂ گیسو کی صبا لائی ہے

صبح دم وہ جو پئے سیر گلستان نکلے | نکلی بو غنچہ سے گل جھاڑتے داماں نکلے
یاد گیسو میں عجب کیا کہ مرا دود جگر | عشق پیچاں کی طرح خاک سے پیچاں نکلے
بار سر اس تن لاغر سے اُتارا اے قاتل | ہم سبکدوش ہوں اور تیرا بھی ارمان نکلے

جلا ہے آہ سوزاں سے ہمارے آسمان کیسا | شرر انجم بنے چھایا ہے عالم میں دھواں کیسا

اب ضبط گریہ کرکے جگر کو جلائیں گے | با دل کسطرح روز و شب آنسو بہائے چلے
صد شکر عاشقوں میں ہوئے ہم بھی نامور | مجنوں ہماری قبر پہ چادر چڑھا چلے

آہ کو آہ بے اثر پایا | نالۂ دل کو نارسا پایا
میرے قاتل کے دست و بازو کو | زخم دینگے دعائیں کھل کھل کے

پھٹے کیونکر نہ قیصر چاک دامان | جنون مین اُٹھ گیا پردہ حیا کا
رنگ شفق سُرخ نمایان ہے فلک پر | خون آج بہا ہے یہ مرے زخم جگر کا
آج طغیانی مین آب تیغ خون آشام ہو | اب خدا حافظ ہے جان کا حکم قتل عام ہو
کاٹ دکھلائیگی کیا تیغ نگہ سفاک کی | دامن شمشیر کم ہے زخم دامن دار سے

ان مین جودت و ذہانت خداداد تھی۔ اپنے والد کی حیات ہی مین تحصیل علوم کرکے قانون یاد کرنا شروع کردیا تھا۔ انکی وفات کے وقت جبکہ انکا سن اٹھارہ سال کا تھا۔ وکالت کا امتحان دیا لیکن طبیعت چونکہ دنیاوی جھگڑون سے متنفر واقع ہوئی۔ لہذا سب چھوڑکر گوشہ نشینی اختیار کی۔ اور حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر قدس سرہ کے حضور مین طلب باطنی شروع کی۔ مجاہدہ اور ریاضت مین نہایت محنت کرتے تھے۔ کہا جاتا ہے کہ کثرت ذکر سے پھیپھڑون پر صدمہ ہوگیا تھا۔ اور وہی آخر کار مرض الموت ہوا۔ واللہ اعلم۔ بااین ہمہ ریاضت سے باز نہ آتے شب کو ذکر جہر کی آواز دوسرے محلہ تک صاف جاتی تھی۔ اکثر صدور کرامات بھی ہوتا تھا۔

یہ مدۃ العمر مجرد رہے۔ جب اعزہ نے شادی کے لئے اصرار کیا تو صاف کہدیا کہ مجھے معلوم ہوچکا ہے کہ میری عمر بہت کم ہے اور سفر آخرت جلد پیش آئیگا۔ لہذا مین نہ خود جھگڑے مین پڑنا چاہتا ہون اور نہ دوسرے کی زندگی خراب کرنا۔ اکثر خطوط مین اپنے بھائی مولوی محمد ہاشم مغفور کو لکھا کرتے تھے کہ "ہمہ راہی گذارم وہی گذرم"۔

چنانچہ بعمر ۳۰ سال بتاریخ ۱۰ ماہ شوال المکرم ۱۳۰۶ھ وقت عصر وفات پائی۔ اور اُسی شب کو بارہ بجے دفن ہوئے۔ قبر محلہ ولی نگر مین والدین کی قبرون کے درمیان مین ہے۔ اور سرہانے یہ قطعہ تاریخ نصب ہے ؎

قیصر چو بر قلمرو ہستی قلم کشید | محزون ز رحلتش دل ہر خاص و عام شد
رضوانش ز خلد از سر الہام بہر سال | آواز داد۔ داخل دار السلام شد

۱۳۰۶ھ

محمد کاشف

حضرت شاہ محمد کاشف چشتی ۔ابن حافظ خلیل الرحمن شہید ۔ابن شیخ عبدالرحمن ۔ابن حافظ غلام محمد علوی مخدوم زادہ ۔ یہ نہایت بزرگ قابل وصالح موصوف بخصائل پسندیدہ ومتصف باوصاف حمیدہ تھے ۔ایک مدت تک سواروں مین نوکر رہے ۔نہایت ممتاز اور باوجاہت وشجاعت تھے۔ پھر نوکری چھوڑکر عبادت اور یاد حق مین بقیہ عمر بسر کی۔

بیعت معہ اجازت وخلافت حضرت شاہ محمد عاقل سبزپوش چشتی سے تھی ۔عمامہ سبز رنگ کا باندھتے تھے ۔جو اُس خاندان کا تمغہ تھا ۔ابتدا ہی سے یہ بہت خوش اوقات اور پابند وظائف و اوراد تھے ۔اور بہت ہی زبردست عامل تھے ۔

منقول ہے کہ یہ ایک تعویذ محافظت آلات حرب کے واسطے لکھتے تھے ۔جو نہایت مجرب ہوتا تھا ۔حضرت شاہ محمد کاظم قلندر قدس سرہ فرماتے تھے کہ ۱۱۸۱ھ مین مرزا باقر اور بخشی ابوالبرکات خان سے (بمقام کاکوری) لڑائی ہوئی تھی ۔اُسوقت مین سواروں مین نوکر تھا ۔یہی تعویذ میرے بازو پر بندھا ہوا تھا ۔کئی وار مجھ پر تفنگ وغیرہ کے ہوے ۔مگر اُس تعویذ کی برکت سے کسی کا اثر نہین ہوا

منقول ہے کہ ایک بار نواب قاسم علی خان صوبہ دار بنگالہ شیخ فرحت علی خان ساکن گدیہ (ضلع بارہ بنکی) جو انھین کی فوج کے بخشی تھے ۔ ان سے ایسے ناخوش ہوے کہ ہلاکت کے درپے ہوگئے ۔اُنھون نے حاضر ہوکر ان سے عرض کیا کہ انھون نے ایک تعویذ عنایت فرمایا جسکے اثر سے نواب صاحب پیشتر سے بہت زائد مہربان ہوگئے ۔

انکے مزاج مین قناعت بہت تھی ۔جسکے متعلق منقول ہے ۔کہ ایک روز گشائین کرپا بندھان جو فقیر صاحب تصرف اور کیمیا گر اور انکے بہت مخلص تھے ۔اُنھون نے ان سے کہا کہ مین آپ کو ایک ایسی چیز کھلاؤن کہ جسکے اثر سے آپ کی خوراک دس سیر کی ہوجاوے ۔آپ نے فرمایا کہ مجھ کو ایسی بھوک کی ضرورت نہین ۔بلکہ ایسی چیز دو کہ جس سے جو کچھ خوراک ہے وہ بھی جاتی رہے ۔اُسنے

کہا کہ آپ شاید بوجہ بیقدوری پیش و پس کرتے ہین۔ اگر ایسا ہے تو پہلے وہ چیز بتلاؤن جس سے افلاس بالکل دور ہو جاے یعنی کیمیا۔ انھون نے فرمایا کہ مجھکو ضرورت نہین۔

منقول ہے کہ جب یہ نوکری چھوڑکر الہ آباد آئے۔ اور وہان چند دنون ٹھہرنے کا ارادہ کیا تو خدمتگار سے کہدیا کہ جو کچھ خرچ تمھارے پاس ہے۔ جب تک وہ رہے تب تک بقال کے یہان سے جنس لانا۔ پھر قرض ہرگز نہ لانا۔ جب خرچ ختم ہوگیا تو جنس آنا موقوف ہوگئی۔ بقال نے خدمتگار سے دریافت کیا اُسنے سب کیفیت بیان کردی۔ بقال نے یہ سنکر بہت منت اور سماجت سے کہا کہ تم جنس لیجاؤ۔ مین اُسکی قیمت کا تقاضا نہین کرونگا۔ یہ کہکر جنس دیدی۔

اُسی زمانہ مین انکے توکل و عزلت کا بہت شہرہ ہوا۔ اصول المقصود مین ہے کہ شاہ عالم ثانی بادشاہ دہلی اُسی زمانہ مین الہ آباد آئے ہوئے تھے۔ شہرہ سُنکر مشتاق ملاقات ہوئے اور ان سے ملنے آئے دیر تک دروازہ پر کھڑے رہے۔ خواجہ سرانے اندر جاکر خبر کی۔ انھون نے فرمایا کہ اُن سے جاکر کہو کہ میری ملاقات کو کیون آئے۔ مین ایک سپاہی آدمی ہون فقیر نہین ہون۔ اگر تم کو یقین نہو تو دیکھ لو میرے پاس ہتھیار رکھے ہوئے ہین۔ اس بہانہ سے ملاقات نہین کی اور واپس کردیا۔ وہان سے یہ پھر وطن چلے آئے اور یہین گوشہ نشینی اختیار کی۔

انکے معمولات یہ تھے کہ صبح کو گھر سے نکلکر دیوانخانہ مین آتے (جو اب تک محلہ تجبیہ تلہ کاکوری مین موجود ہے) اوراد و وظائف مین مشغول رہتے اور کلام اللہ سات روز مین ختم کرتے بعد فراغت لوگون سے ملاقات کرتے۔ پھر کھانے کے وقت اندر جاتے۔ اور بعد تناول طعام فوراً واپس آکر تھوڑی دیر استراحت کرکے بعد نماز ظہر وظیفہ پڑھتے۔ پھر نماز عصر سے مغرب تک کسی سے بات چیت نہین کرتے اور نہ کہین آتے جاتے۔ البتہ جمعہ کو ملا عبد الکریم رحمۃ اللہ علیہ کی مسجد واقعہ محلہ قصبہ مین نماز پڑھتے۔ اور وہین سے حضرت مخدوم قاری نظام الدین رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پر فاتحہ پڑھکر اپنے نانہال شیخ جار اللہ مغفور کے یہان جاتے۔ پھر تکیہ شریفہ پر تشریف لیجاکر تھوڑی دیر ٹھہرکر واپس چلے جاتے۔

منشی فیض بخش مرحوم مثنوی باغ وبہار مین انکے متعلق لکھتے ہین ؎

"بقرب لکھنو جائیست معمور — سوئے مغرب بکاکوری است مشہور

زسکانش بزرگے بود کامل — بحق نزدیک دور از امر باطل

خوش آغاز و خوش اوقات و خوش انجام — خوش اعمال و محمد کاشف اش نام

بظاہر طلعتش رخشندہ اختر — بباطن ہم ز نور حق منور،

دلش در سینہ اش جویائے اسرار — زبانش با کلام اللہ گفتار"

انکو دو تین برس قبل وفات عارضۂ تشنج لاحق ہوگیا تھا۔ جسکی وجہ سے نشست و برخاست مین معذوری ہوگئی تھی۔ معالجہ بھی بہت ہوا مگر کچھ فائدہ نہین ہوا اسی مرض مین بتاریخ ۲ ماہ ذیقعدہ وفات پائی۔ مزار شریف بالین مزار حضرت شاہ محمد کاظم قلندر قدس سرہ اندرون روضہ واقع ہے۔ سنہ ولادت و وفات و مدت عمر وغیرہ نہین دریافت ہو سکے۔

محمد کاظم

حضرت قطب الارشاد عارف باللہ الملقب بالغیب بصاحب سر نصیر الملۃ والدین مولانا شاہ محمد کاظم قلندر قدس سرہ ابن حضرت شاہ محمد کاشف چشتی قدس سرہ

آپ بتاریخ ۱۰ ماہ رجب المرجب روز دوشنبہ ۱۱۵۸ھ بزمانۂ سلطنت محمد شاہ ابن جہاندار شاہ بادشاہ دہلی پیدا ہوئے۔ آپ نہایت سلیم الطبع قوی الحافظہ عالی ہمت عقیل و فہیم خوش اخلاق پابند شریعت تھے بچپن سے انوار ولایت و کرامت و آثار رشد و ہدایت جبین سیادت آگین سے تابان و نمایان تھے۔

آپ نے اوائل کتب درسیہ ملا عبد العزیز کاکوروی و ملا حمید الدین کاکوروی سے اور اوسط و اواخر ملا غلام یحیٰے بہاری و ملا حمد اللہ سندیلی سے پڑھین۔ حقیقتاً تمام علوم آپ کے وہبی تھے۔ زمانۂ طالب علمی سے علم تصوف کی طرف میلان خاطر تھا۔ متقدمین حضرات صوفیہ کی کتابین مثل

تعرف مصنفہ شیخ ابوبکر کلاباذی و قوت القلوب مصنفہ شیخ ابو طالب مکی و رسالۂ قشیریہ مصنفہ شیخ ابوالقاسم عبدالکریم بن ہوازن قشیری ۔ و کشف المحجوب مصنفہ شیخ علی غزنوی ۔ اور متاخرین مین سے مصنفات حضرت امام غزالی و حضرت غوث الثقلین محی الدین ابو محمد عبدالقادر جیلانی و حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن عربی و مولانا جامی رحمۃ اللہ علیہم بیشتر ملاحظہ مین رہتی تھین ۔ اور طالبین و مخلصین کو پڑھائی بھی جاتی تھین ۔ معاصرین مین حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کا طرز تحریر اور تحقیقات متعلقہ بہ سلوک بہت پسند تھا ۔

بیعت و اجازت و خلافت کبریٰ آپ کو حضرت کلید عرفان سیدنا شاہ باسط علی قلندر الہ آبادی سے تھی ۔ آپ سلسلۂ علیۂ قلندریہ مین نہایت عظیم المرتبت بزرگ گذرے ۔ اور مرتبۂ قطبیت کبریٰ اور ولایت عظمیٰ کے حامل محمدی المشرب اور قطب الارشاد تھے ۔

فصول مسعودیہ (مصنفہ حضرت شاہ مسعود علی قلندر خلف و خلیفہ حضرت شاہ باسط علی قلندر قدس سرہما) مین ہے کہ انھون نے دس سال اپنے حضرت پیر و مرشد کی خدمت مین رہ کر مقامات طریقت کی تکمیل کی ۔ اوراذکار اور افکار اور دعوات اسمار وغیرہ حاصل کر کے اجازت و خلافت سلاسل سبعہ سے سرفراز ہو کر ملقب بصاحب سر عارف باللہ شاہ محمد کاظم قلندر ہوئے ۔ اور وطن مین حسب الحکم اقامت اختیار کر کے ایک عالم کو اپنے انوار طاعات سے منور اور افادۂ علوم دینی و معارف یقینی سے مستفیض فرمایا ۔ کمالات آپکے اظہر من الشمس ہین مفصل حالات آپکے کتاب مستطاب فصول مسعودیہ و اصول المقصود و مجاہدات الاولیا و کشف المتواری و روض الازہر و انتصاح و نفحات العنبریہ و مثنوی باغ و بہار و چشمۂ فیض یعنی نسب نامۂ منشی فیض بخش مورخ کاکوری مین موجود ہین ۔

آپ کو علاوہ سلاسل سبعہ خاندانی یعنی قادریہ و قلندریہ و چشتیہ و طیفوریہ و سہروردیہ و فردوسیہ و مداریہ کے سلسلۂ نقشبندیہ کی اجازت کئی طرح سے حاصل ہوئی ۔ اولاً بطور مبادلہ حضرت مولوی احمدی نقشبندی کرسوی خلیفہ حضرت سید محمد عدل عرف شاہ لعل بریلوی سے جنھون نے آپ سے سلسلۂ قلندریہ کی اجازت حاصل کی ۔ دوسرے حضرت شاہ ابوسعید والے بریلوی خلیفہ حضرت شاہ

ولی اللہ محدث دہلوی سے ۔ تیسرے حضرت مولانا حاجی امین الدین کاکوروی خلیفۂ حضرت شاہ ابوسعید قدس سرہ سے ۔

آپ کے مصنفات میں کتاب **نغمات الاسرار** معروف بہ **سانت رس** ہے ۔ جس میں آپ کا ہندی کلام مشتمل بر حقائق و معارف ہے یہ کتاب طبع ہو چکی ہے ۔ اور ایک رسالہ متعلق بہ **معمور داشتن اوقات** ہے ۔ جو اپنے مریدین و خلفا کے لئے عموماً اور محب علی خان زمیندار گرہ متعلقہ ملیح آباد ضلع لکھنؤ کے لئے خصوصاً تحریر فرمایا ۔ یہ رسالہ کتاب مطالب رشیدی و اصول المقصود میں درج ہے ۔ پھر مولوی محی الدین خان ذوقی کاکوروی نے اسکی شرح اردو میں موسومہ بہ **توثیق المقاصد** لکھی ۔ یہ بھی طبع ہو چکی ہے ۔ علاوہ اسکے مکاتیب بھی ہیں ۔ جن کو حضرت مولانا شاہ حبیب حیدر قلندر مدظلہ نے مرتب کر کے **مفاوضات** تاریخی نام رکھا ۔ یہ بھی طبع ہو گیا ہے ۔

خلفا آپ کے حسب ذیل حضرات ہوئے (۱) حضرت شاہ میر محمد قلندر عرف میرن میاں برادر خرد آنحضرت (۲) حضرت غوث ملت شاہ تراب علی قلندر خلف اکبر و خلیفہ اعظم و جانشین آنحضرت (۳) حضرت مولانا شاہ حمایت علی قلندر خلف اوسط آنحضرت (۴) حضرت شاہ بہرام علی قلندر خویش آنحضرت (۵) شاہ انشاء اللہ قلندر عباسی کاکوروی (۶) شاہ عاشق اللہ قلندر اکبر پوری (۷) شاہ خیر علی قلندر لکھنوی (۸) شیخ طفیل علی علوی کاکوروی (۹) مولوی شفاعت علی کاکوروی (۱۰) ملا قدرت اللہ بلگرامی ۔ (۱۱) شاہ محمد محفوظ نیوتنوی (۱۲) شاہ امید علی جونپوری ۔ رحمۃ اللہ علیہم ۔

وفات آپ کی بعارضۂ تپ شب ۱۲ ماہ ربیع الآخر روز چہار شنبہ ۱۲۲۱ھ بعمر ۶۳ سال ہوئی ۔ مزار شریف اندرون تکیہ شریفہ پائین مزار والدین واقع ہے ۔ بعد وفات کے آپ کے مرید مخلص شیخ لعل محمد نے عالی شان روضہ بنوایا ۔ جو فرح بخش ناظرین و زائرین ہے ۔ تاریخ وفات پر نہایت وسیع پیمانہ پر بہت مجمع اور رونق کے ساتھ عرس شریف ہوتا ہے ۔ مادۂ تاریخ وفات از مولوی نجم الدین علی خان بہادر ثاقب قاضی القضاۃ ۔ ہو خالد فی الجنات ہے ۔ ۱۲۲۱ھ قطعۂ تاریخ وفات از مولوی حافظ معز اللہ کاکوروی مخلص قدیم آنحضرت سے

شاہ کاظم ازین جہان بربست | رخت ہستی بجانب اعلے
از خدا زیر افسر طوبے | مسکنے یافت جنت الماوٰے

۱۲۲۱ھ

محمد کبیر

ملک محمد کبیر۔ ابن ملک محمد عوض۔ ابن ملک محمد حنیف۔ ابن ملک محمد صفی۔ ابن ملک عبدالصمد۔ ابن ملک مٹھے۔ ابن حافظ چاند۔ ابن ملک حسام الدین۔ ابن ملک نظام الدین۔ ابن ملک بہاءالدین کیقباد۔

یہ سنہ ۱۱۰۶ھ مین پیدا ہوے۔ حضرت قاضی مینا قلندر دھونوی کے مرید تھے۔ تعلیم علوم ظاہری و باطنی کی بھی اُنھین سے حاصل کی تھی۔ برابر اُنکے ساتھ خلوت نشینی اور اذکار وغیرہ مین شریک ہوتے اور فیوض حاصل کرتے۔ بڑے باخدا اور قرباش شخص تھے۔ ذہن رسا اور فکر بلند رکھتے تھے انفصال قضایا مین بہت اچھی قابلیت تھی۔ قاضی محمد حافظ و قاضی محمد واعظ سے بہت دوستی تھی۔ چنانچہ وہ اکثر قضایا بغرض انفصال انھین کے پاس بھیجتے۔ یہ ایسا بہتر فیصلہ کرتے تھے۔ جس سے فریقین خوش ہو جاتے۔ سخاوت و ہمت و شجاعت و دانائی و فراست ورثہ موروثی تھا۔ اور چونکہ شیخ محمد منتجب کے داماد تھے اسوجہ سے دولتمند بھی بہت تھے۔ منشی فیض بخش مغفور کے نسبنامہ سے معلوم ہوتا ہے کہ انکو سات ہزار نقد برسم سلامی اور سات ہزار کا زیور انکی اہلیہ کو اور اور سامان جو اس سے بھی زیادہ تھا ملا تھا۔ لیکن انھون نے باوجود امارت درویشانہ طریق پر زندگی بسر کی۔ اور بتاریخ ۱۷ ماہ جمادی الآخر ۱۱۸۶ھ بعمر ۸۰ سال انتقال کیا۔ اور اراضی باغ واقعہ ملکن ہار کاکوری مین دفن ہوے۔ مادہ تاریخ انتقال "محمد کبیر رحلت کرد" ہے ۱۱۸۶ ——— قطعہ تاریخ انتقال از منشی فیض بخش مغفور کاکوروی ؎

چون محمد کبیر صاحب جود | کرد رحلت ازین جہان ناگاہ
گفت ہاتف ز سال فوت کہ او | از شیوخ کبیر بودہ آہ

۱۱۸۶ھ

محمد ماہ - علوی

ملا محمد ماہ۔ آبن حضرت ملا عبدالکریم۔ ابن حافظ شہاب الدین۔ ابن مخدوم نظام الدین بھیکہہ۔
یہ درویش کامل عالم عامل حافظ کلام اللہ تھے۔ اپنے اسلاف کے طریقہ کے پابند تھے۔ اپنے والد کے انتقال کے بعد اُنکے جانشین ہوے۔ جانشینی حضرت ملا عبدالکریم رحمۃ اللہ علیہ انھین سے خاندان مین رہی۔ حویلی انکی محلہ قصبہ مین ملا صاحب کے مزار کے قریب تھی۔ اب بالکل مسمار ہے۔ نام ونشان بھی نہین باقی ہے۔ سنہ وتاریخ ولادت ووفات ودیگر حالات نہین دریافت ہوسکے۔

محمد ماہ نقشبندی

شاہ محمد ماہ نقشبندی کاکوروی۔ ولادت ووفات واسامی آبا دا جداد وشجرۂ نسب اور یہ کہ کس خاندان سے تھے باوجود تلاش معلوم نہ ہوسکا۔ یہ اپنے زمانہ کے بڑے بزرگون مین تھے حضرت شاہ محمد معصوم رحمۃ اللہ علیہ کے احباب خاص مین تھے سلسلہ انکا نقشبندیہ تھا بیعت واجازت وخلافت انکو حاجی غلام محمد اکبرآبادی سے تھی۔ اُنکو حضرت شاہ سلطان سے۔ اُنکو حضرت سید آدم بُنّوری سے۔ اُنکو حضرت شیخ احمد مجدد الف ثانی سرہندی سے۔

مولوی محمد معروف ملفوظ حضرت شاہ محمد معصوم رحمۃ اللہ علیہ مین لکھتے ہین "کہ مین نے انکی زیارت کی۔ حضرت پیرومرشد کے حالات ان سے بہت معلوم ہوے۔ ایکروز مین نے انکا شجرۂ سلسلہ نقشبندیہ نظم کرکے سنایا تو بہت خوش ہوے۔ اور باطنی عنایات سے سرفراز کیا۔ یہ بڑے بزرگ صاحب کشف ویقین وفائز بمراتب تمکین تھے۔ اکثر فرمایا کرتے تھے کہ اویسیہ گروہ (منسوب بخواجہ اویس قرنیؒ) کے بدن پر سفید داغ مثل برص کے ہوتے ہین۔ جیسے کہ حضرت اویس قرنی رح کے بدن پر تھے۔ مین نے خود ایک بزرگ سید اویس اویسی کو دہلی مین دیکھا تھا۔ جنکے داغ برص کے داغون کے مشابہ تھے مین نے پوچھا تو فرمایا کہ یہ اویسیت کا نشان ہے"۔ یہ حضرت شاہ محمد معصوم رح کے بعد تک زندہ رہے

جیسا کہ قول معروف سے معلوم ہوتا ہے۔ مزید حالات نہ معلوم ہو سکے

محمد محسن

مداح رسول اکرم حسان الوقت مولوی محمد محسن متخلص بہ محسن۔ ابن مولوی شاہ حسن بخش۔ ابن مولوی شاہ حسین بخش شہید۔ ابن حضرت شاہ میر محمد قلندر عرف میرن میان برادر خرد حضرت شاہ محمد کاظم قلندر قدس سرہ۔

ولادت انکی بمقام کاکوری ۱۲۴۲ھ مین ہوئی۔ نظر محمد تاریخی نام تھا۔ تربیت و تعلیم اپنے جد امجد و والد ماجد و مولوی عبدالرحیم سے حاصل کی۔ حضرت شاہ کرامت علی قلندر قدس سرہ کے مُرید تھے۔ دس سال تک جد امجد کے سایۂ عاطفت مین رہے۔ اُسی زمانہ مین انکو خواب مین شرف بیعت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے حاصل ہوا۔ اور اُسی زمانہ مین خواب مین دیکھا تھا کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنی زبان مبارک انکے مُنھ مین دیدی۔ جس کے اثر سے نعت گوئی کا شوق پیدا ہوا۔ اور وہ بہت مقبول خاص و عام ہوا۔ اس سے بڑھکر اور مقبولیت کی دلیل کیا ہو سکتی ہے۔ کہ ایک صاحب نے خواب مین دیکھا کہ دربار رسالت ہے۔ اور دیگر مداح اپنے اپنے قصائد پڑھ رہے ہین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مولوی محسن کا سرا پا سناؤ وہ اچھا ہے اور ہمارے یہان مقبول ہے۔

ابتدا مین یہ بمقام مین پوری عہدۂ نظارت پر مامور رہے۔ اور وہین سے وکالت ہائیکورٹ کا امتحان دیکر کامیابی حاصل کی۔ اُس زمانہ مین صدر دیوانی عدالت آگرہ مین تھی۔ بعد کامیابی آگرہ مین بود و باش اختیار کی۔ غدر ۱۸۵۷ء تک آگرہ مین رہے۔ اُسکے بعد مین پوری مین مستقل قیام کر کے وکالت کو خوب ترقی دی۔ چند روز مین اُنکی دیانت راستبازی۔ صفائی معاملہ۔ نازک خیالی عالی دماغی کی دُھوم مچگئی۔ حکام خاص عزت اور وقعت کی نظر سے دیکھنے لگے۔

ہر شخص سے خندہ پیشانی کے ساتھ ملتے۔ اور ہر ایک کے دُکھ درد مین شریک ہوتے ایکسان جوہرطبعی تھا۔ وضعداری و مروت و اخلاق کا بے مثل نمونہ تھے۔ جس شخص سے جو برتاؤ ایک وقت

ہو جاتا ۔ اُسکو آخر تک نباہتے ۔ جاہ و ثروت بہت حاصل کی ۔ جس چیز نے حقیقتاً اُنکی شہرت کو معراج کمال تک پہونچایا وہ اُنکی شاعری و انشاپردازی تھی ۔ جس کا شہرہ تمام ہندوستان میں ہے نثاری میں مرزا بیدل کا طرز تھا ۔ نظم نعتیہ زیادہ ہے ۔ عاشقانہ بھی ہے ۔ مگر کم لغز اور معمے اور بدایع وغیرہ بھی ہین ۔ فن شاعری مین تلمذ مولوی ہادی علی اشک بجنوری سے تھا ۔

انھون نے جب سے قصیدہ مدیح خیرالمرسلین لکھا اور عہد کیا کہ ؎

ہے تمنا نہ رہے نعت سے تیری خالی　　　نہ مرا شعر نہ قطعہ نہ قصیدہ نہ غزل

اسکے بعد سے سوا نعت کے کل اصناف سخن ترک کر دیئے ۔ کلام نعتیہ جیسا کچھ ہے محتاج ثنا و صفت نہین ۔ حقیقت یہ ہے کہ جامی و نظامی جو نعت گوئی مین بے مثل گذرے ہین ۔ اگر اُردو کہتے تو اس سے بہتر نہ کہتے ۔ مستقل تالیفات نظم سے سراپائے رسول اکرم ۔ مثنوی صبح تجلی ۔ مدیح خیرالمرسلین ۔ چراغ کعبہ ۔ مخمس نعتیہ ۔ مثنوی شفاعت و نجات ہین ۔ اور انکے علاوہ اور قصائد و مثنویان و رباعیات و غزلین و مخمس و لغز و معما و تواریخ ہین ۔ ان سب کا مجموعہ موسومہ به **کلیات نعت مولوی محمد محسن** ۔ انکے بڑے صاحبزادے مولوی نورالحسن نیر نے مطبع نامی کانپور مین طبع کرایا اُسکے بعد یہ مجموعہ ایکبار اور طبع ہوا ۔ اس سے قبل مصنف کی حیات مین بھی کلام سنبلستان رحمت کے نام سے طبع ہوا تھا اور لوگون نے نہایت قدر کی اور اب بھی قدر کرتے ہین ۔

عام جوہر ان کے کلام کا مضامین کی بلند پردازی ۔ الفاظ کا شان و شکوہ ۔ بندش کی چستی ۔ استعارون کی رنگینی ۔ اور قصہ طلب تلمیحات ہین جس مین اُن کے معاصرین مین کوئی انکا شریک نہین ۔ بلکہ اردو شاعری مین اسکا جواب نہین ۔ نمونۂ کلام فارسی و اُردو بغرض تفریح طبع ناظرین درج ذیل ہے ۔

اشعار فارسی

جز احمد بے میم نہ غیبی نہ شہودے　　　جز احمد با میم نہ بودے نہ نمودے

از قطرہ چکیدن خوش از دانہ میدن　　　سر باد سجودے و دہن باد درودے

سرسبز کن اے سید ابرار مرا　　　دہ رونق نخل گل بہ گلزار مرا

چون دانہ ہزار بار بر روے زمین — گرچرخ بیفگند تو بردار مرا

زان پیش بیا کہ من بخاک آمیزم — جان چون گہر سخن بپایت ریزم

در صفحۂ دیدہ و دلم اے محبوب — بنشین چون نام و چون نگین برخیزم

اشعار اردو

عناصر کی یارب یہ تقدیر ہو — کہ اس چوکھٹے مین یہ تصویر ہو

نازل ہے زمین پہ کبریائی — بندہ کے لباس مین خدائی

مٹا ڈالین بنا کر صورتین آدم سے تا عیسے — تب آیا راست نقشہ کلک قدرت سے ترے قد کا

خدا نے زیب و زینت کی جو بزم آفرینش کی — لگایا اُس مین قد آدم آئینہ ترے قد کا

کھنچی پہلے تری تصویر ازل مین دست قدرت سے — ہوا لفظ خدا سے اشتقاق اول ترے خد کا

باغ تنزیہہ مین سر سبز نہال تشبیہ — انبیا جسکی ہین شاخین عرفا ہین کوپل

گل خوشرنگ رسول مدنی عربی — زیب داماں ابد طرۂ دستار ازل

اوج رفعت کا قمر نخل دو عالم کا ثمر — بحر وحدت کا گہر چشمۂ کثرت کا کنول

مرتے دم تک انتظار دلبر رعنا رہا — دیر تک آنکھون مین وقت نزع دم اٹکا رہا

اے فلک ہم نے تجھے تھا ماستون آہ پر — پر ہمیشہ سے ترا محسن کشی شیوا رہا

انکا کلام خیالات نادرہ و سخن آفرینی و فصاحت و بلاغت کا ایک عالم ہے۔ جسے دیکھکر انسان حیران ہو جاتا ہی ہر شعر درحقیقت معراج بلاغت ہی اور اپنی نوعیت مین بیمثل ہی۔

انھون نے بتاریخ ۲۸ ماہ صفر روز دوشنبہ ۱۳۲۳ھ بمقام مین پوری بعارضۂ اسہال کبدی انتقال کیا۔ اور وہین متصل عیدگاہ دفن ہوئی۔ قطعۂ تاریخ انتقال از مولوی امجد علی تلمیذ کاکوروی

چون اخی ہیچو نام خود محسن — صاحب جاہ و عزت و حشمت

کرد رحلت ازین جہان افسوس — بس الم رد نمود و بس حسرت

طبع وقاد ذہن ثاقب داشت — سحر گفتار بود و خوش فکرت

نثر او ہمیشال وسحر حلال | نظم او نادر و ہمہ حکمت
گفت امجد بہ سال تاریخش | شد معزز بدولت جنّت

۱۳۲۳ھ

محمد مستعان

مولانا محمد مستعان۔ ابن شیخ عبد السبحان۔ ابن شیخ درویش محمد۔ ابن شیخ عزت اللہ۔ ابن شیخ علیم اللہ۔ ابن شیخ عبد العزیز۔ ابن شیخ عبد الملک۔ ابن حضرت مخدوم شیخ قیام الدین رح انکا شمار علماے ربانی ومقربین بارگاہ یزدانی سے تھا۔ کتب درسیہ شاہ محمد وارث کاکوروی۔ وملا محمد اعلم سندیلی سے پڑھین۔ ذہانت اور فطانت فطری تھی۔ زمانۂ طالب علمی مین جس کسی سے بحث کرتے غالب رہتے۔ بہت بڑے زاہد اور متقی اور متورع تھے۔ بوجہ غایت احتیاط بازاری گوشت نوش نہ فرماتے۔ بلکہ خود ایک بکری کا بچہ خریدتے۔ اور اُسکو اپنی مملوکہ زمین کی گھاس کھلاتے جب فربہ ہوجاتا۔ تب اُسے ذبح کرتے۔ اکثر حصہ اسکا خیرات کرتے۔ اور بقیہ اپنے صرف مین لاتے ہمیشہ یہی معمول رہا۔

امور شرعیہ کے بہت پابند تھے۔ ایک مرتبہ ماہ رمضان المبارک مین شدید تپ آئی۔ مولوی حکیم حسن بخش نامی کاکوروی نے روزہ کے افطار کے لئے اصرار کیا۔ اور اُسکا ضرر بیان کیا۔ جواب مین ارشاد فرمایا کہ مسئلہ شرعی وطبی دونون مجھے معلوم ہین میرے عقیدہ مین یہ ہے کہ روزہ کی برکت سے خود بخود بخار رفع ہو جائیگا۔ اور حُبّ ایمانی اسی کی مقتضی ہے کہ مین اسی حالت مین رہون۔ اور اگر حالت صوم مین مر بھی جاؤن۔ تو اس سے بڑھکر کون سی خوش قسمتی ہو سکتی ہے۔ غرضکہ افطار نہین کیا اور اسی حالت مین انکو صحت ہوئی۔

یہ اپنے زمانہ کے حضرات صوفیہ کے بارہ مین اچھی راے نہ رکھتے تھے۔ اکثر کہتے کہ اس زمانہ مین سواے شاہ محمد کاظم قلندر کے مین کسی کو صوفی نہین سمجھتا۔ اُنکی ذات الشیخ فی قومہ کالنبیّ فی اُمتہ کے مقولہ کے مصداق ہے۔

علم انساب وتاریخ کے بھی بہت بڑے ماہر تھے۔ با این ہمہ ہمیشہ سپاہیانہ وضع مین بسر کی ابتداے عمر مین سوارون مین نوکر رہے۔ بعد اُسکے ملازمت ترک کر دی درس دینا شروع کیا۔ جس کا سلسلہ وفات تک قایم رہا۔

منقول ہے کہ جو طالب علم انکے حلقہ درس مین شریک ہوتا۔ اولاً اُس سے عہد لیتے کہ حتی المقدور سبق ناغہ نہو۔ سواے دو وقتون کے یا تو کوئی طالب علم کے یہان مرجائے یا خود میرے یہان کوئی واقعہ ہو۔ ان دو صورتون مین البتہ سبق ناغہ ہوسکتا ہے۔ اسکے علاوہ اور جس حال مین ہو اپنے کو ضرور پہونچاوے اور سبق پڑھے۔ حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ (کہ جو انکے ارشد تلامذہ سے تھے) اکثر بسبیل تذکرہ اس قصہ کے بعد فرماتے کہ میرا سبق کبھی ناغہ نہین ہوا مین برابر حاضر رہتا اور پڑھتا بہ نسبت اور شاگردون کے مجھپر بہت شفقت فرماتے۔ اور فرط شفقت سے مجھکو بجاے تقی کے تقا کہکے پکارتے۔ مین اور لوگون سے زیادہ آپ کی خدمت مین گستاخ تھا۔

انکو دلائل الخیرات کی اجازت حضرت شیخ محمد۔ ابن شیخ عبداللہ۔ ابن شیخ ابی الحسن سے تھی۔ اور انکو پانچ واسطون سے حضرت مصنف سے اجازت پہونچی تھی۔ حضرت شاہ تقی علی قلندر نے وہ اجازت ان سے حاصل کی۔ چنانچہ اس خاندان مین یہی طریقہ زیادہ رائج ہے۔

منقول ہے کہ نواب معتمد الدولہ آغا میر بھی انکے شاگرد تھے۔ اور انکا بہت ادب ولحاظ کرتے تھے۔ ایک مرتبہ آغا میر نے اپنے یہان کے علماء سے ایک مسئلہ پوچھا۔ اُنھون نے جواب شافی دیا۔ اُسپر آغا میر نے کہا کہ اگرچہ شرعی حکم ایسا ہے۔ لیکن مجھے مناسب نہین معلوم ہوتا انکو سُنکر بہت سخت غصہ آیا۔ فرمایا کہ تم شرعی حکم مین اپنی راے شامل کرنا چاہتے ہو۔ جاؤ اپنا کام کرو مین خلاف شریعت کچھ سننا نہین چاہتا۔ یہ کہکر اُٹھ آئے۔ غرضکہ جو امور علماے باللہ وراسخین فی العلم مین ہونا چاہیے وہ سب انکی ذات مین موجود تھے۔

منشی فیض بخش مرحوم اپنے نسبنامہ موسومہ بہ چشمۂ فیض مین لکھتے ہین کہ:۔

"مولوی محمد ستعان فاضل ذہین وخوش تقریر است غیرتِ جبلّی داشت در طالب علمی باہر کہ

بحث میکرد غالب می شد تا حیات شاه شرف الدین عرف شاہ مدن رفیق او ماند در خالصپور قیام

میداشت۔ نسب مادری بحضرت مخدوم نظام الدین قاری می پیوندد۔"

انکا سلسلہ نسب حضرت مخدوم قاری نظام الدین تک اسطرح پہونچتا ہے کہ۔ مولوی محمد مستعان

نواسہ شاہ محمد وارث۔ ابن حافظ ابو المعالی۔ ابن شیخ عبد المنعم۔ ابن شیخ فتاح۔ ابن شیخ فتن۔ ابن

مخدوم نظام الدین بھیکھہ ہے

وفات انکی یکم ماہ رجب المرجب ۱۲۳۲ھ مین ہوئی۔ مزار اپنے باغ قدیم بیرون محلہ ولی نگر

(کاکوری) معروف بہ بیرہانہ مولوی محمد مستعان مین واقع ہے۔

انکے ایک بیٹے غلام محی الدین تھے۔ جو نہایت ذہین اور فاضل تھے۔ عبارت فارسی

خوب لکھتے۔ ایسی کہ ظہوری و بیدل کا مقابلہ کرتے۔ طب کا بھی شوق تھا۔ بدو شعور سے تحصیل علم مین

مشغول رہے۔ علوم فقہ و حکمت و اصول مین سر آمد روزگار ہوئے۔ مدۃ العمر تجرد اور درویشی مین بسر کی۔

منشی فیض بخش مرحوم کے وسیلہ سے فیض آباد گئے تھے۔ اور وہان اپنا نام مہر علی رکھا تھا عین

شباب مین ۱۲۱۵ھ مین بمقام کاکوری انتقال کیا۔ اور اپنے باغ مین دفن ہوئے

محمد مسیح

شیخ محمد مسیح المخاطب بہ مسیح الزمان خان۔ ابن ملا بدیع الزمان۔ ابن ملا محمد رضا۔ ابن ملا محمد اشرف

ابن ملا عبد القادر۔ ابن حافظ شہاب الدین۔ ابن حضرت مخدوم قاری نظام الدین رحمۃ اللہ علیہ

یہ نہایت خوش نصیب و قابل۔ صاحب عزت و جاہ و با اقبال تھے۔ دکن مین جاکر نواب

انور علی خان کی سرکار مین معتمد ہوئے اور بہت اعتبار و اقتدار پیدا کیا۔ ایسا کہ مخاطب بخطاب

مسیح الزمان خان ہوے۔ بڑے ذی ثروت اور با شجاعت و سخاوت تھے۔ مدۃ العمر دکن ہی مین رہے

اور وہین انتقال کیا۔ مزید حالات نہ دریافت ہو سکے۔

محمد مشرف

شیخ محمد مشرف ابن حافظ خلیل الرحمن شہید ۔ یہ نہایت قابل اور شجاع تھے ۔ خیرآباد ضلع سیتاپور (اودھ) مین بزمرۂ سواران ملازم تھے ۔ حضرت مخدوم شیخ سعد خیرآبادی کے مزار پر اکثر حاضر ہوتے ۔ وہان کے لوگون سے کہتے کہ اگر مین یہین مرون تو میری قبر درگاہ مین خرمہ کے درخت کے نیچے بنانا ۔ لوگ سنکر چپ ہو جاتے ۔ چونکہ یہ امر خدائی تھا ۔ ویسا ہی ہوا ۔ اُسی زمانہ مین ایک روز قریب گاؤن کے ایک زمیندار کے یہان جو اُنکے دوستون مین تھا گئے ۔ جس طرح بے تکلفانہ ملاقات اور گفتگو کیا کرتے تھے کی ۔ اُس زمیندار کے لڑکے نے یہ سمجھ کر کہ یہ ملازم شاہی ہین میرے باپ کو پکڑنے آئے ہین نادانستہ پشت پر سے آکر تلوار ماری اُس سے یہ شہید ہو گئے ۔ انکے بہت سے اعزّہ بھائی بند ہین فوج مین ملازم تھے ۔ انھین خبر ہوئی ۔ وہ سب آئے اور اُسی مقام پر جہان کہا کرتے تھے دفن کیا ۔ بعد اسکے انکے بھائی شیخ محمد نواز نے قبر پختہ بنوادی جو اب تک موجود ہے ۔ اور قبر شیخ زادہ کاکوری کے نام سے مشہور ہے ۔ درخت خرمہ البتہ باقی نہین رہا ۔ مزید حالات سنہ ولادت و وفات وغیرہ نہ دریافت ہو سکے ۔

محمد معصوم

حضرت شاہ محمد معصوم اویسی صدیقی ۔ ابن غلام مبارک معروف بہ شاہ مبارک ۔ ابن حافظ خیریت خان ۔ ابن قایم خان ۔ ابن جلال خان ۔ ابن چودھری مبارک خان صدیقی ۔ ابن شیخ محمد ابن شیخ فتح صدیقی ۔

یہ گروہ چودھریان سے تھے ۔ چودھری محلہ مین انکا مکان تھا ۔ انکے جد شیخ مبارک خان کو شہنشاہ اکبر کے یہان سے ۹۷۰ھ مین خطاب خانی معہ فرزندان و عہدۂ چودھرائی قصبہ عطا ہوا تھا ۔ جنکی اولاد مین چودھری محلہ کے لوگ ہین اور اب تک چودھری کہے اور لکھے جاتے ہین ۔

مولوی محمد معروف ابن مولوی کلیم اللہ ساکن بسوان (ضلع سیتاپور) مرید و مسترشد خاص اپنی کتاب منظور اویسیہ ملقب بہ قول معروف میں (جو در اصل انھیں کا ملفوظ ہے۔ اور اسکا سنہ تالیف ۱۲۷۰ھ ہے) لکھتے ہیں کہ:۔

"انکا وطن اصلی قصبہ کاکوری تھا۔ جو نہایت بافیض جگہ ہے۔ اور اُسکے متعلق مین نے حضرت پیرو مرشد سے سُنا کہ اس قصبہ مین ہمیشہ ایک ولی رہتا ہے۔ جب وہ انتقال کرتا ہے۔ تو دوسرا اُس کا قائم مقام ہوجاتا ہے۔ اگر اس قصبہ کو یمن و قرن کہین تو درست ہے۔ کیونکہ اللہ تعالے نے ایسا ولی کامل صاحب ارشاد اس جگہ پیدا کیا جو بے نظیر ہے"۔

انکی والدہ ماجدہ شیخ عبد الستار ساکن موضع امرائی کی بیٹی تھین۔ جب شاہ صاحب اپنی والدہ ماجدہ کے پیٹ مین تھے تو اُنھون نے حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو خواب مین دیکھا تھا۔ کہ اُنھون نے یمنی چادر اپنے ہاتھ سے اُنکے اوپر ڈالدی۔ بعد بیداری اُنھون نے یہ واقعہ اپنے والد شیخ عبد الستار سے (جو نہایت صالح و پرہیزگار شخص تھے) بیان کیا۔ وہ سُنکے بہت مسرور ہوے۔ اور کہا کہ ابھی لڑکا ولی کامل صاحب رشد و ہدایت پیدا ہوگا۔ مین نے خود اس سے قبل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت خواب مین کی تھی۔ مجھے بھی ولی کامل کی بشارت ملی تھی۔ مین سمجھا تھا کہ میرے لڑکون مین سے کوئی ولی ہوگا۔ الحمد للہ کہ اس خواب سے مفصل معلوم ہوگیا کہ میرا نواسہ ہوگا۔

جب یہ تین برس کے ہوئے۔ تو آثار صلاحیت و سعادت ظاہر ہونے لگے۔ سات برس کی عمر مین کلام مجید ختم کیا۔ اور طریق خدمت اختیار کیا۔ مسافرین و بیوگان کا کام کرتے۔ ایسا کہ خود انکا آٹا پیسدیتے۔ کھانا پکا دیتے۔ پانی بھر دیتے۔ جھاڑو وغیرہ دیدیتے۔ صاحب رشد و ارشاد ہونے تک برابر یہی کام کرتے۔ اور اکثر کہا کرتے کہ جس شخص کو مقام معرفت پر پہونچنا منظور ہو۔ وہ فقرا و مساکین و غربا کی خدمت اختیار کرے۔

کتب مختصرات عربی و فارسی مختلف علما سے پڑھین۔ اور در حقیقت تمام علوم انکے وہبی تھے جب انکی عمر اٹھارہ سال کی ہوئی۔ تو انکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و خلفا اربعہ کی زیارت ہوئی۔

اسطور پر کہ سب کو ایک بلند مکان پر دیکھا عرض کیا کہ مین کس طرح وہان حاضر ہون ۔ فوراً آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے تھوڑی سی گھاس نیچے ڈالدی ۔ اور ارشاد فرمایا کہ اس پر چلے آؤ ۔ چنانچہ یہ گئے ۔ اور وہان اچھی طرح زیارت سے مشرف ہوے ۔ اس واقعہ کے بعد سے ان مین طلب حق پیدا ہوگئی ۔ یہ لکھنؤ تشریف لے گئے ۔ اور حضرت مخدوم شاہ مینا قدس سرہ کے مزار پر چلہ کشی کی ۔ اور اور بھی ریاضات شاقہ کئے ۔ جس سے انکو مرتبہ کشف کونی حاصل ہوا ۔ وہان سے پھر فتحپور بسوان (ضلع بارہ بنکی گئے ۔ وہان بقدر قوت لایموت فرد وری کر کے بسر اوقات کی ۔ پھر موضع منجھگوان متصل فتحپور بسوان ضلع بارہ بنکی مین حضرت مخدوم شیخ سارنگ پیر و مرشد حضرت مخدوم شاہ مینا لکھنوی کے مزار پر چند روز رہکر کاکوری واپس آئے ۔

ملا کمال الدین فتحپوری ۔ و ملا احمد عبد الحق فرنگی محلی ۔ و ملا احمد حسین فرنگی محلی ۔ و ملا محمد حسن شارح سلم فرنگی محلی سے انسے بہت رسم و اتحاد تھا ۔ کاکوری پہونچکر ضیاء الدین نامی از قوم جنات انکا بہت معتقد ہوا ۔ جب تک یہ کاکوری مین رہے ۔ مجاہدہ و ریاضت مین مشغول رہے ۔ تمثل و تعدد امثال کی قدرت پورے طور پر حاصل تھی ۔ اکثر لوگون نے متعدد بار انکو ایک ہی وقت مین عید کے روز مکان مین اور نیز عید گاہ مین دیکھا ۔ جب کہ یہ خلوت نشین تھے اور حجرہ سے باہر نہ نکلے تھے ۔ اکثر بزرگان معاصرین انکو ابدال کہتے تھے ۔

کرامات و خوارق و عادات بھی بہت صادر ہوئے ۔ اسی زمانہ مین یہ دہلی بھی گئے تھے ۔ اور حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کی درگاہ پر ایک سال اقامت کی ۔ وہان بھی بہت سے لوگ ان سے فیضیاب ہوے ۔ پھر کاکوری واپس آئے اور وہین قیام اختیار کیا ۔ نواب سعادت خان برہان الملک صوبہ دار اودھ کو انکی خدمت مین بہت اعتقاد تھا ۔ آخر زمانہ مین جب انکی عمر پچاس سال کی ہوئی تب کاکوری کی سکونت ترک کر کے لکھنؤ مین معالیخان کی سرا ے مین قیام اختیار کیا ۔ اور مستقل طور پر وہین سکونت کرلی ۔

بیعت انکو بطریق اویسی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے تھی ۔ اور اسی طریقہ پر یہ مرید کرتے اس

امر کا پتہ نہیں چلتا کہ انکو علم ظاہر مین اجازت و خلافت و بیعت کن بزرگ سے تھی۔ انکے ایک مُرید میان سیف علی کا شجرہ انکا دستخطی اور صحیفہ انھین کے نام کا مل گیا۔ جو درج ذیل کیا جاتا ہے۔

نقل شجرہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ اشہد ان لا الہ الا اللہ واشہد ان محمداً عبدہ ورسولہ لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک و لہ الحمد یحیی ویمیت وھو حی دایم لا یموت بیدہ الخیر وھو علی کل شیئ قدیر۔ سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ولاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم اللھم انی استغفرک من کل ذنب اذنبتہ عمداً او خطاءً سراً وجہراً وعلانیۃ واتوب الیہ من الذنب الذی لا اعلم وانت علام الغیوب لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم وبحمدہ استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم۔ و اتوب الیہ۔ تراب اقدام مساکین غریب معصوم بیعت بلا واسطہ من سراج الاولیا والانبیا محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وسلم دارد۔ ومیان سیف علی از من معصوم۔ ذلک فضل اللہ یوتیہ من یشاء واللہ ذوالفضل العظیم۔ اللھم صل علی محمد وعلی ال محمد بعدد من صلی علیہ اللھم صل علی محمد وعلی ال محمد بعدد من لم یصل علیہ اللھم صل علی محمد وعلی ال محمد کما تحب وترضیٰ ان تصلی علیہ اللھم صل علی محمد وعلی ال محمد کما امرتنا بالصلوۃ علیہ اللھم صل علی محمد وعلی ال محمد کما ینبغی الصلوۃ علیہ فقط

نقل صحیفہ

"بسم اللہ الرحمن الرحیم حبیب من وحبیب اللہ ورسولہ میان سیف علی سلمہ اللہ تعالے از جانب غریب معصوم سلام بصد اشتیاق بآن مقبول حضرت حق برسد او سبحانہ کہ ارحم الراحمین است۔ آن حبیب را از شر جمیع ظالمان وحاسدان وبدخواہان در ظل نظر کرم ورحم خود در آوردہ با جمعیت وفیض ربانی وباعزت ابدی دارد۔ حبیب من ددیا و حضرت احد کریم دایما مشغول باشند واز فعل بخود را باز دارند ودر خدمت والدین

سعادت شناسا بعیت آن حبیب در جناب ارحم الرحمین قبول و محبوب و قضاء رب کریم رحیم زیادہ سلامت

عمر و جمعیت ظاہر و باطن باعزت و فیض رسانی ابداً ابداً روزی کناد فقط

انکے دو واقعہ متعلق بہ تعدد مثال عجیب و غریب ہین۔ اول یہ کہ عید الاضحیٰ کے روز یہان کے متقدین اس غرض سے انکی خدمت مین حاضر ہوئے۔ کہ انکے ساتھ عیدگاہ جائین۔ انھون نے صاف کہدیا کہ "تم لوگ جاؤ بیچارہ معصوم آتا رہیگا" حسب ارشاد کچھ لوگ اُن مین سے عیدگاہ چلے گئے اور کچھ بوجہ فرط محبت انتظار مین بیٹھے رہے۔ عیدگاہ پہونچکر اُن لوگون نے انکو وہان موجود پایا۔ واپس آکر مکان کے لوگون سے معلوم ہوا کہ یہ آج گھر سے باہر ہی نہین نکلے۔

دوسرا قصہ یہ ہے کہ ایک شخص باشندہ قصبہ سہالی انکی ملاقات کی غرض سے آیا۔ جب ایک کوس مسافت رہگئی۔ تو اُسنے وہین تالاب پر انکو وضو کرتے ہوئے دیکھا۔ پہچان کر سلام کیا انھون نے فرمایا کہ حجرہ کے وہان جاؤ۔ جب وہان آیا تو انکو وہان بھی موجود پایا۔ متعجب ہو کر اُس نے خادمون سے دریافت کیا معلوم ہوا کہ آج یہ حجرہ سے باہر گئے ہی نہین۔

انکا مختصر مفید حال ملا وجیہ الدین اشرف لکھنوی نے اپنی کتاب بحر زخار مین بھی لکھا ہے۔ جو یہ ہے:۔

"آن صحیح الحال فی عشق المحبوب آن صاحب کمال دلیل عالم مرغوب آن در فنائے شاہد بے نشان معدوم افضل العصر حضرت شاہ محمد معصوم اصلش از قصبہ کاکوری است۔ اورا از روح مطہرہ منورہ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم تلقین و فیض بود و از بد و فطرت طلب الٰہی پیدا شدہ بود۔ بہ لکھنؤ بر مزار متبرکۂ حضرت شاہ مینا آمدہ خدمت مردم میکرد و وجہ معاش خود از مزدوری می نمود۔ بعد چندے بروضۂ حضرت مخدوم شاہ سارنگ رفتہ مشغول ماند۔ بعد چندے از انجا بہ فتحپور آمدہ قیام نمود و از انجا بہ بانسہ رفت و اربعین کشیدہ۔ حضرت شاہ عبد الرزاق بانسوی ازان راہ گذشتہ شنید کہ درویشے درینجا معتکف است سیداً واز داد اے مرد خدا رمے خود بنما۔ جواب نداد و در باز نکرد و باز گردید و بجاے مقصود خود رفت۔ آخر شن بوطن اصلی خود رجوع نمود از مناقشہ و حسد برادران در انجا ماندن نتوانست

بقصد اقامت بہ لکھنؤ آمد و در سرائے معالیخان استقامت نمود۔ از ابتدا تا انتہا روئے خود را پوشیدہ داشت گاہے کسے بشرۂ شریفش را مفصل ندید۔ الا محمد ابراہیم و عبد اللطیف و عبد الباری پسران او کہ وقت متوالی بے حجاب می نشست۔ و این خدمت از دست پسران بیگرفت و از درین حال شانے عظیم است بیکسانہ و غریبانہ می گذرانید۔ بسیار مرد با برکت و باکمال بود۔

انکی وفات بتاریخ ۲۸ ماہ جمادی الاولے روز پنجشنبہ وقت شب ۱۲۲۱ھ ہوئی۔ ۲۵ ماہ جمادی الاولے روز دوشنبہ وقت شب انھون نے ایکبارگی کسی طرف اشارہ کیا۔ جسکو حاضرین مین سے کوئی شخص نہ سمجھا۔ پھر اُسکے بعد فرمایا کہ:

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ اشہد ان لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ واشہد ان محمدًا عبدہ ورسولہ۔ معصوم بندہ غریب و عاجز ہے اور خدا تمام خلایق کا معبود اور ہمیشہ قائم و موجود ہے سب فانی ہوجائینگے۔ اور وہ ہمیشہ باقی رہیگا۔

اس ارشاد کے بعد حضرت فریدالدین عطار رحمۃ اللہ علیہ کی مناجات سنی اور ارشاد فرمایا کہ:۔

میری چارپائی قبلہ کی جانب کر دو میرے لڑکے و مریدین ہمیشہ خدا کے ذکر مین مشغول رہین۔ اور میرے طریقہ پر عامل رہین۔ اور مجھے دریا کے پانی سے غسل دین۔ اور جب مین مرجاؤن تو میرے تینون لڑکے اور شاہ امان اللہ میرے سر مین رسّی باندھ کے شہر کے ہر گلی کوچہ مین پھراکے کہین کہ یہ غریب معصوم کی نعش ہے۔ کہ جو فقیر مشہور تھا۔ اور اُسنے کچھ حاصل نہین کیا۔

اسکے بعد انکو خود بخود بہت ضعف ہوگیا۔ اور بڑھتا گیا۔ یہان تک کہ ۲۸ تاریخ کو انتقال ہوگیا۔ نماز جنازہ حسب وصیت ملا احمد عبد الحق فرنگی محلی نے پڑھائی۔ مزار شریف لکھنؤ محلہ سرائے معالیخان مین ہے۔ سابق مین عرس بھی ہوتا تھا۔ قطعہ تاریخ وفات آنحضرت از مولوی محمد معروف صدیقی جامع ملفوظ؎

شاہ معصوم قدوۂ اعظم ہادی و مرشد بنی آدم
رفت ازینجا بسوے دار الخلد بہر تاریخ در دل پُر غم

گفت ہاتف کہ در شب جمعہ رفتہ معصوم پاک زین عالم
۱۲۹۲ھ

انکے خلفا حسب ذیل حضرات ہوئے (۱) حضرت شاہ محمد ابراہیم خلف اکبر و جانشین ملقب بہ سلطان العرفا والعلما - جنکے بعد جانشین انکے صاحبزادے شاہ نبی بخش ہوے (۲) شاہ عبداللطیف خلف اوسط آنحضرت (۳) شاہ عبدالباری خلف اصغر ملقب بہ عاشق الٰہی (۴) حضرت شاہ امان اللہ (۵) شاہ وجہ الدین ساکن بانس بریلی - اور عمدہ مسترشدین مین مولوی محمد معروف جامع ملفوظ قول معروف تھے

محمد منتجب

شیخ محمد منتجب ابن ملا عبدالرقیب - انھون نے بدو شعور سے ناز و نعمت کے ساتھ اپنے والد بزرگوار کے سایۂ عاطفت مین پرورش پائی - اور تعلیم و تربیت حاصل کی - انھین کی فیض صحبت سے اُمور فقر مین بھی دستگاہ کامل پیدا کی -

بیعت و اجازت و خلافت ان کو اپنے والد سے تھی - صباحت ظاہر و وجاہت صورت بہت تھی - ابتدا ہی سے علما و فضلا و فقرا و ادبا کی صحبت پسند کرتے - مولوی عبدالغفور اشرفی بھاگلپوری و مولوی فصیح اللہ قدوائی و مولوی زین العابدین سندیلی وغیرہ سے برابر مشاعرے و مناظرے ہوا کرتے تھے - شعر بہت اچھا کہتے تھے - فن موسیقی بھی خوب جانتے تھے - اُستاد و ماہران فن شریک صحبت ہوتے - اکثر راگ انکے مخترعات سے مشہور و معروف تھے - مدۃ العمر خوش آواز قوال نوکر رہے - بعد فراغت کاروبار دنیاوی سماع سنتے تھے - لباس نہایت نفیس پہنتے تھے - مہمان نوازی بھی بہت کرتے - دس روپیہ یومیہ کا باورچی نوکر تھا - توشہ خانہ مین ہر وقت تین سو جوڑے تیار موجود رہتے - غرضکہ امارت ولیاقت تعلیم و تربیت و سخاوت وغیرہ مین یہ فرد تھے -

ابتدا مین یہ کئی سال نواب سرفراز خان کے یہان عہدہ بخشی گری پر مامور رہے - بعد اُسکے دہلی گئے - وہان بعد انتقال اپنے والد ماجد کے اُنکی جگہ پر بسفارش مرزا یار علی بیگ مامور ہوے

بعد انتقال مرزا صاحب نواب لطف اللہ خان صادق مقرر ہوے تو اُنھون نے بھی انکو بحال رکھا۔

اُس زمانہ مین انکا قیام لکھنؤ مین تھا۔ یہان کے امرا و صوبہ داران سے بہت مراسم تھے۔ مساوات کا برتاؤ تھا۔ نظام الملک آصف جاہ سے اچھے خاصے مراسم تھے۔ وہ انکی لیاقت اور طباعی اور ذکاوت کی وجہ سے بہت عنایت کرتے۔ اور اپنے رفقا مین شمار کرتے۔ خلوت وجلوت مین شعر وسخن کا تذکرہ رہتا۔

دوبارہ عہد فرخ سیر مین پھر دہلی گئے۔ تو نواب آصف جاہ صوبہ داری دکن پر اُسی زمانہ مین مامور ہوے تھے۔ ان سے ملاقات کے وقت کہتے تھے کہ صوبہ اودھ کو چھوڑ کر دکن چلئے۔ وہان اس سے زائد آپ کا عروج ہوگا۔ انھون نے بوجہ بُعد مسافت انکار کیا۔ پھر اُنھون نے کہا کہ اپنے کسی لڑکے کو ساتھ کر دیجئے۔ تب انھون نے کہا کہ بڑا لڑکا محمد صالح ابھی طالب علمی کرتا ہے لہذا مجبوری ہے۔ بعد شہادت فرخ سیر انھون نے علیحدہ ہونے کا ارادہ کیا۔ وطن آئے۔ یہان اپنے صاحبزادہ کی شادی نہایت دھوم سے کی۔ بعد اُسکے استعفا دیدیا۔ باوجود امارت دنیاوی رشب بیدار۔ عبادت گذار۔ اہل دل اپنے والد کے قدم بقدم تھے۔

شیخ فصیح اللہ قدوائی بانسوی محافل خمسہ مین انکے متعلق لکھتے ہین کہ۔

"یہ بادۂ محبت صمدی و نشاط یاد سرمدی سے سرشار رہتے۔ اوقات انکے اذکار خالق کن فیکون سے معمور۔ اور دل انکا افکار قادر بیچون سے مسرور رہتا"۔

انکے باورچی خانہ کا خرچ زمانہ خانہ نشینی مین بھی پچاس روپیہ یومیہ کا تھا پچیس خاصہ بردار دس خدمتگار پندرہ کہار اور ایک چوکی قوال نیز تمام پیشہ ور انکے یہان ہمیشہ ملازم رہے۔ سامان سواری وغیرہ بھی بہت تھا۔ علاوہ اسکے ایک حافظ مسمی حافظ سبحانی۔ اور ایک عالم مولوی رحمۃ اللہ نوکر تھے۔ اپنی تین لڑکیون کے نکاح بہت فراخ حوصلگی سے بصرف ڈیڑھ لاکھ روپیہ کئے ایسی تقریبات قصبہ کاکوری مین اس پیمانہ پر کسی نے نہین کین۔ انکے والد نے زر نقد کثیر چھوڑا تھا۔ اور انھون نے بھی بہت پیدا کیا اور خرچ کیا۔

انھون نے بعمر ۵۰ سال ۱۳۱۳ھ مین انتقال کیا۔ قد دخل الفردوس ۱۳۱۳ھ ۔ و بجنت ۱۳۱۳ھ ۔ مادہ تاریخ وفات ہے۔ انکا مزار اپنے والد ماجد کے روضہ کے اندر ہے۔

محمد مہدی

مولوی محمد مہدی ۔ ابن مولوی محمد متقی ۔ ابن شیخ محمد صالح ۔ ابن شیخ محمد وارث ۔ ابن شیخ محمد ہاشم ۔ ابن شیخ محمد اشرف ۔ ابن قاضی محمد رضا ۔ ابن قاضی محمد حاتم ۔ ابن قاضی شیخ شمس الدین ۔ خالدی خراسانی بالادستی ۔ ابراہیم آبادی الاصل ۔ کاکوری المولد والمدفن ۔

یہ نہایت نیک دل منکسر النفس ۔ خوش اخلاق ۔ وضعدار ۔ پابند شریعت ۔ حلیم الطبع ۔ سلیم العقل ۔ پالباد و غیور شخص تھے ۔ تربیت ابتدائی اپنے والد ماجد سے پائی ۔ لیکن ۱۲ سال کی عمر مین والد کا سایہ سر سے اُٹھ گیا تھا ۔ اُسوقت سے اپنی خداداد ہوشمندی اور سمجھ سے اپنے آپ کو سنبھالا ۔ اور اس دنیا کی طوفان خیز رفتار مین عمدہ اصول زندگی انتخاب کر کے اُن پر کاربند ہوئے ۔

علوم عربیہ کی تعلیم حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ سے حاصل کر کے فارغ التحصیل ہوے عربی و فارسی مین بہت اچھی قابلیت تھی ۔ عبادات مین علاوہ فرائض و سنن نوافل و اوراد و ظایف و مشغولی و پاس انفاس کے بھی پابند تھے ۔ قلب صاف با اخلاص و راسخ العقیدہ رکھتے تھے ۔ وہ ظاہراً و باطناً نہایت سنجیدہ مزاج و فرشتہ خصلت تھے ۔

شاعری سے بھی ذوق تھا ۔ طبع موزون رکھتے تھے ۔ کلام اُردو و فارسی دونون زبانون مین ہوتا تھا ۔ شیدا تخلص کرتے تھے ۔ شاعری مین تلمذ مولوی محی الدین خان ذوق کاکوروی سے تھا ۔

نواب علی حسن خان سلیم تذکرۂ صبح گلشن مین لکھتے ہین کہ ۔

"شیدا ۔ مولوی محمد مہدی ۔ ابن مولوی محمد متقی ۔ کاکوری موطن است ۔ واز تلامذہ مولوی محمد محی الدین خان ذوق ۔ در شعر و سخن اکثر قصائد نعتیہ می طرازد ۔ و باقسام دیگر نظم کمتری پردازد"

چند اشعار فارسی و اُردو بطور نمونہ درج ذیل ہین ۔ اشعار فارسی ۔

زیب بزم صفحہ شد تا نعت شاہنشاہ من | قامت تعظیم آمد در بسم اللہ من
آرزو دارم رسد در گوش احمد آہ من | شافعم باشد بروز حشر شاہنشاہ من
گر نویسم نعت شاہ ذو المنن از صدق دل | پایۂ عالی گزیند ہمت کوتاہ من

اشعار اردو

کسی سے کبھی دل لگایا تو ہوتا | کہ جیسا کیا ویسا پایا تو ہوتا
تجھکو دیکھا تو نہ زاہد نے نباہی توبہ | تو تو وہ توبہ شکن ہے کہ الٰہی توبہ
کیا عزم جبین سائی مگر پتھرا گئین آنکھین | ہوا غائب نظر سے میرے سنگ آستان کیسا
باقی ہے اگر دُرد تو باقی ہے ہوس بھی | ساقی توابھی ساغر و مینا کو نہ سرکا
ہر بلا شیفتۂ گیسوے پیچان ہونا | دل سودائی کہین تو نہ پریشان ہونا
زلف جانان کا نہ کیونکر ہمین سودا ہوتا | اپنی تقدیر مین لکھا تھا پریشان ہونا
آبرو پر بھی رہی محفل جانان مین نظر | گہر افشان نہ کہین دیدۂ گریان ہونا
نیا انداز نکالا ہے یہ حیرت افزا | آئینہ دیکھنا اور آپ ہی حیران ہونا
بت پرستی مین بھی اسلام کا دعوے شیدا | آپ کیا کھیل سمجھتے ہین مسلمان ہونا

انھون نے بتاریخ ۲۶ ربماہ ذی الحجہ ۱۲۹۴ھ تقریباً بعمر ۳۰ سال وفات پائی۔ قبر محلۂ ولی نگر مین لب تالاب ساگر اپنے قبرستان مین ہے۔ بالین قبر قطعہ تاریخ وفات مصنفۂ منشی تفضل حسن خان شیدا کاکوروی نصب ہے ؎

مہدی کہ مشرف ز محمد سر اسم است | ذیحجہ شب بست و ششم زیر زمین رفت
فکر سن ترحیل مرا بود چو شیدا | از غیب شنیدم کہ بفردوس برین رفت
۱۲۹۴ھ

محمد نقی

شیخ محمد نقی۔ آبن شیخ غلام مینا۔ ابن شیخ محمد منتجب۔ ابن ملا شیخ عبد الرقیب۔ یہ بہت قابل و

لائق تھے۔ ابتدا میں الہ آباد میں نواب بقاء اللہ خان کے یہان ملازم رہے۔ پھر دکن گئے وہان سے واپسی پر مکان آئے اور زمانہ نشین رہے۔

۱۲۰۵ھ میں جب قاضی نجم الدین علی خان کا تقرر بعہدۂ قاضی القضاۃ کلکتہ میں ہوا۔ تو یہ بھی اُنکے ساتھ کلکتہ گئے۔ اُسی طرف کسی قصبہ کے قاضی مقرر ہوگئے تھے۔ وطن آتے ہوئے عظیم آباد کے قریب قصبہ باڑہ میں ملاحون نے دریا میں ڈالدیا۔ اور مال و اسباب وغیرہ جو کچھ تھا سب اپنے قبضہ میں کیا۔

انکے ایک بیٹے شیخ ہدایت اللہ عرف ہیدا میان ہوے۔ جنکے متعلق حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر اصول المقصود میں تحریر فرماتے ہین کہ:۔

"شیخ ہدایت اللہ۔ ابن شیخ محمد تقی مرحوم کہ از یگانگان جانب مادری آنحضرت یعنی شاہ محمد کاظم قلندر اند نیز از مریدان راسخ و بسے نیکبخت و خوش اعتقاد۔ و از صحبت بابرکت بسے فوائد برداشتہ و تربیت پذیر شدہ مشغولیہا کردہ اند و با آنحضرت چنان نسبت حبی و رسوخ اعتقادی دارند کہ دیگرے ندارد۔ در ابتدا کہ کم عمر بودند معتقد بزرگے دیگر بودند۔ چونکہ اکثر آنحضرت بخانۂ ایشان تشریف می بردند روزے با والد ایشان گفتند کہ این پسر را بمن بدہند۔ ازان روز یک بیک در دل ایشان محبت و اعتقاد آنحضرت پیدا شد پس آمدو شد بہ تکیہ اختیار کردند۔ آخر مدتے مرید در سلسلۂ قادریہ شدند۔ من بعد آنچہ کہ از فوائد صحبت و توجہات آنحضرت برداشتند حالاتش عجیب نقل میکنند و فقیر نیز خوب مطلع است بغرض ایشان قابل ترک و تجرید و درویشی اند۔"

شیخ محمد تقی برادر خرد شیخ محمد نقی بھی بہت قابل اور سخی اور متقی شخص تھے۔ بعد انتقال اپنے بڑے بھائی کے اُنکی جگہ پر مقرر ہوگئے تھے۔ وہین انتقال کر گئے۔

محمد وارث

شاہ محمد وارث۔ ابن حافظ ابو المعالی۔ ابن شیخ عبد المنعم ابن شیخ عبد الفتاح۔ ابن شیخ فتن

ابن مخدوم نظام الدین بھبکھرہ - یہ نہایت لائق وقابل شخص تھے - کتب درسیہ ملا محمد غوث کاکوروی سے پڑھکر فاضل بے نظیر و مدرس بے عدیل ہوئے - قاموس وصراح نیز اکثر کتابین زبانی یاد تھین درس خوب دیتے تھے - جسکو پڑھادیا - وہ یکتاے روزگار اور زبردست فاضل ہوکر نکلا - بہت سے لوگ انکے شاگرد تھے -

انکے تالیفات سے ایک کتاب علم فقہ مین تھی - جس مین مفتی بہ مسائل منتخب کر کے جمع کئے تھے نیز اور بھی بہت سے فوائد تھے - اب یہ سب مفقود ہین -

آخر عمر مین ترک لباس کر کے عبادت آلہی مین مشغول ہوئے - اور ۸۰ سال کی عمر پاکر انتقال کیا - مزید حالات باوجود تلاش نہ دریافت ہوسکے -

محمد وجیہ

شاہ محمد وجیہ - ابن شیخ زین الدین - ابن شیخ بدرالدین - ابن ملا محمد ماہ - ابن حضرت ملا عبدالکریم - یہ اپنے عہد مین ممتاز اقران وامائل تھے - جانشینی حضرت ملا عبدالکریم کی ان ہی سے متعلق تھی - تمام برادری کے لوگ انکا بہت ادب اور لحاظ کرتے تھے - حضرت شاہ عبدالرزاق بانسوی رحمۃ اللہ علیہ کے مرید تھے - انکی مُہر مین محمد وجیہ رزاقی کندہ تھا - کاغذات مین دستخط بھی اسی طور سے کرتے - سو برس سے زائد انکی عمر ہوئی - شیخ محمد صالح و شیخ محمد کبیر سے بہت دوستی تھی - انساب مین بھی انکو بہت دخل تھا - نہایت ہی لطیفہ گو وبذلہ سنج تھے - ہر وقت ہشاش وبشاش رہتے

انکی بی بی بھی بہت صالحہ وعارفہ تھین - اور خرقہ پوش بھی تھین - حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ العزیز کتاب کشف المتواری مین لکھتے ہین -

"فقیر دیدہ است بحالم بسیار توجہ میکردند - وبا والد فقیر خیلے محبت داشتند ویگانہ خود میدانستند خرقۂ حضرت مخدوم شیخ عبدالکریم نزد او شان بود ہر گاہ کہ ایشان بعد ضبطی معاش از کاکوری بسندیلہ رفتند وخانۂ اینجا ویران شد آن تبرکات ہمانجا ضد - روزے از شاہ وصف اللہ

برادرزادۂ شان گفتہ زیارت آن کردہ بودم نیمصے قادری وکلاہے وکمر بندے ازقسم دوالی چرم بود۔ ظاہر ابن نبیرۂ شاہ محمد وجیہ بسیار خوبصورت بود کہ برادشان از طفلی جنے عاشق بود کہ گاہ گاہ گذر میکرد وبایاران ہمین شان عجیب عجیب گفتگو میکرد وہیچ کسے ایذا نمی داد"

مزید حالات سنہ ولادت ووفات وغیرہ دریافت نہو سکے۔

محمد واعظ

قاضی محمد واعظ۔ ابن قاضی محمد حافظ عباسی۔ ولادت انکی ۱۱۳۱ھ مین ہوئی کتب درسیہ اپنے والد سے پڑھین۔ شرح وقایہ اور ہدایہ کے مسائل پر انکو بہت عبور تھا۔ بلکہ یون کہنا چاہیئے کہ اسکے مضامین ازبر تھے۔ بوجہ جرأت اور ہمت فن سپاگری مین بھی کامل مہارت تھی۔ بڑے بڑے معرکون مین داد شجاعت دیتے تھے۔ دشمنون کے غلبہ وہجوم سے پیچھے نہ ہٹتے تھے۔ یہان تک کہ ایک مرتبہ کمر سے لیکر پیرون تک اسّی زخم سے گئے۔ اور اسی طرح برابر لڑتے رہے۔ منشی فیض بخش مرحوم لکھتے ہین کہ یہ میرا چشم دید واقعہ ہے مدۃ العمر ایک پیر انکا درست نہین ہوا بغیر پیر پھیلائے بیٹھ نہین سکتے تھے۔

بعد انتقال انکے والد قاضی محمد حافظ کے عہدۂ قضا انھین کے سپرد ہوا۔ ہمیشہ باوضو رہتے کلام مجید بہت پڑھتے تھے۔ جس وقت مکان سے نکلتے۔ دو تھیلیان ساتھ رکھتے۔ ایک مین لوگون کی عرضیان اور دوسری مین روپیہ رہتا۔ جو شخص سوال کرتا۔ اُسی وقت جو مٹھی مین آتا دیدیتے۔ اور بہت آن بان سے رہتے تھے۔ اپنے سب بھائیون مین بہت قابل اور خوش نصیب تھے۔ غربا کی بہت خبرگیری کرتے تھے۔ اور نہایت ہی صاف باطن اور فیاض تھے۔ اولاد کی طرف سے بھی بہت خوش نصیب تھے۔ انھون نے بہ عمر ۸۹ سال ۱۲۲۰ھ مین وفات پائی۔ اور محلہ قاضی گڑھی کاکوری مین خاندانی قبرستان مین دفن ہوئے۔

محمد ولی

شیخ محمد ولی نقشبندی ۔ ابن شیخ زین العابدین ۔ ابن شیخ احمد ۔ ابن مخدوم شیخ محمود ابن حضرت مخدوم بندگی محمد منّ اللہ چشتی صدیقی کاکوروی ۔

یہ بدو فطرت سے دیانت اور تقوے ۔ اور حُسن نیت وصفائے طینت مین مشہور و معروف تھے ۔ حضرت شاہ علیم اللہ نقشبندی رائے بریلوی سے بیعت تھی ۔ اتباع شریعت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم مین بے نظیر عصر گذرے ۔ کبھی خلاف شریعت امور کے مرتکب نہین ہوئے ۔

ابتدا مین اٹاوہ مین سید مجاہد چکلہ دار ساکن موہان کے یہان ملازمت کی ۔ وہین کے ایک سائیس کو نوکر رکھا ۔ جب وطن واپس ہوے ۔ تو وہ بھی ساتھ آیا ۔ یہان آکر اُسکی تنخواہ ادا کی ۔ اور واپس کر دیا ۔ تھوڑے دنون کے بعد یاد آیا کہ اُسکی تنخواہ مین سے ایک پیسہ باقی رہ گیا ہے ۔ اتنا خیال آتے ہی سخت پریشان ہوے ۔ اور اُسی وقت اٹاوہ کا سفر کیا ۔ وہان پہونچکر کوتوالی سے اُسکے مکان کا پتہ چلایا ۔ اور اُسکو بُلاکر بہت معذرت کی ۔ اور وہ پیسہ اُسکے حوالہ کیا ۔ اُسنے ٹھہرنے کے متعلق بہت اصرار کیا ۔ مگر انھون نے قبول نہین کیا ۔ اور اُسی روز کاکوری چلے آئے ۔

ایک روز یہ لکھنؤ جا رہے تھے ۔ دیکھا کہ راستہ مین ایک سوار بہت سا اسباب ایک مزدور پر بار کئے ہوے جا رہا ہے ۔ اسباب بہت وزنی تھا ۔ اور مزدور کی طاقت سے باہر تھا ۔ وہ بیچارہ خوشامد کر رہا تھا ۔ مگر سوار ایک نہین سنتا تھا مارتا ۔ اور لے چلنے پر مجبور کرتا ۔ انکو اُس بیچارہ کے حال پر ترس آیا ۔ یہ سوار کو فہمایش کرنے لگے ۔ کہ اتنی سختی نہ کرو ۔ سوار نے ان سے بگڑ کر کہا ۔ کہ آپکو بہت قلق ہے آپ ہی میرا سامان پہونچا دیجئے ۔ مین اس مزدور کو چھوڑے دیتا ہون انھون نے بے تکلف کل سامان لے کر اپنے سر پر رکھا ۔ اور ساتھ چلنے پر آمادہ ہوگئے ۔ معًا سوار پر ایک ہیبت طاری ہوئی ۔ اور اُس کو یقین ہوا کہ ضرور یہ کوئی ولی ہین ۔ گھوڑے سے اُتر کر قدمون پر گر پڑا ۔ اور عفو تقصیر کا خواستگار ہوا ۔

ایک روز یہ صبح کی نماز ادا کرنے مسجد جا رہے تھے ۔گیہون کے کھیت مین اتفاق سے پیر پڑ گیا۔ درخت کھل گئے ۔زمین کسی اور شخص کی تھی ۔ ۔ انھون نے سبزہ کی حالت دیکھی ۔خوف وحشت الٰہی سے جسم مین لرزہ پڑ گیا ۔اور چہرہ کا رنگ متغیر ہو گیا ۔اُسی روز سے ۔روزانہ انھون نے بعد نماز اشراق وظہر اُس سبزہ مین پانی دینا شروع کیا ۔جب تک وہ اپنی حالت پر نہین آ گیا ۔انکو اطمینان نہین ہوا۔

تقوے اور تورع واحتیاط کی یہ کیفیت تھی ۔کہ جس وقت کہین جاتے نگاہ زمین ہی پر رکھتے اس خیال سے کہ کہین کوئی حشرات الارض پیر کے نیچے نہ پڑ جائین ۔اور ہلاک نہو جائین ۔

ایک روز کا ذکر ہے کہ ایک شخص اپنے باغ سے ایک سُرخ آم انکی خدمت مین تحفۃً لایا ۔انھون نے اُس سے پوچھا کہ تم تنہا ہو ۔یا تمھارے اور کوئی بھائی بھی ہے ۔اُس نے کہا کہ ایک بھائی اور ہی انھون نے کہا کہ پھر یہ آم تنہا تمھاری ملک نہین ۔تا وقتیکہ تم اپنے بھائی سے اجازت نہ حاصل کرو۔ مجھے نہین دیسکتے ۔اور نہ مین اسکو لے سکتا ہون ۔یہ کہکر اُسکو واپس کر دیا ۔

اس قصبہ کاکوری مین محلہ ولی نگر انھین کا آباد کیا ہوا ہے ۔اس قصبہ کی آبادی کے کنارہ شمال جانب یہ محلہ واقع ہے ۔انکا قدیم مکان مخدوم شیخ قیام الدین کے محلہ مین متصل چودھری محلہ تھا تبدیل سکونت کا یہ سبب ہوا کہ یہ سلسلۂ نقشبندیہ کے صاحب نسبت درویش تھے ۔راگ ونغمہ سے پرہیز کرتے تھے ۔پڑوس مین ایک روز شادی تھی ۔اور ڈھول بج رہی تھی ۔جس سے انکی مشغولی مین حرج ہوتا تھا ۔انھون نے منع کیا ۔ہمسایہ نے جواب مین کہلا بھیجا کہ ہم اپنے گھر کے مالک مین تم کو تحکم کا کوئی حق نہین ہے ۔انھون نے اُسی وقت سے اُس محلہ کی سکونت ترک کر دی ۔اور اپنی معافی کی زمین پر آ کر بیٹھ گئے ۔اور جلدی سے مکان بنوانا شروع کر دیا ۔بعد تیاری یہین بود وباش اختیار کی ۔اور مکان کے گرد رعایا آباد کر لی ۔ وہ محلہ ولی نگر کے نام سے مشہور ہو گیا جو اب تک ہے ۔سنہ وتاریخ ولادت ووفات نہین دریافت ہوا ۔قبر کے متعلق یہ مشہور ہے ۔کہ انھون نے قبر خام بننے کی وصیت کی تھی ۔ساگر باغ مین ایک چھوٹا سا ڈھیر ہے ۔اسکے متعلق لوگ کہتے ہین کہ یہ انھین کی قبر ہے ۔ واللہ اعلم

محمد ہاشم

مولوی محمد ہاشم۔ ابن مولوی محمد مہدی۔ ابن مولوی محمد متقی۔ ابن شیخ محمد صالح ابراہیم آبادی الاصل۔ کاکوری الموطن۔ انکی ولادت ۲ ماہ شوال المکرم ۱۲۷۸ھ شب پنجشنبہ کو ہوئی۔ بہت عقیل۔ پختہ مزاج۔ صابر۔ غیور۔ وضعدار۔ اعتدال پسند۔ پابند شریعت وطریقت تھے۔ ابتدائی تعلیم مولوی معظم علی کاکوروی سے پائی۔ پھر حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر سے علوم عربی و فارسی حاصل کئے۔ علمی قابلیت بہت اچھی تھی۔ اور نکتہ رسی مین خاص ملکہ تھا۔ خط بہت صاف روشن پاکیزہ تھا یہ سولہ سال کے تھے جب انکے والد کا سایہ سر سے اُٹھ گیا۔ اُسوقت سے اپنے بھائی مولوی محمد قاسم مرحوم کے ساتھ بکمال اتحاد و محبت رہے۔ انھین کے ساتھ وکالت کا امتحان دیا۔ کامیابی کے بعد قنوج ضلع فرخ آباد مین کام شروع کیا۔ چونکہ طبیعت مین باریک بینی و دوراندیشی بہت تھی۔ لہذا بہت جلد کام چل نکلا۔ اُسکے بعد ریاست رامپور مین توسل نواب یار جنگ محمد اکرام اللہ خان مرحوم درجۂ اول کی سند حاصل کرکے وہان وکالت کرتے رہے۔

بعد انتقال اپنے بھائی کے خانہ نشین ہو گئے۔ اور ایک اعتدالی روش اور عمدہ منش سے نیک دلی و خودداری کے ساتھ باہمہ و بے ہمہ زندگی بسر کی۔ درحقیقت اپنی وضعداری اور عاقلانہ اصول سے ایک ایسی آن و شان بلا کسی نمود و نمایش اور بغیر کسی غرور و تمکنت کے پیدا کی تھی۔ جو عجیب و غریب تھی۔ تہذیب اخلاق حفظ مراتب۔ علم مجلس سے بدرجۂ اتم واقف تھے۔

ابتدائی زمانہ مین شاعری کی طرف بھی توجہ کی تھی۔ اور فارسی اور اردو دونون زبانون مین شعر کہتے تھے۔ افسر تخلص تھا۔ مولوی محی الدین خان ذوقی کاکوروی سے تلمذ تھا۔ چند اشعار اردو و فارسی درج ذیل ہین ؎

اشعار فارسی

بجانبازی دل بیتاب چون پروانہ میگردد
زسوزش شمع رویان را مگر پروانگی گردد

دلم تنہا نہ اندر عشق او مستانہ میگردد
نظر ہر کس بروئیش می کند دیوانہ می گردد

یگانہ کے شود با خویش آن شوریدۂ بیدل | کہ در یاد پری رُو ہمہ بیگانہ می گردد
خدایا آبروئیم بخش زیر خنجر قاتل | بقتلم چشم و ابروئے صنم ترکانہ می گردد
بہ افسر داد سلطان جنون سالاری وحشت | درین صحرا نوردی ہا چہ خوش صحرائی گردد

اشعار اردو

آنکھیں کہتی ہین تری نرگس شہلا کیا ہی | لب جان بخش یہ کہتے ہین مسیحا کیا ہی
رشک غلمان جنان غیرت حوران بہشت | سر بسر نور ہے یہ خاک کا پتلا کیا ہی
جس نے دل اس مین پھنسایا وہ ہوا سودائی | یہ تو ہے دام جنون زلف چلیپا کیا ہی
پارہ پارہ ہوا دل میر کتان کی صورت | مہ کامل ہے تمھارا رُخ زیبا کیا ہی
کون آتا ہے سر نعش شہیدان افسر | حشر سا آج گلی کوچہ مین برپا کیا ہی

بیعت انکو حضرت شاہ علی اکبر قلندر سے تھی۔ علاوہ فرائض و سنن کے نوافل تلاوت کلام مجید۔ دلائل الخیرات و دیگر اوراد کے بالالتزام پابند تھے۔ اور پاس انفاس و شغولی پر نہایت استقلال سے کاربند رہتے۔ ان سب کے ساتھ اللہ تعالے نے ذوق و شوق کی چاشنی بھی بخشی تھی۔ چنانچہ عین انتقال کے روز زبان پر "العشق ھُوا اللہ ھُوا اللہ" تھا۔ بتاریخ ۲۲ ماہ شعبان المعظم ۱۳۲۰ھ وقت عصر بعمر ۶۲ سال وفات پائی۔ اور بارہ بجے شب کو دفن ہوئے۔ قبر اپنے والد کے قبرستان مین واقع ہے۔ اور بالین قبر قطعہ تاریخ وفات مصنفہ مولوی محمد عالم قیصری نصب ہے۔

روز بست و دوم از شعبان بود | کان زمن روز قیامت نام یافت
والدم در خلق ناکام گذاشت | خود ز العشق ھو اللہ کام یافت
قیصری در یوم جمعہ بعد عصر | عمر او در شصت و دو اتمام یافت
از سر جان و ز سر دنیا گذشت | تا بفردوس برین آرام یافت ۱۳۲۰ھ

انکے دو بیٹے۔ مولوی محمد عاصم قیس۔ و مولوی محمد عالم قیصری دونون بہت لایق اور قابل عربی دان انشا پرداز اور بہت اچھے شاعر صاحب دیوان ہین۔ ابقاھما اللہ تعالی۔

محمد یحییٰ

مولوی مفتی محمد یحییٰ۔ ابن مفتی شہاب الدین۔ ابن حضرت مولانا حاجی امین الدین محدث کاکوری
ولادت انکی ۱۲۱۵ھ مین ہوئی۔ انکا نام یحییٰ اس وجہ سے رکھا گیا۔ کہ انکی ولادت کے بعد بغرض تسمیہ
جب کلام مجید مین فال دیکھی گئی۔ تو یہ آیت نکلی۔ یا ذکریا انا نبشرک بغلام اسمہ یحییٰ۔ لہذا محمد یحییٰ
نام رکھا گیا۔ بعض لوگ غلام یحییٰ بھی کہتے تھے۔

یہ عالم متبحر۔ فاضل جید تھے۔ ابتدائی کتابین مولوی محمد حسین دہلوی۔ و مولانا عبدالحی دہلوی سے
اور بقیہ کتابین مفتی الہی بخش کاندہلوی سے پڑھین (مفتی صاحب کو انکے والد نے انکی تعلیم کی غرض سے
نوکر رکھا تھا) سولہ سال کی عمر مین انھون نے کل کتب درسیہ سے فراغت حاصل کی بعد تکمیل عہدہ منصفی
پر مامور ہوئے۔ پھر صدر امین ہوئے۔ انکا علم بہت حاضر اور حافظہ بہت قوی تھا۔ درس بھی دیتے تھے
نواب مہدی علیخان محسن الملک رئیس اٹاوہ انکے شاگرد تھے۔ پنشن کے بعد بہت دنون تک اٹاوہ مین
رہے۔ وہان سے کانپور مین آکر قیام کیا۔ وہان بھی شغلہ علمی کے سوا کوئی اور شغلہ نہ تھا۔ کتبخانہ بھی بہت
اچھا جمع کیا تھا۔ کانپور سے پھر وطن آئے۔ مدت ملازمت سے زائد عرصہ تک پنشن پاتے رہے۔

انھون نے بتاریخ ۲۸ ماہ شعبان المعظم ۱۳۰۵ھ بعمر ۹۰ سال بعارضہ اسہال کبدی انتقال کیا۔ اور
موافق اپنی وصیت کے حجرۂ حضرت حاجی امین الدین قدس سرہ کے متصل دفن ہوئے۔

محفوظ علیخان

وقار الدولہ والا جاہ قاضی محمد محفوظ علی خان بہادر۔ ابن احتشام الدولہ ممتاز الملک عالی جاہ
قاضی حافظ علی خان بہادر عباسی۔

انھون نے علوم مروجہ وطن ہی مین مولوی عبدالباسط رسول آبادی سے حاصل کئے۔ اور یہین
منصب قضا کی قائم مقامی کرتے رہے۔ پھر دربار لکھنؤ سے طلبی ہوئی۔ وہان حاضر ہو کر آئین دربار سے

واقف ہوئے۔ اور وقتاً فوقتاً خلعت فاخرہ سے سرفراز ہوتے رہے۔ پھر بسیوارہ کی چکلہ داری کا حکم ہوا۔ کبھی کبھی بوجہ بدنظمی گونڈہ و بانگرمئو وبہرائچ پر متعین ہوئے۔ اور پھر بکار خاص سفارت ہمراہی نواب گورنر جنرل بہادر تقرر ہوتا رہا۔

قاضی وصی علیخان مغفور اپنے روزنامچہ میں لکھتے ہیں کہ۔

"چوں جد امجد بسبب علالت طبیعت از خلد مکان یعنی غازی الدین حیدر بادشاہ اودھ عذر ہمراہی وبہانداری گورنر جنرل بہادر نمودند۔ معتمد الدولہ بہادر می خواستند کہ کسے را بہ تجویز خود مامور سازند۔ بادشاہ قبول نہ کردہ فرمودند۔ اگر ایشان خود عذر بیماری دارند آنرا خلاف خود کہ ہوشیار اند۔ چرا آن را ہمراہی نمایند۔ کہ آخر کے ہوشیار خواہند شد۔ لاجرم جناب جد امجد تا خیرآباد ہمراہ رفتہ با جناب عم اکرم قاضی واعظ علی خان واپس آمدند۔ و جناب والد ماجد را ہمراہ کردند۔ ہرگاہ گورنر جنرل بہادر در شاہجہان آباد (دہلی) رسیدند۔ نواب امیر خان فرمانروائے ٹونک نیز بہر ملاقات آمدند۔ مولوی خلیل الدین بہادر بطور سفیر و جناب والد ماجد را بہ اہتمام سامان ضیافت از طرف خلد مکان دیدہ بہ فکر افتادند کہ ہم کسے را مامور سازم۔ تا حاضر باش کلکتہ بحضور ویسرائے بہادر باشد۔ چنانچہ بکمال خواہش و رغبت این عہدہ را نامزد جناب والد ماجد کردند۔ ایشان بسبب ملازمت سرکار اودھ انکار نمودہ بند عہدہ سفارت ٹونک بنام عم اکرم قاضی محمد واعظ علی خان فرستادند۔ چنانچہ جناب ممدوح بہ کلکتہ بعد چندے علیل شدہ انتقال نمودند۔"

انھوں نے جملہ دیہات پرگنہ کاکوری کی تعلقداری حاصل کی۔ جس کی مالگذاری تیراسی ہزار تھی۔ دربار اودھ سے بعہدۂ سفیر دوم پندرہ سو روپیہ ماہوار پر متقرر ہوئے۔ نیز بعہد امجد علی شاہ بادشاہ برسم سفارت بہ پیشگاہ گورنر جنرل الہ آباد گئے۔ اور وہاں سے کامیاب واپس آئے۔ جسکا ذکر مصنف قیصر التواریخ نے بھی کیا ہے۔ اور یہ بھی لکھا ہے کہ

"دربار میں ہز اکسلنسی و جنرل لاٹ بہادر رزیڈنٹ اور تمام شاہزادے اور دیوان اعظم اور مولوی خلیل الدین خان اور آپ کرسی نشین ہیتے۔ اور سب عہدہ دار غالب جنگ وغیرہ استادہ تھے

شاہی دربار میں باریابی کے لئے کسی کو سواری پر جانے کی اجازت نہ تھی۔ خواہ کسی حال میں کیوں نہو۔ انکے واسطے بحالت ضعف وعلالت تالب بارگاہ ہوادار پر آنے کی اجازت تھی"

بیعت انکو حضرت شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ سے تھی۔ یہ اوراد اور وظائف کے بہت پابند اور شب بیدار تھے۔ بتاریخ ۷ ماہ شوال المکرم سنہ ۱۲۶۶ھ انتقال کیا۔ اور قبرستان قدیم قاضی گڈھی کاکوری میں متصل بارہ دری جانب جنوب وشرق دفن ہوئے۔ قبر کے گرد حظیرہ خشتی بنا ہوا ہے

محی الدین خان

مولوی محی الدین متخلص بہ ذوق۔ ابن مفتی حکیم الدین خان۔ ابن قاضی القضاۃ مولوی نجم الدین علیخان بہادر۔ انھوں نے تعلیم وتربیت اپنے والد ماجد ودیگر علماء سے حاصل کی۔ فارسی اور اردو کے بہت بڑے ماہر اور مشہور شاعر تھے۔ نظم اور نثر اور دیگر اصناف سخن میں ید طولےٰ رکھتے تھے۔ عربی میں بھی طبع آزمائی کرتے۔ انکے دو مکمل دیوان فارسی واردو میں موجود ہیں۔ جن میں نثر کا مجموعہ اور مختلف نظمیں بھی ایک کثیر تعداد میں موجود ہیں۔ چند رسالہ مختلف مباحث پر مشتمل۔ توشیق المقاصد۔ اسرار المعرفت۔ مقالید العروض اور اکثر تاریخی نظمیں اور تقاریظ وغیرہ طبع بھی ہوچکے ہیں۔ نظم کلام کا زائد حصہ غیر مطبوع ہے۔ تاریخ گوئی میں بے نظیر وقت تھے۔ کہتے تھے کہ مجھ میں اب اتنی قدرت پیدا ہوگئی ہے۔ کہ میں چھ گھنٹہ مسلسل تاریخ میں گفتگو کر سکتا ہوں۔ یعنی جو لفظ یا جملہ زبان سے نکالوں اس میں تاریخ ہو۔ کاکوری کے بہت سے لوگ انکے شاگرد تھے۔ جن میں سے اب بھی کچھ لوگ موجود ہیں۔ حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ کے مخلص مرید تھے۔ اور منشی غلام مینا ساحر کاکوروی کے شاگرد رشید۔

نواب علی حسن خان سلیم تذکرہ صبح گلشن میں لکھتے ہیں کہ۔

"ذوق۔ مولوی محمد محی الدین خان قرۃ الفواد مولوی محمد حکیم الدین خان بہادر خلف الصدق قاضی القضاۃ نجم الدین علی خان کاکوروی۔ مولد ومسکن است۔ دیوان شعر وسخن بل ایوان ہر علم وفن بذات

مستجمع صفاتش فرین۔ امروز در قصبہ کاکوری بہ میدان نظم و نثر فارسی کوس لمن الملکی می زند و ہر یکے از موزون طبعان آن دیار بہ تلمذش می تند۔ وے مشق نظم فارسی از منشی محمد مہدی جہان آبادی نمودہ۔ و در اردو از میرزا خان لکھنوی فیضہا بردہ"

انکے اشعار اردو فارسی بغرض تفریح طبع ناظرین درج ذیل ہیں ۔

بہر خاکے کہ خون گریم بہارے میشود پیدا
کشایم سینہ ہر جا لالہ زارے میشود پیدا

زبس در خاک ہر دم حسرت مہ عارض مویان را
بخود پیچید از خاکم غبارے میشود پیدا

بہ مردم ہم ندانستیم ہرگز قدر آسایش
کز آغوش لحد شوق کنارے میشود پیدا

من آن افسردہ ام گر نخل گل روید بخاک من
گل پژمردہ از ہر شاخسارے میشود پیدا

پے نظارہ ات ہر شب سر بام تو گردون را
ز ہر سیارہ چشم انتظارے میشود پیدا

ندانم زود کامی شمع رو آتش بجان من
کہ ذوق از ہر بن مویم شرارے میشود پیدا

میکشد دل بسوے یار مرا
جذب او کرد بے قرار مرا

نہ نہم خون خود بہ گردن یار
ہان مگر کشت انتظار مرا

چہ کنم خواہش چمن کز داغ
بس بود سینہ لالہ زار مرا

بر لب بام بصد جلوۂ مستانہ بیا
خلق را مایل خود کن بت فرزانہ بیا

داری اے دل ہوس عشق چو با شمع رخان
اول این کار بیاموز ز پروانہ بیا

دیدن نور خدا گر تو تمنا داری
زاہدا با من مخمور بہ میخانہ بیا

مارا ہوائے سیر گل و لالہ کے بود
دارد بہار طرفہ دل داغدار ما

گشتیم شہید دست حنا بستہ کسے
باید فشاند برگ حنا بر مزار ما

بین بدگمانیش کہ پس از مرگ نیز ذوق
دامن کشان گذشت ز خاک مزار ما

آب تیغت چشیدنم ہوس است
باندر خون طپیدنم ہوس است

اے جنونم دگر مدد فرما
کہ گریبان دریدنم ہوس است

اے صبا صد قربهتے ازتو   بوے زلفش شمیدنم هوس است

جز درد و غمت بے تو مرا هم نفسے نیست   درعشق رسیدم بمقامے کہ کسے نیست

تو سینہ کشائی و من از دل کشتم آهے   صبح طرب انیست و نسیم چمن انیست

چون برق دلم بے تو شرارے شد و برخاست   دود از جگرم ابر بهارے شد و برخاست

اے شمع چہ پرسی کہ چہ شد ذوق زبرسم   پروانہ صفت بر تو نثارے شد و برخاست

ساقیا مے دہ کہ ایام بهاران جوش زد   باز سوے سے هواے مے گساران جوش زد

نالہ من بر فلک پیچید و شور رعد شد   سیل اشک از چشم من بارید و باران جوش زد

آن لطافت کہ برخسارہ جانان دیدم   نتوان گفت کہ در ماہ درخشان دیدم

موبمو حال ازان روز پریشان گردید   کاکلے راچو بہ رخسار پریشان دیدم

چشم بد دور ز چشم تو کہ با شوخی و ناز   چشمها دیدم و لیکن نہ بدینسان دیدم

آنچہ دل میکشد از زلف دل آزار مپرس   اخترم تیرہ بہ بین حال شب تار مپرس

او بجز نالہ و فریاد چہ داند بقفس   داستان چمن از مرغ گرفتار مپرس

قصہ منتظران دیدہ اختر داند   حالت چشم من از روزن دیوار مپرس

گل کرد در ایام بهاران هوس ما   هم قافلہ باد صبا شد نفس ما

در شوق چمن بسکہ رگ موج شمیم است   گلدستہ توان بست بتار نفس ما

یارب کشتم امروز کجا رخت ز گلشن   در دیدہ صیاد خلد خار و خس ما

خود می خورم امروز غم خویش بعالم   آن کیست غم ما خورد اے ذوق پس ما

مخمس بر غزل سعدی علیہ الرحمۃ

هنگام سحر بود دلم محو فغانے   رفتم کہ بہ گلگشت کنم شاد زمانے

پس آمدہ ناگاہ مرا آفت جانے   بربود دلم در چمنے سرو روانے

زرین کمرے سیم برے گلبدنے مہ رخ جوانے

آگہ نشدم بود پئے دل بکینے — کافر صنمے فتنہ گرے دشمن دینے
نازک کمرے سرو قدے شوخ حسینے — خورشید وشے ماہ رخے زہرہ جبینے
یاقوت لبے سنگ دلے تنگ دہانے

بستہ پئے تاراج دل غمزدہ عہدے — با تلخی دشنام در آمیختہ شہدے
از ناز چو بلقیس بر آراستہ مہدے — عیسیٰ نفسے خضر رہے یوسف عہدے
جم مرتبہ تاج ورے شاہ نشانے

چشمش ز رمئے ناز و حیا بادہ پرستے — از گردش پیمانۂ خود بیخود و مستے
مستانہ ز صہبائے نگہ جام بدستے — جادو نگہے عشوہ گرے فتنہ پرستے
آسیب دلے رنج تنے آفت جانے

صد شعلہ بدلہا زدہ از تندی خوے — چشمے زرہ ناز نیفگندہ بسوے
افروختہ رخ تیغ حمایل بگلوے — بیداد گرے کج کلہے عربدہ جوے
لشکر شکنے تیر قدے سخت کمانے

معشوق ندیدم بچنین حسن و صفاتے — لیلیٰ روشے یوسف شیرین حرکاتے
در رخصت گفتار لبش تنگ نباتے — در چشمہ امل معجزۂ آب حیاتے
در باب سخن نادرۂ سحر بیانے

تا شد زبر ذوق جدا آن سر خوبی — پامال الم گشت نہ تنہا تن خاکی
ہر عنصرش آوارۂ غم گشت چہ پرسی — بے زلف و رخ و لعل لبا شد سعدی
آہے دو سرشکے و غبارے و دخانے

ایکہ سر آگندہ سودائے تست — دیدۂ تو و تسم ہمہ جویائے تست
دل ہمہ در زلف تو پابند غم — جان ہمہ محو رخ زیبائے تست
کن گذر از عشوہ و با ما نشین — دیدہ و دل منزل و ماوائے تست

اشعار در صنعت منقوطہ

بجنبش ببین نہ چین زیبے — نقش چین زیب خنز چینی بین
شیخ بنشین شبے بیش بتے — بنشین فیض شب نشینی بین
بزنی تیغ تیغ زن بتنے — تیزی تیغ چین جبینی بین

اشعار اردو

سینہ حاضر ہی عبث ہی پوچھنا ہر بار کا — کہدو آئے شوق سے گھر ہی خدنگ یار کا
جم گیا دل پر ازل سے نقش خط یار کا — چھوٹنا مشکل ہی آئینہ سے اس زنگار کا
کون قایل ہی کرے پورا سوال اک وار کا — دامن امید بھر دے زخم دامندار کا
شوق سی فتوے ہی زندون کا کہ مینا کو توڑ — شرط ہی پر محتسب ٹوٹے نہ دل میخوار کا
سر بسجدہ کرتے ہین کلمہ شہادت کا ادا — ہی ہمین محراب طاعت خم تیرے تلوار کا
ہی حیات جاودان ہر ہاتھ تیرے وار کا — رشتہ جان ہی مگر دوڑا تیری تلوار کا
دیکھ لو اچھا برا پھر لیکے پھر نیکا نہین — ہے دل عاشق یہ کچھ سودا نہین بازار کا

شب کو اُس مہ نے بچھوٹے جو نہا کر گیسو — بنگئے قطرے ستارے شب اختر گیسو
آتشین لب سے دھوان دھار نہین رنگ مسی — چرنے دھونے کو کھولے لب کوثر گیسو
مشورہ دیکے کرین دیکھیئے کس سے برہم — کان سے اُسکے لگے رہتے ہین اکثر گیسو
دیکھتے ہی اُسے عاشق کے حواس اُڑتے ہین — طائر ہوش کے بنجاتے ہین شہپر گیسو
مانع صحبت نظارہ ہین یہ شکل رقیب — اُسکے عارض سے سرکتے نہین دم بھر گیسو
مجھ نفس سوختہ سے بل کی عبث لیتی ہین — ہو نگے کب دود جگر سے میری سر بر گیسو
مردم چشم کی صحبت مین ہوئے بادہ پرست — ہو گئے ساتھ سیہ مستون کے ابتر گیسو
اُنکے پھندے مین نہ پڑ مان لے اے طفل سرشک — ساتھ اپنے نہ کرین تجھ کو بھی ابتر گیسو
گر وہ سنبل سے فزون ہی تو یہ ریحان سے سوا — خوشنما گیسو سے خط خط سے ہی بہتر گیسو

ہین بھوین قوس قزح ہالۂ مہتاب ہے خط
چاند پر ابر کے ٹکڑے ہین کہ زلف پیچیدہ

طالب چشمۂ حیوان کو ہے کیا حاجت خضر
مانگ سیدھی رہ ظلمات ہے زلف پیچیدہ

طعن سے ان ناصحون کے سینہ و دل چھن گئے
کیسے ہم تیر ملامت کا نشانہ بن گئے

کیا بگولا وحشت کا وہی اک قیس تھا
غم مین اپنی خاک اڑا کر کتنے مجنون بن گئے

کون ساتھی ہے کسی کا وقت پر جز بیکسی
ہے یہی کیا کم احبا تا سر مدفن گئے

کی بہت کچھ تاک جھانک آیا نہ سایہ بھی نظر
بارہا مہر و مہ اسکے تا سر روزن گئے

امتحان سا امتحان ہے عاشقون کا اے خدنگ
اس قدر چھانا محبت مین کہ سینے چھن گئے

ہفت گردون کو سنبھالے ہے سہارا آہ کا
ورنہ بے چوب ستون کیونکر یہ خیمے تن گئے

ابر تو کیا ہے کہ اپنی چشم تر کے سامنے
کتنے بھادون لگ گئے کتنے ہی ساون بن گئے

ہمنے پھاڑا مرتے پر وحشت مین دامان کفن
تا نہ یہ کہنے کو رہجائے کہ تر دامن گئے

کس طرح مانون کہ الفت کا برا انجام ہے
توبہ توبہ قول ناصح وحی یا الہام ہے

لکھ چکے خوبون کو دل اقرار سے کیونکر پھرین
سینہ پر یہ داغ اپنا ناصحا اشٹام ہے

جائے بلبل کس گلی تو نے تو صیاد بہار
صحن گلشن مین رگ گل کا بچھایا دام ہے

لاکھ دھوؤ پر نہین چھوٹے گا دھبہ خون کا
قتل کرنا عاشق بیدل کا طشت از بام ہے

وہ ہے مست خواب نالان خلق زیر بام ہے
نیزہ بالا آفتاب حشر ہے کہرام ہے

کیا عجب تن سے نکلجائے پھڑک کر مرغ روح
تار انفاس گسستہ سے بنایا یہ دام ہے

آتے ہین پیکان یہ پیکان کیون تجسس کیلئے
جائے دل پہلو مین لے بیتاب خدا کا نام ہے

گورے گورے گال پر ہے آمد خط سے بہار
جلوہ گہ صبح بنارس اور اودھ کی شام ہے

کون ساقی دور مین تیرے رہا محروم جام
کاسۂ واژون یہ اپنا بخت نافرجام ہے

پھیر لین ساقی نے آنکھین مجھ تلک پہونچا جو دور
گردش ساغر نہین یہ گردش ایام ہے

اے حسینون چند بوسون کے عوض جاتا ہے مفت
ایک دو بولو ابھی دل بر سر نیلام ہے

نرگسی آنکھوں کو دی دنبالہ نے دونی بہار ۔۔۔ یہ گل بادام وہ شاخ گل بادام ہے

پست ہمت ہین عروج بخت پر جنکو ہی ناز ۔۔۔ ذرہ آسا یہ نمایش آفتاب بام ہے

انھون نے بتاریخ ۲ ماہ جمادی الآخر ۱۳۰۲ھ بعمر ۲۰ سال انتقال کیا ۔ اور خطیرہ متصل چاند محل کاکوری مین دفن ہوے ۔ انھون نے خود اپنے انتقال کی تاریخ لکھی جو درج ذیل ہے ؎

درین سال ہجری لیقین داشتم ۔۔۔ کہ مرگم نصیب است پنداشتم

زہاتف سن فوت خود خواستم ۔۔۔ بگفتا بگو ذوق برخاستم

۱۳۰۲ھ

مسعود احمد

مولوی حکیم حافظ مسعود احمد ۔ ابن منشی محمد احمد ۔ ابن منشی محمد بخش ۔ ابن شیخ غلام محمد حجاجی دیوی الاصل کاکوری الموطن ۔ ولادت انکی بتاریخ ۷ ماہ شوال المکرم روز پنجشنبہ ۱۲۵۵ھ بمقام بانس بریلی ہوئی ۔ یہ علوم متعارفہ مین اچھی دستگاہ رکھتے تھے ۔ جناب مولانا حامد علی خلف اصغر حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ سے تلمذ تھا ۔

یہ بہت قابل ولائق ۔ درویش صفت ۔ اہل دل شخص تھے ۔ تصوف کا مذاق بھی تھا ۔ بہت مرتاض اور باخدا شخص تھے ۔

انھون نے فن طب حکیم محمد علی عرف حکیم بنا مرحوم لکھنوی سے حاصل کیا تھا ۔ اس فن مین خاص مہارت تھی ۔ اعلی درجہ کے نباض ۔ اور صاحب اشراق تھے ۔ ایسی اشراقی کیفیت ۔ اور کسی طبیب مین دیکھنے مین نہین آئی ۔ نباضی کے متعلق خود بیان کرتے تھے کہ :-

"ایک مرتبہ مین لاہرپور شریف (ضلع سیتاپور) مین بغرض فاتحہ خوانی حضرت شاہ مجا قلندر قدس سرہ کے مزار پر حاضر ہوا ۔ جب وہان سے واپس ہوا تو راستہ مین ایک فقیر مجھے ملے ۔ اُنھون نے مجھ سے پوچھا کہ آپ حکیم ہین ۔ مین نے جواب دیا کہ حکیم جسکو کہنا چاہیے ۔ وہ تو قابلیت مجھ مین نہین ہے مگر علم حکمت مین نے ضرور پڑھا ہے ۔ وہ بزرگ وہین زمین پر بیٹھ گئے ۔ اور فرمایا کہ اچھا

میری نبض دیکھو میں نے اُنکی نبض دیکھی - اور جو کچھ میری سمجھ مین آیا - مین نے اُن سے عرض کیا۔
اُنھون نے فرمایا کہ تمنے نبض تو ٹھیک دیکھی - مگر بعض بعض باتین تمنے نہین تبلائین - مین نے
اُن سے عرض کیا کہ یہ باتین مجھے نبض سے معلوم کرنے کا طریقہ نہین معلوم ہے - اُنھون نے فرمایا
کہ حکماء یونان نبض بذریعۂ اشراق کے دیکھتے تھے - آپ بھی جب اسطرح دیکھے گا تو حال معلوم
ہو جائیگا - مین نے عرض کیا کہ مجھی اسکا طریقہ نہین معلوم ہے - پھر اُنھون نے مجھے اُسکا طریقہ
تعلیم کیا - اسکے بعد سے جب مین نے نبض دیکھنا شروع کی - تو سارا حال مجھے مریض کا بغیر اُسکے
بیان کے منکشف ہونے لگا"

یہ پہلے اناؤ مین مطب کرتے تھے - آخر عمر مین کاکوری چلے آئے - اور یہین مطب کرنا شروع
کیا - محرر سطور کے حال پر بہت شفقت فرماتے تھے۔

بیعت انکو سلسلہ عالیہ قادریہ مین حضرت حاجی وارث علی شاہ صاحب ساکن دیوہ ضلع بارہ بنکی
سے تھی - اور اُنکے فیض یافتہ اور محبوب ترین مریدین سے تھے۔

انھون نے بعارضۂ ہیضۂ تقریباً بعمرہ ، سال بتاریخ ۱۳ ماہ ذیقعدہ ۱۳۳۵ھ انتقال کیا۔
منقول ہے کہ جس جگہ انھون نے وفات پائی تھی - وہان ایک خاص نورانیت تھی - اور جبتک
انکا جنازہ رکھا رہا غیر معمولی نورانیت وہان معلوم ہوتی رہی - یہ اپنے والدین کی قبر سے متصل
تکیۂ بلیو اشاہ متصل اسپتال کاکوری مین دفن ہوئے - قطعۂ تاریخ وفات از منشی ارتضا علی
شرر مرحوم کاکوروی ؎

طبیب نامی نباض کامل با خدا صوفی ، زکثرت شد بو حدت در حریم اقدس و اعلے
شرر چون فکر سال رحلتش کردم ندا آمد طبیب با خدا مسعود احمد جنتی بادا
۱۳۳۵ھ

مسیح الدین خان

مولوی حاجی مسیح الدین خان بہادر میر منشی گورنر جنرل بہادر ہند و سفیر شاہ اودھ بمقام

لبندن - ابن مولوی علیم الدین خان - ابن قاضی القضاۃ مولوی نجم الدین علی خان بہادر اشرف جنگ متخلص بثاقب -

یہ بتاریخ ۱۵ ماہ شعبان المعظم ۱۲۱۹ھ پیدا ہوے - انکے عم محترم ممتاز العلما قاضی سعید الدین خان بہادر نے انکی تاریخ ولادت یہ لکھی ہے

چو آن نیک طالع بہ عرش وجود | شدہ جلوہ آراے چون شہ بہ تخت
بتاریخ میلاد او از سعید | بد یہا خرد گفت - بیدار بخت

انھون نے مختصرات و متوسطات کتب درسیہ فارسی اخوند شیخ قیام الدین موہانی سے پڑھین بعد اسکے عربی کی ابتدائی کتابین حضرت مولانا حاجی امین الدین رح - و مولوی حکیم حسن بخش سنامی تلمیذ رشید قاضی القضاۃ مغفور سے پڑھین - پھر اپنے والد ماجد کے ساتھ آگرہ گئے - وہان اُن سے اور مولوی سید امیر علی سے جو اُنکے شاگرد تھے پڑھتے رہے - پھر وطن آکر مولوی فضل اللہ نیوتنوی - و مولانا محمد مستعان کاکوروی سے اور لکھنؤ جاکر مولانا ظہور اللہ - و مولوی حفیظ اللہ فرنگی محلی - و مولانا قدرت علی نبیرۂ ملا بحر العلوم فرنگی محلی سے پڑھا - اور تکمیل مرزا حسن علی محدث لکھنوی سے کی - اور فن طب مولوی حکیم حسن بخش سنامی سے حاصل کیا - بہت بڑے فاضل معقولی و منقولی و ادیب تھے - ریاضی دانی تو خاندانی تھے - تمام علوم و فنون مین بے مثل قابلیت رکھتے تھے - تحریر بہت اچھی ہوتی تھی - عربی و فارسی قلم برداشتہ لکھتے تھے کبھی مسودہ نہین کرتے تھے -

بیعت انکو حضرت شاہ میر محمد قلندر برادر خرد حضرت شاہ محمد کاظم قلندر سے تھی - مجمع اخلاق حمیدہ و متصف باوصاف حسنہ تھے - بہت ہی خلیق ذکی و فہیم تھے -

دنیاوی عروج ثروت و فراغت و وجاہت مین بہت ممتاز ہوئے - جب ملازمت کیلئے وطن سے نکلے - تو اولاً آگرہ مین قیام کیا - اور بقدر ضرورت انگریزی پڑھی - وہان پہلے کچھ دنون منصفی کی قائم مقامی کی مستقل ہونے پر وہ عہدہ اپنے بھائی مولوی اکبر الدین کو سپرد کرکے خود میر منشی محکمۂ گورنری کے لئے منتخب ہوے - اُس زمانہ مین لارڈ آکلینڈ گورنر جنرل تھے - وہ بوجہ

انکی حسن کارگذاری و نیز اعزاز خاندانی بہت مہربان تھے ۱۲۳۰ھ مین اُنھون نے اُنکو بخطاب حُسن خدمات پانچ پارچہ کا خلعت کارچوبی معہ مرصع سرپیچ ومالاے مروارید وخطاب خانی وبہادری معہ سند عطا کیا۔ اسکے ایک سال کے بعد یہ ترقی کرکے میر منشی گورنر جنرل بہادر ہوگئے تمام ہندوستان اور سب ریاستون کا انتظام انھین سے متعلق ہوگیا۔ اس اعزاز اور مرتبہ کا کیا کہنا۔ فرامین وغیرہ مین یہ نہر السلطنی لکھے جاتے۔ خط وکتابت اور تمام معاہدات جو مابین ریاست ہاے ہندوستانی وسرکار انگریزی ہوتے تھے۔ وہ انھین کے ذریعہ سے ہوتے۔ اور جملہ امور مین یہ ہی مشیر اور رازدار رہتے۔ اس عہدہ کا کام نہایت قابلیت سے انجام دیا۔ بعد تبدیلی نواب گورنر جنرل بہادر یہ بھی مستعفی ہوگئے۔

پھر تجارت کا شوق پیدا ہوا۔ تھوڑے دنون تجارت بھی کی۔ بعد اسکے بوجہ قابلیت ولیاقت اولاً حیدرآباد سے پھر مرشدآباد سے طلبی ہوئی۔ انھون نے بوجہ قرب مرشدآباد کو ترجیح دی۔ وہان اولاً عہدۂ دیوانی پر تقرر ہوا۔ کاروبار ریاست جو نہایت ابتر حالت مین تھے۔ اُنکی خوب درستی کی۔ اس کارگذاری سے حکام نے داروغگی دیوانجات نظامت دعرض بیگی پر ترقی دی۔ چند سال تک ان دونون عہدون پر مامور رہے۔ پھر وہان سے علیحدہ ہوکر خانہ نشین ہوگئے۔ دو سال کے بعد جب انتزاع ریاست اودھ کا معاملہ پیش ہوا۔ ان معاملات مین چونکہ اُنکی واقفیت ومعلومات مسلّم تھی۔ لہذا یہی مشورہ کے لئے طلب ہوکر ضروری کامون کے سلسلہ مین کلکتہ بھیجے گئے۔ اور یہ طے پایا کہ بادشاہ کی طرف سے بہ نیابت مفتی خلیل الدین خان بہادر سفیر شاہ اودھ حسب تجویز اُنکے مقرر کرکے لندن بھیجے جائین۔ اور کمپنی بہادر کے حکم کا مرافعہ دربارہ انتزاع سلطنت اودھ ملکہ معظمہ کوئن وکٹوریہ کے دربار مین پیش کرین۔ چنانچہ بہمراہی ملکہ کشور۔ ومرزا جواد علی سکندر حشمت۔ ومرزا حامد علی ولیعہد بہادر یعنی واجد علی شاہ کی مان اور بھائی اور بیٹے کے لندن روانہ ہوے۔ وہان پہونچنے پر اُس ملک کے مناسب حال شایستہ تدابیر کیئے۔ جسکی کامیابی کے متعلق تمام نامی اخبارات لندن متفق تھے۔ دفعتاً ہندوستان کے ہولناک غدر نے سب منصوبے درہم برہم کردیئے۔ واجد علی شاہ نے خلاف عہود ومواثیق جو ان سے کئے تھے۔ حسب اغواء مشیران جاہل بارہ لاکھ سالانہ قبول کرکے سلطنت کو خیرباد کہا

اور بذریعۂ تار انکو سفارت سے بھی علحدہ کردیا قبل اس ہنگامہ کے وہان انھون نے بہترین تدابیر اور پرجوش تحریرات سے سب کو اپنا ہمدرد بنالیا تھا۔ پارلیمنٹ کے تمام اعلیٰ ممبر اور ارباب اقتدار انکے طرفدار ہوگئے تھے۔ انھون نے لندن مین بہت شہرت اور عزت حاصل کی تھی۔ ملکہ معظمہ کے دربار مین نہایت عزت کے ساتھ باریابی میسر ہوئی۔ دعوت شبینہ پر بھی مدعو ہوے۔ وزرار و امرا سلطنت سے علی الخصوص وزیر اعظم کی صحبتون اور دعوتون مین شرکت ہوتی رہی۔ مراسلت جو دفتر اور صاحب وزیر ہند سے انکے نام ہوتی۔ تو انکے نام کے ساتھ ہز اکسلنسی لکھا جاتا۔ علحدگی سفارت کے بعد بھی کئی سال لندن مین رہنے کا اتفاق ہوا۔ وہان انھون نے چند انگریزون سے بذریعۂ پرونوٹ قرض لیا تھا۔ بعد ادا ے قرضہ ہنوز کاغذات نہین واپس ہوے تھے۔ کہ اصل داین نے اوسکو دوسرے کے ہاتھ فروخت کر ڈالا۔ خریدار نے سود کی رقم بڑھا کر انپر دعوے دائر کردیا۔ جسکی پیروی مین کئی سال صرف ہوے۔

یہ بعد فراغت لندن سے مراجعت کر کے چند دنون مصر و اسکندریہ مین سلطان و خدیو مصر کے مہمان ہوے۔ وہان سے حرمین شریفین آکر دو سال رہے۔ دو حج کیے۔ دوسرے سال حج اکبر سے مشرف ہوئے۔ وہان مولانا محمد یعقوب نواسۂ حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے مکان پر فروکش ہوے اور شیوخ حرمین سے سند حدیث حاصل کرکے وطن واپس آئے۔ اور تصنیف و تالیف و حفظ کلام اللہ مین مصروف رہے۔ کتب خانہ بہت اچھا جمع کیا تھا۔ جو انکے صاحبزادے مولوی فریدالدین خان کی حیات تک رہا۔ بعد اُسکے تلف ہوگیا۔ زمانۂ قیام وطن مین ریاست ٹونک مین اعلےٰ عہدہ پر متقرر ہوے۔ پھر وہان سے رامپور گئے۔ اور نواب کلب علی خان کی رفاقت مین تھوڑے عرصہ تک رہے۔

تصانیف انکے حسب ذیل ہین (۱) مفتاح الرشاد لکنوز المعاش والمعاد فارسی مطبوع (۲) جدول طلوع و غروب (۳) تاریخ انگلستان مشہور بہ سفرنامہ لندن اُردو غیر مطبوع نہایت مبسوط تاریخ ہے۔ (۴) شرح خطبۂ شقشقیہ حضرت جناب امیر کرم اللہ وجہہ عربی غیر مطبوع (۵) تاریخ الخلفا اُردو مطبوع۔

(۶) تاریخ ہندوستان (۷) دہر غیر مطبوع (۸) شرح مکتوب حضرت ابی بکر صدیق بنام حضرت علی غیر مطبوع (۸) شرح الشرح رسالہ نثر اللآلی غیر مطبوع (۹) ضوابط ستہ غیر مطبوع ۔ زبان فارسی کے اصول کے بیان مین۔

انھون نے بمقام کاکوری بعارضۂ استسقا بتاریخ ۸ ماہ محرم روز چہارشنبہ ۱۲۹۹ھ بعمر ۶۰ سال انتقال کیا ۔ اور حظیرہ خاندانی متصل چاند محل کاکوری مین دفن ہوئے قطعہ تاریخ انتقال از مولوی محی الدین خان ذوق کاکوروی ۔ در صوری و معنوی ہے

سال وماہ فوت مولانا مسیح الدین خان	روز و تاریخیکہ رفت او جانب خلد برین
مین عیان زین مصرع و بگذار رسے اشتباہ	یوم الاربع و بد از ماہ محرم مفتین

مشتاق علی

حکیم مشتاق علی ابن شیخ عاشق علی ابن شیخ محبوب عالم چکلہ دار اٹاوہ ابن شیخ محمد بقا ابن مولوی محب الرحمن علوی مخدوم زادہ ۔ ولادت انکی بتاریخ ۲۴ ماہ جمادی الاولے روز پنجشنبہ ۱۲۳۶ھ ہوئی ۔ ابتدا عربی و فارسی کی تعلیم یہین حاصل کی ۔ اُسی زمانہ مین مولوی حسین احمد محدث ملیح آبادی سے علم طب کی ابتدائی کتابین بھی پڑھین ۔ بعد اسکے قصبہ گلاوٹھی ضلع میرٹھ مین جہان انکے والد تحصیلدار تھے حکیم محبوب علی سے طب اکبر پڑھی ۔ اور حاذق الزمان حکیم عبد القادر خان دہلوی سے تمام کتب طبیہ متداولہ پڑھکر سند مہری حاصل کی ۔ بعدہ ریاست آوا ضلع ایٹہ مین بزمرۂ طبیبان نوکر ہوئے ۔ پھر ریاست بھوپال مین کچھ دنون ملازمت کی ۔ پھر وہان سے آکر میونسپلٹی مین پوری مین بعہدۂ طبیب ثانی آخر عمر تک ملازم رہے ۔ علم طب کے بہت بڑے ماہر اور افلاطون وقت تھے ۔

ایکمرتبہ ریاست آوا کی رانی نے غلطی سے ہیرے کی کنی کھالی تھی ۔ انھون نے بڑے معرکہ کا علاج کیا ۔ اور وہ اچھی ہوگئی ۔ جہان جہان یہ رہے بہت نیکنام اور ممدوح رہے ۔ علاوہ اسکے بہت بڑے خوش اوقات متقی تہجد گذار تھے ۔ ظاہر مین اشغال دنیاوی و فکر معاش مین مشغول رہتے ۔ مگر دل ہمیشہ یاد خدا مین مشغول رہتا ۔ حضرت شاہ تراب علی قلندر کے مخلص مرید تھے ۔

انکے تصنیفات سے علم طب کی دو کتابین ہین (۱) تفریح الاطبا غیر مطبوع (۲) مفرح المشتاقین غیر مطبوع انھون نے ایک گھڑی رات کا وقت دریافت کرنے کی عجیب وغریب بنائی تھی ۔ کہ وہ اگر قطب کی طرف رکھکر دیکھی جائے ۔ تو معلوم ہوجائے کہ اسقدر رات باقی ہے ۔ انھون نے بتاریخ ۲۶ ماہ ربیع الاول سنہ ۱۳۰۲ھ انتقال کیا ۔ اور عیدگاہ مین پوری مین دفن ہوئے ۔

قطعۂ تاریخ وفات از مولوی محمد محسن مغفور متخلص بہ محسن کاکوروی ؎

مشتاق علی طبیب حاذق ... شبلی روش و ملک جنابے
بگذشت و ازین جہان و بگذاشت ... بر خلق ملال و اضطرابے
چون باخ اگرمش حسن بود ... رنگ الفت بہ آب و تابے
جا یافت بہ پہلوے برادر ... شد جمع حباب با حبابے
ہاتف سر مرقدش رقم کرد ... مہتاب قرین آفتابے ۱۳۰۲ھ

انکے بڑے بیٹے حکیم محب علی مغفور تھے جنھون نے فن طب کی تعلیم اپنے والد ماجد سے حاصل کی ۔ مین پوری مین مطب کرتے تھے ۔ وکیل بھی تھے ۔ وہان بہت مشہور اور نیک نام رہے ۔

منجھلے بیٹے حکیم طالب علی مرحوم بھی بہت اچھے طبیب تھے ۔ اللہ تعالے نے اُنکے ہاتھ مین ایسی شفا عطا فرمائی تھی کہ مرضا اُنکے ہاتھ سے بیشتر شفا پاتے تھے ۔

چھوٹے بیٹے مولوی حکیم حبیب علی مرحوم تھے ۔ جنکا حال حرف حا مین مذکور ہو چکا ۔

مشرف علی

منشی مشرف علی متخلص بہ منتظر ۔ ابن منشی ریاست علی ۔ ابن قاضی اوصاف علی خان ابن رضا علی خان ۔ انکی ولادت ماہ جمادی الآخر ۱۲۵۶ھ مین ہوئی ۔ یہ نہایت ذہین وطباع لطیفہ گو و بذلہ سنج تھے ۔ شاعر بھی بہت اچھے تھے ۔ کبھی کبھی کلام فارسی و اردو بھاکھا مین نظم کرتے ۔ تلمذ انکو منشی ظہور الدین احمد ظہور تلمیذ شیخ عبد الرؤف شعور لکھنوی سے تھا ۔ فارسی اشعار انکے نہ ملسکے

چند اردو اشعار انکی بیاض مین مل گئے بغرض تفریح طبع ناظرین درج ذیل ہین ؎

ثواب ہو مجھے حاصل عذاب کے بدلے — کلام سنئے کرو گر عتاب کے بدلے
مین عاشق لب لعلین ہون بعد مرگ اے یار — لہو کفن پہ چھڑکنا شہاب کے بدلے
نظر لگے نہ کہین رخ کو بیحجابی سے — بلا سے گیسو ہی چھوڑو نقاب کے بدلے
کرے تو یار کا دریائے حسن طغیانی — ترینگے دیدۂ عاشق حباب کے بدلے
کرین جو بادہ کشی وہ تو یہ تمنا ہے — گزک بنے دل عاشق کباب کے بدلے

جفا کے بدلے اگر تم وفا نہین کرتے — تو ہم بھی آج سے ولکہ فدا نہین کرتے
ہر انچہ میرسد از دوست بس ہمان نیکوست — ہم اسلئے ترے غم کا گلہ نہین کرتے
انھین نظر نہین مطلق ہی حال مضطر پر — وفا تو کیا ہے ذرا بھی جفا نہین کرتے

یہ مدت العمر تمام گونڈہ وکالت کرتے رہے اور بہت روپیہ پیدا کیا۔ اور خرچ کیا۔ تمام عزیزو اقارب سے حسب حیثیت سلوک و مدارات کرتے اور انکی درستی حال مین اپنے امکان بھر دریغ نکرتے گونڈہ کے تمام لوگ پناہ رب و سرپرست اور ہر ایک معاملہ مین ملجا و ماوا سمجھتے تھے۔

انھون نے بتاریخ ۲۲ ماہ جمادی الآخر روز شنبہ ۱۳۱۷ھ مطابق ۸ اکتوبر ۱۸۹۹ء بعمر ۶۱ سال بمقام کاکوری انتقال کیا۔ اور اپنے خاندانی قبرستان واقع رسولی باغ مین دفن ہوئے

قطعہ تاریخ وفات ؎

بلند رتبہ مشرف علی وکیل جلیل — کہ باد جنت ماوائش مامن و مسکن
چو بست و ہشت ز اکتوبر آمدہ ہی ہی — بشام شنبہ کشیدہ برخ نقاب کفن
۱۸۹۹ء

منظر حسین

حافظ منظر حسین۔ ابن شیخ عماد الدین حسین۔ ابن شیخ عزیز الرحمن۔ ابن شیخ عبد الرحمن علوی۔ انکے والد شیخ عماد الدین حسین بہت صالح قابل درویش صفت خوش اوقات صاحب

اعمال و دعوات شخص تھے۔ خط نسخ اور نستعلیق بہت پاکیزہ تھا۔

یہ بھی بہت قابل اور لائق تھے۔ کشف المتواری سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ انھون نے شباب مین کلام اللہ حفظ کیا تھا۔ نہایت باصلاحیت و لیاقت تھے۔ تلاش روزگار مین وطن سے نکلے۔ اور بہت معقول عہدہ حاصل کیا۔ پھر رفتہ رفتہ راجہ رنجیت سنگھ والی لاہور کے رفیق ہوگئے۔ وہان بہت دولت اور عزت پیدا کی۔ سات راس اسپ انکے طویلہ مین رہتے تھے۔

ایک روز رنجیت سنگھ کے ہمراہ ایک مہم پر گئے۔ قضائے الہی سے معہ ایک ملازم کے دریائے اٹک مین غرق ہوگئے۔ اور مرتبہ شہادت پر فایز ہوئے۔

انکا نکاح حضرت عارف باللہ شاہ محمد کاظم قلندر کی صاحبزادی سے ہوا تھا۔ تین بیٹے اعظم علی۔ معظم علی۔ وزیر علی ہوے۔ انکے بیٹے شیخ وزیر علی اور پوتے افضل علی نے کتب درسیہ تمام و کمال حضرت شاہ تقی علی قلندر سے پڑھین۔ حافظ مظہر حسین صاحب کو بیعت بھی حضرت شاہ محمد کاظم قلندر سے تھی۔

مظہر علی

مولوی حافظ شاہ مظہر علی محدث (نواسہ حضرت شاہ محمد کاظم قلندر قدس سرہ) ابن شیخ غالب علی ابن شیخ غلام صفی ابن شیخ محمد نواز۔ ابن حافظ خلیل الرحمن شہید علوی مخدوم زادہ۔

یہ تقریباً ۱۲؁ھ مین پیدا ہوے۔ حافظ قرآن عالم و فاضل متشرع شافعی المذہب خوش اوقات درویش صفت متوکل اور خوشنویس تھے۔ انھون نے علوم رسمیہ کی تکمیل مولوی عبد الحق ابن مولوی فضل اللہ نیوتنوی سے کی۔ پھر دہلی جاکر حدیث کی سند مولانا محمد اسحاق مہاجر نواسہ حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلوی سے حاصل کی۔

بیعت و اجازت و خلافت انکو حضرت سید احمد مجاہد رائے بریلوی سے تھی۔ اس قصبہ کے اکثر لوگ نیز اطراف کے انکے مرید بھی تھے۔ عبد اللہ شاہ جنکی قبر موضع بگریا ضلع لکھنؤ مین ہے انھین کے

مُرید تھے اُس جوار سے کسی رئیس نے کچھ زمین مع چند درخت اُنکی گذر اوقات کے لئے نذر بھی کی تھی۔ حکیم بخشش علی کاکوروی بھی انکے مخلص عقیدت مند تھے۔

ان کو اکثر زیارت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہوتی تھی۔ چنانچہ انھون نے بعض لوگون سے کہا تھا کہ پیغمبر صاحب نے میرے داہنے ہاتھ کو اپنا ہاتھ فرمایا ہے۔

انکے معمولات سے تھا کہ سوتے وقت ہمیشہ دعا سریانی پڑھا کرتے تھے۔ ملا عبد الکریم قدس کی مسجد مین رہتے اور کلام اللہ تحریر کرکے ہدیہ کرتے۔ انکے ہاتھ کی لکھی ہوئی دلائل الخیرات مین نے بھی دیکھی ہے۔ بہت اچھا خط ہے۔ مثنوی مولانا روم زائد مطالعہ مین رکھتے۔ اور یہ شعر بہت پڑھا کرتے سے

علم نبو و غیر علم عاشقی ‌‌ ‌ ‌ ‌ ‌ ما بقی تلبیس ابلیس شقی

انھون نے اپنے پوتے مولوی جعفر علی مرحوم سے اُنکے نکاح کے بعد کہا کہ میری رائے مین تم مُرید بھی ہوجاؤ۔ پولیس مین نوکر ہو۔ تمکو رخصت مشکل سے ملتی ہے۔ یہ کہکر حضرت مولانا شاہ حیدر علی قلندر کی طرف اشارہ کرکے کہا کہ انکے مرید ہوجاؤ۔ اسکے بعد کہنے لگے۔ کہ اگرچہ لوگ مجھ کو تکیہ شریف کے خلاف خیال کرتے ہین مگر ایسا نہین ہے۔ بیشتر مجھ کو کچھ اعتراضات بعض معمولی باتون پر مثل چراغان وغیرہ کے پیدا ہوئے تھے۔ مگر وہ رفع ہوگئے۔ اُسکی صورت یہ ہوئی کہ ایک شب کو مین نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بائین جانب کرسی پر حضرت شاہ محمد کاظم قلندر کو بیٹھے ہوئے دیکھا۔ اور دونون حضرات کی پشت پر حضرت شاہ تراب علی قلندر کو کھڑے چنور ہلاتے ہوئے دیکھا۔ بیداری کے بعد یہ خیال رفع ہوگیا۔ اور سمجھ مین آیا کہ اولیاء اللہ کی طریقت مین اِن جزئیات سے کوئی نقص نہین ہوتا۔

یہ کہا کرتے تھے کہ حضرت شاہ محمد کاظم قلندر فرما گئے ہین کہ ایک وقت پچھم سے ایک بادشاہ تکیہ کی زیارت کو آویگا۔ اور کچھ دیہات معاف کریگا۔ چاہئے یہ کہ اُسوقت جو موجود ہو بادشاہ سے عذر کردے اور دیہات نہ لے۔ شاہ محمد کاظم قلندر کے وفات کے وقت انکی عمر ۹ سال کی تھی۔

وفات انکی بتاریخ سہ ماہ جمادی الاولے روز شنبہ ۱۲۸۱ھ مطابق ۵ نومبر ۱۸۶۴ء ہوئی
در قبرستان تکیہ شریفیہ مین دفن ہوئے قطعہ تاریخ وفات از مولوی محمد عالم قیصر کاکوروی

جناب مولوی مظہر علی را | کہ پابند شریعت بود ہر مو
زماہ پنجمین بست و یکم روز | بیوم شنبہ آمد جذبۂ ہو
زتن رست و بحق پیوست آخر | ندا آمد بگو مظہر علی کو

۱۲۸۱ھ

معزاللہ

حافظ معزاللہ ابن حافظ شاہ عزیزاللہ علوی - یہ بڑے لائق وفائق حافظ کلام اللہ نہایت صالح وخدا پرست تھے - حضرت سیدنا شاہ باسط علی قلندر الہ آبادی قدس سرہ سے بیعت تھی - حضرت سیدنا شاہ محمد کاظم قلندر سے بہت دوستی تھی - حضرت شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ کشف المتواری مین انکے متعلق لکھتے ہین کہ -

"ایشان برادر دینی والد فقیر بودند - وبا حضرت والدم از طفلی کمال محبت وآشنائی داشتند و محرم راز حضرت والدم دیگرے مثل ایشان نبود - ہرگاہ ذکر حضرت والدم می شد - می گریستند تا وقتیکہ قوت وصحت ماند - از خانہ برائے فاتحہ حضرت والدم در تکیہ می آمدند - واکثر حکایات ہمدمی ومحرمی خود در عالم روزگار کہ باہم یکجا بودند بیان میکردند غرض در آشنا پرستی یکتا بودند"

سنہ ولادت و وفات وغیرہ نہین معلوم ہو سکا -

معشوق علیخان

منشی معشوق علیخان فوجدار ابن شیخ طفیل علی خان علوی - یہ اپنے والد کے بعد انھین کی جگہ پر بجنور مین فوجدار ہوئے - لیکن ایک سال کے بعد ملازمت سے کنارہ کشی کرکے کانپور چلے گئے - اور چند روز کے بعد سرکار ایسٹ انڈیا کمپنی مین ملازمت کی اور اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر کا

عہدہ پایا۔ بہت ذی وجاہت اور نامور ہوئے۔ کانپور مین بحالت ملازمت بتاریخ ۱۳ ماہ ذیحجہ ۱۲۳۳ھ مطابق ۱۶ نومبر ۱۸۱۸ء رحلت کی۔ اور وہین دفن ہوئے۔

مقبول احمد محو

منشی مقبول احمد تحصیلدار متخلص بہ محو۔ ابن منشی ولایت احمد تحصیلدار حاجی دیوی الاصل کاکوری الوطن ولادت انکی ماہ ذیقعدہ ۱۲۶۰ھ مین ہوئی۔ یہ بہت اچھے شاعر تھے۔ تعلیم و تربیت اپنے برادر معظم منشی مقصود احمد نطق سے پائی۔ انکا دیوان موسومہ بہ تحکدۂ خیال طبع بھی ہوگیا۔ اور بہت مقبول ہوا۔

ابتدا مین یہ اپنے ماموں منشی محمد رضا صبر سے اصلاح لیتے۔ اُنکے انتقال کے بعد اپنے برادر معظم سے اصلاح لینا شروع کی۔ انکے دیوان کی ترتیب بھی انھین نے کی۔ تھوڑا سا کلام انکا بغرض تفریح طبع ناظرین درج ذیل ہے ؎

زعم ہی زعم ہے مجھے سر کا — تھا کسی کی نہ ایک ٹھوکر کا
مجھ کو جنت مین لا کے قید کیا — موت نے دیکھے دم مرے گھر کا
کٹ گیا سر تو کٹ گیا اے محو — دوش سے اپنے بوجھ تو سرکا

اک نیم نگاہ بھی بہت ہے — تسکین کے لئے مری بہت ہے
ٹھنڈی کر دو شمع صبح فرقت — یہ ساتھ مرے جلی بہت ہے
کوئی نہ لحد مین ساتھ آئے — مونس مری بیکسی بہت ہے
ہان محو کی دیکھ ناتوانی — اب زار بھی واقعی بہت ہے

ہے یہی آن دلربائی کی — تونے اچھا کیا برائی کی
آپ کے ہم ہوسے نہ منت کش — کاٹ دی رات بھی جدائی کی
دام کاکل پسند ہے مجھ کو — نہین امید اب رہائی کی

تمحو کوئی برا نہین کرتا — جس سے کی بخت نے برائی کی

اے صبا اچھی سونگھائی بوئے زلف — ہوش اپنے اور بھی جاتے رہے

تمحو وہ ایام طفلی ہائے ہائے — کچھ نہ غم تھا کھیلتے کھاتے رہے

او رہی لب ہین مسکرانے کو — غنچہ رہنے دے منھ بنانے کو

وہ تو وہ تمحو انکا خنجر بھی — نہین ملتا گلے لگانے کو

تم نے مارا قضا کا نام نہ لو — اپنے جور و جفا کا نام نہ لو

ہائے اُس بت کا زعم یکتائی — ہے یہ قدغن خدا کا نام نہ لو

دل کو سمجھا تھا مکان آرزو — پھر جو دیکھا ہے جہان آرزو

آرزو تو جل بسی پر داغ یاس — رہ گیا دل مین نشان آرزو

ایک دل کے خون ہو جانے سے تمحو — مٹ گئے سو خان دمان آرزو

یہ سرکار انگریزی مین بعہدۂ تحصیلداری مامور تھے پنشن کے بعد سندیلہ مین قیام اختیار کیا اور وہین بتاریخ ۱۰ ماہ جمادی الآخر روز جمعہ ۱۳۲۵ھ انتقال کیا۔ اور وہین دفن ہوے۔

مقصود احمد نطق

منشی مقصود احمد متخلص بہ نطق ابن منشی ولایت احمد تحصیلدار رجاجی دیوی الاصل۔ کاکوری المولد۔ انکی ولادت بتاریخ ۹ ماہ ربیع الاول ۱۲۵۹ھ ہوئی۔ ابتدائی تعلیم اپنے عم اکرم مفتی عنایت احمد مغفور سے حاصل کی۔ اور انکی نیز اپنے والد کی تعلیم و تربیت و فیض صحبت سے بہت کچھ حاصل کیا۔ حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ کے مرید تھے۔ بہت ذہین و طباع قابل محدث شاعر بے بدل تھے۔ لڑکپن ہی مین شاعری کی طرف توجہ ہوئی۔ کچھ دنون اپنے خال اکرم منشی محمد رضا صاحب سے اصلاح لیتے رہے۔ اور انکے ارشد تلامذہ سے ہوئے۔ پھر بوجہ ذکاوت طبعی خود استاد ہوگئے۔ کلام استادانہ بہت پر مغز ہوتا تھا نطق تخلص کرتے تھے۔ انکے اردو کے دو دیوان معہ چند

قصائد و تواریخ و واسوخت وغیرہ موجود ہین - جو طبع بھی ہو چکے - اور بہت مقبول ہوئے ۔

تذکرۂ طور کلیم - و تذکرۂ بزم سخن مین ہے کہ ۔

"نطق - منشی مقصود احمد کاکوروی موطن سیتاپوری سکن - تلمیذ رشید محمد رضا صبر - اکثر از

گفتارش لطفہا بردا شتم ۔ دیوان دارد و بروش خود سخن شایستہ میگذارد ۔"

اسکے چند اشعار بغرض تفریح ناظرین درج ذیل ہین ؎

ناز و کرشمہ و ادا حسن و جمال کیا نہین
آپ مین خوبیان ہین سب عیب یہی وفا نہین

ناز کئے ادائین کین ظلم کئے جفائین کین
صاف مکر نہ جائیے آپ نے کیا کیا نہین

اب تو عبث ہی بدگمان شاد ہو بانی جفا
نبض کو دیکھتا ہے کیا - مجھ مین تو کچھ رہا نہین

رہتی ہے اُس سے چھیڑ چھاڑ گاہ بناؤ گہ بگاڑ
اُسکے بغیر عشق مین - نطق ذرا مزا نہین

نکلا ہون گھر سے داغ عزیزان لئے ہوئے
بن کو چلا ہون گنج فراوان لئے ہوئے

بیتاب ہو کے خوار نہ ہو بزم یار مین
ہان آپ کو ذرا دل نادان لئے ہوئے

رویا کیا ہون پردہ نشینون کے واسطے
آنکھون پر اپنے گوشۂ دامان لئے ہوئے

شاید چمن مین نطق غزلخوان ہے اے صبا
بیٹھے ہین دم جو مرغ خوش الحان لئے ہوئے

مر گئے پھر بھی نہ چھوٹا حسن سے وہ ارتباط
جو ہماری خاک کا ذرہ تھا افشان ہوگیا

تھی امید آیا کرے گا قبر پر وہ بھی کبھی
کیا غضب ہی قتل کر کے وہ پشیمان ہوگیا

زلف جب تک کہ مختصر نہ ہوئی
فارغ البال وہ کمر نہ ہوئی

خوش ہون یون بھی جو کارگر نہ ہوئی
آہ منت کش اثر نہ ہوئی

بات کہنے کو رہ گئی ورنہ
تم نہ آئے تو کیا سحر نہ ہوئی

زیر زمین بھی جور فلک سے نہین نجات
مرنیکے بعد قبر مین چوری کفن گیا

ہر نگاہ ناز ہے اُس حور وش کی دل نشین
جو نہ نکلے آنکھ سے وہ بھی ہمارے دل مین ہی

سینہ مین حسرتون سے جگہ ایسی بھر گئی
امید کشمکش مین پڑی دب کے مر گئی

کیون دیکھ کر حسینون کو نیت بدل نجائے | اے شیخ جی بشر ہین فرشتے نہین ہین ہم
رکھ تیغ کھول اے بت بیداد گر کمر | بہتا ہے اب تو خون شہیدان کمر کمر
ضد ہو تو سو فریب سے لے آؤن راہ پر | اسکو مین کیا کرون کہ ادھر دھیان ہی نہین
ہر بار اُبھتے ہین مری آہ رسا سے | ایسے وہ لڑا کا ہین کہ لڑتے ہین ہوا سے
بولا وہ دم تذکرۂ رحلت عاشق | بدنام کیا مجھ کو مرا اپنی قضا سے

انھون نے تیس سال کی عمر تک شاعری کی۔ اور مختلف رسالے لکھے جو طبع ہوے۔ متقدمین اساتذہ مثل میر۔ ناسخ۔ مومن۔ آتش۔ وزیر۔ صبا۔ رند وغیرہ وغیرہ کے کلام کا بہترین انتخاب کیا۔ جو موجود ہے۔

انکے اُستاد کے اور تلامذہ بھی ان سے اصلاح لیتے تھے۔ انکے شاگردون مین انکے دونون بھائی منشی مقبول احمد محو۔ و منشی سلطان احمد سلطان۔ صاحب دیوان گذرے ہین۔ محو کا دیوان طبع بھی ہوگیا ہے۔ انکے علاوہ منشی مظفر احمد مہر منشی ممتاز حسن منشی شریف حسن منشی مشرف احمد منشی رضا احمد۔ مرزا غفور بیگ مرحوم۔ مولوی احمد خان وغیرہم بھی تھے۔ پھر شعر کہنا ترک کردیا چنانچہ ترک شعر گوئی کی جو تاریخ لکھی۔ وہ حسب ذیل ہے ؎

دیکھ کے پس جنس ہنر کا کساد | ترک کیا آج سے شعر و سخن
فکر جو اے نطق ہے تاریخ کی | کہئیے۔ خموشی ہوئی مہر دہن
۱۲۹۱ھ

اسکے متعلق خود یہ واقعہ بیان کرتے تھے کہ:-

"اُس زمانہ مین مین نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کو خواب مین دیکھا کہ انھون نے اپنا پستان میرے منھ مین دیدیا۔ مین نے اُسے خوب چوسا۔ اس واقعہ کے بعد شاعری سے نفرت ہوگئی اور علم حدیث کا ذوق پیدا ہوا۔"

یہ رات دون حدیث کا مطالعہ کیا کرتے۔ تمام صحاح ستہ و سنن و مسانید و معاجم کی صحیح حدیثون کا نہایت عمدگی اور قابلیت سے انتخاب کر ڈالا۔ جو چھ جلدون مین انھین کے ہاتھ

کا لکھا ہوا موجود ہے۔ اور انکی بیش بہا یادگار ہے۔ دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ علم حدیث کی جس قدر خدمت کی۔ وہ بہت زائد قابل تعریف و تحسین ہے۔ کثرت مطالعہ سے ہزارون حدیثین حفظ ہوگئین تھین۔ ساتھ اسکے علم اسماء الرجال پر بہت عبور تھا۔ علم جرح و تعدیل بھی خوب جانتے تھے جیسا کہ ان کتابون کو دیکھ کر بخوبی واضح ہوتا ہے۔ واقعی اپنے زمانہ مین بوجہ کثرت مطالعہ و حفظ احادیث فخر محدثین تھے۔

ابتدا مین کچھ دنون بصیغہ ملازمت ریاست بنی نگر گیٹسر ضلع سیتاپور مین نائب ریاست رہے اور بہت نیکنامی و خیر طلبی کے ساتھ ملازمت کی۔ جیسا کہ روبکار سے معلوم ہوتا ہے۔ چونکہ ۱۴ سال کی عمر سے انکو ضیق النفس کا عارضہ پیدا ہوگیا۔ وہان بوجہ نا موافقت آب ہوا مرض مین زیادتی پیدا ہوگئی تھی۔ جس پر انکے والد نے مصر ہوکر ملازمت ترک کرادی اسکے بعد سے خانہ نشین رہ کر کتب بینی و تصانیف مین مصروف رہے۔ دو رسالہ اعمال کے بھی انکے مولفات سے ہین جن مین سے ایک رسالہ موسومہ بہ رد القضاء من اعمال دفع الوباء متعدد بار طبع ہوکر مقبول ہو چکا ہے۔ دوسرا رسالہ غیر مطبوع موجود ہے۔

انھون نے بتاریخ ۲۵ ماہ رمضان المبارک روز دوشنبہ ۱۳۲۹ھ انتقال کیا۔ اور اپنے باغ واقعہ ملھا تالاب کاکوری مین دفن ہوے۔ قطعہ تاریخ وفات از منشی نور الدین احمد کیفی کاکوروی

عالم فانی نہین جاے قیام ہے مسافر اس جگہ ہر انس جان
روز مرہ قافلے کے قافلے جا رہے ہین سوے ملک جاودان
حضرت مقصود احمد نطق بھی ہو گئے گلزار جنت کو روان
آپ تھے بحر سخن نازک خیال آپ رنگین طبع تھے جادو بیان
آپ تھے شاگرد ارشد صبر کے آپ تھے استاد فخر شاعران
سال رحلت کی ہوئی کیفی کو فکر تاکہ باشد یادگار اندر جہان
آئی قلب زار ہاتف سے صدا چل بسا کیا شاعر شیرین بیان
۱۳۲۹ھ

انکے ایک بیٹے منشی جمیل احمد صاحب ہین۔ جو نہایت ذہین قابل متورع متصف بہ اخلاق حمیدہ و اوصاف پسندیدہ ہین۔ انھون نے بھی تعلیم و تربیت اپنے والد ماجد سے پائی سلمہ اللہ تعالی

ملک معروف

ملک معروف۔ ابن ملک اسعد الدین سالاری وزیر سلطان حسین شرقی فرمانروا ے جونپور۔ منشی فیض بخش کاکوروی اپنے نسب نامہ مین لکھتے کہ جب ملک اسعد الدین سالاری پسری اولاد سے مایوس ہوے۔ تو دختری اولاد یعنی اپنے نواسہ ملک بہار الدین کیقباد کو متبنی کیا۔ تھوڑے دنون کے بعد اسی حالت یاس مین اُنکی دوسری بی بی سے یہ پیدا ہوے۔ انکا نام ملک معروف رکھا گیا جسوقت راجہ ساتن میں قید ہوا۔ تو یہ اپنے والد کے ساتھ لشکر مین تھے۔ انکی عمر اُسوقت ۱۸ سال کی تھی۔ جب اس قصبہ کاکوری پر پورا تسلط ہو گیا۔ تو یہ اطراف مین فوج لیکر پھرے۔ اور جہاد شروع کیا۔ گنگا پار اٹاوہ تک فتح کر کے خطبۂ سلطانی پڑھا اور سکہ جاری کیا۔ پھر بادشاہ نے کہا کہ تمھاری وجہ سے چونکہ یہ ملک فتح ہوا ہے۔ لہذا تم کو دیا جاتا ہے تا کہ تمھاری اولاد وہان سکونت اختیار کرے۔ اور جسکو چاہے وہان آباد کرے۔ معافی کا بھی اختیار رہے۔ ملک بہار الدین کیقباد وغیرہ کو بھی یہین قیام کا حکم ہوا۔

ملک اسعد الدین سالاری نے جنگل جو ساگر تالاب کے جنوب جانب اور قلعہ خام جو شمال جانب تھا مسمار کرا کے ساگر تالاب کے جنوب جانب پختہ قلعہ بنوایا۔ اور اُسکے گرد بہت عمیق خندق کھدوائی۔ جس کے نشانات اب تک باقی ہین۔ اور جنگل بالکل صاف کر دیا۔ ملا ابوبکر جامی والد ملک بہار الدین کیقباد نے قلعہ کے جنوب جانب مکان بنایا چنانچہ اب تک اُنکی اولاد اُسی جانب قیام پذیر ہے۔ ملک معروف نے قلعہ کے مشرق جانب مکان اور سرا اور بازار بنائی ہودہ تالاب کے کنارہ تک انکے مکانات تھے۔ بازار بہت آباد تھا سرائے ملک معروف و حویلی کے نشانات اب تک موجود ہین۔ انکی اولاد دختری و پسری بہت ہوئی

بوجہ امتداد زمانہ اب کسی کا پتہ نہین چلتا۔ کچھ لوگون نے ملیحی مین کچھ لوگون نے قصبہ دیوہ اور اُسکے اطراف مین سکونت اختیار کی۔ اور بوجہ افلاس حصص فروخت کرتے گئے۔ واللہ اعلم۔

ممتاز الدین حیدر

مولوی ممتاز الدین حیدر۔ ابن مولوی فضل الدین۔ ابن قاضی امام الدین خان۔ ابن ملا حمید الدین محدث ہے۔ انکی ولادت بتاریخ ۸ ماہ شوال المکرم ۱۲۳۰ھ ہوئی۔ فارغ التحصیل۔ و ذی استعداد تھے۔ اپنے خاندانی علما سے تحصیل علوم کی۔ ابتدائً ہمراہ مولوی رشید الدین خان مغفور محکمہ اخبار نویسی لکھنؤ مین ملازم رہے۔ شاعری سے بھی ذوق تھا۔ مولوی محی الدین خان ذوق کاکوروی سے تلمذ رکھتے تھے۔

انھون نے علم الانساب مین ایک کتاب لکھی تھی۔ جو بہت مفید اور کارآمد ثابت ہوئی جہان تک انکو شجرات مل سکے۔ اس کتاب مین درج کرائیے۔ اور شجرۃ الانساب اسکا نام رکھا۔ نہایت معتبر اور نفیس کتاب ہے۔ ایک اور بسیط کتاب حالات مین ارباب وطن کے لکھ رہے تھے۔ افسوس کہ اُسکو تمام نہ کر سکے۔ اور بتاریخ ۸ ماہ شعبان المعظم روز جمعہ ۱۳۲۲ھ انتقال کر گئے۔ عمر بہت اچھی پائی۔ حظیرۂ ملا محمد غوث واقعہ مولوی محلہ کاکوری مین دفن ہوئے۔

قطعہ تاریخ وفات از منشی ارتضےٰ علی علوی شرر کاکوروی سے

مولوی ممتاز دین پرور معمر محترم	شد بہ شعبان المعظم داخل قصر جنان
از شرر این مصرعۂ تاریخ ماند یادگار	مولوی ممتاز نساب وطن جنت مکان
	۱۳۲۲ھ

منّ اللہ چشتی

حضرت قاضی بندگی محمد منّ اللہ چشتی صدیقی کاکوروی۔ ابن شیخ من اللہ۔ ابن شیخ نعم اللہ۔ ابن شیخ تاج الدین۔ ابن شیخ شہاب الدین صدیقی مدنی سمنانی۔ شجرۂ قدیمہ دخطی مولانا

محمد مستعان کاکوروی جو ڈپٹی امیر حسن صاحب کے پاس موجود ہے۔ اُس مین اسی طرح ہے۔ مگر نسب نامۂ منشی فیض بخش مرحوم مین یون مرقوم ہے۔ کہ شیخ تاج الدین۔ ابن شیخ شہاب الدین۔ ابن شیخ تاج الدین صدیقی۔ اور نسب نامۂ حافظ کرم احمد سندیلی مین بھی بوجہ قرابت انکی اولاد کا حال مذکور ہے۔ مگر اُس مین بعد شیخ تاج الدین ثانی کے صرف شیخ سراج الدین کا نام ہے۔ لفظ مدنی ان دونون مین نہین۔ شیخ شہاب الدین۔ اور بروایت نسب نامۂ منشی فیض بخش مرحوم۔ شیخ تاج الدین سمنان متعلقہ خراسان کے رہنے والے تھے۔ اور مخدوم سید اشرف جہانگیر کچھوچھوی بھی سمنان مین رہتے تھے۔ اُنھین کے ساتھ یہ بھی ہندوستان تشریف لائے تھے۔ جیساکہ خاندانی شجرہ مین مذکور ہے۔ ممکن ہے کہ انکو اُن سے اجازت وخلافت بھی ہو۔ لطائف اشرفی مین دو شہاب الدین مذکور ہین۔ جن مین سے ایک شہاب الدین امام ہین۔ ممکن ہے کہ دوسرے یہی ہون۔ واللہ اعلم۔

شیخ تاج الدین صدیقی نے کاکوری مین سکونت اختیار کی۔ انکا سلسلۂ نسب تا حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ باوجود تجسس وتفحص نہین ملا۔ اور نہ مزید حالات معلوم ہو سکے جس سے کوئی پتہ چلتا۔ مدینہ طیبہ سے سمنان مین کسی وجہ سے تشریف لائے ہونگے۔ اور وہان سے ہندوستان تشریف لائے۔

یہ یعنی بندگی محمد منّ اللہ اپنے والد کے ہم نام تھے۔ باپ اور بیٹے کے نام مین فرق کرنے کے لئے لفظ بندگی بڑھا دیا گیا۔ انکے نام مین بھی اختلاف ہے۔ کسی نے فی اللہ لکھا ہے کسی نے فیض اللہ مگر صحیح محمد منّ اللہ ہے۔

یہ سلسلہ چشتیہ کے درویش کامل تھے۔ انکے نام کے ساتھ لفظ قاضی بھی لکھا ہے معلوم ہوتا ہے۔ کہ انکو کہین کا عہدۂ قضا ملا تھا۔ یا خاندانی لقب ہوگا۔ عہدۂ خطابت البتہ انکی اولاد مین عرصہ تک رہا۔

بیعت واجازت وخلافت وتعلیم وتربیت انکو حضرت شیخ سعد ابن شیخ بڈھن خیرآبادی

المتوفی ۹۲۴ھ سے تھی۔ اور انکو اجازت و خلافت حضرت مخدوم شاہ مینا لکھنوی سے۔ اور انکو حضرت مخدوم شیخ سارنگ سے۔ اور انکو حضرت سید راجو قتال سے۔ اور انکو حضرت مخدوم جہانیان جہان گشت سید جلال الدین بخاری سے اور انکو حضرت مخدوم شیخ نصیر الدین چراغ دہلوی سے۔ اور انکو حضرت سلطان المشائخ نظام الدین اولیا دہلوی سے الی آخرہ

کتاب مجمع السلوک شرح رسالہ مکیہ مشتمل بر اصول و مسائل طریقت وغیرہ۔ حضرت مخدوم شیخ سعد قدس سرہ نے بالخصوص قاضی محمد منّ اللہ و بالعموم دیگر مریدین خاص کے لئے تصنیف فرمائی چنانچہ تحریر فرماتے ہین کہ :۔

پس چون از گفتن کتاب مکیہ و فوائد علیہ قاری و سامعین چنانچہ قاضی محمد من اللہ ساکن کاکوری و شیخ مبارک بجنوری و شیخ چاند بڈھن ساکن ایچولی خطے و ذوقے می گرفتند زین فقیر التماس نمودند کہ کتاب مذکور را شرحے باشد الخ"

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ انھون نے پڑھا بھی ہی اور انکا خلیفہ ہونا ملفوظ تحفۃ السعد وغیرہ مین بھی مرقوم ہے۔

تذکرۃ الاصفیا سے معلوم ہے کہ انکا زمانہ اور شیخ سعد اللہ کندوری فراز بجنوری المتوفی ۹۸۰ھ از بنا بر قاضی فخر الدین بجنوری کا زمانہ ایک ہی تھا۔ اکثر واقعات بھی اُنکے ان سے منقول ہین۔

انکے تین صاحبزادے ہوسے۔ حضرت مخدوم شیخ کمال الدین محمد سعدی۔ حضرت مخدوم شیخ محمود۔ حضرت مخدوم شیخ قیام الدین رحمۃ اللہ علیہم۔ ان سب کو تعلیم و تربیت۔ اجازت و خلافت غالبًا اپنے والد سے حاصل ہوئی ہوگی۔

انکی تاریخ وفات ۲ر ماہ ذی الحجہ مرقوم ہی۔ مزار عالیشان پر روضہ بنا ہوا ہی۔ اس سے زائد حالات نہ دریافت ہو سکے۔

منصب علی کاظمی

مولوی شاہ منصب علی۔ ابن حضرت شاہ نظام علی قلندر (نواسۂ حضرت عارف باللہ شاہ محمد کاظم

قلندر قدس سرہ) ابن حضرت شاہ بہرام علی قلندر۔ ابن شیخ حمید اللہ۔ ابن شیخ محمد نواز۔ ابن حافظ خلیل الرحمن شہید

ولادت انکی بتاریخ ۱۰ ماہ ذی القعدہ روز سہ شنبہ سنہ ۱۲۳۰ھ ہوئی۔ یہ ابتدا ہی سے متصف بہ اوصاف حمیدہ وخصائل پسندیدہ تھے۔ کتب درسیہ کی تعلیم حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ سے پائی۔ فاضل جید اور عالم زبردست تھے۔ اجازت وخلافت انکو علاوہ اپنے والد ماجد کے حضرت شاہ علی مظہر قلندر باسطی الہ آبادی سے بھی تھی۔ اذکار واشغال خاندانی کی تعلیم اپنے والد ماجد سے حاصل کی۔ مگر نوبت ارشاد وتلقین نہین آئی۔ دن رات مین بیشتر وقت انکا حضرت شاہ صبغت اللہ قلندر قدس سرہ کے مزار کے متصل مسجد مین صرف ہوتا۔ خط بھی انکا بہت اچھا تھا۔ اکثر کتب درسیہ انکے ہاتھ کی لکھی ہوئی اب بھی موجود ہین۔

انھون نے اپنے والد کے حیات ہی مین بتاریخ ۲ ماہ جمادی الاولے ۱۲۷۳ھ انتقال کیا اور خاندانی قبرستان واقع تکیہ شریفہ کاظمیہ مین دفن ہوے۔ قطعہ تاریخ وفات از مولوی محمد عالم قیصری کاکوروی ہے

ازین عالم شہ منصب علی رفت	زخار وخس مصفا بادراہش
زہے نخت دل شاہ نظامے	کہ نعمت یافتہ از قبلہ گاہش
ہم از شاہ علی مظہر قلندر	فزون شد دولت اقبال وجاہش
زہے حال وآلش چشم بد دور	بگو سالش بہشت آرام گاہش ۱۲۷۳ھ

منصب علی قادری

مولوی منصب علی۔ ابن قاضی اوصاف علی خان۔ ابن رضا علی خان علوی مخدوم زادہ۔ یہ علم وفضل وتقوے وطہارت مین یگانۂ روزگار تھے۔ ہمیشہ درس وتدریس سے شغل رکھتے۔ اور کسب واکتساب علوم دینی کے سوا کسی چیز سے سروکار نہ رکھتے۔ تعلیم وتربیت علوم ظاہر کی تمام وکمال حضرت

مولانا شاہ تقی علی قلندر سے پائی۔ اور اُنکے ارشد تلامذہ سے ہوئے مدۃ العمر اداے فرائض منصبی و مذہبی
مین سرگرم رہے۔ اور اتباع شریعت مصطفوی مین پرجوش طبیعت مین نہایت درجہ صلاحیت اور
سادگی تھی۔ بمقام سلون ضلع راے بریلی محکمہ بندوبست مین ملازم تھے۔ وہین بتاریخ ۷ ماہ رمضان
۱۲۸۲ھ مطابق ۱۸۶۵ء انتقال کیا۔ اور وہین دفن ہوئے۔

منصب علی قلندر

حضرت شاہ منصب علی قلندر قدس سرہ۔ یہ بہت بڑے مرتاض صاحب کشف وکرامات
بزرگ تھے۔ انکو بیعت و اجازت وخلافت حضرت شاہ کرامت علی قلندر علوی کاکوروی سے تھی
حضرت شاہ عابد علی عرف ملکہرا شاہ سے بھی فیضیاب تھے۔ قناعت وتوکل مین یکتاے روزگار
تھے۔ شروع زمانہ مین مجذوبون کی ایسی حالت تھی۔ کسی بات کی پروا نہین کرتے۔ نہ اچھائی برائی
سے کچھ واسطہ رکھتے۔ نماز وروزہ کے بھی پابند نہ تھے۔

ایک مرتبہ خواب مین آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی۔ دیکھا کہ آپ تشریف لائے
اور ساتھ مین داہنے طرف ایک سوار جنکے گلے مین حمائل شریف تھی۔ اور بائین جانب بھی ایک
سوار سا اور درمیان مین خود حضرت سرور کائنات تھے۔ ان سے ارشاد فرمایا کہ منصب اُٹھ اور کلام اللہ
پڑھ۔ بموجب ارشاد یہ اُٹھکر نماز و تلاوت کلام اللہ مین مشغول ہوئے۔ اور پھر اُس روز سے کبھی نماز
ترک نہین ہوئی۔ وفات انکی بتاریخ یکم ماہ ذیقعدہ روز پنجشنبہ بعد نماز ظہر ۸۰ سال ہوئی۔ تاریخ وفات
پر عرس بھی ہوتا ہے مزار چودھری محلہ مین انکی مسجد مین ہے۔

اُنکے بیٹے شاہ محسن علی صاحب کو اجازت و خلافت و بیعت مع لباس فقر حضرت جد امجد
حضرت مولانا شاہ علی اکبر قلندر قدس سرہ سے ہے۔ بقید حیات ہین سلمہ اللہ تعالے۔

منظور الدین خان

مولوی منظور الدین خان متخلص بہ سرور۔ ابن حافظ غفور الدین خان۔ ابن قاضی وحید الدین خان

ابن مولوی قاضی امام الدین خان - ابن ملا حمید الدین محدث مغفور -

ولادت انکی بتاریخ ۱۰ رماہ شعبان المعظم ۱۲۰۰ھ ہوئی - انھون نے ابتدائی کتابین ٹپنہ مین پڑھین - پھر کاکوری آکر عربی و فارسی حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر سے پڑھی - اور مرید بھی ہوئے -

یہ بہت ذہین قابل وطباع تھے شعر و شاعری کی طرف بھی میلان تھا - عربی و فارسی و اُردو تینون زبانون مین اچھے شعر کہتے تھے سرور تخلص تھا - چند اردو اشعار مل گئے جو نذر ناظرین ہین سہ

سر چڑھایا آپ نے پھر دیکھئے اغیار کو ... ایسے بھولے رات بھر مین واہ وا اقرار کو

کیا عیان اُس بت مین ہی شان خدائی دکھیا ... توڑتے ہین برہمن آ آ کے سب زنار کو

بے خلش کس کی گذرتی ہے ریاض دہر مین ... خار کا کھٹکا ہے گل کو گل کا کھٹکا خار کو

کس قدر ممنون ہون قاتل تری تلوار کا ... بھر دیا پھولون سے دامن زخم دامندار کا

جب بہار آتی ہی کھل جاتے ہین سارے داغ دل ... یہ مزا ہے عشق بازی مین گلے کے ہار کا

وعدۂ فردا بھلا کب تک اُٹھاؤ بھی نقاب ... ایک عالم ہے پیاسا شربت دیدار کا

چاٹتے ہین ہونٹ رہ رہ کر لب زخم کہن ... خوب ہی میٹھا ہے پانی آپ کی تلوار کا

عشق آفت ہی سہی ناصح مگر سمجھے تو کچھ ... ہر مصیبت مکرمت ہی ہر بلا انعام ہی

انھون نے سرکاری ملازمت بھی کی - تحصیلدار ہوئے پھر علیحدہ ہو کر خانہ نشین ہو گئے تھے افسوس کہ بتاریخ ۲ رماہ رمضان المبارک روز دوشنبہ ۱۳۴۵ھ مطابق ۷ رماہ مارچ ۱۹۲۷ء بعارضۂ فالج قریب صبح انتقال کیا - اور خاندانی قبرستان مین دفن ہوے -

مومن علیخان مفتون

منشی مومن علی خان متخلص بہ مفتون - ابن قاضی ذو الفقار علی خان - ابن قاضی امداد علی خان

آبن رضا علی خان ۔ آبن محمد غلام ۔ آبن ملا محمد زمان ۔ آبن ملا محمد رضا ۔ آبن ملا محمد اشرف ۔ آبن ملا عبدالقادر علوی ۔ مخدوم زادہ ۔

اُنکو زمانۂ طفلی مین باپ کے سایۂ عاطفت سے اجل نے محروم کر دیا تھا ۔ تائیدِ ایزدی شامل تھی کہ علم و فضل مین دستگاہ کامل حاصل کی طبیعت مین ذہانت اور ذکاوت کے جوہر خداداد تھے ۔ تھوڑے شوق اور توجہ سے نثر اور نظم فارسی مثل اہل زبان کے لکھنے لگے ۔ مفتون تخلص تھا ۔ شیخ غلام مینا ساحر کاکوروی کے ارشد تلامذہ سے تھے ۔

نواب نور الحسن خان کلیم تذکرۂ نگارستان سخن مین لکھتے ہین کہ ۔

"مفتون ۔ شیخ مومن علی ۔ ساکن قصبہ کاکوری ۔ کلام نمکینش در تغزل بکمال شور اشوری است از شاگردان شیخ غلام مینا ساحر بود ۔ و با سالیب سخن ماہر"

تذکرۂ روز روشن جلد چہارم شمع انجمن مین ہے ۔

"مفتون ۔ شیخ مومن علی ۔ ابن شیخ ذوالفقار علی کاکوروی بر نظم و نثر فارسی قدرت کما ینبغی داشت واز شاگردان شیخ غلام مینا ساحر کاکوروی بود ۔ و در سرکار انگریزی بوکالت عدالت دیوانی بعیش و عشرت زندگانی می نمود"

انکا فارسی و اردو کلام بہت کوشش سے دستیاب ہوا جو بغرض تفریح طبع ناظرین درج ذیل ہے

انتخاب کلام فارسی

ز ذوق خوش گوار یہاے آب خنجرش ہر دم — بیک دیگر لب ہر زخم شوق گفتگو دارد

حدیث تلخ کز آن لعل شکرین برخاست — ہلاہلے است کہ در شان انگبین برخاست

برنگ پیکر تصویر احمد عربی — دگر نہ از قلم صورت آفرین برخاست

جز تفرقہ در باغ جہان ہیچ نہ دیدیم — ہر گل بچمن رنگ دگر بوئے دگر داشت

با جنون باز آشنا کردم دل دیوانہ را — از تپ سودا دگر آتش زدم این خانہ را

رشتۂ زنار زیر دوشش ایمان ساختم — بر سر زاہد شکستم سبحۂ صد دانہ را

از سر ہر تار گیسوے تو دیر پیراہن
دست مشاطہ رفو زد چاک زخم شانہ را

برون غلطد چو اشک از چشم من گوہر شود پیدا
فتد گر عکس داغم بر زمین اختر شود پیدا

عجب نبود کہ وقت ذبح عشاق جگر خونت
صداے شیون درد از لب خنجر شود پیدا

عیان سازد کجا مجنون رنگ جلوۂ صانع
محال است آنکہ از آئینۂ اسکندر شود پیدا

یاد ہر گہ ز لف سوز نہان می آید
نفس گرم ز دل شعلہ فشان می آید

بہ دم نزع بے چارۂ درد دم مفتون
مرگ ہم بر سر من گریہ کنان می آید

بہار آمد چمن از برگ گل در بر قبا دارد
جنونم دست وحشت با گریبان آشنا دارد

خیالم ہر دم از لعل لبت افسانہ می بندد
مگر بوسیدن لبہاے شیرین مدعا دارد

ہر نوک زبان است شرر در دہن آتش
آتش نفسم می چکدم از سخن آتش

مفتون برہ وادی غربت چو گذشتم
زد در دل من یاد سواد وطن آتش

نقش بر لوح دل صورت دلبر دارم
من درین آئینہ تصویر سکندر دارم

تا بنامم خط آمرزش عصیان نکشی
سر نہ از سجدہ گہ خاک درت بر دارم

نشستہ است بدل بسکہ یاد روے کسے
درین چمن نگشایم نگہ بسوے کسے

بفصل گل نکنم خواہش چمن مفتون
کہ در شکنج قفس زندہ ام ببوے کسے

گر بے پردہ دیدم جلوۂ رخسار زیباے
کہ در عمان چشمم قطرہ دارد جوش دریاے

انتخاب کلام اُردو

کس سے یارب دل لگاؤں اور کس کا ہو رہوں
کس کو مین دلبر بناؤن اور کس کا ہو رہون

وہ صنم پیش نظر ہے اور حورین خلد مین
کس پہ مین ایمان لاؤن اور کس کا ہو رہون

خار و گل دونون ہین تیرے باغ مین اے باغبان
کس سے مین دامن بچاؤن اور کس کا ہو رہون

عشوۂ و انداز و غمزہ سب ہین اُنکے ساتھ ساتھ
آنکھ کس کس سے چراؤن اور کس کا ہو رہون

درد دل درد جگر یہ دونون ہین مہمان مرے	کس کو پہلو مین بٹھاؤن اور کس کا ہو رہون
عاشقون کا دیکھ کر مجمع وہ فرماتے ہین یہ	کس کو مین مفتون بناؤن اور کس کا ہو رہون

ناز سے وہ تو یہ کہتے ہین کہ لے جاتے ہین	پاؤن یان صبر و تحمل کے اُٹھے جاتے ہین
کیا خبر آمد قاتل کی ہی سوے مقتل	سر بکف آج پرے کے جو پرے آتے ہین
چشم میگون کا عجب اُنکے تماشا دیکھا	خالی خم جتنے تھے وہ آپ بھرے جاتے ہین
دل شیدا نے دکھایا ہی وہ جلوہ مجھ کو	جب حسین میری نگاہون سے گرے جاتے ہین
ایک مدت سے جو تھے آپکے خواہان مفتون	آپ کی جان سے دور آج مرے جاتے ہین

انکا دیوان فارسی مکمل ہے۔ جس سے طبیعت کی شوخی اور نازک خیالی۔ ذہن کی رسائی مذاق کی لطافت و خوبی مضامین کی آمد۔ بندش کی برجستگی۔ کا پتہ چلتا ہے۔ آخر مین کچھ رقعات بھی ہین جو احباب اور اعزہ کے نام بے تکلفانہ قلم سے نکلے ہین جنکی نثر بھی رنگینی اور نمکینی مین ہم پایہ نظم ہی۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ پہلے لکھنؤ مین کسی عہدۂ جلیلہ پر مامور تھے۔ جب حکیم مہدی کا دور دورہ شروع ہوا تو پریشان ہوکر ملازمت ترک کرنا پڑی۔ چند روز بیکار رہکر گورنمنٹ انگریزی کے صیغہ وکالت کا امتحان دیا۔ کامیاب ہو گئے۔ الہ آباد مین بہت عروج اور فروغ کے ساتھ وکالت کرتے رہے۔ جب صدر دیوانی عدالت الہ آباد سے آگرہ مین منتقل ہوگئی تب انھون نے بھی مستقل طور پر آگرہ مین اقامت اختیار کی۔ وہان بھی اپنی قابلیت ولیاقت و حاضر جوابی و نازک خیالی سے بہت نامور ہوے اخلاق کریمانہ اور مدارات شایستہ کی وجہ سے مرجع کافۂ انام ہو گئے۔ ہر خاص و عام عزیز رکھتا۔ اور ہر عزیز و بیگانہ شفیق سمجھتا۔ وطن مین عالیشان اور نفیس کوٹھی بصرف ستر ہزار روپیہ تعمیر کرائی۔ جو ابتک محلہ تارتلہ مین موجود ہے۔

انھون نے بتاریخ ۹ ماہ رجب المرجب روز پنجشنبہ ۱۲۸۰ھ بمقام آگرہ انتقال کیا۔ اور وہین حضرت شاہ ابو العلا نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ کے مزار مبارک کے احاطہ مین مسجد کے بائین دفن ہوے

مہدی حسن

مولوی مہدی حسن ۔ ابن حافظ غلام مجتبےٰ ۔ ابن حافظ شاہ عزیز اللہ علوی مخدوم زادہ ۔ انکو علوم رسمیہ مین تلمذ حضرت مولانا شاہ حیدر علی قلندر قدس سرہ سے تھا ۔ یہ نہایت قابل ولائق تھے ۔ نظم کی طرف بھی طبیعت کا میلان تھا نثر بھی خوب لکھتے تھے ۔ اور نہایت باوضع اور محتاط تھے ۔ عرصہ تک بہت قابلیت اور محنت سے وکالت کرتے رہے ۔ الہ آباد مین رہتے تھے ۔ پرانی روش کے غیر انگریزی دان وکلا ہائیکورٹ مین ممتاز تھے ۔ بزمانہ مسٹر ہارڈے جیمیس صاحب رجسٹرار عدالت العالیہ ہائیکورٹ الہ آباد امتحان وکالت مین شرح محمدی کے پرچہ کے ممتحن بھی ہوتے تھے ۔ آخر خانہ نشین ہوگئے ۔ اور طویل العمر ہوکر بتاریخ ۲۸ ماہ جمادی الآخر روز سہ شنبہ ۱۳۲۴ھ انتقال کیا ۔ اور اپنے آبائی قبرستان مین دفن ہوئے ۔

مہدی علی

مولوی مہدی علی ۔ ابن مولوی حافظ شاہ مظہر علی محدث (نبیسۂ حضرت شاہ محمد کاظم قلندر) علوی مخدوم زادہ ۔ یہ بہت قابل ولائق وخوشنویس تھے ۔ مولوی عبدالحکیم نبیسۂ حضرت شاہ محمد کاظم قلندر کے ارشد تلامذہ مین تھے ۔ خط نسخ ونستعلیق بہت پاکیزہ تھا ۔ متعدد کلام مجید ودلائل الخیرات اور بہت سی کتابین انکی لکھی ہوئی موجود ہین ۔ حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ کے مرید تھے فن خوشنویسی مین انکے شاگرد بھی بہت سے لوگ ہوئے

مولوی ذوالفقار علی حامد اپنے نسب نامہ مین انکے متعلق لکھتے ہین کہ :-

"مولوی مہدی علی فی الحقیقت مرد باخدا وخوش اوقات ونیک بخت وسنجیدۂ روزگار بود واز مکروفریب زمانہ وبغض ونفاق وحسد متنفر وباخویش وبیگانہ بالطف ومدارا میگذرانید"۔

یہ ایک عرصہ تک ضلع ہمیرپور وغیرہ مین تبلاش روزگار مقیم رہے ۔ پھر اورئی ضلع جالون مین

ملازم ہوگئے۔ اور بہت نیکنام رہے۔ بعد پنشن پھر ضلع ہمیرپور مین کسی ریاست مین میرمنشی ہوگئے تھے۔
بتاریخ ۸ ماہ رمضان المبارک سنہ ۱۳۰۱ھ مقام راٹھہ ضلع ہمیرپور انتقال کیا۔ اور وہین دفن ہوئے۔

میر محمد

حضرت شاہ میر محمد قلندر عرف میرن میان۔ برادر خرد حضرت شاہ محمد کاظم قلندر قدس سرہما۔
انکی ولادت بتاریخ ۸ ماہ رجب سنہ ۱۱۶۴ھ ہوئی۔ یہ حضرت عارف باللہ شاہ محمد کاظم قلندر سے سات برس چھوٹے تھے۔ بچپن ہی سے حضرت عارف باللہ کو انکے ساتھ بہت شفقت اور محبت تھی۔ یہ بھی تمام عمر اُنکے بہت مطیع اور فرمان بردار رہے۔ انکی شفقت اور محبت کی یہ حالت تھی کہ فرماتے تھے "جس وقت میرن میان نوکر ہوئے تو مجھ پر اُنکی مفارقت بہت شاق ہوئی۔ کئی بار مین نے حضرت پیر و مرشد شاہ باسط علی قلندر سے عرض کیا۔ کہ میری خواہش انکو اپنے ساتھ رکھنے کی ہے۔ حضرت نے تسلی دی۔ بالآخر اُنکی توجہ سے وہی ہوا۔ کہ میرے ساتھ رہے" یہ حضرت عارف باللہ کے ہمراہ حضرت سیدنا شاہ باسط علی قلندر کی خدمت مین بھی حاضر ہوکر عنایات اور بشارات سے سرفراز ہوئے۔

علوم ظاہر یعنے کتب درسیہ کی تعلیم حضرت ملا حمید الدین کاکوروی۔ اور حضرت عارف باللہ سے حاصل کی۔ فقر اور تصوف مین ہمہ تن ساختہ و پرداختہ انھین کے تھے۔

انھون نے بیعت معہ اجازت و خرقۂ خلافت حضرت شاہ صبغت اللہ قلندر کاکوروی سے حسب الحکم حضرت عارف باللہ حاصل کی۔ اگرچہ اجازت و خلافت حضرت عارف باللہ بھی ان کو دے چکے تھے۔ مگر الباس خرقہ اُنکے دست مبارک سے نہین واقع ہوا تھا۔ اُنکی وفات کے بعد اُنکے صاحبزادہ حضرت شاہ تراب علی قلندر سے واقع ہوا جیسا کہ وہ خود کشف المتواری مین تحریر فرماتے ہین کہ

"بعد وفات آنحضرت عمو صاحب لباس فقر از دست این فقیر پوشیدند۔ ہفتہ عید فقیر خرقۂ حضرت والد را بیش ایشان آوردہ پوشانید۔"

حضرت عارف باللہ کو جو محبت ان سے تھی۔ اُسکا اندازہ اُن مکاتیب سے ہوتا ہی۔ جو اصول المقصود اور مفاوضات مین مرقوم ہو کر طبع ہو چکے ہین۔ ایک مکتوب مین تحریر فرماتے ہین کہ

"مرا با خدا اقرارا ست کہ نعمت معرفت بے شما نخواہم خورد"

منشی فیض بخش کاکوروی جو انکے ہم عمر و ہم مکتب تھے اپنے نسب نامہ موسومہ بہ چشمۂ فیض مین لکھتے ہین کہ:-

"شاہ پیر محمد بصلاح و تقوے آراستہ و بمعارف و حقائق پیراستہ قدم بقدم برادر بزرگ است از حضور برادر تارک دنیا گشتہ در حجرۂ پہلوے مرقد برادر با شکستہ نشستہ است بر نمیخیزد۔ خدایش سلامت دارد کہ افتخار ما مردمان است"

بیشتر عرصہ تک انھون نے ملازمت بھی کی۔ پھر نوکری چھوڑکر درویشی اختیار کی۔ شب بیداری وغیرہ باوجود پیرانہ سالی دوامی رہی۔ تفصیلی حال اصول المقصود و نفحات العنبر یہ مین موجود ہی۔ انکے تالیفات سے ایک کتاب ذخیرۃ الفوائد نہایت ضخیم ہے جس مین انھون نے وہ اعمال جو انکو حضرت عارف باللہ یا اپنے حضرت پیر و مرشد نیز اور بزرگون سے وقتاً فوقتاً حاصل ہوے۔ جمع کیے ہین۔ نہایت نفیس کتاب ہے۔ علاوہ اسکے چند مکاتیب بھی مشتمل بر تعلیم و تربیت منشی فیض بخش مرحوم کے نام ہین۔ جو بہ نظر افادۂ طالبین درج کیے جاتے ہین۔

مکتوب اول

بعد حمد و صلوٰۃ بآن برادر شفیق حال فقرا و محبوب مرشد ما از فقیر نالائق دعاء سلامتی جان و تن و حسن عاقبت و ترقی ظاہر و باطن بمطالعہ برسد۔ مکرر خطوط رسیدند بسبب بیماریہا و کم فرصتی اتفاق جواب نشد رسیدن خطا این ہم بسیار باعث ثواب شد لاچار بہ تحریر می آرد۔ شواغل دنیا باعث تفرقۂ دل است و دل یکسو بدون رفع حب این عالم میسر نمی شود۔ لہذا فقرا ترک این کارخانہ کردہ عزلت اختیار نمودہ بکلی تمام و بکمال بطرف دل متوجہ شدند و جمعیت خاطر حاصل کردند۔ مگر آنکہ ہمہ عالم را ترک و تجرید مشکل است گمیہ جزے باید کرد کہ نسبت قلبی فی الجملہ حاصل شود بعد مرگ آن تخم درخت کامل خواہد شد اکنون شغلے

می نویسیم آن را مداومت کنند شاید رفته رفته انجذاب پیدا شود۔ اول بدل خود متوجه شده اندک
حبس دم کرده کلمه لا اله الا الله بر دل ضرب دهند بطوریکه کسے ازان آگاه نشود و دل را فراخ
تصور کنند بلکه بخیال و تصور آن کلمه را گویند و یا آنکه بدانند که دل میگوید بعده بر معانی آن نظر کنند و
نزدیکی و قرب او سبحانه بطور اہل وحدت وجود خواه بطور شرع که آمده است آن را در خیال آرند و ہر
روز ذکر را زیاده کنند اگر امروز بصد رسیده است روز دیگر دو صد خواه سه صد برسد و در خلا و ملا در ذکر بود
اگر توانند چند بار بجهر ہم کنند و صورت مرشد را نزدیک خود خیال کنند البته یک گونه کیفیتے پیدا خواهد شد
موانع آن کیفیت خواطرات از خود دور باید کرد۔ لیکن دور کردن او احاطه بشر ممکن نیست مگر حدیث نفس
و خیال فضول که چنین یا چنان کار برآرم این البته دور میشود و ہمگی رجوع با خدا با لحاح تمام و قصد تام
کنند که از طرف خود کسے را ظلمی نرسانند خواه بزبان یا از دست بلکه مقدور خود نفع و فایده شود روز بروز
ان شاء الله تعالے علامت بدن خواهند یافت و مزه آن تقوے و اختیار ایت خواهد کرد محمد علیشاه
بحال خوش باشند بموجب عادت منتظر آمدن اوشان بودم و دل نیز بملاقات می خواهد اکنون تنها ام
و معذورم کسے نیست که با او چند سخن بگویم از ما سلام باید رسانید و این خط تفصیل بسیار میخواهد بسیار رنج
خود کرده این قدر نوشته ام حسین بخش از دو ماه بعد از اطلاع ما بر مین پوری رفته اند۔ هنوز نوکر شده اند
ظاهرا متوقع امداد شما اند وشان نیامده فقط تحریر پنجم محرم۔

مکتوب ششم

محب فقرا مقبول حق و خلق مهربان دانی من شیخ فیض بخش صاحب سلمه الله تعالے از دور افتاده
خیر اندیش میر محمد دعا اسلام بحسن عاقبت که نفع آن در دین و دنیا ہر دو باشد مطالعه نمایند مهربانی نامه
رسید مژده یافت احوال صحت و عافیت دل مطمئن شد او سبحانه ہمیشه با صحت و عافیت دارد احوال این
فقیر بدستور است تا حال صحت شفقر نیامده خیر انتظار مرگ بیشتر است دیگر مقدمه باطن گاهی حلاوت
در وظیفه و گاہے بے حلاوتی از این دو صفت خالی نمی باشم می خواهم که ہمیشه در لذت و سرور باشم میسر نمی آید

وحیہاے ما بجاے نمی رسد کہ کشود کار شود آن صاحب نیز درین مقدمہ بہ دل دعا خواہند کرد یا از
کسے دوستان خود در حق ما دعا باید کنانید۔ آخر آنجا درویشان نیز میرسند و دیگر مردم بسیار بر آن صاحب
ملاقات ہا دارند البتہ ساعی باید شد۔ محمد علیشاہ میرسند۔ ما ممنون اوشانم لیکن چہ کنم خدمت ایشان
از ما چیزے نمی شود آنچہ کہ ما میدانیم از ما طلب نمی کنند۔ بالفعل بطور خود اوشان را مہلت دادہ ہر گاہ
کہ دل ازین ہوا و ہوس سرد خواہد شد پس آنچہ کہ ما میداریم از آن اوشان است بے تکلف عرض
کردہ خواہد شد۔ سید علی اکبر آنجا باشند از ما سلام خوانند۔ برخوردار حسین بخش را منظور است کہ نصاب
دعا مغنی با شرائط رو برو سے خود دہانیدہ شود لیکن پارچہ سید دختہ دران شرط است امید کہ دو پیس
کم قیمت آنجا خریدہ عنایت شود زیادہ خیریت است۔ از شاہ تراب علی صاحب۔ و مولوی حمایت علی حید
سلام نیاز برسد فقط

مکتوب سوم

برادر عالی مرتبت محب فقرا مقبول حق و خلق میان فیض بخش صاحب سلمہ۔ از دور افتادۂ خیر اندیش
تیر محمد بعد سلامتی دل و ایمان مطالعہ فرمایند۔ دو قطعہ خط رسیدند بملاحظہ در آمدند۔ وقت شورش و تسلط
کیفیت ملال بود دران وقت ہیچ توجہ و سخن تسکین فائدہ نمی کرد۔ مصیبت چنین واقع بود کہ قابل رحم
است بر بزرگان پیشین این چنین حوادث می آمدند و صبر میکردند احوال این فقیر این است کہ در
حادثۂ شیخ طفیل علی مرحوم تعلقے و اضطراب بسیار میداد بود۔ از شخصے در عالم رویا از حضرت صاحب
قدس سرہ ملاقات شد احوال مرا عرض کرد فرمودند۔ ہر گاہ کہ غم مہاجرت خود از دل ایشان بر داشتم این
چہ قدر رنج است فی الوقت بعد از سہ روز چنان معلوم شد کہ کسے از ما جدا نیست کہ غم مفارقت او در دل
آید و ہمچنان در رحلت مولوی صاحب از سیوم ہمچنین اتفاق افتاد من در حق شما از ان جناب چنین متوقع
ام اگر چندے برین حال گذشتہ آن ہم نیز رفع خواہد شد خاطر جمع دارند و بدل خود متوجہ باشند
کہ چہ قدر باقی ماندہ مرتبہ تر نیز امیدوار رہند بہر و آدمی را باید کہ در حالت صحت و فراغ حق را یاد دارد۔ و

اوقات خود در شبانروز چند سے بیاد حق مقرر کنند کہ در وقت مصیبت و بعد مرگ بکار آید احوال این ناکارہ از ایام طفولیت بران صاحب روشن است ۔ اکنون کہ معذور شدہ و تنہائی است میخواہم کہ ہمگی تمام و کمال استغراق در ذات پیدا کنم و چون تصویر کاغذ بیکار ماندہ باشم لیکن میسر نمی آید بہتر اوقات در نوافل و وظیفہ صرف میشود باید کہ قدرے بطرف دل خود متوجہ شدہ بنشینند شاید کہ او سبحانہ باقی ماندہ غم را رفع کند ۔ از خدا غافل نشوند و بیک وقت مقرر کردہ مشغول شوند کہ اندک آشنائی از غیب ضرور است در وقت خود بکار خواہد آمد فضل الٰہی را امید وار باید بود باقی خیریت است فقط

مکتوب چہارم

محب فقیر برادر من میان فیض بخش جیو سلمہ ۔ از خیر اندیش میر محمد دعا با ستدعای ترقی ظاہر و باطن مطالعہ نمایند رقعہ ہائے متواتر رسید بجواب آن بسبب کسالت طبیعت و عدم فرصت اتفاق نشد معذور باید داشت بدریافت احوال آنجا و تنگی اخراجات دل متعلق می باشد او سبحانہ سببے سازد کہ رفع عسرت شما شود بالفعل برائے دفع تنگی خرچ و دفع ہجوم تفکرات از قلب بسند صحیح از حدیث کہ بمن رسیدہ برائے شما تحفہ می فرستم این را خواہ نخواہ درد باید کرد و ہم برائے کار آخرت و ترقی امور باطن است و از احادیث ثابت شدہ کہ کشندہ رزق است و آن اینست سبحان اللہ و بحمدہ و فرمودہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کہ این کلمہ سبک است بر زبان و گران بر میزان و خوانندۂ این را یک لکھہ و بست و چہار ہزار گناہ از مادر و پدر معاف شود و ظیفہ آن از صد کم نیست صبح و شام و اگر ہزار بار بگوید فائدہ رزق زود مرتب شود و این فقیر از بزرگے رسیدہ است تا غنی کند خواندہ بسیار در وقت عمل معلوم خواہد شد باقی احوال اینجا بجمیع وجوہ خیریت اگر فرصت این قدر نیست کہ بکار دیگر پرداختہ شود این وقت وقت عصر بود مسبعات عشر موقوف کردہ رقعہ نوشتم ۔ باید دانست کہ فلاح و عسرت ابد البشر می آیند و میروند آن برادر قدم خود ثابت دارند و دل خود را ہر قدر کہ میسر شود بخدا مشغول دارند کہ این مشغولی بکار خواہد آمد ۔ باقی خیر باد و السلام تحریر ششم محرم فقط

انکے خلفا مین یہ حضرات تھے (۱) مولوی شاہ حسین بخش شہید خلف اکبر آنحضرت (۲) مولوی شاہ حسن بخش نبیرۂ آنحضرت (مولف تفریح الاذکیا وغیرہ) (۳) حضرت شاہ کرامت علی قلندر کاکوری

وفات اُنکی بتاریخ ۸ ماہ جمادی الاولے روز دوشنبہ بعمر ۷۰ سال ۱۲۴۴ھ ہوئی۔ اُسی تاریخ پر عُرس بھی ہوتا ہے۔ مزار شریف اندرون روضۂ حضرت عارف باللہ شاہ محمد کاظم قلندر قدس سرہ جانب مشرق واقع ہے۔ قطعۂ تاریخ وفات از منشی امیر حسن خان بسمل کاکوروی سے

حلہ بردار گلستان حقیقت جہان | رفت و آرایش گلشن کدۂ رضوان کرد
نظم تاریخ وفاتش قلم بسمل کرد | پیر ما مرشد ما میر محمد جان زد

۱۲۴۴ھ

ایضاً در صوری و معنوی از مولوی شریف الدین شریف کاکوروی سے

حیف صد حیف شہ میر محمد صاحب | رفتہ سوے فردوس ازین دار عمل
تاریخ وصال او سروشے گفتہ | دوشنبہ و ہشتم جمادی الاول

۱۲۴۴ھ

مبارک خان

چودہری مبارک خان صدیقی۔ ابن شیخ محمد آبن شیخ فتح۔ انکو خطاب خانی و چودھرائی قصبہ کاکوری شہنشاہ اکبر کے دربار سے [illegible]ھ مین عطا ہوا تھا۔ یہ فرمان داخل مجلد حقیت بندوبست ہے۔ جسکی نقل درج ذیل ہے۔

"درین وقت فرمان عالی شان واجب الاطاعت والاذعان شرف نفاذ یافت کہ چون شجاعت شعار مبارک خان صدیقی چودہری پرگنہ کاکوری مضاف سرکار لکھنؤ صوبہ اودھ کہ بخطاب خانی معہ برادران مقرر گشتہ بدرگاہ خلائق پناہ دستدعائی آمدہ اظہار نمود کہ قاضی بہاء الدین متولی شیخ داون چودہری ولد شیخ وصولی کہ عمرش بہ ... شدہ و ... داشت ... بہ ... افغانان باغی گشتہ خانہا را مسمار ساختہ بے دین حضرت ظل سبحانی چون چودہری مذکور بنا برعلیہ امیر ...ب عمدۃ الخوانین سلطنت سلاطین آتالیق جان سپار وزیر خان فوجدار سرکار لکھنؤ اعلام آنکہ خود متوجہ شدہ متولی مذکور را بستہ جولان پاش

انداختہ بدرگاہ جہان پناہ فرستند واگر بدست نیاید جلاوطن سازند کہ من بعد ازو ہیچکس چنین بوقوع نیاید - وچون چودہری مبارک خان را بمسند بحال سازند وسنجہ ہای متعلق ایشان تا ملج شدہ باشد از متولی مذکور واپس دہانندو باتفاق و استصلاح چودہری مذکور کارپرگنہ سرکار را جاری نمایند کہ مرضی دولتخواہ وکار آمد است - و ہر کارے کہ بصلاح مشار الیہ خواست خوب خواہد شد - چون دولت خواہی مومی علیہ از سفارش آمدہ آن عمدۂ خوانین بظہور رسید خدمت و منصب چودہری وقانون گوئی و ملکیت ومقدمی قصبۂ کاکوری کہ سابقاً ازاً باعن جد بود درین ولا مرحمت نمودہ شد ونیز مقرر گشتہ کہ موازی یکہزار دوصد بیگہ زمین افتادہ لائق زراعت خارج جمع بطریق انعام ابتدائے سال فصل خریف ائیلائیل ۱۱۰۹ھ بموجب ضمن درسواد پرگنہ وقصبہ کاکوری وغیرہ در وجہ نانکار چودہری مذکور معہ فرزندان مرحمت شدہ کہ حاصلات آنرا فصل بفصل و سال بسال متصرف گشتہ بدعائے دولت قاہرہ اشتغال داشتہ بخاطر جمع در خیر خواہی سرکار ورعایت رعایا مشغول باشد در خدمت پرگنہ وچبوترہ قیام واقدام نماید ہیچکس از کردۂ چودہری مذکور بیرون نرود وجہ من الوجوہ مزاحم احوال مشار الیہ نگردد درین باب نہایت تاکید داند تحریر فی التاریخ ۹ شہر رجب المرجب ۱۱۰۹ھ

اس قصبہ مین چودہری محلہ انھین کی اولاد سے آباد ہے - سب لوگ چودہری کہے جاتے ہین - ہر زمانہ مین اس خاندان کے لوگ بھی سر برآوردہ گذرے ہین - اسی خاندان مین مولوی حکیم عبدالاحد صوفی کسمنڈوی بھی تھے منشی احمد نذیر تحصیلدار اور دیگر حضرات اب بھی موجود ہین اکثر ان مین سے خوشحال و فارغ البال ہین -

(ن)

نجم الدین علیخان بہادر

قاضی القضاۃ مولانا نجم الدین علی خان بہادر اشرف جنگ متخلص بہ ثاقب۔ آپ ابن حضرت ملا حمید الدین محدث۔ ابن ملا غازی الدین شہید۔ ابن ملا محمد غوث مغفور۔

ولادت انکی بتاریخ ۱۵ ماہ ربیع الاول ۱۱۵۷ھ ہوئی۔ نجم ثاقب۔ مادۂ سال ولادت ہے۔

تعلیم و تربیت اپنے والد ماجد۔ و ملا حسن فرنگی محلی۔ و مولوی غلام یحییٰ بہاری سے حاصل کی۔ یہ علم ریاضی مین اپنا مثل نہین رکھتے تھے۔ اگرچہ دیگر علوم مین بھی ماہر و یگانۂ آفاق تھے لیکن خصوصیت کے ساتھ علم رمل و جفر مین نہایت اچھی مہارت و واقفیت رکھتے تھے۔

منقول ہے کہ نواب شجاع الدولہ بہادر صوبہ دار اودھ کو ایک کتاب اس فن کی حکیم میر ماشاء اللہ خان سے ملگئی تھی۔ جس کی تصحیح کے لئے اکثر علما فیض آباد مین مقرر کئے گئے تھے۔ لیکن صحیح نہو سکی خود نواب شجاع الدولہ بہادر اس کتاب کی حفاظت مین بھی بہت کوشان رہتے۔ یہ بھی تصحیح کیلئے طلب ہوے۔ انھون نے اپنی یاد پر اُسکی تصحیح شروع کی۔ اور ساتھ ہی ساتھ ایک بسیط شرح بھی لکھنا شروع کی۔ نواب شجاع الدولہ بہادر خود روزانہ آکر دیکھتے۔ اور بہت خوش ہوتے۔

نواب شجاع الدولہ بہادر نے اپنی مسند نشینی کے بعد عہد کر لیا تھا۔ کہ اب کسی کو معافی نہ دیجائیگی اسی بنا پر جن جن اشخاص کے پاس معافیان تھین وہ ضبط کر لی گئین۔ چنانچہ آپ ضلع عام مین موضع دیگھیا بھی جو انکے والد کو معاف ہوا تھا ضبط ہو گیا تھا۔ انھون نے اُسکے صلہ مین اُس موضع کی معافی کی درخواست کی۔ دیوان نے منع کیا کہ یہ درخواست نہ کیجئے۔ اسکے صلہ کو خود نواب کی مرضی پر چھوڑ دیجئے۔ انھون نے کہا کہ مجھکو اور کچھ نہین چاہیئے۔ چنانچہ اُس درخواست کے بموجب معافی موضع کا پروانہ مل گیا۔ وہ لیکر مکان آئے اور بدستور سابق درس و تدریس مین مشغول ہوئے بعد اُسکے الماس علیخان نے انکے فضل و کمال کا شہرہ سنکر اپنے مدرسہ کا مدرس مقرر کیا۔

آغاز تیرھوین صدی ہجری مین منجانب ایسٹ انڈیا کمپنی جب عہدۂ قاضی القضاتی کے تقرری کی تجویز کلکتہ مین ہوئی۔ تو اُس زمانہ مین علامہ تفضل حسین خان نے (جو آصف الدولہ بہادر کے وقت مین کلکتہ مین سفیر تھے) انکے فضائل و کمالات علمی کا تذکرہ نواب گورنر جنرل بہادر سے کیا اُسوقت اس عہدہ کا تقرر سرکار انگریزی مین درپیش تھا۔ بہت سے علما کے نام پیش تھے۔ خوش قسمتی سے یہی منتخب ہوکر ممالک محروسہ سرکار کمپنی کے اول قاضی القضاۃ مقرر ہوے۔

۱۲۰۵ھ مین جب علامہ تفضل حسین خان کا خط بہ ایماے نواب گورنر جنرل بہادر دربارۂ تقرر آیا اور انکے والد کو معلوم ہوا۔ تو انکی راے اتنے دور دراز مقام پر جانے کی نہ تھی۔ مگر پھر باصرار علامۂ موصوف اجازت ملی۔ چنانچہ یہ کلکتہ گئے۔ اُس زمانہ مین سرجان شور گورنر جنرل تھے وہ انکے استقبال کیلئے آئے۔ اور پالکی سے خود اُتار کر لیگئے۔ اور معانقہ کیا۔ وہان یہ بہت اعزاز واحترام کے ساتھ رہے۔ کابل سے لیکر دربار دکھن تک اور ہندوستان کے ہر صوبہ یعنے الہ آباد واکبر آباد و اودھ و اوڑیسہ و ڈھاکہ و بنگال و بہار وغیرہ مین انھین کے فتوے پر مسلمانون کے قضایا فیصل ہوتے۔ پچیس سال تک یہ اسی عہدہ پر رہے۔ اور نہایت خوبی سے اپنے فرائض انجام دیئے۔ جس کے صلہ مین اعزازی خطاب اور کل تنخواہ بطور پنشن اور پنشن ورثا بعد وفات عطا ہوا۔ خود نواب گورنر جنرل بہادر نے انکے انتقال کے بعد انکی بی بی کے نام جو خط تعزیت بھیجا تھا۔ اُس کا ترجمہ یہ ہے کہ:-

"آپ کے شوہر قاضی القضاۃ بہادر کی وفات کا صدمہ سرکار دولتمدار کمپنی کو آپ سے کم نہین ہوا کہ جس نے ایسے اپنے متوسل لائق شخص اور فاضل بے بدل کو گم کیا۔ چونکہ کار خانۂ قضا و قدر مین بجز صبر اور تسلیم کوئی چارہ نہین۔ یقین ہے کہ آپ از راہ صبر شکیبائی اختیار کرینگی اگرچہ آپ کے چارون لڑکے اعلے عہدون پر نوکر ہین۔ آپ کو اپنی بسر بردا وقات مین احتمال تکلیف کا نہین۔ مگر سرکار نے براہ قدردانی و نام آوری آپ کے شوہر کے ڈیڑھ سو روپیہ ماہوار آپکی پنشن تاحین حیات مقرر کی ہے۔"

یفضل وکمال دیانت وتقوے مین ضرب المثل تھے ۔ ساتھ ہی اسکے اعلےٰ درجہ کی شاعری
ثاقب تخلص کرتے تھے ۔ عربی وفارسی زبان مین اشعار بہت بے تکلف اور نفیس کہتے تھے ۔
کلام صنائع وبدائع اور لغز ومعمے سے پر ہوتا تھا ۔
نواب علی حسن خان سلیم تذکرۂ صبح گلشن مین لکھتے ہین کہ

ثاقب ۔ اقضے القضاۃ محمد نجم الدین خان بہادر رئیس قصبہ کاکوری کہ بفا صلہ پنج کردہ
از بیت الحکومت لکھنؤ واقع است ۔ واین قصبہ دران نواح جماعت ارباب فضل وکمال و
مردم خوش رفتار ونیکو کردار وسنجیدہ مقال راحاوی وجامع بود ۔ والد ماجدش مولانا حمید الدین
در علوم ظاہری وباطنی از اقران وامثال قصب السبق می ربود ۔ وجد بزرگوارش ملا محمد غوث فضائل
پناہ وکمالات دستگاہ در علم حدیث اُستاد اورنگ زیب عالمگیر بادشاہ بود وخودش کہ نجم ثاقب
سمادین ودولت است ۔ بر اکثر فواضل خلقی وخلقی وعلوم عقلی ونقلی وموزون طبعی وسلیقہ سخن سنجی
احتوا داشت ودر صدر الامارۃ کلکتہ بعلوشان وسمو مکانش احدے از ارباب علم قدم برمقصد
اقضی القضاتی نہ گذاشت پایان عمر از عمر تضادست کشید وبر وظیفہ بلا شرط خدمت مبلغ سہ صد
روپیہ مشاہرہ قناعت ورزید واز شہر کلکتہ بعزم وطن رخت کشید در اثنا راہ ہمین کہ ببلدۂ بنارس
رسید از عالم قدس ندا ارجعی الی ربک شنید ناچار بہ تقاضاے اجل موعود صوب وطن توجہ
نمود سنہ تسع وعشرین ومائتین والف سال این واقعہ بود "

انکا عربی وفارسی کلام بغرض تفریح طبع ناظرین درج ذیل ہے ؎

اشعار عربی

صاد بالخال خُلتی خَلَدی (شاب ۱۲)	کدّنی کیدھا فیا کمدی (اندوہ ۱۲)
احرقتنی بنار وجنتھا (رخسار ۱۲)	کلمتنی بھدبھا الاودی (مژگان ۱۲) (کج ۱۲)
جاوز الصبر غایۃ یالیت	جورھا ینتھی الی ابدی (انتہا ۱۲)
نقضت عھد یوم اذ وضعت	کفھا بالوشام فوق یدی

واعدتنی زوارتی زورًا — لیلۃ مارقدت فی الرصدی
(انتظار ۱۲)

فاذا اخلفتہ ثم شکوت — انشدت فی الجواب بالعزد
(ضرب انگیزی ۱۲)

قول سلمی ومن یضاھیھا — فی المواعید غیر معتمد

مخمس

یارسولی مقاملک ارفع — قولک فی شفاعتی انجع

انا داع ببابک فاسمع — کن رحیمًالذلتی واشفع

یا شفیع الوریٰ الی الصمد

یوم للمرء شانہ یغنی — یوم عنّی البنون لاتجزی

یوم من حیلتی یفرّانی — اعتصامی سواجنابک لی

لیس یا سیدی من الاحد

اشعار فارسی

بنی کہ خلق دوگیتی برائے آن باشد — وجود کامل او ختم مرسلان باشد

چنانکہ نامہ نویسند وبعد اتمامش — کنند مہر کہ حجت بہ دیگران باشد

نمود مہر نبوت خدا بظہرش ثبت — کہ اختتام رسالت بر دعیان باشد

برپشت فرس برشدہ در خانۂ زین باش — با سیر دنما شائے جہان خانہ نشین باش

بر مائدہ اہل دول دست میندز — از مکسب خود قانع یک نان جوین باش

کو ملحد بے باک کجا زاہد یا بس، — بگزین رہ عشاق نہ آن باش نہ این باش

با دل کہ زمن دوری صد مرحلہ جست — گفتم کہ زمن دور ز دلدار قرین باش

ثاقب بفغان است ز مصراع نظیری — بر غم زدہ خندہ زدم گفت حزین باش

آنکہ زوداز بر من ہمچو نفس آمد ورفت — شعلۂ بود کہ گرم از پے خس آمد ورفت

خوکن اے دل بہ اسیری کہ زوحشت برہی — ہمچو آن مرغ کہ دارد بہ قفس آمد ورفت

لذت از نعمت الوان کریمانہ نیافت / گندہ خواری کہ بریں خوان چو مگس آمد و رفت
چیز ہائے من آزادہ محقر پنداشت / وز در کلبۂ من قبل عسس آمد و رفت
قصد شہرت سبش باشد و نے استغنا / شیخ زانست اگر بر در کس آمد و رفت
بہرہ از صحبت ثاقب نبرد غیر ذکی / اغنیا زانست بہ پیشش ہوس آمد و رفت

نگارین پوش شاہ آمد ز تزئینے بہ تزئینے / بشہر از گلرخان بستند آئینے بہ آئینے
در ایام خزان برخورد گلچینے بہ گلچینے / بیاد گل ہم آغوش است غمگینے بہ غمگینے
بترک چشم سازش کردہ کافر کیش زلف او / پئے قتلم ہم گردید بیدینے بہ بیدینے
چہ حظ برداشتم از طالع مسعود خود دیشب / چو ہم پہلو شدم در بزم رنگینے برنگینے
چہ سحر آوردہ ثاقب کہ از جمع سخن سنجان / پیاپے می رسد در گوش تحسینے بہ تحسینے

وسعت مشرب بمجنون داد صحرائے دگر / دہ چہ صحرا کز جنونش ہست پہنائے دگر
از لب میگون ساقی شد دوبالا نشہ ام / ریخت از عکس خودش در جام صہبائے دگر
بر سر کوئے تو دلہا مایل پامالی اند / از قدومت ہر قدم برپاست غوغائے دگر
دل ز من بردی بدلداری نمیدانی کہ چیست / جان آن دارد کہ این دل را دہم جائے دگر
عاشقان محو حق مستغنی اند از سیر باغ / سر بجیب افگندہ می بینند گلہائے دگر
حاجت صلح و مدارا با رقیبانم نماند / یار چون باشد موافق نیست پروائے دگر
آمدم در راہ عشق اما ز بس خوف و رجا / یک قدم پس تر روم پیش آمدم پائے دگر
دل ربود از دست من شوخی مسیحے زادۂ / خواہرش مریم بود صیاد برنائے دگر
ثاقبا از ماندن کلکتہ ام گو خوش دلی است / لیکن از حب الوطن ہر دم زنم رائے دگر

اے دلت خانۂ روشن ز فروغ ایمان / بل سماء زہرت فیہ ذکاء العرفان،
کے کمالات ترا وصف توانم گفتن / قد تخلقت باخلاق جناب الرحمان،

من در طلبش بہر دیے پیوستم / از دست کسے نداد مطلب دستم

یک جذبہ ز دوست کار من کرد تمام | المنۃ للہ کہ ز مطلب رستم
ناز کبد نے کہ صرف خوانی میکرد | تیکے بر من فگند گفتا ادہی
گفتم کہ زین رہی مرا آسمع بکن | چون کردم اشریک گفتم نرہی

انکو بھی علم حدیث کی اجازت حضرت شیخ ابو الحسن سندی سے تھی - انکے منجھلے بھائی حضرت حاجی امین الدین قدس سرہ انکے واسطے بھی حدیث شریف کی سند اپنے حضرات اساتذہ سے لائے تھے -

تصانیف انکے حسب ذیل ہیں (۱) شرح کتاب الجنایات والجرایم فتاوے عالمگیری فارسی - یہ بسیط شرح انھون نے بحکم نواب گورنر جنرل بہادر لکھی تھی - تمام انگریزی عدالتون مین جسقدر شرعی فیصلہ ہوتے تھے - وہ سب اسکی شرح کی بنا پر ہوتے تھے - یہ شرح بحکم سرکار کلکتہ مین طبع ہوگئی (۲) رسالہ رستہ جبریہ منظوم - اسمین اہم مسائل جبر و مقابلہ کا حل لکھا ہی - اس رسالہ کی خود ہی شرح بھی لکھی - شرح سعہ متن کلکتہ مین طبع ہوئی (۳) رسالہ در بیان تناسب اعضا و انسانی (۴) رسالہ در بیان سعد و نحس (۵) شرح اخلاق جلالی (۶) نسب نامہ (۷) کشکول موسومہ بہ **بیاض رشک ریاض** - اسمین متعدد علوم و فنون کے بہت بسیط مضامین و مباحث تحریر ہین اشعار و قصائد و غیرہ بھی ہین -

انکے شاگردون مین چند اعلے مرتبہ کے انگریز بھی تھے - مثل مسٹر ہیرنگٹن صاحب بہادر ممبر کونسل و سکٹیری و سیرلے - انکے علاوہ اور بہت سے لوگ تھے - مختصر حالات انکے اور کتابون مثل تذکرہ علماے ہند و غیرہ مین بھی شایع ہوچکے ہین -

یہ بحالت علالت وطن واپس آرہے تھے - کہ یکایک بنارس پہونچکر ۲ ماہ ربیع الاول روز سہ شنبہ ۱۲۲۹ھ بعمر ۶۲ سال ۱۱ ماہ ۱۹ یوم وفات پائی - وہین باغ فاطمان مین دفن ہوئے

قطعہ تاریخ وفات از منشی فیض بخش مغفور کاکوروی ہ

چو گم شد نجم ثاقب از نظرہا | بجنت بے تامل گشت موجود

بجستم سال فوت او زہاتف — شدہ روشن از و فردوس فرمود
۱۲۲۹ھ

ایضاً قطعہ تاریخ وفات از مولوی فتح علی جونپوری

بحر حکمت شمس ملت نجم دین قاضی قضاۃ — چونکہ در باغ جنان با حورعین ہمدوش گشت
سر فرو بردم پئے تاریخ و در گوشم رسید — علم و فضل و درس و زہد و دین ہمہ روپوش گشت

نصیر الدین

حضرت سید نصیر الدین المعروف بہ تین کوڑیہ پیر سندیلی الاصل و کاکوری المدفن۔ ابن حضرت مخدوم سید علاء الدین سندیلی۔ ابن سید محمود ابن سید احمد۔ ابن سید ابو الفضل۔ ابن سید ابو المفضل ابن سید علی احمد۔ ابن حضرت امام علی نقی۔ ابن حضرت امام محمد تقی۔ ابن حضرت امام علی موسی رضا امام موسی کاظم۔ ابن حضرت امام جعفر صادق۔ ابن حضرت امام محمد باقر۔ ابن حضرت امام زین العابدین ابن حضرت امام حسین۔ ابن حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہہ۔

انکے والد حضرت مخدوم سید علاء الدین سندیلی المتوفی ۷۸۲ھ حضرت شیخ نصیر الدین چراغ دہلی کے اجل خلفا مین تھے۔ انھون نے انکا نام اپنے حضرت پیر و مرشد کے نام پر رکھا تھا۔

انکی پسری اولاد ضلع نواب گنج بارہ بنکی مین اور دختری اولاد سندیلہ مین موجود ہے۔ یہ کاکوری آکر شہید ہوے تھے۔

مولوی حافظ شوکت علی سندیلی اپنی کتاب ثمرات الانظار فیما مضی من الآثار کے ثمرہ دوم مین لکھتے ہین کہ۔

ایک لڑائی ساتھ ہنود و رعایائے کاکوری و لکھنؤ کے ہوئی تھی اُس مین دولت یار خان افسر فوج شاہی تھا۔ جنکے ساتھ اُس لڑائی مین سید نصیر الدین و سید احمد پسران مخدوم علاء الدین صاحب بھی تھے۔ چنانچہ بمقام کاکوری دولت یار خان و سید نصیر الدین شہید ہوئے جنکا مزار جانب شمال ہودہ تالاب کے ہے۔ ایک مدت تک مشہور و معروف و زیارت گاہ رہا

اب چند مدت سے پتہ اور نشان اُس کا معلوم نہین ہوتا ہے۔ اور دولت یار خان کی قبر بھی اُسی جگہ ہے۔ اور سید احمد صاحب اسی لڑائی مین بمقام لکھنؤ شہید ہوے۔ اُنکا مزار معالی خان کی سرا مین متصل فراش خانہ و امام باڑہ الماس علیخان واقع ہے۔

یہان انکی یہ کرامت بہت مشہور ہے۔ کہ جس شخص کی کوئی چیز گم ہو جاتی ہے۔ وہ اگر تین کوڑی کی شیرینی پر انکا فاتحہ مان لیتا ہے۔ تو فوراً گم شدہ چیز ملجاتی ہے۔ اسی وجہ سے یہ یہان تین کوڑیے پیر کے نام سے مشہور ہین۔ انکا مزار ہو دہ تالاب کے کنارہ لب سڑک بالکل کھلا ہوا ہے۔ حیرت انگیز بات یہ ہو کہ انکا مزار بجاے شمال و جنوب یعنی قبلہ رخ ہونے کے مشرق و مغرب مین یعنی شمال رخ بنگیا ہے۔ بجز لاعلمی و بے عقلی اور کیا کہا جائے۔ دولت یار خان کی قبر تالاب کے دوسرے کنارہ پر ایک حظیرہ مین واقع ہے۔ نشانات بھی چڑھتے ہین اطراف مین اور بھی بہت سے شہدا کے مقابر ہین۔ یہ عوام مین دودستیا شہید کے نام سے مشہور ہین یہ جو مشہور ہے کہ یہ دونون حضرت سید سالار مسعود غازی کے رفقا مین سے ہین۔ یہ امر پایہ تحقیق کو نہین پہونچتا۔ حضرت سید سالار مسعود غازی کے رفقا کے مزارات اس سے فاصلہ پر ہین اور وہ قطعہ سالار مسعود کے نام سے مشہور ہے۔ اُسی سے متصل قاضی زادگان کا قبرستان ہو اسی کے پاس سالاری تالاب مشہور بہ سلریا تالاب واقع ہے۔ کہا یہ جاتا ہو کہ یہان حضرت سید سالار مسعود غازی کی ایک انگلی کٹ گئی تھی۔ جو یہین دفن ہو۔ ہر سال ماہ جیٹھ مین بعد میلہ بہرائچ یہان بھی میلا ہوتا ہے۔ واللہ اعلم بحقیقۃ الحال۔

نظام علی

حضرت شاہ نظام علی قلندر (نواسۂ حضرت شاہ محمد کاظم قلندر) ابن حضرت شاہ بہرام علی قلندر ابن شیخ حمید اللہ ابن شیخ محمد نواز ابن حافظ خلیل الرحمٰن شہید۔

انھون نے کتب درسیہ کی تکمیل اپنے مامون حضرت مولانا شاہ حمایت علی قلندر قدس سرہ سے کی

اور تعلیم باطنی اپنے والد ماجد اور دونوں ماموؤں حضرت شاہ تراب علی قلندر۔ و مولانا شاہ تراب علی قلندر قدس سرہما سے۔ اور اجازت و خلافت سلاسل خاندانی بھی انھیں ہر سہ حضرات سے حاصل کی علاوہ انکے حضرت شاہ علی مظہر قلندر نبیرۂ حضرت سیدنا شاہ باسط علی قلندر سے بھی انکو اجازت و خلافت تھی۔ حضرت شاہ عبد الرحمن قلندر ثالث عرف حاجی میاں نے بھی ایک تاج سوزن کار ملبوسہ حضرت شاہ عبد اللہ قلندر لاہر پوری انکو عطا کیا تھا۔

یہ بہت بڑے عالم اور صاحب نسبت بزرگ تھے۔ اعمال و دعوت اسما کی طرف زائد توجہ تھی۔ اور اُس میں خاص دخل تھا۔ چنانچہ بہت سے نقوش مرتب کئے۔ اور بہت سے قواعد اعمال میں معین کئے۔

مخصوص اس فن میں دو کتابیں انکے مصنفات سے ہیں۔ اور چند بیاضیں بھی۔ پہلی کتاب **بحر مواج** ہے۔ جو نہایت ضخیم ہے مگر اب صرف اُسکے چند اجزا موجود ہیں بقیہ تلف ہو گئے دوسری کتاب **منتخب الاسماء** ہے۔ جو دراصل بحر مواج کا خلاصہ ہے جیسا کہ خود اُس کے دیباچہ سے واضح ہوتا ہے۔ یہ دو جلدوں میں ہے۔ علاوہ اسکے علم جفر میں بھی مہارت تھی۔ ایک رسالہ اس علم میں بھی انکے مصنفات سے ہے۔ خط بھی انکا بہت پاکیزہ تھا۔ بہت سی کتابیں انکے ہاتھ کی لکھی ہوئی موجود ہیں۔

یہ محتاط اسقدر تھے۔ کہ کبھی جھوٹ نہیں بولے۔ اور نہ چوکی روٹی اور چٹنی کے سوا کچھ کھایا ریاضات اور مجاہدات بہت کئے۔ اور قریب قریب تمام اسماء کی زکوٰۃ باشرائط دی۔

مولوی ذو الفقار علی علوی حامد کاکوروی اپنے نسب نامہ میں انکے متعلق لکھتے ہیں کہ۔

"شاہ نظام علی مغفور صاحب ریاضات شاقہ و عزلت گزین بود در عوات اسمائے الٰہی تا مدۃ العمر خویش نمودہ کم خوری و کم آزاری و شب بیداری وغیرہ خوش داشتہ از انواع مشققت و رنج دیدہ درین رہ بسر می برد کہ از اندازہ بیان بیرون است۔ گویند کہ از صباح ذر صدر عارض بود کہ تا شام کار خود تمام کرد مگر منتہائے تحمل ضبط بود کہ مردمان گرد و پیش از صعوبات جناب شان آگہی نیافتند حتے کہ ایں ضعیف

ہم ہنگام نماز مغرب حاضر خدمت جناب شان بود مطلقاً ذکر از عارضہ بیرون نفرمود ند ۔ بلکہ بعد فریضہ مغرب مردانہ دار جان بجان آفرین سپردند "

وفات آنکی بتاریخ ۱۹ ماہ ربیع الاول روز دوشنبہ ۱۲۷۶ھ مطابق ۱۵ ستمبر ۱۸۵۹ء ہوئی ۔ مزار انکا اپنے والد کے مزار کے برابر ہے ۔ قطعہ تاریخ وفات از مولوی شریف الدین مرحوم کاکوروی ؎

حیف شاہ نظام علی صاحب　　زین جہان رفت و در لحد خفتہ

بوصالش زبان ہاتف غیب　　فاز ذات ایزدی گفتہ ۱۲۷۶ھ

انکے خلفا مین انکے صاحبزادہ مولوی شاہ منصب علی اور چاروں نبیرگان ۔ مولوی عظمت علی و مولوی حشمت علی ۔ و مفتی اکرام اللہ انسون ۔ و مولوی انعام اللہ تھے ۔

نظام الدین ۔ مخدوم شیخ بھیکہ رح

حضرت مخدوم قاری امیر نظام الدین المعروف بہ مخدوم شیخ بھیکہ و شاہ بھکاری ۔ علوی قادری رزاقی ابن حضرت قاری امیر سیف الدین قدس سرہما ۔

یہ آفتاب علم و فضل ۹۰۶ھ مین افق کاکوری سے طالع ہوکر رونق افزاے عالم ہوا ۔ مرزا شمس الدین خان اپنی مثنوی مین لکھتے ہین ؎

شاہے کہ نبیسہ نبی ہست　　شاہے کہ نبیرۂ علی ہست

ہادی رہ جناب باری　　آن شاہ نظام دین بھکاری

آپ قادری مشرب حنفی مذہب ۔ حافظ کلام اللہ ۔ قاری ہفت قرأت ۔ عالم اجل ۔ فاضل اکمل تھے ۔ بیعت حضرت امیر ابراہیم ایرجی دہلوی سے تھی ۔ علوم ظاہری و باطنی کی تکمیل پانچ بزرگون سے ہوئی ۔ اور بطریق اویسیت (عالم باطن) دو بزرگون سے فیضیاب ہوے ۔ رویاے صادقہ مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سات کاملین سے تکمیل کی بشارت دی تھی ۔ ویساہی ہوا ۔ اُن سب کے اسمار گرامی درج ذیل ہین ۔

(۱) قاری امیر سیف الدین۔ جن سے علوم درسیہ مثلہ حادیث و تفاسیر و تصحیح علم تجوید واذکار و اعمال کی تحصیل کی۔

(۲) حضرت مولانا ضیاء الدین محدث مدنی۔ جن سے حدیث شریف پڑھی۔ اور اس درود شریف کی اجازت حاصل کی۔ جس سے حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی اور بشارات حاصل ہوئے۔

(۳) حاجی عبداللطیف ہراتی۔ جن سے ذکر پاس انفاس کی تعلیم ہوئی۔ اور انھین کی توجہ سے اسرار باطن بھی مکشوف ہوئے۔

(۴) حضرت امیر سید ابراہیم ابن معین الدین ایرجی۔ پیر بیعت و اجازت و خلافت۔ جن کی خدمت مین رہکر مراحل سلوک طے کئے۔ اور دیگر فوائد بھی حاصل ہوئے۔

(۵) حافظ سید محمد ابراہیم ابن احمد ابن حسن بغدادی۔ ان پانچ بزرگون سے عالم ظاہر مین فیضیاب ہوئے۔ اور جن دو بزرگون سے نسبت اویسی تھی اُن مین سے

(۶) حضرت غوث الاعظم شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی (۷) حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی تھے۔ ان سات کاملین سے حضرت مخدوم صاحب کی تعلیم و تکمیل ہوئی۔

امیر شرف الدین شکارپوری خلیفہ اجل حضرت مخدوم صاحب اپنی بیاض مین لکھتے ہین کہ آپ حضرت سید عبدالرحیم مجذوب سے بھی فیضیاب تھے۔

ملا عبدالرشید ملتانی تلمیذ رشید و خلیفہ ارشد حضرت مخدوم صاحب کتاب زاد الآخرہ مین لکھتے ہین کہ حضرت فرماتے تھے کہ مین اکثر حضرت غوث الاعظم کی زیارت سے مشرف ہوا ہون۔ مگر کبھی نہ تنہا حضرت ہی کو دیکھا۔ اور نہ تنہا حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی کو بلکہ ہمیشہ دونون کو ساتھ دیکھا۔ اور بوقت کلام بھی حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی کو حضرت غوث الاعظم رض کے کلام کی اتباع کرتے دیکھا۔ کبھی انھون نے خود کلام نہین کیا۔ مجھ کو اس امر پر تردد تھا۔ ایک بار مین نے یہ حال اپنے والد سے بیان کیا اُنھون نے فرمایا کہ پریشانی کی کون سی بات ہے۔ حضرت غوث الاعظم

کو اہل کشف ذو الجناحین کہتے ہین ۔جناح اول شیخ شہاب الدین سہروردی ۔جناح دوم شیخ اکبر محی الدین ابن عربی ہین ۔چونکہ اس زمانہ مین تمھاری ہمت علم شرایع واتباع سنت کی طرف متوجہ ہے ۔ لہذا شیخ سہروردی بمعیت حضرت غوث الاعظم رض نظر آتے ہین حضرت غوث الاعظم خود فرماتے تھے کہ مین نے علم رسول اللہ کے دو حصہ کر دیے ۔علم شرایع واتباع سنت شیخ شہاب الدین سہروردی کو اور علم حقایق ومعارف شیخ محی الدین ابن عربی کو دیا ۔

حضرت مخدوم صاحب فرماتے تھے کہ ایک مرتبہ ماہ رمضان المبارک مین مجھے خیال آیا کہ مدت سے حضرت غوث الاعظم کی زیارت نہین ہوئی ۔بعد تراویح مین سوگیا ۔دیکھا کہ حضرت تشریف لائے ہین ۔اور دو شخص اور ساتھ ہین ۔جن مین سے ایک شیخ سہروردی ہین ۔دوسرے جن پر مستی کا غلبہ تھا اُنکو مین نے نہین پہچانا ۔حضرت سے بغرض استفسار عرض کیا ۔حضرت نے اُن بزرگ سے میری طرف اشارہ کرکے فرمایا کہ ان سے مصافحہ کرو ۔نظام الدین یہی ہین ۔جن کے تم مشتاق تھے یہی تمھارے کلام کی حمایت کرتے ہین ۔اُن بزرگ نے کمال تپاک ہوشیار ہوکر مجھ سے مصافحہ ومعانقہ کیا ۔اور کہا کہ اگر یہ لوگ میرے کلام کی حمایت نہ کرینگے ۔تو کون کریگا ۔اور لوگ اسکی قدر کیا جانین ۔یہ قاری ابراہیم (بغدادی) کے پوتے ہین ۔تب مجھ سے حضرت غوث الاعظم نے ارشاد فرمایا ۔کہ یہی شیخ محی الدین ابن عربی ہین ۔اسکے بعد حضرت غوث الاعظم بیٹھ گئے ۔اور اُنکی داہنے طرف شیخ سہروردی اور بائین طرف حضرت شیخ محی الدین ابن عربی بیٹھے ۔اور مجھکو اپنے روبرو بٹھایا ۔حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن عربی نے مجھسے کہا کہ تمھارے جد نے معترضین کے جواب مین اچھا رسالہ لکھا ہے ۔اور تم نے بھی اُن سے کم نہین لکھا ۔مین نے اس کا جواب مطابق حال دیا ۔اس واقعہ کو بھی مین نے اپنے والد ماجد سے عرض کیا ۔اُنھون نے فرمایا کہ الحمد للہ تم کو مشغولی غوثیہ سے بہت اچھا فائدہ ہوا اسکو جاری رکھو اسکے طفیل مین حقیقت مراتب غوثیہ سے بھی آگہی ہوگی ۔

حضرت مخدوم صاحب فرماتے تھے کہ جب مین بمقام فیروزآباد حضرت امیر ابراہیم ایرجی سے مشرف بہ بیعت ہوا ۔تو حضرت نے ایسے عنایات فرمائے ۔جو بیان سے باہر ہین ۔چندماہ خدمت

اقدس مین رہا۔ روزانہ کوئی نہ کوئی نیا انکشاف ضرور ہوتا تھا۔ حالات سابقہ متعلق بہ درس تدریس ووقوف اذکار وغیرہ اکثر دریافت فرماتے۔ اور درس احادیث کے وقت بھی مجھکو یاد فرماتے۔ نماز بھی مجھی سے پڑھواتے۔ اور فرماتے کہ تم سے قرأت خوب ادا ہوتی۔ اور آواز بھی عمدہ ہے۔ اور فرماتے کہ تمھارے آنے سے بہت مسرت ہوتی ہے۔

فرماتے تھے ایک روز مجھ سے دریافت فرمایا کہ انما الاعمال بالنیات کے کیا معنی ہین۔ مین نے بیان کئے۔ اُسوقت حضرت پر کیفیت طاری ہوگئی۔ فرمایا پھر کہو اور اپنے سر مبارک سے ٹوپی اُتار کر میرے سر پر رکھدی۔ اور فرمایا کہ حدیث کے معنی بیان کرنے کے لئے ایسا ہی اچھا مُنہ چاہئیے۔ پھر روزانہ کے وظائف دریافت کر کے اپنی کتاب اوراد دپیراہن حضرت سید احمد بغدادی قدس سرہ عطا فرمایا۔

حضرت مخدوم صاحب چند روز کے بعد رخصت ہوکر وطن تشریف لائے۔ اور تمام سرگذشت اپنے والد ماجد سے عرض کی اُنھون نے شکر بہت دعائین دین۔ پھر تھوڑے دنون کے بعد معلوم ہوا کہ حضرت ابراہیم ایرجی فیروز آباد سے چرکھاری تشریف لائے ہین۔ اور وہان سے دہلی جائینگے حسب الحکم اپنے والد ماجد یہ چرکھاری تشریف لے گئے۔ اس مرتبہ بھی حسب سابق بہت زائد عنایت ہوئی۔ دو مہینہ قیام رہا۔ اُسی زمانہ مین ایک روز آپنے اُن سے مشغولی ارسال غوثیہ کے متعلق عرض کیا۔ انھون نے ارشاد فرمایا کہ میرا خود ارادہ تبلانے کا ہے۔ مجھے جسقدر تم سے تعلق ہو۔ وہ تم خود جانتے ہو۔ جو کچھ مین نے اپنے پیر ومرشد شیخ بہاء الدین انصاری سے حاصل کیا وہ سب تم کو تبلا دیا اور دیدیا۔ صرف دو چیزین اب تک ملتوی رکھی ہین۔ ایک مثال اور دوسری مشغولی۔ یہ اس مصلحت سے کہ اسکو اپنے مرشد کے مخدوم زادہ حضرت حافظ سید ابراہیم بغدادی کے ہاتھ سے دلوانا چاہتا ہون۔ اور اپنی دستخطی مثال تم کو بوقت رخصت دیدونگا۔ تمھاری تکمیل انھین سے ہوگی۔ چونکہ تمھارا اسم عالم معانی مین بارھوان ہے۔ جیسا کہ حضرت غوث الاعظم کا بوساطت شجرۂ آبائی بارھوان اسم تھا۔ لہٰذا نعمت غوثیہ تم کو انھین کے ہاتھ سے ملیگی۔ اور وہ عنقریب ہندوستان

آنے والے ہین۔ تم اُنکی تشریف آوری سکے منتظر رہو میرا ارادہ دہلی جانے کا ہی۔ مین تم کو وطن رخصت کرکے دہلی چلا جاؤنگا۔ دوسرے روز اُنھون نے کتب معہ وصایا و مثال مہری عطا کرکے وطن جانے کی اجازت دی۔ چنانچہ آپ وطن تشریف لائے۔ اور اپنے والد ماجد سے کل کیفیت بیان کی۔ وہ بہت خوش ہوے۔ اور فرمایا کہ اسطرف مین نے سید عبدالرحیم مجذوب کو خواب مین دیکھا تھا۔ اُنھون نے مجھ سے کہا کہ ایک سید مغرب سے آویگا۔ اور تمھارے لڑکے کو بارہ آم دیگا۔ تنہا خوری نہ کرنا۔ پھر کہا کہ جیسا تمھارا لڑکا ویسا میرا لڑکا۔ یہ بھی بشارت تھی جس سے حضرت سید ابراہیم ایرجی کے کلام کی تصدیق ہوئی۔ اور حضرت غوث الاعظم کے اسم مبارک کیطرف اشارہ بھی امر واقعی تھا۔ جسے حضرت سید عبدالرزاق نے اپنے رسالہ ملہمات قادری مین توضیح بیان کیا ہے۔ اور مشغولی ارسال غوثیہ کے متعلق بھی حضرت غوث الاعظم سے تحقیق کرکے لکھا ہے۔ کہ وہ فرماتے تھے کہ مجھکو اس مشغولی کی تلقین حضرت خضر سے ہوئی۔ اسی وجہ سے اسکو مشغولی ارسال کہتے ہین۔ سید عبدالرزاق صاحب اس مشغولی کے باوا سے شروط اعد کا ف اپنے والد حضرت غوث الاعظم رضہ سے مجاز تھے۔

حضرت مخدوم صاحب اُسوقت سے حضرت حافظ سید ابراہیم بغدادی کی آمد کے برابر منتظر رہتے اور ہر وقت آیندگان مغرب سے دریافت فرماتے رہتے۔ جب اُنکو حضرت سید صاحب بغدادی کا لاہور سے آگرہ وغیرہ ہوتے ہوے جھانسی تشریف لانا معلوم ہوا۔ تو آپ یہان سے دس بارہ رفقا کے ساتھ جھانسی تشریف لے گئے۔ وہان سید صاحب بغدادی کی یہ کیفیت تھی کہ ہر شخص سے حضرت مخدوم صاحب کے خاندان کا حال دریافت کرتے رہتے۔ کیونکہ بغداد سے چلتے وقت حضرت سید احمد بغدادی نے اُن سے فرمادیا تھا کہ ہندوستان پہونچکر قاری امیر ابراہیم نواسہ حضرت سید عبدالرزاق۔ ابن حضرت غوث الاعظم کی اولاد کا حال ضرور دریافت کرنا۔ اگر ان مین کوئی قابل ملاقات معلوم ہو تو ملنا۔ بالآخر حضرت مخدوم صاحب اُسی حالت انتظار مین حضرت سید ابراہیم بغدادی کی خدمت مین جھانسی پہونچے۔ جسوقت ملازمت سے مشرف ہوے۔ تو انکو

دیکھتے ہی حضرت سید صاحب بغدادی نے بکمال مسرت معانقہ کر کے فرمایا کہ ع یار در خانہ و من گرد جہان میگردم - پھر غور سے ان کو دیکھ کر فرمایا - کہ والد ماجد کا کیا نام ہے - انھون نے تبلا یا - سید صاحب بغدادی نے حاضرین محفل سے بنظر رفع تعجب خصوصیات خاندانی بیان فرمائے - چنانچہ اکثرون سنے نیازمندانہ دست بوسی کی - سید صاحب بغدادی نے انکے قیام کے لئے ایک مکان اپنی قیام گاہ کے متصل تجویز فرمایا - یہ وہان ٹھہرے سید صاحب نے مہمانداری مین کوئی دقیقہ نہین اٹھا رکھا - دوسرے روز بعد نماز اشراق سب حالات و واقعات گذشتہ دریافت ہوے انھون نے سب بیان کئے - جسکو سنکر سید صاحب بغدادی نے فرمایا کہ عنقریب کالپی پہونچکر مکان اعتکاف معین کر کی مشغولی ارسال غوثیہ کی اجازت دیجائیگی - کیونکہ ضابطہ مقررہ مشروط بشرائط اعتکاف ہے - بالفعل رسالہ ملہمات قادری دیکھو" چنانچہ دوسرے روز کتاب عطا ہوئی - مخدوم صاحب نے دیکھنا شروع کیا سب سے اول مشغولی ارسال غوثیہ کا ذکر تھا - پھر اور بہت سے اسرار و نکات غامضہ تصوف کا بیان تھا - جسکے مطالعہ سے بہت فائدہ ہوا - بیس روز تک اُنکے ساتھ جھانسی مین قیام رہا اس دوران مین ایک روز سید صاحب بغدادی نے دریافت فرمایا کہ اس کتاب کے مطالعہ سے اصل مطلب بھی نکلا - انھون نے جو فوائد حاصل ہوئے تھے بیان کر دئے - پھر پوچھا کہ کتاب عوالم المعالم بھی دیکھی ہے - انھون نے عرض کیا کہ عرصہ ہوا جب حضرت والد ماجد سے معہ شرح ابراہیمی جو حامل المتن ہے پڑھی تھی - ارشاد ہوا کہ شرح ابراہیمی بھی میرے ہمراہ ہے - کالپی پہونچکر درس ہوگا میرے والد حضرت سید احمد صاحب کا ارشاد ہے کہ جس نے کتاب عوالم غور سے نہین دیکھی - اُسکو مسائل ملہمات کے سمجھنے مین دقت ہوگی - الحمد للہ کہ کتاب عوالم تم پہلے پڑھ چکے ہو - انھون نے عرض کیا کہ کتاب کے مطالب سمجھنے کے لئے ذہن عالی درکار ہے - مجھے اسقدر قابلیت نہین تا وقتیکہ آپ کی توجہ نہو - اسپر وہ نہایت خوش ہوئے اور فرمایا کہ اس راہ ہستی مین نیستی راہبر ہے جس شخص کا سرمایہ نیستی ہے - اُسکے لئے ہستی حضرت حق دم نقد ہے -

حضرت مخدوم صاحب تھوڑے دنون کے بعد معہ سید صاحب بغدادی کالپی تشریف لائے

سید صاحب نے ایک پرانی مسجد جو اپنی فرودگاہ و دریائے جمنا واقع تھی ۔ اعتکاف کیلئے تجویز فرمائی اور اعتکاف کا حکم دیا ۔ اور شرائط اعتکاف بھی ایک پرچہ پر لکھ کر دیدیئے ۔ چنانچہ غرۂ ذیقعدہ سے اعتکاف شروع ہوا ۔ حضرت سید صاحب روزانہ شب مین پیادہ پا جائے اعتکاف پر جو میل بھر تھا تشریف لاتے ۔ اور واقعات دریافت فرماتے ۔ جب بروز عید الضحی اعتکاف سے فراغت ہوگئی تو اُس روز سید صاحب کے مسرت کی انتہا نہ تھی ۔ جو اُنکے پاس آتا ۔ فوراً حضرت مخدوم صاحب کے پاس بھیجتے ۔ اور نذر دلواتے ۔ بعد فراغت اعتکاف ایک دوسرا مکان جو اُنکے مکان متصل تھا قیام کے لئے تجویز کر دیا ۔

سید صاحب روزانہ بعد نماز صبح شغل تلقین فرماتے ۔ پھر شرح عوالم جنیدی مہ طمات کا درس دیتے ۔ اور بعد نماز ظہر تفسیر معالم ۔ و بخاری شریف سنتے ۔ اور بعد نماز مسبعات عشر قادری پڑھواتے ۔ پھر مغرب تک سکوت برعایت پاس انفاس ذکر خفی اسم ذات کا حکم فرماتے ۔ اور بعد مغرب کلام اللہ کی تلاوت کراتے ۔ چار مہینہ تک اسی جو مین چلہ کی میعاد ہوتی ہے ۔ اوقات منضبط کرنے کی تاکید فرمائی ۔

غرضکہ حضرت مخدوم صاحب چھ مہینہ حاضر خدمت رہے ۔ اس عرصہ مین جو کیفیات وارد ہوتے تھے ۔ وہ عرض کرتے ۔ چھ مہینہ کے بعد وطن آنے کی اجازت چاہی ۔ سید صاحب نے مجبوراً بلحاظ ضعف و پیرانہ سالی آپ کے والد کے دو مہینہ کی اجازت دی ۔ بعد اُسکے واپسی کی تاکید فرمائی ۔ وقت رخصت کلاہ مبارک اور مثال یعنی اجازت نامہ مُہری و مندیل حضرت سید احمدؒ اپنے دست مبارک سے عطا کی ۔

حضرت مخدوم صاحب رخصت ہوکر وطن تشریف لائے ۔ اور اپنے والد ماجد کی قدم بوسی کر کے سب حالات و کیفیات سفر و حضر عرض کئے ۔ جسکو سنکر انھون نے فرمایا کہ اے نظام الدین راہ سلوک مین سب سے علحدہ اور حق سے ملا رہنا چاہیئے ۔ بعد دو ماہ کے فوراً حضرت سید صاحب کی خدمت مین واپس جاؤ ۔ اور ایسے جوان مبارک سرشت کی صحبت اپنے حق مین کبریت احمر سمجھو ۔

میری دلی تمنا ہے کہ اللہ تعالیٰ تم کو منصب عالی پر فائز کرے۔

حضرت مخدوم صاحب دو مہینہ سے قبل سید صاحب کی خدمت میں حاضر ہوگئے۔ اور جدید عنایات و تفضلات سے سرفراز ہوئے۔ اسی مکان میں قیام کا حکم ہوا۔ اسی اثناء میں حضرت مخدوم صاحب نے کتاب لمعات کا فارسی میں ترجمہ شروع کیا۔ دو مہینہ میں ترجمہ ختم کرکے سید صاحب کی خدمت میں پیش کیا۔ انھون نے بہت پسند کیا۔ اور جا بجا اصلاح سے مزین فرمایا۔ بعد ختم پھر وطن واپس تشریف لائے۔

چوتھی مرتبہ حاضری میں سید صاحب نے ارشاد فرمایا کہ بزرگان ہند کے آثار کی زیارت جو اس ضلع میں جنوب کے جانب واقع ہین کرنا چاہیئے۔ بعد زیارت یہ سید صاحب کے ہمراہ ملک دکن گئے۔ وہان علاوہ اور دیگر بزرگون کے چالیس ابدالون سے ملاقات ہوئی جنھون نے بشارتین دین۔ واپسی پر ارشاد ہوا کہ شب میں بعد دورہ کلام اللہ معالم التنزیل و جامع الاصول کا درس نہایت ضروری ہے۔ بعد اسکے حاضری کی مدت کے متعلق ایک روز دریافت کرکے فرمایا کہ میں تمھاری جدائی ایک مہینہ سے زیادہ نہین چاہتا۔ چار مہینہ یہان اور ایک یا دو مہینہ اپنے والد کی خدمت مین رہا کرو۔ اچھا آج محبت و اخلاص کے احادیث بیان کرو۔ چنانچہ انھون نے بیان فرمانا شروع کیا۔ اُس وقت حاضرین پر جو کیفیت طاری ہوئی۔ وہ بیان سے باہر ہے۔ خود سید صاحب کو ایسا استغراق ہوا کہ تمام محفل بیہوش ہوگئی۔ بعد استغراق سید صاحب نے کمربند غوثیہ عطا فرمایا۔ اور صبح کی نماز آکر انکے مکان پر انکی اقتدا میں پڑھی۔ اور ارشاد فرمایا کہ تم کو منصب اپنے جد قاری امیر ابراہیم کا ملا۔ اور یہ بھی ارشاد ہوا کہ جس روز میرے جد حضرت عبد الرزاق نے قاری امیر ابراہیم کو مسند خلافت پر بٹھلایا تھا۔ تو وہ عید الضحیٰ کا دن تھا۔ پہلے نماز عید کی امامت کا حکم ہوا۔ اس ارشاد کے بعد مندیل اور کمربند غوثیہ دیکر مسند خلافت پر بٹھلایا۔ اور حضار کو حکم دیا کہ قاری کو نذر دین آج تم بوراثت اپنے جد کے قائم مقام ہوے ہو۔ لہذا تم ہی امامت کرو۔ انھون نے عذر کیا جواب میں ارشاد ہوا کہ خاکساری خدا کے یہان مقبول ہے۔ خدا انجام بخیر کریگا۔ مگر نماز پڑھاؤ۔

انھون نے حسب الحکم نماز پڑھائی۔ بعد ختم نماز خدام سے ارشاد ہوا۔ کہ خوانون مین شیرینی لاؤ۔ چنانچہ پچاس خوانون مین مصری کے کوزے حاضر کئے گئے۔ اسپر حضرت سید کائنات صلی اللہ علیہ وسلم و پیران سلسلہ کا فاتحہ ہوا۔ پانچ خوان انکو وطن مین تقسیم کے لئے دئے گئے۔ اور نصف حاضرین کو تقسیم ہوئے اور باقی روسائے کالپی کو۔ بعد اسکے مثال بھری و ضوابط ارسال غوثیہ و مجموعہ اوراد شریف عطا فرمایا۔ پھر مصافحہ و معانقہ کرکے وطن رخصت کیا۔ سید صاحب بغدادی کا قیام جب تک کالپی مین رہا۔ یہ سال مین متعدد بار حاضر خدمت ہوتے تھے۔

ایک مرتبہ حسب طلب سید صاحب بغدادی قریب رمضان شریف بارادۂ کالپی روانہ ہوئے راستہ مین کچھ دنون قاضی ضیاء الدین المعروف بہ قاضی جیا نیوتنوی کے مکان پر قیام کرکے کالپی روانہ ہوئے۔ اس سفر کا قصہ یون ہے کہ اسی زمانہ مین حضرت سید صاحب بغدادی کا صحیفہ اس مضمون کا صادر ہوا کہ ماہ رمضان کا ایک مہینہ باقی ہے۔ بغداد شریف کے چند قاری۔ اور قاری محمد شریف مدنی یہان آئے ہوئے ہین۔ اور تمھاری ملاقات کے مشتاق ہین۔ اگر فرصت ہو چلے آؤ۔ حضرت مخدوم صاحب یہان سے معہ مولانا سید عبد الرشید ملتانی و شیخ بدیع الدین مانک پوری۔ و مولوی نصیر الدین سنبھلی۔ و حافظ محب اللہ خیر آبادی وغیرہ کے تشریف لیگئے چونکہ یہ قرآن خوانی اور ادائے قرات مین بھی یکتائے زمانہ تھے۔ وہان پہونچنے پر سید صاحب نے ایام رمضان شریف کی اس طرح پر تقسیم فرمائی۔ کہ اول عشرہ مین یہ ختم کرین۔ اور دوسرے مین قاری محمد شریف۔ اور تیسرے عشرہ مین قاری حمید الدین بغدادی۔ اور ایک پارہ بعد مغرب اوابین مین قاری مبارک اللہ بغدادی پڑھین۔ چنانچہ پہلی شب سے حسب الحکم انھون نے پڑھنا شروع کیا۔ سامعین بہت محظوظ ہوئے۔ خصوصًا قاری محمد شریف مدنی جنھون نے بعد ختم دوگانہ ان سے کہا۔ کہ کون کہہ سکتا ہے۔ کہ تم ہندی ہو۔ تم تو فخر اہل مدینہ ہو۔ رعایت دقائق تجوید و شد و مد و خوش الحانی جسقدر تم مین ہے وہ دوسرے مین نہین۔ حق یہ ہے کہ تم اپنا مثل نہین رکھتے۔

ایک روز حضرت سید صاحب بغدادی سے قاری محمد شریف نے عرض کیا۔ کہ مین نے سُنا ہے

مولانا نظام الدین قاری کو حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن عربی کے مصنفات پر بہت عبور ہے۔ اگر بعد رمضان شریف فصوص الحکم کا بیان ایک وقت معین پر ہوا کرے تو بہت اچھا ہے۔ سید صاحب نے ان سے فرمایا کہ مہمان کی خاطر ضرور کرنا چاہئے۔ چنانچہ دوسری شوال سے فصوص الحکم کا بیان شروع ہوا حضرت مخدوم صاحب نے اسقدر بسیط تقریر فرمائی۔ کہ سامعین حیران رہ گئے۔ ایسا التزام کر لیا گیا تھا کہ ایک جملہ کتاب کا اور اسکی تطبیق دس بارہ آیات قرآنی اور اسی قدر احادیث سے مدلل کر کے بیان فرماتے۔ جس سے حاضرین بہت محظوظ و مسرور ہوتے۔

حضرت قاری محمد شریف مدنی جب اپنے وطن واپس ہوئے۔ تو راستہ میں حضرت خواجہ امکنگی سے بیان کیا کہ اس سفر میں مین نے ایک بزرگ سے ملاقات کی کہ جو جامع جمیع صفات ہے جسے ادب سید الطائفہ جنید بغدادی۔ و تقوے ابو حنیفہ اور رموز و غموض و نکات تجوید قرائے سبعہ سابقین دیکھنا منظور ہو۔ وہ مولانا قاری نظام الدین کو دیکھے۔ باوجود ان سب کمالات کے بجز نشان عبودیت اور کچھ نہین۔ اس واقعہ کو حضرت خواجہ باقی باللہ دہلوی نے اپنے پیر خواجہ امکنگی سے سنکر وقت ملاقات حضرت ملا عبد الکریم نبیرۂ حضرت مخدوم نظام الدین سے بمواجہہ اپنے خلیفۂ خاص حضرت سید احمد مجدد الف ثانی کے بیان فرمایا تھا۔

حضرت مخدوم صاحب نے کالپی سے واپسی پر راہ مین شاہ عبد الرحیم مجذوب سے جو انکے والد ماجد کے دوست تھے اُنکے حسب ارشاد ملاقات کی۔ یہ راستہ مین مجذوب صاحب کے متعلق لوگون سے دریافت کرتے رہتے۔ چنانچہ معلوم ہوا کہ قریب مین ایک بزرگ ضرور ہین جنکا سارا وقت جنگل کے گشت مین گذرتا ہے۔ اور جب کچھ افاقہ ہوتا ہے۔ تو گانون مین آکر بابا اللہ تکیہ دار کے مکان پر رہتے ہین۔ یہ سنکر مخدوم صاحب مرزا شمس الدین خان و مولانا عبد الرشید ملتانی کو لیکر بابا اللہ تکیہ دار کے مکان پر گئے۔ وہان دیکھا کہ ایک شخص برہنہ بیٹھے ہوئے بڑبڑا رہے ہین انھون نے قریب جا کر سلام کیا۔ انھون نے نہایت کڑک کر جواب دیا۔ اور فرمایا کہ اے نظام مسئلۂ شیر مادر صوفیان تو نے پڑھ بکا اچھا پڑھا۔ اور عرب کے قاریون کے سامنے تو نے کتاب فصوص الحکم بھی خوب پڑھی۔ اب فصل

محمدی میرے سامنے پڑھو۔ انھون نے پڑھنا شروع کیا۔ مطالب کسی کی سمجھ مین نہ آئے۔ بعد ختم تقریر انھون نے ہاتھ اُٹھاکر یہ دعا مانگی کہ جو کچھ سنت ہے فرض ہو۔ اور جو فرض ہے وہ سب ملو آمین آمین آمین پھر فرمایا کہ اے نظام میرا بھائی تیرے انتظار مین ہے۔ جلد جا میرا سلام کہنا اور کہنا کہ جو کچھ میرے پاس تھا۔ وہ مین نے تیرے لڑکے کو دیدیا۔ یہ وہان سے رخصت ہوکر وطن آئے۔ اور اپنے والد ماجد سے تمام سفر کی کیفیتین بیان فرمائین۔ اُنھون نے سنکر یہ دعا کی۔

"یا رب العزت ہر نعمتیکہ با سلاف ما دادی امید دارم کہ اولاد ما نیز از ان نعمت بہرہ ور باشند"

حضرت مخدوم صاحب بوجہ وفور اخلاق و کمال اتباع خصائل محمدی ہر شخص کو تعظیمی الفاظ سے مخاطب فرماتے اکثر فرمایا کرتے کہ وہ لوگ قابل افسوس ہین کہ جو اپنے اخلاق سے لوگون کے قلوب خوش نہین رکھتے حالانکہ قلوب کا خوش رکھنا از روے نصوص خدا کی خوشنودی کی دلیل ہے۔ معمول تھا کہ مغرب سے عشا تک کلام اللہ پڑھتے۔ اور اصحاب کو مشغولی کا حکم دیتے۔ بعد نماز عشا کھانا نوش فرماکر کچھ تفسیر و حدیث بیان کرتے

فرماتے تھے کہ دس برس کی عمر مین مین نے کلام اللہ حفظ کرکے کتب درسیہ پڑھنا شروع کین چودہ برس مین فارغ التحصیل ہوا۔ اُسکے بعد مولانا ضیاء الدین محدث مدنی سے حدیث پڑھی اُنھون نے ایک روز اثناء درس مین درود شریف کی اجازت دی۔ جسکے پڑھنے سے مجھکو آنحضرت کی زیارت نصیب ہوئی۔

فرماتے تھے کہ ایک روز لڑکپن مین مین نے کہا کہ مجھے اُن لوگون پر سخت تعجب ہوتا ہے۔ جو حرمین شریفین جاتے اور وہان سے واپس آتے ہین۔ اگر مجھے یہ سعادت نصیب ہو تو مین مدۃ العمر واپس نہ آؤن۔ اسکا جواب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب مین یہ دیا کہ تم جو زیارت کعبہ شریف کرتے پھر واپس جانا نہین چاہتے۔ تو ایسا نہ کرو تم کو ہندوستان مین رہنا چاہئے تاکہ تم سے لوگ فائدہ حاصل کرین۔ اور تم جو وہان عقد کروگے اُس سے اولاد صالح و باخدا پیدا ہوگی۔ اور یہ فرماکر میرے سر پر ہاتھ رکھا۔ جس سے میرا دماغ ایسا معطر ہوا کہ مین بیخود ہوگیا۔ پھر دست مبارک سے سر کو حرکت دیکر فرمایا کہ بیخود ہونا آسان ہے اور باخود و باخدا ہونا مشکل ہے۔ بندہ ساقط الحدیث سے

معبود کا کام ٹھیک نہین بنتا۔ خدا کا شکر کرو جس نے تم کو اسقدر قوی استعداد عطا کی ہے۔ صرف ہمت رجال سبعۂ کاملین سے تمھاری تکمیل ہوگی۔ اور اُسی وقت مرتبہ احسان کی حقیقت تم پر مکشوف ہوگی پھر دست مبارک سینہ پر رکھکر فرمایا کہ اسکی تفصیل دوسرے وقت پر موقوف ہے۔ اسکے بعد سینہ پر سے ہاتھ دا ہنی جانب اور داہنی جانب سے بائین جانب پھیر کر کلمہ سابقہ مکرر فرمایا۔ اُسکے بعد دست مبارک اُٹھاکر یہ آیت پڑھی سبحان ربك رب العزۃ عما یصفون وسلام علی المرسلین والحمد للہ رب العالمین۔ صبحکو یہ واقعہ مین نے حضرت مولانا ضیاء الدین محدث مدنی رح سے بیان کیا۔ وہ مجھ کو ہمراہ لیکر والد ماجد قاری امیر سیف الدین رح کی خدمت مین گئے۔ اور اُن سے بیان کیا۔ حضرت والد ماجد نے دوگانہ شکر ادا کر کے اُن سے فرمایا کہ مین نے اسکے حق مین بہت سی بشارتین بزرگون سے سنی ہین۔ جن مین سے ایک یہ ہی جو آپ کی توجہ سے ظاہر ہوئی۔ الحمد للہ علی ذلك

فرماتے تھے کہ جب میری عمر ۱۲ سال کی تھی۔ ایک شب قبل نماز صبح مین نے سید عبد اللطیف ہراتی کے رونے کی آواز سنی بیقرار ہوکر حاضر ہوا۔ اور گریہ کا سبب پوچھا۔ فرمایا کہ اے نظام الدین میرا حال نہ پوچھو۔ ایک حسین عورت کو میرے پاس لاکر کہا جاتا ہے۔ کہ یہ تجھ پر بلا عقد مباح ہے۔ اس سے مقاربت کر۔ مین ہرچند عذر کرتا ہون کہ مین نے مدۃ العمر عورت سے پرہیز رکھا یہ میرے لئے حرام ہے۔ مگر کسی طرح نہین سنا جاتا۔ اب یہ کہا جاتا ہے کہ اگر مقاربت نہین کرتے تو خیر اسکا دودھ ہی پی لو۔ مین کہتا ہون کہ مین بچہ نہین جو مجھے دودھ کی ضرورت ہو مجھ سے یہی مباحثہ ہورہا تھا۔ کہ تمھارے پاؤن کی آواز سنکر وہ عورت میرے سامنے سے بھاگ گئی۔ تھوڑی دیر یہان بیٹھکر استغفار پڑھو۔ کیونکہ اس راہ مین قطاع الطریق بہت ہین جنکے دفعیہ کے لئے استغفار سے بہتر کوئی چیز نہین۔ اُنکے ارشاد کے موافق مین نے استغفار پڑھنا شروع کیا۔ تھوڑی دیر کے بعد مجھ سے فرمایا کہ جاؤ اور اپنا کام کرو۔ مین نے یہ واقعہ حضرت والد ماجد سے بیان کیا۔ اُنھون نے فرمایا کہ سید عبد اللطیف صاحب سلوک کے نشیب و فراز سے تم کو آگاہ کرتے ہین۔ خبردار یہ واقعہ کسی سے نہ کہنا یہ اسرار ہین۔ عورت سے مراد دنیا ہے۔ نفس اس راہ مین شیطان ہوکر تارک مجرد کی توجہ کو حق سے علیحدہ کر کے دُنیا

کیطرف متوجہ کرانا چاہتا ہے۔ اسکے دفیعہ کیلئے استغفار بہت مفید ہے اسی لئے حکم دیا۔

حضرت مخدوم صاحب کے ارشادات بہت عالی تھے۔ فرماتے تھے کہ شرافت دو قسم کی ہوتی ہے۔ شرافت نسبی۔ شرافت کسبی۔ اگرچہ شرافت نسبی کا درجہ بڑا ہے۔ لیکن شرافت کسبی جس سے رزائل بشری دور کرنا اور حمایدا انسانی سے متصف ہونا مراد ہے۔ اور یہ مخصوص ریاضت و مجاہدہ سے حاصل ہوتی ہے۔ اور یہ شرافت نو قسم پر ہے جیسا کہ قاری امیر ابراہیم شرح عوالم جنیدی مین تحریر فرماتے ہین اور وہ نو قسمین یہ ہین (۱) معرفت الٰہی (۲) معرفت کلام (۳) معرفت احادیث (۴) معرفت اقوال اولیا امت محمدی (۵) معرفت کلام ملوک عادل (۶) معرفت اخلاق حمیدہ (۷) معرفت کلام صالحین و علماے محققین (۸) معرفت قلوب (۹) معرفت ایمان و یقین۔

اور فرماتے تھے کہ میری اولاد مین جو کوئی شراب خوار یا رافضی ہوگا۔ اُسکی نسل منقطع ہوجائیگی اور نہایت ذلت سے دنیا مین رہیگا۔ اور عذاب آخرت مین گرفتار ہوگا۔

اور فرماتے تھے کہ میری اولاد مین جو کوئی شادی بیاہ مین ناچ رنگ کریگا۔ اُسکا انجام رنج و غم کے سوا کچھ نہوگا۔

اور فرماتے تھے کہ میری اولاد مین قیامت تک حافظ قرآن مبین اور عالم علوم دین اور فقرا ہوتے رہینگے۔

حضرت مخدوم صاحب کا زمانہ اور مخدوم شیخ سعدی صدیقی چشتی کاکوروی کا زمانہ ایک تھا۔ ملا وجیہہ الدین اشرف مصنف بحر زخار کا یہ مقولہ کہ آپ کو اُن سے بیعت تھی غلط ہے۔ البتہ تحقیقات منازل سلوک و حقایق و معارف مین آپ سے اور اُن سے اکثر مناظرہ ہوا کرتا تھا۔ منقول ہے کہ مخدوم شیخ سعدی صدیقی چشتی کاکوروی کو جو کچھ فتوحات ہوتے۔ وہ اُسی روز خرچ کر ڈالتے تھے۔ اور فرماتے کہ نہ باسی بچے نہ کتا کھائے۔ مخدوم صاحب یہ سنکر فرماتے کہ بہتر یہ ہے کہ باسی بچے اور کتا کھائے۔ کیونکہ بچانے مین غیر کو نفع پہونچانا ممکن ہے۔ علاوہ اسکے یہ امر باعث اطمینان خاطر بھی ہے۔ اسی وجہ سے صحابہ برابر خشک روٹی کے ٹکڑے جیبوں مین رکھتے تھے۔ اور یہ امر توکل کے

منافی نہین۔

حضرت مخدوم صاحب کے صبرو رضا تفویض و تسلیم کا اندازہ آپکے صحایف سے جو کشف المتواری و مطالب رشیدی مین طبع ہو چکے ہین بخوبی ہو سکتا ہے۔ اور مقبولیت کی دلیل اس سے بڑھکر اور کیا ہو سکتی ہے کہ فضائل و کمالات کو سنکر حضرت سید احمد والد حضرت سید ابراہیم قادری بغدادی مسبوق الذکر بغداد سے ہندوستان بغرض ملاقات تشریف لائے۔ اور وقت ملاقات مخصوص عنایات اور بشارات سے سرفراز فرمایا۔ اور حضرت سید ابراہیم بغدادی کی والدہ نے دو ٹوپیان اور ایک کرتہ اپنے ہاتھ سے سی کر بھیجا۔

حضرت مخدوم صاحب کی استدعا پر حضرت سید ابراہیم بغدادی کاکوری بھی تشریف لائے۔ اور قاری امیر سیف الدین سے ملاقات کی جسکی تفصیل یہ ہے۔ کہ مخدوم صاحب آنکی خدمت مین کالپی حاضر ہوئے اور وہان سے برابر ہمراہی مین رہے۔ اور اسکی اطلاع برابر اپنے والد ماجد کو کرتے رہے۔ انھون نے یہ سنکر انکے صاحبزادہ حافظ شہاب الدین المعروف بہ شیخ سوندہن کو معہ دیگر اشخاص پیشوائی کی غرض سے بھیجا۔ سید صاحب نے صاحبزادہ صاحب پر بہت شفقت فرمائی۔ اور تشریف لا کر قاری امیر سیف الدین صاحب سے ملاقات کی۔ یہان سب لوگون نے موافق آداب بزرگان نذرین پیش کین منعم خان۔ و مرزا یعقوب خان۔ و محمد شریف خان۔ سمرقندی۔ و نجیب خان داروغۂ اصطبل شاہی۔ و قیام الدین خان مریدین حضرت مخدوم صاحب نے خدمت گذاری اور مہمان نوازی مین کوئی دقیقہ نہین اُٹھا رکھا۔

غرضکہ حضرت مخدوم صاحب کی ذات جامع کمالات اور علماے عہد اکبری مین نہایت ممتاز تھی۔ اکثر عمائدین مُرید تھے۔ جلال الدین محمد اکبر بادشاہ بھی ملاقات کی غرض سے کاکوری حاضر ہوا تھا۔ یعقوب سلطان داماد بادشاہ بھی مرید تھا۔ منقول ہے کہ جب یعقوب سلطان بیمار ہوا اور اُسکو یہ معلوم ہوا کہ میرا وقت قریب آگیا ہے تو اُسنے وصیت کی کہ میری قبر حضرت پیر و مرشد قاری امیر نظام الدین رحمۃ اللہ علیہ مزار کے پائین کیجائے۔ چنانچہ جھنجھری روضہ مین اُسکی اور اُسکی بی بی

اور اعزہ کی قبرین موجود ہین ۔ خود اُسکی تربت سنگ مرمر کی ہے ۔ اور تربت کے سرہانے کی جانب ایک گوشہ مین یہ کتبہ لگا ہوا ہے ؎

فلک قدر یعقوب سلطان کہ او | بجز تخم نیکی بہ دنیا نہ کشت
سوے عالم قدس کردہ سفر | سرا ے جہان را بہ کلی بہشت
بنوشید از حوض کوثر شراب | چہ نیکو سیر بود و نیکو سرشت
چو کردہ ز تاریخ فوتش سوال | خرد گفت گردید ز اہل بہشت

حضرت مخدوم صاحب کے حالات ذیل کی کتابون مین مرقوم ہین منتخب التواریخ مصنفہ ملا عبد القادر بدایونی ۔ وفیات الاولیا مصنفہ شیخ سیف الدین محمد ہاشم انوری ۔ بسط باسطی ۔ مصنفہ ملا عبد الباسط امیٹھوی ۔ زاد الآخرۃ مصنفہ ملا عبد الرشید ملتانی نتایج اعظمی مصنفہ محمد اعظم خان ابن شمس الدین خان کوکا ۔ مناقب الاصفیا مصنفہ شیخ رحمت اللہ جنوری ۔ بحر زخار ۔ مصنفہ ملا وجیہ الدین اشرف لکھنوی ۔ تذکرہ علماے ہند مصنفہ مولوی رحمان علی وغیرہ وغیرہ ۔ علاوہ انکے مفصل حالات حضرت شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ نے کشف المتواری فی حال نظام الدین القادی مین بوضاحت لکھے ہین ۔

حضرت مخدوم صاحب کے مصنفات سے یہ چار کتابین ہین (۱) شرح متعلق باصول حدیث (۲) معارف متعلق بہ تصوف (۳) ترجمہ و شرح کتاب لمعات بزبان فارسی حسب ارشاد سید ابراہیم بغدادی (۴) تحفہ نظامیہ تین سوالون کے جواب مین ۔

حضرت مخدوم صاحب کے خلفا یہ حضرات ہوے (۱) ملا عبد الرشید ملتانی مصنف زاد الآخرۃ تلمیذ رشید آنحضرت (۲) میر شرف الدین سکارپوری (۲) شیخ محمد خورجی (۳) شیخ بدیع الدین مانکپوری ۔ (۴) مولانا نصیر الدین سنبھلی (۵) حافظ محب اللہ خیرآبادی (۶) مرزا شمس الدین خان کوکا (۷) ملا عبد الکریم مُرید و شاگرد و نبیرۂ آنحضرت ۔

حضرت مخدوم صاحب کا نکاح قصبہ ہرگام ضلع سیتاپور مین ہوا ۔ جن سے چھ صاحبزادے اور

چار صاحبزادیان ہوئین۔ ایک صاحبزادی قصبۂ کنتور مین سادات کے خاندان مین منکوح ہوئین جنکے صاحبزادے سید پیر محمد ہوے۔ دوسری صاحبزادی کا نکاح سید جلال الدین ابن مخدوم شیخ سعدی چشتی صدیقی کاکوروی کے ساتھ ہوا تھا۔ تیسری صاحبزادی ہرگام مین بیاہی تھین۔ چوتھی صاحبزادی ناکتخدا انتقال کر گئین۔ صاحبزادے بھی سب عالم و فاضل حلیۂ صلاح و تقوے سے آراستہ تھے۔ اونکے اسماء گرامی حسب ذیل ہین (۱) شیخ عالم (۲) شیخ سمن (۳) حافظ شیخ شہاب الدین المعروف بہ شیخ سوندھن (۴) شیخ فتّن (۵) شیخ عبداللہ (۶) شیخ خواجہ (ان مین دو صاحبزادون یعنے حافظ شہاب الدین و شیخ خواجہ نے والد کے سامنے انتقال کیا۔ اور شیخ عبداللہ جانشین ہوے۔

وفات بقول اصح ۸ ماہ ذی القعدہ ۹۸۱ھ مین ہوئی۔ چنانچہ اسی تاریخ پر عرس ہوتا ہے عمر شریف ۹۱ سال کی ہوئی۔ مزار مبارک وسط قصبۂ کاکوری محلہ جھجھری روضہ مین اپنے والد کے مزار کے متصل خطیرہ مین واقع ہے۔ بزار و تبرک یہ قطعہ تاریخ وفات از مولوی شریف الدین مرحوم کاکوروی سے

چون نظام الدین قاری شیخ بھیکھہ	سوے جنت اسپ ہمت تاختہ
ہشتمین ذیقعدہ بودہ سال او	در سن ہجری چنین دریافتہ
آمدہ اعداد کامل سال او ۹۱	نہصد و ہشتاد و یک بیساختہ
	۹۸۱ھ

ایضاً

چون نظام الدین قاری نیکنام	یافت باشاہ بھکھاری عز و عام
ہم بشیخ بھیکھ شہرت یافتہ	بود دریا و الہی شاد کام
ہشتمین ذیقعدہ آن مخدوم ما	یافت با مخدوم خود وصل مدام
چون اب و جد در گذشتہ زین جہان	سال ہجری آمد از نام نظام
	۹۸۱ھ

نظیر حسن

منشی نظیر حسن متخلص بہ اوج - ابن منشی احمد حسین حجاجی دیوی الاصل کاکوری الموطن - ولادت انکی ماہ صفر ۱۲۶۶ھ مین ہوئی - فارسی کی تعلیم تمام و کمال اپنے والد ماجد سے حاصل کی - کتب درسیہ عربی حضرت مولانا شاہ علی اکبر قلندر قدس سرہ سے پڑھین - بہت قابل و لائق شخص تھے - وکالت کا امتحان پاس کیا تھا - ہردوئی مین وکالت کرتے تھے - وہان بہت فروغ پایا اور اعلے طبقہ کے وکلا مین شمار کئے جاتے تھے - حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ کے مرید تھے - بہت اچھے شاعر بھی تھے اوج تخلص تھا - فارسی و اردو دونون زبانون مین شعر کہتے تھے - منشی محمد رضا صبر کاکوروی سے فن شاعری مین تلمذ تھا - شعر و سخن کا ذخیرہ زمانہ کی دستبرد سے ضایع ہوگیا - چند اشعار فارسی و اردو بہت تلاش سے ملسکے جو نذر ناظرین ہین

اشعار فارسی

لذت مرگم نشد از ہجر تو حاصل ہنوز
با ہمہ پژمردگیہا زندہ دارم دل ہنوز

جلوۂ فصل بہاری ہست پابند نقاب
شاخ میدارد ز غنچہ در رہش محمل ہنوز

نالم از ناوک کہ پہلویم ز بیمہری گذشت
شادم از پیکان کہ جاے او بود در دل ہنوز

دل کہ یاد مژۂ دیدۂ جانان دارد
خلش نشتر تیز بہ شریان دارد

بیش رویم فلک آئینۂ خورشید گذاشت
تا بیاد رخ زیبائے تو حیران دارد

پایم از جادہ نوردی چو در آید بستوہ
عربدہ با سر ہر خار مغیلان دارد

رنج فراق جانگسل جان ز وصل ناامید
باز بعاشقی چہ سود ہرچہ بود زیان بود

اشعار اردو

موج مے نے نہ پنہائی مجھے زنجیر کبھی
کی نہ ساقی نے جنون سے مری تدبیر کبھی

سوز تیرے اے پتنگ کچھ نہ پوچھ اسکو ساز ہے
روتی ہے عاشقون کی طرح شمع بھی دلگداز ہے

تھوڑی ہے رات وصل کی اے مین نہ اسکو بار سُن
قصۂ عشق زلف بھی زلف صفت دراز ہے

راجہ درگا پرشاد سندیلی نے بہارستان اودھ مین اُنکے متعلق لکھا ہے کہ "یہ بڑے نازک طبع و خوش مقال ناظم تھے۔ اُردو وفارسی وعربی مین عبور کامل حاصل تھا"۔ راجہ صاحب سے ان سے بہت دوستی تھی۔ وہ بوجہ انکی قابلیت علمی کے بہت عنایت کرتے تھے۔ چنانچہ انکے انتقال کے بعد ازراہ قدردانی انکے بیٹے اور بیوہ کی تنخواہ بھی مقرر کردی تھی جو برابر ملتی رہی۔ انھون نے بتاریخ ۱۳ ماہ جمادی الآخر روز جمعہ ۱۳۱۶ھ بمقام ہردوئی دفعتًا انتقال کیا۔ اور وہین دفن ہوے۔

نقی یاور خان

مولوی حاجی شاہ علی نقی یاور خان ابن شیخ غلام حسن ابن حکیم محمد روشن شہید ابن حکیم عبداللہ ابن شیخ محمد ولی صدیقی کاکوروی یہ بہت قابل و لائق تھے۔ فقہ و عقائد و حدیث پر کافی عبور تھا۔ ابتداءً ملازمت سرکاری وجہ معاش رہی۔ عہدۂ صدر الصدوری سے پنشن پاکر خانہ نشین ہوے۔ شروع ہی سے نہایت متشرع اور متورع تھے۔ خدا طلبی کا ذوق و شوق ابتدا ہی سے تھا۔ اور طلب حق مین مرشد کامل کے متجسس تھے۔ اور دلی تمنا یہ تھی کہ ایسے بزرگ سے بیعت کرون۔ جو میرے خیال کے موافق جمیع صفات سے متصف ہو۔ چنانچہ اسی سبب سے بہت سے سفر کیے۔ لیکن ہر جگہ سے حکم بیعت حضرت غوث ملت شاہ تراب علی قلندر کی نسبت ہوا۔ اُس وقت انکو حضرت غوث ملت سے عقیدت بھی نہ تھی۔

تلاش مرشد مین پہلے پھلواڑی شریف ضلع پٹنہ گئے۔ وہان کے صاحب سجادہ حضرت شاہ ابوالحسن فرد رحمۃ اللہ علیہ کی ہدایت سے حضرت تاج العارفین شاہ مجیب اللہ قلندر کے مزار پر مراقبہ بر انکشاف امر بیعت کیا۔ دیکھا کہ اُنکے مزار سے ایک ہاتھ برآمد ہوا۔ اور یہ معلوم ہوا کہ یہ اُن بزرگ کا ہاتھ ہے۔ جن سے بیعت ہوگی۔ غور کے بعد پہچانا تو وہ ہاتھ حضرت غوث ملت کا تھا۔ وہان سے واپس ہوے۔ پھر کرسی مین حضرت شاہ نجات اللہ کی خدمت مین حاضر ہوے۔ وہان بھی مراقبہ کیا اور حلقہ مین بیٹھے۔ وہان بھی وہی نمود ہوئی۔ پھر حج کے واسطے گئے۔ وہان ہر ہر مقام پر حضرت غوث ملت کی برزخ پیش نظر رہی۔ وہین سے انکو عقیدت شروع ہوئی۔ واپسی پر بیعت کا ارادہ کرلیا

پھر تو اسقدر عقیدت مین ترقی ہوئی۔ کہ واپس ہوکر احرام کو میقات مین نہین اُتارا۔ اور فرمایا کہ جب تک کعبۂ حقیقی کا طواف نہین کرونگا۔ احرام نہین اُتارونگا۔ یہان (کاکوری) پہونچکر احرام اُتارا اور مرید ہوے انھون نے ایسی مقبولیت حاصل کی کہ حضرت غوث ملت شاہ تراب علی قلندر نے کئی بار ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالے اگر مجھ سے قیامت کے روز پوچھے گا۔ کہ دنیا سے تم میرے لئے کیا تحفہ لائے۔ تو مین نقی یاور خان کو پیش کرونگا۔ حضرت غوث ملت نے انکو خرقہ خلافت واجازت معہ شال عطا فرمائی۔ مگر انھون نے بہ پاس ادب کسی کو مُرید نہین کیا اور نہ خلافت دی فیض باطنی ان سے منشی وہاج الدین مغفور کو تھا۔

یہ عارف خداشناس خداترس خداپرست تھے۔ ورع وتقوے صدق وادب واخلاص و عبادت مین متفرد اور حقوق اللہ اور حقوق العباد اور احکام شرعیہ کی پابندی مین یکتائے زمانہ تھے دینداری اور صداقت مین نسبت صدیقی۔ اور احتساب نفس مین پرتوۂ فاروقی۔ اور عفت وحیا مین شان عثمانی۔ اور للہیت مین فیض بوترابی رکھتے تھے۔

یہ شعر بھی کہتے تھے۔ اُردو وفارسی دونون زبانون مین اشعار موجود ہین۔ ہیچ وسلیم تخلص کرتے تھے۔ فارسی دیوان موسومہ بہ **نگارستان معرفت** طبع ہوگیا ہے۔ فارسی واردو کلام مختصرًا بغرض تفریح طبع ناظرین درج ذیل ہی۔ اشعار فارسی سے

بگذر از اسم ورسم ہر دوجہان ۔۔۔ نور شو ہمچو شمع کافوری
کام وناکام بگذر از ہستی ۔۔۔ اے جلیس بساط رنجوری
نشۂ دل زصاحب دل گیر ۔۔۔ سرخ شو از شراب انگوری
ہیچ ور پوچ است ایچہ در ہیچ است ۔۔۔ حق بگو حق شنو کہ از نوری

بسکہ در حسن خویش حیرانم ۔۔۔ یوسفے غرق چاہ کنعانم
دل فروز تو گشت آنکہ سلیم ۔۔۔ من ہمان نور شمع یزدانم

عشق دریائے بے کرانہ بود ۔۔۔ اندرد دل دُر یگانہ بود

ہر دو عالم در دست ہیچو حباب | ہر چہ بینی بدانیش ہمہ آب
موجہایش زبانۂ آتش | صد جہنم گم است در ذاتش
عقل مستغرق ہدایت او | علم سرگشتۂ نہایت او
کفر و دین اندرو چہ کار کنند | ہمہ تسبیح شہریار کنند
اے گرفتار عالم محسوس | نیک بنگر کہ بودۂ محبوس
تیغ لا زن بہ تارک اغیار | کہ حریف تواند پنج و چہار
قید بشکن باصل خویش گریز | ہیچو منصور سر بدار آویز
جان و جسم تو عشق باشد و بس | اسم و رسم تو عشق باشد و بس
پس بہ بینی جمال حضرت خویش | حسن تو رو نماید از پس و پیش
چون زمان و مکان نماند ترا | وارہیدی ز قید چون و چرا
عالم از نور خویش آرائی | قطرگی چون برفت دریائی

اشعار اردو

گو علے العرش استوے ہین آپ | قلب مومن مین خود نما ہین آپ
بی نشانی بھی اک تعین ہے | کیا کہین آپ سے کہ کیا ہین آپ
جس مین غواص کا پتہ نہ ملے | ایسے دریا کے ناخدا ہین آپ
زلف و رخ اپنا کھولکر شب و روز | گاہ راحت گہے بلا ہین آپ
عاشقونکی رگ جان زلف ہی دلدارونکی | کسطرح کھل سکے زنجیر گرفتارونکی
سرفرازانہ گئے دار بقا کو منصور | دار معراج ہی اس راہ کے سرداروںکی
اے مقیمان حرم عرض کرو حضرت مین | کہ جہان سوز ہی فریاد دل افگارونکی
موطن اصلی مسافر کو مقام ناز ہی | راہ ساری دیکھ لی یا سوز ہی یا ساز ہی
راہ وحدت کی بہت مخطور ہی گمراہ کو | ہر طرف اس راہ مین اک شاہطلنا زہی

انکا حال کسی قدر تفصیل سے نفحات العنبریہ من انفاس القلندریہ وعیون المعارف من شیون العارف و مقدمہ جذبات جذب مین موجود ہی۔

وفات انکی شب شنبہ بتاریخ ۷ ماہ ربیع الآخر ۱۳۰۸ھ ہوئی۔ غُفِرَ تاریخ وفات ہے۔ مزار انکا محلہ ولی نگر مین پائین مزار حکیم عبد اللہ مرحوم واقع ہی

نور الحسن نیّر

مولوی حاجی نور الحسن متخلص نیّر۔ ابن مولوی محمد محسن ابن مولوی شاہ حسن بخش ابن مولوی شاہ حسین بخش شہید ابن شاہ میر محمد قلندر معروف بہ میرن میان قدس سرہ۔

ولادت انکی بتاریخ ۷ ماہ شعبان ۱۲۸۳ھ ہوئی۔ ضیا چشم حسن۔ تاریخ ولادت ہی۔ انھون نے عربی و فارسی کی تعلیم اپنے والد ماجد اور جد امجد سے حاصل کی۔ انگریزی مین بھی بی اے ال۔ ال۔ بی (وکیل) ہین۔ عرصہ تک مین پوری مین وکالت کرتے رہے۔ پھر ضلع ہردوئی مین چلے آئے۔ فی الحال وطن مین مقیم ہین۔ اور بعہدۂ آنریری اسسٹنٹ کلکٹری مامور ہین۔ مثنوی خورشید بدر و تعلیلات منظوم اردو ایک انگریزی کی قانونی کتابین مصنفات سے ہین جو طبع ہو چکین ہین۔ فی الحال کتاب نور اللغات بطرز امیر اللغات کی تدوین اور تسطیر مین مصروف ہین۔ اور ایک بہت بڑے کام کو انجام دے رہے ہین۔ دو جلدین اسکی طبع ہو چکین ہین جنھین ارباب قوم و ملک نے نہایت قدر کی نگاہون سے دیکھا۔ سرکار انگریزی سے انعام بھی عطا ہوا۔ دو سال تک رسالہ ادیب اردو بھی جاری کیا تھا۔ جو تحقیقات و تدقیقات سے مملو ہوتا تھا۔ بوجہ قابلیت و لیاقت انجمن ترقی اردو کے ممبر ہین۔ غرضکہ بہت ذی عزت اور قابل ہین۔ حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ سے بیعت ہی۔ اردو کلام بطور نمونہ بغرض تفریح طبع ناظرین درج ذیل ہی ؎

طور پر کس کی تجلی نے دکھایا تھا فروغ　　ڈھل گیا نور کے سانچے مین سراپا کسکا

مری آہ رسا کا کیا کرے گا امتحان کوئی　　دھوین اڑ جائینگے رنگت تو بدلے آسمان کوئی

ہماری آہ کو لازم ہے رسائی بھی دو عالم مین | کہین ناقوس بجاتی کہین تکبیر ہو جاتی

بلا سے گر کمی آتی ہین آنکھین بہنے دھونے مین | تری موجون سے کیا اے دل سمندر ہو نہین سکتا

تسلی خاک ہو نیر تصویر خیالی سے | شبیہ گل مین انداز گل تر ہو نہین سکتا

کچھ بھی مریض ہجر نہین ہے دم کی آس | وہ بھی تو جا کے بیٹھ رہی آسمان پر

مین حشر مین مثال اویس قرن اٹھون | دل مین احد ہو نام محمد زبان پر

کہتے ہین وہ ... یہ شب انتظار کے | اب حوصلے نکلتے ہین فصل بہار کے

خلعت جو دھوپ چھاؤن کا پایا تھا خواب مین | راتین ملین فراق کی دن انتظار کے

ہین آرزو کے حرف بھی ایسے الگ الگ | جس طرح پھول بکھرے ہون فصل بہار کے

ہان ہان ہمین نے بات مین پہلو نکالے ہین | ہان ہان ہمین مکر گئے ہین شرط ہار کے

پیر مغان بہت نہین تھوڑی بچی کھچی | رندان مے پرست کا صدقہ اتار کے

نیر کی پارسائی کا کل حال کھل گیا | حضرت بھی پیچھے پیچھے تھے اک بادہ خوار کے

ہم سے نہین غیرون سے لڑاتے رہے آنکھین | تم تیر لگاتے ہو جہان دل نہین ہوتا

دنیا و دین سے گذرے تو پہونچے ہین تیرے پاس | کرنا پڑی ہے راہ مین منزل جگہ جگہ

نیر سے کیون کرے کوئی قیمت کی بات چیت | لٹتے ہین مفت ٹوٹے ہوئے دل جگہ جگہ

جسکی رگ رگ مین کھٹک ہے وہ بتاسکے کیونکر | درد دل ہے کہ نہین درد جگر ہے کہ نہین

ناتوانون کی یہ صورت ترے کوچہ مین رہی | درد کی طرح اٹھے گر پڑے شبنم ہو کر

نور الدین احمد کیفی

منشی نور الدین احمد متخلص بہ کیفی ابن منشی ظہور الدین احمد متخلص بہ ظہور ابن منشی نجم الدین احمد ابن شیخ نجم الہدیٰ ابن شیخ غلام مخدوم ابن شیخ پیر محمد ابن شیخ محمد محبوب ابن شیخ عبد الحفیظ ابن ملا ضیاء اللہ ابن حضرت ملا عبد الکریم علوی مخدوم زادہ۔

انکے والد بخشی ظہور الدین احمد متخلص بہ لئیق و ظہور بہت بڑے باذاق شاعر خوشنویس و نثار تھے
شیخ عبد الرؤف شعور لکھنوی کے شاگرد تھے۔ انکی نظمین صنائع بدائع وغیرہ مین مشہور ہین تاریخ گوئی مین
انکو خاص ملکہ تھا۔ نظمین لکھکر لوگون کو دیدیا کرتے۔ اور اُسکی کوئی نقل نہین رکھتے۔ بہت سا کلام تقسیم
کر دیا۔ تھوڑا سا ذخیرہ جو باقی رہ گیا تھا۔ اُسکو مرض الموت مین جلوا دیا تھا۔ کلام اب کچھ نہین باقی ہے
اُنھون نے بتاریخ ۲۴ ماہ صفر ۱۳۰۲ھ انتقال کیا۔ نواب تفضل حسن خان شیدا نے قطعہ تاریخ
وفات لکھی جو یہ ہے ؎

صفر را بست و چارم رخت بربست — ز دل بے ساختہ نالہ برآمد
ملا ذو مخلص مخدوم شیدا — بگفتم۔ آہ ظہور الدین محمد ۱۳۰۲ھ

انکی ولادت محرم ۱۲۶۹ھ مین ہوئی۔ عربی و فارسی تعلیم مولوی شرف الدین سندیلی۔ و مولانا
شاہ واجد علی قلندر سے حاصل کی۔ ۱۶ سال کی عمر مین ہمراہ مولوی حافظ ذاکر علی علوی کاظمی ہمیرپور چلے
گئے۔ وہان پولیس مین ملازمت کی۔ بعد ترک ملازمت پولیس چھاؤنی نوگاؤن ملک بندیلکھنڈ چلے
گئے۔ وہان سررشتہ دار مجسٹریٹی ہوئے۔ پھر وہان سے تبدیل ہوکر چھاؤنی مئو سنٹرل انڈیا مین آگئے
جہان سے ۱۹۰۹ء مین پنشن یاب ہوکر وطن مین مقیم ہوئے۔
شعر و شاعری سے ذوق ابتدا ہی سے تھا۔ فارسی و اُردو دونون زبانون مین شعر کہتے۔ فارسی
مین تلمذ آغا صادق حسین صفی مرید حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ سے تھا۔ فارسی کلام بہت
کم ہے۔ اُردو مین تلمذ اپنے خال اکرم منشی محمد رضا صبر۔ اور اُنکے شاگرد رشید منشی مقصود احمد تعلق سے ہے
حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر قدس سرہ کے مرید ہین۔
یہ نہایت کہنہ مشق شاعر لطیف البیان بذلہ سنج باذاق خوشنویس اُستاد وقت ہین۔ ابتدا مین خواجہ
آتش کے رنگ پر لکھتے تھے۔ مگر اب داغ دہلوی و امیر مینائی کا رنگ اختیار کیا ہے۔ اگرچہ بچپن ہی
سے وطن سے باہر بندیلکھنڈ کیطرف رہے۔ لیکن لطف زبان اور طرز بیان اور خوبی بندش اور علو
مضامین اور جدت پسندی و سحر آفرینی مین انکا کلام اساتذہ کے کلام کا ہم پلہ ہے۔ تاریخ گوئی مین بہت ماہر و

بمثل تاریخ نگار ہین سیکڑون تاریخین نظم کر ڈالین - مجموعی شعر و سخن کا ذخیرہ ایک لاکھ شعر سے زاید کا ہی ہزارون اشعار شاگردون اور اعزہ کو دیدیئے - اب بھی دو ضخیم دیوان کا ذخیرہ موجود ہی - ایک دیوان مرتب ہی - اور دوسرے کی ترتیب ہو رہی ہی - اسکے علاوہ ایک گلدستہ نعت غیر مطبوعہ ہی جسمین بزرگان دین کی شان مین اُردو و فارسی کلام بھی شامل ہے تین رسالہ نظم کے طبع ہو چکے - جن مین سے ایک نظم میلاد شریف ہے جو اپنی خوبیون مین آپ ہی نظیر ہی - دوسرا رسالہ فغان محرم مشتمل مراثی و سلام ہے تیسرا رسالہ لاثانی مخمس ہے - جس مین حضرت شاہ تراب علی قلندر کی ۳۰ غزلون کا مخمس ہی - ایک گلدستہ ۳۵ سلام کا اور غیر مطبوعہ ہے -

اردو نثر مین بھی حسب ذیل تصنیفات ہین - ایک مولود شریف جو نہایت تحقیق اور عمدہ طرز سے لکھا ہے زیر طبع ہے - اور ایک ذخیرہ داستان نور نگار پرستان قاف بطرز بوستان خیال ہے جسکی اسوقت تک ۱۹ جلدین ہو چکین - جن مین سے اکثر جلدون کی دو دو تین تین جلدین ہین یہ نہایت صاف سہل اردو زبان مین ہے - اسمین حضرت سلیمان علیہ السلام کے بعد کے حالات ہین - مصنف نے اپنی فسانہ نگاری مین وہ کمال دکھلایا ہے جو محتاج بیان نہین قصہ نہایت دلچسپ اور بوستان خیال و داستان امیر حمزہ سے بدرجہا بہتر ہے - عبارت آرائی جیسی کہ اور قصون مین ہے اس مین بالکل نہین - اشعار بھی بہت کم ہین - جہان کہین ہین بھی تو اپنے طبعزاد نہ دیگر شعرا کے یہ فسانہ مصنف نے قلم برداشتہ لکھا ہے - مسودہ نہین کیا - اسکے علاوہ تین ناول بھی ہین جو مالک مطبع بنگلور (مدراس) کے پاس ہین -

تلامذہ بھی بہت کثرت سے صوبہ مالوہ خاندیس و مدراس و چھاؤنی نیمچ و چھاؤنی مئو وغیرہ مین ہین جن مین اکثر اُس طرف اُستاد مانے جاتے ہین - اس قصبہ مین بھی بہت سے شاگرد ہین -

انکے کلام کا انتخاب بوجہ اپنی لطافت و خوبی کے بہت دشوار ہے - اور مجھ ایسے نافہم سے غیر ممکن ہے تاہم مختصراً اردو و فارسی کلام بغرض تفریح طبع ناظرین زینت دہ اوراق کرتا ہون سہ

اشعار فارسی

دل باد اسیر خم گیسوئے محمد — صد جان فدائے قد دلجوئے محمد
از رائحۂ او چمن دہر معطر — در گل اثرے ہست ز خوشبوئے محمد
این جلوۂ رخ نیست تہ زلف پریشان — پیداست شب قدر ز ہر موئے محمد
آن جائے کہ شب قدر تجلی میکرد — پرتو نور ز حسن رخ نیکوئے تو بود
گل کہ سرداراست در باغ جہان — نسبتے دارد برنگ و بوئے تو
از مکان تا لامکان سیر شب معراج تست — عرش را پر نور از نقش کف پا کردۂ
در بہار گلشن عالم گل رعنا توئی — باعث تکوین این دنیا و مافیہا توئی
ادائے تازہ در ہر ناز داری — بہر آنے دگر انداز داری
سبق گیرد ز چشمت سحر بابل — فسون پرور نگاہ ناز داری
دل و غارت گر دل بود شب جائیکہ من بودم — در مقصود حاصل بود شب جائیکہ من بودم
منور بود از رخ بے چراغ و شمع کاشانہ — فروغ ماہ کامل بود شب جائیکہ من بودم
شراب روح پرور صحن گلشن حور وش ساقی — مکان فردوس منزل بود شب جائیکہ من بودم
باغوش خیال یار جائے کردہ ام پیدا — خوشا قسمت زہے خلوت سرائے کردہ ام پیدا
عشق گل ۔ الفت چمن تا کے — شعلہ انداز بوستان باشی
عاشق زلف سیاہیم و رخش منظر است — شب دیجور مرا جلوۂ ماہے کافی است
چو اخگرے بجان افگنی جہان سوزد — ز آتشے کہ بدلہائے عاشقان زدہ
کافر عشقم وفا ایمان ماست — مصحف روئے صنم قرآن ماست
دلم مشق طپیدن از ازل داشت — دماغ من بسو دائش خلل داشت
چنان میدان ہستی مختصر بود — کہ مردان قطع در یک گام کردند
از شہر پریشانم حیران ز عزیزانم — وحشی بیابانم کاشانہ نمی خواہم
مست الست آمدہ بودم بہ بزم مے — تا دم بجود کہ داغ بدلان نمی زدم

از انقباض غنچه وا ز خنده هاے گل عبرت گرفته ام بگلستان نمی روم

ساقیا جام مے تو به شکن پیهم بیار چار سو شور یست در عالم بهار آمد بهار

شاهد گل زینت افزاے چمن شد خوب شد نرگس شهلا همه تن بود چشم انتظار

طالع بیدار آمد سبزهٔ خوابیده را در چمن آمد ز صحرا فرش شد بهر نگار

خاطر مغموم را راحت فزا آمد نسیم باعث جوش دل پژمرده شد بانگ هزار

اشعار اُردو

شان ہے اُسکی جلوہ گر دیدۂ امتیاز مین چھپکے حقیقت آئی ہے پردہ مجاز مین

میرے دل کے مرے جگر کے سوا ناوک ناز آزمائین کہان

حور بنکر ہزار آئین پری وہ کہان ناز وہ ادائین کہان

نکھار اُنکا شب ماہ مین ذرا دیکھو لطافت ایسی کہان چاندنی کے پھولون مین

دیتا ہون دل تو کہتے ہین وہ دلکو دیکھکر کمبخت داغدار ہے اس دلکو کیا کرون

وحشت زیادہ ہوتی ہے گلشن کی سیر سے ہنگامہ ہاے شور عنادل کو کیا کرون

پتلیان ہین چشم مست یار مین یا پری ہین خانۂ خُمّار مین

لطف آتا ہے جفاے یار مین محو ہین ہم لذت آزار مین

خرمن ہستی نہ جل جائے کہین بجلیان ہین آہ آتشبار مین

تیر کھینچا اسطرح قاتل نے ہاے دل لپٹ کر آگیا سوفار مین

شوخ رنگت ہے ید بیضاے حُسن کیا تجلی ہے حناے یار مین

طور پر تھا ایک جلوہ اے کلیم سو تجلی ہین جمال یار مین

تو ہے شاہنشاہ مصر حُسن کا بک گیا یوسف ترے بازار مین

دونون عالم کا تماشا ہیچ ہے دل تو ڈوبا ہے ترے دیدار مین

اب نمک پاشی کی حاجت کچھ نہین　　خود نمک ہے زخم دامندار مین
دیکھنا ملنے نہ پائین دیکھنا　　دل کی کلیان ہین گلے کے ہار مین

دیکھ قاتل خون کیفی کی بہار
گل کھلے شمشیر جوہر دار مین

ہمارا آشیان اُجڑا تو پھونکین گے چمن تیرا　　غضب اے باغبان ہم آہ آتش گیر رکھتے ہین
روشنی ہوتی ہے مزارون پر　　عاشقون کے چراغ جلتے ہین
اُسی خرمن پہ گرتی بجلیان ہین　　مری تقدیر کا دانہ ہی جس مین
مقام عشق ہے ایسا بیابان　　خضر رستون سے بیگانہ ہی جسمین
تصور کیا اثر رکھتا ہے اپنے جذب کامل مین　　اُتر آتی ہین پریان بے تکلف شیشہ دل مین
تجھے پایا مگر پھر بھی ہے تیری جستجو دل مین　　مزے آتے ہین کیا کیا ہمکو اس تحصیل حاصل مین
کوئی دیکھے گل رخسار جانان پر بہار اسکی　　زمانہ بھر کی خوبی کو نکر بھری اسی تل مین
محروم وصال کے شکوہ جو کچھ کرے　　ہنسکر کہا کہ آپ کی قسمت کو کیا کرون
کہتا ہی حسن یار مین ہون سادگی پسند　　اے شوخی حنا تری رنگت کو کیا کرون
اے شوق دل خیال بت بیوفا ہے کیون　　کمبخت اپنی جان کے پیچھے پڑا ہے کیون
کشتی مے بھی ہی گلزار بھی ساقی بھی ہے　　منتظر تیرے ہم اے ابر کرم بیٹھے ہین
دنیا کے حسین ہمکو ستانے کیلئے ہین　　ہم وقف ستم سارے زمانے کیلئے ہین
بیتاب یہان اُنکے بلانے کیلئے ہین　　دو لاکھ وہان عذر نہ آنے کیلئے ہین
داغ جگر ی حدت غم سوز محبت　　کمبخت یہ سب جان جلانے کیلئے ہین
نازنین زلف گرہ گیر لئے پھرتے ہین　　عاشقون کیلئے زنجیر لئے پھرتے ہین
تا در یار ہو تدبیر رسائی کیونکر　　ہمتو پھوٹی ہوئی تقدیر لئے پھرتے ہین
کہین مجائین تو یوسف سے ملا کر دیکھین　　مصر مین ہم تری تصویر لئے پھرتے ہین

تیرا وہ حسن باکمال جسکو زوال کچھ نہین
تیرا جمال بیمثال جسکی مثال کچھ نہین

اُنکی نگاہ ناز کا ہے تیر بے خطا
ہم آپ مین نہین جگر و دل بچائے کون

آتا نہین شکستہ دلی مین خیال یار
اس ٹوٹے پھوٹے گھر مین پریزاد آئے کون

قدرت حق نظر آنے لگے آنکھین کھلجا ئین
تیری آنکھین جو کبھی نرگس شہلا دیکھے

آگئی کیا پھر کسی کی یاد ہے
شاد اتنا کیون دل ناشاد ہے

اُنکی الفت کا داغ دل مین ہے
یہ نیا خانہ باغ دل مین ہے

اے دل ان خوبون سے امید وفا
آزمائے ہین ہزار ون بار کے

(۹)

واجد علی

حضرت مولوی شاہ واجد علی قلندر ابن حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر ابن حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر قدس سرہما۔ ولادت انکی تخمیناً ۱۲۴۰ھ مین ہوئی کتب درسیہ کی تکمیل اپنے والد ماجد سے کی۔ اور عرصہ تک سلسلہ درس وتدریس جاری رکھا حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ کے مرید تھے۔ اذکار اور اشغال اور اعمال خاندانی کی تعلیم انکو اپنے والد حضرت شاہ تقی علی قلندر اور عم محترم حضرت شاہ حیدر علی قلندر سے تھی۔

اجازت وخلافت حضرت مولانا شاہ علی اکبر قلندر کاکوروی۔ و مولوی شاہ رکن الدین قلندر لاہرپوری۔ وحضرت شاہ علی اکبر قلندر نبیرہ حضرت شاہ باسط علی قلندر الہ آبادی سے تھی۔ سیاحت سے فطری ذوق تھا تکیہ شریفہ پر قیام بہت کم رہتا تھا۔ مریدین بہت ہوئے۔

یہ بڑے صوفی منش قلندر روش بزرگ تھے۔ جذبی کیفیت کا غلبہ تھا تصنیف وتالیف کی نوبت نہین آئی۔ قرب زمانہ وفات مین اجازت وخلافت وغیرہ حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر قدس سرہ کو عطا فرمائی۔ جسکا مفصل قصہ نفحات العنبریہ مین موجود ہے۔

انھون نے بعمر ۷۲ سال بتاریخ ۴ ماہ جمادی الاولےٰ روز شنبہ ۱۳۱۲ھ بعارضۂ تپ سرسامی رحلت فرمائی۔ اور اپنے جد بزرگوار کی درگاہ مین جانب مغرب دفن ہوئے قطعۂ تاریخ وفات از منشی ولایت علی خان عزیز صفی پوری ؎

روز شنبہ چار مین شب از جماد الاولین	آن قلندر رفت در فردوس علی چون ولی
مصرع تاریخ او گفتم بفرمایش عزیز	در مقام خلد عابد مولوی واجد علی

خلفا انکے حسب ذیل حضرات ہوئے (۱) حکیم سید اشرف حسین خیرآبادی ۱۳۱۲ھ صاحب خلافت کبری (۲) شاہ قطب اعظم نواسہ حضرت شاہ علی اکبر قلندر الہ آبادی (۳) حافظ شاہ امیر احمد نبیسہ مولوی شاہ رکن الدین

قلندر لاہرپوری (۴) حافظ محمد اکبر لاہرپوری (۵) شاہ التفات حسین لاہرپوری وغیرہم

واحد علی

منشی واحد علی متخلص بہ بسمل۔ ابن منشی محمود علی۔ ابن منشی موہن علی خان مفتون۔ انکی ولادت بتاریخ ۱۹ ماہ رجب ۱۲۸۰ھ ہوئی۔ بدو شعور سے یہ نہایت تیز طبع اور نازک خیال تھے۔ کتب عربیہ متوسطات تک حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر سے پڑھیں۔ فارسی و عربی مین بہت اچھی لیاقت رکھتے تھے۔ نہایت بذلہ سنج و پرگو تھے! اشعار اردو و فارسی بہت لطیف کہتے تھے منشی امیر احمد امیر مینائی سے اصلاح لیتے تھے۔ اور انھین کے ارشد تلامذہ مین شمار کئے جاتے تھے چند اردو اشعار جو ملسکے بغرض تفریح طبع ناظرین درج ذیل ہین ۔

صبح سے بیٹھ گئے بام پہ وہ ترک کے راہ
دوپہر بجگئے سورج کو نکلنے نہ دیا

عاشق ابرو کو مارا سر کے دنبالہ سے
نیمچہ سے کام قاتل نے لیا تلوار کا

باندھکر تیغ وکفن جاتا ہون بزم یار مین
آج میرے سر نہین یا سر نہین دو چار کا

شیخ صاحب آپ کا شرک خفی ظاہر ہوا
سبحہ مین آئے ہین رشتہ ڈالکر زنار کا

چرخ یہ چکرا کے بولا میری گردش دیکھکر
ساتھ دیسکتا ہے کون اپنے خدائی خوار کا

نیمجان کتنے ہین عاشق مر گئے کتنے حضور
حال کھلجائیگا پرچہ دیکھئے اخبار کا

یہ ابتدا کچھ دنون بھوپال مین ملازم رہے۔ پھر حیدرآباد مین بوجہ اپنی حسن لیاقت اڈیکانگ مدار المہام بمشاہرۂ چارسو روپیہ ماہوار مقرر ہوے۔ بعد اُسکے خانہ نشین ہو گئے۔ قیام زائد لکھنؤ مین رکھتے تھے وہان کے لوگون کو اپنے حسن اخلاق سے بہت گرویدہ بنالیا تھا۔ حضرت مولانا فضل رحمن گنج مرادآبادی کے مُرید تھے۔

انھون نے بتاریخ ۱۱ ماہ جمادی الآخر روز شنبہ ۱۳۳۵ھ بعارضہ فالج انتقال کیا۔ اور حضرت شاہ صبغت اللہ کے درگاہ کے احاطہ مین حسب وصیت دفن ہوئے۔

واعظ علیخان

قاضی محمد واعظ علیخان سفیر ٹونک ابن احتشام الدولہ ممتاز الملک عالیجاہ قاضی محمد حافظ علیخان بہادر عباسی۔ یہ جملہ علوم مروجہ مین دستگاہ رکھتے تھے تعلیم و تربیت اپنے خاندان والون سے پائی۔ ذہین و ذکی و معاملہ فہم تھے۔ اکثر دربار اودھ سے بطور سفارت و بکار خاص والیسرائے بہادر امور ملکی طے کرنے کے لئے بھیجے گئے۔ جنکا ذکر والیسرائے کے خطوط مین موجود ہے۔ بعد کو نواب ٹونک کے سفیر ہوکر بضرورت تصفیہ امور ملکی ٹونک کلکتہ مین متعین ہوئے۔ تمام امور بخوش اسلوبی طے کرکے ریاست کو استحکام بخشا۔ اور بہ صلہ حسن خدمات خلعت ہفت پارچہ معہ مطلا قرآن شریف دستخطی نواب امیر خان و شمشیر قیمتی معہ اسپ و فیل و سامان طلائی و نقرئی ہودج بنظر خوشنودی و مراحم خسروانہ مرحمت ہوا۔ اور پندرہ سو روپیہ تنخواہ مقرر ہوئی معقول جاگیر عطا ہونے والی تھی کہ دفعتہً مبتلائے ہیضہ ہوکر غرۂ ماہ جمادی الاول سنہ ۱۲۴۳ھ کو کلکتہ مین انتقال کیا اور وہین دفن ہوئے۔

وجیہ الدین

مولوی حافظ شاہ وجیہ الدین ابن مفتی علیم الدین خان ابن قاضی القضاۃ مولوی نجم الدین علیخان بہادر ثاقب اشرف جنگ۔ ولادت انکی سنہ ۱۲۳۱ھ مین ہوئی تعلیم و تربیت اپنے والد ماجد و مولوی فضل اللہ نیوتنوی و مولوی حسین احمد محدث ملیح آبادی سے حاصل کی حدیث شریف کی سند مولانا آل احمد ابن محمد امام ابن مولانا نعمت اللہ محدث پھلواری سے تھی۔ فن ہیئت کی تعلیم اپنے عم محترم مفتی حکیم الدین خان سے حاصل کی۔

یہ بہت لائق و قابل باہمہ و بے ہمہ تھے۔ صوفیانہ مسلک رکھتے تھے۔ فارسی نظم و نثر بخوبی قادر تھے حافظہ ایسا قوی تھا کہ کلام مجید صرف ۵۶ روز مین حفظ کر لیا تھا۔ مولوی فرید الدین خان مغفور بیان کرتے تھے کہ عبداللہ شاہ ابدال کمل پوش نے (جو اکثر کاکوری آیا کرتے تھے) ایکبار انسے کلام مجید مانگا انھون نے

کہ میرے پاس صرف ایک ہی کلام مجید ہے جسمین یاد کرتا ہون۔ اُنھون نے کہا کہ اچھا یہ ہمکو دیدو تمکو کلام مجید بہت جلد یاد ہو جائیگا۔ انھون نے دیدیا۔ اُنکے ارشاد کی برکت سے بہت جلد حفظ ہو گیا۔ ایسا کہ ہر سال رمضان شریف مین آخر عمر تک پڑھا کیے۔ صرف شعبان مین دور کرتے تھے۔ اور رمضان شریف مین تین کلام مجید سناتے۔ امور انتظامیہ مین بھی مہارت تھی اور اوراد و وظائف و اشغال کے بہت پابند تھے۔

بیعت و اجازت و خلافت معہ خرقۂ فقر حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر سے تھی۔ مگر انھون نے بہ پاس ادب نہ کسی کو مرید کیا۔ اور نہ خلافت دی۔ مدۃ العمر خانہ نشین رہ کر امور خانہ داری و انتظام دیہات وغیرہ مین مصروف رہے۔ اور بعمر ۳۰ سال یکم ماہ ربیع الاول روز پنجشنبہ ۱۳۰۵ھ مین وفات پائی۔ اور حظیرۂ خاندانی متصل چاند محل مین دفن ہوے۔ قطعہ تاریخ وفات از مولوی تفضل حسن خان شیدا کاکوروی ہے

پنجشنبہ یکم ربیع اول ،، رفت آن متقی بخلد برین

پئے سال وفات شد شیدا ،، از الم سر نگون بسوے زمین

گفت ہاتف مرا بہ بین بجنان ،، مولوی حافظ وجیہ الدین

۱۳۰۵ھ

وحید الدین

مولوی قاضی وحید الدین خان۔ ابن قاضی امام الدین خان۔ آبن حضرت ملا حمید الدین محدث رحمہ تعلیم و تربیت انھون نے اپنے خاندان مین پائی۔ نیز علمائے عظیم آباد پٹنہ سے تحصیل علوم کی۔ تقدس اور علمی قابلیت کیوجہ سے انکے والد نے اپنی حین حیات مین اپنا جانشین مقرر کر دیا۔ عرصہ تک اُسی عہدۂ قضا پر رہے۔ اور بہت نام آوری سے اس عہدہ کے فرائض کو انجام دیتے رہے۔

بیعت انکو حضرت شاہ محمد غوث پنجابی خلیفہ حضرت شاہ ابو سعید دہلوی مہاجر سے سلسلہ نقشبندیہ مین تھی۔ مولانا شاہ علی میر الحق قلندر کی ایما سے یہ مرید ہوے۔

انھون نے بتاریخ ۱۳ ماہ ذی القعدہ ۱۲۰۳ھ پٹنہ مین انتقال کیا اور وہین محلہ لودی کٹرہ متصل دوندی بازار پائین مزار شاہ پیر یتیم رح دفن ہوے۔

وسیم الدین

مولوی وسیم الدین متخلص بہ احقر ابن مولوی سلطان الدین ابن مولوی محمد یحییٰ ابن مفتی حافظ شہاب الدین ابن حضرت حاجی امین الدین رحمۃ اللہ علیہ۔

ولادت اُنکی شب جمعہ بتاریخ ۱۲ ماہ رمضان المبارک ۱۲۷۶ھ ہوئی۔ مولوی فرید علی فلک کاکوروی نے تاریخ ولادت لکھی جو درج ذیل ہے ؎

دہ آدینہ ودہ دواز ماہ صوم	بساعات مسعود بہجت قرین
جوان بخت فرزند اقبالمند	سعادت نشان ودہین ومتین
ثمین گوہر بحر عز وشرف	بہین خاتم سروری را نگین
فرح بخش جان ودل والدین	تولد شد از فضل جان آفرین
فلک طرفہ سالے سرشتش نوشت	خوشا یک ولی عہد سلطان دین

انھون نے علوم متعارفہ کی تعلیم حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر سے پائی۔ اور اپنے جد امجد کے زیر تربیت رہے۔ بہت قابل ولائق۔ ادیب ومنشی ہین۔ عربی وفارسی بے نقط عبارت صفحون کے صفحہ نہایت روانی سے لکھ ڈالتے ہین۔ تاریخی نثر بھی خوب لکھتے ہین۔ شعر بھی کہتے ہین احقر تخلص ہے۔ چند اشعار فارسی بغرض تفریح طبع ناظرین درج ذیل ہین ؎

فارغ از دید شوم تا زجہان برخیزم	لامکان جایم واز کون مکان برخیزم
بعد مرگم تو اگر خاک ہمت من گردم	دست افشاندہ ز کونین وزجان برخیزم
بادہ احمر وہم مطرب خوشگو خواہم	تا زمسجد بدرت رقص کنان برخیزم
اے شہ حسن ملیحے بنما صورت خویش	تا چو احقر زسر خوب جان برخیزم

دلم صد پارہ ودر ہوش جانم	زچشم مست آن خمار بادا
انا الحق می زند دل فتنہ انگیز	ہمین زیبد سرش بردار بادا
بسیر گلشن یار است مایل	دل احقر گل وگلزار بادا

ہر شب ز سر زلفت سودا بسرم افتد | ہر روز بیاد رخ حالم بجنون آید
عمرے ز سرت فتنہ کارت نشدہ حقر | بگذار رہ تقوے تا رنگ دگر آید

بیعت انکو حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر سے ہے۔ مگر استرشاد و تعلیم تصوف حضرت حافظ شاہ علی انور قلندر سے اُنکے محبوب شاگردون مین سے ہین۔ مسوّدات کی صفائی کی خدمت انھین سے متعلق تھی۔ بہت مرتاض اور اچھے صوفی ہین۔ اور انھین کے نظر یافتہ ہین۔ چنانچہ وہ انکی باطنی کیفیت کے متعلق فرمایا کرتے تھے "کہ منشی وہاج الدین و منشی تاج الدین کے بعد وسیم الدین کا نمبر ہے"۔ انکی ذات من حیث اپنی قابلیت و کیفیات و حالات کے مغتنمات روزگار سے ہے۔ ایک مدت سے ریاست رامپور مین معزز عہدہ پر ملازم ہین۔ اور بہت نیکنامی اور عزت کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہین۔ پڑھانے کا بھی شوق ہے۔ عربی و فارسی اکثر لوگون کو پڑھاتے ہین۔ ابقاہ اللہ تعالیٰ

وصی علیخان

قاضی وصی علیخان۔ ابن وقار الدولہ والاجاہ قاضی محفوظ علیخان۔ ابن احتشام الدولہ ممتاز الملک عالیجاہ قاضی حافظ علیخان بہادر عباسی۔ بہ تاریخ ۷ ماہ رجب ۱۲۴۳ھ پیدا ہوئے۔ مولوی محی الدین خان ذوق نے قطعہ تاریخ ولادت لکھا۔ جو درج ذیل ہے ؎

قدوم پور محفوظ علی خان | ز دلہا گرد کلفت را برون رفت
شنید این مژدہ جان بخش چون ذوق | ازین شادی دل محزونش بشگفت
خرد در فکر تاریخش ہمین بود | کہ ہاتف ہفتم از شہر رجب گفت ۱۲۴۳

انھون نے عربی فارسی کی تعلیم مولوی باسط علی و شیخ غلام مہدی اکسمنڈوی و مولوی حیدر علی کاکوروی تلمیذ حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر۔ و شیخ وحید الزمان آسیونی سے حاصل کی۔

بیعت انکو حضرت شاہ تراب علی قلندر قدس سرہ سے تھی۔ یہ باعتبار قابلیت اعلیٰ فرائض عہدۂ قضا سرانجام دیتے رہے۔ بہت وجیہ و خوش بیان شجاع و نفیس المزاج تھے سرکار شاہی مین بعہدۂ

قائم مقامی اپنے والد بزرگوار مقرر ہوے۔ لارڈ ہارڈنگ نے کانپور مین انکو ا پارچہ کا خلعت عطا فرمایا
دربار مین مثل آبا و اجداد بہت عزت و وقعت رکھتے تھے۔ بعد انتزاع سلطنت اودھ خانہ نشین ہوے
زمانہ غدر مین اہالیان قصبہ کی امداد کی انکو بچانے کیلئے افسرون سے ملے جس کا مفصل
قصہ قیصر التواریخ مین مرقوم ہے ہنگامۂ غدر کے فرو ہونیکے بعد حسب سابق کاکوری مین بعہدۂ قضا
مامور رہے۔ نہایت بارعب و صاحب دبدبہ تھے۔ قصبہ کی چکلداری انکے متعلق تھی۔ حضرت
مولانا شاہ تقی علی قلندر کے حضور مین بہت عقیدت اور خلوص تھا۔ اُنکے انتقال کے بعد حضرت
مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر کیحدست مین عقیدت و ارادت و خلوص خالصہ و صدقانہ سے عمر بسر کی۔

یہ فارسی کے بہت اچھے انشاپرداز تھے۔ بہت ضخیم مفصل و مشرح روزنامچہ چالیس پچاس
سال کا لکھا تھا۔ کل واقعات درج تھے۔ افسوس کہ اُسکی بہت سی جلدین تلف ہوگئیں۔ اب
تھوڑا سا ان کی اولاد کے پاس موجود ہے۔ اور ایک فارسی تاریخ شاہان اودھ کے حال
مین بھی لکھی تھی۔ جو غیر مطبوعہ صورت موجود ہے۔

انھوں نے بعارضۂ فالج بتاریخ ۲۵ ماہ جمادی الآخرہ ۱۳۱۱ھ انتقال کیا۔ اور قاضی گڈمی کے
قبرستان قدیم مین اپنے والد کے پاس دفن ہوئے۔

ولایت احمد

منشی ولایت احمد تحصیلدار ابن منشی محمد بخش حجاجی دیوی الاصل کاکوری الموطن۔ اُنکی ولادت
ماہ محرم ۱۲۲۰ھ مین ہوئی۔ یہ بہت قابل ولائق مخیر خلیق و متواضع ہر دلعزیز کنبہ پرور فیاض و سیرچشم تھے
ضلع سیتاپور مین مدۃ العمر تحصیلدار رہے۔ نہایت ہی نام آوری و عمدگی کے ساتھ تحصیلداری کی وہان
وہ بحیثیت حکومت حاکم ضلع سمجھے جاتے تھے۔ زمانۂ غدر اور اسکے بعد کی بیش بہا کارگذاری سے
حکام بالا بہت ہی مہربان اور شفیق رہے۔ عوام و ماتحت الگ اپنا خیر طلب اور بہی خواہ سمجھکر تمام
کاروبار اپنے انھین پر چھوڑتے تھے ہر شخص اپنا ملجا و ماوا سمجھتا تمام اعزا و ارباب وطن کے ساتھ ہمیشہ

مسلوک رہے۔ اُس ضلع مین اب تک لوگ انکو عزت سے یاد کرتے ہین۔

جناب مولوی شاہ رکن الدین قلندر سجادہ نشین آستانہٗ حضرت شاہ مجا قلندر لاہرپوری سے ان سے بہت مراسم تھے۔ شاہ صاحب جب حج کو تشریف لیجانے لگے۔ تو انھون نے اُن سے چلتے وقت کہا کہ روضہٗ اقدس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر میری طرف سے بعد سلام وفاتحہ خوانی اشتیاق زیارت عرض کردیجئےگا۔ شاہ صاحب نے بوقت حاضری عرض کیا کئی روز کے بعد خواب مین زیارت سے مشرف ہوے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ولایت احمد سے کہدو کہ وہ وہین رہکر حاجت روائی خلق اللہ مین مصروف رہین وہ زیادہ بہتر ہے۔ واپسی پر یہ واقعہ شاہ صاحب نے بیان کیا۔ اس سے بڑھکر مقبولیت کی دلیل اور کیا ہوسکتی ہے۔

بیعت انکو حضرت شاہ تقی علی قلندر سے تھی۔ انھون نے بمقام سیتاپور بعارضہ ہیضہ شب عاشورہ ماہ محرم الحرام روز پنجشنبہ ۱۳۱۱ھ وفات پائی۔ اور وہین متصل عیدگاہ دفن ہوے۔

وہاج الدین

منشی محمد وہاج الدین ابن شیخ وحید الدین ابن شیخ غلام نجف عثمانی نگرامی نزیل کاکوری انکی ولادت ۱۲۷۰ھ مین ہوئی۔ درسیات ابتدائی اور فارسی مولوی محمد یعقوب ملیح آبادی سے پڑھے اور عربی صرف ونحو وتفسیر وتصوف وغیرہ حضرت شاہ علی اکبر قلندر۔ وحضرت حافظ شاہ علی انور قلندر سے پھر اپنے مامون نواب یار جنگ مرحوم کے ہمراہ ہردوئی جاکر انٹرنس تک انگریزی پڑھی۔ اور ملازمت انگریزی مین سربراہکاری سے تحصیلداری اور ڈپٹی کلکٹری تک ترقی کی۔ حُسن کارگذاری۔ مستعدی معاملہ فہمی۔ قابلیت انتظامی۔ محنت ودیانت داری وعدل وانصاف مین نامور۔ حکام کے طبقہ مین ممدوح۔ رعایا کی نظر مین نہایت مقبول رہے۔

صفات ظاہری مین خداوند تعالی نے خوبصورتی۔ خوش خلقی۔ فیاضی۔ مہمان نوازی۔ استغنا۔ پختہ مزاجی۔ بلند خیالی۔ عفت وذہانت وشجاعت کا مجمع بنایا تھا۔

نعمات باطنی مین صدق و اخلاص وہمت وقنوت وثبات وتوکل ورضا ومعرفت تامہ سے
سرفراز فرمایا تھا۔ لباس ودنیا داری مین درویش کامل وعارف بے بدل تھے۔ حقائق ومعارف
بیان کرنے مین بحر مواج تھے۔ تقریر بہت صاف عبارت مین نہایت جامع ومختصر ہوتی اور
بہت بسیط کہ دو دو شبانہ روز ایک ایک بیان کا سلسلہ رہتا مسئلہ وحدت الوجود مین خاص غلو تھا
اُسکو ایسی وضاحت سے بیان کرتے تھے کہ اس زمانہ مین اور کوئی ویسا بیان کرنے والا نہین دیکھا
گیا۔ طالبین کو فیض باطنی بھی دیتے اور سلوک راہ حق کراتے تھے۔

بیعت انکو حضرت شاہ تقی علی قلندر سے تھی۔ اور اجازت وخلافت واسترشاد حضرت مولانا
حافظ شاہ علی انور قلندر سے اور حضرت مولانا شاہ حبیب حیدر قلندر نے بھی انکو اجازت وخلافت مرحمت
فرمائی تھی۔ مگر انھون نے بپاس ادب کسیکو مرید نہین کیا۔

تصنیفات سے دو کتابین علم تصوف مین یادگار ہین۔ ایک الکہف والرقیم مصنفہ حضرت
شیخ عبدالکریم جیلی رح کی اردو شرح موسومہ بہ فیض الکریم۔ جو معہ مقدمہ کے چار سو سے زائد صفحات پر
مشتمل ہے۔ اور اس مین عجیب غریب نکات اور بے مثل حقائق ومعارف تحریر کیے ہین۔ دوسرا
رسالہ کبریت احمر۔ جو لفظ قلندر کی تشریح اور مقام قلندری کے بیان مین خاص طرز اور عجیب عنوان
سے لکھا گیا ہے۔ یہ دونون کتابین طبع ہوکر شایع ہوگئین ہین۔

انھون نے ۲۶ سال انگریزی ملازمت کرکے اپنے صفات ظاہری سے خلق کو نفع وآرام پہنچایا
اور اُس کے ساتھ ۳۶ سال سلوک باطنی کرکے مدارج وکمالات حاصل کیے۔ اور طالبان حق
کو فیض باطنی سے شاد کام کیا۔

انھون نے بتاریخ ۳ ماہ جمادی الاولی ۱۳۳۱ھ روز جمعہ بوقت ۲ بجے شب کو بعمر ۶۰
سال وفات پائی۔ اور ۴ ماہ جمادی الاولیٰ روز شنبہ کو بعد عصر درگاہ حضرت مولانا شاہ علی انور
قلندر رح مین جانب مشرق دفن ہوئے۔ بالین مزار یہ قطعہ تاریخ مصنفہ مولوی محمد عاصم قیس نصب ہے

وہاج الدین قلندر رند ہشیار　　دلش کز بادۂ خمار شد مست

دل او عین تن آمد ازان رو — تنش از صحبت دلدار شدمست
ازان مے مست آمد او کزان مے — جنید و شبلی و عطار شدمست
بنوش آمد چو شمس الدین تبریز — چو ملا بر سر بازار شدمست
مجو حالش بگو سال وصالش — کہ قیس او بلے سر و دستار شدمست
زجام و بادہ مل۔ در گذشتہ[۱۳۸] — انا الحق می زد و بردار شدمست
۱۴۴۹ - ۱۳۸ - ۱۳۱۱ھ

اسکے مفصل حالات و ملفوظات مین ایک مستقل کتاب عیون المعارف من شئون العارف مرتبہ مولوی محمد عالم قیصری کاکوروی شایع ہوگئی ہے۔ بہت عمدہ کتاب ہے مفصل حالات اس مین مذکور ہین۔ اسکے پڑھنے اور انکے حالات کے مطالعہ کرنے سے بہت فوائد حاصل ہوتے ہین۔

(۵)

ہادی حسن خان محرور

منشی ہادی حسن خان متخلص بہ محرور- ابن منشی علی حسن خان- ابن منشی مشوق علیخان- ابن شیخ طفیل علی- یہ بتاریخ ۰ رماہ شعبان المعظم روز پنجشنبہ ۱۲۶۳ھ پیدا ہوے تعلیم وتربیت اپنے والد ماجد کی خدمت مین پائی بہت قابل ولائق تھے- ابتداے عمر سے شعر گوئی کا شوق تھا محرور تخلص کرتے تلمذ امیر حسن خان بسمل سے تھا۔ اپنے وقت کے قادر الکلام وفاضل شعرا مین تھے- انکا مختصر سا دیوان عمدہ یادگار موجود ہے- چند اشعار اردو وفارسی بغرض تفریح طبع ناظرین درج ذیل مین

اشعار فارسی

برق طپان اگر طپد خندہ نما کہ اینچنین — ابر سیہ چو در رسد زلف کشا کہ اینچنین
نکہت پیرہن ز تو گر طرف چمن رسد — لاف زند بہ بوے گل باد صبا کہ اینچنین

روے آن شوخ ستمگر گرید — جلوۂ مہر منور نگرید
دولت حسن کسے ز شب وصل — دیدہ را کرد تو نگر نگرید
در فراق صنم برق لقا — اضطراب دل مضطر نگرید
ساز وار است مرا آتش غم — مرغ دل بال سمند رنگرید
نامہ ام بردو بیا مش نرسید — نارسائی کبوتر نگرید
بہر پر آبلہ پاے دلم — موے مژگان شدہ نشتر نگرید
در شب وصل اجل حسب ونیافت — منت این تن لاغر نگرید
سر بسر لطف سخن می بارد — نظم محرور سخنور نگرید

ہر نفس آب دل از چشم تر آید بیرون — آہ آغشتہ بخون جگر آید بیرون
سینہ چون دیگ عرق جوش بجوش است مرا — دل مگر سوخت کہ دردود بر آید بیرون

اشعار اُردو

سکھائی ہے عجب رفتار تونے اپنے توسن کو — طراروں سے کیا پامال اُسنے میرے مدفن کو
نہ کیوں ہو خنجر قاتل سے الفت میری گردن کو — بہ مشکل چھوڑتا ہے جذب مقناطیس آہن کو
عوض مین بار سر کے بار احسان رکھا قاتل نے — ہوئی ہے کبھی سبکدوشی نہ سر کٹنے سے گردن کو
تری زلفوں سے تزئین کیلئے مشاطہ طالب ہے — ہم اپنے آنکھ کے تل سے نکالیں آج روغن کو
ذراسی بات پر آزردہ کردینا نہ لے محرور — کیا ہے لاکھ تدبیروں سے تابع شوخ پرفن کو

زلف رسا سے موسے کمر کا پتہ ملا — عنقا شکار بند صنم سے بندھا ملا
گالوں پر اُنکے سبزہ کا نشو و نما ملا — مصحف خط بہار مین ہمکو لکھا ملا
دل کو زیادہ آپ سے پایا اسیر عشق — غمخوار بھی بلا مین ہمین مبتلا ملا
بوسہ دہن کا لیکے ہوے بادشاہ ہم — گویا خراج چشمہ آب بقا ملا
مرنے کے بعد بھی نہ گیا اضطراب دل — صحرائے حشر بھی مجھے وحشت سرا ملا
محرور مدح خوان نے لکھے گو ہزار وصف — پر گالیاں ملین نہ وہاں سے صلا ملا

بیعت ان کو حضرت شاہ تراب علی قلندر سے تھی۔ پیرو مرشد کی شان مین ایک قصیدہ نہایت عمدہ لکھا تھا۔ انھوں نے چند سال سرکاری ملازمت کی۔ نہایت خوشخو و بردبار تھے۔ ایک عرصہ تک کالپی مین تحصیلدار رہے۔ بالآخر بتاریخ ۹ ماہ محرم الحرام روز پنجشنبہ ۱۲۷۲ھ بمقام کاکوری انتقال کیا۔ اور خاندانی قبرستان واقع تکیہ بے نوا شاہ مین دفن ہوئے۔ قطعہ تاریخ وفات از نواب افضل حسن خان شیدا کاکوروی سے

قبلۂ ہادی حسن کہ اخوی من — شربت مرگ ناگہانی خورد
چون نہ گریم ازین الم شیدا — کہ فلک بر سرم جفا آورد
پنجشنبہ نہم محرم بود — سوئے جنت چو رخت خویش سپرد
یافتہ سال فوت آن مغفور — چون مکرر نگاہ کرد بخلد
۱۲۷۲ھ

ہادی علی

مولوی ہادی علی شہید۔ ابن مولوی حافظ مظہر علی نواسۂ حضرت شاہ محمد کاظم قلندر قدس سرہٗ نہایت دیندار پرہیزگار حلیم المزاج و بردبار تھے۔ اولاً اطراف ہمیرپور میں نائب تحصیلدار رہے۔ پھر راٹھہ ضلع ہمیرپور میں تحصیلدار ہوگئے۔ دیانت و کارگذاری سے حکام کو بہت خوش کیا۔ غدر میں عہدہ تحصیلداری پر مامور تھے۔ باغیون کی سرکوبی کیلئے گورنمنٹ سے حکم ملا۔ اسی انتظام مین مصروف تھے کہ یکایک نانا راؤ کی فوج نے آکر گھیر لیا اور ایسا زغہ کیا۔ کہ تین دن تک بے آب ودانہ رہے۔ ۲ ماہ محرم ۱۲ھ مطابق ۲ ار اگست ۱۸۵۵ء مین روز شنبہ کو نماز فجر ادا کر رہے تھے۔ کہ تشہد کی حالت مین باغیون سے جس نے تلوار منھ پر ماری تھی انھون نے بعد سلام اسکی گردن پکڑکر ایک ایسا گھونسا مارا جس سے اسکی ہڈی پسلی ٹوٹ گئین اور مرگیا۔ پھر اور باغیون نے انکو شہید کیا۔ یہ قصہ ہان کی تاریخ مین مذکور رہی۔ بعد شہادت انکا سب اسباب باغیون نے لوٹ لیا۔ انکی سواری کا سبزہ گھوڑا جو تھا اوسکو بھی باغی لیگئے تیسرے روز قبر پر آکر اُسنے بھی جان دی۔ ۲ ماہ محرم کو انکی قبر پر میلہ بھی ہوتا ہے۔ گورنمنٹ نے جانفروشی کے صلہ مین انکی اہلخانہ کی ننہ روپیہ ماہوار پنشن مقرر کی۔ اُنکے انتقال کے بعد انکی بیٹی کے دعہ روپیہ مقرر ہوے۔ جو لحیات جاری رہے۔

ہادی علی ہفت قلم

مولوی حاجی حافظ ہادی علی خوشنویس ہفت قلم کاکوری المدفن۔ ابن مولوی محمد مہدی۔ ابن مولوی محمد عظیم۔ ولادت انکی بمقام بنارس ۱۲۱۴ھ مین ہوئی۔ بعد شعور سے بغرض تحصیل علم لکھنؤ آئے۔ اور علماء فرنگی محل سے تحصیل علم کی۔ اعلیٰ درجہ کے خوشنویس تھے۔ سات طرح کے خط علیٰ وجہ الکمال جانتے تھے۔ جسکی وجہ سے ہفت قلم مشہور ہوے۔ اور ایسی شہرت حاصل کی جو محتاج بیان نہین۔ لکھنؤ کے بہت لوگ انکے شاگرد تھے ۱۲۳۴ھ سے مستقل قیام لکھنؤ کا اختیار کرلیا تھا۔

بیعت سلسلہ چشتیہ مین حضرت خواجہ حسن چشتی مودودی لکھنوی سے تھی۔ انھین کے ہمراہ کاکوری آگئے

اور بعد وفات اپنے پیرومرشد کے اسی سلسلہ کی اجازت اُنکے خلیفہ حضرت غوث ملت مولانا شاہ تراب علی قلندر سے حاصل کی۔ بعد وفات حضرت غوث ملت اپنے بڑے بیٹے مولوی محمد مبین کو حضرت مولانا شاہ حیدر علی قلندر کا مُرید کرایا۔

یہ بہت آراستہ مزاج لطیف ذہانت شخص تھے۔ آخر عمر میں بینائی جاتی رہی تھی۔ مگر با این ہمہ برابر لکھتے رہتے تھے۔ حافظ عزیز حسین علوی کاکوروی انکے ارشد تلامذہ مین تھے۔ اسی حالت نابینائی کا یہ عجیب و غریب قصہ ہی کہ انھون نے حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر کے مزار شریف کی مسہری کیلئے ایک بہت کپڑے کی بنوائی۔ اور اس کپڑے پر بجائے مداخل کے اپنے ہاتھ سے آیۃ الکرسی بخط نسخ لکھی۔ اور اسکے درمیان مین سورۂ اخلاص کا طغرا لکھا۔ اور اس نفاست سے بنایا کہ دیکھنے سے تعلق رکھتا ہی حافظ عزیز حسین صاحب مغفور خود بیان کرتے تھے کہ اس چادر کے لکھنے کے وقت مین حاضر رہتا تھا۔ یہ مجھسے کہدیتے تھے کہ جہان پر سے حرف لکھوانا منظور ہون وہان پر میرا ہاتھ رکھدو۔ چنانچہ حافظ صاحب رکھدیتے تھے۔ اور یہ لکھتے چلے جاتے تھے۔ وہ چھت اب تک یہان موجود ہے کپڑا اسکا البتہ بوجہ امتداد زمانہ بوسیدہ ہوگیا ہے لیکن حرف کی آب تاب اب بھی وہی ہے۔

وفات انکی بتاریخ ۱۵ ماہ رجب شب جمعہ ۱۲۹۶ھ مین ہوئی۔ اپنی وصیت کے مطابق احاطہ تکیہ شریفیہ مین متصل چاہ بناکردہ ڈپٹی منصور علی صاحب دفن ہوے۔ قطعہ تاریخ وفات از مولوی حکیم لطف اللہ لکھنوی سے

ہاے مولاے ہادی مہدی	کہ ندیدش ندیدہ صافت و نہ دُرد
ناخن کلک حُسن تعلیمش	مشق خطاط را بخاک سپرد
خوشنویسے کہ نسخ و نستعلیق	ہمہ باخود بداشت و باخود بُرد
شب آدینہ بعد نیم رجب	چون براہ عدم قدم بفشرد
لطف جستیم سال تاریخش	غم دل گفت خوشنویسی مرد
	۱۲۹۶ھ

(ی)

یار علی بیگ

مرزا شاہ یار علی بیگ قلندر مغلیہ خاندان سے تھے وطن اصلی انکا اطراف دہلی میں تھا۔ انکو بیعت حضرت مولانا شاہ حمایت علی سے تھی۔ اور اجازت و خلافت سلاسل سبعہ معہ لباس فقر حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر سے۔ اذکار و اشغال کی تعلیم دونوں حضرات سے ہوئی۔ مرید ہونیکے بعد سے یہ کاکوری میں رہے۔

یہ بڑے خوش اوقات خالص الارادت قلندر منش قوی الہمت بزرگ تھے۔ جد محترم مولانا مجید علی تلمیذ بیان کرتے تھے کہ مین نے انکو دیکھا تھا۔ ایک مرتبہ ان سے اور حضرت شاہ بہرام علی قلندر اور حضرت شاہ انشاء اللہ قلندر کے درمیان قوی التصرف ہونیکا تذکرہ ہوا۔ یہ معلوم کرنا تھا کہ ہم مین کس کا تصرف قوی ہو۔ چنانچہ ساونی کے درخت پر جو اب بھی صحن خانقاہ مین موجود ہے۔ اولاً شاہ بہرام علی قلندر متوجہ ہوے جس سے پتیوں مین جنبش ہوئی۔ پھر شاہ انشاء اللہ قلندر متوجہ ہوے اُس سے شاخون اور پتیون مین جنبش ہوئی۔ پھر یہ متوجہ ہوئے۔ اُسوقت پورا درخت ایسا ہلنے لگا کہ قریب تھا کہ گر پڑے۔ یہ حالت دیکھکر انھون نے توجہ ہٹالی اور کہا کہ کیا شعبدہ بازی ہے۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔

منقول ہو کہ انھون نے اپنی بسر اوقات کا یہ طریقہ رکھا تھا کہ اذکار و اشغال کے بعد جوتہ کی اوگیان بنایا کرتے اور اُسکو فروخت کرکے اپنے صرف مین لاتے۔ اکثر امرائے قصبہ انکے حالات سے واقف تھے۔ وہ فوراً خرید لیتے۔ اپنی کمال سچائی سے جو کچھ اُسکی لاگت ہوتی وہ پہلے بیان کر دیتے زائد حالات نہ دریافت ہو سکے سنہ ۱۲۵۵ھ یا سنہ ۱۲۵۶ھ مین انھون نے وفات پائی۔ مزار احاطہ تکیہ شریفہ میں متصل چاہ بنا کردہ ڈپٹی منصور علی صاحب واقع ہے۔

یوسف علی

مولوی یوسف علی۔ ابن شیخ شرافت علی۔ ابن شیخ غلام مرتضی ملک زادہ مصنف جواہر الانشا ولادت آنکی بروز دوشنبہ ۱۲۰۸ھ مین ہوئی تعلیم و تربیت سب سندیلہ مین پائی۔ بہت لائق و قابل و انشا پردازی مین یکتا تھے۔

راجہ درگا پرشاد سندیلی تاریخ بوستان اودھ مین لکھتے ہین کہ۔

"منشی یوسف علی از رسلاے این قصبہ بود ملازمت سرکار انگریزی کرد تا بعہدۂ منصفی رسید مدتے است کہ ودیعت حیات سپردنمود در انشا پردازی بے نظیر و بے عدیل بود گویم کہ در صد سال مثل او انشا پردازے و نثارے درین دیار و جوار برنخاستہ حیف کہ کلامش بانطباع در نرسیدہ شنیدہ شد کہ یاران اکثر کلامش بدزدی بردند و از نام خود ہا مشتہر کردند"

یہ ابتداے عمر مین اپنے والد کے ساتھ کلکتہ گئے۔ اور وہین ملا عبداللہ شیرازی سے عربی و فارسی پڑھی۔ اور بہت بڑے نثار اور منشی ہوئے نظم بھی اچھی لکھتے تھے یوسف تخلص تھا لیکن نثر مین بے عدیل تھے۔ بہترین قصائد۔ غزلیات۔ خطوط۔ اور نثر کے مضامین لکھے۔ مگر بوجہ وارستہ مزاجی اپنا کلام جمع نہین کیا۔ بروقت طلب شاگردون کو دیدیتے۔

انکے مستقل تصانیف حسب ذیل ہین (۱) شہر آشوب لکھنؤ (۲) زنانہ بازار (۳) انشا مخزن صفات (۴) واقعہ شہادت مولوی امیر علی شہید (۵) مناظرہ مصطلحات (۶) نثر ماتم۔ وغیرہ وغیرہ۔

انکے تلامذہ بہت ہوے۔ علاوہ مولوی حافظ شوکت علی سندیلی کے کثرت سے حضرت سید ابو کاکوری شاگرد تھے۔ اکثر باہر کے لوگ بھی تھے۔ جن کی طویل فہرست مولوی حافظ شوکت علی سندیلی نے اپنے رسالۂ ثمرۃ الانظار مین لکھی ہے۔

یہ بہت سخی اور مہمان نواز کریم النفس تھے۔ درود کے بہت بڑے عامل تھے۔ حضرت مولانا شاہ تراب علی قلندر سے بیعت تھی۔ تھوڑا سا کلام ملگیا جو درج ذیل ہے۔

اے درد تو چارہ ساز جانہا
داغ تو چراغ دودمانہا

اے بوے خطت بلاے بجانہا
روے تو بہار گلستانہا

از شیوۂ غمزہ ہاے خونریز
گویا کہ گرفتہ شد زبانہا

اے نالۂ آتشین بگردان
خاصیت دور آسمانہا

سوداے تو دشت گرد ما و
ویران افگند خانمانہا

یوسف کف خاک من زمین نشست
افتاد قفاے کاروانہا

ادائے نالۂ دل ناتوان نمی داند
ہلاک درد محبت فغان نمی داند

فسردہ دل نشناسد نہ بیم نشاط و ملال
نہال خشک بہار و خزان نمی داند

خروش حسرت واماندگان بطرز جداست
فغان ما جرس کاروان نمی داند

چرا ہواے چمن بلبل قفس دارد
مگر ستمگری باغبان نمی داند

فتادگی من خستہ جان بہ سنگدلے
کہ سیل اشک ز آب روان نمی داند

ہمیشہ با ہمہ کس گرم داشت معرکہ را
طریق صلح مگر آسمان نمی داند

مکن بقا تعلیم امر ہرزہ لے جرس فریاد
دل تو لذت درد نہان نمی داند

سزد اگر نگہے شوق نقش پا فگند
کسے کہ حال من ناتوان نمی داند

زبس بعشق تو آوارۂ جہان گردید
کسے ز یوسف شیدا نشان نمی داند

گرہ نگشود و نگشاید پری رشتے نگار ما
ہمین در پیچ تاب جان بر آمد روزگار ما

نشد حاصل بجز سرگشتگی چیزے ز پہلویش
فتد یارب نہ دلے در دل وحشت شعار ما

بخلوت گاہ دل جاے مدہ مشکل خیالی را
تجلی گاہ شمع طور کن این بزم خالی را

سحر گہ در قفس بلبل صفیر خونچکان میزد
بیان میکرد شاید قصۂ فرسودہ بالی را

سر گرم خیال لب یار است دل ما
زین بادہ چہ بے رنج خمار است دل ما

بر روضۂ رضوان نگرہ وانشمائیم
تا حسن ترا آئینہ دار است دل ما

نگذاشت ادب تا برخت دیدہ کشایم — در وصل تو با ہجر دوچار است دل ما
بر باد مدہ ناوک دل دوز صبیحہ — اے ترک بیا جانے شکار است دل ما
عمریست کہ دور از رخ دلدار چو یوسف — غلطان بسر بستر خار است دل ما

آنھوں نے غدر کے بعد چند روز بعارضۂ تپ محرقہ علیل رہ کر بتاریخ ۲ ماہ محرم روز جمعہ وقت شب ۱۲۷۵ھ مین رحلت کی اور سندیلہ مین اپنے باغ مقابر قدیم محلہ مہتوانہ مین دفن ہوئے قطعۂ تاریخ وفات از منشی عابد علی سندیلی سے

جناب مولوی یوسف علی آنکہ — بعلم و فضل صدر انجمن بود
شگفتہ تر ز فردوس جبینش — ریاحین حشر طبع او چمن بود
روان فرسا غم او شد کہ ما را — برادر بود و ہم انباز فن بود
برائے سال تاریخش چنان گفت — کہ آہ این یوسف مصر سخن بود

۱۲۷۵ھ

خاتمہ مشتمل بر چند فصل

فصل اول در ذکر امرائے ہنود قصبہ کاکوری

نہایت ناانصافی تھی کہ اگر مین ان اوراق پریشان کی ترتیب اپنی مذہبی بزرگون کے بہترین کا نذکرہ کرتا۔ اور اہل ہنود امرا و ارباب علم سے بالکل چشم پوشی کرجاتا۔ اخلاقاً یہ امر معیوب تو ہئی ہے۔ خود کتاب مین اسکی وجہ سے ناقابل تلافی کمی رہی جاتی تھی۔ جسکو مین برابر محسوس کرتا رہتا تھا۔ اور اس کوشش مین تھا۔ کہ ان لوگون کے حالات بھی اگر ملجاتے اور درج کتاب ہوجاتے تو بہتر تھا مین اپنی کوشش مین بوجہ ناکامیابی مایوس ہو چلا تھا۔ ایک روز اتفاقاً اپنے عنایت فرما منشی لکشمی رام عرف للو مہاراج مدرس مدرسہ کاکوری سے مین نے اس کتاب کا تذکرہ کرکے اپنا مرکوز خاطر اُن سے ظاہر کیا۔ انھون نے حالات فراہم کردینے کا وعدہ کیا۔ اور ارباب وطن سے ملکر کچھ مختصر حالات بھی لاکر دئے۔ مین انکا ممنون ہون۔ چونکہ موجودہ حضرات اہل ہنود کے آباؤ اجداد کو زمانہ دراز گذر چکا۔ روزنامجات و سوانح دستبرد زمانہ سے ضایع ہوچکے۔ اور بہت سے متمول خاندان تباہ و برباد بھی ہوچکے۔ مختصراً جو حالات معلوم ہوسکے۔ وہ غنیمت سمجھکر نذر ناظرین کئے جاتے ہین۔

دیوان لچھ رام

یہ کالستھ تھے۔ انکے خاندان کے مورث اعلیٰ مہاراج دہرمدہوج موضع جیون شہر سرینگر کشمیر کے رہنے والے تھے۔ وہان سے آکر کاکوری مین بود و باش اختیار کی۔ حکام و سلاطین وقت سے اراضیات وغیرہ معافی مین ملین۔ خاندانی کاغذات نیز ڈسٹرکٹ گزٹیر تاریخ انقلاب لکھنؤ سے واقعات ذیل معلوم ہوتے ہین۔

جسوقت مہاراج مرجاداپرسوتم سری رام چندر جی لنکا سے اجودھیا آئے اور راج کرنے لگے تو

بھرت جی کو کشمیر اور سترہن جی کو متھرا اور لچھمن جی کو لکھنؤ بھیجا۔ لچھمن جی نے گومتی کے کنارہ جنگل کٹواکر اپنے نام سے لکھمن پور آباد کیا جو اب لکھنؤ کے نام سے مشہور ہے۔ اور اُنکے ساتھ جو بیر تھے (جنکو سنسکرت میں بیس کہتے ہیں) اُنھوں نے اپنے اپنے مقامات بنوائے مکان کو ہندی میں بارہ کہتے ہیں۔ لکھنؤ سے دریائے گنگ تک بیس بارہ تھا۔ جو بیسواڑہ کے نام سے مشہور ہوا۔ ان میں کا ہر شخص اپنے بنائے ہوئے اور آباد کردہ اراضی کا مالک ہوگیا۔ لچھمن جی کے ساتھ اور اُنکے ہر ایک سب کے ساتھ راج ادھکاری یعنی دیوان ہوتے۔ لکھنؤ سے مغرب کی جانب ایک بیر راجہ ہوا۔ جس نے اپنا قلعہ بنواکر لکھور گڈھ اُس کا نام رکھا۔ اُس میں دیوان راجہ رام کے خاندانی بزرگ دیوان ہوتے تھے۔ بہت دنوں تک اُنکا راج رہا۔ اور دیوانی کا عہدہ انکے خاندان میں رہا۔ وجہ معاش کے لئے اراضیات لکھور گڈھ خاص و دادن پور بھلیا معاف ہوئے جس سے بسر اوقات ہوتی تھی۔ جب راجہ ساتن تخت نشین ہوا۔ اسکو ملک اسعداللہ بن وزیر سلطان حسین شرقی جونپوری نے یہ دھوکا دیا کہ بادشاہ سے ناراض ہوکر آیا ہے۔ اُسکے قلعہ میں آکر پناہ گزین ہوا۔ تو تمام راجگان بیسواڑہ اُسکی مدد پر آمادہ ہوگئے۔ ایک دن ہمراہی سیدون کی شکایت پر کہ وہ نماز نہین پڑھنے پاتے ہین۔ وزیر نے تمام ہندوں کو مار ڈالا۔ اور بادشاہ کی طرف سے قلعہ پر قابض ہوگیا۔ بعد اطلاع سلطان شرقی نے اور فوج بھیجی۔ جس نے راجہ ساتن کو شکست دیکر قلعہ وغیرہ کو کھود ڈالا۔ اور تمام آبادی کو ویران کر ڈالا۔

راجہ رام اسی راجہ یعنی راجہ ساتن کے دیوان تھے۔ جب شاہی قبضہ ہوا۔ تو کل دیہات شاہی ہوگئے۔ بجائے لکھور گڈھ کے اس قصبہ کا نام کاکوری ہوگیا۔ مگر اراضیات قصبہ خاص کر موضع دادن پور بھلیا جو دیوان صاحب کی معافی مین تھا۔ بدستور قائم رہا۔ آخر عمر مین یہ اپنے بیٹے دیوان ادہار سنگہ کو اپنی جگہ پر مقرر کراکے خود بغرض یاد الٰہی اجودھیا چلے گئے۔ دیوان ادہار سنگہ کے بیٹے دیوان ٹاونی مل ہوئے پھر اُنکے بیٹے بھگاری داس ہوئے۔ جو بہت کامل فقیر گذرے کہا جاتا ہے کہ انکے عرصہ تک اولاد نہین ہوئی تھی کہ ایک کامل فقیر انکے پاس آئے۔ اور انکو گوشہ نشینی کی

ہدایت کی ۔ انھون نے باصرار اُن سے عرض کیا کہ سلسلۂ خاندانی چلنے کیلئے اولاد ہوجاتی تو بہتر تھا ۔ آرزو پوری ہوجاتی ۔ شاہ صاحب نے دعا دی ۔ اور کہا کہ جب لڑکا پیدا ہو تو اُسی سال گھر چھوڑ کر اجودھیا جا کر خدا کی یاد کرنا ۔ اور لڑکے کا نام راجہ رام رکھنا ۔ شادی بیاہ مین گیروے کپڑے پہنانا ۔ اور گوشت شراب کی قطعی ممانعت کردی ۔ چنانچہ اب تک اس خاندان مین یہی دستور چلا آتا ہے ۔

ان راجہ رام ثانی کو بجاے دیوانی کے قانون گوئی کا عہدہ ملا ۔ انھون نے بود و باش کیلئے اس قصبہ مین اپنے نام سے راجہ رام محلہ آباد کیا ۔ یہ محلہ بستی رام کے کٹرہ کے پشت پر جانب شمال آباد تھا ۔ جسکے بعد اب میر اشتون محلہ آباد ہے ۔ اس محلہ مین ہر قوم کے لوگ آباد ہوے ۔ اب بھی آبادی ہے ۔ بندوبست بالا نواب سعادت علیخان کے وقت تک بدستور چلا آتا رہا ۔ انکے وقت یعنی ۱۲۰۹ھ مین معافیان ضبط ہوگئین محض مکانات خاص اور محلہ راجہ رام اور باغات اور تالاب کیشوداس عرف سالاری باقی رہ گئے ۔ عہدۂ قانون گوئی البتہ واجد علی شاہ بادشاہ اودھ کے وقت تک رہا ۔

یہ عرصہ تک قانون گو رہے ۔ انکی اولاد مین برابر یہی قانون گوئی کا عہدہ چلا آیا ۔ دیوان رام پرشاد کے وقت تک جو انکی ساتوین پشت مین گذرے ہین ۔

رام پرشاد

دیوان رام پرشاد ۔ ابن مٹھولال قانون گو ۔ ابن کیول سین قانون گو ۔ ابن درگی لال قانون گو ابن کیشوداس قانون گو ۔ ابن گوبردھن داس قانون گو ۔ ابن راجہ رام قانون گو ۔ ابن دیوان بھکاری داس ۔ ابن دیوان ٹھاکونی مل ۔ ابن دیوان ادھار سنگھ ۔ ابن دیوان راجہ رام

یہ ۱۱۵۹ھ مین پیدا ہوے ۔ انھون نے قانون گوئی سے پھر عہدۂ دیوانی حاصل کیا الماس علیخان خواجہ سرا کے دیوان رہے ۔ یہ بہت بڑے محاسب مشہور تھے ۔ قصبہ کے بہت سے لوگون نے ان سے تعلیم پائی ۔ تصانیف بھی حسب ذیل چھوڑے (۱) مثنوی ایجاد رنگین (۲) تحفۃ الملوک در بیان اقوال بزرگان (۳) کشایش نامہ (۴) نیرنگ بہار ۔ یہ سب کتابین قابل دید ہین ۔

انھون نے اپنے زمانہ مین کایستھون اور ہر ہر فرقہ کے لوگون کو بیرون جات سے بلا کر نیز باشندگان قصبہ کو لکھنؤ مین معزز عہدون پر نوکر رکھایا اور یہان لاکر آباد کیا۔ دستر خوان انکا بہت وسیع تھا اور بہت بڑے مہمان نواز تھے۔ انھون نے ۱۸۱۹ء مین انتقال کیا۔ انکے بیٹے منشی تپولال تھے یہ بھی بریلی مین قانون گو رہے انکے تین بیٹے ہوئے لالہ نوندہ راے۔ لالہ سب سکھ راے۔ منشی تیبو نراین۔

لالہ نوندہ راے بھی قانون گو تھے۔ آخر آخر ترک ملازمت کرکے گھر پر خدا کی یاد کرنے لگے دو رسالہ گنجینۂ معرفت و تحفۂ درویش انکے مصنفات سے یادگار ہین۔ انکے دو بیٹے منشی لال جی و منشی گلال جی تھے۔ ان دونون نے فارسی کی تعلیم حضرت مولانا حافظ شاہ علی نور قلندر سے پائی یہ دونون بہت فقیر دوست تھے۔ ان مین سے منشی لالجی نے بہت سی کتابین لکھین قریب بیس کتابون کے اردو و ہندی زبانون مین یادگار موجود ہین۔ چند کے نام یہ ہین۔ مجموعۂ صنفات انسانی۔ ذخیرۂ سعادت۔ تاریخ بہرام گھاٹ۔ ہدایت المبتدی۔ جیون چرتر۔ مہاراجہ ٹکیٹ راے وغیرہ وغیرہ منشی گلالجی بعہدۂ تحصیلداری مامور رہ کر پنشن یاب ہوے۔ صاحب اولاد ہین۔ انکی اولاد سب قابل ولائق ہے اور برسرکار۔ بہت عزت اور وجاہت کیساتھ ان لوگون کی بسر ہوتی ہے۔

دیوان رام پرشاد کے دوسرے بھائی لالہ امید راے تھے۔ جو نواب شجاع الدولہ بہادر کے عہد مین یعنی ۱۱۷۰ء مین چکلہ دار تھے۔ انکے ایک بیٹے راے بستی رام ہوئے۔ جو بہت امیر کبیر تھے۔ یہان قصبہ مین عالیشان مکانات تعمیر کرائے۔ بازار آباد کیا جو موسوم بہ بستی رام گنج آج تک موجود ہے۔ انکی پسری اولاد مین اب کوئی موجود نہین۔ دختری اولاد ہے۔

جسونت راے

لالہ جسونت راے۔ یہ یہان کے قدیم باشندے ذی حیثیت ووجاہت قوم کایستھ سے تھے انکے دو بیٹے ہوئے منشی ہیرالال۔ و منشی جواہر لال۔ اول زمانہ شاہی مین بعہدۂ بخشی گری مامور تھے

جنکے بیٹے منشی مکند لال حیدرآباد مین نائب مددگار مہتمم بندوبست رہے۔ بہت قابل ولائق اور شاعر بھی تھے۔ جوہری تخلص کرتے تھے۔ دیوان اور مثنویان مطبوعہ موجود ہین اور مقبول عام ہوچکین انکی اولاد بھی خوشحال ہے۔

منشی جواہر لال مدۃ العمر ریاست کپورتھلہ مین ملازم رہے۔ انکے پوتے منشی اودھ بہاری لال تھے۔ جنھون نے فارسی وغیرہ کی تعلیم حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر سے پائی۔ بہت اچھی قابلیت رکھتے تھے۔ ریاست حیدرآباد دکن مین وکیل تھے۔ انکی اولاد بھی خوشحال ہے۔

فصل دوم ذکر مؤلف کتاب غفر لہ ولوالدیہ

احب الصالحین ولست منہم　　　لعل اللہ یرزقنی صلاحًا

مثل مشہور ہے کہ پھول کیلئے خار، اور خزانہ کیلئے مار۔ اور شراب کیلئے خمار۔ اور آسمان کیلئے غبار ضروری ہی۔ لہٰذا اس بندۂ ہیچ میرز ہیچمدان بے بود نے بھی اگر اپنی حالت کا اظہار مناسب سمجھ کر کتاب کے ایک صفحہ کو مثل نامۂ اعمال سیاہ کر ڈالا تو کچھ بیجا نہین۔

خصوصًا ایسی حالت مین کہ ایک گروہ اہل علم نے خود اپنا حال اپنی مصنفہ کتابون مین لکھا ہی۔ جیسے ملا عبد الغافر فارسی نے تاریخ نیشاپور مین۔ اور حافظ تقی الدین ابن فہد نے تاریخ مکہ مین۔ اور حافظ ابن حجر عسقلانی نے قضاۃ مصر مین۔ اور ابو شامہ نے روضتین مین اور یاقوت حموی نے معجم الادبا مین اور لسان الدین خطیب نے تاریخ غرناطہ مین اور شیخ عبد الحق محدث دہلوی نے اخبار الاخیار مین۔ اور شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے جزء اللطیف فی ترجمۃ العبد الضعیف مین۔ اور مولوی رضا حسن خان کاکوروی نے لامیۃ الہند مین انکے علاوہ اور اور مصنفین نے بھی اپنے اپنے حالات لکھے ہین۔ بہر صورت مین بھی بزبان حال کہتا ہون ؎

گرچہ از نیکان نیم خود را بہ نیکان بستہ ام　　　در بہار آفرینش رشتۂ گلدستہ ام

محرر سطور عافاہ اللہ نے یکم ماہ شعبان المعظم روز پنجشنبہ وقت صبح ۱۳۱۱ھ مین اس عالم ناسوت مین قدم رکھا۔ اور اولاً حضرت والد ماجد قدس سرہ کے سایۂ عاطفت مین نشو ونما پانا شروع کیا لیکن جب ۱۷ محرم ۱۳۲۰ھ کو آنجناب نے وفات پائی تو حضرت برادر معظم مولانا شاہ حبیب حیدر قلندر مدظلہ العالی کی خدمت سراپا برکت مین پرورش و پرداخت و تعلیم و تربیت پائی۔

بدو شعور سے تحصیل علم کی طرف توجہ کرائی گئی۔ بحکم حضرت والد ماجد قدس سرہ اولاً کلام مجید حفظ کیا۔ اور ساتھ ہی ساتھ مختصرات فارسی کی تحصیل بھی اُنھین سے کی ۱۳۲۶ھ مین حفظ کلام مجید سے بتوجہ حافظ غلام محمد مرحوم ابن حافظ محمد علی نابینا اُستاد حضرت والد ماجد قدس سرہ فراغت پائی

پھر علوم عربیہ کی تحصیل حضرت اخی و مولائی مدظلہ کی خدمت مین شروع کی۔ جملہ علوم صرف و نحو و منطق و معانی و بیان و فقہ و اصول و مناظرہ و عقائد و فرائض و کلام و فلسفہ و تفسیر و حدیث و تصوف و اوراد و احزاب وغیرہ وغیرہ انھین کی خدمت سراپا برکت مین حاصل کیے۔

۵ ماہ جمادی الاولی ۱۳۲۹ھ یوم فاتحہ حضرت شاہ تراب علی قلندر حضرت اخی معظم مدظلہ کے دست حق پرست پر سلسلۂ عالیۂ قادریہ رضویہ مین بیعت کی اور اجازت و خلافت سلاسل سبعہ سے سرفراز ہوا۔ حضرت والد ماجد قدس سرہ نے بھی اپنے وصال سے قبل اجازت و خلافت مرحمت فرمائی تھی۔

۱۳۳۲ھ مین بعد ختم کتاب فصوص الحکم حضرت اخی و مولائی مدظلہ العالی نے اپنا گیروا دوپٹہ اس ناچیز کے سر پر باندھا۔

کلاہ گوشۂ دہقان بآفتاب رسید   کہ سایہ بر سرش انداخت چون تو سلطانی

اور ۱۲ ماہ رمضان المبارک روز جمعہ سنہ مذکور مین بعد فراغ تحصیل علوم اجازہ لکھ کر مرحمت فرمایا جو درج ذیل ہی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی خلق ادم علی صورتہ۔ وعلمہ اسماء سائر مخلوقاتہ۔ و اختار منہ قلوبا شرحہا بنور ھدایتہ و اشرق فیہا شعاع معرفتہ۔ ونصب فیہا سریر محبتہ و اودع فیہا ودائع علمہ وحکمتہ۔ احمدہ حمدا متکاثرا علی ان خص اھل العلم بفضائل لاتحصی۔ و اشکرہ شکرا متوالیا علی ان وصف نفوسھم فی کتابہ بقولہ انما یخشی اللہ من عبادہ العلمؤا۔ والصلوۃ والسلام علی نبیہ ورسولہ سیدنا و مولانا محمد ن الذی فاق فی النبیین بخلقہ وخلقہ۔ ونور الارض بنور ذاتہ۔ واضاء نور العلم فی مشکوۃ قلوب العباد لیھتدی بہ من یشاء الی اللہ تعالی وصفاتہ وافعالہ و اسس بنیان العلم بالراسخین فی العلم حتی اخبر بفضلہم بقولہ علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل فی احادیثہ صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ الممھدین قواعد الشریعۃ فی امتہ المجددین لسنن النبویۃ بخلوص

نیند وصفا سریرته اما بعد فیقول العبید الصغیر للمولی الکبیر الفقیر الحقیر حبیب حید ر محا اللہ
السیئات من جریدۃ اعمالہ وزرقہ لقاء شیوخہ واساتذتہ ان السید السعید والفرد
الفرید الادیب الاریب والنسیب الحسیب عنوان الشرف والکمال انسان العین
لاہل الوجود والافضال روح روحی اوستادی ومذکر صورۃ شیخی اعز قلبی واحب فوادی
النور الانور اخی مولوی حافظ محمد علی حیدر حماہ اللہ عن الآفات والشرور وقاہ
علی مدارج الاشہر زاد عمرہ ولبقاہ وکثر فی العالمین لوامع علمہ وفضلہ وتقواہ لما اشتغل
من اوان الصبا زمان التمیز بین الارض والسماء فی حفظ القران المجید والفرقان
الحمید علی اوستاد الحفاظ حافظ غلام محمد المرحوم شرع معہ ایضا درس بعض
مختصرات الابتدائیۃ الفارسیۃ بحضرۃ والدہ العلام واوستادہ القمقام
الشیخ الکامل المکمل والعارف الواصل الموصل قاموس العلوم والعوارف ناموس
اسرار الالہیۃ والمعارف مرشدی واوستادی ومسیر عسران معاشی ومعادی
شیخی ومولائی جامع کمالات شیخ الاکبر والاصغر الحافظ شاہ علی انور طیب اللہ
ترابہ الاطہر ونضر مشہدہ الاقدس الانضر فقد بلغ الی قراءۃ مصنفات
الشیخ مصلح الدین السعدی الشیرازی رح الی ان مرض شیخی فی مرض الوصال
واشتاق الی لقاء الرب ذوالجلال والجمال وامرنی بتعلیمہ وتدریسہ فعلمت
الاخر الموصوف من الکتب الفارسیۃ جمیع الکتب الدرسیۃ العربیۃ اعنی کتب
الصرف والنحو والمنطق والفقہ والاصول والمعانی والبیان والمناظرۃ والعقائد
والفرائض والکلام والفلسفۃ والتفسیر والحدیث من الصحاح الستۃ والمسانید
والتصوف والاوراد والاحزاب فلما حصل لہ الفراغ فی شہر الربیع الآخر سنتہ
الف وثلثمائہ وسابع وثلثین من الہجرۃ النبی الکریم علیہ الف الف صلوۃ وتسلیم
ووجدتہ ذی الاستعداد النفیسۃ والفہم الانیقۃ زکیا فطنا وللتدریس

واشاعة العلوم حريّا وخفيا - اردت ان اکتب له اجازة العلوم علی طريق سلف المدرسين
والعلماء العالمين - وانی وان کنت لست من اهل هذه المسالك فکيف اجزته
بما ليس من هناك - لکن اتباع طريقة العلماء الاعلام والکملاء العظام
تجاسرنی علی هذا الامر راجيا من الله تعالی بالوصول علی هذا القدر - فاقول
قد اجزت الاخ الموصوف بجميع ما حصل لی رواية وقراءة من کتب المعقول و
المنقول والفروع والاصول بالشرط المعتبر عند علماء الشرع والاثر کما اجازنی
به مشائخنا الکاملين اولهم واعلاهم رأس العلماء الاخيار ورئيس الفضلاء
الکبار شمس فلك العلوم وبدر سماء الفهوم الياقوتة الحمراء والدرة البيضاء
الشيخ الاکبر سيدی وسندی مولانا الحافظ شاه علی نور لازالت عتبة العلية
محزة بجباه ارباب الکمال الجامعين للعلم والعمل والحال - وثانيهم واصفاهم
شيخی واوستادی فی علم الحديث والاحزاب المحدث المتقن الاواب مولانا المرحوم
السيد محمد علی ابن السيد ظاهر الوتری المدنی المدرس فی حرم البلدة الطيبة اعنی
مدينة النبی صلی الله عليه وعلی اله واصحابه التقی النقی کما هو محرر فی ثبته العطية
عندی - وثالثهم واسناهم ذی المکارم والامتنان خادم النبی حسب مشاهدته فی
المبشرة الجلی مولانا فريد الدين خان المحدث الکاکوروی کما هو مکتوب فی ثبته
العطية عندی واجزته ايضا ان يجيز به من راٰه اهلا لذلك - واوصيه بما
اوصی به نفسی من ملازمة الورع والتقوی بالدرجة الاقصی فی کل امر من امور
الدنيا والسلوك علی شريعة المصطفوية والطريقة المرتضوية واختيار مشرب
العالية القادرية القلندرية مع حفظ اورادها واذکارها علی طريق اساطين هذه
المشرب العلية واجراء سلسلة الدرس والتدريس حسب معمول ساداتنا الکرام
وحفظ الاوقات وفق مرسوم اٰبائنا العظام ومطالعة کتب العلماء الراسخين لاسيما

مشائخنا الکاملین المتقدمین وآن یکون عالماً صوفیا مجتنباً عن الشبہات
غیر منہمک فی اللذات مفتقراً الی اللہ فی جمیع الاحوال متبعاً السنۃ السنیۃ فی الاقوال
والافعال زاھداً فی امور الدنیا راغباً الی المولی مستحضراً لنصوص الفقہیۃ و
مصدقا بالاحادیث النبویۃ محکم امور الطریقۃ بالشریعۃ راعیاً الطرق الاباء
بالوسعۃ الاختیاریۃ محققاً فی انواع العلوم ومدققاً فی المنطوق والمفہوم وان
لایتکلم من الناس الا علی قدر عقولہم وان لایبین لہم الا علم المعاملات
وما ینتبھون بہ عن عیوبہم ولا یقدم علم الباطن علی الظاہر ولا یکتفی بالظاہر
عن الباطن اللھم بارک فی عمرہ وعلمہ وافسح فی رزقہ وعملہ وارزقہ حظاً
کاملاً ونصیباً وافراً فی النشأتین کما رزقت علی آبائہ الکرام من نعمات الدارین
لیکون ممتازاً بین الاقران والاماثل وواصلاً علی مرتبۃ قرب الفرائض
والنوافل واحفظہ عن عیون الحاسدین الظالمین واجعل ذاتہ النفیسۃ العزیزۃ
کالدر الیتیم بین العلماء والاولیاء العارفین وارجو منہ ان لاینسانی من
مبارک دعواتہ فی خلواتہ وجلواتہ ولایذرنی من تضرعاتہ ونفحاتہ خصوصاً
عند ختم کلام المجید ودرس العلوم ونسأل اللہ الحی القیوم الحفظ لنا ولہ من سائر
عادات الموبقات والتخلق باخلاق المحمودات والاستقامۃ علی سیر العلماء
الکاملین واقتداء السلف الصالحین والاحتراز عن القیل والقال زی علماء
الجہال المخربین للدین المتین والباعدین عن طریق الحق والیقین واخر
دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی سیدنا ومولانا
محمد والہ واصحابہ اجمعین ھداۃ طریق الحق ومحی معالم الدین ۵ ۵ ۵
کتبہ بیدہ ورقمہ بقلمہ العبد الاحقر حبیب حیدر العلوی عاملہ اللہ بلطفہ
الخفی والجلی وسامحہ بکرمہ الابدی یوم لاینفع فیہ الا عفوہ الازلی فی حادی

والعشرین من شهر الرحمۃ والرضوان اعنی شہر المبارک الرمضان یوم الجمعۃ سنۃ الف وثلث مائۃ و سابع وثلثین من الہجرۃ النبی المامون الامین صلوۃ اللہ و سلامہ علیہ وعلی اصحابہ وعترتہ من اللہ رب العالمین فی کل ان وحین۔

اسکے بعد میرا شغلہ تدریس وتصنیف وتالیف ہے اس عرصہ مین بعض کتابون کے لکھنے کا اتفاق ہوا۔ سب سے زائد محنت و دماغ سوزی اس کتاب مین کیگئی۔ چونکہ طبیعت لاأبالی واقع ہوئی ہے۔ اسی وجہ سے ابھی تک جیسی کہ ویسی پڑی رہی۔ اخوی صاحب قبلہ مولوی تقی حیدر صاحب مدظلہ نے مجبور کرکے اسکی تہذیب وترتیب کرائی اور توجہ مبذول کی کہ یہ کتاب اتمام کو پہونچ سکی اللہ تعالے اسکو مقبول فرمائے۔ اس سے قبل دو رسالہ طبع ہوچکے ہین۔ ایک مصباح التعرف لمعرفۃ ارباب التصوف اصطلاحات صوفیہ کے بیان مین۔ دوسرا ترجمہ در الملتقہ شرح تحفۃ المرسلہ۔ بعض رسائل ناتمام پڑے ہین۔ اللہ تعالے انکو بھی اتمام کو پہونچائے۔

دوران تحریر مین شعر گوئی کا ذوق بھی ہوا تھا۔ جو در حقیقت میری نافہمی و بلادت طبعی کے لحاظ سے میرے لئے ضرور غیر معمولی ہے۔ چنانچہ اُس کو بصورت "خیالات پریشان" جمع کردیا تھا۔ اُس مین سے بعض اشعار نذر ناظرین کرتا ہون۔ امید کہ اگر صاحبان ذوق اس سے لطف اُٹھائین۔ تو مجھے دعا مین گوشۂ خاطر سے فراموش نہ کرین۔

اشعار عربی

الحمد للہ الذی اجری ینابیع الحکم — کلت لسان الحامدین من حصر عطاء النعم

اللہ سنا معبود نا عرفانہ مقصودنا — اوصافہ مشہودنا ماحی الخطا کنز الکرم

غفار ذنب بالدعا ستار عیب بالعطا — وھو المجیب لمن دعا کشاف اسرار الظلم

بالقدرۃ سلطانہ بالرحمۃ احسانہ — رب تعالی شانہ بالوصف انشق القلم

سبحان من لا احد لہ سبحان من لا ضد لہ — سبحان من لا ند لہ سبحانہ مولی النعم

رفع السموات العلی خلق الثریا والثریٰ ۔۔۔ لا ابتدا لا انتہا کیف الوجود والعدم

اسبہی صلوٰۃ زاکیۃ اعلیٰ سلاماً وافیہ ۔۔۔ للاحمد خیر الرسل صد کبدٰ فی النجم

حمد الرب بجود وعطاء النعم ۔۔۔ واھب الخیر بفضل وسخاء عظم

رب ابلغ صلواۃ لشفیع الامم ۔۔۔ مالک الحسن حسین جمیل فخم

سید الکل رسول و نبی اکمل ۔۔۔ لاح بالنور نجوم وسماء الکرم

یا حبیبی سیدی روحی فداک ۔۔۔ خذ یدی باللطف لا نعرف سواک

لاح قمر الحسن من وجہ الجمیل ۔۔۔ روّح روحی بانوار الجلیل

یا نسیم الروح تفریح القلوب ۔۔۔ یا علیم الحال علام الغیوب

راحت الارواح قد فاحت نسیم ۔۔۔ لاقت الاشیا رحمن رب الکریم

اشعار فارسی

اے عاشقان اے عاشقان ہم جنون ہم جنون ہم جنون ۔۔۔ اے مطربان اے مطربان ستیم کنید از ارغنون

جان و دلم صد پارۂ ہوش و خرد آوارۂ ۔۔۔ برخیز و دہ نظارۂ تا من بیابم خوش سکون

چون سرو مستان توئی از وصف صد چندان توئی ۔۔۔ چون غنچۂ خندان توئی خوش خندہ زن اے ذوفنون

یاقوت رمانی توئی لعل بدخشانی توئی ۔۔۔ ہم عین اعیانی توئی از نور تو مستم کنون

العشق شمس یطلع والحسن برق یلمع ۔۔۔ والحب نار یحرق طوبیٰ لکم یا عاشقون

از غمزۂ خود زندہ کن بر قلب محزون جلوہ کن ۔۔۔ جان و دلم فرخندہ کن اے روح کل نور العیون

اے ساقی فرخندہ رو از سر بر دن کن ہوش را ۔۔۔ یک جلوۂ خوش بر دلم پیدا کند خود جوش را

اے شاہد غنچہ دہن اے مطرب تقویٰ شکن ۔۔۔ مضراب را بر تار زن سرمست کن می نوش را

قربان حسنت جان من کفر من و ایمان من ۔۔۔ کن جلوۂ نو بر دلم با ہوش کن بیہوش را

اے مطرب خوش نغمہ زن بر تار جانم زخمہ زن ۔۔۔ بر عقل و ہوشم رخنہ زن مستی بدہ ہر گوش را

سوز دل من غمزہ ات جانم ربا ید عشوہ ات ۔۔۔ اے یوسف زیبا بیا زینت بدہ آغوش را

خیز اے ساقی مہوش بدلم جلوہ بکن | ہوش ما را ببرائے نور قدم جلوہ بکن

سوخت جان و دل من چشم خود ای یار کشا | مست و بیخود کن و بر آب و گلم جلوہ بکن

دل ما جلوۂ تو خواہد و جانم قربان | پردہ از سر بکشا مہر کرم جلوہ بکن

ساقی گلفام ما یک جام دہ | ہوش را از سر بہ آرام دہ

دار بان از سر خودی و بیخودی | در محبت خویش ننگ و نام دہ

نور باران بردلم اے نور حق | شیشۂ و جام سبو در کام دہ

دلم بردی قرارم را شکستی | تمامی کار و بارم را شکستی

قلب را از فیض خود مسرور کن | چشم را سرمست کن مخمور کن

فردہ اے ساقی مہوش کہ بہار آمدہ است | بادہ در دست و پری و بکنار آمدہ است

ابر میبارد و مرغان چمن از مستی | میخروشند و دل ما بہ قرار آمدہ است

مطربان فردو دہید و بگلستان بروید | کاندرین روضۂ جنت چہ بہار آمدہ است

شعر در مستزاد

نوازل از پردۂ اسرار بر آمد - آمد بہ سر من | از پردہ چو معشوق طرحدار بر آمد بر آمد بہ بر من

فصل سوم در خاتمۂ کتاب

شکر کاین نامہ بہ عنوانے رسید　　گم نشد نقد و بہ اخوانے رسید

الحمد للہ علیٰ احسانہ وانعامہ کہ کتاب مرآۃ الاعلام فی مآثر الکرام المعروف بہ تذکرۂ مشاہیر کاکوری کی تالیف سے فراغت ہوئی۔ جس بار عظیم کو مین نے اپنے سر لیا تھا۔ اور بوجہ اپنی نافہمی ولاعلمی اُسکی سرانجامی کیلئے متفکر تھا۔ وہ کام بخیر وخوبی اتمام کو پہونچ گیا۔ اور بارگاہ حضرت قدر قدرت مرشدی ومولائی اخی وحبیبی مولانا شاہ حبیب حیدر قلندر مدظلہ العالی مین میری یہ سعی مقبول ہوئی۔

اس کتاب کی ترتیب وتدوین جس انداز سے مین چاہتا تھا۔ اُس مین فی الجملہ مجھے کامیابی ہوئی۔ گو ساتھ ہی اسکے مجھے اپنے اُن ارباب وطن سے ضرور شکایت باقی ہو کہ جنھون نے اپنے اکابر کے حالات دینے مین مکث فرمایا۔ اور اس کتاب کی ترتیب و تدوین مین مجھے کافی امداد پہونچانے سے دریغ کیا۔

چونکہ ان حالات کے انتظار مین اس کتاب کی اشاعت روک رکھنا مصلحت نہ معلوم ہوا لہذا مین اس کتاب کو جس صورت مین کہ ہے مرتب کرکے شایع کرتا ہون۔ اور اب بھی اُن ارباب وطن سے مستدعی ہون کہ مجھے اپنے معلومات سے مدد دین تاکہ دوسرا حصہ اس کتاب کا مرتب کرسکون

مین اپنی اس ناچیز تالیف کو مکمل نہین سمجھتا۔ اور نہ اُسوقت تک سمجھون گا جب تک کہ مین اپنے خیال کے موافق اُسمین کامیابی نہ حاصل کرلون۔

یہ میری عاجزانہ شکایت مخصوص کسی طبقہ سے نہین۔ اسی کے ساتھ اُن حضرات کا بہت ممنون ہون۔ جنھون نے اس تالیف مین مدد دی اور بفحوائے حدیث نبوی من لم

یشکرالناس لم یشکر اللہ تشکر و امتنان سے کبھی لا برد انہین ہوسکتا۔

ناظرین شایقین سے مستدعی دعا خیر ہونیکے ساتھ اس امر کا ضرور متمنی ہون کہ اگر اس بضاعت مزجات سے فائدہ اُٹھائین۔ اور مسرور ہون تو یہ حضرت ولی نعمت اُستادی و مولائی کا ادنے کرشمہ عنایت سمجھین۔ اور میرے لئے بیش از بیش الطاف و عنایت مبذول ہونے کی دعا سے دریغ نہ کرین۔ مجھ ایسے آلودۂ معصیت نامہ سیاہ مین نہ کبھی اس امر کی اہلیت تھی اور نہ ہے ؎

صلاح کار کجا و من خراب کجا　　ببین تفاوت رہ از کجاست تا بہ کجا

اور اگر کسی جگہ اس کتاب مین غلطی پاوین تو اُسکو دامن عفو و کرم سے پوشیدہ کرین یا اوسکو زرین بہ اصلاح کردین اور مجھے آماجگاہ مطاعن و ہدف ملامت نہ بنائین۔ فما کان فیہ صوابا

فمن اوستاذی وما کان فیہ خطاء فمنی واخر دعوانا ان الحمد للہ للموجود بعزتہ المشہود برحمتہ المحمود بنعمتہ المعبود بقدرتہ والصلوٰۃ والسلام علے سیدنا ومولانا محمدن الذی کان علیًا فی ذاتہ حسنًا فی صفاتہ شہیدًا فی تجلیاتہ زین العابدین باقر علم الاولین والاخرین صادقًا فی اقوالہ کاظمًا فی جمیع احوالہ متمکنا فی مقام الرضا جوادًا کفہ عند العطا ھادیًا الی سبیل النجات عسکریًا مع الغزاۃ مھدیا الی طریق الحق والیقین وعلے الہ واھل بیتہ واصحابہ واحبابہ وانصارہ واخیارہ وازواجہ وعشیرتہ وذریتہ اجمعین صلوٰۃ وسلامًا مادامت السموات والارضین علے کل اٰن وحین اٰمین ٥

تمت بالخیر

قطعات تاریخ تالیف و طبع کتاب مراۃ الاعلام فی مآثر الکرام

معروف بہ تذکرہ مشاہیر کاکوری

از نوک ریز خامہ بلاغت ختامہ حسان زمان سحبان نشان ۔ فردوسی مایہ ۔ عسجدی سایہ رشک خاقانی و عرفی جناب منشی نور الدین احمد صاحب المتخلص بہ کیفی ۔ کاکوروی

لکھا ہے مرحبا کیا تذکرہ مشہور لوگون کا
یہ ہے وہ نقش قائم جسنے اس قصبہ کی ہستی کی

یہ قصبہ گو کہ چھوٹا تھا مگر شہرت بڑی پائی
اسی کا نام ہے "گلزار پور" اور عرف "کاکوری"

یہان کے رہنے والے تھے ہزارون سربر آوردہ
اُجڑ جانے پہ بھی کچھ لوگ ہین باقی رہا اب بھی

پرانے وقت کی باتین بہت کچھ درج ہین اسمین
مگر کیا جانے کتنے کارنامہ رہ گئے باقی

نہایت کوشش و محنت سے کی ہے جستجو کیا کیا
ہوئی حاصل بڑی مشکل سے ہر اک بات جو سچ تھی

مولف نے کیا ہے کام اسکے جمع کرنے مین
حقیقت تو یہ ہے حد سے زیادہ کی ہے جانکاہی

جہان تک ہوسکا ہر حال کی تصدیق کرلی ہے
خدا کے فضل سے تحقیق کچھ باقی نہین رکھی

کیا اس تذکرے نے نامیون کا نام روشن تر
بڑا احسان اس کا ہے سر اصحاب "کاکوری"

کہا ہاتف نے کیفی چشم بد دور اسکا سنہ لکھو
یہ ہے تالیف کیا اچھی علی حیدر قلندر کی

۱۳۴۵ھ

دیگر

بحر عرفان علی حیدر واہ
تذکرہ خوب لکھا ہے ذیشان

جو مشاہیر ہین کاکوری کے | اُسنکے حالات کا ہے صاف بیان
اہل کاکوری کے سرمایہ ناز | قالب قصبہ کے یہ لوگ ہین جان
یادگار اس سے نہین ہے بہتر | اس کا مقصود ہے ارباب جہان
نام قائم ہے اُنکا تا محشر | ذکر انکا رہے بالائے زبان
جو لکھا ہے وہ بہ تحقیق لکھا | شبہ و شک کا نہین کوئی گمان
کاک کیفی نے یہ لکھی تاریخ | مختلف سالون مین بارونق و شان
ایک ہی شعر مین انکے سنہ و سال | طبع و تالیف کا دیتے ہین نشان
سنہ تالیف سے ہے۔ تاریخ مفید | طبع کا سال ہے۔ مرغوب زمان

۱۳۴۶ھ

دیگر

لکھی یہ کتاب اچھی۔ شاباش علی حیدر | شایستہ عبارت ہی الفاظ ہین سنجیدہ
مشہور بزرگون کا۔ ہے ذکر کیا اس مین | اشعار بھی ہین انکے حالات بھی ہین چیدہ
محنت سے کیا اسکو۔ ہے جمع بصد خوبی | مصروف رہا اس مین دن رات دل و دیدہ
چھپنے کی خبر اسکے مشہور ہوئی جب سے | ہر چشم خریداران۔ سو جان سے گرویدہ
پیدا ہوئی کیفی کو۔ جب فکر سن ہجری | ہاتف نے کہا لکھو۔ تاریخ پسندیدہ

۱۳۴۶ھ

دیگر در سنہ ہجری و عیسوی

کیا تذکرہ لکھا ہے علی حیدر آپ نے | شاباش و مرحبا کی تمھین داد ہو نصیب
مشہور بستیون مین یہ کاکوری تھی بھی ایک | مشہور تھے شریف یہان کے بڑے نجیب
ہر ایک طرح کے تھے یہان صاحب کمال | ہر اک زمانہ مین تھے یہان منتخب ادیب
حالات اُنکے جمع کئے ہین بصد تلاش | جو شکل مین کتاب کے چھپتے ہین عنقریب

تاریخ کی تھی کیفیٔ شار کو تلاش | بولا صلاح کار مرا ہاتف لبیب
ہجری و عیسوی مین یہ دو مادّے لکھو | یک ساغر عجیب دگر۔ نسخۂ غریب
۱۳۴۶ھ ۱۹۲۷ء

تقریظ معہ قطعات تاریخ از تراوش خامۂ گہربار سخن فہم بلاغت آثار گلدستہ بند خیالات رنگین نقشبند معانی دلنشین راہین سخن راویس مولوی محمد عاصم صاحب المتخلص بہ قیس کاکوروی

حُبّ وطن از ملک سلیمان خوشتر | خار وطن از سنبل و ریحان خوشتر
یوسف کہ بمصر باذشاہی میکرد | میگفت گدا بودن کنعان خوشتر

ہمارا وطن اصلی تو وہی ہے۔ جسے ہمارے حضرات عارفین مبداء حقیقی یعنے مقام وحدت اور ہنود اہل تصوف برہم لوک کہتے ہین۔ لیکن اس دنیا مین آکر اور اس خراب حالی مین پڑکر وہ ہمسے بہت دور ہوگیا ہے۔ اور طالب صادق اور سالک حقیقی وہی ہے۔ جو وہان تک واپس پہونچنے کیلئے گامزن ہے۔ اور منازل دشوار طے کر رہا ہے۔ لیکن وہان سے آتے آتے ہم جن جن منازل پر مقیم رہے ہین۔ بوجہ عرصہ دراز تک مقیم رہنے کے ہمنے ہر ہر زمانۂ قیام مین ہر ایسی منزل کو وطن مجازی سے تعبیر کیا ہے۔ اور کبھی ہم اپنی حقیقت سے زیادہ محجوب اور اپنے خواب غفلت مین زیادہ غرق ہوگئے ہین۔ تو حقیقی اور مجازی کے فراق کو اڑاکر اُسی وطن مجازی کو وطن اصلی سمجھنے لگے ہین۔

ان منازل مین سے سب سے زیادہ معروف و مشہور منزل انسانی بہشت ہے۔ جسکے لئے ہر اہل دین بیتاب ہے۔ اور یہ یقین کئے ہوئے ہے۔ کہ گو ہم ابوالبشر آدم علیہ السلام کے ایک گناہ کی بدولت وہان سے خارج البلد کردئے گئے ہین۔ مگر پھر انشاء اللہ وہین جائینگے۔ اگر ذرہ برابر بھی دل مین ایمان رکھتے ہین۔ ورنہ یونہین خارج البلد بلکہ دور تر از دور تر رہینگے۔ اسی کو اہل اسلام

نجات دا اہل ہنود مکت کہتے ہین۔

بعدہ اس عالم ناسوت یعنی دنیا مین آکر بحیثیت انسان ہونے کے ہمارا اصلی وطن مجازی مکۂ معظمہ ہے۔ کیونکہ ابوالبشر آدم علیہ السلام کی سرشت بروایات مشہورہ اسی مقام کی خاک سے ہے۔ جہان اب کعبۂ شریفہ تعمیر ہے۔ اور اول الخلائق و اول الانبیاء و خاتم الانبیاء صلے اللہ علیہ وسلم کا مولد و منشاء بھی وہی ہے۔ چنانچہ ہمارے لئے مکۂ معظمہ کو دوہری حیثیت وطنی حاصل ہے ایک بحیثیت انسان ہونے کے۔ دوسرے بحیثیت مسلمان ہونے کے۔ مکۂ معظمہ کے بعد ہمارا وطن مدینۂ منورہ ہے۔ کیونکہ بانی اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام نے وہان توطن اختیار فرمایا ہے۔ اسکے بعد ہمارا وطن مجازی ہر وہ مقام ہے جہان یکے بعد دیگرے ہمارے آباؤ اجداد کی ولادت ہوئی۔ اور نشوونما ہوا۔ اور آخری وطن مجازی وہ مقام ہے جہان ہم خود پیدا اور پرورش ہوئے ہین۔ اور فطرت انسانی کے موجب جہان ہمکو اپنے والدین سے محبت خلقی ہے۔ وہان اس وطن مجازی سے بھی ہے اور ہونی چاہیئے لیکن سمجھنے والے سمجھتے ہین کہ یہ ساری محبت اسی محبت حقیقی کا پرتو ہے جو فطرتاً ہمکو اپنے خالق اور مبداء حقیقی سے ہے۔ اور والدین اور وطن مجازی کی حیثیت ان ھی الاسماء سمیتموھا انتم وآباؤکم سے زیادہ نہین ہے تاہم چونکہ وطن آخری مجازی اور والدین ہمارے اقرب ترین مبادی ہین۔ اور ہمارے لئے ہمارے مبداء اصلی حقیقی کا بہترین و نزدیک ترین و واضح ترین پرتو ہین۔ اور انکے ساتھ جس قدر محبت ہمکو ہے وہ دراصل اُسی مبداء حقیقی والی محبت کا ظہور ہے۔ لہٰذا نہ صرف فطری طور پر بلکہ مذہبی و اخلاقی طریقہ پر بھی اور بمقتضائے عرفان بھی ہمارا فرض ہے۔ کہ اس محبت کی پرورش و پرداخت کرین اور والدین اور آباؤ اجداد اور وطن مجازی کے حقوق ادا کرین۔ اور جیسا کہ ابتدائے سلوک کے وقت "بندۂ عشق شدی ترک نسب جامی" پر بمقتضائے اسی آیت شریفہ کے عامل ہوئے تھے۔ کمال باطنی حاصل ہونے کے بعد بمقتضائے اسی آیت شریفہ کے باوجود کسی ترک و تجرید کے اپنے اہل ایمان اور اہل دل و اہل معرفت و خوش اعمال آباؤ اجداد و اسلاف و انساب و ارباب وطن کو یاد کرین۔ انکی

خدمت کرین۔ انکی خوبیان بیان کرین۔ اُنکی یادگار کے ذرائع قائم کرین اور قائم رکھنے کی کوشش کرین۔ نہ بطور فخر کے۔ بلکہ اسلئے کہ ہمارے اخلاف کو صحیح شاہراہ زندگی ہاتھ آئے۔

یہی وجہ ہے کہ اکثر انبیا علیہم السلام اور اکابر اولیا داﷲ بلکہ ہر مشہور علم و فن کے اکابر مجاہدہ کے زمانہ مین ترک وطن کیا کرتے تھے۔ اور کمال کے زمانہ مین وطن اور اہل وطن کو اپنے کمالات سے فائدہ پہونچاتے تھے۔ اور سب طرح کے حقوق پورے پورے ادا کرتے تھے۔ اور یہی وجہ ہے کہ سیدالانبیا علیہ التحیۃ والثنار نے اپنے اسلاف کی خوبیون کو اور اپنے نسب کی شرافتون کو بلا مفاخرت بیان فرمایا ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ ہمارے حضرات مرشدین نے جہان اپنے سلاسل طریقت پر اور اپنے علوم و مکاشفات تصوف اور حقائق و معارف پر کتابین لکھی ہین وہان اپنے انساب اور آبا و اجداد کے حالات کو بھی نظرانداز نہین فرمایا ہے۔

چنانچہ اسی نقطہ نظر سے ہمارے عارف کامل۔ محقق فاضل۔ عالم دین متین۔ یادگار اکابرین عمدۃ حفاظ القرآن اسوۃ المحدثین والاقران جناب مولانا مولوی حافظ محمد علی حیدر صاحب ادام اﷲ ظلالہم بجمیع کمالاتہم نے باوجود کثرت مشاغل طریقت کے اس کام کی طرف توجہ فرمائی ہے۔ اور اس کتاب لاجواب مسمی بہ **مراۃ الاعلام فی ماثر الکرام** معروف بہ "تذکرۂ مشاہیر کاکوری" کو نہایت عرق ریزی و محنت سے عالم وجود مین لائے ہین۔

گو آنجناب کا منشاء اصلی اس کتاب سے بلحاظ اپنے طریقتی نقطہ نظر کے یہی تھا کہ اس قصبۂ کاکوری مین جو اکابر و مشاہیر دین و اولیاء کاملین و علماء متقین گذرے ہین یا مدفون ہین انکے حالات لکھے جائین۔ مگر ہمکو حضرات عارفین کی ہمہ گیری کے قربان ہونا چاہیئے۔ کہ آنجناب نے اچھون کے ساتھ اچھونکے واسطہ دارون پر بھی نظر عنایت فرمائی۔ اور اُن لوگون کے حالات کو بھی اس کتاب مین جگہ دیدی جنکی شہرت بوجہ امارت مگر امارت کے ساتھ ساتھ سخاوت و فیاضی کے تھی۔ اور نیز جنکی شہرت بوجہ ادبی و دیگر علمی و فنی قابلیتون کے یا بوجہ شاعری کے ہوئی۔ بلکہ مختصراً یون کہنا چاہیئے کہ جنکی شہرت بوجہ کسی خوبی کے بھی ہوئی۔ اور سب سے زیادہ قابل داد

بات یہ ہے کہ تحقیق و تدقیق پر پُورا پُورا عمل کیا ہے - اور جو کچھ لکھا ہے پُورے اطمینان کے بعد لکھا ہے - اور ساتھ ہی اسکے اس سلسلۂ کتابت کو ختم نہین کردیا - بلکہ مزید حالات و معلومات بہم پہونچنے پر دوسری جلد کی تیاری کا ارادہ رکھتے ہین -

غرضکہ ہر طرح پر یہ ثابت کردکھایا ہے کہ عارفین کی شان کمالی یہ ہے - کہ اگر وہ کسی دنیوی کام کیطرف متوجہ ہوتے ہین - تو اُسے بھی اُسکے درجۂ کمال کو پہونچا دیتے ہین - کیونکہ اُنکی نظر اُس دنیوی کام پر نہین ہوتی بلکہ فاعل حقیقی پر ہوتی ہے - خداوند کریم آنجناب کے کمالات ظاہری و باطنی مین روز بروز ترقی عطا فرمائے - اور آنجناب کے فیوض و برکات سے مسترشدین کو مالا مال کرے - آمین ثم آمین -

آخر مین نوجوانان وطن سے میری یہ گذارش ہے کہ اس کتاب کو سرسری طور پر پڑھکر ردّی کی ٹوکری مین نڈالین بلکہ آنکھین کھولکر دیکھین اور غور کرین کہ ہمارے اسلاف کیا تھے اور ہم کیا ہین - اور ان کی ترقیون کا راز کیا تھا - اور ہمارے تنزل کیا سبب ہے - اور اگر ہم یونہی رہے اور ہماری آنکھین نہ کھلین تو ہم تو خسر الدنیا والآخرہ مین پڑ ہی چکے - ہمارے اخلاف کا کیا حال ہوگا -

بھائیو - خدا کے لئے بیدار ہو - کب تک غفلت کی نیند سوؤ گے - آنکھین کھولو - اور دیکھو کہ ہمارے اسلاف کی ساری ظاہری و باطنی ترقیان خدا و رسول کے احکام اور سلف صالحین کی صحیح پیروی پر مبنی تھین - جن سے ہم اسوقت غافل ہین - ہم سے جو بزعم خود خدا رسول کے احکام پر چل رہا ہے - اُسکا یہ حال ہے کہ شریعت و طریقت حقہ کو چھوڑ کر یا تو وہابیت اختیار کئے ہوئے ہے - یا سوقیانہ خرقہ پوشی اور صوفیانہ حق فروشی مین پڑا ہوا ہے - جو دنیوی ترقی کی طرف مائل ہے وہ ساری ترقی ایم اے پاس کرلینے اور انگریزون کی تقلید و خوشامد مین سمجھتا ہے - یا مروجہ حال ترک موالات مین - کہ صورت اُولے مین گورنمنٹ مین رسُوخ کی اُمید ہے - اور صورت اُخرے مین پبلک مین وقعت ہے - جو فیاض ہین وہ اس حد تک کہ فضول خرچ ہین - جو فضول خرچی سے بچتے

ہین وہ اس حد تک کہ بخیل ہین -

یاد رکھو کہ ان مین سے کوئی راہ صحیح نہین - صحیح راہین صرف وہی ہین جو ہمارے سلف صالحین اختیار کر گئے ہین - اور اُنکے انہاج گو مختلف ہون - لیکن اصول صرف یہی ایک ہے کہ خذ ما صفا ودع ما کدر - علوم دینی بھی پڑھو علوم و فنون دنیوی بھی سیکھو - امتحانات بھی پاس کرو تجارت بھی کرو - زہد و عبادت بھی کرو - فقر و فاقہ خرقہ و عمامہ بھی اختیار کرو - لیکن خدا کے لئے جو کچھ کرو صدق دل سے کرو - خدا اور رسول کے ساتھ ہر حال مین سچے رہو - اچھے اخلاق - اچھے عادات اختیار کرو - چغلخوری - غیبت اور بزرگون کے بُرا کہنے سے بچو - غرور علم - غرور فقر - غرور مال - غرور جاہ سے پناہ مانگو - باوجود کچھ ہونے کے اپنے آپ کو بہت کچھ نہ سمجھو - کنبہ پروری صلۂ رحم اعزہ نوازی کو ہاتھ سے نہ دو - اللھم اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم ولا الضالین

قطعۂ تاریخ تصنیف کتاب ہذا

واہ مولانا لکھا خوب آپنے	اپنے ارباب وطن کا تذکرہ
قلیس نے تاریخ کی جب فکر کی	بول اُٹھا دل - اچھا اچھا تذکرہ

۱۳۴۵ھ

قطعۂ تاریخ طبع کتاب ہذا

صوفی صافی فقیہ بے بدل	حافظ قرآن زہے فخر قرن
عالم و فاضل ادیب نکتہ سنج	واقف سر کمال علم و فن
رند بیباک و موحد پاکباز	باہمہ و بے ہمہ بے ما و من
ساقی صہبائے زنگار رنگ عشق	مست جام فضل ربانی والمنن
اے علی حیدر قلندر مرحبا	سایہ افگن آپ کے سر پنجتن

خوب لکھی یہ کتاب بے بہا	زندہ دار نام ارباب وطن
باغ ایسا کر دیا آراستہ	خوب دکھلائے گل و سرو و سمن
جس سے تازے ہو گئے سب خشک پھول	ہو گیا گور غریباں اک چمن
قیس کو یہ غیب سے آئی ندا	لکھ دو ہے۔ تاریخ ابنا وطن

۱۳۴۶ھ

قطعہ تاریخ تالیف و طبع رختیہ قلم فصاحت رقم شاعر شیریں مقال سخنور نازک خیال۔ نقد سخن راجوری مولوی محمد عالم صاحب المتخلص بہ قیصری کاکوروی

واہ کیا لکھی کتاب۔ حافظ عالی جناب	"نام وطن زندہ باد" خلق سے اک شور اٹھا
ذکر مشاہیر سے عزت و توقیر کر	"گر ہوں مکین نامور، ہے یہ مکان کی بقا"
خوبی و حسن و کتاب۔ مدح و ثنا سے فزون	"حاجت مشاطہ نیست روئے دل آرام را"

ہے سنہ تالیف کی فکر اگر دلنشین

صاف لکھو قیصری۔ تذکرہ بے بہا

۱۳۴۵ھ

قطعہ تاریخ طبع کتاب ہذا

شاہ علی حیدرم کز لطف سلطان کرم	چون ابر نیسان آمدہ زان ابر نیسان بازگو
نیسان فضل بیکران بر زندگان و مردگان	ریزد حیات جاودان آن فضل ریزان بازگو
چون مردہ را یاد آورد بخشد بقائے تازہ اش	زان حیاتش میدہد عیسیٰ دوران بازگو
وان زندہ را لطفے کند عزم و ثباتش میدہد	اندر بحار زندگی زان نوح طوفان بازگو
نام و نشان اولین جان و جہان آخرین	روح و روان عالمین شمع شبستان بازگو

مقبول یزدان آمده محمود دوران آمده — محبوب اخوان آمده ممدوح یاران بازگو

انشا نمود این تذکره تنده دلان را تبصره — تا رستہ را گرہ عمرے بسامان بازگو

چون طبع و نثرے یافته از اوج عزت تافته — ضو ہر طرف تابتافته زان ماہ تابان بازگو

از بہر سال عیسوی گفتا ملک باقیصری

ذکر مشاہیر وطن مطبوع ہر جان بازگو

۱۹۲۷ء

صحت نامہ کتاب مرآۃ الاعلام فی تذکرۃ الکرام معروف بہ تذکرہ مشاہیر کاکوری

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱	۱۱	جبل	جبل	۷۲	۴	تربیت	ترتیب	۲۰۴	۶	ملک کبیر	ملک محمد کبیر
۵	۳	بجنوری	بجنوری	۷۸	۱۳	بوے	بسوے	۲۱۳	۱۴	پالی	پائی
۱۳	۱	بن	بین	۷۴	۱۱	سیل الاولیا	سنابل الاولیا	۲۱۷	۱۴	مققد	معتقد
〃	۱۰	سکے	اسکے	۸۹	۲۱	زدور	زیور	۲۱۲	۱۳	ذنیا	دینا
۱۹	۲۱	تربت	تربیت	۹۱	〃	کسی	کبھی	۲۳۷	۴	مشخص	شخص
۲۴	۳	قربہ	قریہ	۹۲	۳	فعل بہ	نعل پہ	۲۳۹	۱۴	المعانی	المعانی
۲۸	۱۶	فطرلی	فطری	۹۷	۱۷	ماو	باو	۲۴۶	۱۳	تواب	نواب
۳۲	۱۶	بے	سے	۱۰۵	۲	اوالعزم	اولوالعزم	〃	۲۱	ون	وہاں
۳۳	۲۰	چنانچہ	چنانچہ	۱۱۲	۲۱	عن	×	۲۹۹	۸	ین	بین
۳۶	۲۱	کوشش	کوشش	۱۱۳	۱۰	لجھر	لجھر	۲۵۰	۱	بادشاہ	بادشاہ نے
۳۸	۴	فیاص	فیاض	۱۱۴	۲۰	الذین	الدین	۲۸۲	۱۸	اللہ دہٗ	اللہ دہٗ
۴۱	۱۴	نفس	نقش	۱۲۴	〃	وازد	وارد	۲۸۸	۱۹	علماکو	علماکا
۴۲	۸	رفتارش بیا	رفتارش بہ پا	۱۴۱	۱۶	زمین نصب	زمین پر نصب	۲۹۰	۴	کردے	کردئے
۴۹	۷	جب	چیہ	۱۴۸	۲	سے	نے	〃	۱۱	اللہ د	اللہ د
۵۴	۱۴	بدبد	ہدہد	〃	۱۳	اودد	اودہ	۲۹۴	۷	غلوم	علوم
۵۶	۹	تافتم	یافتم	۱۴۹	۱۹	پہ	یہ	شمار صفحات		۳۹۷	۲۹۷
۶۰	۴	نسجم	نسنجم	۱۶۰	۴	وحدت	وجدت	۲۹۷	۲۱	کی	کی اور
۶۲	۵	گشت	گشت	۱۹۲	۲۱	گن	کن	۲۹۹	۷	پیشتر	بیشتر
۶۴	۲۱	خلوض	خلوص	۱۹۴	۱۹	عم	غم	۳۱۲	۱	میکرد	میکردم
۶۸	۲۱	سند	بسند	۲۰۱	۲	سنہ ۱۲۷۸ھ	سنہ ۱۱۷۸ھ	۳۱۷	۱۳	نہوتے	نہوتے
۷۲	۲۰	خفظ	حفظ	〃	۲۱	بےبدل	×	۳۲۰	۷	قریبب	قریب قریب

۳۱۸	۱۱	بھر	بر	۴۲۱	۱۶	انگیسن	انگیبن	۴۶۷	۱۱	بھری	بھردی
۳۲۵	۱۷	بیجھے	بیچھے	″	۲۰	دلیورانہ	دلیوانہ	۴۷۰	۱۸	کرویدہ	گرویدہ
۳۴۹	۱۰	ئ کردشتہ	برداشتہ	۴۲۴	۷	آخر	آخراخر	۴۷۲	۱	کہ	کہاکہ
۳۵۹	۱۸	بگمہ	نگمہ	۴۲۶	۱۸	این بہ	این بارہ	۴۷۳	۷	وہین	ذہین
۳۶۹	۷	فدرت	قدرت	۴۲۹	۱۷	مرتبت	مرتب	۴۷۵	۱۴	صورت	صورتاین
۳۹۱	۷	آزخلاف	ازاخلاف	۴۳۰	۱۵	والاذغان	والاذعان	۴۸۱	۱۰	ملیگے	لیگئے
۳۹۳	۹	مرعولہ	مرغولہ	۴۳۶	۱۳	جان	جاے	۴۸۵	۱۸	نشکل	شکل
۳۹۶	۱۴	کوتر	کوثر	۴۴۰	۱	شاہ تراب علی	شاہ حمایت علی	۴۸۷	۱۱	خاانذان	خاندان
۴۰۳	۱۱	محدرت	محدث	۴۵۱	۶	تعطیلی	تعظیمی	۴۹۴	″	وصفاتہ	وصفاء
۴۰۸	۲	در	اور	۴۶۵	۲	رائۂ	رائحۂ	″	۲	محالله	محاالله
۴۱۶	۲۰	الاد	اولاد	″	۷	گلش	گلشن	″	۳	رزق	ما رزق
۴۹۵	۳	ھنالی	ھنالک	۴۹۵	۱۰	والعلم	والعمل	۴۹۷	۵	بعد	بعد سے
۵۰۳	۲	اہل کاری	اہل کاکوری	۵۰۴	۱۴	فراق	فرق	۵۰۵	۱۴	مباری	مبادی
۵۰۸	۱۵	فخر قرن	فخر زمن	۵۰۹	۱۵	عیسلی	عیسیٰ	۵۱۰	۳	کستہ	گستہ

ختم شد